READER BURAQ

لمس جنون

تحریر :زویا علی شاہ

تم لوگ کوئی کام ڈھنگ سے کر بھی سکتی ہو یا نہیں۔میرا برانڈڈ سوٹ تم لوگوں نے جلا کے رکھ دیا ہے اس کے پیسے کیا تم لوگوں کا باپ دے گا۔سوری بی بی جی قسم سے میں نے جان بوجھ کر نہیں جلایا۔بکواس بند کرو اپنی تمارے سوری کہنے سے کیا میرا اتنا مہنگا سوٹ ٹھیک ہو جائے گا۔

یہ میرب کی آواز ہے نااب یہ لڑکی کس پر چلا رہی ہے۔ میرب کی ماں رفت بیگم اس کے پاپاملک زبیر سے کہتے ہوئے۔ بھاگتے ہوئے سیڑھیاں پھیلا کر میرب کے کمرے میں پہنچی تھی۔ میرب غصے کی بہت تیز تھی اور اس کے بھائی کے حد سے زیادہ لاڈ اور پیار نے میرب کو بہت بگاڑ رکھا تھا اکثر اس کی ماں اس کے بھائی سے یہ شکایت کرتی تھی کہ تمہارے پیار نے میرب کو بہت بگاڑ دیا ہے۔

میرب ملک زبیر جو کہ بہت ہی مشہور بزنس مین تھا اس کی بیٹی تھی اس کا ایک بھائی جو اس سے حد سے زیادہ پیار کرتا تھا۔ عمر میں اس سے 12 سال بڑا تھا۔ اس کا نام شامیر ملک تھا۔ یہ ملک زبیر اور رفت بیگم کی پیش قیمتی دولت ان کی دو اولادیں تھی

۔انہوں نے اپنی طرف سے اپنے بچوں کو بہت اچھی تربیت دی تھی مگر میرب کو شاہ میر کے حد سے زیادہ لاڑ پیار نے کافی بگاڑ دیا تھا شاہ میر خود بہت ہی سلجھا ہوا انسان تھا۔ میرب اپنی چیزوں کے لیے بہت زیادہ پوزیف تھی وہ اپنی چیزوں کو کسی کو چھونے بھی نہیں دیتی تھی

پھر چاہے وہ رشتے تھے یا اس کے کاسمیٹکس کی چیزیں یا پھر اس کی جیولری یا اس کے جوتے وہ اپنی چیزوں کو کسی کے ساتھ شیئر کرنا پسند نہیں کرتی تھی۔

میرب کیا ہوا ہے کیوں چلا رہی ہو۔

رفت بیگم اپنی بیٹی کے روم داخل ہوئی تو وہ گھر کی دو نوکرانیوں کو لائن میں لگا کر کھڑی ہوئی تھی۔

یہ دیکھیں میرا اتنا مہنگا برانڈڈ سوٹ انہوں نے جلا دیا ہے میں چلاؤں نہیں تو اور کیا کروں میرب اپنی ماں کے آگے اپنا فراک کرتے ہوئے غصے سے بول رہی تھی۔ تو میرب انہوں نے جان بوجھ کر تو نہیں جلایا ہو گا نہ اگر غلطی سے جل گیا ہے تو اس میں اتنا چلانے والی کیا بات ہے غلطی تو کسی بھی انسان سے ہو سکتی ہے۔

ماما پلیز آپ کو تو ہر بات ہی نارمل لگتی ہے یہ لوگ اتنی تنخواہ لیتے ہیں تو ان کا فرض بنتا ہے کہ ہر کام کو ڈھنگ سے کرے۔ میرب وہ لوگ اپنا ہر کام اچھے سے ہی کرتے ہیں اگر آج غلطی ہو گئی ہے تو معاف کر دو میرب کی ماں اسے غصے سے چپ کروا رہی تھی۔ آج میری فرینڈ کی برتھ ڈے ہے تو بتائیں میں کیا پہن کر جاؤں۔

میرب بیٹا اپ کے پاس اتنے سارے کپڑے ہیں کچھ بھی اور پہن لو۔ مجھے نہیں پہننے وہ کپڑے آپ کو اچھی طرح سے پتہ ہے کہ میں ڈریسز ریپیٹ نہیں کرتی۔ میرا بیٹا کیا پریشانی ہے کیوں آپ غصہ کر رہی ہو۔ زبیر ملک بھی اوپر روم میں آگیا تھا۔ پاپا یہ دیکھیں انہوں نے میری ڈریس چلادی ہے جو میں نے اپنی دوست کی برتھ ڈے پر پہن کر جانی تھی اور مما ان کو ڈانٹنے کے بجائے مجھے ڈانٹ رہی ہیں وہ روتے ہوئے اپنے پاپا کے گلے جا کر لگ گئی تھی۔

کیوں ڈانٹ رہی ہیں بھئی آپ میری بیٹی کو میرب کے پاپا نے میرب کی ماں کو مصنوعی غصے سے ڈانٹتے ہوئے کہا۔ بہت اچھی بات ہے آدھا تو اس کے بھائی نے اس کو بگاڑ رکھا ہے باقی کی کسر آپ پوری کر دیں میرب کی ماں نے سچ میں غصے سے ہی جواب دیا تھا۔

اپ میری بیٹی کو ڈانٹا نہیں کریں۔اور کس نے کہا کہ میری بیٹی بگڑی ہوئی ہے میری بیٹی تو بہت سمجھدار ہے۔ماشاءاللہ بس اسی طرح سے اپنی بیٹی کی طرفداری کرتے رہا کریں۔جب اس کو شادی کر کے دوسرے گھر بھیجیں گے۔تو ایک کام کرنا کہ آپ دونوں باپ بیٹا بھی اس کے ساتھ ہی چلے جانا اس کو سسرال میں آپ دونوں کی بہت ضرورت پڑنے والی ہے۔

رفت بیگم غصے سے بڑبڑاتے ہوئے روم سے چلی گئی۔پاپا دیکھا نہ آپ نے کہ ماما کس طرح مجھ پر ہی چلاتی رہتی ہیں۔اور تم دونوں یہاں پر کھڑی ہوئی کیا کر رہی ہو۔دفع ہو جاؤ خواہ مخواہ میری ماں سے مجھے اتنی باتیں سننے کو ملی۔ تم دونوں کی وجہ سے حالانکہ باتیں ماما کو تم لوگوں کو سنانی چاہیے تھی میرب اپنا غصہ نوکرانیوں پر نکالتے ہوئے بولی۔

نوکرانیاں بچاری اپنی جان بچاتے ہوئے ایک منٹ سے بھی پہلے کمرے سے نو دو گیارہ ہو گئی۔اب بتاؤ میرے بیٹے کو کیا مسئلہ ہے نیا ڈریس چاہیے یس پاپا

میری دوست کی برتھ ڈے ہے اور مجھے وہاں پر نیا ڈریس پہن کر جانا ہے آپ کو تو پتہ ہے نہ کہ میں ایک ڈریس کو دوبارہ نہیں پہنتی میرب نے بیچارا سا منہ بناتے ہوئے اپنے پاپا سے کہا۔

تو جایئے نیا ڈریس لے لیں میرب کے پاپا نے اپنا کریڈٹ کارڈ میرب کے ہاتھ میں تھماتے ہوئے کہا لو یو پاپا میرب اپنے پاپا کے گلے میں باہیں ڈال کر خوشی سے جھومتی ہوئی کاٹ لے کر ڈرائیور کے ساتھ ڈریس لینے چلی گئی۔

OOOOOOOO

پلیز سمجھنے کی کوشش کرو میں نہیں رہ سکتا اس کے بغیر میرا جسم ٹوٹتا ہے کیڑے رینگنے لگتے ہیں۔ میرے جسم میں اتنا درد ہوتا ہے کہ مجھ سے برداشت نہیں ہوتا اس درد سے تو بہتر ہے کہ میں مر جاؤں وہ زیادہ بہتر ہے کیوں نہیں مجھے مرنے دیتے مجھے۔ جب تم لوگوں کو سب پتہ ہے تو کیوں میرا تماشہ بنا رہے ہو۔ یا تو مجھے مرنے دو یا مجھے نشہ دے دو پلیز۔

پہلے تو تو اس لڑکی کے بغیر نہیں رہ سکتا تھا اب تو نشے کے بغیر نہیں رہ سکتا تو کوئی ایک چیز کی ڈیمانڈ تو کر رومان شاہ آنکھیں دکھاتے ہوئے بولا۔ مجھے نہیں جینا مرنے دو مجھے کیوں نہیں تم لوگ میری جان چھوڑ دیتے ہو احمر روتے ہوئے بولا۔

تم صرف ایک لڑکی کی خاطر اپنی جان دینا چاہتے ہو مرنا چاہتے ہو وہ کل کی آئی ہوئی لڑکی تمہارے لیے اتنی خاص ہو گئی کہ تمہیں نہ تو اپنی بوڑھی ماں نظر آ رہی ہے اور نہ اپنے جگری یار لعنت ہے تیری جوانی پر۔ ہاں نہیں نظر آ رہی مجھے میری بوڑھی ماں اور نہ مجھے نظر آ رہے ہو تم لوگ۔

تم میرا پیچھا کیوں نہیں چھوڑتے ہو کیوں ہر جگہ سائے کی طرح میرے پیچھے پہنچ جاتے۔ اپنی ب**** بند کرو اور چلو میرے ساتھ گاڑی میں

بیٹھو رومان شاہ احمر کو ہاتھ سے کھینچتے ہوئے گاڑی میں بیٹھا رہا تھا۔ رومان شاہ مجھے نہیں جانا تمہارے ساتھ احمر گاڑی سے باہر نکلنے کی کوشش کر رہا تھا۔

دیکھتا ہوں کیسے نہیں چلتے تم میرے ساتھ رومان شاہ نشے میں ٹوٹے ہوئے احمر کو سیٹ پر بٹھاتے ہوئے سیٹ بیلٹ باندھ کر دوسری طرف سے ہوتا ہوا گاڑی میں آکر بیٹھ گیا اور گاڑی سٹارٹ کرتا ہوا ہاسپٹل کی طرف چل پڑا۔

احمر رومان شاہ کا بہت اچھا دوست تھا رومان شاہ احمر اور شاہ زیب تینوں بیسٹ فرینڈ تھے سکول لائف سے لے کر کالج تک ان تینوں نے اکٹھے پڑھائی کی تھی ان دونوں میں لاجواب کمسٹری اور دوستی تھی۔

تینوں ایک دوسرے کے ساتھ بہت ہی اچھا ٹائم سپینڈ کیا کرتے تھے یونیورسٹی میں ان کی دوستی کے چرچے ہوا کرتے تھے۔ مگر پھر احمر کی زندگی میں ایک لڑکی آئی جس کو احمر نے بہت پیار کیا احمر اسکو لے کر بہت سیریس

تھا۔ وہ اس سے شادی کرنا چاہتا تھا۔ مگر اس لڑکی نے احمر کو صرف ٹائم پاس کے لیے رکھا ہوا تھا۔

عریشہ ایک بہت ہی امیر خاندان سے تعلق رکھتی تھی جس کے ماں باپ زیادہ تر ملک سے باہر ہی پائے جاتے تھے۔ اور یہاں پر وہ اکیلی خوب عیاشیاں کیا کرتی تھی یونیورسٹی میں صرف وہ لڑکوں سے دوستیاں نبھانے کے لیے ہی آیا کرتی۔

مگر احمر اس کے عشق میں اس قدر مبتلا تھا کہ اسے اس کی کوئی بھی چیز نظر نہیں آتی تھی۔ حالانکہ شازیب خان اور رومان شاہ اسے بہت سمجھایا کرتے تھے یہ لڑکی تمہارے لیے ٹھیک نہیں ہے۔

مگر احمر کے سر پر اریشہ کا عشق سر چڑھ کر بولتا تھا۔ کئی بار ان تینوں میں جھگڑا بھی ہوا عریشہ کو لے کر۔ مگر احمر اس کو چھوڑنے کے لیے تیار نہیں تھا ۔کرتے کرتے وہ لڑکی احمر کو اس مقام پر چھوڑ کر چلی گئی تھی۔ کہ اب احمر خود کو نشے کی لت میں لگا کر اریشہ کو بھلانے کی کوشش کرتا۔ کتنی بار اس نے خودکشی کرنے کی کوشش کی مگر ہر بار رومان شاہ موقع پر پہنچ کر اسے بچا لیتا تھا ۔

رمان شاہ اپنے یاروں کے لیے بہت مفلس تھا دوستوں کے لیے جینے والا انسان تھا رومان شاہ۔ تو بھلا ایسے وقت میں وہ اپنے بیسٹ فرینڈ کو اکیلا کیسے چھوڑ سکتا تھا۔ احمر یار تجھے سچ میں اپنی بوڑھی ماں نظر نہیں آتی جس کے جینے کا واحد سہارا صرف تو ہے پتہ ہے کہ وہ مجھے فون کرتے ہوئے کس طرح سے تڑپ کر روتے ہوئے مجھے بتا رہی تھی کہ تم نے پھر سے خودکشی کرنے کی کوشش کی ہے۔

رومان میں کیا کروں میرے دماغ سے عریشہ نہیں جاتی میں اس کو بھلانے کی بہت کوشش کرتا ہوں جتنی کوشش کرتا ہوں وہ اتنی ہی مجھے زیادہ یاد آتی ہے اس کو بھلانے کے لیے ہی میں نشہ کرتا ہوں اس کو بلانے کے لیے ہی میں مرنا چاہتا ہوں احمر بے بسی کے ساتھ روتے ہوئے شرمندہ انداز سے آنکھیں جھکائے ہوئے بیٹھا تھا۔۔

رومان تو تو میرا یار ہے نا تو مجھے اریشہ لادو میں تجھ سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں نشہ چھوڑ دوں گا۔احمر بہت امید بھری نظروں سے گاڑی چلاتے ہوئے رومان شاہ سے بول رہا تھا رومان شاہ ان تینوں کی ٹولی میں اس اس ٹولی کی جان تھا وہ اپنے یاروں کے لیے کچھ بھی کر گزرنے کا جذبہ رکھتا تھا۔

ٹھیک ہے تم وعدہ کرو کہ تم اپنا علاج کرواؤ گے اور وہ بھی اچھے طریقے سے اور دوبارہ کبھی اپنی جان لینے کی کوشش نہیں کرو گے تو رومان شاہ یہ وعدہ کرتا ہے کہ اریشہ کو واپس تمہاری زندگی میں ضرور لے کر آئے گا۔

رومان شاہ میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں اپنا علاج ٹھیک سے کرواؤں گا بس تم مجھے میری عریشہ لا کر دے دو۔ عمان شاہ وعدہ کرتے ہوئے اسے ہاسپٹل کے اندر لے آیا تھا جہاں ڈاکٹر شاہ زیب ان کا ویٹ کر رہا تھا۔ ڈاکٹر شاہ زیب ان کی ٹولی کا تیسرا دوست تھا تینوں آپس میں بہت اچھے بیسٹ فرینڈ تھے۔

احمر کو شاہ زیب نے ہاسپٹل میں داخل کروا دیا تھا جہاں پر اس کا علاج شروع ہو چکا تھا۔ احمر کے کافی سارے ٹیسٹ ہوئے جن میں ڈاکٹر نے یہ بتایا کہ احمر کے جسم میں 70 پرسنٹ ڈرگز کا نشہ پھیل چکا ہے یہ زہر اس کے باڈی کو 70 پرسنٹ متاثر کر چکی ہے۔ مگر ڈاکٹروں نے یہ یقین دلایا تھا کہ اگر پیشنٹ

خود کوشش کرے اور اچھے سے علاج کروائے تو اس کی جان بچائی جا سکتی ہے۔

رومان تم احمر کو ایڈمٹ کروانے کے لیے کیسے منا کر لائے ہو کیونکہ وہ اتنی آسانی سے تو ہاسپٹل میں داخل نہیں ہو سکتا تھا ڈاکٹر شاہ زیب رومان شاہ سے ہاسپٹل کے باہر کھڑا یہ پوچھ رہا تھا۔ میں نے اس سے یہ کہا ہے کہ اگر وہ اپنا علاج اچھے سے کروالے تو میں اسے عریشہ واپس لا کر دوں گا۔

کیا۔۔ تم نے احمر سے یہ کہا ہے کہ تم اسے عریشہ واپس لا کر دو گے اس سے تو بہتر تھا کہ اسے مرنے دیتے اس کو ڈرگ کے نشے میں ڈاکٹر شاہ زیب غصے سے بولا۔ شازیب اگر یار کی جان بچانے کے لیے جھوٹ بولنا پڑے تو میرے نزدیک یہ غلط نہیں ہے۔ مطلب کہ تم نے احمر کو جھوٹ کہا

ہے۔ نہیں کر سکتے نہیں تو تمہیں کیا لگتا ہے کہ میں اس عریشہ جیسی گھٹیا لڑکی کو پھر سے ہمارے یار کی زندگی میں واپس لاؤں گا۔

تھینک گاڈ مجھے تو لگا کہ سچ میں تم اس گھٹیا عریشہ کو احمر کی زندگی میں واپس لے کر آؤ گے ڈاکٹر شاہ زیب لمبی سانس لیتے ہوئے شکر کر رہا تھا۔

ooooooo

(ماضی) کہاں جا رہی ہو۔اس طرح سے سچ سنو رکر رومیو مہک کا ہاتھ پکڑ کر اپنی طرف کھینچتے ہوئے اسے حویلی کے برامدے میں لے آیا تھا۔رومیو اور سحر دونوں آپس میں کزنز تھے رومیو مہک کے چچا کا بیٹا تھا اور مہک رومیوں کے بڑے تایا کی بیٹی تھی۔

رومیو کے بابا کے علاوہ دو اور بھائی تھے رومیو کے بابا زیادہ چالاک نہیں تھے

۔

جس کی وجہ سے اس کے حصے میں کچھ خاص نہیں آیا تھا رومیوں کہ پاپا کے دونوں بڑے بھائی جو کہ بہت زیادہ چالاک اور بے ایمان تھے انہوں نے بڑی چالاکی سے رومیوں کے کی بابا کی آدھے سے زیادہ جائیداد حڑپ کرلی تھی۔ رومیوا بھی اس قابل نہیں تھا کہ وہ اپنے باپ کے ساتھ کاندھا لگا کر کھڑا ہو سکتا۔ وہ ابھی میٹرک کے پیپر دے رہا تھا رومیو کا بابا اکثر بیمار رہنے لگا تھا۔

رومیو کی ماں اکثر رومیوں کے بابا سے یہ شکایت کرتی تھی کہ تمہارے بھائیوں نے میرے بیٹے کی حصے کی جائیداد پر قبضہ کر لیا ہے اور آپ کچھ بھی نہیں بولتے۔ رومیو کے بابا بہت صبر سے جواب دیا کرتے۔ کہ بیگم یہ دنیا کا مال دنیا میں ہی رہ جانا ہے آخرت میں صرف اپنے اعمال ہی لے کر جانے ہیں تو اس لیے دنیا کی فکر مت کرو مجھے یقین ہے کہ میرا بیٹا اس قابل ضرور بنے گا

کہ وہ اپنی محنت بل بوتے سے اپنا نام کمالے گا تم ہمارے بیٹے کی فکر نہ کیا کرو۔

مگر رومیو کی ماں اکثر اس بات پر ناراض ہوتی کہ ہمارا بیٹا ہی نہیں ہماری ایک بیٹی بھی ہے اس کو کل کو جب ہم اس کی شادی کریں گیں تو کیا اسے خالی ہاتھ رخصت کر دیں گے۔

رومیوں کے بابا اس بات پر بھی بڑے تحمل سے جواب دیا کرتے کہ بیگم اگر اللہ تعالی نے ہمیں بیٹی دی ہے تو اس کے نصیب بھی اس ذات نے ضرور لکھے ہوں گے۔ تم ہماری بیٹی کے لیے پریشان نہ ہو خدا اسے میرے جیسا ہم سفر دے تو اسے کچھ بھی دینے کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی۔

اس بات پر رومیوں کی ماں چپ کر جاتی تھی کیونکہ یہ سچ تھا کہ رومیوں کے بابا نے رومیوں کی ماں کو بہت پیار اور عزت سے رکھا تھا۔ حالانکہ رومیوں کی ماں ایک بہت ہی غریب خاندان سے تعلق رکھتی تھی۔

رومیوں کی ماں یتیم تھی اس کے ماں باپ مرے ہوئے تھے اور دادی نے اس کو پالا تھا جس کی وجہ سے رومیوں کی ماں کچھ بھی جہیز میں لے کر نہیں آئی تھی۔ مگر ایک شادی میں رومیوں کے بابا نے جب اسے دیکھا تو اسے وہ بہت پسند آگئی تھی۔

اس نے آکر اپنے باپ سے ضد کی کہ مجھے اس لڑکی سے شادی کرنی ہے بس شاید یہ شادی ہی رومیوں کے بابا کے لیے سزا بن گئی تھی۔ کیونکہ نہ تو رومیوں کی ماں اس کے دادا کی دوسری بہو کی طرح خاندانی تھی۔

ناہی امیر اور نہ ہی دوسری بہوں کی طرح پڑھی لکھی تھی۔رومیوں کی ماں بہت ہی سادہ مزاج اور نیک عورت تھی۔ جس کی وجہ سے ہمیشہ وہ سب سے الگ تھلگ ہی رہی۔اس نے کبھی بھی گھر والوں سے شکوہ شکایت لڑائی جھگڑے نہیں کیے تھے بس کبھی دل بھر جاتا تو اپنے شوہر سے دل کی بھڑاس نکال لیتی۔

اسے کبھی بھی گھر کی بہو ہونے کا مان نہیں دیا گیا تھا زندگی کا سفر یوں ہی کٹتے گیا مگر رومیوں کے بابا نے ہمیشہ رومیوں کی ماں کو بہت محبت دی اور اسے کبھی اس کا پچھلا یاد نہیں آنے دیا اسی لیے رومیوں کی ماں سچ میں اپنی بیٹی کے لیے اپنے شوہر جیسا ہی ہم سفر خدا سے مانگتی تھی۔

رومیوں کو اپنے تایا کی بیٹی مہک بہت پسند تھی مگر مہک رومیوں کو منہ نہیں لگاتی تھی اس وجہ سے نہیں کہ رومیو خوبصورت نہیں تھا رومیو خوبصورتی

کے لحاظ سے خاندان کا سب سے خوبصورت لڑکا تھا مگر رومیو کے پاس اس کے بابا کی جائیداد نہیں تھی اور نہ ہی گھر میں رومیوں کے بابا کی وہ حیثیت تھی جو اس کے دونوں تایا کی تھی اس لیے رومیوں کو بھی مہک ہمیشہ ریگریٹ ہی کرتی تھی مگر رومیو ہر بار اپنے دل سے مجبور ہو کر سحر کے قریب ہوتا تھا۔

آج بھی مہک جب تیار ہو کر دوسری حویلی جا رہی تھی دوسری حویلی میں مہک کے ننیال والے رہتے تھے مہک کے ماموں بھی کافی نق چڑھے تھے ان کو بھی کافی مان تھا اپنی دولت پر۔

۔ چھوڑو میرا ہاتھ مجھے دوسری حویلی جانا ہے مہک رومیوں سے اپنا ہاتھ چھڑاتے ہوئے بولی دوسری حویلی اتنا سج کر جانے کی کیا ضرورت ہے رومیوں کو سحر کا یوں سجنا بہت برا لگتا تھا مہک بہت ہی زیادہ فیشن لیبل تھی۔

رومیوں تم اپنے کام سے کام رکھا کرو میں نے تمہیں ایسا کوئی حق نہیں دیا کہ تم مجھ سے سوال جواب کرو نہ تو تم میرے باپ ہو اور نہ میرے بھائی سمجھے تم۔ مہک تم مجھ سے اس الفاظ میں بات مت کیا کرو۔ میرے جذبات سے تم ناواقف نہیں ہو جو اتنی معصوم بن کر مجھے باپ اور بھائی نہ ہونے کا طعنہ دے رہی ہو۔ میں تمہارے ساتھ کیا رشتہ بنانا چاہتا ہوں تمہیں بہت اچھی طرح سے پتہ ہے۔

پتہ ہے کہ تم میرے ساتھ کون سا رشتہ بنانا چاہتے ہو مگر مجھے تمہارے ساتھ ایسا کوئی رشتہ نہیں بنانا کیونکہ تمہارا سٹیٹس مجھ سے میچ نہیں کرتا تمہاری

حیثیت ہی کیا ہے ہماری حویلی میں نوکروں کی طرح ہو۔ مہک نے آنکھیں گھما کر ناگواری سے رومیوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

مہک میں تم سے بہت پیار کرتا ہوں اور یار مجھے ایک بار پڑھائی مکمل کر لینے دو میرا وعدہ ہے کہ میں بہت محنت کروں گا۔ میں اتنا پیسہ کماؤ گا کہ میں تمہاری سب خواہشیں پوری کر سکوں پلیز مجھے تھوڑا وقت دو رومیو مہک کا ہاتھ پکڑے ہوئے کھڑا تھا۔

پلیز رومیو یہ مجنوں کے جیسی باتیں مجھ سے مت کیا کرو نہ تو میں تمہیں ٹائم دے سکتی ہوں اور نہ میں تمہارا ویٹ کر سکتی ہوں۔ میرے پاس تم سے بہتر آپشنز موجود ہیں۔ تو میں کیوں تمہارا ویٹ کروں ایسی کیا خاصیت ہے تم میں

۔

مہک کی نظر اس کے ماموں کے بڑے بیٹے شازم پر تھی جو ابھی ابھی باہر سے پڑھ کر آیا تھا۔ شازم خود بہت ہی سلجی ہوئی پرسنلٹی کا مالک تھا اور رومیوں کا بہت اچھا دوست بھی جس کو مہک میں کوئی انٹرسٹ نہیں تھا۔

مگر مہک کو اس کے پیسے اور اس کا سٹیٹس بہت اچھا لگتا۔ اس وقت بھی وہ میک اپ سے لت پت ہو کر ٹائٹ کپڑے پہنے ہوئے بڑی حویلی صرف اسی لیے جا رہی تھی کہ وہ شازم پر ڈورے ڈال سکے۔ رومیوں جو مہک کے لیے بہت سیریس تھا اسے مہک کا یوں سج سنور کر ٹائٹ کپڑے پہن کر جانا زہر لگتا تھا مگر وہ مہک کی بکواس کے آگے بے بس ہو کر چپ کر جاتا۔۔

مہک آجاؤ یہاں کھڑی کیا کر رہی ہو بیٹا

اپنے سٹیٹس کے لوگوں کے ساتھ اٹھا بیٹھا کرو۔ مہک کی ماں دور کھڑی ہوئی مہک اور رومیوں کو کھڑا دیکھ کر رومیوں پر طنز مارتے ہوئے مہک کو بلا رہی تھی۔

رومیوں غصے سے اپنی بڑی تائی کو دیکھتے ہوئے سیڑھیاں چڑھ کر چھت پر آگیا کیونکہ اگر گھر کے اندر جاتا تو اس کی ماں اور بہن فوراً ہی بھانپ لیتی کہ رومیوں کو کسی نے کچھ کہا ہے۔

تو وہ بھی پریشان ہو جاتی ہے۔ اور رومیو ان کی پریشانی کی وجہ نہیں بننا چاہتا تھا کیونکہ رومیو کی ماں کی زندگی میں پہلے ہی بہت پریشانیاں تھیں اور وہ مزید نہیں بڑھانا چاہتا تھا۔

رومیو چھت پر جا کر کتنی دیریوں ہی اداس سا ہو کر آسمان کی طرف دیکھتا رہا۔ رومیوں کے گھر والوں کا یہ رویہ اسے کمزور نہیں کرتا تھا بلکہ ان کے رویوں کی وجہ سے رومیوں کا خود کے پیروں پر کھڑے ہونے کا جنون بڑھا رہا تھا۔ وہ ہر ٹھوکر کے بعد خود کو اور مضبوط کر کے کھڑا ہو جاتا۔

ooooooooo

(حال) خان بابا جلدی گاڑی چلاؤ میری فرینڈز مال میں میرا انتظار کر رہی ہیں میرب گاڑی میں بیٹھی ہوئی خان بابا جو میرب کے بابا کا بہت پرانا ڈرائیور تھا اس پر چلا رہی تھی۔ بی بی جی ٹریفک جام ہے۔ ایک تو کراچی کی ٹریفک کا یہی مسئلہ ہے۔ بندہ مرتا مر جائے مگر ٹریفک ہٹنے کا نام نہیں لیتی۔ خان بابا کوشش کر کے گاڑی ٹریفک سے نکالیں مال میں میری فرینڈز میرا ویٹ کر رہی ہیں۔

جی بی بی جی میں کوشش کر رہا ہوں انشاءاللہ ہم لوگ تھوڑی دیر میں مال پہنچ جائیں گے۔ خان بابا ٹریفک سے گاڑی کو نکالنے کی کوشش کرتے ہوئے جواب دے رہا تھا۔ جیسے تیسے کر کے خان بابا نے ٹریفک سے گاڑی کو نکالتے ہوئے میرب کو جلدی سے مال تک پہنچایا کیونکہ میرب کے جذباتی پن اور غصے سے خان بابا بہت اچھی طرح سے واقف تھا آخر بچپن سے اس کی جوانی تک کا سفر خان بابا نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔۔اللہ تیرا شکر ہے کہ ہم لوگ مال پہنچے میرب گاڑی سے اترتے ہوئے اللہ کا شکر ادا کر رہی تھی اور اپنے ہینڈ بیگ کو لیتے ہوئے بھاگتے ہوئے انداز میں مال کے اندر داخل ہوئی۔

بچے تم مجھے کس کام پر لگا دیتی ہو۔ بھائی پلیز پلیز پلیز کیا آپ میرا یہ چھوٹا سا کام نہیں کر سکتے۔ مرہا بچے میں تمارے سب کام کر دیا کروں گا۔ مگر یہ تم مجھ سے ناولوں والا کام مت کروایا کرو۔ اب میں جا کر بولوں کہ مجھے کون سا

ناول چاہیے۔ یار میں نام بھول جاتا ہوں۔ اپنے اچھے خاصے بزنس مین بھائی کو کن کاموں میں ڈال دیتی ہو مرہا۔

بھائی بس آپ نے جا کر اتنا ہی تو بولنا ہے کہ مجھے آب حیات ناول بک چاہیے ۔ کون سی حیات رومان شاہ اپنی چھوٹی بہن مرہا کا مذاق اڑاتے ہوئے پوچھ رہا تھا۔

بھائی کیوں تنگ کر رہے ہیں آب حیات پیر کامل کا سیزن ٹو ہے۔ مرہا رومان شاہ سے آٹھ سال چھوٹی تھی اور اکلوتی بہن ہونے کی وجہ سے وہ رومان شاہ سے خوب اپنے نخرے اٹھواتی۔

مرہا کو رومان شاہ نے اپنے باپ کی ڈیتھ کے بعد بہت ہی لارڈ سے رکھا تھا تاکہ اسے کبھی بھی اپنے بابا کی کمی محسوس نہ ہو مرہا بہت ہی معصوم اور شائے سی لڑکی تھی اوپر سے رومان شاہ کا اپنی چھوٹی بہن کے لیے بہت زیادہ پوزیسو رہنے کی وجہ سے مرہا زیادہ لوگوں میں اٹھتی بیٹھتی نہیں تھی۔

میرہا بہت ہی کم گھر سے باہر جاتی ایسا نہیں تھا کہ اس پر کوئی پابندی عائد تھی میرہا خود بھی گھر سے باہر باہر جانا اتنا زیادہ پسند نہیں کرتی تھی۔اوپر سے رومان شاہ کا مزاج بھی اس طرح کا تھا کہ اسے لڑکیوں کا فضول میں باہر بازاروں میں گھومنا اور سج سنور کر باہر نکلنا بالکل پسند نہیں تھا۔

مرہ اپنے بھائی سے بہت پیار کرتی تھی اس لیے وہ اپنے بھائی کے مزاج سے بھی اچھی طرح واقف تھے اس نے جو کچھ بھی منگوانا ہوتا وہ اپنی امی سے کہہ کر منگوالیتی۔ اللہ کا شکر تھا کہ پیسے کی کوئی کمی نہیں تھی گھر میں نوکر چاکر تھے مجود تھے۔

رومان شاہ کسی بھی چیز کی کمی اپنی ماں اور بہن کو نہیں ہونے دیتا تھا مگر بس اس کے کچھ رول اور دائرے تھے۔ جن کو اس کی ماں اور بہن بھی کراس نہیں کرتی تھی۔

مرہا گھر سے باہر نہیں جاتی تھی اس لیے وہ زیادہ تر وقت ناول پڑھنے میں ہی گزار دیتی وہ ناولوں کی بہت بڑی دیوانی تھی۔ مرہا کا سب سے فیورٹ کام تھا

ناول پڑھنا اور اس کے لیے اس نے بہت نالج کرا کٹھی کر کے رکھی ہوئی تھی

۔

ہر نئی آنے والی ناول بک کو اس نے خرید کر ضرور اپنی پاس رکھنا ہوتا تھا۔ سب ناول کی بکس اور ناول اپنے پاس اس لیے سنبھال کے رکھتی تھی کیونکہ وہ ناول کے کرداروں کو دور جاتے ہوئے نہیں دیکھ سکتی تھی۔

اس کے کہنے کے مطابق جب ناول اس سے دور جاتے ہیں تو اسے لگتا ہے کہ ان ناول کے کریکٹر بھی اس سے دور چلے گئے ہیں۔ اگر وہ اس کے پاس محفوظ ہوتے ہیں تو اسے لگتا ہے کہ سب کریکٹر اس کے پاس ارد گرد موجود ہے۔

اکثر مرہا کی امی اس بات پر ناراض ہو کر کہتی تھی کہ تم نے ایک دن ناول پڑھ پڑھ کے مرہا پاگل ہو جانا ہے۔ بس کر دیا کرو گھر میں اور بھی بہت سارے کام ہوتے ہیں کبھی وہ بھی آ کر دیکھ لیا کرو۔

مگر مرہا اپنے بھائی کی بہت لاڈلی تھی تو وہ ناول پڑھنے کے لیے اپنے بھائی سے ضد کر کے ناول منگوا لیتی۔ مگر گھر کے کام میں تو اس کا بھائی کچھ نہیں کہہ سکتا تھا۔ وہاں پر تو صرف اس کی امی کا حکم چلتا تھا اس کی امی کے کہنے کے مطابق لڑکیوں کو گھر کے کام آنے چاہیے۔

اس لیے اکثر مرہا کی امی اسے گھر کے کام سکھاتی ہوئی نظر آتی تھی مرہا بیچاری مجرموں کی طرح اپنی ماں کے ڈر سے گھر کے کاموں کو سیکھنے کی پوری

کوشش کرتی تھی۔۔مرہا کی ماں زیادہ تر ڈرائیور کے ساتھ جا کر مرہا کے لیے شاپنگ خود ہی کرتی تھی۔

مگر مرہا کی ماں ناول وغیرہ لانے سے صاف انکار کر دیتی تھی۔یہ کہہ کر کہ مجھ سے یہ الٹے سیدھے کام مت کروایا کرو۔میں اس عمر تمہیں ناول وغیرہ لا کر نہیں دے سکتی۔اس طرح کے شوق اپنے بھائی سے پورے کروایا کرو اس لیے آج مرہا نے صبح سے کوئی 20 بار فون کر کے رومان کو یہ یاد کروایا تھا۔

کہ آتے ہوئے اس کے لیے ناول بک ضرور لے کر آئے جب سے آب حیات کا کی بک کی صورت میں آیا تھا۔مرہا نے رومان شاہ کی جان کھائی ہوئی تھی کہ اسے وہ کامل کا سیزن ٹو ضرور

لا کر دے۔

آرہی ہوں یار آرہی ہوں میں مال کے اندر پہنچ
گئی ہوں یا۔۔بس بریک پر اپنے پیر رکھو میرب اپنے کان سے فون لگائے
ہوئے مال کے اندر بھاگتی ہوئی داخل ہوئی۔

آہ آاندھے ہو کیا دکھائی نہیں دیتا میرب اپنی بہت سے فون پر بات کرتے
ہوئے سامنے دیکھ ہی نہیں سکی تھی کہ کوئی آرہا ہے سیدھا آکر کھڑے ہوئے
رومان شاہ کے سینے سے ٹکرائی تھی۔اور اب فون ہاتھ سے نیچے گرنے پر غصے
سے فون کو نیچے سے اٹھاتے ہوئے اپنے ماتھے پر ہاتھ رکھے ہوئے رومان شاہ پر
چلا رہی تھی۔

میرے خیال سے اندھا میں نہیں تم ہو آنکھیں تمہیں کھول کر چلنا چاہیے
میں تو اپنی جگہ پر کھڑا ہوں چل کر تم آرہی تھی۔اس شخص نے اتنے ایڈیٹیوڈ

کے ساتھ الفاظ ادا کیے کہ میرب اس کی شکل دیکھے بنا نہیں رہ سکی۔اس کے بولنے کا انداز اتنا منفرد تھا کہ خود کو ایٹم بم سمجھنے والی میرب کے کانوں کو وہ آواز بھائی تھی۔

مگر جب اس کی طرف نظر اٹھی تو میرب کچھ دیر کے لیے تو سٹل ہو گئی تھی۔اس شخص کی پرسنلٹی اس کی آواز سے کہیں زیادہ اتنی جاذبے نظر لگ رہی تھی۔

کسی کو نظر بھر کے بھی نہ دیکھنے والی میرب ملک سٹل کھڑے ہوئے اسے دیکھ رہی تھی وہ فل بلیک کلر کے تھری پیس سوٹ کے اندر وائٹ شرٹ پہنے ہوئے اپنے ہاتھ میں آئی فون پکڑے ہوئے
بڑی اکڑ کے ساتھ کھڑا تھا۔

اس کے سلکی بلیک بال جن کو جیل سے سیٹ کر رکھا تھا اور کھلتا ہوا گورا رنگ اس پر ماڈرن داڑھی اکڑی ہوئی اونچی ناک۔۔ سور کسی کی جان نکال لینے والی غصے سے بھری ہوئی بڑی بڑی آنکھیں چھ فٹ کو ٹچ کرتی ہوئی ہائٹ کشرتی چھاتی جو کھلے ہوئے دو بٹنوں سے چھلک رہی تھی اکڑو مزاج جو اس کی پرسنلٹی کو چار چاند لگا رہا تھا۔

ہیلو میں آپ سے بات کر رہا ہوں رومان شاہ میرب کے آگے ہاتھ لہراتا ہوا بولا۔جی تو میں سن رہی ہوں۔ میرب واپس حوش میں آتے ہوئے بولی۔

اگر سن رہی تھی تو پھر بولنے کی زحمت بھی
کر لو۔ تم یہ اندھوں کی طرح بھاگ کر مال کے اندر کیوں داخل ہو رہی تھی
۔کیا باہر جنگ کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ رومان شاہ طنز کرتے ہوئے کہہ رہا تھا۔

یار کہاں رہ گئی تھی تم میرب کی فرینڈز دور سے میرب کو دیکھتی ہوئی میرب کی طرف پاس آکر

بولی۔ کہیں نہیں یار بس گاڑی ٹریفک میں پھنس گئی تھی۔ میرب کی نظریں اب بھی رومان شاہ پر تھی مگر میرب کی فرینڈز کو دیکھ کر رومان شاہ واپس اپنے فون پر بات کرتا ہوا مال کے اندر چلا گیا۔

ہیلو مس کہاں گم ہو میرب کی فرینڈ صبا میرب کے آگے ہاتھ لہراتے ہوئے۔ کیا بات ہے میرب ملک کون خوش نصیب ہے جسے آج میرب کی نظروں نے شرف بخشا ہے۔ صبا اور سارا میر کی ٹانگ کھینچ رہی تھی۔

ہائے یار وہ چیز ہی ایسی تھا کہ میں تو دیکھتی ہی رہ گئی۔ میرب نے ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے اس طرف دیکھا جہاں سے ابھی رومان شاہ گزر کر

گیا تھا میرب چلو یار تجھے تو ڈاکٹر کو چیک کروانا پڑے گا صبا میرب کے ماتھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے مصنوعی گھبراہٹ اور ٹینشن دکھا رہی تھی۔۔

بکواس بند کرو میرب نے صبا کو منہ بند کرنے کو کہا تھا۔ نہیں یار میرب ہمیں تو سچ میں تمہاری فکر ہو رہی ہے یہ سورج آج کس طرف سے نکلا ہے جو میرب کو کوئی لڑکا اچھا لگا ہے۔ تم تو ہر لڑکے میں کیڑے نکالتی رہتی ہو ہمیں تو لگا کہ تمہارے لیے کوئی آسمانی مخلوق آئے گی جسے تم پسند کرو گی۔ مگر یار تم نے تو روح زمین پر ہی کسی لڑکے کو دیکھنے لائق بول دیا ہے۔

دیکھنا تو پڑے گا سچ میں اس بندے میں کوئی خاص بات تو ہو گی جو وہ بندہ میرب کے دل پر اپنی چھاپ چھوڑ گیا ہے صبا تم اپنا منہ بند کرو اور چلو ہم لوگ شاپنگ کرتے ہیں جس کام کے لیے ہم مال آئے ہیں میرب اپنے تاثرات ان سے

چھپانے کی کوشش کر رہی تھی۔ جبکہ سچ وہی تھا جو صبا اور سارا بول رہی تھی۔

میرب نے اپنے دوستوں کے ساتھ خوب شاپنگ کی اور ان کو بھی کروائی مگر میرب کے دماغ میں رومان شاہ ہی چل رہا تھا۔ میرب کے دل نے پہلی بار کسی کے لیے اتنے خوبصورت احساسات محسوس کیے تھے۔

اور اس کی پرسنلٹی تو میرب کے دماغ سے جانے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی میرب بظاہر تو اپنی دوستوں کے ساتھ شاپنگ کر رہی تھی مگر خیالوں میں رومان شاہ کو ہی لیے ہوئے گھوم رہی تھی۔

oooooooooo

رومان شاہ نے انٹر کام پر اپنے سیکرٹری کو اپنی آفس روم میں بلایا۔ میں کم ان سر دروازے پر کھڑے ہوئے رومان شاہ کے سیکرٹری دلاور نے اندر آنے کی اجازت طلب کی تھی۔

یس کم ان دلاور آج میری کوئی خاص میٹنگ تو نہیں ہے۔ ہے سر آج آپ کی مسٹر ملک کے ساتھ میٹنگ ہے۔ افف یہ تو مجھے یاد ہی نہیں تھا رومان شاہ آج جلد اپنے گھر جانا چاہتا تھا، کیونکہ اس نے اپنی ماں سے وعدہ کیا تھا کہ آج وہ رات کو ٹائم سے گھر آئے گا اور ان کے ساتھ ٹائم ڈنر کرے گا۔

رومان شاہ نے چھوٹی سی عمر میں اپنا بہت بڑا بزنس کھڑا کر لیا تھا یہ اس کی دن رات کی محنت کا ثبوت تھا۔ رومان شاہ نے اپنی زندگی میں بہت اتار چڑھاؤ دیکھے تھے۔

جس کی وجہ سے رومان شاہ چٹان کی طرح مضبوط تھا رومان شاہ اس اونچائی کا نام تھا جس پر جانے کے لیے لوگ ترستے تھے، اسی محنت میں رومان شاہ اپنی ماں اور بہن کو زیادہ ٹائم نہیں دے پاتا تھا جس کی شکایت اکثر اس کی ماں کرتی تھی۔

آج اس نے سوچا تھا کہ آج وہ گھر جلدی جائے گا جیسے کہ وہ اپنی ماں کے ساتھ وعدہ بھی کر کے آیا تھا کہ آج رات کا کھانا وہ اکٹھے کھائیں گے مگر وہ یہ بھول گیا تھا کہ آج مسٹر مالک کے ساتھ اس کی بہت اہم میٹنگ تھی۔

جہاں پر بہت سارے ممبران اکٹھے ہونے والے تھے ملک کے گھر ایک چھوٹی سی گیدرنگ پارٹی تھی اور وہیں پر بہت ساری ڈیلز سائن ہونی تھی رومان شاہ کے لیے یہ ڈیل کافی امپورٹنٹ تھی۔

اس لیے جانا بہت ضروری تھا اب رومان شاہ سوچ رہا تھا کہ وہ اپنی ماں کو کیا کہے گا۔ ٹھیک ہے دلاور تم جا سکتے ہو رومان شاہ دلاور کو بھیج کر اپنی ماں کو فون ملانے لگا۔

السلام علیکم بھائی و علیکم السلام چونٹی تم نے فون اٹھایا ہے امی کدھر ہے امی کچن میں ہے آپ نے آج جلدی آنے کا وعدہ کیا ہے تو اس کے لیے امی نے پورے کر کے ملازموں کو جدوجہد میں لگایا ہوا ہے کہ ان کے اکلوتے بیٹے کی پسند کے سارے کھانے بننے چاہیے۔

اور خود بھی ہٹلر بن کر ان کے سر پر کھڑی ہوئی ہیں مرہا نے پورے دن کی رپورٹ رومان شاہ تک پہنچائی مرہا ایک پرابلم ہو گئی ہے۔

کیا۔۔میری ایک امپورٹنٹ میٹنگ ہے تو میں رات کو لیٹ ہو جاؤں گا۔بھائی آپ کو پتہ ہے کہ امی صبح سے لگی ہوئی ہیں رات کے ڈنر کی تیاری کرنے کے لیے اور آپ نے کتنے مزے سے کہہ دیا ہے کہ آپ رات کو لیٹ آئیں گے۔

مرہا بچے مجھے پتہ ہے مگر میٹنگ بہت امپورٹنٹ ہے نہ ہوتی تو میں چھوڑ کر آجاتا، بھائی میں تو کچھ نہیں کہہ سکتی آپ امی سے ہی بات کریں مرہا پلیز تھوڑی سی ہیلپ کر دو تم امی کو سمجھا دو پلیز۔

سوری بھائی میرے پاس تو اور بہت سارے کام ہیں کرنے کے لیے ویسے بھی امی کو یہ بولنے کا مطلب ہے جو یہ نیوز امی کو سنائے گا امی اپنے غصے کے بم اسی کے اوپر پھوڑیں گے۔مرہا آرام سے سارے مسئلے کے بیچ میں سے نکلنا چاہ رہی تھی۔

مرہا کی بچی جب تمہیں کوئی بھی حیات چاہیے ہو تو پھر مجھے فون کر کے مت بولنا میں بالکل نہیں لے کر آؤں گا۔ بھائی آب حیات مرہا اپنے ناول بک کا نام خراب ہوتے سن کر چیخی۔ بھائی میں امی سے کیا کہوں گی۔ امی میرے کہنے سے کون سا سمجھنے والی ہیں۔

آپ خود ہی بات کر لیں۔ میر ہارومان کا فون ہے مرہا کی ماں کچن سے ہاتھ پہنچتی ہوئی باہر آئی تو صوفے پر بیٹھے ہوئے مرہ کو بات کرتے ہوئے سمجھ گئی کہ وہ رومان سے بات کر رہی ہے کیونکہ مر رہا اتنا چہک چہک کر صرف اپنے بھائی سے ہی بات کرتی تھی۔

مرہا کی کوئی خاص دوستیں بھی نہیں تھی اس لیے فون پر اس کا انداز سمجھتے ہوئے مرہا کی ماں چلتے ہوئے اس کے پاس آ گی گئی۔جی امی بھائی کا فون ہے یہ لیں بات کریں۔

مرہا اپنی جان چھڑا کر فون اپنی ماں کو تھماتے ہوئے اپنے روم چلی گئی ۔کیونکہ جا کر اس سے بہت ضروری کام کرنا تھا اور وہ ضروری کام تھا ناول پڑھنا مرہا کی ماں نے صبح سے مرہا کو روم میں نہیں جانے دیا تھا۔کیونکہ آج رومان شاہ گھر کھانا کھانے کے لیے رات کو جلدی آنے والا تھا جو کبھی مہینوں میں ایک آدھی بار ہی ہوتا تھا۔

امی آئی ایم سوری میں رات کو لیٹ آؤں گا اصل میں میری ایک ضروری میٹنگ تھی مجھے یاد نہیں تھا ورنہ میں آپ کو بتا دیتا رومان شاہ شرمندگی والے انداز سے بول رہا تھا۔

رومان بیٹا یہ کیا طریقہ ہے آپ کو پتہ ہے کہ میں نے صبح سے آپ کے لیے کتنی محنت کی ہے۔

آپ کی پسند کا کھانا بنایا ہے اور آپ ہیں کہ آرام سے بول دیا کہ میں رات کو لیٹ آؤں گا۔امی جان اصل میں مجھے میٹنگ یاد نہیں تھی اور میٹنگ بہت ضروری ہے نہیں تو میں نہیں جاتا۔

رومان مجھے نہیں پتا تم میٹنگ اٹینڈ کرنے کے بعد جب گھر آؤ گے میں اور مرہا تمارے ساتھ ہی کھانا کھائیں گے۔اوکے ماماڈن ہو گیا میں میٹنگ میں کچھ نہیں کھاؤں گا۔

آپ کے ساتھ اگر ہی کھانا کھاؤں گا مگر پلیز آپ اور میرہا کچھ ہلکا پھلکا سا کھانا کھالینا۔آپ کی طبیعت خراب نہیں ہونی چاہیے۔امی جان آپ کو پتہ ہے نا

کہ آپ کو اپنی بی پی کی دوائی لینی ہوتی ہے تو پلیز آپ تھوڑا سا کھانا کھا لینا۔اور دوائی بھی کھا لینا۔

اگر اپ کے بھوکے رہنے سے شوگر پڑی تو پھر آپ کا اور میرا جھگڑا ہو جانا ہے ہے رومان شاہ کو اپنی ماں کی صحت کی بہت فکر تھی ویسے بھی اس کے عزیز خونی رشتوں میں صرف اس کی ایک بہن اور ماں ہی تو تھی۔

اس لیے وہ ان دونوں کی جان کے ساتھ کوئی بھی رسک نہیں لے سکتا تھا اپنی امی جان کو پیار سے سمجھا کر تسلی دیتے ہوئے رومان شاہ فون بند کر کے ملک ہاؤس کی طرف نکل آیا جہاں پر آج اس ایک اہم میٹنگ تھی۔وہاں پر کافی ساری ڈیلز فائنل ہونے والی تھی۔جن میں سے ایک ڈیل رومان شاہ کی تھی۔یہ ڈیل رومان شاہ کے لیے بھی ضروری تھی۔

آج کی ڈیل سائن کر کے رومان شاہ کا بزنس جس بلندی پر آج تھا اس سے چار گنا اوپر جانے والا تھا اس لیے رومان شاہ اس میٹنگ کو اٹینڈ کرنے کے لیے خود بھی کافی انٹرسٹ تھا۔

oooooooooooo

یار اب تم لوگ فون بند کرو مجھے نہانا ہے میرا پچھلے چار گھنٹے سے اپنی فرینڈز کے ساتھ ویڈیو کال پر گپیں مارتے ہوئے۔۔اب میرب ان کو فون بند کرنے کا بول رہی تھی، کیونکہ اب اسے پتہ تھا کہ اس کی ماما آئے گی اور میرب کو خوب ڈانٹ لگائیں گی۔ کیونکہ وہ کافی بار میرب کو نیچے بلا چکی تھی کھانے کے لیے۔

میرب یار بعد میں نہا لینا ابھی کون سا تم نے کہیں جانا ہے صبا میرب کو ابھی اور بات کرنے کے لیے اکسا رہی تھی۔ کیونکہ ان سب میں گپشپ کی جان

میرب ہی تھی اس لیے فرینڈز ہمیشہ میرب کو پارٹی کی جان کہہ کر ہی بلاتی تھی۔

نہیں یار اب اور دیر نہیں کر سکتی ورنہ ماما بہت ناراض ہو گئی ان کو بہت گندا لگتا ہے کالج سے گھر اکر جب میں یونیفارم چینج نہیں کرتی اور اگر ماما روم میں آگئی تو قسم سے بڑی ڈانٹ پڑنی ہے۔ میرب اپنے فرینڈز سے جان چھڑاتی ہوئی واش روم میں جا کر بند ہو گئی۔۔

OOOOOOOOO

ملک زبیر کے گھر میں آج ایک چھوٹی سی پارٹی تھی جہاں پر بہت سارے بزنس مین جمع ہونے والے تھے۔ اور یہاں پر کافی ساری ڈیلز تھی جو ان لوگوں نے آپس میں سائن کرنی تھی۔

یہاں پر آج بہت بڑے بڑے بزنس مین آنے والے تھے، اور ان میں سے ایک بہت بڑا نام تھا جس کا ملک زبیر بڑی بے صبری کے ساتھ انتظار کر رہے تھے۔ وہ نام تھا رومان شاہ جس نے اپنی چھوٹی سی عمر میں بہت بڑا بزنس امپائر کھڑا کر کے بزنس کی دنیا میں اپنا بہت مضبوط مقام بنایا تھا۔

اس کا بزنس کی دنیا میں کام کرنے کا سٹائل اتنا منفرد اور یونیک تھا کہ بہت بڑے بڑے بزنس مین اس سے ملنے کی خواہش رکھتے تھے دیکھنے میں یہ 30 سال کا ایک نوجوان لڑکا تھا مگر اس کا تجربہ اس کی عمر سے کہیں زیادہ تھا، آج ملک زبیر کی جو سب سے بڑی ڈیل تھی وہ رومان شاہ کے ساتھ ہونے والی تھی۔

جس کو سائن کرنے کا ملک زبیر بہت عرصے سے کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔
کافی سارے لوگ آ چکے تھے مگر ملک زبیر کی نظریں رومان شاہ کا انتظار کر
رہی تھی۔

ویلکم مائی ہوم ملک زبیر نے جیسے ہی رومان شاہ کو گیٹ سے اندر آتے
ہوئے دیکھا تو فورن اسے ویلکم کہنے کے لیے آگے بڑھے اور ہاتھ ملاتے
ہوئے بہت پر جوش انداز سے رومان شاہ کا ویلکم کیا اور اسے اپنے ساتھ لے کر
اندر آ گئے۔

ملک زبیر کا گارڈن ایریا بے حد ہی وسیع اور خوبصورت تھا۔اس لیے ملک
زبیر نے آج کی گیدرنگ کا ریجمنٹ گارڈن ایریا میں کیا تھا۔پارٹی میں اور
سب لوگ آپس میں گپ شپ کرنے کے بعد کھانے کا دور شروع ہو گیا۔

مگر رومان شاہ کھانے میں انٹرسٹڈ تھا کیونکہ اسے گھر جا کر اپنی پیاری ماں کے ہاتھ کا بنا ہوا کھانا کھانا تھا جو انہوں نے رومان شاہ کے لیے بہت محبت سے تیار کروایا تھا۔۔رومان شاہ آپ کھانا کیوں نہیں کھا رہے ملک زبیر رومان شاہ کو کھانا نہ کھاتے ہوئے دیکھ کر باقی مہمانوں کو پوچھتے ہوئے آکر رومان شاہ کے پاس کھڑے ہو گئے۔

ملک صاحب ریلی ریلی سوری مگر میں کھانا نہیں کھا سکتا اس کا ریزن ہے میری امی جان کیونکہ میری امی جان نے میرے لیے بہت ہی شاندار ڈنر پلان کیا ہوا ہے اور اگر میں وہ ڈنر نہیں کروں گا تو میری امی جان کے ساتھ ساتھ میرا خدا بھی ناراض ہو جائے گا۔اپنی ماں کو ناراض کرنے کے لیے تو آئی ہوپ آپ میری سچویشن کو سمجھیں گے۔

رومان شاہ ملک زبیر سے معذرت کرتے ہوئے بول رہا تھا۔ارمان شاہ اب آپ نے دلیل ہی ایسی دی ہے کہ میں لاجواب ہو گیا ہوں کیونکہ میں کسی بھی صورت آپ کی ماں جی کو تو ناراض نہیں کر سکتا۔

لیکن پھر آپ کو ڑرنک تو لینی پڑے گی نو نو نو نو نو نو میں ڈرنک نہیں کرتا ملک زبیر نے حیرانی کے ساتھ رومان شاہ کی طرف دیکھا۔کیوں مذاق کر رہیں ہیں رومان شاہ۔ملک صاحب قسم سے میں شراب نوشی نہیں کرتا۔

سچ رومان شاہ آپ جیسا شخص ڈرنک نہیں کرتا مجھے حیرانی ہوئی سن کر۔۔ کیوں اس میں حیرانی والی کیا بات ہے۔یہ میری پیاری امی جان کی دی ہوئی تربیت ہے۔ان کا کہنا ہے کہ شراب حرام ہوتی ہے اور حرام چیز کو ہاتھ نہیں لگانا چاہیے منہ لگانا تو دور کی بات ہے۔

رومان شاہ ہنستے ہوئے اپنی پیاری امی جان کی تربیت کی تعریف کر رہا تھا۔
ویری گڈ یہ تو بہت اچھی بات ہے اور آپ کی ماں جی نے بہت اچھی تربیت کی
ہے آپ کی ملک زبیر رومان شاہ کی ماں کی تربیت کو صحراتے ہوئے
بولے۔۔۔

چلیے آپ کی امی جان نے کولڈ ڈرنک پینے کی اجازت تو دی ہو گی۔ یا پھر آپ
ہمارے گھر سے کچھ کھانا پسند ہی نہیں کر رہے ہیں۔ نہیں نہیں ملک صاحب
کس طرح کی باتیں کر رہے ہیں شرمندہ مت کریں۔ میں میں کولڈ ڈرنک
لے لیتا ہوں ملک زبیر نے ویٹر کو اشارہ کیا تو وہ کولڈ رن لے کر آیا۔ مگر
بیچارے کا پیر ٹیبل سے ٹکرانے کی وجہ سے اس کے ہاتھ میں پکڑی ہوئی کولڈ
ڈرنک رومان شاہ کے اوپر گر گئی۔۔

ویٹر بیچارا ڈر کے مارے بہت گھبرا گیا، اور سوری سوری بولنے لگا ملک زبیر نے بھی تھوڑا غصے سے کہا کہ ذرا دیکھ کر چلا کریں آپ نے ہمارے مہمان کے سب کپڑے خراب کر دیے ہے۔

مگر رومان شاہ نے کہا کوئی بات نہیں ہو جاتا ہے اس نے جان بوجھ کر تو نہیں کیا اٹ از اوکے۔ رومان شاہ آپ ایک کام کریں میرے روم میں جا کر آپ چینج کر لیں۔ نہیں کوئی بات نہیں میں گھر جا کر چینج کر لوں گا۔ رومان شاہ ملک کے گھر کے اندر جا کر چینج کرنے میں انٹرسٹڈ نہیں تھا۔

نہیں رومان شاہ کس طرح کی باتیں کر رہے ہیں آپ اس طرح سے کیوں گھر جائیں گے ہمیں مزید شرمندہ مت کریں ایک تو آپ نے ہمارے گھر کا کھانا نہیں کھایا۔ اوپر سے آپ خراب کپڑے لے کر جا رہے ہیں۔ اتنا خراب

ہم امپریشن مت گھر لے کر جایئے ہمارا۔ملک زبیر شرمندہ سا ہوتے ہوئے بولے۔اوکے مجھے چینج تو نہیں کرنے مگر میں جا کر اس کو صاف کر لیتا ہوں۔

رومان شام ملک زبیر کے بہت کہنے پر ملک زبیر کے روم کی طرف چل دیا۔ ملک زبیر نے بہت کہا کہ وہ ساتھ چلتا ہے مگر اس نے کہا کے میں چلا جاؤں گا آپ مہمانوں کے رہے۔ملک زبیر کے کہنے کے مطابق اوپر سیڑھیاں چڑھ کر رائٹ سائیڈ والے روم میں جانا ہے تھا وہ روم ملک زبیر کا تھا۔اوپر رائٹ سائیڈ پر دو کمرے تھے اب زبیر نے کون سا کمرہ بتایا تھا رومان شاہ یہ بھول گیا تھا۔

رومان شاہ سیڑھیاں چڑھتے ہوئے رائٹ سائیڈ والے روم کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا اور روم کا دروازہ بند کر دیا۔ روم کے اندر داخل ہو کر رومان شاہ نے نظریں اٹھا کر پورے روم کو غور سے دیکھتے ہوئے جائزہ لیا۔

رومان شاہ روم کو بڑی حیرانی کے ساتھ دیکھ رہا تھا اتنا بڑا بزنس مین ہو کر یہ کس طرح کا روم سیٹ کیا ہے ملک نے۔ رومان شاہ حیرانی کے ساتھ اپنے منہ میں بڑبڑا رہا تھا۔ پورے روم میں پنک کلر کا ڈیزائننگ کی ہوئی تھی۔

روم کی ایک دیوار پر پینٹنگ سے ڈیزائننگ کر کے فلاورز اور کچھ تتلیاں بنی ہوئی تھی بیڈ کے اوپر ٹیڈی بیئر جوڑ کر رکھے ہوئے تھے اور بھی کچھ اس طرح کی باربی ڈول وغیرہ ٹیبل پر سجا کر رکھی ہوئی تھی۔

رومال شاہ بہت حیرانی کے ساتھ کھڑا ہوا کمرے کو دیکھ رہا تھا اور ساتھ میں اپنی کوٹ اتار کر بیڈ پر رکھتے ہوئے اپنے شرٹ کے بٹن کھولنے لگا۔ رومان شاہ بہت حیران ہو رہا تھا ملک زبیر کی چوائس پر اچانک سے شرٹ اتارتے ہوئے رومان شاہ کے دماغ میں آیا کہ کہیں وہ غلط روم میں تو نہیں آ گیا کیونکہ رائٹ سائیڈ پر دو کمرے بنے ہوئے تھے۔۔

یہ سوچتے ہوئے وہ جلدی جلدی اپنی شرٹ کہ بٹن بند کرنے لگا اور کوٹ کو اٹھا کر روم سے باہر جانے کے لیے وہ پیچھے مڑا۔ آہ آؤچھ وہ میرب سے ٹکرایا تھا یہ میرب کی چیخ تھی جو رومان شاہ کے ساتھ ٹکرانے پر اس کے منہ سے بے ساختہ نکلی تھی۔۔

میرب رومان شاہ کے ساتھ ٹکرانے کی وجہ سے اپنا بیلنس آؤٹ کر کے لڑکھڑاتے ہوئے گرنے لگی تھی کہ رومان شاہ نے جلدی سے اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے ہوئے اسے اپنے ہاتھ کی سپورٹ دی۔

میرب نے اس وقت پینک کلر کا باتھ روپہنا ہوا تھا پنک کلر میرب کا فیورٹ کلر تھا اس لیے میرب کا بس نہیں چلتا تھا کہ وہ پورا گھر ہی پنک کروا دے۔

میرب کے پورے کمرے کی ڈیکوریشن پنک کلر سے کی ہوئی تھی اگر میرب کی کبڑ کھول کر دیکھی جائے تو قرمیں سب سے زیادہ پنک ٹون کے ڈریسس ہی پائے جاتے تھے۔

میرب نہا کر باہر نکلی تھی اس لیے اس کے گیلے بال اس کی کمر پر جھول رہے تھے اور نہا کر نکھرا نکھرا چہرہ اور بھی خوبصورت لگ رہا تھا۔ اور ہونٹ پنک گلاب کی پتیوں کی طرح کھل رہے تھے۔

گہری کالی آنکھیں کرسٹل کی طرح چمکا رہیں تھی اس وقت کوئی بھی میرب کو اس حلیے میں دیکھتا تو اپنا دل ہار جاتا۔ مگر وہ کوئی نہیں رومان شاہ تھا جس کو رتی برابر بھی فرق نہیں پڑا۔

اور اس نے میرب کو سپورٹ دے کر کھڑا کرتے ہوئے ایک سیکنڈ بھی نہیں لگایا تھا روم سے باہر جانے میں۔۔ یہ سب کچھ اتنا آنن فانن ہوا کہ میرب تو سمجھ نہیں سکی کہ یہ سچ تھا یا خواب۔

میرب نے گھٹنوں تک باتھ روپہن رکھا تھا اس لیے وہ روم سے باہر تو نہیں جاسکتی تھی مگر اس کا دماغ بار بار کلک کر کے بتا رہا تھا کہ یہ وہی بندہ ہے جس کو اس نے مال میں دیکھا تھا۔

اور جس کو وہ ابھی تک اپنے دماغ سے نہیں نکال سکی تھی مگر پھر اپنے خیال کو جھٹکتے ہوئے بولی کہ وہ یہاں پر کیسے آسکتا ہے۔ میرب تو پاگل ہو گئی ہے اس بندے کے عشق میں وہ خود سے بڑبڑاتے ہوئے اپنے ہی خیالات سے جونچتے ہوئے اپنے قبرڑ سے کپڑے نکال کر پہننے لگی۔

oooooooooooo

ہمم امی قسم سے مزہ آگیا آج آپ کے ہاتھوں کا کھانا کھا کے رومان شاہ اپنی ماں کے ہاتھ چومتے ہوئے بول رہا تھا۔ امی اب تو ایک مزیدار کافی کا مگ ہو

جائے وہ بھی اس چونٹی کے ہاتھ کا رومان شاہ اپنی بہن مرہا کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بول رہا تھا۔

بھائی کیا ہے آپ کو آپ نے تو میرا نام چونٹی ہی رکھ دیا ہے مرہا اپنا منہ مروڑتے ہوئے بولی۔ میرہا قسم سے میرا بچہ آپ چونٹی ہی لگتی ہو، اپنی جان دیکھیے آپ نے جس حساب سے آپ اور بھی شلنگ ہوتی جارہی ہو۔
مجھے لگتا ہے میرا بچہ ایک دن آپ کو دیکھنے کے لیے ہمیں دوربین کا استعمال کرنا پڑے گا۔ رومان شاہ ہمیشہ کی طرح مرہا کو تنگ کرنے کے لیے بول رہا تھا

۔

مرہا رومان۔ سے اٹھ سال چھوٹی تھی تو اس لیے وہ اپنے بڑے بھائی کو بہت نخرے دکھاتی تھی اور رومان شاہ اپنی بہن کو تنگ کرنے کے لیے اکثر اسے

چونٹی کہہ کر بلاتا تو میرہا چڑھ جاتی تھی اور اس کے چڑنے پر رومان شاہ قہقہے لگا کر ہنسا کرتا۔

رومان شاہ نے اپنی چھوٹی سی عمر میں بہت کچھ فیس کیا تھا مگر اب وہ اپنی ماں اور اپنی بہن کو ایک بہت اچھی اور پر سکون زندگی دینا چاہتا تھا جس میں وہ کامیاب ہو چکا تھا۔ گھر میں صرف وہ تین افراد تھے مگر گھر میں ہر وقت خوشگوار ماحول ہی رہتا تھا۔

رومان شاہ آفس جانے کے لیے حسب معمول تیار ہو رہا تھا جب اسے اس کے سیکٹری کا فون آیا کہ ملک زبیر پر کسی نام معلوم افراد نے فائرنگ کی ہے جس سے وہ بہت زیادہ زخمی اور حالت میں ہاسپٹل میں ہے۔

رومان شاہ نے افسوس کرتے ہوئے فون بند کر کے گھر سے تیار ہو کر سیدھا ہاسپٹل جانے کے ارادے سے گاڑی کو ہاسپٹل روڈ پر ڈال کر گہری سوچ میں پڑا ہوا کچھ سوچ رہا تھا۔۔

ooooooooo

میرب میرا بچہ اگر کچھ بولو گی تو پتہ چلے گا نہ کہ تم کیوں رو رہی ہو۔ میرب فون کو کان سے لگائے ہوئے روئے جا رہی تھی۔ بھائی پاپا کو گولی لگی ہے اور ہم لوگ پاپا کے ساتھ ہاسپٹل میں ہیں وہ روتے ہوئے بامشکل صرف اتنا ہی کہہ پائی تھی۔

یا اللہ رحم فرما میرب کی بات سنتے ہی شاہ میر کے منہ سے بے ساختہ اللہ تعالی سے رحم کے لیے دعا نکلی تھی۔ میرب میرا بچہ رو نہیں میں آ رہا ہوں۔

۔بھائی پاپا کی کنڈیشن ٹھیک نہیں ہے۔اللہ تعالی سب بہتر کرے گا میرا بچہ بس اللہ سے دعا کرو اور ماما کا خیال رکھو میں آپ کے پاس پہنچ رہا ہوں شامیر بھاگتے ہوئے تھانے سے باہر نکلا اور آکر اپنی جیب سٹارٹ کرتے ہوئے اس میں بیٹھ گیا۔

ماما پلیز چپ کر جائیں پاپا کو کچھ نہیں ہو گا میرب روتے ہوئے اپنی ماں کے گلے لگ کر اسے دلاسا دے رہی تھی رفعت بی بی ملک زبیر کی حالت کو دیکھ کر بہت ہی دل برداشتہ ہو کر کرسی پر بیٹھے ہوئے اپنے منہ پر ہاتھ رکھے ہوئے جا رہی تھی۔

میرب دعا کرو تمہارے پاپا کو کچھ نہیں ہو ورنہ میں بھی مر جاؤں گی میرب کی ماں ملک زبیر سے بہت پیار کرتی تھی وہ دونوں آپس میں کزنز تھے اور ان دونوں کی لو میرج ہوئی تھی۔

شامیر کے بعد ملک زبیر کوئی اولاد نہیں لینا چاہتے تھے کیونکہ شامیر کے وقت رفت بیگم سیڑھیوں سے گر گئی تھی جس کی وجہ سے اس کے کیس میں بہت زیادہ کمپلیکیشنز آ گئے۔ تو اس کو مد نظر رکھتے ہوئے ملک زبیر آگے اولاد نہیں چاہتے تھے۔

کیونکہ وہ اپنی بیگم سے بہت پیار کرتے تھے اس لیے وہ کسی بھی طرح کا رسک اس کی جان کے ساتھ نہیں لینا چاہتے تھے۔ مگر جب شاہ میر 12 سال کا ہوا تو وہ خود کو بہت اکیلا محسوس کرتا تھا اکثر اپنی ماں سے ضد کرتا کہ اسے ایک بہن چاہیے۔

اور شامیر کی ماں اپنے بیٹے سے بہت زیادہ پیار کرتی تھی جس کی وجہ سے وہ اپنی بیٹے کی خواہش کو لے کر اکثر ملک زبیر کے ساتھ بحث کرتی ہوئی نظر آتی

آخر کار ملک زبیر نے ڈاکٹر کی رائے لے کر سیکنڈ بی بی پلان کیا تو اس طرح ان کی ایک اور اولاد اس دنیا میں آئی جس کا نام انہوں نے میرب رکھا۔

میرب شاہ میر سے 12 سال چھوٹی تھی۔ رفت بیگم اپنے بیٹے سے بہت پیار کرتی تھی اور ملک زبیر کی آنکھوں کا تارا میرب تھی شامیر خود بھی اپنی بہن سے بہت زیادہ پیار کرتا تھا۔

اس طرح ان کی فیملی کمپلیٹ ہو گئی اور گھر میں ہر طرف خوشیاں اور پر سکون فضا قائم تھی۔ مگر آج اتنے سالوں کے بعد ان کے گھر میں غم نے پھیرا لگایا تھا۔

اس لیے رفعت بیگم بڑی دلبرداشتہ ہو کر خود کو سنبھال نہیں پا رہی تھی اور میرب مسلسل اپنی ماں کے گلے میں باہیں ڈالے ہوئے خود بھی رو رہی تھی مگر اپنی ماں کو دلاسہ بھی دے رہی تھی۔

السلام علیکم مسز ملک پلیز آپ خود کو سنبھالیں انشاءاللہ ملک صاحب بہت جلد ٹھیک ہو جائیں گے رومان شاہ جو ہاسپٹل میں ملک کی عیادت کرنے کے لیے آیا تھا وہ اپریشن تھیٹر کے باہر کرسی پر بیٹھی ہوئی ملک زبیر کی بیگم کو روتے ہوئے دیکھ کر پاس آیا تھا۔

جانی پہچانی آواز سن کر میرب جو اپنی ماں کے کاندھے سے سر لگائے ہوئے آنکھیں بند کر کے رو رہی تھی اس نے آنکھیں کھول کر سامنے کھڑے ہوئے رومان شاہ کی طرف دیکھا تھا۔

وہ چاکلیٹ براؤن کلر کے تھری پیس سوٹ میں ہے لائٹ سی مسٹرڈ کلر کی شرٹ پہنے ہوئے کھڑا تھا۔

آنکھوں پر دھوپ سے بچنے والے گوگل لگائے ہوئے اور ہاتھ میں ایپل کی واچ جو اس کے ہاتھ پر بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔

ایسا لگ رہا تھا کہ پہننے والے نے ایپل کی اس ٹچ گھڑی کو چار چاند لگا دیے ہو۔ چہرے پر وہی اکڑ اور ایٹیٹیوڈ برقرار تھا مگر انداز کافی سوفٹ تھا رفعت بیگم سے بات کرتے ہوئے۔

رفت بیگم نے صرف ہاں میں سر کو ہلایا تھا وہ اس وقت اس کنڈیشن میں نہیں تھی کہ کوئی جواب دے پاتی۔ میرے لائق کچھ بھی ہو تو ضرور بتایئے گا۔ رومان شاہ نے رفت بیگم سے یہ کہا تھا کہ اگر کسی بھی طرح کی ہیلپ چاہیے ہو تو وہ ضرور بتائیں۔

رفت بیگم نے اس بار بھی صرف ہاں میں سر کو ہی ہلایا تھا۔ وہ رفت بیگم سے بات کرتے ہوئے میرب کو بالکل نظر انداز کیے ہوئے کھڑا تھا جیسے کہ میرب اسے بالکل بھی منظر عام پر نظر نہیں آ رہی۔ رومان شاہ رفت بیگم کو دلاسا دیتے ہوئے ڈاکٹرز کی طرف چلا گیا تھا ملک کی کنڈیشن کا پوچھنے کے لیے۔

شاہ میر نے پتہ نہیں کیسے یہ سفر طے کیا تھا اس کا ایک ایک لمحہ بہت اذیت میں کٹ رہا تھا یہ سوچ کر کہ پتہ نہیں اس کے پاپا کیس حالت میں ہوں گے۔

شاہ میر اپنی فیملی سے بہت پیار تھا۔ شاہ میر کو اچھی طرح سے پتہ تھا کہ اس کے پاپا پر یہ حملہ اس کی وجہ سے ہوا ہے یہ حملہ صرف اسے ڈرانے کے لیے ہی کیا گیا تھا۔

ایریا میں گاڑی کو کھڑا کر کے وہ بھاگتا ہوا ہاسپٹل کے اندر داخل ہوا اور ریسپشن سے پوچھتا ہوا اپریشن تھیٹر کی طرف بھاگا۔ بھاگتے ہوئے وہ کسی فلم کا ہیرو لگ رہا تھا کیونکہ اس کی پرسنلٹی بہت دبنگ تھی اوپر سے فل یونی فارم پہنے ہوئے وہ اور بھی دیشنگ لگ رہا تھا۔

دیکھیے مسز مالک آپ کے شوہر کی کنڈیشن کافی سیریس ہے ہم اس طرح سے ان کا علاج شروع نہیں کر سکتے کیونکہ یہ ایک پولیس کیس ہے آپ کو پہلے پولیس کی کاروائی پوری کرنی ہو گی اس کے بعد ہی ان کا اپریشن ہو سکے گا۔

ڈاکٹر جب رفعت بیگم سے یہ بول رہا تھا اسی وقت شاہ میر ان کے پاس پہنچا تھا۔ میرب نے جیسے ہی اپنے بھائی کو دیکھا وہ بھاگتی ہوئی اپنے بھائی کے گلے لگ کر رو رہی تھی۔ اور عفت بیگم بھی اپنے بیٹے کے گلے لگ کر رو رہی دی۔

ماما پریشان نا ہو انشاءاللہ پاپا ٹھیک ہو جائیں گے اس طرح تو آپ کی اپنی طبیعت خراب ہو جائے گی آپ اللہ سے دعا کریں۔ شامیر اپنی ماں کو اپنے سینے سے

لگائے ہوئے دلاسہ دے رہا تھا۔ میرب بیٹا آپ بھی چپ کر جاؤ اور ماما کو تسلی دو میں آ گیا ہوں انشاءاللہ سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا پریشان نہیں ہو اللہ سے دعا کرو اللہ ضرور پاپا کو ٹھیک کر دیں گے۔

بیٹا یہ لوگ تمہارے پاپا کا اپریشن نہیں کر رہے ان کا کہنا ہے کہ یہ پولیس کیس ہے پہلے ہمیں پولیس کی کاروائی پوری کرنی پڑے گی اس کے بعد ہی اپریشن ہو سکے گا۔

آپ پریشان نہ ہوں میں آ گیا ہوں میں سب کچھ دیکھ لوں گا۔ ہائے ڈاکٹر آئی ایم اے سی پی شامیر ملک شاہ میر ڈاکٹر کے ساتھ ہاتھ ملاتے ہوئے اپنا تعارف کروا رہا تھا۔

آپ مجھے بتائیں کیا کاروائی پوری کرنی ہو گی سر آپ یہاں پر آ گئے ہیں تو سمجھیں کاروائی پوری ہو گئی ہے ڈاکٹر نے جیسے ہی شاہ میر کا نام سنا تو وہ ساری کاروائی بھول گیا تھا کیونکہ اے سی پی شامیر کی بہادری کے چرچے تو پورے شہر میں تھے۔

بچے بچے کے منہ پر اے سی پی شاہ میر ملک کا نام تھا جب سے وہ تھانہ ڈی ایچ اے میں ٹرانسفر ہو کر آیا تھا اس نے مجرموں کے ناک میں دم کر رکھا تھا اس کی بہادری کے چرچے اس قدر تھے کہ بچے سکول فنکشن میں اے سی پی شاہ میر ملک ہی بننا چاہتے تھے۔

اکثر سکولز میں بچے ایسی پی شاہ میر ملک کا رول پلے کرتے ہوئے نظر آتے تھے اس لیے بیچارے ڈاکٹر کو تو ساری کاروائی بھول گئی تھی۔

تو ٹھیک ہے اگر کاروائی کی ضرورت نہیں ہے تو پھر فورن سے پہلے اپریشن شروع کیجئے اے سی پی کی رعب دار آواز ہاسپٹل میں گونجی۔

جی سر سارا انتظام ہو چکا ہے بس آپ یہاں پر سائن کر دیں اس کے بعد ہم اپریشن شروع کر دیں گے ڈاکٹر اب چھلاوا بنا ہوا اے سی پی کے آگے پیچھے گھوم رہا تھا۔اپریشن شروع ہو چکا تھا اور شاہ میر اپنی بہن اور ماں کے پاس بیٹھا ہوا انہیں تسلی دے رہا تھا۔

اور اپنے رب سے بہت ساری دعائیں کر رہا تھا کہ اللہ تعالی اس کے پاپا کو تدرستی اور صحت والی زندگی عطا کرے اور ساتھ میں ان مجرموں کو پھانسی کے تختے تک پہنچانے کا پلان بنا رہا تھا۔

جن کی وجہ سے آج اس کی ماں اور بہن خون کے آنسو رو رہی تھی اور اس کا باپ زندگی اور موت کے بیچ میں جھول رہا تھا۔ اے سی پی کو بہت دنوں سے دھمکیاں مل رہی تھی۔ مگر اے سی پی شامیر دھمکیوں سے ڈرنے والی چیز نہیں تھا۔

اس لیے انہوں نے ٹارگٹ اس کے پاپا کو بنایا تاکہ اے سی پی شامیر کو ڈرا سکیں شامیر اس وقت ایک بہت ہی بڑا کیس ہینڈل کر رہا تھا۔ ایک بہت ہی بڑے ذمہ دار کا بیٹا تھا۔

جس نے گاؤں کی ایک معصوم سی لڑکی جو ایک غریب گھر سے تعلق رکھتی تھی اس کا ریپ کیا تھا اب وہ اپنے دبدبے اور پیسے سے اس کیس کو بند کروا کے اپنے بیٹے کو رہائی دلانا چاہتا تھا۔

مگر جب یہ نہ ہو سکا تو پھر اے سی پی کو رشوت دینے کی کوشش کی گئی۔ مگر وہ اے سی پی
شامیر ملک تھا جو بہت باضمیر تھا۔
جو بکاؤ چیز نہیں تھا۔ پھر نوبت دھمکیوں
پر آ گئی۔ اور جب وہ دھمکیوں سے بھی نہیں ڈرا تو اب تیسرا حربہ یہ آزمایا گیا
تھا۔

اس کے باپ پر اٹیک کروایا گیا تھا مگر وہ یہ بھول گئے تھے کہ اے سی پی
شامیر ڈرنے والی چیز نہیں ہے۔ بلکہ اس کے باپ پر اٹیک کروا کے انہوں
نے اپنی موت کو دعوت دی ہے۔

تقریبا ایک گھنٹے کے بعد ڈاکٹر زاپریشن تھیٹر سے باہر آئے اور انہوں نے یہ نیوز دی کہ اپریشن کامیاب رہا اور ملک زبیر اب خطرے سے باہر ہیں۔اور ان کو وارڈ میں شفٹ کیا جا سکتا ہے۔

شامیر رفعت بیگم اور میرب نے اللہ کا شکر ادا کیا۔رفت بیگم جلدی سے اٹھی اور وضو کر کے شکرانے کے نفل ادا کرنے لگی اور میرب وہیں پر اپنے بھائی کے کاندھے سے سر لگائے ہوئے پر سکون ہو کر آنکھیں بند کیے ہوئے بیٹھی تھی۔

اور شاہ میر اللہ کا شکر ادا کرنے کے بعد اب مجرموں کو موت کے تختے تک لے جانے کا منصوبہ بنا رہا تھا۔

oooooooooo

(ماضی)رومیو بیٹا تو کہاں ہے تیرے بابا کی طبیعت بہت خراب ہے جلدی سے گھر آتا کہ ہم ان کو ہاسپٹل لے کر جا سکے۔رومیو کی ماں رومیو کو فون کر کے اس کے بابا کو ہاسپٹل لے جانے کا بول رہی تھی۔

امی میں بس تھوڑی دیر میں گھر پہنچ جاؤں گا مجھے تایا جان نے مجھے گھر کا سامان لینے کے لیے مارکیٹ بھجا ہے۔رومیو بیٹا جلدی آ تیرے بابا کی طبیعت بہت زیادہ خراب ہے اور تجھے پتہ ہے کہ تیرے سوا میں کس کو بولوں سب لوگ اپنے کاموں میں بہت مصروف ہیں ان کے پاس ہمارے لیے ٹائم نہیں ہے رومیو کی ماں روتے ہوئے اپنے بیٹے کو جلدی گھر آنے کا کہہ رہی تھی۔

فون بند کر کے رومیوں کی ماں بھاگتی ہوئی اپنے اپنی بڑی جیٹھانی کے پاس گئی جو مہک کی ماں تھی۔بھابھی جان رومیوں کے بابا کی طبیعت بہت خراب ہے پلیز آپ بھائی صاحب سے بولیں کہ وہ رومیوں کے بابا کو ہاسپٹل لے

چلیں۔ان کی تو خود طبیعت ٹھیک نہیں ہے وہ بی پی کی دوا کھا کر فی الحال آرام کر رہے ہیں۔

جب اٹھیں گے تو بتادوں گی۔تو بھابھی پلیز آپ عاصم کو بھیج دیں وہ ہمیں ہاسپٹل تک چھوڑ دے اس سے آگے میں سب دیکھ لوں گی۔

عاصم رومیو کے بڑے تائے کے بیٹے کا نام تھا جو مہک کا چھوٹا بھائی تھا۔ نہیں وہ تو بلکل بھی نہیں جاسکتا۔میرا بچہ ابھی ابھی تو کالج سے واپس آیا ہے وہ تو نہیں جاسکتا بہت تھکا ہوا ہے۔اور بول بھی رہا تھا کہ اس کے سر میں بہت درد ہے۔

تو بھابھی سیدھا سیدھا بولے نا کہ آپ لوگوں نے ہماری مدد کرنی ہی نہیں ہے آپ رومیوں کے پاپا کو ہاسپٹل ہمارے ساتھ لے کر جانا ہی نہیں چاہتے

۔کچھ تو خدا ترسی کریں بھا بھی آج تک آپ لوگوں نے جو کچھ بھی کیا ہمارے ساتھ۔ ہم نے کبھی اف تک نہیں کی۔

کبھی اپنے ساتھ ہوئی نہ انصافیوں کا آپ سے گلہ شکوہ نہیں کیا مگر آج صرف آپ سے تھوڑی سی مدد ہی تو مانگ رہی ہوں کہ میرے شوہر کو ہاسپٹل تک پہنچادیں۔

میرے ساتھ زیادہ بکواس کرنے کی ضرورت نہیں ہے اپنی اوقات اور حد یاد رکھو اور جب کہہ دیا ہے کہ تمہارے بھائی صاحب اٹھیں گے تو بول دوں گی کہ تمہارے شوہر کو ہاسپٹل پہنچادیں تو پھر اتنی زبان درازی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

بھابھی میں نے آج تک آپ سے کبھی زبان درازی نہیں کی۔آج بھی میں آپ سے زبان درازی نہیں کر رہی۔یہ تو میرے اندر کا دکھ ہے جو کڑوے الفاظ بن کر میرے منہ سے باہر آگیا۔

میں اس کی معذرت کرتی ہوں پلیز آپ بھائی صاحب کو اٹھا دیں رومیو کے پاپا کے سینے میں بہت درد ہو رہا ہے۔میں آپ کے آگے ہاتھ جوڑتی ہوں۔

امی کیا کر رہی ہے آپ کیوں ان لوگوں کے سامنے ہاتھ جوڑ کر آپ خود کی توہین کروا رہی ہیں رومیو جو مارکیٹ سے اپنے تایا جان کا سامان لے کر اپنی تائی جان کو پکڑانے کے لیے آیا تھا وہاں پر اپنی ماں کو ہاتھ جوڑ کر گڑگڑاتے ہوئے دیکھ کر اس کا خون کھول اٹھا تھا۔

ہاں ہاں تمہارا غیرت مند بیٹا آ گیا ہے اب تم اسے لے کر ہاسپٹل چلی جاؤ رومیوں کی تائی نے رومیوں کو دیکھتے ہی تنز کا تیر رومیوں کے سینے میں گھونپا

۔

تائی جان کبھی کوئی موقع خالی بھی جانے دیا کریں کبھی تو اپنی یہ طنز مارنے والی عادت چھوڑ کر خدا کا خوف کرتے ہوئے چپ ہو جایا کریں۔رومیو نے آج پہلی بار اونچی آواز میں اپنی تائی سے بات کی تھی۔رومیو کی تائی نے اونچی آواز میں چھاتی پر ہاتھ مارتے ہوئے جاہل عورتوں کی طرح رونا شروع کر دیا تھا۔

اس کی آواز سن کر اس کا بیٹا عاصم اور رومیوں کا تایا دونوں ہی روم سے باہر آ گئے۔اور مہک بھی امی کیا ہوا امی کیا ہوا بولتی ہوئی بھاگ کر اپنی ماں کے

پاس آگئی۔ یہ دیکھو میرے ساتھ رومیوں کس طرح سے بد تمیزی کے ساتھ بات کر رہا تھا بس یہی عزت رہ گئی ہے اس گھر میں میری۔

تمہاری ہمت کیسے ہوئی میری ماں کے ساتھ بد تمیزی سے بات کرنے کی عاصم نے رومیوں کو کالر سے پکڑتے ہوئے کہا۔ میں نے تائی جان سے کوئی بد تمیزی نہیں کی ہے جو حقیقت ہے وہی بولی ہے اگر تائی جان کو وہ بد تمیزی لگی ہے تو وہ تائی جان کی مرضی ہے۔

رومیوں تمہاری اوقات ہی کیا ہے جو تم میری ماں سے زبان درازی کر رہے تھے مہک چیختی ہوئی رومیوں کے پاس آئی۔ اور رومیوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولی۔

رومیوں کو عاصم کے کالر پکڑ کر لڑنے سے کہیں زیادہ دکھ مہک کی اس آواز سے ہوا تھا مہک کو اچھی طرح سے پتہ تھا کہ رومیوں نے کبھی بھی اس کے ماں باپ سے بدتمیزی نہیں کی اور مہک کی وجہ سے وہ تائی جان کے بہت سارے ظلم چپ چاپ برداشت کر لیتا تھا۔

مگر آج مہک نے یہ بول کر رومیوں کے دل میں ایک نشتر چبو دیا تھا رومیوں حیرت سے مہک کی طرف دیکھ رہا تھا۔

رومیو دفع ہو جاؤ میرے گھر سے اور دوبارہ میرے گھر میں قدم مت رکھنا اگر تم میری بیوی کی عزت نہیں کر سکتے تو تم میرے بھی کچھ نہیں لگتے ہو۔

دفع ہو جاؤ یہاں سے اپنی ماں کو لے کر رومیوں کا تایا رومیوں کے منہ پر ایک زوردار تھپڑ رسید کرتے ہوئے بولا بول رہا تھا۔

اور مہک اتنی ناگواری کے ساتھ رومیوں کی طرف دیکھ رہی تھی جیسے کہہ رہی ہو کہ تم اسی کے لائق ہو۔آج اس کے تائے کے اس تھپڑ اور مہک کے الفاظوں نے رومیوں کے دل کے کئی ٹکڑے کر دیے تھے۔

رومیو اپنی آنکھوں سے آنسوں صاف کرتے ہوئے اپنی ماں کا ہاتھ پکڑ کر ان کے گھر سے نکل گیا تھا یہ عہد کر کے کہ آج کے بعد چاہے کچھ بھی ہو جائے وہ اپنے تایا کے گھر میں قدم نہیں رکھے گا۔

اور آج وہ مہک کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اپنے دل سے نکال کر جا رہا تھا۔رومیو اپنے بابا کو اپنی ماں اور بہن کے ساتھ ہاسپٹل لے کر پہنچا تو تب تک بہت دیر ہو چکی تھی۔ڈاکٹر نے کہا کہ ان کو دل کا بہت سیریس اٹیک ہوا ہے اور وقت پر نہ لانے کی وجہ سے ان کی موت واقع ہو گئی ہے۔

رومیو کو ایسے لگ رہا تھا جیسے اس کے سر سے آسمان کھینچ لیا گیا ہو۔ آج رومیو خود کو بے آسرہ بے سہارا محسوس کر رہا تھا۔ وہ اس قدر ٹوٹ گیا تھا کہ اس کا دل کر رہا تھا کہ وہ چیخ چیخ کر روئے مگر اپنی ماں اور بہن کو روتے ہوئے دیکھ کر رومیوں نے اپنے دل کو پتھر کا بنا لیا تھا۔

اس نے اپنی آنکھ سے ایک آنسوں بھی زمین پر گرنے نہیں دیا رومیوں نے اس دن دل میں ٹھان لیا تھا کہ وہ اپنی ماں کا اور بہن کا سہارا بنے گا اور آج کے بعد وہ کمزور نہیں پڑے گا۔

اس دن کے بعد رومیوں نے اتنی محنت کی کہ دن رات ایک کر دیا رومیوں نے خود پر سکون کے دروازے بند کر لیے تھے۔ زندہ دل رومیوں جو مہک

کے ساتھ خوشیوں بھری زندگی گزارنا چاہتا تھا مگر اس پر ذمہ داریوں کا اس قدر بوجھ بڑھ گیا کہ رومیو صرف ایک کام کرنے والی مشین بن کر رہ گیا۔

اور اس نے اپنے دل کے دروازے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بند کر لیے تھے اس سے نفرت ہو گئی تھی اس پیار محبت کی کہانیوں سے۔

oooooooooo

(حال)۔

احمر کیسا ہے۔پہلے سے بہتر ہے۔رومان شاہ ہاسپٹل میں آیا تھا احمر کو دیکھنے کے لیے رومان شاہ تقریبا روز صبح شام احمر کے پاس ہاسپٹل میں چکر لگاتا۔

اس وقت وہ باہر کھڑا ہوا ڈاکٹر شاہ زیب جو کہ رومان شاہ اور احمر کا بیسٹ فرینڈ بھی تھا اس سے احمر کا حال چال پوچھ رہا تھا۔کیا صورتحال ہے احمر خود سے ٹھیک ہونے کی کوشش کر رہا ہے رومان شاہ ڈاکٹر شاہ زیب سے پوچھ رہا

تھا۔ہاں تم نے جو اس کو لالچ دیا ہے اب احمر صاحب اس لولی پوپ کو پکڑے ہوئے خود کو ٹھیک کرنے کی بھرپور کوشش کر رہا ہے۔ڈاکٹر شاہ زیب ہنستے ہوئے احمر کے ہاتھ پر تالی بجا کر بولا۔

یعنی کہ میری ٹکنیک کام کر گئی ہے رومان شاہ خود کو شاباش دے رہا تھا۔بچو یہ پتہ تو تب چلے گا نا جب احمر ٹھیک ہو جائے گا اور پھر وہ عریشہ کی واپسی کا مطالبہ کرے گا اور تم اس سے یہ کہو گے کہ تم نے تو صرف اسے ایک جھوٹا لالچ دیا تھا۔

تب کی تب دیکھی جائے گی فی الحال تو اس کمینے کا ٹھیک ہونا ضروری ہے یار کیا کرے ہم تینوں ایک دوسرے کے بنا ادھورے ہیں۔

رومان شاہ ایک لمبی سانس لیتے ہوئے بولا۔ چل آجا میرے آفس تجھے کافی پلاتا ہوں۔ ڈاکٹر شاہ زیب رومان شاہ سے بول رہا تھا۔

مگر مجھے تو پہلے احمر سے ملنا ہے۔ اس سے تو نہیں مل سکتا کیونکہ اس وقت وہ نواب زادہ آرام فرما رہا ہے کیونکہ اسے نیند کی دوا دی ہوئی ہے۔

ہاں دیکھ ضرور سکتا ہے آجا تجھے دیکھا دیتا ہوں۔ رومان شاہ اور ڈاکٹر شاہ زیب احمر کے روم کی طرف چل پڑے۔ رومان شاہ نے بڑی دکھ بھری نظروں سے بیڈ پر زرد سی رنگت لیے پڑے ہوئے احمر کو دیکھا۔

کیا حال بنا لیا ہے اس نے اپنا۔ رومان شاہ احمر کو دیکھ کر بہت افسوس سے بول رہا تھا۔ چل جا تو اور زیادہ پریشان نہ ہو انشاءاللہ یہ بالکل ٹھیک ہو جائے گا

کیونکہ اس کی رپورٹس پہلے سے بہتر ہیں ڈاکٹر شاہ زیب رومان شاہ کے کاندھے کو تھپتھپاتے ہوئے اسے تسلی دے کر اپنے آفس میں لے کر آگیا۔

مرہا میں اس وقت ہاسپٹل میں ہوں اس لیے بعد میں بات کروں گا۔ بھائی پلیز میری بات سن لینا مجھے بہت ضروری بات کرنی ہے۔ مرہا آپ کو میری بات سمجھ نہیں آرہی میں نے کہا میں اس وقت ہاسپٹل میں ہوں ایک دوست کے ساتھ۔

میری پیاری بہن جلدی سے فون کو بند کرو میں آپ سے تھوڑی دیر بعد بات کرتا ہوں رومان شاہ ڈاکٹر شاہ زیب کے پاس سے اٹھ کر تھوڑا دور ونڈو کے پاس کھڑا ہو کر مرہا سے فون پر بات کر رہا تھا۔

مرہا کب سے رومان شاہ کو فون کر رہی تھی اب وہ اس کا فون اٹینڈ کر کے اس سے سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا۔

اور دور بیٹھا ہوا ڈاکٹر شاہ زیب اپنی آفس چیئر پر بلیک شرٹ اور بلو جینز کے اوپر وائٹ کلر کا ڈاکٹروں والا کوٹ پہنے ہوئے گلے میں سٹتھو سکوپ ڈال کر اپنی سیٹ پر بیٹھے ہوئے اپنے ہونٹوں میں بال پین کو دبائے ہوئے مسکرا رہا تھا۔

ڈاکٹر شاہ زیب مرہا کو بہت پسند کرتا تھا ڈاکٹر شاہ زیب نے پہلی بار مرہا کو ہاسپٹل میں دیکھا تھا جب رومان شاہ کی امی کا بی پی شوٹ کر گیا اس وقت رومان شاہ اور مرہا اپنی ماں کو لے کر ہاسپٹل میں آئے تھے جہاں پر ڈاکٹر شاہ زیب بھی رومان شاہ کی ماں کی عیادت کرنے کے لیے پہنچا۔ ڈاکٹر شاہ زیب کو مرہا پہلی نظر میں ہی بہت اچھی لگی تھی وہ بہت معصوم اور نازک سی لڑکی تھی اور اپنے بھائی کی بہت چہیتی۔

جب کبھی بھی رومان شاہ کی ماں بیمار ہوتی یا ان کا چیک اپ کرنا ہوتا تو اکثر مرہا ہاسپٹل میں بھی ان کے ساتھ ہوا کرتی تھی اور گھر پہ جاتا تب بھی مرہا اپنی ماں کے ساتھ ہی ہوتی تھی۔اس لیے اکثر ڈاکٹر شاہ زیب کی مرہا پر نظر پڑتی رہتی تھی۔

مرہا کبھی بھی خود سے ڈاکٹر شاہ زیب سے بات نہیں کرتی تھی اور ڈاکٹر شاہ زیب بھی مرہا کو بلاتے ہوئے ہچکچاتا تھا کیونکہ رومان شاہ ایک الگ مزاج کا بندہ تھا جسے یوں اپنے گھر کی عورتوں سے کھلے عام اپنے دوستوں کو ملانا یا خود دوستوں کے گھر کی عورتوں سے ملنا زیادہ پسند نہیں تھا۔

ڈاکٹر شاہ زیب اپنے یار کی اس عادت سے بخوبی واقف تھا اس لیے وہ خود بھی اپنی حدود اور دائرے کراس نہیں کرتا۔ مگر مرہا کے لیے اپنے نے دل پلتی

ہوئی محبت کو ڈاکٹر شاہ زیب نہیں روک سکا اور آہستہ آہستہ وہ محبت اپنی جڑیں مضبوط کرتی جا رہی تھی۔

اس وقت بھی وہ مرہا کے فون آنے پر ہی مسکرا رہا تھا۔ ڈاکٹر شاہ زیب جانتا تھا کہ رومان شاہ اپنی بہن سے بہت پیار کرتا ہے اس لیے اس کی بہن اکثر اس سے چھوٹی چھوٹی فرمائشیں کرتی رہتی تھی۔

جن کو پورا کرنا رومان شاہ اپنا فرض اول سمجھتا۔ مگر اس وقت وہ شاہ زیب کا لحاظ کرتے ہوئے مرہا کو فون بند کرنے کا بول رہا تھا مگر بیچارہ پچھلے 15 منٹ سے اسے سمجھا رہا تھا کہ فون بند کر دے مگر اب بھی اس کا فون چل رہا تھا۔

آخر میں بیچارہ رومان شاہ اپنی بہن کے آگے ہار مانتے ہوئے اسے کہہ رہا تھا کہ ٹھیک ہے میری ماں مجھے لسٹ سینڈ کر دو میں لیتا آؤں گا جو بھی بولو گی مگر ابھی فون بند کر دو میرہا ایک فرینڈ میرا ویٹ کر رہا ہے۔

ڈاکٹر شاہ زیب مرہا کے لیے کافی سیریس تھا وہ بہت جلد اپنی ماں باپ کے ہاتھوں مرہا کے گھر رشتہ بھیجنے والا تھا۔ڈاکٹر شاہزیب اس لیے بھی ٹینشن فری تھا کہ اس سے پتہ تھا کہ رومان شاہ کو اس رشتے سے کوئی خاص اعتراض نہیں ہو گا۔

سوائے عمر کو لے کر کیونکہ رومان شاہ اور ڈاکٹر شاہ زیب ہم عمر تھے اور مرہا ان سے تقریبا اٹھ سال چھوٹی تھی مگر ڈاکٹر شاہ زیب کو یہ یقین تھا کہ وہ رومان شاہ کو سمجھا لے گا بس اسی وجہ سے وہ فی الحال مرہا کی پڑھائی مکمل ہونے تک چپ تھا۔

سوری ڈاکٹر صاحب اصل میں گھر سے فون تھا تو سننا بہت ضروری تھا۔
رومان شاہ معذرت کرتے ہوئے واپس سیٹ پر آکر بیٹھا اور آپس میں دونوں گپے مارتے ہوئے کافی سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔

oooooooooo

آج تقریبا ملک زبیر کو ہاسپٹل سے ڈسچارج ہوئے 15 دن ہو گئے تھے اب وہ پہلے سے بہت بہتر تھا۔ کیونکہ گولی ان کے دل کو چھوتے ہوئے گزری تھی تو اس لیے ان کا آرام کرنا بہت ضروری تھا۔ فی الحال انہوں نے آفس سے مکمل چھٹی کی ہوئی تھی آفس کا زیادہ تر کام ان کا سیکرٹری ہی سنبھال رہا تھا۔

مگر آج رومان شاہ اور ملک زبیر والی ڈیل کی کچھ اہم فائلز تھی جن کو رومان شاہ اور ملک زبیر نے آپس میں ڈسکس کرنی تھی۔ اس لیے ملک زبیر نے

رومان شاہ سے بہت زیادہ ریکویسٹ کر کے اسے اپنے گھر آنے کو کہا تھا۔ کیونکہ اس وقت ملک مکمل بیڈ ریسٹ پر تھا تو وہ گھر سے باہر نہیں جا سکتا تھا ۔ویسے تو رومان شاہ اس طرح کسی کے بھی گھر پر جا کر یوں آفس کے کام ڈسکس نہیں کرتا تھا لیکن ملک کی اس حالت کو مد نظر رکھتے ہوئے رومان شاہ نے اس کے گھرانے کی حامی بھری تھی۔

رفت بیگم آج میرا ایک سپیشل گیسٹ آنے والا ہے تو پلیز آپ بہت اچھے سے ڈنر کا انتظام کروا دیں کیونکہ جب وہ پارٹی میں آئے تھے تب بھی وہ کھانا کھائے بنا ہی چلے گئے تھے۔ تو میں چاہتا ہوں کہ آج وہ ہمارے گھر سے ڈنر کر کے جائیں میرے لیے وہ بہت خاص ہیں اس لیے آپ اپنی نگرانی میں ڈنر تیار کروائیے گا۔ ملک زبیر اپنی بیگم رفعت کو بول رہے تھے۔

جی جی آپ بے فکر رہیں میں اپنی نگرانی میں ڈنر تیار کرواؤں گی آپ کو کوئی شکایت نہیں ہو گی فی الحال تو آپ تھوڑی دیر آرام کر لیں تب تک میں جا کر سب تیاریاں دیکھ لوں۔

رومان شاہ اور ملک زیبر جب پیپرز میں کچھ ڈیل کے مسائل ڈسکس کر رہے تھے اسی وقت دھڑ سے دروازہ کھلا اور میرب روم کے اندر داخل ہوئی ۔جس کو یہ نہیں پتہ تھا کہ اس کے پاپا کے روم میں کوئی اور بھی موجود ہے۔

وہ دھن دناتے ہوئے روم کے اندر داخل ہوئی تھی مگر سامنے بیٹھے ہوئے بندے پر نظر پڑتے ہی وہ اپنی جگہ پر سٹل ہو کر رک گئی، سامنے کرسی پر رومان شاہ بیٹھا ہوا تھا۔

جس نے اس وقت فل وائٹ کلر کا کرتا اور شلوار پہن رکھا تھا اور گلے میں بلیک کلر کا سکالر اس ظالم کی پرسنلٹی اتنی خوبصورت تھی کہ دیکھنے والا اس کو ایک بار تو دیکھے بنا نہیں رہ سکتا تھا میرب بیچاری تو ویسے ہی پہلے ملاقات سے ہی اس پر فدا تھی اسے دیکھ کر وہیں پر کھڑی اسے دیکھے جا رہی تھی کہ ملک زبیر نے آواز دی تو وہ سکتے کی حالت سے واپس آئی۔

میرب بیٹا وہاں پر کیوں کھڑی ہو آگے آؤ کچھ کام تھا آپ کو۔ نہیں بابا میں بعد میں آجاؤں گی کچھ خاص کام نہیں ہے۔ وہ اٹکتے اٹکتے صرف اتنا ہی کہہ پائی تھی اور روم کا دروازہ کھول کر باہر آگئی اور روم کا دروازہ بند کر دیا اور اپنے دل پر ہاتھ رکھے ہوئے کتنی دیر دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے کھڑی رہی۔

ہاں تو رومان شاہ بولو ہم اس مسئلے کو کیسے حل کر سکتے ہیں ملک اور رومان شاہ آپس میں کسی مسئلے کو ڈسکس کر رہے تھے مگر باہر کھڑی ہوئی میرب اور رومان شاہ کا نام پتہ چل گیا تھا۔اچھا جی تو اس بندے کا نام رومان شاہ ہے سوٹ کرتا ہے اس بندے پر اس کا نام جتنا ڈیشنگ خود ہے اتنا ہی ڈیشنگ نام رکھا ہوا ہے میرب اپنے دماغ میں ہی سوچ کر مسکرا رہی تھی۔

رومان کو چھوڑیے خالی شاہ ہی اس پر تو بہت سوٹ کرتا ہے شاہ تیار ہو جایئے میرب ملک آپ کی زندگی میں بہت جلد انٹری مارنے والی ہیں۔پسند آ گئے ہیں آپ میرب کو اور جو چیز میرب ملک کو پسند ہوتی ہے اسے میرب اپنا بنا لیتی ہے۔

وہ خود سے ہی باتیں کرتی ہوئی شرما کر اپنے ہونٹ کا نچلا کنارہ چباتے ہوئے میں روم میں آ گئی۔

ہائے اللہ میاں یہ کتنا خوبصورت ہے اللہ میاں اگر تو دعائے سنتا ہے تو اس بندے کو میری قسمت میں لکھ دے۔ میرب نے جب سے ہوش سنبھالا آج پہلی بار اس نے دعا کر کے اپنے رب سے کچھ مانگا تھا۔

کیونکہ میرب کو ہمیشہ ہر چیز تھالی میں سجی ہوئی ہی ملی۔ میرب آج اپنے دل کے ہاتھوں سے مجبور سے مجبور ہو کر اپنے رب سے رومان شاہ کو مانگ رہی تھی۔

اس بات سے بے خبر کہ رومان شاہ کانٹوں سے بھرے ہوئے ایک جھاڑ کا نام ہے جس سے مل کر نازک سی میرب ملک نے زخموں سے چور ہو جانا تھا۔ رومان شاہ کے جانے کے بعد میرب نے اپنے پاپا کے موبائل سے

رومان شاہ کا نمبر نکال کر اپنے فون میں پر سینڈ کر کے اپنے پاپا کے فون سے واٹس ایپ چیٹ کلیئر کر دی۔

اب وہ اپنے بیڈ پر لیٹے ہوئے رومان شاہ کا نمبر اپنے فون میں سیو کر رہی تھی۔ لگے ہاتھ میرب نے اپنے پاپا کے فون سے رومان شاہ کے واٹس ایپ ڈی پی پکچر بھی اپنی طرف سینڈ کر دی تھی جسے اب وہ اپنے فون میں نمبر سیو کرنے کے بعد وال پیپر پر لگا رہی تھی۔

الرحمان شاہ کی پکچر کو اپنے فون کی سکرین پر لگاتے ہوئے اس پر اپنے لب رکھ کر اس کو محبت کا پہلا تحفہ پیش کیا۔ آئی لو یو شاہ میرب آپ سے بہت پیار کرتی ہے۔

میرب کو خود پر یقین نہیں آرہا تھا کہ وہ کسی لڑکے کے لیے اس قدر پاگل بھی ہو سکتی ہے وہ تو ہمیشہ خود کو توپ چیز سمجھتی تھی کالج میں ہزاروں لڑکے اس پر مرتے تھے مگر میرب نے کبھی ان کو گھاس تک نہیں ڈالا۔

اور آج وہ خود سے آگے بڑھ کر کسی لڑکے کو پرپوز کرنے والی تھی جو اس کی شان کے خلاف تھا مگر یہ تو سچ ہے کہ بندہ اپنے دل کے ہاتھوں سے مجبور ہو کر کبھی کبھی وہ کر گزرتا ہے جس کا کرنے کا اس نے کبھی سوچا بھی نہ ہو۔

ooooooo

رومان بیٹا کم سے کم ناشتہ تو ڈھنگ سے کر لیا کرو امی جان پلیز مجھے آفس سے دیر ہو رہی ہے میں وہاں جا کر کچھ کھا لوں گا آپ پریشان نہ ہو۔ رومان شاہ اپنی ماں کے ماتھے پر اپنے لب رکھ کر چومتے ہوئے اب اپنی ماں کا ہاتھ چوم

رہا تھا۔بیٹا تمہارا اپنا آفس ہے اپنا کاروبار ہے مجھے تو یہ سمجھ نہیں آتی کہ کیوں تم ٹائم ٹیبل کے اتنے پابند ہو کر جاتے ہو جیسے کہ تمہیں جا کر کسی اور کی نوکری کرنی ہو اور تمہارا مالک ناراض ہو جائے گا تو تمہارے لیٹ آنے سے۔

میری پیاری امی جان کام تو کام ہوتا ہے پھر چاہے وہ اپنا ہو یا کہیں پر جا کر آپ کو نوکری کرنی ہو جب تک انسان ٹائم کا پابندی ہوتا وہ زندگی میں کچھ بھی حاصل نہیں کر سکتا۔بندہ اگر وقت کی قدر نہیں کرتا تو وقت اس کی قدر نہیں کرتا۔

بس رومان بیٹا تم ہر بار مجھے اسی طرح دلیلیں دے کر چپ کروا دیتے ہو اور تم خود کا ذرا سا بھی خیال نہیں رکھتے ہو۔میرے خیال سے اب تمہیں شادی کر

لینی چاہیے، تاکہ کوئی ایسی آجائے جو تمہیں لگام ڈال کر تم سے زبردستی کر کے تمہارا خیال رکھے۔

اس دنیا میں ابھی ایسی کوئی پیدا نہیں ہوئی امی جان جو رومان شاہ کو لگام ڈال سکے آپ کا بیٹا بے لگام گھوڑا ہے جو اپنی مرضی سے اپنے اصولوں پر جیتا ہے۔ مجھے پتہ ہے کہ میرا بیٹا بے لگام گھوڑا ہے مگر جب کوئی بہت پیار کرنے والی آجائے گی تو وہ اس بے لگام گھوڑے کو اپنی محبت سے اپنے پیار کی لگامیں ڈال دے گی۔

ہاہاہا میری پیاری امی جان آپ کو کیا ضرورت ہے کہ آپ کسی اور کو لے کر آئے۔ میری پیاری امی جان آپ خود ہی مجھے لگام ڈال دیں مجھے بہت اچھا لگے گا اگر میری پیاری امی جان مجھے لگام ڈال کر میری لگام کھینچیں گی۔

اور رہی کسی اور کی بات تو اتنی کسی اور میں اتنی جرات نہیں ہے کہ وہ رومان شاہ کو لگام ڈال کر رکھ سکے۔اور ان پیار محبت کے فضول چکروں میں آپ مجھے نہ ڈالیں میرے پاس زندگی میں کرنے کے لیے ابھی اور بہت کچھ ہے۔

ابھی بہت سارے ایسی اچیومنٹ ہیں جو میں نے حاصل کرنی ہے شادی ایک فضول کام ہے جس کے بعد انسان کسی کام کا نہیں رہتا۔

تو اس لیے آپ اپنے کامیاب بیٹے کو ناکام مت بنائیں۔امی جان میری باتوں سے ناراض نہیں ہونا پلیز سمجھنے کی کوشش کیجئے گا۔رومان شاہ یہ بول کر اپنی ماں کا ماتھا چوم کر اللہ حافظ بولتا ہوا گھر کا دروازہ کھول کر باہر نکل گیا۔

رومان کی ماں اپنے بیٹے کو جاتے ہوئے دیکھ کر ایک ٹھنڈی سانس بھر کے سوچنے لگی کہ رومان شاہ تم کیا تھے اور کیا بن گئے ہو۔ یہ تم نے اپنے اوپر کیسا خول چڑھا لیا ہے۔

تم تو وہ رہے نہیں جو تم تھے ماں ہوں اس لیے تمہارے دل کے اندر کے حالات سے بہت اچھی طرح سے واقف ہوں وہ گہری سوچ میں بیٹھی سوچتے ہوئے چائے کے چھوٹے چھوٹے سپ لے رہی تھی۔ لمس جنون

ooooooo

سر آپ سے کوئی کوئی میڈم ملنے کے لیے آئی ہیں۔ رومان شاہ جو بیٹھا ہوا فون پر ڈاکٹر شاہ زیب سے احمر کا حال چال دریافت کر رہا تھا کیونکہ آج صبح وہ بہت جلدی آفس آگیا تھا۔

کیونکہ اس کی آج کوئی میٹنگ تھی اس لیے وہ ہاسپٹل احمر کو دیکھنے نہیں جاسکا مگر اس کے دماغ میں مسلسل احمر ہی چل رہا تھا۔

واہ جی واہ کیا بات ہے رومان شاہ سے کوئی میڈم ملنے کے لیے آئی ہیں آج دن کس طرف سے نکلا ہے رومان شاہ۔ڈاکٹر شاہ زیب جو فون پر رومان شاہ کے سیکرٹری دلاور کی آواز سن رہا تھا۔

اب وہ ہنستے ہوئے رومان شاہ کی ٹانگ کھینچ رہا تھا۔رومان شاہ کے نزدیک رہنے والے سبھی لوگوں کو اچھی طرح سے پتہ تھا کہ رومان شاہ کو لڑکیوں سے الرجی ہے اور امیر لڑکیوں سے تو حد سے بھی زیادہ الرجی ہے۔

اس لیے رومان شاہ کو ملنے کسی لڑکی کا آنا ڈاکٹر شاہ زیب کو بہت کھٹک رہا تھا ڈاکٹر شاہ زیب کو پتہ تھا کہ رومان شاہ تو ایسی کمپنیز کے ساتھ ڈیل بھی نہیں

کرنا پسند کرتا تھا جن کی اونر کوئی لیڈی ہو۔ تو اس لیے باہر جو بھی میڈم آئی تھی وہ کون تھی اور رومان شاہ سے ملنے کیوں آئی تھی شاہ زیب کو یہ جاننے کا بہت تجسس ہو رہا تھا۔۔

دلاور جو کوئی بھی ہے ان سے جا کر بول دو کہ میں بہت بزی ہوں میں نہیں مل سکتا۔ سر میں پہلے ہی ان سے یہ بول چکا ہوں کہ سر بزی ہیں وہ اس وقت کسی سے نہیں ملیں گے مگر وہ بہت ضدی قسم کی لڑکی ہیں وہ بول رہی ہے کہ میں رومان شاہ سے ملے بنا نہیں جاؤں گی۔

رومان شاہ کے سیکرٹری دلاور کو پتہ تھا کہ رومان شاہ لیڈیز سے بہت کم ہی ملتا ہے بلکل نہ ہونے کے برابر۔

یار مل لو بیچاری سے ہو سکتا ہے کہ اس کو کوئی ضروری کام ہو۔ شاہ زیب جو فون پر ساری گفتگو سن رہا تھا اب وہ لقمہ دے رہا تھا رومان شاہ کو۔ تجھے بڑی

جستجو ہو رہی ہے اس لڑکی کا نام سن کے ایک کام کرتا ہوں تیری اس کے ساتھ میٹنگ کروا دیتا ہوں۔ رومان شاہ سڑے ہوئے لہجے سے بولا۔

ہائے یار میں تو تمہارا بھلا سوچ رہا ہوں ہو سکتا ہے کہ اس لڑکی کو تو پسند آ گیا ہو اور وہ بیچاری تجھے پرو پوز کرنے کے لیے آئی ہو۔ ڈاکٹر تو اپنا منہ بند کر اور میرے خیال سے تجھے جا کر اپنے مریضوں کو دیکھنا چاہیے۔
یہ فضول تنخواہ جو سیٹ پر بیٹھ کر تو کھا رہا ہے میرے ساتھ گپے مارنے کے بجائے جا کر بہتر ہے جا کر اپنے مریضوں کی دیکھ بھال کر رومان شان فون بند کر دیا۔

دلاور تم یہاں پر کھڑے میرا منہ کیا دیکھ رہے ہو میں نے کہا اس لڑکی کو جا کر بولو کہ میں نہیں مل سکتا تو مطلب نہیں مل سکتا۔ رومان شاہ کا غصے والا لہجہ دیکھ کر دلاور بیچارہ ڈرتے ہوئے نو دو 11 ہو گیا۔

رومان شاہ کچھ دیر کے لیے اپنی آنکھیں موندے ہوئے ماضی کے کچھ تلخ یادیں سوچ رہا تھا، کہ دھاڑ سے رومان شاہ کے روم کا دروازہ کھلا اور میرب اندر داخل ہوئی۔

پینٹ شرٹ پہنے ہوئے ہائی پونی کیے ہاتھ میں چھوٹا سا ہینڈ بیگ پکڑے ہوئے رومان شاہ کے بالکل سامنے آکر کھڑی ہو گئی۔ خوبصورت چہرے پر غصہ اسے اور بھی خوبصورت بنا رہا تھا۔ خوبصورت تو وہ اتنی تھی کہ دیکھنے والا دنگ رہ جائے مگر اس وقت میرب ملک کے مقابل میں رومان شاہ تھا۔ جسے لڑکیوں کی خوبصورتی بالکل بھی اپنی طرف مائل نہیں کرتی۔ اور اوپر سے اس کا اتنا ماڈرن کپڑے پہن کر آنا رومان شاہ کو زہر لگ رہا تھا۔

کیا بد تمیزی ہے آپ جو کوئی بھی ہیں اس طرح سے میرے آفس میں آنے کا مطلب رومان شاہ اپنی قہر برساتی ہوئی نظروں سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

مطلب ہے میں دیکھنے آئی ہوں کہ ایسے بھی آپ کیا بزی ہو۔ میں بھی تو دیکھوں کون سا نیا پاکستان تیار کر رہے ہیں جو آپ مجھ سے مل نہیں سکتے۔

میرب کو پہلی بار کسی نے ملنے سے انکار کیا تھا کیونکہ میرب ملک زبیر کی اکلوتی بیٹی تھی جس کی وجہ سے لوگ اس سے ملنے کو ترستے تھے اوپر سے اس کا اے سی بھی شامیر کی بہن ہونا بھی اس کے لیے بہت شہرت کا حامل تھا۔ مگر آج رومان شاہ کا اسے یوں نظر انداز کر کے واپس بھیجنا بہت برا لگا تھا۔

کیونکہ دلاور نے صاف صاف کہا تھا کہ اس نے میرب ملک کا نام رومان شاہ کو بتایا ہے مگر رومان شاہ کا پھر پھر یہی جواب ہے کہ وہ آپ سے نہیں ملنا چاہتا

وہ بہت بزی ہے۔ میرب کو یہ سن کر آگ لگ گئی کہ رومان شاہ اس کا نام سن کر بھی اس سے ملنے کو تیار نہیں۔

دیکھو لڑکی دفع ہو جاؤ میری آفس سے اور مجھے اس طرح کی بد تمیزی بالکل بھی پسند نہیں ہے آئندہ میرے آفس میں اس طرح مت لے کر آنا۔

شاہ آپ اتنے روڈ ہو کر مجھ سے بات کیسے کر سکتے ہیں جیسے کہ آپ مجھے جانتے ہی نہ ہو میری آپ سے میری ملاقات ہو چکی ہے اور آپ اچھی طرح سے مجھے پہچانتے ہیں مجھے پتہ ہے۔

تو پھر اتنا روڈ ہو کر کیوں بات کر رہے ہیں۔ رومان شاہ کی اکڑ کے سامنے میرب نے اپنا لہجہ دھیما کر لیا تھا کیونکہ وہ تو رومان شاہ سے اپنے دل کی بات کرنے آئی تھی مگر یہاں پر تو محول ہی کچھ اور بن گیا۔

رومان شاہ نام ہے میرا اور دوبارہ مجھے اسی نام سے بلانا سمجھی۔ مگر مجھے تو شاہ ہی اچھا لگتا ہے اور میں آپ کو شاہ کہہ کر ہی بلاؤں گی کیوں تمہارے باپ کا راج ہے جو تم مجھے میرے شارٹ نام سے بلاؤ گی۔

باپ کے راج کا تو پتہ نہیں مگر میرب کے دل پر اس وقت آپ کا راج ضرور چل رہا ہے پیار کرنے لگی ہے میرب آپ سے وہ بڑے معصوم انداز سے اپنے پیار کا اظہار کر رہے تھی۔

بہت ہی بے شرم قسم کی لڑکی ہو جو خود آکر یہ بکواس کر رہی ہو۔ آپ کو برا لگا ہے تو میں کسی اور کو بھیج دیتی ہوں جو آپ کو یہ آکر بتا دے کہ میں آپ سے پیار کرتی ہوں۔ میرب نے مذاق کرتے ہوئے کہا۔

شٹ اپ تم یہاں سے اپنی تشریف لے جاؤ مجھے نہ تو تمہارے منہ سے بکواس سنی ہے اور نہ ہی کسی اور کے منہ سے اور یہ پیار محبت کے قصے کسی اور کو جا کے سنانا آئی ایم نو انٹر سٹڈ۔

مگر شاہ میں تو آپ میں پوری طرح سے انٹر سٹڈ ہوں شاہ میں نے جب سے آپ کو دیکھا ہے مجھے نہ دن کو سکون ہے نہ راتوں کو چین آپ مجھے بہت اچھے لگتے ہیں آپ کو لگ رہا ہو گا کہ میں شاید ایسی لڑکی ہوں جو ہر کسی سے اسی طرح سے کہتی پھرتی ہوں۔

شاہ قسم سے میری زندگی میں آنے والے آپ پہلے مرد ہیں۔ لڑکی شرم آنی چاہیے اپنی عمر دیکھو مجھ سے آدھی عمر کی ہو اور اپنی باتیں سنو اپنا نہیں تو کم سے کم اپنی گھر والوں کی عزت کا ہی خیال کر لو۔

شاہ میں نے ایسا بھی کیا کہہ دیا ہے آج کے ماڈرن دور میں اگر ایک لڑکی لڑکے کو پرپوز کرتی ہے تو اس میں بے شرمی والی بات تو کوئی بھی نہیں ہے۔

ویری گڈ میں تو یہ بھول ہی گیا تھا کہ تم جس سوسائٹی سے تعلق رکھتی ہیں وہاں پر اس طرح کے پرپوز نائٹ کلبوں میں ایک دوسرے سے کورو زکیے جاتے ہیں۔ شاہ میں ایسی لڑکی نہیں ہوں میں سچ میں آپ سے بہت پیار کرتی ہوں۔

یہ ڈائیلاگ کتنوں کو بولا ہے اور کتنوں کو پاگل بنایا ہے شاہ کس طرح کی باتیں کر رہے ہیں۔ آپ مجھے ایسا سمجھتے ہیں میرب نم آنکھوں سے بولی۔ رومان شاہ کا یہ لیول نہیں ہے کہ وہ تم جیسیوں کو سمجھے جو خود سے کسی مرد کے پاس آکر اپنی محبت کی نمائش کریں۔

رومال شاہ نے میرب کو بڑی حقارت بھری نظروں سے دیکھا۔شاہ آپ میری محبت کی توہین کر رہے ہیں میرب کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسوں گر رہے تھے۔۔اگر دماغ لڑا کر غور سے سمجھو گی تو میں تمہاری بھی توہین کر رہا ہوں لڑکی۔

شاہ میں ایسا کیا کروں کہ آپ کو میرے پیار پر یقین آجائے۔ایسا کچھ بھی نہیں ہے جو کر کے تم رومان شاہ کے دل میں جگہ بنا سکو۔اس لیے اپنا ٹائم مجھ پر ضائع مت کرو۔شاہ آپ اتنے سنگ دل کیوں ہیں میرب روتے ہوئے اپنی ہتھیلیوں سے اپنے آنسوں صاف کر رہی تھی۔

لڑکی تم اتنی بے شرم کیوں ہو شاہ اگر آپ مجھے نہیں ملے تو میں مر جاؤں گی۔شوق سے مرو مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا۔شاہ میں سچ میں مر کے دکھادوں گی میری بات کو دھمکی مت سمجھو۔

ہاہاہاوہ تنزیہ ہنستا ہوا اپنے ٹیبل سے اپنی گاڑی کی چابی اٹھا کر روم سے باہر چل دیا اور میرب روتے ہوئے اپنے آنسوں کو بڑی بے دردی کے ساتھ صاف کرتی ہوئی اس کے آفس سے بھاگتی ہوئی نکل کر نیچے اپنی گاڑی میں آکر بیٹھ گئی میرب کی اتنی توہین آج سے پہلے کبھی نہیں ہوئی تھی۔

ooooooooo

بیگم کیا بات ہے آج کل ہماری بیٹی کی اور لڑائی جھگڑوں کی آواز کیوں نہیں کرتے آرہی ملک زبیر اپنی بیگم سے اپنی بیٹی میرب کا پوچھ رہے تھے۔

پتہ نہیں کافی دنوں سے بہت چپ چپ ہے اور روم سے بھی باہر بہت کم آتی ہے۔ پوچھتی ہوں تو کچھ بتاتی بھی نہیں ہے اب تو پچھلے پانچ چھ دن سے یونیورسٹی بھی نہیں جارہی۔

اگر پوچھتی ہوں کہ یونیورسٹی کیوں نہیں جارہی ہو تو بولتی ہے کہ طبیعت خراب ہے اگر ڈاکٹر کے پاس لے جانے کا کہتی ہوں تو جاتی نہیں ہے۔

میری باتوں سے چڑ کر دروازہ اندر سے بند کر لیتی ہے میں تو خود بھی میرب کے بیہیویئر کو لے کر بہت پریشان ہوں مجھے سمجھ نہیں آرہا کیا کروں اس لڑکی کا۔

کبھی تو چیخ چیخ کر گھر سر پہ اٹھا لیتی ہے اور کبھی اتنی چپ ہو جاتی ہے کہ مجھے پریشانی ہونے لگتی ہے۔ رفت بیگم بہت ہی پریشانی سے ملک زبیر کو بتا رہی تھی۔

بیگم آپ ماں ہیں اس کی اگر اس سے کوئی پریشانی ہے تو جاننے کی کوشش کریں کہ آخر ہماری بیٹی پریشان کیوں ہے۔ ملک صاحب آپ کو کیا لگتا ہے کہ میں نے کوشش نہیں کی ہو گی۔

مگر وہ اپنے منہ سے کچھ بولے تب نہ۔ آپ میرب کی دوستوں سے بات کریں شاید ان کو پتہ ہو شاید یونیورسٹی میں کوئی لڑائی جھگڑا ہو جس کی وجہ سے وہ یونیورسٹی نہ جا رہی ہو۔ جی میں آج صبا اور سارا سے بات کرتی ہوں۔

میرب کب سے موبائل سکرین پر رومان شاہ کی تصویر دیکھ کر روئے جا رہی تھی۔ شاہ آپ کیوں کرتے ہیں مجھ سے اتنی نفرت کیا کمی ہے مجھ میں شاہ ایک بار بتا کر تو دیکھیں۔

میرب اپنے اندر سے ہر کمی نکال کر خود کو آپ کے قابل بنا لے گی وہ روتے ہوئے تصویر سے باتیں کر رہی تھی۔ شاہ کیسے بتاؤں آپ کو کہ میں آپ سے کتنا پیار کرتی ہوں۔ کب آپ مجھے میری جان سے بھی زیادہ عزیز ہو گئے میرب کو تو خود بھی پتہ نہیں چلا۔۔

میں آپ کے لیے کسی بھی حد سے گزر جاؤں گی شاہ سوتی ہوں تو میری آنکھوں میں آپ کے خواب ہوتے ہیں جاگتی ہوں تو میری آنکھیں صرف آپ کو دیکھنا چاہتی ہیں آپ نے ہستی کھیلتی میرب کا کیا حال کر دیا ہے۔

وہ روتے ہوئے اپنی ہتھیلیوں سے رگڑ کر اپنے آنسوں صاف کر رہی تھی۔تب ہی میرب کے موبائل پر صبا کا نمبر جگمگانے لگا صبا اور سارا کتنی بار اسے فون کر چکی تھی مگر میرب فون نہیں اٹھا رہی تھی۔

اب بھی صبا نے کوئی پانچویں بار جب فون کیا تو میرب نے فون کال اٹھائی تھی۔ہیلو میڈم کہاں غائب ہو نہ حال نہ چال کچھ بھی نہیں بتا رہی ہو نہ کوئی میسج نہ کوئی وائس نہ کوئی کال خیریت تو ہے۔

میڈم کن چکروں میں ہو صبا نے فون اون ہوتے ہی سوال پہ سوال پھینکنے شروع کر دیے۔میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے اس لیے فون نہیں اٹھا رہی تھی۔

میرب نے بڑی اداسی بھری آواز سے صرف اتنا ہی کہا۔ میرب سچ بتاؤ تمہیں کیا ہوا ہے مجھے تمہاری طبیعت خراب نہیں کوئی اور مسئلہ لگ رہا ہے۔ کیا ہوا ہے اور تم یونی کیوں نہیں آ رہی۔

صبا کو سچ میں میرب کی فکر ہونے لگی تھی کیونکہ میرب جس انداز سے بات کر رہی تھی میرب کا تو یہ انداز ہی نہیں تھا بات کرنے کا۔

وہ تو ہمیشہ تڑکتی پھڑکتی آواز سے بولتی تھی مگر اس وقت تو وہ سالوں کی بیمار لگ رہی تھی۔ میرب کیا بات ہے کوئی پریشانی ہے صبا نے فکر مندی سے پوچھا۔ نہیں سچ میں میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے اور پلیز فون بند کر دو میرے سر میں بہت درد ہے مجھ سے بات نہیں ہو رہی۔

میرب اس وقت کسی سے بات نہیں کرنا چاہتی تھی اس کے کان صرف رومان شاہ کی آواز سننا چاہتے تھے اس کی آنکھیں صرف رومان شاہ کو دیکھنا چاہتی تھی اور وہ دشمن جاں اسکا فون تک نہیں اٹھا رہا تھا۔

شاہ پلیز میرا فون اٹھائیں پلیز ایک بار میری بات سن لیں میرب نے یہ میسج کوئی 15 بار رومان شاہ کو سینڈ کیا مگر رومان شاہ کی طرف سے کوئی ریپلائی نہیں آیا شاید وہ میرب کا نمبر بلاک لسٹ میں ڈال چکا تھا۔

میرب کے روم کی صفائی کرنے کے لیے نوکرانی اندر آئی پہلے تو میرب اس پر چیخ کر اسے واپس جانے کے لیے بولنے لگی تھی۔

مگر پھر ایک دم سے اس کے دماغ میں خیال آیا۔ میرب نے اپنا رخ دوسری جانب موڑتے ہوئے اس سے پوچھا تھا کہ کیا اس کے پاس اس وقت فون ہے۔

جی بی بی جی ہے تم اپنا فون تھوڑی دیر کے لیے مجھے دے کر روم سے باہر جاؤ میرا فون کچھ پرابلم کر رہا ہے۔ مجھے ایک ضروری کال کرنی ہے جی بی بی جی نوکرانی نے جلدی سے اپنا فون میرب کے حوالے کرتے ہوئے روم کا دروازہ بند کر دیا اور خود باہر چلی گئی۔

اگر وہ رومان شاہ تھا تو یہ بھی میرب تھی جسے جو چیز پسند آجاتی اس کا پیچھا اتنی آسانی سے میرب کبھی نہیں چھوڑتی تھی۔

اور یہاں تو بات اس کی محبت کی تھی تو کیسے اتنی آسانی سے پیچھے ہٹ جاتی۔

رومان شاہ آج سنڈے کے دن گھر پر موجود تھا اور اس وقت وہ اپنے بیڈ پر الٹا لیٹا ہوا نیند کے مزے لوٹ رہا تھا۔ کیونکہ چھٹی والا دن ہی رومان شاہ کو

سکون میسر ہوتا تھا۔ کبھی کبھی تو اس کا چھٹی والا دن بھی بہت مصروف گزرتا تھا۔

مگر آج کوئی خاص کام نہیں تھا تو وہ آرام سے سو رہا تھا۔ فون کی بیل مسلسل بج رہی تھی تو رومان شاہ نے ناگواری سے فون کی طرف دیکھا۔ فون سکرین پر کوئی ان نون نمبر جگمگا رہا تھا۔

ہیلو رومان شاہ سپیکنگ۔ شاہ آپ کی آواز تو میں ہزاروں کی بھیڑ میں بھی پہچان سکتی ہوں بس آپ کے دل پر ہی میری سدا اثر نہیں کر رہی۔

یہ میرب کی آواز تھی رومان شاہ نے نیند کی خماری سے جاگتے ہوئے سیدھا ہو کر اپنا سر تکیے پر رکھا۔

رومان شاہ میرب کا نمبر تو بلاک لسٹ میں ڈال چکا تھا۔اس لیے اسے اندازہ نہیں تھا کہ اس وقت فون پر میرب بھی ہو سکتی ہے۔

لڑکی تم میں کوئی شرم حیا ہے یا تم نے سب بیچ کھائی ہے۔میں نے تمہیں اتنا ذلیل کیا اور اپنے آفس سے نکال دیا تمہارا نمبر بلاک لسٹ میں ڈال دیا اور تمہیں ابھی تک یہ سمجھ نہیں آئی کہ مجھے تم میں کوئی انٹرسٹ نہیں ہے۔

اب تم یوں الگ الگ نمبروں سے مجھے فون کر کے خود کو میری نظروں میں اور گرا رہی ہو۔یہ سب کر کے تمہیں کچھ بھی حاصل نہیں ہونے والا رومان شاہ ایک کانٹوں سے بھرا ہوا جھاڑ ہے جس کے جتنا قریب آؤ گی اتنا ہی زخمی ہو گی۔

تو کیوں جان بوجھ کر خود کو زخمی کرنا چاہتی ہو ایک مفلس سا مشورہ ہے کہ میرا پیچھا چھوڑو تمہیں تمہارے ہی سٹینڈر کے اپنے ہم عمر بہت اچھے لڑکے مل جائیں گے۔ تمہارا اور میرا کوئی جوڑ نہیں ہے۔

بچی ہو تم میرے سامنے سمجھی تم اس لیے پیار سے سمجھا رہا ہوں سمجھ جاؤ گی تو تمہارے لیے اور تمہارے گھر والوں کے لیے بہت بہتر ہو گا، تمہارا باپ ایک سلجھا ہوا انسان ہے تو کیوں اپنے باپ کی عزت کو اس طرح اچھال رہی ہو۔

میری آواز سن رہی ہو تم یا بہری ہو گئی ہو۔ سن رہی ہوں چلو آپ نے کچھ بولا تو صحیح آپ کی آواز مجھے سننے کو تو ملی۔

اس لیے چپ چاپ آپ کی باتیں سن رہی تھی۔ افف لڑکی تمہارا کچھ نہیں ہو سکتا تمہیں سمجھانا فضول ہے رومان شاہ فون بند کرنے لگا۔

شاہ پلیز فون بند مت کرنا صرف ایک بار مجھ سے ملنے آجایں میں وعدہ کرتی ہوں کہ اس سے باد کے بعد بھی اگر آپ کو میرے پیار پر یقین نہیں آیا تو میں دوبارہ کبھی آپ کو فون نہیں کروں گی یہ وعدہ ہے میرب ملک کا۔

وہ سسکیوں کے ساتھ رو رہی تھی اور اس کی سسکیاں رومان شاہ کے کانوں تک بھی پہنچ رہی تھی لڑکی تمہیں سمجھ نہیں آرہا کیوں خود کی اتنی توہین کروا رہی ہو۔

آپ جتنی مرضی توہین کرلیں میری میں برا نہیں مانوں گی شاہ مگر شاہ پلیز ایک بار مجھ سے ملنے آجائیں اس کے بعد آپ کا جو بھی فیصلہ ہو گا میں مان لوں گی۔

ٹھیک ہے میرے آفس میں آجاؤ میں وہیں پر تمہارا ویٹ کروں گا مگر یہ بات میں تمہیں پہلے سے بتادیتا ہوں کہ تمہاری باتوں کا مجھ پر کوئی بھی اثر نہیں ہونے والا۔ مگر لڑکی ملنے کے بعد تم اپنے وعدے پر کام رہنا اور آج کے بعد نا تو مجھے کال کرنا اور نہ ہی ملنے کے لیے بولنا۔

یہ میری طرف سے لاسٹ وارننگ ہے تمہارا باپ ایک بہت شریف اور سلجھا ہوا انسان ہے صرف اس کی وجہ سے میں نے تم سے ملنے کے لیے حامی بھر نا ہے بھری ہے نہیں تو رومان شاہ کا یہ لیول نہیں ہے کہ وہ تم جیسی لڑکیوں کے ساتھ اپنی ملاقاتیں فکس کرتا پھرے۔

رومان شاہ کے کڑوے الفاظوں کو میرب نظر انداز کرتے ہوئے اٹھ کر تیار ہونے لگی تھی کیونکہ رومان شاہ نے ایک گھنٹے میں اسے اپنی آفس میں بلوایا تھا

میرب کے لیے تو یہی کافی تھا کہ رومان شاہ نے اسے ملنے ملنے کی حامی بھری تھی۔

میرب نے جینز کی پینٹ کے ساتھ ایک خوبصورت ٹاپ نکالا اور اس پر لمبا گاؤن پہن کر کانوں میں پلین بالیاں پہنی اور ہائی ہیل کے ساتھ ہائی پونے کیے ہوئے آئینے میں خود کو نہار رہی تھی۔

ہونٹوں پر گہری لپسٹک لگائے ہوئے وہ کسی کا بھی دل نکالنے والی قاتل حسینہ لگ رہی تھی اس وقت ہاتھوں میں برسٹ پہن کر ہینڈ بیگ پہنے ہوئے آکر گاڑی میں بیٹھ گئی۔

دیکھتی ہوں شاہ آج میرے حسن سے آپ کیسے بچتے ہیں میرب کو اپنے حسن پر اپنی خوبصورتی پر بہت ناز تھا۔اور آج وہ اپنی طرف سے اپنے حسن کو بہت پالش کر کے لے جا رہی تھی۔

اس کو ایسا لگتا تھا کہ رومان شاہ اس کے حسن کے آگے نرم پڑ جائے گا۔
میرب جب آفس میں پہنچی تو رومان شاہ پہلے سے آفس میں موجود تھا۔

جی فرمائیں کیا کہنا چاہتی ہیں آپ رومان شاہ بناٹائم ویسٹ کی ہے سیدھا مدے پر آ گیا۔شاہ کیا بیٹھنے کے لیے بھی نہیں بولو گے۔نہیں کیونکہ میں تمہیں کسی بھی طرح کے جھوٹے وہم میں مبتلا نہیں کرنا چاہتا میں کچھ بھی ایسا نہیں کرنا چاہتا جس کو تم غلط رنگ دے کر میرے لیے عذاب بن جاؤ۔

شاہ میں آپ سے بہت پیار کرتی ہوں۔ پھر سے وہی بکواس جو اتنی بار تم میرے ساتھ فون پر کر چکی ہو کچھ نیا بولنے کے لیے ہے تو وہ بولو۔ میں یہاں پر تمہاری یہ بکواس سننے نہیں آیا۔

شاہ مجھے اپنی زندگی میں شامل تو کر کے دیکھیں آپ جیسا کہیں گے میں ویسی بن جاؤں گی آپ جیسے رکھیں میں ویسے رہ لوں گی۔ میرے خیال سے تم یہاں پر اسی ٹاپک پر بات کرنے کے لیے آئی ہو اور میرے اتنا پاس اتنا فضول ٹائم نہیں ہے۔

اس لیے میرے خیال سے مجھے چلنا چاہیے رومان شاہ اپنا فون اور گاڑی کی چابی کو اٹھاتے ہوئے ٹیبل کی دوسری طرف سے ہوتا ہوا باہر نکلنے لگا تھا کہ میرب بھاگتے ہوئے رومان شاہ کے پیچھے آئی اور دروازہ کھولنے سے پہلے ہی اس کا ہاتھ پکڑ کر کھڑی ہو گئی۔

شاہ آپ کو میری بات سننی ہو گی رومان شاہ نام ہے میرا اور مجھے اسی نام سے بلاؤ لڑکی۔ نہیں میں آپ کو صرف شاہ ہی بولوں گی۔

جب میرا پیار سب سے الگ ہے تو پھر میں آپ کا نام بھی سب سے الگ انداز سے ہی لوں گی۔

آپ کیوں مجھ سے اتنی نفرت کر رہے ہیں آپ مجھے سمجھنے کی کوشش تو کریں میں ایسی ویسی غلط لڑکی نہیں ہوں۔ میں دیکھ چکا ہوں کہ تم کیسی لڑکی ہو رومان شان اپنا ہاتھ چھوڑاتے ہوئے ناگواری سے اس کی ہاتھ پکڑنے والی حرکت کی طرف اشارہ کر کے بولا۔

شاہ مجھے صرف آپ کے دل میں تھوڑی سی جگہ چاہیے۔ دل میں یا بستر پر۔ شاہ آپ کو شرم نہیں آتی ایک لڑکی سے اس طرح کی بات کرتے

ہوئے۔ شرم۔ یہ لفظ تم جیسی امیر زادیوں کے منہ سے اچھا نہیں لگتا۔ شاہ کسی کی محبت کو اتنا ذلیل نہیں کرتے کہ اس کی محبت ہی اس کے لیے سزا بن جائے۔ رومان شاہ کے لفظوں کے تیروں سے زخمی ہو کر وہ رو رہی تھی۔

یہ آنسوں کی بجلیاں کسی اور پہ گرانا۔ رومان شاہ وہ چٹان ہے جس پر تمہاری ان اداؤں کا کچھ بھی اثر نہیں ہونے والا۔ شاہ اگر کچھ رہ گیا ہے تو وہ بھی بول دو آج کوئی بھی حسرت اپنے دل میں باقی مت رہنے دینا۔

اتنا بھی ایٹیٹیوڈ کس بات کا ہے شاہ اگر آپ خوبصورت ہو تو میں بھی آپ سے کم نہیں اگر آپ امیر ہو تو میں بھی آپ سے کم نہیں تو پھر کس بات کی اتنی اکڑ ہے شاہ۔ ایک چیز کی کمی ہے میں غیرت مند ہوں اور تم بے غیرت۔

شاہ بس کر دو اتنے ہی تیر برساؤ جتنے میں برداشت کر سکوں رومان شاہ کے الفاظ میرب سے سنے نہیں جا رہے تھے۔ایسا بھی میں نے کیا کر دیا صرف آپ کا ہاتھ ہی تو پکڑا ہے ایسا کون سا میں نے گناہ کر دیا کہ آپ نے مجھے بے غیرت ہونے کا خطاب دے دیا ہے۔

ہاں میں تو بھول ہی گیا کہ تمہارا جو سٹیٹس ہے وہاں پر کسی کا ہاتھ پکڑنا کسی کو گلے لگانا یا پھر کسی کو منہ لگانا بہت معمولی سی بات ہے۔

تم ایک کام کیوں نہیں کرتی چلو میرے ساتھ ایک رات گزار کر آ جانا اس کے بعد تمہارے عشق کی آگ ٹھنڈی پڑ جائے گی اور پھر تم آرام سے کسی اپنے جیسے کے ساتھ شادی کر لینا۔

چٹاخ اپنی بکواس بند کرو شاہ آپ نے مجھے اتنا گرا ہوا سمجھا ہے۔۔مجھے بہت افسوس ہوا ہے یہ جان کر کہ آپ کی نظروں میں میری محبت کی یہ اوقات ہے۔

لڑکی اپنی حد میں رہو اور اوقات کی بات تو تم کرو ہی مت رومان شاہ اپنے منہ پر تھپڑ پر برداشت نہیں کر پا رہا تھا۔۔اگر وہ لڑکی نہ ہوتی تو اس ایک تھپڑ کے بدلے نہ جانے کتنے تھپڑ اب تک وہ اس کے منہ پر رسید کر چکا ہوتا۔

مگر اس کی غیرت یہ گوارا نہیں کرتی تھی کہ وہ ایک لڑکی پر ہاتھ اٹھاتا مگر غصے سے اس کا چہرہ لال سرخ ہو رہا تھا۔میر ب روتی ہوئی آفس سے نکل کر اپنے آنسوں کو اپنی ہتھیلی کی پشت سے رگڑتے ہوئے صاف کر کے گاڑی میں بیٹھ گئی۔اور ڈرائیور کو چیختے ہوئے گھر چلنے کو کہا۔۔

oooooooooo

بی بی جی میرب بی بی روتے ہوئے آئی ہیں اور اپنے کمرے میں چلی گئی۔
نوکرانی نے آکر رفت بیگم کو کمرے میں اطلاع دی۔

رفت بیگم بھاگ کر اپنے روم سے باہر آئی اور نوکرانی کے ساتھ میرب کا دروازہ کھٹکھٹانے لگی مگر میرب نہ تو کوئی آواز دے رہی تھی اور نہ ہی وہ دروازہ کھول رہی تھی رفعت بیگم کو بہت پریشانی ہونے لگی کہ آخر ایسا کیا ہو گیا کہ میرب نے اندر سے دروازہ بند کر رکھا تھا۔

کیونکہ میرب نے آج سے پہلے اس طرح کی حرکت نہیں کی تھی۔
شاہ کیوں آپ مجھ سے پیار نہیں کر سکتے شاہ کیوں آپ اتنے سنگ دل ہیں شاہ جتنی باتیں آپ نے مجھے سنائی ہیں۔ میرب تو اتنی باتیں سننے کی عادی ہی نہیں۔

میں کیا کروں میں اپنے دل کے ہاتھوں سے مجبور ہوں شاہ مجھ سے نہیں جیا جاتا آپ کے بنا۔ شاہ میں مر جاؤں گی میرب اس وقت اپنے حواسوں میں نہیں تھی۔

رومان شاہ کی باتوں نے اسے اتنا لہولہان کر دیا تھا کہ اب وہ اپنی جان لینے پر آمادہ تھی۔

اس نے اپنے روم کی ٹیبل پر رکھے ہوئے فروٹ کی ٹوکری سے چھری اٹھائی اور رومان شاہ کی باتیں خود سے کرتے ہوئے اپنی ایک کلائی کاٹ لی۔

بیڈ کے پاس زمین پر بیٹھ گئی۔ اپنے آپ سے باتیں کرتے کرتے اس نے اپنی دوسری کلائی بھی کاٹ لی دیکھ لو شاہ آپ کو لگتا تھا نا کہ میں مذاق کر رہی ہوں میں آپ کو دھمکیاں دے رہی ہوں اب دیکھیں میرب سچ میں آپ کے لیے مر سکتی ہے۔

وہ خود سے باتیں کرتے ہوئے اپنے ہاتھ پر اسی چاقو کی نوک سے خون سے رومان شاہ لکھ رہی تھی۔ نیچے گرتا ہوا خون قطروں سے لکیر کی صورت اختیار کر گیا۔ میرب کی انکھوں کے سامنے اندھیرا چھانے لگا وہ روم شاہ کا نام لیتے لیتے بے ہوش ہو گئی۔

شاہ میر گھر گھر آؤ میرب اپنے کمرے کا دروازہ نہیں کھول رہی اور تمہارے پاپا کی ایسی کنڈیشن نہیں ہے کہ انہیں کچھ بھی بتایا جائے وہ اس وقت نیند کی دوائی لے کر سو رہے ہیں۔

رفعت بیگم بہت ہی ڈری ہوئی اور گھبرائی ہوئی آواز سے اپنے بیٹے کو فون کر کے انفارم کر رہی تھی

۔ماما ایسا بھی کیا ہوا ہے کہ میرب نے دروازہ بند کر لیا۔ کیا آپ نے یا پاپا نے اسے کچھ بولا ہے

شاہ میر اپنی ماں سے بات کرتے ہوئے

بھاگتا ہوا اپنی جیپ میں آکر بیٹھ گیا اور فون کان سے لگائے ہوئے اپنی ماں سے بہت ناراض ہو کر پوچھ رہا تھا۔

شاہ میر وہ بہت دنوں سے ڈسٹرب تھی مجھے نہیں پتہ کہ کیا بات ہے میں نے اس کی دوستوں سے بھی پوچھا تھا مگر کسی کو کچھ نہیں پتہ کہ میرب پریشان کیوں ہے۔

اور ماما یہ بات آپ مجھے اب بتا رہی ہیں آپ کو مجھے انفارم کرنا چاہیے تھا ۔شامیر اپنی ماں سے غصے سے بول رہا تھا۔

شاہ میر بیٹا مجھے لگا کہ تم کام پر ہو تو میں تمہیں ڈسٹرب نہیں کروں مجھے یہ تو آئیڈیا ہی نہیں تھا کہ میرب طرح سے دروازہ بند کر کے بیٹھ جائے گی۔

ماما آپ دروازہ کھلوانے کی کوشش کریں۔اگر اس نے دروازہ بند کیا ہے تو وہ خود کو کوئی نقصان نہ پہنچالے۔شاہ میر اپنی بہن کے لیے اس وقت بہت پریشان تھا اس کا پولیس والا دماغ سے بار بار یہ الرٹ کر رہا تھا کہ میرب کے ساتھ کوئی بڑی پرابلم ہے۔۔

ہاں ہاں بیٹا میں دروازہ کھلوانے کی کوشش کرتی ہوں اصل میں اس نے اندر سے دروازے کو لاک کیا ہوا ہے جس کی وجہ سے میں ایکسٹرا کی سے بھی دروازہ نہیں کھول پا رہی۔

میرب بیٹا پلیز دروازہ کھولو یا آواز دے کر ہمیں بتاؤ کہ تم ٹھیک ہو میرب کی ماں میرب کو آوازیں لگا رہی تھی۔ مگر اندر سے کوئی بھی آواز نہ آنے پر اب رفت بیگم رونے لگی۔

آدھے گھنٹے کے سفر کو شامیر نے 15 منٹ میں طے کر لیا اور وہ جیسے ہی اپنے گھر کے اندر داخل ہوا اندر سے کافی شور شرابے کی آوازیں آ رہی تھی۔

میرب کو مسلسل اس کی ماں آوازیں دے رہی تھی مگر اندر پوری طرح سے خاموشی چھائی ہوئی تھی شاہ میر سب کو پیچھے کرتے ہوئے اپنے کاندھے سے دروازے کو مارتے ہوئے دروازہ کھولنے لگا آخر وہ ایک پولیس والا تھا۔ اسے بند دروازے کھولنے کا بہت اچھی طرح سے ایکسپیرینس تھا تقریبا تین بار اپنا کاندھا مارنے سے شاہ میر نے دروازہ کھول لیا اور شامیر اور رفت بیگم

ایک ساتھ کمرے میں داخل ہوئے مگر اندر کا منظر دیکھ کر تو رفت اور شامیر کی تو جان ہی نکل گئی تھی۔

بیڈ کے پاس زمین پر لیٹی ہوئی میرب کی دونوں کلائیاں کٹی ہوئی تھی اور اس کے خون سے فرش کا کافی حصہ لال ہوا پڑا تھا۔ رفعت بیگم اونچی آواز سے رونے لگی۔ شامیر نے جلدی سے نیچے جھک کر اپنی بہن کو اپنی گود میں اٹھایا اور بھاگتا ہوا سیڑھیوں سے نیچے اترا۔

میرب کو گاڑی میں ڈال کر اس سے ہاسپٹل لے یا۔ ڈاکٹر فورن میرب کو اپریشن تھیٹر میں لے گئے کوئی اور پیشنٹ ہوتا تو پہلے پولیس کی کاروائی کی جاتی مگر اس وقت وہ فل یعنی فارم میں اون ڈیوٹی خود اے سی پی کھڑا تھا تو اس لیے ڈاکٹر سے فورن میرب کو اپریشن تھیٹر میں لے گئے۔

ڈاکٹر کافی دیر کے بعد جب اپریشن تھیٹر سے باہر آیا تو ڈاکٹر نے اے سی پی شامیر کو یہ بتایا کہ ان کی بہن نے اپنی طرف سے کوئی کسر نہیں چھوڑی اپنی جان لینے کی مگر شاید یہ اللہ کا کرشمہ ہے یا اس کے ماں باپ کی دعائیں کہ آپ وقت پر اسے ہاسپٹل لے کر آ گئے اور آپ نے جو ان کے ہاتھوں پر کپڑا باندھا تھا اس سے بھی فون کے بہاؤ میں کافی کمی رہی۔ آپ اللہ کا شکر ادا کریں کے ان کی جان بچ گئی ہے۔

مگر ڈاکٹر نے کچھ اور بھی کہا تھا جسے سن کر شامیر بہت حیران ہوا کیونکہ اسے اس بارے میں کچھ بھی پتہ نہیں تھا۔ ڈاکٹر شاہ میر کو اپنے ساتھ لے کر آئی سی یو روم میں آ گیا۔

جہاں پر میرب اس وقت بے ہوش پڑی ہوئی تھی اس کے ہاتھوں پر بینڈج لگے ہوئے تھے اس وقت اسے بلڈ لگایا جا رہا تھا ڈاکٹر نے شاہ میر کو میرب

کے بازو کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کچھ دکھایا اور پوچھا کہ کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ کس کا نام ہے۔

میرب کی کلائی پر اسی کے خون سے رومان شاہ لکھا ہوا تھا۔اور بہت ساری جگہوں پر خالی شاہ بھی لکھا ہوا تھا۔

شاہ میر نے نا میں سر ہلایا کہ اسے اس بارے میں کچھ پتہ نہیں ہے۔تو پھر سر آپ پتہ کیجئے کیونکہ ان کی خود خوشی کا ریزن یہی شخص ہے۔

اور جس طرح سے انہوں نے خود کشی کرنے کی کوشش کی ہے اگر خدانخواستہ یہ اس طرح کی کوشش دوبارہ کرتی ہیں تو ان کی جان بچانا بہت مشکل ہو جائے گی۔

شاہ میر نے میرب کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے بڑی محبت بھری نظروں سے اپنی چھوٹی بہن کو دیکھا جس کو اس نے بڑی دعاؤں اور ماں باپ کے ساتھ ضد کر کے خدا سے لیا تھا۔ میرا بچہ ایسا کیا تھا جو آپ کا بھائی آپ کو لا کر نہیں دے سکتا تھا آپ ایک بار اپنے بھائی سے کہہ کر تو دیکھتی۔

آپ کا بھائی اپنی جان پر کھیل کر بھی آپ کی خوشیاں لے کر آجاتا آپ کے لیے۔ مگر آپ نے تو اپنا دکھ اپنے تک ہی محدود رکھا میں تو اپنی گڑیا کو چھوٹا ہی سمجھتا رہا۔

مجھے پتہ ہی نہیں چلا کہ کب میری گڑیا اتنی بڑی ہو گئی کہ اس نے اپنی زندگی ہی داؤ پر لگا دی شمیر نم آنکھوں سے اپنی بہن کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے سوچوں میں ساری باتیں سوچتا ہوا۔ آئی سی یو روم سے باہر آیا۔

میرب کیسی ہے شامیر جیسے ہی وہ نگہداشت روم سے باہر آیا تو اس کی ماں فورا شمیر کے پاس آکر اپنی بیٹی کا حال دریافت کر رہی تھی۔

مامارومان شاہ کون ہے شاہ میر نے اپنی ماں کی بات کا جواب دیے بنا سوال کیا بیٹا رومان شاہ سے میرب کا کیا تعلق ہے۔ میں پوچھ رہی ہوں کہ میرب کیسی ہے۔ میں بھی تو یہی پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ مامارمان شاہ کون ہے اور میرب کا اس سے کیا تعلق ہے

شاہ میر بیٹا۔ رومان شاہ تمہارے پاپا کا کوئی بزنس کلائنٹ ہے۔

اور میرب اس سے کہاں ملی شاہ میر نے اگلا سوال کیا۔ مجھے نہیں پتہ شاہ میر میں اس بارے میں کچھ بھی نہیں جانتی۔

ماما بہت ہی افسوس کی بات ہے کہ آپ اپنی اکلوتی بیٹی سے اتنی غافل تھی کہ اس کی زندگی میں کیا چل رہا ہے۔

آپ کو پتہ نہیں تھا شاہ میر نے ناراض ہو کر اپنی ماں کی طرف دیکھا۔ شاہ میر مجھے بتاؤ گے کہ مسئلہ کیا ہے نہیں ابھی آپ کو میں کچھ بھی نہیں بتا سکتا اب تو پہلے میں مسئلے کی تہہ تک پہنچوں گا اس کے بعد ہی آپ کو کچھ بتاؤں گا۔

میرب اب خطرے سے باہر ہے آپ میرب کا خیال رکھیں میں تھوڑی دیر میں واپس آتا ہوں مجھے کچھ ضروری کام ہے۔ اور گھر فون کر کے سب نوکروں کو یہ انفارم کر دو کہ پاپا تک یہ خبر نہیں پہنچنی چاہیے کچھ بھی بول دیں کہ آپ لوگ کہیں باہر گئے ہیں یا کچھ بھی باقی کا پلان میں واپس آ کر بنا لوں گا مگر پاپا تک میرب کی خبر نہیں پہنچنی چاہیے ان کا دل برداشت نہیں کر پائے گا۔ شاہ میر اپنی جیپ نکال کر سیدھا اپنے تھانے پہنچا۔

شاہ میر نے اپنے کانسٹیبل کو بلوایا۔ کانسٹیبل نے آکر شاہ میر کو سلیوٹ مارا حیدر پانچ منٹ کے اندر مجھے اس بندے کی پوری انفارمیشن نکلوا کر دو۔

سر جی یہ کیا بہت بڑا مجرم ہے۔ حیدر جتنا کہا ہے اتنا کرو آج کے دن مجھ سے کوئی بھی فضول سوال مت کرنا حیدر شاہ میر کے پولیس اسٹیشن میں کانسٹیبل تھا جس کو بہت شوق تھا فضول سوال کرنے کا اور اپنی بے عزتی کروانے کا۔

اس لیے اسے شمیر نے الرٹ کیا کہ آج کے دن وہ کسی بھی طرح کا سوال نہ کرے کانسٹیبل سر کو ہلاتے ہوئے چلا گیا اور دس منٹ کے اندر شامیر کے سامنے رومانس شاہ کا پورا بائیو ڈیٹا لے کر آیا

۔ سر جی یہ ایک بہت ہی بڑا بزنس مین ہے اس نے بہت ہی کم عرصے میں اپنا ایک بہت بڑا اور مضبوط بزنس امپائر کھڑا کیا ہوا ہے اور سر جی اس کی ایک ماں اور ایک بہن ہے اور یہ بندہ اپنی ماں اور بہن سے بہت پیار کرتا ہے۔

حیدر انفارمیشن اس طرح سے سنا رہا تھا جیسے وہ کوئی نیوز اینکر ہو اور نیوز پڑھ کر سنا رہا ہو۔ اس کی بہن اس سے 10 سال چھوٹی ہے اور ان تینوں کے علاوہ گھر میں اور کوئی نہیں ہے سوائے نوکروں کے۔

حیدر تمہارے ذمے جو میں نے کام لگایا ہے تم اپنے ساتھ کچھ بندے لے کر جاؤ اور اس کام کو سرانجام دو کام میں کسی قسم کی کوتاہی میں برداشت نہیں کروں گا۔ اور اپنے ساتھ سکینہ بی بی کو ضرور لے کر جانا۔ لڑکی کو ہاتھ صرف سکینہ بی بی ہی لگائے گی اگر کسی اور نے لڑکی کو ٹچ کیا تو جان لے لوں گا اور

اپنے ساتھ کچھ لیڈیز اہلکار بھی لے کر جانا۔ شامیر حیدر کو آرڈر دیتا ہوا پولیس اسٹیشن سے باہر نکلا۔

اور اپنی جیپ نکالی اور سیدھا رومان شاہ کے آفس پہنچ گیا۔ شاہ میر سیدھا رومان شاہ کے روم کی طرف بڑھ رہا تھا کہ دلاور راستے میں آیا اور پوچھنے لگا سر آپ یوں بنا پوچھے اندر نہیں جا سکتے۔

میرے خیال سے میری یونیفارم دیکھ کر مجھے لگتا نہیں کہ تمہیں بتانا پڑے گا کہ میں ایک آفیسر ہوں اور تم مجھے اس طرح سے روک نہیں سکتے شاہ میر نے جب دلاور کو آنکھیں دکھائیں تو اس کی دبنگ پرسنلٹی دیکھ کر دلاور چپ کر کے پیچھے ہٹ گیا۔

اور شامیر دروازہ کھول کر سیدھا رومان شاہ کے آفس کے اندر داخل ہوا جہاں پر رومان شاہ اپنے لیپ ٹاپ پر نظر جمائے ہوئے کچھ کام کر رہا تھا۔

اگر آپ پولیس والے ہیں تب بھی آپ کو کسی کے روم میں آنے سے پہلے اجازت طلب کرنی چاہیے رومان شاہ باہر سے آتی ہوئی آوازیں سن چکا تھا۔اور ویسے بھی میں آپ کا مجرم نہیں ہوں جو آپ اس طرح کے تیور میرے آفس میں آکر دکھائیں۔

اگر وہ اے سی پی تھا تو سامنے بھی رومان شاہ تھا جو اس وقت اپنے پیروں پر اتنی مضبوطی سے کھڑا تھا کہ اسے کسی سے ڈرنے کی ضرورت نہیں تھی۔

میں تم سے جھگڑا کرنے نہیں آیا اس لیے آرام سے بیٹھ کر میری بات سنو اے سی پی اسی کرسی کو کھینچتے ہوئے رومان شاہ کے سامنے بیٹھ گیا۔

جی فرمائیں رومان شاہ نے آئی برو اٹھا کر بہت ایٹیٹیوڈ سے کہا۔

ایسا نہیں کہ رومان شاہ مہمان نواز نہیں تھا رومان شاہ اچھوں کے ساتھ بہت اچھا تھا اور رومان شاہ کی مہمان نوازیاں تو بہت مشہور تھی مگر جس ایٹیٹیوڈ سے شاہ میر نے دلاور سے بات کی تھی اس کی وجہ سے رومان شاہ کا پارہ کافی ہائی ہو گیا۔

تمہاری وجہ سے میری بہن نے اپنی جان لینے کی کوشش کی ہے۔ میں آپ کی بات سمجھا نہیں پلیز ایکسپلین کریں گے۔ رومان شاہ کو سمجھ نہیں آیا۔ کہ شاہ میر کس کے بارے میں بات کر رہا ہے۔ کیونکہ رومان شاہ اور شاہ میر ملک کی یہ پہلی ملاقات تھی۔ رومان شاہ کو تو یہ بھی نہیں پتہ تھا کہ شاہ میر ملک زبیر کا بیٹا ہے۔

میرب ملک کے بارے میں بات کر رہا ہوں بہن ہے وہ میری اور میرا تعارف بھی میں کروادوں اے سی بھی شامیر ملک زبیر ملک کا بڑا بیٹا۔

رومان شاہ کو تھوڑا دھچکا لگا تھا یہ بات سن کر کہ میرب نے خودکشی کرنے کی کوشش کی مگر اس نے اپنے چہرے پر کوئی بھی تاثرات واضح ہونے نہیں دیے۔

میرے خیال سے اے سی پی صاحب یہ تو آپ اپنی بہن سے جا کر پوچھیں کہ اس نے خودکشی کرنے کی کوشش کیوں کی ہے۔

میں نے تو آپ کی بہن کو بہت سمجھانے کی کوشش کی کہ وہ اپنے گھر والوں کی عزت سنبھال کر اپنے گھر میں رکھے۔اور اس طرح کی کوئی حرکت نہ

کرے آپ میری طرف سے بے فکر رہو میں نے آپ کی بہن کو کوئی جھوٹا دلاسا نہیں دلایا۔اور نہ ہی میں اس میں انٹرسٹڈ ہوں۔۔۔

رومان شاہ میری بہن ابھی بہت چھوٹی اور معصوم ہے اس نے اپنے بچپنے میں اپنی جان لینے کی کوشش کی ہے میں تمہارے پاس ایک گزارش لے کر آیا ہوں کہ تم میری بہن سے نکاح کر لو۔اگر انٹرسٹڈ نہیں تھے تو ہو جاؤ۔کیونکہ جس طرح سے میری بہن نے تمہارے لیے اپنی جان لینے کی کوشش کی ہے

۔

وہ اس طرح کا پاگل پن دوبارہ بھی کر سکتی ہے اور اس سے میری بہن کی جان بھی جا سکتی ہے اور میں اپنی بہن سے بہت پیار کرتا ہوں۔

اورا گر میں نکاح نہ کروں تو۔۔۔تو پھر میں اپنی بہن کی خوشیوں کے لیے کچھ بھی کر سکتا ہوں۔

رومان شاہ تجھے میری بہن سے ہر صورت میں نکاح کرنا پڑے گا۔۔۔۔کیوں تیرے باپ کا راج ہے جو تیرے کہنے پر تیری بہن کے ساتھ نکاح کروں۔بکواس بند کرو رومان شاہ میرے باپ پر مت جانا۔۔۔وہ رومان شاہ کے سر پر گن تانے ہوئے کھڑا تھا۔

اے سی پی اس کھلونے کو پیچھے کر اس سے کسی اور کو ڈرانا۔۔۔رومان شاہ نے ایسے کھلونے بہت دیکھے ہیں مجھے اس سے ڈرانے کی کوشش مت کرو۔۔۔میری بہن زندگی اور موت کے بیچ میں جھول رہی ہے نکاح تو تجھے ہر صورت کرنا پڑے گا۔۔ہاہاہا چل پھر کروا کے دیکھا میں بھی تو دیکھوں کہ

بنا رومان شاہ کی مرضی کے تو نکاح کیسے کرواتا ہے۔رومان شاہ اب اپنی ضد پر آگیا تھا۔

۔رومان شاہ سنا ہے کہ تیری بہن بہت خوبصورت اور معصوم ہے۔۔کمینے میں تجھے جان سے مار دوں گا اگر میری بہن کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھا تو رومان شاہ نے اے سی پی کو گریبان سے پکڑتے ہوئے چلا کر کہا۔

چلا مت رومان شاہ جتنا تو اپنی بہن سے پیار کرتا ہے اتنا ہی میں بھی اپنی بہن سے پیار کرتا ہوں۔ تیری وجہ سے میری بہن زندگی اور موت کے بیچ میں جھول رہی ہے۔اے سی پی شامیر بھی چلاتے ہوئے اس کا گریبان پکڑے کھڑا تھا دونوں اپنی اپنی بہنوں کے لیے جان دینے کو تیار دے۔

تمہاری بہن میری وجہ سے نہیں اپنی کم عقلی کی وجہ سے زندگی اور موت کے بیچ میں جھول رہی ہے اگر وقت پر اسے صحیح اور غلط کا فرق سمجھایا ہوتا تو آج نوبت یہاں تک نہیں آتی۔

کمینے تو اس سب میں میری بہن کو مت گھسیٹ دوبارہ اپنی گھٹیا زبان سے میری بہن کا نام بھی مت لینا۔ کہاں تو رومان شاہ۔ شاہ میر پر تنزیہ ہنس رہا تھا اور کہاں اس وقت اس کی آنکھوں میں خون اترا ہوا تھا۔

ہاہاہا اب شامیر ہنسا تھا رومان شاہ تمہاری بہن میرے قبضے میں ہے اب تو پہلے میری بہن سے آکر نکاح کر اس کے بعد اپنی بہن سے ملنا۔۔ یہ الفاظ نہیں تھے رومان شاہ کو ایسے لگا جیسے اس کے پورے وجود پر کسی نے پٹرول پھینک کر آگ لگا دی ہو۔

کمینے اپنی بکواس بند کر اور اگر یہ تو نے مذاق کیا ہے تو انتہائی گھٹیا مذاق تھا ۔رومان شاہ۔اے سی پی کو گریبان سے پکڑتے ہوئے اسے اپنے آفس کی ٹیبل پر دبائے ہوئے کھڑا تھا۔اے سی پی نے دوسرے ہاتھ سے داؤ کھیلتے ہوئے رومان شاہ کو نیچے کر دیا خود اوپر آ گیا۔

رومان شاہ سمجھنے کی کوشش کر تیرے پاس اور کوئی چارہ نہیں ہے سوائے اس کے کہ تو میری بہن سے نکاح کرے کیوں کہ اگر تیری بہن کے اغوا ہونے کی خبر باہر آئی تو بدنامی تمہاری بہن کی بھی ہو گی۔میرے خیال سے تو اتنا بے وقوف تو نہیں ہے کہ اپنی بہن کی بدنامی ہونے دے۔اب تمہارے ہاتھ میں ہے کہ تم اپنی بہن کی بدنامی ہونے سے بچالو۔لڑکیوں کی عزت کتنی نازک ہوتی ہے اتنا تو جانتے ہو گے۔

کتے میں کیسے یقین کرلوں کہ میری بہن تمہارے قبضے میں ہے کیونکہ میری بہن تیری بہن کی طرح آوارہ نہیں ہے اور نہ ہی وہ گھر سے باہر جاتی ہے۔۔

۔رومان شاہ اپنی زبان کو لگام دے میری بہن کے بارے میں غلط بولا تو میں تیری زبان کھینچ لوں گا شاہ میر کی آواز پورے آفس میں گونج رہی تھی۔

اور رہی اس بات کا ثبوت دینے کی کہ تیری بہن میرے قبضے میں نہیں ہے تو تیری یہ غلط فہمی ابھی دور کرتا ہوں۔

اے سی پی نے اپنے موبائل سے ایک نمبر ڈائل کیا اور فون کو سپیکر پر ڈال دیا کچھ دیر بعد ایک عورت کی بھاری سی آواز سنائی دی۔

سکینہ بی بی لڑکی سے بات کرواؤاس کا بھائی بات کرنا چاہتا ہے۔لے کر اپنی بہن سے بات اے سی پی نے رومان شاہ کے آگے فون کیا تو رومان شاہ نے کھا جانے والی نظروں سے فون کو غصے سے پکڑا۔

ہیلو مرہا۔۔بھائی بھائی ان لوگوں نے مجھے زبردستی مال سے اپنی گاڑی میں بٹھالیا ہے۔بھائی آپ مجھے لے جائیں مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے۔مرہا کی ڈری اور سہمی اور روتی ہوئی آواز رومان شاہ کے کانوں میں پڑی تو رومان شاہ کے کلیجے میں آگ لگ گئی۔

مرہا بہت ڈرپوک سی لڑکی تھی رومان شاہ تو گھر میں اس کے ساتھ اونچی آواز سے بات تک نہیں کرتا تھا۔کیونکہ وہ اونچی آواز سے بہت گھبراتی اور ڈر جایا کرتی تھی۔

مرہامیرا بچہ گھبرانا نہیں آپ نے۔آپ کا بھائی آپ کو آکر لے جائے گا
۔بھائی پلیز جلدی آجائیں مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے۔آپ نے ڈرنا نہیں ہے
آپ کا بھائی ہے نار ومان شاہ اپنی بہن کو تسلی دے رہا تھا۔

رومان شاہ اپنی بہن سے کتنا پیار کرتا ہے اس کی تڑپ اس کے چہرے سے
صاف نظر آرہی تھی۔

شاہ میر کے دل کو تسلی ہوئی کہ اب اس کی بہن کی زندگی خطرے سے باہر
ہے کیونکہ وہ اپنے منصوبے میں کامیاب ہو چکا تھا۔

رومان شاہ کا بائیو ڈیٹا نکلوا کر وہ اتنا تو وہ سمجھ گیا تھا کہ یہ بندہ کسی بھی چیز سے
ڈرنے والا نہیں اس کی کمزوری اس کی ماں اور بہن ہے شاہ میر نے اسی

کمزوری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی بہن کی زندگی کا سودا رومان شاہ سے کر لیا

--

چلو رومان شاہ باقی کی بات نکاح کے بعد ہو گی اے سی پی نے رومان شاہ کے ہاتھ سے فون لے کر بند کر کے اپنی جیب میں ڈال لیا تھا۔ لمس جنون

oooooo

ویسے افسوس ہے اے سی پی مجھے تیری سوچ پر تو بجائے کہ اپنی بہن کو سمجھاتا مگر میں تجھ سے سمجھانے کی امید ہی کیوں کر رہا ہوں۔ اگر تو سمجھانے کے لائق ہوتا تو آج یہ نوبت ہی نہیں آتی اپنی بہن کی اگر اچھی پرورش کی ہوتی تو آج تجھے یہ سب بے غیرتیاں کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔

رومان شاہ حد میں رہ اگر حد سے بڑھے گا تو حدود سے باہر نکلنا مجھے بھی آتا ہے۔اگر تو میری بہن کی پسند نہ ہوتا تو میں تجھے ابھی بتا دیتا کہ ایسی پی شاہ میر کس چیز کا نام ہے۔اگر دوبارہ اپنی زبان سے میری بہن کے لیے کوئی غلط الفاظ نکالا تو خدا کی قسم تمہارے حلق سے زبان باہر کھینچ لوں گا اے سی پی شامیر دھاڑا تھا۔میں بھی تجھے جان سے مار ڈالوں گا اگر میری بہن کو کوئی تکلیف ہوئی تو وہ بھی رومان شاہ تھا اے سی پی کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے ہوئے کھڑا تھا۔

یہ تو اب تجھ پہ ڈیپنڈ کرتا ہے کہ تو اپنی بہن کو تکلیف دینا چاہتا ہے یا نہیں۔رومان شاہ مجھے میری بہن کی خوشیاں چاہیے جو تم سے جڑی ہوئی ہیں تم میری بہن سے نکاح کر لو اور میری بہن کی زندگی بچا لو۔

تو میں بدلے میں تمہاری بہن کو باحفاظت تم تک پہنچا دوں گا اے سی پی نے رومان شاہ کے سامنے اپنی ڈیل رکھی تھی۔میں تمہاری یہ گھٹیا بات کبھی

بھی نہیں مانوں گا۔ میں نہ آج تمہاری بہن سے نکاح کروں گا نہ کل نہ قیامت تک مجھے تمہاری بہن میں کوئی انٹرسٹ نہیں ہے۔اور تمہاری نہ ہی تمھاری بہن کی کم عقلی کی سزا بھگتنا چاہتا ہوں ساری زندگی اس کو اپنے گلے کا طوق بنا کر۔ رومان شاہ حد میں رہ کتنی بار کہا ہے کہ میری بہن کے بارے میں سوچ سمجھ کر بول اپنی جان سے بھی زیادہ پیار کرتا ہوں اپنی بہن کو پتہ نہیں اس پاگل کا دل تجھ جیسے اڑیل گھوڑے پر کیسے آگیا ہے۔

تو تو پھر جا کر اپنی بہن کو بتا کہ ہر چیز بکاؤ نہیں ہوتی ہر چیز مال میں رکھے ہوئے اس کے کاسمیٹکس کی چیز جیسی نہیں جہاں پر اس کا بھائی پیسے پھینکے گا اور وہ چیز اس کے نام کر دی جائے گی۔

کیوں تو اپنی اس بہن کے خلاف کوئی غلط بات نہیں سن سکتا جو اس سارے فساد کی جڑ ہے اور جو گھٹیا انسان تو نے جو حرکت کی ہے میری بہن کو اغوا کر کے جس کا اس سارے ڈرامے میں کوئی لینا دینا نہیں تھا۔

اس کا جواب دے کون ہے۔ رومان شاہ کے کلیجے میں آگ لگی ہوئی تھی یہ سوچ سوچ کر کہ اس کی معصوم بہن کو اے سی پی نے اغوا کروایا ہے۔

رومان شاہ تمہاری بہن پر آنچ بھی نہیں آنے دوں گا یہ وعدہ ہے میرا تمہاری بہن کو اغوا کرنا میری مجبوری تھا۔ کیونکہ تیرے جیسے اڑیل گھوڑے کو اور کوئی زبان سمجھ میں آنے والی نہیں تھی اور مجھے اپنی بہن کی زندگی کسی بھی قیمت پر چاہیے۔

بہت اچھی بات ہے اے سی پی کہ میری بہن کو کوئی نقصان نہ پہنچے ورنہ قسم سے تو اے سی پی ہو گا اپنے گھر میں،، تیرے سینے میں تیرے ہی پسٹل کی ساری گولیاں اتار دوں گا۔

میری بہن بہت معصوم ہے اس کو سب سے دور رکھ۔اور بہتر ہے کہ تو جا کر اپنی بہن کو سمجھا کہ یوں شادی بیاہ زبردستی نہیں کیے جاتے۔

اگر تو زبردستی اس کا نکاح میرے ساتھ کروا بھی دے گا تو اے سی پی میں گارنٹی دیتا ہوں کہ تمہاری بہن میرے ساتھ کبھی بھی خوش نہیں رہ سکتی۔

رومان شاہ اس کی فکر تو مت کر تو میری بہن کو ہر صورت خوش رکھے گا۔کیوں تجھے کوئی منتر آتا ہے جو تم مجھ پر پڑھ کر پھونکے گا اور میں تیری بولی بولنے لگوں گا رومان شاہ نے اے سی پی پر کو طنز مارا تھا۔

ہاں تو ایسا ہی سمجھ کہ مجھے منتر آتا ہے جو میں تجھ پر پڑھ کر پھونکوں گا اور تو میری بہن کا خیال رکھے گا سوچ اگر میں اپنی بہن کی خوشیوں کے لیے تیرے جیسے اڑیل گھوڑے کے دروازے تک آسکتا ہوں۔

تو اپنی بہن کی آنے والی زندگی کو خوشیوں سے بھرنے کے لیے میں کیا کیا کر سکتا ہوں اے سی پی کے دماغ میں ایک بہت بڑا پلان چل رہا تھا۔اب میرے خیال سے دیر نہیں کرنی چاہیے کیونکہ جتنی دیر تو نکاح میں کرے گا اتنی ہی دیر تمہاری وہ معصوم بہن ڈری ہوئی میری کسٹڈی میں رہے گی۔اور میرا نہیں خیال کہ تم اتنے نہ سمجھ ہو کہ تمہیں یہ نہ پتہ ہو کہ میری پہنچ کہاں تک ہے اور میں کیا کر سکتا ہوں۔

ٹھیک ہے اے سی پی میں تیری شرط مان لیتا ہوں مگر اس وقت تم میری بہن کو میرے ساتھ بھیج دو میں وعدہ کرتا ہوں کل تمہاری بہن سے نکاح کر لوں گا۔ہاہاہا،رومان شاہ اے سی پی کو پاگل سمجھ رکھا ہے۔

پہلے تو میری بہن سے نکاح کرے گا اس کے بعد ہی میں تمہاری بہن کو تمہارے حوالے کروں گا اے سی پی نے جس انداز سے رومان شاہ سے کہا تھا رومان شاہ کبھی بھی اس کے آگے گٹھنے نہیں ٹیکتا اگر اس وقت اسے اپنی بہن کی عزت کی فکر نہ ہوتی تو۔ وہ اپنی بہن کے ساتھ کوئی رسک نہیں لے سکتا تھا ۔اس لیے مجبوراً اسے اے سی پی کی بات ماننی پڑی۔۔

اے سی پی رومان شاہ مولوی اور گواہوں کو لے کر ہاسپٹل میں پہنچا تو شاہ میر کی ماں حیرانی سے مولوی اور گواہوں کو دیکھ رہی تھی شامیر یہ سب کیا ہے اور تم کیا کرنے والے ہو مجھے بھی کچھ بتاؤ وہ شاہ میر کے بازو کو پکڑ کر ہوئے بہت حیرانی سے پوچھ رہی تھی۔

ماما میرب کا نکاح ہے رومان شاہ کے ساتھ اور باقی کے سوال وجواب آپ بعد میں کرنا میں آپ کے سب سوالوں کا جواب دے دوں گا۔ مگر شاہ میر ہم میرب کا نکاح اس طرح کیسے کر سکتے ہیں تمہارے بابا کی غیر موجودگی میں انہیں تو اس سارے معاملے میں کچھ بھی نہیں پتہ ہے۔

ماما پلیز اس وقت آپ کو سچویشن کا نہیں پتا بس اتنا بھروسہ رکھیں کہ آپ کا بیٹا کبھی بھی اپنی بہن کے ساتھ کچھ غلط نہیں ہونے دے گا اتنی تسلی رکھیے مجھ پر اور پلیز میرب کے نکاح کی اجازت دے دیں۔

مگر ابھی تو میرب کو ہوش بھی نہیں آیا کوئی بات نہیں آجائے گا تو کیا تب تک میں یہاں پر بیٹھا تمہاری بہن کے ہوش میں آنے کا انتظار کرتا رہوں رومان شان جو پاس ہی کھڑا تھا میرب کے حوش میں نہ آنے کی بات سن کر ایٹیٹیوڈ سے بولا۔

میرے خیال سے رومان شاہ اس وقت تم ایسی سچویشن میں نہیں ہو کہ تم میرے ساتھ کسی بھی طرح کی بحث کر سکو اے سی پی رومان شاہ کے پاس ہوتے ہوئے کاندھے کے پاس جا کر کان میں سرگوشی کر رہا تھا۔

رومان شاہ نے کہر برساتی ہوئی نظروں سے اے سی پی کی طرف دیکھا تھا۔ تقریبا آدھے گھنٹے کے بعد ہی سسٹر نے باہر آکر بتایا کہ پیشنٹ کو ہوش آگیا ہے اب آپ لوگ ان سے مل سکتے ہیں مگر پیشنٹ کے پاس زیادہ رش نہیں کرنا۔

شامیر سب سے پہلے میرب کے روم میں گیا۔ میرب شاہ میر کو دیکھ کر کافی گھبرا گئی تھی چاہے اس کا بھائی اس سے جتنا بھی پیار کرتا ہو مگر اس نے جو حرکت کی تھی اس کی وجہ سے کہیں نہ کہیں اس کے دماغ میں یہ ڈر تھا کہ جب اس کے بھائی کو یہ سب پتہ چلے گا تو وہ کتنا ناراض ہو گا۔

جو بھائی اسے پلکوں پر بٹھائے رکھتا اس کی ناراضگی بھلا میرب کیسے برداشت کر سکتی تھی۔ میرب میری طرف دیکھو بیٹا جب یہ سب کرتے ہوئے آپ نے اپنے بھائی کا اور ماں باپ کا نہیں سوچا تو اب بیٹا شرمندہ ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

میرب نے شاہ میر کو دیکھ کر شرم سے اپنی نظریں اور چہرہ دوسری طرف کر لیا تھا۔ آئی ایم سوری بھائی مجھے معاف کر دیں میرب نے بہت ہی شرمندہ ہوتے ہوئے کم آواز میں بولا تھا۔ کر دوں گا پہلے یہ بتاؤ کہ آپ رومان شاہ کے ساتھ خوش رہ لیں گی۔ میرب نے شرم سے نظریں جھکائے ہوئے کہا ۔بھائی آپ یہ سب کیسے جانتے ہیں میں نے تو یہ بات کسی کو نہیں بتائی۔

میرا بچہ ایک پولیس والا ہوں اگر پورے شہر کی خبر رکھ سکتا ہوں تو اتنا غافل تو نہیں ہو سکتا کہ اپنی چھوٹی بہن کے بارے میں مجھے کچھ بھی پتہ نہ چلے۔

ہاں مانا تھوڑا غافل رہ گیا لیٹ پتہ چلا مگر اس وقت میں سب کچھ جانتا ہوں اس لیے بنا بات کو بدلے ہوئے بیٹا آپ میری بات کا جواب دیں کیا آپ سچ میں رومان شاہ کے لیے بہت سیریس ہیں۔

بھائی اس سب میں اس کا کوئی قصور نہیں ہے آپ کو میری قسم آپ شاہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچائیں گے۔ پتہ نہیں کیوں ایک دم سے میرب کے دل میں یہ ڈر اٹھا کہ اس کا بھائی آخر ایک پولیس والا ہے کہیں وہ رومان شاہ کو اپنی بہن کی خودکشی کا ذمہ دار سمجھ کر اسے کوئی نقصان نہ پہنچا دے۔

اوکے ہو گیا اب کسی بھی جواب کی ضرورت نہیں ہے میں سمجھ گیا کہ وہ شخص میری بہن کے لیے بہت خاص ہو گیا ہے۔ بھائی آپ کیا کرنے والے

ہیں آپ کی باتوں سے مجھے ڈر لگ رہا ہے۔ کوئی بات نہیں میرا بچہ تھوڑی دیر میں آپ کا سارا ڈر ختم ہو جائے گا فیحال تو آپ اپنے سر پر دوپٹہ لیجئے۔

مگر بھائی کیوں؟؟

کیونکہ آپ کا نکاح ہے رومان شاہ کے ساتھ۔۔ بھائی وہ اس نکاح کے لیے کبھی نہیں مانے گا۔۔ اگر کھڈوس مان جاتا تو آج میں اس حال میں تھوڑی ہوتی میرب نے تھوڑی اونچی آواز میں بڑبڑایا جسے شامیر نے سن لیا تھا۔۔ میرا بچہ اگر آپ نے سارے معاملے میں پہلے ہی اپنے بھائی کو انوالو کر لیا ہوتا تو وہ ضرور مانتا اور میرا بچہ آپ کو خود کو اتنی تکلیف بھی دینے کی ضرورت نہ پڑتی۔۔

ڈاکٹر ہما۔۔تھینک یو سر

ڈاکٹر شاہ زیب۔۔۔۔جوائن کر لیا آپ نے

ڈاکٹر ہما۔۔۔جی سر

ڈاکٹر شاہ زیب۔۔۔تو ویلکم ٹو مائی ٹیم

ڈاکٹر ہما۔۔۔تھینک یو سو مچ سر آپ کے ساتھ آپ کی ٹیم میں کام کرنا میرے لیے باعث فخر ہو گا۔۔

ڈاکٹر ہما کا ٹرانسفر سول ہاسپٹل کراچی سے ہو کر جناح ہاسپٹل کراچی میں ہوا تھا۔اور وہ ڈاکٹر شازیب کی جونیئر تھی۔۔ڈاکٹر شاہ ہما نے ڈاکٹر شاہ زیب کے انڈر رہ کر کام کرنا تھا۔۔ڈاکٹر شاہ زیب کے ٹریننگ یافتہ ڈاکٹرز بہت کامیاب ہوتے تھے۔

اس لیے ڈاکٹر ہما کی یہ خواہش تھی کہ وہ ڈاکٹر شاہ زیب کے زیر سایہ رہ کر اپنی ٹریننگ حاصل کرے۔اس لیے وہ بہت مہینوں سے یہ جدوجہد کر رہی تھی کہ اسے یہ موقع مل سکے۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب کی ٹیم کا حصہ بننے کے لیے ڈاکٹر ہما نے کافی ساری سفارشیں بھی کروائی تھی۔

ڈاکٹر شاہ زیب ایک بہت ہی بہترین اور کامیاب سرجن تھا۔۔اس لیے ڈاکٹر ہما خود کو بہت خوش قسمت سمجھ رہی تھی کہ اسے یہ موقع حاصل ہوا ہے کہ وہ ڈاکٹر شاہ زیب سے ٹریننگ حاصل کر لے سکے۔۔

ہزاروں لوگ یہ خواہش رکھتے تھے کہ وہ ڈاکٹر شاہ زیب کے ساتھ کام کر کے ٹریننگ حاصل کریں مگر سب کو یہ موقع میسر نہیں ہوتا تھا۔۔
چند ایک گنے چنے لوگ ہی ڈاکٹر شاہ زیب کی ٹیم میں شامل ہو کر ٹریننگ حاصل کر پاتے تھے۔۔

آیئے ڈاکٹر ہما آپ ہماری واٹ کے مریضوں سے ملاقات کیجئے۔۔اور ان سے ان کے مسائل کے بارے میں پوچھیں۔۔۔ان سے پوچھیں کہ دل کی بیماری میں مبتلا ہو کر انہیں کون کون سی پرابلم کو فیس کرنے پڑتا ہیں۔

اور یہ ہمارے ہاسپٹل کے علاج سے کتنے پرسنٹ مطمئن ہیں۔۔آج آپ کا ہو گا۔ڈاکٹر شاہ زیب نے ڈاکٹر ہما کو واڈ کے سب مریضوں lesson یہی سے ملاقات کر کے ان سے ان کی پرابلمز پوچھنے کے لیے کہا تھا۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب اس وقت جینز کی پینٹ کے اوپر لائٹ براؤن کلر کی ٹی شرٹ پہنے ہوئے اس کے اوپر وائٹ کلر کا ڈاکٹرز والا کوٹ پہن کر بہت ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔۔اور گلے میں سٹیتھو سکوپ ڈالے ہوئے وہ اور بھی ڈیشنگ لگ رہا تھا۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب کا شمار بہت ہی ہینڈسم اور خوبصورت ڈاکٹرز میں کیا جاتا تھا۔۔ڈاکٹر شاہ زیب اپنے کام کو پیشن سمجھ کر کرتا تھا۔۔اسی لیے وہ اپنی فیلڈ میں بہت کامیاب تھا۔۔اور اس کا نام بہت ہی نام ور ڈاکٹرز میں شمار کیا جاتا تھا۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب کا آج سارا دن بہت ہی مصروف گزرا تھا۔۔آج اس کی ہاسپٹل میں ڈبل ڈیوٹی تھی اس لیے پورا دن مریضوں کے ساتھ بہت مرض مصروف رہا۔۔اور آج اس کی او پی ٹی میں بھی جھوٹی تھی تو سانس لینے تک کا بھی ب اسے ٹائم نہیں مل سکا تھا۔۔

رات کے تین بج رہے تھے ڈاکٹر شاہ زیب کو کافی نیند اور تھکن محسوس ہو رہی تھی تو اس میں اپنی کینٹین سے کافی آرڈر کی تھی۔۔۔اسی وقت ڈاکٹر ہما پاس سے گزرتی ہوئی جا رہی تھی۔۔اس کا آج ہاسپٹل میں پہلا دن تھا۔۔

اور پہلی ہاسپٹل میں نائٹ ڈیوٹی۔۔اس لیے وہ بھی کافی تھکن محسوس کر رہی تھی۔۔تو پاس سے گزرتے ہوئے اس نے ڈاکٹر شازیب سے کہا تھا کہ ڈاکٹر شازیب پلیز میرے لیے بھی ایک کافی آرڈر کر دیجئے گا اف یو ڈونٹ مائن۔۔نو نو اٹ ازاوکے میں آپ کے لیے بھی آرڈر کر دیتا ہوں آپ فری ہو کر میرے آفس میں آجائیں مل کر کافی پیتے ہیں۔۔۔ڈاکٹر شاہ زیب اور

ڈاکٹر ہما آفس میں بیٹھے ہوئے رات کے تین بجے کافی پی رہے تھے اور ساتھ میں اپنے کام کے حوالے سے کچھ باتیں ڈسکس کر رہے تھے۔۔

کے ڈاکٹر شاہ زیب کا فون رنگ ہوا۔ڈاکٹر زشاہ زیب نے ہاتھ بڑھا کر اپنے سامنے ٹیبل پر رکھا ہوا فون اٹھایا اور سکرین پر نظر ڈالی۔۔تو سامنے رومان شاہ کا نمبر سکرین پر دیکھ کر ڈاکٹر شاہ زیب پریشان ہو گیا تھا۔۔

رات کے تین بج رہے تھے اور اس وقت رومان شاہ کا فون آنے کا مطلب تھا کہ اس کے گھر میں کچھ نہ کچھ ایمر جنسی ہے۔۔اور شاہ زیب کا شک اس کی ماں پر گیا تھا۔کہ شاید اس کی امی کی طبیعت ٹھیک نہ ہو اسی لیے رومان شاہ رات کے تین بجے اسے فون کر رہا تھا۔۔

کیونکہ اکثر رومان شاہ کی ماں کی طبیعت خراب رہتی تھی۔۔اور جب کبھی بھی رات کو ان کو کوئی مسئلہ ہوتا تو رومان شاہ ڈاکٹر شاہ زیب کو ہی بلا یا لیا کرتا

تھا۔۔کیونکہ بی پی وغیرہ چیک کر کے وہ میڈیسن وغیرہ ریکمنڈ کر دیا کرتا تھا۔۔شاہ زیب اکثر ہنسا کرتا تھا۔کہ رومان شاہ تم نے تو مجھے اپنا فیملی ڈاکٹر ہی بنالیا ہے۔

ڈاکٹر شاہ زیب ایوری تھنگ اوکے نا۔۔ڈاکٹر شاہ زیب کے چہرے پر پریشانی کے تاثرات دیکھ کر ڈاکٹر ہما نے سوال کیا تھا۔۔جی جی بس ایک دوست کا فون آرہا ہے تو اس لیے پریشان ہو گیا کہ کوئی ایمرجنسی تو نہیں ہے۔۔۔ٹھیک ہے ڈاکٹر آپ آرام سے بات کریں میں وارڈ میں جارہی ہوں۔۔نہیں ڈاکٹر ہما پلیز آپ بیٹھیں میں باہر جا کر بات کر لیتا ہوں آپ آرام سے کافی پیے۔۔اریو شور۔۔جی جی بلکل۔۔ڈاکٹر شازیب ڈاکٹر ہما کو آفس میں بیٹھ کر کافی پینے کا کہہ کر۔رومان شاہ کا فون اپنے کان کو لگائے ہوئے آفس روم سے باہر آگیا تھا۔۔۔

السلام علیکم رومان خیریت تو ہے نا اس وقت فون ماں جی کی طبیعت ٹھیک ہے۔۔اگر تم اپنی بریک لگاؤ گے تو میں بتاؤں گا نا کہ پرابلم کیا ہے۔۔ڈاکٹر شاہ زیب کو فکر ہو رہی تھی۔۔اس لیے اس نے رومان شاہ کے فون اٹھاتے ہی رومان شاہ سے سوال کرنے شروع کر دیے تھے۔۔۔اور رومان شاہ جو اس وقت بہت ہی پریشان اور کڑی سچویشن میں پھنسا ہوا تھا۔اس لیے وہ ڈاکٹر شاہ زیب کے سوالوں سے بھڑک اٹھا تھا۔۔

ویسے بھی رومان شاہ کے دونوں دوست رومان شاہ کے نیچر سے بہت اچھی طرح سے واقف تھے۔ان کو پتہ تھا کہ رومان شاہ غصے کا بہت تیز ہے۔ اور غصہ تو ہر وقت اس بندے کے ناک پر رہتا تھا۔۔اس لیے رومان شاہ کے غصے پر ڈاکٹر شاہ زیب نے کوئی بھی ری ایکٹ نہیں کیا تھا۔۔۔

جی جناب بتائیں میں نے اپنی بریک لگالی ہے۔۔اب بتائیں کہ مسئلہ کیا ہے۔۔ڈاکٹر شازیب نے بڑے ہی مودبانہ انداز سے کہا تھا۔۔

رومان شاہ۔۔۔اگر کسی کو بھیگنے کی وجہ سے ٹھنڈ لگ جائے۔اور وہ بے ہوش ہو جائے تو۔اسے ہوش میں کیسے لاتے ہے؟

ڈاکٹر شاہ زیب۔۔۔۔کون بے ہوش ہو گیا ہے اور کسے ہوش میں لانا ہے پہلے مجھے یہ تو بتاؤ؟

رومان شاہ۔۔۔تو میں اس سے مطلب؟

ڈاکٹر شاہ زیب۔۔۔۔یار حد ہو گئی ہے ڈاکٹر ہوں اب مریض کے بارے میں پوچھنا بھی گناہ کبیرہ ہو گیا ہے۔

رومان شاہ۔۔۔تمہیں جاننے کی کوئی ضرورت نہیں ہے تم صرف مجھے اتنا بتاؤ کہ مریض کو ہوش میں کیسے لایا جا سکتا ہے۔

ڈاکٹر شاہ زیب۔۔۔۔یار یہ تو مریض کی کنڈیشن پر ڈیپینڈ کرتا ہے۔پہلے تو تم مجھے مریض کی کنڈیشن بتاؤ اور بتاؤ کہ اسے ٹھنڈ کیسے لگی۔۔

رومان شاہ۔۔۔وہ بارش میں بھیگ گئی تھی۔

اصل میں رومان شاہ کو بہت زیادہ ہچکچاہٹ ہو رہی تھی۔۔۔وہ ڈاکٹر شاہ زیب سے کھل کر میرب کے بارے میں بات نہیں کر پا رہا تھا۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب۔۔۔رومان شاہ پلیز تم ریلیکس ہو کر مجھے پوری بات بتاؤ۔تب ہی میں تمہاری کوئی مدد کر سکتا ہوں۔ڈاکٹر شازیب رومان شاہ کی ہچکچاہٹ کو محسوس کرتے ہوئے بولا تھا۔۔

رومان شاہ نے ایک لمبی سانس لے کر خود کو تھوڑا ریلیکس کرنے کی کوشش کی تھی۔۔شاہزیب تمہاری بھابھی بارش میں بہت زیادہ بھیگ گئی تھی۔اس کی وجہ سے ان کو ٹھنڈ لگ گئی ہے اور وہ بے ہوش ہیں اور اب تم مجھے بتاؤ کہ میں اسے ہوش میں کیسے لاؤں۔۔۔

ہمم یار پہلی ہی رات ہی بھابی کو ٹھنڈ لگادی اور وہ بیچاری بے ہوش ہو گئی ہیں ڈاکٹر شاہ زیب نے مذاق والے انداز سے کہا تھا۔۔

شاہ زیب کوئی بھی نہ گزیر مذاق مت کرنا۔۔رومان شاہ نے سخت انداز میں کہا تھا۔۔رومان یار اگر تمہیں برا لگا تو سوری میرا ایسا کوئی بھی ارادہ نہیں تھا

۔۔

اب بتاؤ کہ بھابھی کو کیا ہوا ہے۔شاز یب وہ بارش میں بہت دیر تک بھیگتی رہی تھی اور اس وقت وہ بے ہوش پڑی ہیں اور اس کا رنگ نیلا پڑ چکا ہے۔

رمان شاہ نے ٹھہر ٹھہر کر جملے ادا کیے تھے۔رومان شاہ بہت ہی الگ مزاج کا انسان تھا۔۔اسے اپنی گھر کی عورتوں کی باتیں اپنے دوستوں سے کرنا پسند نہیں تھا۔۔ مگر اس وقت مجبوری کے تحت سوائے ڈاکٹر شازیب کی بات کرنے کے اس کے پاس اور کوئی چارہ نہیں تھا۔۔۔۔رومان اگر رنگ نیلا پڑ

گیا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ بھابھی کی کنڈیشن کافی خراب ہے۔۔ڈاکٹر شاہ زیب میرب کی کنڈیشن کو سمجھتے ہوئے گھبرا گیا تھا۔۔

یار وہ تو مجھے بھی نظر آرہا ہے کہ اس کی کنڈیشن خراب ہے۔ تم مجھے بتاؤ کہ اب مجھے کرنا کیا ہے رومان شاہ ڈاکٹر جہانزیب کے گھبرائے ہوئے لہجے کو سن کر خود بھی اور زیادہ گھبرا گیا تھا۔۔۔

بھابی کے کپڑے فوراً چینج کروا دیے تھے۔۔۔ نہیں کپڑے تو ابھی تک نہیں چینج کیے۔۔۔ کیا۔۔۔ کیا میں نے فارسی میں بولا ہے جو تمہیں سمجھ میں نہیں آیا۔۔ڈاکٹر شاہ زیب کے چونک کر کیا کہنے پر رومان شاہ کو غصہ آگیا تھا۔۔

یار سب سے پہلے بھابھی کے گیلے کپڑے چینج

کرواؤ۔۔اس کے بعد میں کچھ اور بتاؤں گا۔۔رومان شاہ نے فورن فون بند کر دیا تھا۔۔اور میرب کے بریف کیس کو کھولا جو آج اس کی رخصتی کے وقت اس کی ماں نے میرب کے کپڑوں سے بھر کر بھجوایا تھا۔۔۔

اس میں سے ایک کیجول ساڈریس نکال کر سوٹ کے بند کر دیا تھا۔۔۔سوٹ کو لے کر جلدی سے میرب کے پاس آیا مگر پھر رومان شاہ کے میرب کی طرف بڑھتے ہوئے قدم ایک دم سے رک گئے تھے۔۔میں اس کو کپڑے کیسے پہنا سکتا ہوں۔رومان شاہ کے ذہن میں یہ بات آئی تھی۔۔ایک کام کرتا ہوں امی جان کو بلا کر لے آتا ہوں وہ آکر اس کو چینج کروا دیں۔۔۔نہیں اگر امی جان آئی تو وہ مجھے بہت ڈانٹے گی۔اور جو ٹینشن لے کر خود بیمار ہوں گی وہ الگ۔۔رومان شاہ نے اپنی اس بات کو بھی رد کر دیا۔۔ایک کام کرتا ہوں مرہا کو بلا کر لے آتا ہوں اسے کہتا ہوں اس کو چینج کروا دے۔۔۔مگر وہ روم کے گیٹ پر ہی رک گیا تھا۔۔

نہیں رومان شاہ تم کیسے اپنی چھوٹی بہن کو اپنے روم میں اس طرح سے بلا سکتے ہو وہ بھی جب میرب کی ایسی حالت ہے۔۔وہ کیا سوچے گی اپنے بھائی کے بارے میں رومان شاہ شرم کے مارے اپنے آپ سے ہی نظریں چرا گیا تھا۔۔کیا مصیبت گلے پڑ گئی ہے۔۔کیا ضرورت تھی مجھے اس کو روم سے باہر نکالنے کی۔۔وہ غصے سے اکیلا ہی بولے جا رہا تھا۔۔۔

ایک کام کرتا ہوں گھر کی کسی میڈ کو بلا لیتا ہوں یہ ٹھیک رہے گا۔۔رومان شاہ نے دن کرتے ہوئے روم کا دروازہ کھولا اور میڈ کو بلانے کے لیے سروس کوارٹرز کی طرف چلنے ہی لگا تھا۔۔کہ اس کے دماغ میں ایک اور نئی بات نے جنم لیا۔۔

اب وہ یہ سوچ رہا تھا کہ اگر وہ آدھی رات کو گھر کی میڈ کو بلا کر لائے گا۔۔تو وہ میرب کے کپڑے تو چینج کر دے گی۔۔لیکن وہ میرب کو پہلے ہی دن دلہن بنے ہوئے۔اس حالت میں دیکھے گی تو طرح طرح کی باتیں بنے گی

نوکروں کے درمیان۔۔یہ سوچ کر رومان شاہ نے اپنے قدم واپس اپنے روم کی طرف لے لیے تھے۔۔۔

اور روم کا دروازہ بند کرتا ہوا واپس میرب کے پاس آکر کھڑا ہو گیا۔۔لڑکی تم تو پہلے دن ہی میرے لیے عذاب بن گئی ہو۔۔مجھے تو ایسا لگتا ہے کہ میں نے تمہیں کیا ٹارچر کرنا ہے۔۔تم اپنے دل میں یہ عہد لے کر آئی ہو کہ تم مجھے ٹارچر کرو گی۔۔

رومان شاہ میرب کو دیکھ کر غصے سے بول رہا تھا۔۔اب رومان شاہ کے پاس اور کوئی چارہ نہیں تھا۔سوائے میرب کو خود چینج کروانے کے۔۔اور میرب کی حالت اس قدر خراب تھی کہ رومان شاہ اور زیادہ ویٹ بھی نہیں کر سکتا تھا۔۔اسے میرب کو کپڑے چینج کروا کر ڈاکٹر شاہ زیب سے اگلا سٹیپ بھی پوچھنا تھا۔۔

اس لیے خود کو بڑی مشکل سے مطمئن کرتا ہوا روم کی لائٹ آف کر کے۔۔بیڈ پر بے ہوش پڑی ہوئی میرب کے پاس آیا۔۔اور اس نے اپنے

ہاتھوں سے میرب کے لہنگے کے اوپر پہنی ہوئی چولی کی زپ کو آہستہ سے کھول دیا تھا۔۔اور اب وہ اس کے کندھوں سے شرٹ کو سرکا کر آہستہ سے شرٹ کو اوتار رہا تھا۔

شرٹ کو اتار کر میرب کو نئی شرٹ پہنا دی تھی اور اسی طرح اس سے باقی کے کپڑے بھی چینج کروا کر گیلے کپڑے باہر بیلکنی میں رکھ دیے تھے۔اپنی ماں کے ڈر سے کہ کہیں وہ گیلے کپڑے دیکھ کر سوال نہ کریں۔۔

میرب کے کپڑے چینج کروا کر اب رومان شاہ کمرے کی لائٹ آن کر چکا تھا۔۔پھر سے اس نے ڈاکٹر شاہ زیب کو فون ملایا۔۔ہاں بولو شازیب کپڑے چینج ہو گئے ہیں اب آگے کیا کرنا ہے۔۔اس کے ہاتھوں اور پیروں کو اپنی ہتھیلیوں سے رگڑو۔۔

فون کو چلتا رہنے دو ڈاکٹر شاہ زیب نے کہا تھا۔۔رومان شاہ کافی دیر تک میرب کے ہاتھ پاؤں کو اپنی ہتھیلیوں سے رگڑتا رہا تھا۔۔مگر میرب کے بے

جان جسم میں بالکل بھی جان نہیں آئی۔۔وہ برف کی طرح ٹھنڈی تھی۔۔رومان شاہ اب میرب کی حالت دیکھ کر کافی پریشان تھا۔۔

ڈاکٹر میرب کو ہوش نہیں آرہا وہ تو ہل بھی نہیں رہی کوئی ڈھنگ کا آئیڈیا ہے تو بتاؤ۔۔۔یار رومان حد کرتے ہو یہ ایک سیریس مسئلہ ہے میں تمہیں اس طرح سے کیسے کوئی بھی آئیڈیا دے دوں۔۔

تو ٹھیک ہے اگر تمہیں نہیں سمجھ آرہا تو لیڈی ڈاکٹر کو لے کر پہنچو میرے گھر۔رومان شاہ ڈاکٹر شاہ زیب پر چیخا تھا۔۔یار اس وقت میں لیڈی ڈاکٹر کو لے کر تمہارے گھر کیسے آؤں تم کسی طرح سے بھابھی کو لے کر ہاسپٹل آجاؤ۔۔ویسے بھی یار آج میں ہاسپٹل میں ہوں میری نائٹ ڈیوٹی ہے۔۔

مجھے کچھ نہیں پتا میں میرب کو لے کر ہاسپٹل نہیں آسکتا امی جان کو پتہ چل جائے گا۔۔اور وہ بہت ناراض ہوں گی۔اور بہت زیادہ پریشان بھی ان کی طبیعت خراب ہو جائے گی۔اور میں امی کی صحت کے ساتھ کوئی بھی رسک نہیں لے سکتا۔۔

توجب میں لیڈی ڈاکٹر کو لے کر تمہارے گھر آؤں گا۔تب آنٹی کو پتہ نہیں چلے گا۔۔نہیں میں پچھلی سائیڈ والا گیٹ کھول دوں گا تم چپ چاپ وہاں سے لیڈی ڈاکٹر کو لے کر آجانا رومان شاہ کے پاس ہر بات کا حل موجود تھا۔۔یار میں اس وقت ہاسپٹل سے کیسے نکل سکتا ہوں میری ڈیوٹی ہے۔۔شاہ زیب تم مجھے انکار کر رہے ہو۔۔نہیں یار اپنی پریشانی بتا رہا ہوں۔۔۔تم اس وقت میری پریشانی کو حل کرو اپنی پریشانیاں بعد میں رو لینا۔۔۔ٹھیک ہے فون بند کرو میں کرتا ہوں کچھ ڈاکٹر شاہ زیب نے رونے دینے والی آواز سے فون بند کیا تھا۔۔۔

کچھ دیر بعد ڈاکٹر شاہ زیب ڈاکٹر ہما کو لے کر رومان شاہ کے گھر پہنچ گیا تھا۔

ڈاکٹر شاہ زیب بیچارا ہاسپٹل میں یہ جھوٹ بول کر آیا تھا۔

کہ اس کے گھر میں کوئی ایمرجنسی ہو گئی ہے اور بطور لیڈی ڈاکٹر وہ ساتھ میں

ڈاکٹر ہما کو لے کر آیا تھا۔۔رومان شاہ نے ڈاکٹر شازیب کا فون آتے ہی بیک

سائیڈ والا گھر کا دروازہ آہستہ سے کھول کر ڈاکٹر ہما ڈاکٹر شاہ زیب کو اپنے

ساتھ گھر کے اندر لے کر آ گیا تھا۔۔

اور ڈاکٹر شاہ زیب اور رومان شاہ دونوں روم کے باہر ہی کھڑے ہو گئے

تھے۔۔۔ڈاکٹر ہما اکیلے ہی روم کے اندر گئی اور کچھ دیر بادوہ روم سے بہت

گھبرائی ہوئی باہر آئی تھی۔۔۔ڈاکٹر شازیب ان کی وائف کی حالت بہت

خراب ہے۔۔یہ تم ڈاکٹر لوگوں نے کیا رٹ کے رکھا ہوا ہوتا ہے کہ جب

بھی کسی مریض کو دیکھو تو یہ کہنا شروع کر دو کہ مریض کی حالت بہت

خراب ہے۔۔رومان شاہ نے غصے سے ڈاکٹر ہما کو دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔

جس پر ڈاکٹر شاہ زیب نے آنکھ کے اشارے سے رومان شاہ کو چپ رہنے کو کہا تھا۔۔ڈاکٹر شاہ زیب بیچارا ایک تو اتنی مشکل سے لیڈی ڈاکٹر کا رات کے اس وقت انتظام کر کے لے کر آیا تھا۔۔اوپر سے رومان شاہ کے تیور ایسے تھے۔کہ وہ آئی ہوئی ڈاکٹر کو بھی بھگانے پر تلا ہوا تھا۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب ان کے پاس صرف دو اپشن ہیں پہلا آپشن تو یہ ہے کہ یہ اپنی وائف کو لے کر ہاسپٹل آئیں اور ان کو ٹریٹمنٹ دلوائیں۔۔اور دوسرا آپشن ڈاکٹر شاہ زیب آپ خود سمجھدار ہیں ان کو سمجھا دیجئے۔

کہ ان کی وائف کے ٹھیک ہونے کے چانس صرف ان دو صورتوں میں ہیں۔۔ڈاکٹر ہما کوٹ ورڈ میں ڈاکٹر شاہ زیب کو کچھ بولتی ہوئی چپ کر گئی تھی۔۔پہلا آپشن بکواس ہے کیونکہ میں اپنی وائف کو ہاسپٹل لے کر نہیں آسکتا تم لوگ مجھے سیکنڈ آپشن بتاؤ۔۔رومان شاہ بنا سیکنڈ آپشن سنیں اور سمجھے ہی سیکنڈ آپشن پر آمادہ ہو گیا تھا۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب نے ٹھنڈی سانس فضا میں چھوڑتے ہوئے رومان شاہ کی عقل کو سیلوٹ کیا تھا۔۔ کیونکہ وہ اپنے دوست کو اچھی طرح سے جانتا تھا کہ دوسرے آپشن والی بات اس کے پلے بالکل نہیں پڑی تھی۔۔اسی لیے یہ دوسرے آپشن کے لیے اتنی جلدی امادہ ہو گیا ہے۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب رومان شاہ کو ڈاکٹر ہما سے تھوڑا دور لے جا کر دوسرے آپشن کے بارے میں بتا رہا تھا وہ یہ کہہ رہا تھا کہ رومان شاہ اپنی باڈی کی ہیٹ دے کر اپنی وائف کو ٹھیک کر سکتا ہے اس کے علاوہ اور کوئی چانس نہیں ہے کیونکہ اب اس کی جان کو بھی خطرہ تھا۔۔اس لیے زیادہ وقت نہیں تھا رومان شاہ کے پاس۔۔۔

رمان شاہ ساری بات سن کر۔ شاہ زیب سے بولا میں یہ نہیں کر سکتا۔ شرم کرو کس طرح کی گھٹیا باتیں کرتے ہو تم ڈاکٹرز لوگ۔۔ تو رومان شاہ ہم

لوگ کیا علادین کے چراغ سے نکلے ہوئے جن ہیں جو بنا علاج کیے ہی سب کچھ ٹھیک کر دیں۔۔

اب تم بناٹائم کو ویسٹ کیے ہوئے ہمیں جانے دو کیونکہ تم بھابھی کو آنٹی کے ڈر سے ہاسپٹل تو لے کر جاؤ گے نہیں۔۔
اور ڈاکٹر ہما نے مجھے بتایا ہے کہ بھابھی کی کنڈیشن کافی خراب ہے اس لیے اب اپنی اکڑ کو ایک سائیڈ پر رکھ کر جا کر انسانیت کے ناطے اپنی بیوی کی جان بچاؤ۔

وہ بیوی ہے تمہاری تمہارے نکاح میں ہے کچھ بھی غلط نہیں ہے اس لیے چپ چاپ جاؤ اور جو بولا ہے وہ جا کر کرو۔۔ڈاکٹر شاہ زیب نے کچھ سیکرٹس طریقے سے اس کے کان میں کچھ کہا تھا۔۔اس کے بعد ڈاکٹر ہما اور ڈاکٹر شازیب واپس ہاسپٹل کے لیے روانہ ہو گئے تھے۔۔

رومان شاہ روم میں آیا تو میرب اب بھی اسی حالت میں بیڈ پر بے جان پڑی ہوئی تھی۔۔رومان شاہ اپنے قدم اٹھاتا ہوا بیڈ کے پاس آیا اور اپنی چپل اتار کر وہ آہستہ سے میرب کے پاس بیٹھ گیا۔۔۔بیڈ کور کا ایک کونا اٹھا کر وہ اپنی نظریں سامنے دیوار پر کیے ہوئے میرب کے ساتھ لیٹ گیا۔۔

جو وہ کرنے جا رہا تھا وہ کرنا اس کے لیے بہت مشکل تھا۔۔۔جس لڑکی کو ہوش میں دھتکارتا رہا تھا۔۔بے ہوشی میں اس کا اس طرح سے فائدہ اٹھانا اس سے بالکل اچھا نہیں لگ رہا تھا۔۔

مگر اس کی جان بچانے کے لیے اسے کا یہ کرنا ضروری تھا۔۔وہ اپنا ہاتھ میرب کی کمر میں ڈال کر اسے اپنے سینے سے لگا کر لیٹ گیا تھا۔۔مگر میرب کو ہیٹ دیکھ کر ٹھیک کرنے کے لیے اتنا کافی نہیں تھا۔۔اب اس نے اپنا منہ میرب کے منہ کے ساتھ آہستہ سے ٹچ کرنا شروع کر دیا تھا۔۔

اپنے ہاتھ کو اس کی شرٹ کے اندر رکھ کر اسے اپنے ہاتھ کی حرارت دینا شروع کر دی۔۔

مگر میرب اب بھی اسی حالت میں پڑی ہوئی تھی۔۔

کچھ دیر رومان شاہ میرب کے ساتھ اسی پوزیشن میں لیٹا رہا۔۔ مگر جب میرب کی حالت میں کوئی فرق نہیں آیا تو۔اس نے اپنے لبوں کو میرب کے لبوں پر رکھتے ہوئے اپنی حرارت اس کے اندر بھرنا شروع کر دی تھی۔۔اس کے انابی لبوں کی تپش کو وہ میرب کے انگ انگ میں بھر رہا تھا۔۔

اس لمسوں میں اتنی حرارت تھی کہ میرب کے بے جان جسم میں رومان شاہ کی حرارت پڑنے سے آہستہ آہستہ جان آنے لگی تھی۔۔۔وہ میرب پر اپنے لبوں کی حرارت بھرے لمس چھوڑتا جا رہا تھا۔۔

آہستہ آہستہ میر کا جسم گرم ہونا شروع ہو گیا تھا اور اس کا رنگ بھی نیلے سے گلابی ہونا شروع ہو گیا۔۔ میرب بے ہوشی میں بھی رومان شاہ کی قربت میں سسکیاں بھرنے لگی تھی۔۔ وہ ابھی پوری طرح سے ہوش میں نہیں آئی تھی۔۔

مگر رومان شاہ کے سلگتے ہوئے لبوں کی لمس میرب کو نیم بے ہوشی میں بھی سسکنے پر مجبور کر رہے تھے۔۔ وہ اس گردن میں اپنا منہ چھپائے ہوئے لبوں کی حرارت اس میں بھرے جا رہا تھا۔۔

میرب کے ہاتھ نیم بے ہوشی میں ہی رومان شاہ کے لبوں پر آ کر اسے گستاخیوں سے روک رہے تھے۔۔ رومان شاہ جو سے صرف میرب کو ہوش میں لا کر اس کی جان بچانے کے لیے یہ سب کچھ کر رہا تھا۔۔

وہ میرب کو ہوش میں آتے ہوئے دیکھ کر اس کے ساتھ اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر لیٹ گیا۔۔ کیونکہ رومان شاہ محسوس کرنے لگا تھا کہ میرب کے جسم میں اب کافی حرارت آگئی ہے مگر وہ اب بھی پوری طرح سے ہوش میں نہیں تھی۔۔

اس اس لیے رومان شان سے خود سے دور نہیں کیا تھا۔۔

میرب کے جسم میں حرارت کیسے نہیں آتی میرب بیچاری کو تو پتہ ہی نہیں تھا۔ کہ وہ آگ کے پاس لیٹی ہوئی ہے۔۔ جس آگ سے وہ میرب کو جھلسانے کی دھمکیاں دے رہا تھا۔ آج اسی آگ نے میرب کی جان بچائی تھی۔۔

میرب صبح کافی دیر تک سوتی رہی تھی مگر رومان شاہ اس کے پاس سے اٹھ کر اپنے لیپ ٹاپ پر کچھ کام کرنے لگا تھا۔۔ اگر میرب ٹھیک ہوتی تو رومان شاہ نے آج آفس چلے جانا تھا۔۔

مگر میرب کو اس طرح چھوڑ کر جانا مطلب اپنی ماں سے ڈانٹ کھانا تھا۔۔رومان شاہ نہیں چاہتا تھا کہ رات والی کوئی بات بھی اس کی ماں تک پہنچے۔اس لیے وہ میرب کے اٹھنے کا انتظار کر رہا تھا۔۔آج اس نے آفس چھٹی کی تھی۔۔۔۔رومان شاہ تو اپنی ماں کے ڈر سے نہ روم سے باہر آیا تھا۔۔اور نہ اس نے روم کی کوئی بات باہر جانے دی تھی۔۔مگر رومان شاہ کی ماں یہ سوچ کر خوش ہو رہی تھی۔کہ اس کا بیٹا اور بہو سکون کی نیند سو رہے ہیں۔

رومان شاہ کی ماں کو لگتا تھا کہ ان دونوں کی یہ رات بہت خوبصورت گزری ہے۔۔وہ تو جب سے اٹھی تھی اپنے رب کا شکر ادا کر رہی تھی کہ اس کے بیٹے نے اس کی بہو کو ایکسیپٹ کر لیا ہے۔۔اب اس سادہ مزاج عورت کو کیا پتہ تھا کہ رات میں رومان شاہ نے کیا کیا کارنامے سرانجام دیے تھے۔جس کی وجہ سے اب وہ اپنی ماں سے ڈرا ہوا روم سے نکلنے کو تیار نہیں تھا۔۔

ساڑھے 11 بجے جا کر میرب بی بی ہوش میں آئی اور اپنے تھکے ہوئے جسم سے انگڑائی لیتے ہوئے آنکھوں کو مل کر بیڈ پر اٹھ کر بیٹھ گئی۔۔۔ مگر اپنے کپڑوں پر نظر جاتے ہی وہ ہڑ بڑا کر بیڈ سے اتر کر نیچے کھڑی ہو گئی تھی۔۔۔۔ کیا تمہیں صبح صبح اٹھتے ہی دورے پڑنے شروع ہو جاتے ہیں۔۔۔ رومان شاہ نے میرب کو یوں ہڑ بڑا کر کھڑے ہوتے دیکھ کر۔ اپنی نظریں لیپ ٹاپ سے اٹھا کر کہا تھا۔۔

شاہ میرے کپڑے کس نے بدلے اور میں اندر کیسے آئی ہوں۔۔ کپڑے بدلنے اور اندر آنے کے دورانیہ میں بھی بہت کچھ ہوا ہے دماغ پر زور دینا سب یاد آجائے گا۔۔۔۔ مطلب کیا ہوا ہے میرے ساتھ جو مجھے یاد آجائے

گا۔۔۔میں تمہارے باپ کا نوکر نہیں ہوں جو صبح صبح تمہارے سوالوں کا جواب دینا شروع کر دو۔۔میرب کو سچ میں کچھ بھی یاد نہیں تھا۔۔

اسے بس اتنا یاد تھا کہ رومان شاہ نے اسے کمرے سے نکال دیا تھا۔تو وہ بارش میں بھیگ کر ٹھنڈ سے کانپ رہی تھی۔۔اور اس کی انکھوں کے سامنے اندھیرا چھانے لگا تھا اس کے بعد کیا ہوا اسے کچھ یاد نہیں تھا۔۔

ـــــــــــ

(ماضی)تایا جی پلیز میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں۔آپ میری بات کو کوئی اور رنگ مت دیں۔میرا آپ سے بد تمیزی کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔

آپ مجھے میرے بابا کے حصے میں سے جو حصہ میرا بنتا ہے۔وہ مجھے دے دیں۔میں چپ چاپ یہاں سے چلا جاؤں گا۔

ہمیں اب یہاں نہیں رہنا ہے۔رومیوں اپنے تایا سے اپنے بابا کی جائیداد میں سے حصہ مانگ رہا تھا۔

رومیوں کے بابا کی جائیداد کا بہت بڑا حصہ اس کے دونوں بڑے تایا ہڑپ کر چکے تھے۔۔

مگر جو بچہ کچا تھا رومیوں وہ مانگ رہا تھا۔۔رومیو کی ماں کی طبیعت کافی خراب رہنے لگی تھی۔کیونکہ رومیوں کے بابا کی ڈیتھ کے بعد رومیوں کے دونوں تایا اور ان کی بیویوں کے ظلم اور زیادہ بڑھ گئے تھے۔۔

ہر وقت طانہ کشی کرتے رہنا ان کی عادت تھی۔اور اب یہ عادت شدت اختیار کر گئی تھی۔۔ان کو ایسا لگتا تھا کہ اب رومیو اور اس کی بہن اور ماں لاوارث ہیں۔۔اور اب وہ لوگ ان کو کچھ بھی کہہ سکتے ہیں۔۔

اور کسی بھی طرح کا ظلم ان پر کر سکتے ہیں مگر یہ سب کچھ رومیوں کو منظور نہیں تھا۔۔اس لیے اس نے فیصلہ کیا تھا کہ اپنے بابا کی جائیداد میں سے جو بچا کچا حصہ ہے۔وہ لے کر اپنی ماں اور بہن کو ایک اچھی زندگی دے گا۔۔

۔اس لیے رومیو اپنی ماں اور بہن کو لے کر یہاں سے جانا چاہتا تھا۔۔

اور اس کا تایا رومیوں کو یہ بھی دینے کے لیے تیار نہیں تھا۔

رومیوں کے تایا کا کہنا تھا کہ اس کے باپ نے اپنی زندگی میں کبھی بھی بڑھ چڑھ کر محنت نہیں کی تھی۔

جس کی بنا پر اس کے بابا کا جائیداد میں سے کوئی حصہ نہیں بنتا۔۔

حالانکہ ایسا کچھ نہیں تھا رومیوں کا باپ بہت زیادہ محنتی شخص تھا۔رومیو کے بابا سے یہ لوگ سب سے زیادہ کام لیتے تھے جب تک وہ بیمار نہیں ہوئے تھے۔۔

بس ان کو چلا کیاں نہیں آتی تھی جس کی وجہ سے وہ پیچھے رہ گیا۔۔

تمہاری اتنی اوقات نہیں ہے رومیوں کہ تم میرے ساتھ بد تمیزی کرو۔۔ رومیوں کا تایا رومیوں کی بات پر چلا رہا تھا۔۔۔رومیوں ویسے بھی تم نے جائیداد میں سے حصہ لے کر کرنا ہی کیا ہے۔۔چپ چاپ سے میرے بابا کی نوکری کرو اور مہینے کی تنخواہ لے کر اپنا گھر کو چلاؤ۔۔۔۔یہ گھٹیا اور کڑوے الفاظ مہک کے تھے۔۔

جو صوفے پر بیٹھی ہوئی اپنے ناخنوں کو فائلر سے تراش رہی تھی۔۔ مہک کی بات پر رومیوں کا دل کر رہا تھا کہ وہ مہک کے منہ پر ایک زوردار تھپڑ رسید کرے۔۔۔ حقارت اور غرور مہک کے ہر انداز سے چھلکتا تھا۔۔

ایسے کیا آنکھیں پھاڑ کر میری بیٹی کی طرف دیکھ رہے ہو۔۔

مہک کے بابا نے رومیوں کو مہک کی طرف غصے سے دیکھتے ہوئے دیکھ لیا تھا۔۔۔تایا جان آپ نے اس کے الفاظ نہیں سنے۔۔۔اس نے کچھ غلط بھی تو نہیں کہا ہے۔

اب تمہاری اوقات ہے ہی نوکروں کے جیسی۔۔تو تم نوکروں کی طرح رہو گے تو سکھی رہو گے۔۔۔اس نے تو تمہیں ایک عقلمندی کا مشورہ دیا ہے۔۔ اگر تمہاری موٹی گدھوں والی عقل میں اس کی بات نہیں آ رہی تو اس میں۔۔اس میں بیچاری کا کیا قصور ہے۔۔

رومیوں کا بابا اپنی بیٹی کی بد تمیزی کو رائٹ قرار دے رہا تھا۔۔۔تایا جان انتہائی افسوس کی بات ہے۔بجائے کہ آپ اپنی بیٹی کو سمجھائیں۔۔آپ اسے اور شہ دے رہے ہیں۔۔۔

تمہیں کتنی بار کہا ہے کہ مجھ سے زبان درازی مت کیا کرو۔رومیوں کے تایا نے ایک بار پھر رومیوں کے منہ پر ایک زوردار تھپڑ مارنا چاہا تھا۔

مگر اس بار رومیوں نے ان کا یہ ارادہ ناکام بنا دیا تھا رومیوں نے اپنے تایا کا ہاتھ اپنے منہ کے نزدیک آتا ہوا دیکھ کر اپنے ہاتھ سے اپنے تایا کا ہاتھ پکڑ تھپڑ روک لیا۔۔

کمینے دو ٹکے کے انسان تمہاری یہ جرات کہ تم میرا ہاتھ پکڑو۔۔رومیوں کے تایا نے رومیوں کو گھونسوں اور ٹانگوں سے مارنا شروع کر دیا تھا۔۔

رومیو کی ماں اس کے بابا کے غم میں بہت بیمار رہنے لگی تھی۔اس لیے وہ زیادہ گھر میں ادھر ادھر پھرتی نہیں تھی۔ مگر

گھر میں اتنی شور شرابے اور لڑائی کی آواز سن کر رومیوں کی ماں بڑی مشکل سے چلتی ہوئی آئی تھی۔

مگر اپنے جیٹھ کو رومیوں کو اس طرح سے مارتے ہوئے دیکھ کر وہ تڑپ کر آگے آئی تھی۔۔

بھائی صاحب چھوڑیں میرے بیٹے کو پاگل ہو گئے ہیں آپ۔بچہ ہے
۔رومیوں کی ماں رومیوں کے اوپر اپنے باہیں پھیلا کر اس پر بچھ گئی تھی۔۔۔

اس بچے کی اتنی لمبی زبان ہے وہ تمہیں نظر نہیں آتی۔۔رومیوں کا تایا
رومیوں کی ماں پر چلایا تھا۔۔کس طرح کی گھٹیا پرورش کی ہے تم نے اپنے
بیٹے کی۔۔

بس کریں بھائی صاحب بس رومیوں کی ماں نے اپنا ہاتھ اٹھا کر رومیوں کے
تایا کو چپ کروایا تھا۔۔

خبر دار جو ہماری پرورش پر آپ نے سوال اٹھایا میں نے اور اس کے بابا نے
اپنے بچوں کو بہت اچھی پرورش کی ہے۔اور مجھے بہت فخر ہے اپنی پرورش
پر۔۔

آپ ذرا غور کریں گے تو آپ کو اپنی پرورش بھی نظر آئے گی۔۔

جب تک انسان دوسروں کے عیب دیکھتا رہتا ہے بھائی صاحب تب تک اپنے گھر میں لگی ہوئی آگ کبھی نظر نہیں آتی۔۔

اپنی اوقات میں رہو سیما۔ میرے شوہر کے ساتھ زبان درازی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ مہک کی ماں تھی جو دوسروں کو ہر وقت اوقات دکھاتی رہتی تھی۔ مگر خود کی اور اس کی بیٹی کی کیا اوقات تھی اس پر آج تک اس نے کبھی نظر ثانی نہیں کی تھی۔۔

بہن جی میں تو ہمیشہ اپنی حد سے بھی کہیں زیادہ پیچھے رہی ہوں۔۔ مگر آپ لوگ ہی ہو جو ہر بار حد کراس کر کے۔ ہمیں بعزت کرنے آجاتے ہو۔۔

آج رومیوں کی ماں کا صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا۔۔ تھک گئے ہیں ہم لوگ آپ لوگوں کی باتیں سنتے سنتے اور آپ لوگوں کا ظلم سہتے سہتے۔۔

آج تک بات صرف میری اور میرے شوہر کی تھی۔اس لیے ہم چپ چاپ آپ کا ہر ظلم برداشت کرتے رہے ہیں۔

مگر اب بات میرے بچوں پر آگئی ہے تو میں برداشت نہیں کروں گی۔۔

بہت زبان چلنے لگی ہے تمہاری۔۔اگر ہماری باتوں سے تمہیں اتنی ہی آگ لگ رہی ہے۔۔اور تم اتنی ہی غیرت مند ہو تو یہاں سے دفع کیوں نہیں ہو جاتی ہو۔اپنے اس نکمے بیٹے کو لے کر۔۔

مہک کی ماں رومیوں کی ماں کو بعزت کرتے ہوئے یہ الفاظ بول رہی تھی۔۔

چلائے مت جارہے ہیں ہم لوگ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے یہاں سے۔۔میرے بیٹے کواور ذلیل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔

بہت کرلیا آپ لوگوں نے ہم پر ظلم اور بہت برداشت کرلیا ہم لوگوں نے۔۔اور آپ نے کہا کہ میرا بیٹا نکما ہے۔تو سن لے آپ سب لوگ۔ایک دن ضرور آئے گا۔کہ میرے بیٹے کو آپ لوگ بڑی حسرت سے دیکھیں گے۔انشاللہ میرا بیٹا اپنی محنت سے ایک دن شہرتِ ان انچائیوں کو چھوئے گا۔

جن اونچائیوں کو آپ لوگوں کی یہ بگڑی ہوئی اولاد دیکھ کر ہی چکرا کر گر جائے گی۔۔اور وہ دن دور نہیں ہے۔جب میرا خدا تم لوگوں سے ہم پر کیے گئے ہر ظلم کا حساب لے گا۔۔

بکواس بند کر اور دفعہ ہو جا اپنے بچوں کو لے کر۔ مہک کی ماں رومیوں کی ماں کی سیدھی اور کھری باتوں کو سن نہیں کر پا رہی تھی۔۔۔

آج زندگی میں پہلی بار رومیوں کی ماں نے ان سب لوگوں کو سچ کا آئینہ دیکھایا تو یہ لوگ اپنے ہی مکروچہرے دیکھ کر ڈر گئے تھے۔

چلو رومیوں اب ہم لوگ یہاں پر نہیں رہیں گے۔۔ایک منٹ نہیں رکنا مجھے اس جگہ پر جہاں پر میرے بیٹے کی عزت نہیں ہے۔رومیوں کی ماں نے رومیوں کو ہاتھ سے پکڑ کر ساتھ چلنے کو کہا۔۔

چلے جائیں گے ماں مگر پہلے مجھے میرے بابا کی جائیداد سے حصہ چاہیے۔۔اور وہ میں لے کر جاؤں گا۔۔رومیوں دفع کرو ہمیں کوئی حصہ نہیں چاہیے

۔۔خدا سب دیکھ رہا ہے ناانصافی کرنے والوں کو میرا رب کبھی معاف نہیں کرتا۔

امی میرے رب کا یہ حکم ہے کہ۔اپنے حق کے لیے لڑو اور ظالم کا ظلم برداشت مت کرو۔۔کیونکہ میرے اللہ کے نزدیک ظلم برداشت کرنے والا بھی اتنا ہی گناہ گار ہے جتنا کہ ظلم کرنے والا ہے۔۔

رومیوں چلو یہاں سے یہ تمہاری ماں کا حکم ہے۔کم سے کم تم تو میری بات کی لاج رکھ لو۔۔۔رومیوں کی ماں نے روتے ہوئے رومیوں کو ہاتھ سے پکڑ کر اپنے ساتھ جانے کو کہا تھا۔۔

امی آپ کا ہر حکم سر آنکھوں پر مگر اپنا حق چھوڑ کر جانا۔ کہاں کی عقلمندی ہے ۔۔یہ لوگ اگر میرے بابا کے حصے سے مجھے کچھ دیں گے تو مجھ پر کوئی احسان نہیں کریں گے۔۔میرے بابا کی جائیداد پر میرا حق ہے۔۔

ہمیں کوئی حصہ اور کوئی حق نہیں چاہیے۔ تم چلو میرے ساتھ رومیو کی ماں رومیوں کو ہاتھ سے پکڑ کر زبردستی گسیٹتے ہوئے اپنے ساتھ لے آئی تھی

اور آکر اپنی ضرورت کا کچھ سامان اکٹھا کر کے جانے کی تیاری کرنے لگی۔۔۔

امی ہم لوگ اس طرح سے اپنے حصہ چھوڑ کر کہاں جائیں گے۔۔

اللہ کی اتنی بڑی زمین ہے کہیں بھی چلے جائیں گے۔ مگر میں اپنے بچوں کو اس سے زیادہ میرے بعزت نہیں کروا سکتی۔

رومیوں کی ماں جلدی جلدی اپنا سامان سمیٹ رہی تھی۔۔ مگر امی ہم لوگ جائیں گے کہا۔۔۔

کہیں بھی چلے جائیں گے۔۔ مگر اب میں اس گھر میں ایک منٹ بھی اور رکی تو میرا سانس بند ہو جائے گی۔۔۔

امی اللہ نہ کرے کہ آپ کو کچھ ہو۔۔ رومیوں نے تڑپ کر اپنی روتی ہوئی ماں کو گلے سے لگا لیا تھا۔۔۔ تو بس رومیو پھر تم چپ چاپ میرے ساتھ چلو ہمیں یہاں سے کچھ نہیں چاہیے۔۔

رومیوں کی ماں اپنے دونوں بچوں کو لے کر کراچی آگئی۔۔ یہاں پر آنے کے لیے ان کے پاس کرایہ تک نہیں تھا۔۔ رومیوں کی ماں کے پاس صرف لے دے کر اس کا زیور ہی تھا۔۔ جو بھلے وقتوں میں رومیوں کے بابا نے اپنی بیٹی کی شادی کے لیے بنوایا تھا۔۔

اس میں سے کچھ زیور بیچ کر رومیوں کی ماں نے کراچی جانے کے لیے کرایہ اکٹھا کر لیا۔۔

کراچی میں رومیوں کی ماں کی ایک بچپن کی سہیلی رہتی تھی جو پہلے تو یہ اسی گاؤں میں رہتی تھی۔۔ جہاں پر رومیوں کی ماں اپنی دادی کے ساتھ رہا کرتی تھی۔۔

وہ دونوں بچپن میں بہت اچھی سہیلیاں ہوا کرتی تھیں۔۔ اور رومیوں کی ماں کی سہیلی کافی اچھے گھر سے تعلق رکھتی تھی۔

اوراس کی شادی بھی ایک اچھے گھر میں ہوئی تھی تواس لیے اس کے مالی حالات بہت اچھے تھے۔۔

رومیو کی ماں کی سہیلی کا جو شوہر تھا وہ کراچی میں اچھی پوسٹ پر فائز تھا۔۔اکثر جب بھی کبھی ان دونوں کی آپس میں ملاقات ہوتی۔

تو رومیوں کی ماں کی سہیلی کہا کرتی تھی کہ۔تم کراچی میرے پاس ضرور آنا اور کسی بھی چیز کی ضرورت ہو تو۔مجھے ضرور بتانا۔

مگر رومیوں کے بابا کے ہوتے ہوئے ایسی کبھی ضرورت ہی نہیں پڑی تھی ۔مگر آج وقت اس مقام پر لے آیا تھا کہ اسے کسی کے سہارے کی ضرورت تھی۔۔

اس لیے رومیوں کی ماں نے فون پر اپنی دوست سے رابطہ کیا۔اور اسے سارے حلات سے آگاہ کیا۔۔تو اس نے بڑی خوش دلی کے ساتھ اپنی سہیلی کو خوش آمدید کہا تھا۔۔

اب رومیوں کی ماں کا واحد سہارا اس کی بچپن کی سہیلی تھی۔ جہاں پر جا کر اس نے فی الحال رکنا تھا۔۔ وہ کچھ نہیں جانتی تھی کہ آنے والا وقت کیا کیا رنگ دکھائے گا۔۔

وہ اللہ کا نام لے کر ایک اللہ کے آسرے پر۔ چپ چاپ اپنے دونوں بچوں کو لے کر کراچی کی ٹرین پر سوار ہو کر زندگی کے ایک نئے سفر کی طرف چل پڑی تھی۔

oooooooooo

شاہ پلیز بتا دیں کے میرے کپڑے کس نے بدلے ہے۔ میرب کی ساری جولری بھی اتار کر سائیڈ ٹیبل پر رکھی ہوئی تھی۔۔

میرب بہت ہی شرمندہ سے انداز سے رومان شاہ سے سوال کر رہی تھی۔

وہ جاننا چاہتی تھی کہ آخر اس کے کپڑے کس نے چینج کیے ہیں۔۔

جب کہ رومان شاہ بڑے آرام سے اپنے لیپ ٹاپ پر نظر جمائے ہوئے ۔اپنے کام میں مصروف تھا۔

اور ایسے پرزنٹ کروا رہا تھا۔ جیسے کہ اسے تورات میں ہوئے سارے حادثے سے کوئی پتہ ہی نہ پڑا ہو۔

تمہیں صبح صبح اور کوئی کام نہیں ہے سوائے سوال جواب کرنے کے۔

کیا تم روز اسی طرح سے صبح اٹھتے ہی بکواس کرنا شروع کر دیتی ہو۔۔ یا آج گھر چینج ہونے کی وجہ سے تمہیں کوئی خاص دورہ پڑ گیا ہے۔۔ سوری شاہ اگر آپ کو میرا سوال کرنا برا لگا تو۔۔

مجھے تو تم ساری کی ساری ہی بری لگتی ہو۔ رومان شاہ نے لیپ ٹاپ سے کچھ دیر کے لیے اپنی نظر ہٹا کر میرب کی جانب دیکھا تھا۔۔

میرب سے اچھی طرح سے کھڑا بھی نہیں ہوا جا رہا تھا۔ وہ اپنے سر کو ایک ہاتھ سے دبا رہی تھی۔

شاید اس کے سر میں بہت زیادہ درد ہو رہا تھا۔۔۔اب کیا مسئلہ ہے کیوں یہ نشہ کرنے والوں کی طرح حرکتیں کر رہی ہو۔ شاہ میرے سر میں بہت درد ہے اور مجھے بہت چکر آ رہے ہیں۔۔

ہاں تو کمرے میں کیٹ واک کرنے کو کس نے کہا ہے آرام سے لیٹ جاؤ۔۔مجھے واش روم میں جانا ہے۔۔تو جاؤ۔۔شاہ مجھ سے چلا نہیں جا رہا۔۔۔تو لیٹ کر چلی جاؤ۔۔کھٹ کھٹ کھٹ۔۔روم کا دروازہ کھٹک رہا تھا۔۔رومان بیٹا خیریت تو ہے دو بجنے والے ہیں۔۔اور تم لوگ اپنے روم سے باہر ہی نہیں آ رہے ہو۔۔۔رومان شاہ کی ماں رومان شاہ کے روم

کے دروازے پر کھڑی ہو کر۔۔رومان شاہ اور میرب کی خیریت دریافت کر رہی تھی۔۔

رومان شاہ کی ماں کو فکر ہونے لگی تھی کہ رومان شاہ ابھی تک اپنے روم سے باہر کیوں نہیں آیا۔۔کیونکہ رومان شاہ کا ایسا نیچر نہیں تھا۔کہ وہ دو دو بجے تک سوتا رہے۔۔۔جی جی امی جان سب کچھ ٹھیک ہے ہم لوگ تھوڑی دیر تک آرہے ہیں۔

جلدی آؤ بیٹا نہ تو تم لوگوں نے ناشتہ کیا ہے۔۔اور نہ ہی ابھی تک تم لوگ روم سے باہر آئے ہو۔۔اب تو دوپہر ہو گئی ہے۔۔۔اس لیے لنچ ریڈی ہے۔

جلدی سے آجاؤ میں اور مرہا تم دونوں کا کھانے پر انتظار کر رہی ہیں۔۔۔۔جی امی جان ہم لوگ دس منٹ میں پہنچ رہے ہیں۔۔۔۔رومان شاہ اپنی ماں کو کسی بھی طرح کا سٹریس نہیں دینا چاہتا تھا۔۔

اسی لیے میرب اور اپنے بیچ میں ہوئے سارے تماشے کو وہ اپنی ماں کی نظر کے سامنے نہیں لانا چاہتا تھا۔۔دو منٹ کے اندر واش روم میں جاؤ اور جلدی سے ریڈی ہو کر کھانے کی ٹیبل پر پہنچوں۔

رومان شاہ نے بہت سخت لہجے سے میرب کو کہا تھا۔۔۔شاہ میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔میرے سر میں بہت درد ہے اور مجھ سے چلا بھی نہیں جا رہا۔۔۔مجھ سے کھانا نہیں کھایا جائے گا پلیز میں۔۔۔دیکھو میرب بی بی یہاں پر تمہارے یہ چونچلے نہیں چلیں گے۔۔

یہاں پر نہ تو تمہارے ماں باپ بیٹھے ہوئے ہیں تمہارے یہ چونچلے اٹھانے کے لیے۔اور نہ ہی تمہارا وہ کم عقل بھائی۔

جس نے تمہیں اپنے سر پر چڑھا رکھا تھا۔

اس لیے یہ فضول کے ڈرامے بند کر کے پانچ منٹ کے اندر تیار ہو کر ٹیبل پر پہنچے میں جا رہا ہوں اور مجھے پانچ منٹ میں تم ٹیبل پر ملو۔۔۔رومان شاہ جو پہلے سے ہی تیار ہو کر بیٹھا ہوا تھا۔صرف میرب کے ہوش میں آنے کا انتظار کر رہا تھا۔۔اب وہ اپنی ماں کے حکم کو بجالاتے ہوئے روم کا دروازہ کھول کر جا چکا تھا۔۔

میرب بیچاری تو وہی پر کھڑی ہوئی رومان شاہ کو دیکھتی ہی رہ گئی۔۔اور وہ آرام سے اپنا حکم صادر کر کے جا چکا تھا۔۔شاہ کتنے سنگ دل ہیں آپ۔۔ میری حالت پر بھی ترس نہیں آیا۔پانچ منٹ کے اندر مجھے ٹیبل پر اکر ملو۔۔وہ منہ میں بڑبڑھاتے ہوئے رومان شاہ کی نقل اتار رہی تھی۔۔

بیچاری بڑی مشکل سے قدم اٹھاتی ہوئی واش روم میں فریش ہونے آئی تھی
۔۔اس نے ایک نارمل ساٹاپ اور جینز کی پینٹ نکال کر پہن لی تھی۔۔
میرب کے زیادہ تر کپڑے اسی طرح کے تھے۔۔اسے تو یہ اندازہ بھی نہیں
تھا کہ رومان شاہ کو اس طرح کے کپڑے زہر لگتے ہیں۔۔

اس میں ہمت نہیں تھی کہ وہ اچھی طرح سے تیار ہو پاتی صرف بال برش کر
کے وہ روم سے باہر آگئی۔۔میرب سے اپنے پاؤں زمین سے اٹھائے نہیں جا
رہے تھے۔۔بڑی مشکل تھی وہ آہستہ آہستہ چلتی ہوئی کچن ایریا والی سائیڈ پر
آگئی۔۔

سامنے ہی بہت بڑا اور شاندار ڈائننگ ٹیبل لگا ہوا تھا۔جس پر طرح طرح کے
لذیذ کھانے رکھے گئے تھے۔۔
رومان شاہ کی ماں نے میرب اور رومان شاہ کے لیے سپیشل لنچ تیار کروایا تھا۔
آخر ان کی بہو کا آج پہلا دن تھا۔

توانہوں نے کھانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی۔۔

اب رومان شاہ کی معصوم ماں کو کیا پتہ تھا کہ اس کے بیٹے نے بیچاری کو کھانے کے لائق ہی نہیں چھوڑا۔۔۔رومان شاہ کی ماں گھر کے سربراہ والی کرسی پر بیٹھی ہوئی تھی۔۔اور ساتھ والی کرسی پر مرہا بیٹھی اپنی بھائی سے ہنس ہنس کر گپیں مار رہی تھی۔۔۔

مرہا کو اپنے بھائی سے اس طرح ہنس کر باتیں کرتے ہوئے دیکھ کر۔ایک دم سے میرب کی آنکھیں بھر آئی تھی۔اس کے نظروں کے سامنے اس کے بھائی شامیر کی تصویر آگئی تھی۔۔وہ بھی تو اپنے بھائی کی اتنی ہی لاڈلی بہن تھی۔۔اس کا بھائی بھی تو اس پر اپنی جان نچھاور کرتا تھا۔۔جب سے میرب نے ہوش سنبھالا تھا۔اسے نہیں یاد کہ کبھی بھی شامیر نے اس کی کوئی بات رد کی ہو۔۔یہاں تک کہ اس کی محبت کو بھی زبردستی بندوق کی نوک پر اس کی جھولی میں لا کر ڈال دیا تھا۔۔

آؤ آؤ میرب بیٹا وہاں پر کیوں کھڑی ہو۔ میرب کو تھوڑا سا دور دیوار کا آسرہ لیے ہوئے کھڑا دیکھ کر۔ رومان شاہ کی ماں نے میرب کو بڑی محبت سے اپنی طرف بلایا تھا۔۔۔ میرب رومان شاہ کے ڈر سے بڑی مشکل سے قدم اٹھاتی ہوئی ٹیبل تک پہنچی تھی۔۔

مگر ٹیبل کے پاس آکر وہ اپنا توازن برقرار نہیں رکھ سکی اور وہ جھولتی ہوئی فرش پر گر گئی۔۔ میرب میرب بیٹا کیا ہوا ہے تمہیں۔۔۔ رومان شاہ کی ماں میرب کو آوازیں دیتی ہوئی گھبرا کر میرب کی طرف بھاگی تھی۔۔۔ اب یہ کون سا نیا تماشہ کرنے لگی ہے۔ رومان شاہ نے اپنے دانت پیستے ہوئے سوچا تھا۔۔

رومان جلدی آؤ دیکھو اس کو کیا ہوا ہے۔ رومان شاہ کی ماں نے غصے سے ٹیبل پر کھانا کھاتے ہوئے رومان شاہ کو دیکھ کر کہا۔

اس کو بیماری ہے دوسروں کو سکون سے نہ رہنے دینے کی۔۔۔ رومان بیٹا بری بات ہے بیوی ہے تمہاری دیکھو اس کو کہ اسے کیا ہوا ہے۔۔ افففف میرے

اللہ اس بچی کو تو اتنا تیز بخار ہے۔۔۔بخار سے بچی کا جسم تپ رہا ہے۔اور تمہیں یہ سب اس کے ڈرامے لگ رہے ہیں۔۔۔رومان شاہ کی ماں غصے سے رومان شاہ کی طرف دیکھ رہی تھی۔۔۔

حد ہو گئی ہے امی جان اب اس کے بخار میں تو میرا کوئی ہاتھ نہیں ہے۔۔ٹھنڈ کا موسم ہے ٹھنڈ لگ گئی ہو گی۔۔نورمل سی بات ہے۔موسم کی خرابی کی وجہ سے چڑھ گیا ہو گا بخار۔۔

اب اس میں میری طرف اتنے غصے سے دیکھنے والی کیا بات ہے۔رومان شاہ اپنے اندر کے ڈر کو اپنی ماں سے چھپانے کے لیے۔خود ہی صفائیاں دیے جا رہا تھا۔اور اس کی یہ صفائیاں اس کی ماں کے دماغ میں اور بھی شک پیدا کر رہی تھی۔

۔رومان اس کو اٹھاؤ اور اپنے کمرے میں لے کر چلو باقی کی بات تو میں تم سے بعد میں کرتی ہوں میں ذرا ڈاکٹر کو فون کر لوں۔۔۔

چلو مرہا مدد کرو بھائی کی اور میرب کو اس کے روم میں چل کر لیٹاؤ۔۔ مرہا میرب کی حالت کو دیکھ کر کافی پریشان ہو کر کھڑی ہوئی تھی۔۔
مرہا کو کچھ کچھ اندازہ تھا کہ میرب بیچاری کو بخار موسم کی خرابی سے نہیں۔ بلکہ اس کی بھائی کے دماغ کی خرابی کی وجہ سے ہوا ہے۔۔

رومان شاہ میرب کو اپنی باہوں میں اٹھائے ہوئے کہرا لود نظروں سے میرب کی جانب دیکھ رہا تھا۔۔ آتے ہی اس لڑکی نے مجھے میری ماں کی نظروں میں ولن بنا کے رکھ دیا ہے۔۔ وہ میرب کو بستر پر لیٹاتے ہوئے غصے سے بول رہا تھا۔۔۔ بھائی آپ نے میرب کے ساتھ کیا کیا ہے۔ کیوں میرب کو بخار ہوا ہے۔ کیوں اس کی طبیعت اتنی خراب ہو گئی ہے۔ رات تک تو یہ بلکل ٹھیک تھی۔

کتنی خوش تھی یہ رات کو اور کتنے ساری ہم دونوں نے آپس میں باتیں کی تھیں۔مجھے تو زرا سا بھی نہیں لگا تھا۔کہ میرب کی طبیعت خراب ہے پھر اچانک سے اسے کیا ہوا ہے۔۔۔مرہا بیچاری میرب کی طبیعت کو لے کر بہت پریشان تھی۔۔

اس لیے اپنے بھائی کے منہ سے اگلوانا چاہتی تھی۔کہ اس نے میرب کو کیا کیا ہے۔۔۔مرہا میری پیاری بہن جلتے پر گھی نہیں ڈالتے۔۔اس سے آگ پھیلنے کا خدشہ ہوتا ہے۔۔۔رومان شاہ اپنے سینے پر ہاتھ باندھ کر کھڑا ہوا ۔مرہا کو اپنا منہ بند رکھنے کو کہہ رہا تھا۔۔

بھائی میں تو بس پوچھ رہی تھی۔۔میرا بچہ آپ کو کچھ بھی پوچھنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔آپ جا کر اپنی سٹڈی کریں آپ ان معاملات سے دور رہا کریں۔۔

شاباش۔۔۔رومان شانے مرہا کی بات کو بیچ میں کاٹتے ہوئے۔ بڑے ہی تحمل اور محبت سے چپ رہنے کے سٹرک آرڈرز دیے تھے۔۔۔

جی بھائی مرہا کو اپنے بھائی کے شہد میں ڈبو ڈبو کر بولو گے الفاظوں میں۔ لفظوں کی سردی مہری سمجھ میں آرہی تھی۔۔اس لیے مرہا نے تو وہاں سے کھسکنے میں ذرا سی بھی دیر نہیں لگائی تھی۔۔

وہ اپنی امی جان کے آنے سے پہلے روم سے نو دو گیارہ ہو کر اپنے روم میں ہجرت فرما چکی تھی۔۔۔

رومان شاہ کی ماں ڈاکٹر کو فون کرنے کے بعد سیدھا رومان شاہ کے کمرے میں آئی تھی۔۔اور آکر میرب کے پاس بیڈ پر بیٹھ کر میرب کا سر دبانے لگی تھی۔

رومان شاہ کی ماں کی پریشانی ان کے چہرے سے صاف نظر آرہی تھی۔۔امی جان پلیز آپ اس طرح سے پریشان مت ہوں۔۔آپ کی طبیعت خراب ہو جائے گی۔۔

رومان شاہ اپنی ماں کا پریشانی والا چہرہ دیکھ کر۔ان کو سمجھانے کے لیے ان کے پاس آکر اپنی ماں کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہوا تھا۔۔

رومان تمہیں سچ میں میری فکر ہے۔رومان شاہ کی ماں آنکھیں اٹھا کر رومان شاہ کی طرف دیکھ رہی تھی۔

امی جان کس طرح کی باتیں کرتی ہیں میری تو ساری دنیا آپ ہیں۔ رومان شاہ اپنی ماں کی بات سے شرمندہ ہوا تھا۔

رومان تم نے اس بچی کا ایک رات میں کیا حشر کر دیا ہے امی جان میں نے اس کو کچھ بھی نہیں کہا۔۔ رومان یہ مت بھولو کہ میں تمہاری ماں ہوں میں نے تمہیں پیدا کیا ہے تم نے مجھے نہیں۔۔

مجھے بڑی اچھی طرح سے پتہ ہے کہ تم اپنی ضد کو تسکین دینے کے لیے کس حد تک جا سکتے ہو۔۔ امی جان آپ میرے بارے غلط سوچ رہی ہیں۔۔ یہ نازک مزاج ماں باپ کی بگڑی ہوئی اولاد سے زرا سی ٹھنڈ برداشت نہیں ہوئی اور بیمار پڑ گئی۔۔۔

رومان شاہ کو بے ہوش بڑی میرب پر غصہ آرہا تھا۔۔کیونکہ اس کی وجہ سے اسے اپنی ماں کا غصہ برداشت کرنا پڑ رہا تھا۔۔مدے کی بات تو رومان یہ ہے کہ اسے ٹھنڈ لگی کیسے۔۔رومان شاہ کی ماں ایک تجربہ کار عورت تھی۔

اس لیے ان کو یہ بات کھٹک رہی تھی۔کہ رومان شاہ نے کچھ تو ایسا کیا تھا کہ۔ جس کی وجہ سے میرب کی یہ حالت ہوئی تھی۔۔ڈاکٹر آئی تو اس نے میرب کو چیک کرنے کے بعد یہی بتایا کہ میرب کو نمونیا کا اٹیک ہوا ہے۔۔

اب تو رومان شاہ کی ماں کا شک یقین میں بدل چکا تھا۔اور انہیں کچھ کچھ ائیڈیا بھی ہو گیا تھا۔کہ میرب کی طبیعت کیسے خراب ہوئی ہے۔

لیڈی ڈاکٹر نے کچھ دوائیاں لکھ کر دی اور میرا کی ڈائٹ اور صحت کا خیال رکھنے کو کہا تھا۔۔اور ہوش میں آنے کے بعد کل اسے ہاسپٹل میں چیک کروانے کے لیے لے کر آنے کا کہا تھا۔۔

لیڈی ڈاکٹر کے جانے کے بعد رومان شاہ کی ماں نے رومان شاہ کے کمرے کی بلکونی کا دروازہ کھولا اور باہر نکل کر ادھر ادھر جھانکنے لگی تھی۔۔

اور کچھ ہی دیر میں ان کا شک یقین میں بدل چکا گیا اور وہ ایک سائیڈ پر پڑے ہوئے میرب کی لہنگا اور کرتی کو لے کر روم کے اندر داخل ہوئی تھی۔۔

رومان شاہ اب اپنی چوری پکڑے جانے پر بجائے صفائی دینے کے چپ چاپ ایک ہاتھ سینے پر باندھے۔اور ایک ہاتھ اپنے چہرے پر رکھے ہوئے کھڑا تھا۔۔

ہاں بولو رومان اب بھی تمہیں اپنی صفائی میں کچھ کہنا ہے۔۔رومان شاہ کی ماں گیلا لہنگا اپنے ہاتھ سے اٹھائے ہوئے۔۔رومان شاہ سے سوال کر رہی تھی۔۔

رومان شاہ چپ چاپ ناظرین چکائے ہوئے دونوں ہاتھ سینے پر باندھے ہوئے کھڑا تھا۔۔۔رومان تمہیں شرم آنی چاہیے اپنی بیوی کو اس طرح سے بارش میں اتنے ٹھنڈی کے موسم میں روم سے باہر نکالتے ہوئے۔۔

جب لڑکی کا نکاح ہو جاتا ہے تو اس کا شوہر اس کا محافظ ہوتا ہے۔۔تم کیسے محافظ ہو کہ اسے یوں ٹھنڈ میں بھی آسرہ کمرے سے باہر نکال دیا۔۔سوری امی جان آئندہ ایسا نہیں ہو گا۔۔

ہاں رومان آئندہ ایسا ہونا بھی نہیں چاہیے۔اگر ہوا تو میں تم سے اتنی ناراض ہو جاؤں گی۔۔کہ کبھی تم سے بات نہیں کروں گی۔۔۔۔جی امی جان نہیں ہو گا۔۔

چلو اب تم رہو اس کے پاس ڈاکٹر نے کہا ہے کہ۔ تھوڑی دیر تک اسے ہوش آجائے گا۔

جب اس کو ہوش آئے تو مجھے خبر بھجوانا میں اس کے لیے سوپ تیار کرواتی ہوں۔اور اب تم اس کا خیال رکھو گے جیسے اس کو بیمار کیا ہے۔ویسے ہی اس کو ٹھیک کرو۔۔

رومان شاہ کی ماں دھمکی امیز انداز سے رومان شاہ کو کہتے ہوئے۔روم کا دروازہ بند کر کے چلی گئی۔۔۔میری پیاری امی جان یہ سب تو میں اس کے ساتھ ضرور کروں گا۔۔

یہ سب کچھ تو یہ اپنی قسمت میں خود لکھوا کر لائی ہے۔۔مگر آپ سے جو میں نے وعدہ کیا ہے۔اسے میں ضرور نبھاؤں گا۔۔

آج کے بعد میں اتنے اچھے طریقے سے آپ کی بہو کو ٹارچر کروں گا۔۔کہ آپ کو پتہ تک بھی نہیں چلے گا۔۔رومان شاہ اپنے دل میں عہد کرتا ہوا میرب کو دیکھ رہا تھا۔۔

میرب کو تھوڑی دیر میں آگیا رومان شاہ کی ماں بیٹھی ہوئی میرب کے ہوش میں آنے کا انتظار کر رہی تھی۔۔یا میرا بچہ میں آپ کے لیے کر آئی ہوں جلدی سے پیو میں پھر آپ کو دوائی دیتی ہوں۔

میرب تھوڑا سا اٹھ کر بیڈ کراؤن سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئی تھی۔

میرب کی طبیعت اب بھی کافی بوجھل بوجھل تھی۔بخار کی وجہ سے اس کا جسم کافی درد کر رہا تھا۔مگر رومان شاہ کی ماں اتنی محبت سے اسے بول رہی تھی تو میرب سے منع نہیں کیا گیا۔۔

ادھر آؤ رومان اس کی کمر کے پیچھے تکیہ رکھو۔رمان شاہ جو پہلے ہی اپنے غصے کو بڑی مشکل سے قابو کیے ہوئے۔۔اپنے چہرے پر اپنی ماں کی وجہ سے بناوٹی مسکراہٹ سجا کر صوفے پر ٹانگ پہ ٹانگ رکھ کہ بہت ایٹیٹیوڈ سے بیٹھا ہوا تھا۔۔

تکیہ میں رکھوں اس کے پیچھے۔۔رومان شاہ نے حیرانی سے اپنی ماں سے پوچھا تھا۔۔ہاں جی تمہارے سوا کمرے میں کوئی اور رومان بھی تمہیں نظر آرہا ہے۔رمان شاہ کی ماں نے میرب کو سوپ پلانا تھا اس لیے میرب کو سیٹ کر کے بٹھانا چاہ رہی تھی۔۔میرب سے بخار کی وجہ سے ٹھیک سے بیٹھا نہیں جارہا تھا۔۔

کیوں اس کے ہاتھ ٹوٹ گئے ہیں۔یا میں اس کا نوکر ہوں۔۔رومان میں تم سے کہہ رہی ہوں کہ اس کے پیچھے تکیہ رکھو۔

۔رومان شاہ کی ماں رومان شاہ کو آنکھیں دکھاتے ہوئے بولی۔۔تمہیں میں نے اتنا سمجھایا ہے۔مگر مجھے لگتا ہے کہ تمہارے پلے میری کوئی بات بھی نہیں پڑی۔۔

نہیں میں خود تکیہ رکھ لوں گی میرب مشکل سے ہی بولی تھی۔۔ایک تو میرب کی بخار نے حالت خراب کر رکھی تھی۔اوپر سے رومان شاہ تکیہ رکھنے کے لیے اس پر جھکا ہوا اسے کھا جانے والی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔

رومان شاہ۔۔۔ نہیں میڈم میں رکھ دیتا ہوں۔

میرب۔۔شاہ میں خود رکھ لوں گی وہ رومان شاہ کی آنکھوں میں غصہ دیکھ کر ڈرتے ڈرتے بول رہی تھی۔۔

رومان شاہ۔۔۔ نہیں آپ خود سے کیوں تکیہ اپنے پیچھے رکھیں گی۔۔میں ہوں نا آپ کا ادنی سا غلام میرا فرض بنتا ہے کہ میں آپ کی خدمت کروں۔ رومان شاہ میرب پر اپنے طنز کے تیر مار رہا تھا۔۔اس نے میرب کے اوپر سے ہاتھ گزارتے ہوئے تکیہ اٹھا کر میرب کے پیچھے تکیہ تو رکھ دیا۔۔

مگر اس وقت اس کو کتنا غصہ آ رہا تھا یہ تو اگر رومان شاہ کی ماں کمرے میں موجود نہ ہوتی تو پھر رومان شاہ میرب کو بتاتا۔۔وہ تکیہ رکھ کر اپنا غصہ اپنی

ماں پر ظاہر نہیں کرنا چاہتا تھا اس لیے فورا کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔

میرب بیٹا تم اس کے غصے سے پریشان نہیں ہونا۔ تم بیوی ہو اس کی اور پورا حق ہے تمہارا اس پر۔اس کا فرض بنتا ہے تمہارے دکھ سکھ میں تمہارے ساتھ کھڑا ہو۔۔۔

اور مجھے پتہ ہے کہ میری بہو بہت سمجھدار ہے اور اس کھر دماغ سے بہت پیار کرتی ہے۔۔رمان شاہ کی اس بات پر میرب نے شرم سے نظریں جھکا لی اور اس کے لبوں پر ہلکی سی مسکراہٹ آئی تھی۔۔

بس بیٹا تم نے ہمت نہیں ہارنی اور نہ ہی ڈر کر یا ہار کر اپنے قدم پیچھے لینے ہیں۔ میرا بیٹا دل کا برا نہیں ہے۔بس زندگی کی تلخیوں نے اس کو ایسا بنا دیا ہے۔اور مجھے پورا یقین ہے کہ میری بہو اس کو اپنی محبت سے پھر سے زندگی جینا سکھا دے گی۔۔

میرب نے رومان شاہ کی ماں کی بات پر اپنا سر ہاں میں ہلا کر انہیں یقین دلایا تھا۔ میرب تم مجھے اپنی ماں ہی سمجھنا میں ہمیشہ تمہارا اپنی بیٹی کی طرح ہی خیال رکھوں گی۔۔ تم نے جس محبت سے رومان کی طرف قدم بڑھایا ہے اس محبت کو بیٹا کبھی کم مت ہونے دینا۔۔ رومان شاہ کی ماں میرب کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لیے ہوئے بیٹھی بڑی شفقت سے اس کو سمجھا رہی تھی۔۔

مگر آنٹی وہ تو مجھے اپنی زندگی میں آئی ہوئی مصیبت سمجھتے ہیں۔۔ ان کے دل میں ذرا سی بھی میرے لیے گنجائش نہیں ہے۔ تو میں ان کے دل میں اپنے لیے جگہ کیسے بناؤ۔۔ میرب نے بڑے اداس لہجے سے رومان شاہ کی ماں کو شکایت کی تھی۔۔

بیٹا تم ایک عورت ہو اور عورت اپنی محبت اور لگن سے اپنے شوہر کے دل میں اپنی محبت پیدا کر لیتی ہے۔ ایک عورت کے لیے یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے۔

اور سب سے پہلے تو تم مجھے آنٹی کہنا بند کرو آج کے بعد تم بھی مجھے رومان کی طرح امی جان ہی بولا کرو۔

امی بولو گی تو ہم دونوں میں ماں بیٹی کا رشتہ مضبوطی پکڑے گا۔اور پھر اسی رشتے کی مضبوطی سے ہم ایک دن رومان کے دل کو موم بنانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔۔

رمان شاہ کی ماں میرب کو اپنے ساتھ لگاتے ہوئے اپنائیت کا احساس دلا رہی تھی۔۔

جی آج کے بعد میں آپ کو امی جان ہی کہہ کر بلایا کروں گی۔۔

میرب کو پیار ملا تو اس کی آنکھیں چھلک گئی۔۔اور وہ رومان شاہ کی ماں کے گلے میں باہیں ڈالے ہوئے رو دی تھی۔۔

نہیں بیٹا رونا نہیں ہے یہ آنسوں انسان کو کمزور بنا دیتے ہیں۔اور میری بیٹی کمزور نہیں ہے۔ تم دیکھنا کہ وہ ضرور آئے گا۔ کہ جب رومان جب تک تمہیں دیکھے گا نہیں اس کا دن نہیں چڑھے گا۔۔

جتنی محبت تم اس سے کرتی ہو اس سے کئی گنا زیادہ محبت وہ تم سے کرے گا۔ ماں جی وہ مجھ سے کبھی محبت نہیں کر سکتے۔میں ان کو اچھی نہیں لگتی۔

۔اس کا فیصلہ تو بیٹا تم وقت پر چھوڑ دو۔انشاءاللہ اگر میں زندہ رہی تو میں تمہیں بتاؤں گی۔ کہ وہ تم سے کتنا پیار کرتا ہے۔

مگر وہ رومان شاہ ہے اتنی آسانی سے اپنی مرضی کے خلاف ہوئی چیزوں کو ایکسیپٹ نہیں کرتا۔۔اس لیے اب تمہیں صرف صبر سے اس کے ساتھ رہ کر آہستہ آہستہ اس کے دل کے اوپر چڑھے ہوئے سخت خول کو کرید خرید کر اتار دینا ہے۔

۔اور جب وہ خول اتر جائے گا تو نیچے سے میرے بیٹے کا سوفٹ دل نکلے گا۔۔اور اس دل میں صرف تم ہو گی۔

اور پھر تم بڑی آسانی سے تم اس کے دل میں اپنا پیار بھی جگا سکو گی ۔۔اور رومان شاہ کے دل میں اپنا عکس بھی دیکھ سکو گے۔۔رومان شاہ کی ماں کی باتوں سے میرب کو بہت ہمت اور حوصلہ مل رہا تھا۔

وہ رومان شاہ کی ماں کے سینے سے چپٹی ہوئی بیٹھی تھی۔اور رومان شاہ کی ماں اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے اس کے بالوں کو سہلا رہی تھی۔۔

میرب کو اس وقت رومان شاہ کی ماں کے ساتھ لگ کر سچ میں وہ احساس مل رہا تھا جو اسے اپنی ماں کے سینے کے ساتھ لگنے پر ملتا تھا۔۔

oooooooo

بہادر جلدی سے مجھے گاؤں ریپ والی فائل لا کر دو۔۔جی سر۔۔دیکھو اے سی پی فائلیں کسی اور کو دکھانا مجھے نہیں دیکھنی ہے تیری تیار کی ہوئی فائلیں۔۔

۔چوہدری فیض مجھے کوئی شوق بھی نہیں ہے کہ۔میں تمہیں اپنی محنت سے تیار کی ہوئی فائلیں دکھاؤں۔میں یہ فائل تمہارے وکیل کو دکھانا چاہتا ہوں۔تاکہ اس سے اچھی طرح سے اندازہ ہو جائے۔کہ تمہارے بیٹے نے جو کیا ہے اس کی کوئی معافی نہیں ہے۔

اور جتنی سخت تیاری میں نے کی ہے اس کے بعد تم جتنی مرضی اپنی طاقت لگالو میں بھی دیکھتا ہوں کہ تم اپنے بیٹے کو رہائی کیسے دلاتے ہو۔۔لگتا ہے کہ

تمہارا باپ کو زندہ چھوڑ کر غلطی ہو گئی ہے۔۔ کیونکہ ابھی تک تمہاری عقل ٹھکانے نہیں آئی۔۔۔

گاؤں میں ایک غریب لڑکی کا ریپ کیا تھا اس چودری فیض کے بیٹے نے جس کے گاؤں میں بہت سارے زمینیں تھی۔ اور پراپرٹی تھی جس کا اکلوتا بیٹا عدل فیض کراچی کی ایک مشہور یونیورسٹی میں پڑھتا تھا۔۔ اس لیے پنجاب پولیس نے یہ کیس سندھ پولیس کراچی کے حوالے کر دیا تھا۔۔

یہ کیس اے سی پی شامیر ملک کو ہینڈل کرنے کے لیے دیا گیا تھا۔۔ جو مجرموں کو کسی بھی طرح کی رائٹ نہیں دیتا تھا۔۔ جو صرف یہ جانتا تھا کہ جو گنہگار ہے اسے پھانسی کے تختے تک پہنچانا اس کا فرض ہے۔۔ مجرموں پر قہر بن کے ٹوٹنے والا اے سی پی شاہ میر۔۔ وہ مظلوموں اور بے سہاروں کے لیے مسیحہ تھا۔۔

شیر کے جیسے دل والا سچائی کے لیے اپنی چھاتی پر گولی کھانے کی ہمت رکھتا تھا۔۔ مگر ڈر کر پیچھے ہونا اسے نہیں آتا تھا۔۔اسی لیے اس زمیندار کی دھمکیوں سے اے سی پی شامیر پر خاک بھی اثر نہیں ہو رہا تھا۔۔پنجاب سے یہ چوہدری اپنے بیٹے کی رہائی کے لیے کراچی آیا ہوا تھا۔

چودری اپنے سارے حربے آزما چکا تھا۔رشوت دینے سے لے کر دھمکیاں دینے تک۔اور اس کے باپ پر گولی چلا کر تو اس نے اپنی آخری حد بھی پار کر دی تھی۔۔۔اس لیے اب چوہدری فیض اپنے وکیل کو لے کر اپنے بیٹے کی زمانت کروانے کے لیے آیا تھا۔۔

مگر اے سی پی نے چوہدری فیض کے بیٹے کی ضمانت کے سارے راستے بند کر دیے تھے۔۔اب چوہدری غصے سے اے سی پی شاہ میر کو اس کے باپ کے زندارہ جانے پر اسے پھر سے مارنے کی دھمکی دے رہا تھا۔۔۔

چودری ایک بار تو نے میرے باپ پر اٹیک کر لیا۔اب اگر دوبارہ تم نے میری فیملی کی جانب آنکھ اٹھا کر بھی دیکھا تو تیری نسلیں ختم کر دوں گا۔۔ اے سی پی نے چودری کے گریبان سے پکڑتے ہوئے اسے کھینچ کر کرسی سے کھڑا کر دیا تھا۔۔

اے سی پی تو پچھتائے گا اس دن کو جس دن تم نے چودری فیض کے گریبان پر ہاتھ ڈالا۔۔میں کیا چیز ہوں ت ابھی تک تجھے پتہ ہی نہیں ہے۔

اپنی بعزتی پر چوہدری اپنے وکیل کے ساتھ بھنکارتا ہوا پولیس اسٹیشن سے نکل کر اپنی گاڑی میں بیٹھ گیا تھا۔

اور جاتے ہوئے شہادت والی انگلی کھڑی کرتے ہوئے اے سی پی کو دھمکی دے کر گیا کہ وہ بہت جلد اس سے نمٹے گا۔۔

جس کا ایسی پی شامیر پر کوئی بھی اثر نہیں ہوا۔اے سی پی شاہ میر اس طرح کی دھمکیاں روز فیس کرتا تھا۔۔

چوہدری فیض سے بہت زیادہ تخلامی ہونے کے بعد۔اب اے سی پی اپنے کرسی کی پشت سے سر لگائے ہوئے کچھ دیر اپنے دماغ کو رلیکس کرنے کے لیے آنکھیں مودے ہوئے بیٹھا تھا۔۔۔بہادر جی سر۔۔بہادر جن کی طرح بھاگ کر اے سی پی بھی شامیر کے پاس آیا تھا۔۔۔

میرے لیے کافی منگواؤ۔۔۔اس بے غیرت چودری کی فضول بک بک سن کر میرے سر میں درد ہونے لگا ہے۔۔ شاہ میر کرسی کی پشت سے سر کو لگائے ہوئے آنکھیں موند کر اپنے سر کو دبا رہا تھا۔

اس نے اسی طرح سے آنکھیں بند کیے ہوئے ہی بہادر کو آواز دے کر چائے کے لیے کہا تھا۔۔۔ بہادر اپنی دم کو سر پہ رکھ کر بھاگتا ہوا چائے لینے چلا گیا۔۔

بہادر کو اے سی پی کے غصے سے بہت ڈر لگتا تھا۔ کیونکہ شامیر جب خوش ہوتا تو پورا پولیس اسٹیشن آپس میں گپے مارتا ہوا نظر آتا تھا۔۔

لیکن جب اے سی پی شاہ میر ملزموں کی تفشیش کرتے ہوئے غصے میں ہوتا ۔تواس کے قہر کے سامنے پورا پولیس اسٹیشن ایسے چپ ہوتا تھا جیسے سب کو سانپ سونگ گیا ہو۔

جیسے کہ اس وقت بہادر کے ڈر کے مارے پسینے چھوٹ رہے تھے۔اور وہ بھاگتا ہوا اے سی پی کا حکم بجالانے کے لیے گیا تھا۔۔۔

شاہ میر کا دماغ اس چوہدری نے کافی گرم کر دیا تھا۔۔ایک ٹھنڈی سانس فضا میں چھوڑتے ہوئے شاہ میر نے اپنی آنکھیں کھول کر اپنی جیب سے اپنا موبائل نکالا اور موبائل کی سکرین پر لگی ہوئی پکچر کو دیکھ کر اس کے انابی لب مسکرا رہے تھے۔۔

وہ ایک ہاتھ سے موبائل پکڑ کر اپنے سامنے کیے ہوئے تھا۔۔اور دوسرے ہاتھ سے اپنے ہاتھ کی مٹھی بنا کر اپنی شہادت والی انگلی کو اپنے ہونٹوں پر رکھ کر بڑے دل کش انداز سے مسکرا رہا تھا۔۔

وہ کافی دیر تک پکچر کو دیکھ کر مسکراتا رہا اور اپنی شہادت کی انگلی سے سکرین پر پکچر کے اوپر بڑی محبت سے لائنیں کھینچ رہا تھا۔۔

اس کی انگلی بار بار مرہا کی پکچر پر اس کے نازک سے لبوں پر جا کر رک رہی تھی۔۔ مرہا کی یہ پکچر اس نے میرب کے رخصتی والے دن بنائی تھی۔

اور اسی دن اس نے یہ پکچر اپنے فون کی ہوم سکرین سیٹ کر لی تھی۔۔
موبائل کی سکرین دیکھتے ہوئے جس پر مرہا کی تصویر تھی۔۔۔ شاہ میر کا دل چاہ رہا تھا کہ وہ مرہا کی آواز سنے اپنے دل کی بات سنتے ہوئے اس نے مرہا کا نمبر ڈائل کیا تھا۔

اور شاہ میر کی توقع کے مطابق مرہا نے پہلی بیل پر فون نہیں اٹھایا تھا اب تیسری بار اس نے مرہا کا نمبر ری ڈائل کیا تھا۔۔

بیوی یار کبھی تو پہلے بیل پر فون اٹھا لیا کرو۔۔ مرہا کے فون اٹھاتے ہی شامیر نے شکایتی انداز سے کہا تھا۔۔۔ نماز پڑھ رہی تھی کیا نماز توڑ کر آپ کا فون اٹھا لیتی۔۔ مرہا نے کڑک آواز میں اے سی پی صاحب کو جواب دیا تھا۔۔

ماشاءاللہ ماشاءاللہ تو میری بیگم نماز پڑھ رہی تھی یہ تو بہت اچھی بات ہے۔۔ آپ کی بیگم نہیں مرہ نماز پڑھ رہی تھی۔۔ ہاہاہا اچھا جی۔ شامیر قہقہ لگا کر ہنسا تھا۔۔جی۔۔۔ مگر میری بیگم کا نام بھی مرہا ہے۔۔۔ تو میں کیا کروں۔۔۔ اس سے میری بات کرواؤ۔۔۔۔ وہ ابھی فارغ نہیں ہے۔۔۔۔۔ تم اس سے کہو کہ اس کے لیے سب سے زیادہ ضروری کام اپنے شوہر سے بات کرنا ہے ۔باکی کے کام تو بادمیں بھی ہو سکتے ہے۔۔ شاباش اس کو بولو کہ اپنے شوہر سے بات کرے اس کا شوہر اس سے بات کرنا چاہتا ہے۔۔

شوہر تو فارغ ہے اسے تو کوئی کام دھندا ہوتا نہیں ہے۔ لیکن مرہا بیچاری کو بہت سارے کام ہوتے ہیں اس لیے مرہا آپ سے بات نہیں کر سکتی۔۔ میں نے تو مرہا سے کہا ہی نہیں کہ وہ مجھ سے بات کرے میں تو اپنی بیوی سے بات کرنا چاہتا ہوں۔۔

پلیز آپ مجھے تنگ نہیں کریں مجھے پڑھائی کرنی ہے۔۔۔پر مجھے تو تم سے بات کرنی ہے پڑھائی بعد میں کرنا۔۔۔پلیز مجھے پڑھنے دیں اگر پڑھائی نہیں کروں گی بھائی ناراض ہو جائے گے۔۔۔اور اگر بات نہیں کرو گی تو شوہر ناراض ہو جائے گا اور شوہر کو ناراض کرنے کا مطلب ہے اپنے رب کو ناراض کرنا۔۔۔

میرے خیال سے اب تم اتنی توبے وقوف نہیں ہو کہ اپنے رب کو ناراض کرو۔۔

ویسے آپ کو پتہ ہے۔ کہ آپ باتیں بہت اچھی بنا لیتے ہیں۔۔۔بیوی اور بھی بہت کچھ ایسا ہے جو میں بہت اچھا کر لیتا۔۔ہوں۔۔۔ کبھی موقع تو دے کر دیکھنا۔وہ ہنس رہا تھا۔۔

مجھے تو بلکل بھی ایسا نہیں لگتا کہ آپ کچھ اچھا بھی کر لیتے ہیں۔۔مجھے تو لگتا ہے آپ صرف اچھی باتیں بنا لیتے ہیں۔اور اچھی طرح سے لوگوں کا دماغ کھا لیتے ہیں۔۔

اور فضول بیٹھ کر گورنمنٹ کا پیسہ کھا لیتے ہیں۔ مرہانے اپنی طرف سے بھرپور کوشش کی تھی شامیر کو شاہ میر کی نیگٹو چیزیں دکھانے کی۔۔

جب آپ میرے پاس آجائیں گی تو۔ پھر میں آپ کی گورنمنٹ پر رحم کھا کر۔ فضول بیٹھ کر آپ کی گورنمنٹ کا پیسہ کھانا چھوڑ دوں گا۔۔

پھر میں روز آپ کو کھایا کروں گا اب خوش۔۔ شاہ میر مرہا کی اکتائی ہوئی آواز سننا چاہتا تھا۔۔ اسی لیے وہ جان بوجھ کر اس کو تنگ کر رہا تھا۔ تاکہ وہ مزید اس سے تنگ آکر اور بولے۔ اور وہ اس کی آواز سن سکے۔۔۔ بے شرم۔۔ وہ آہستہ سے بولی تھی۔۔ مگر شاہ میر نے سن لیا تھا۔۔

بیوی مجھے لگتا ہے کہ تم مجھے اس لقب سے بہت جلدی نواز رہی ہو۔۔ وہ پھر سے ہنسا تھا۔۔۔ میں فون بند کر دوں۔۔ وہ شاہ میر کی بے باک باتوں اور ہنسی سے شرمسار ہوتے ہوئے فون بند کرنا چاہتی تھی۔۔۔۔

شاہ میر۔۔۔ نہیں تم ابھی فون بند نہیں کر سکتی۔۔
مرہا۔۔۔ لیکن کیوں

شاہ میر۔۔۔۔۔کیونکہ میں ابھی اپنی بیوی سے بات کرنا چاہتا ہوں۔۔

مرہا۔۔۔۔۔سب فضول باتیں ہوتی ہیں کوئی کام کی بات تو ہوتی ہے نہیں آپ کے پاس۔

شاہ میر۔۔۔۔۔۔۔۔آپ اپنے شوہر کو فضول بول رہی ہیں اندازہ ہے آپ کو۔اس کا لہجہ تھوڑا سخت ہوا تھا۔

مرہا۔۔۔۔۔میں نے ایسا تو نہیں کہا وہ تھوڑے سے سخت لہجے سے ایک گھبرا گئی تھی۔۔

شاہ میر۔۔۔۔۔تو پھر تمہاری بات کا مطلب کیا تھا۔۔

مرہا۔۔۔۔۔میرا کوئی بھی مطلب نہیں تھا۔اس کی آواز ایسے تھی جیسے ابھی رو دے گی۔۔

شاہ میر۔۔۔۔ نہیں اب تم مجھے اس بات کا مطلب سمجھاؤ گی تو ہی میں فون بند کروں گا۔۔ مرہا کی رو دینے والی آواز کو سن کر شامیر کو بہت مزہ آرہا تھا۔۔

مرہا۔۔۔۔سچ میں میرا ایسا کوئی بھی مطلب نہیں تھا۔وہ سچ میں رو دی تھی اس کی رونے کی آواز سن کر شاہ میر کو ہنسی آگئی۔۔

شاہ میر اسے چپ کروانے کے لیے یہ بتانے ہی لگا تھا۔کہ وہ اس سے ناراض نہیں ہو رہا تھا۔۔بلکہ وہ اس سے مذاق کر رہا تھا لیکن اس کے پولیس والی شیطانی کھوپڑی میں ایک اور بات آگئی تھی۔۔۔

تمہیں پتہ ہے کہ میں تم سے اس وقت بہت ناراض ہوں۔۔اب چپ کیوں ہو پوچھو کہ میں اپنی ناراضگی کیسے ختم کروں گا۔۔اور تمہیں میری ناراضگی

ختم کرنے کے لیے کیا کرنا پڑے گا۔۔شامیر مرہا کی فون پر آواز نہ آنے پر خود ہی بول رہا تھا۔۔۔

جی بتائیں کیسے آپ کی ناراضگی ختم ہو گی۔۔۔۔ تمہیں مجھ سے ملنا پڑے گا۔۔کیا۔۔اس نے اتنی زور سے کیا کہا تھا کہ کچھ سیکنڈ کے لیے شاہ میر کو اپنے کان سے فون تھوڑا دور کرنا پڑا تھا۔۔۔

میں نے ایسی بھی کوئی ڈراؤنی بات نہیں کی تھی۔کہ جس پر تم نے اتنی زور سے کیا کہا ہے۔۔

میرے تو کان کا پردا ہی پھٹنے والا تھا۔مرہا۔۔۔۔میں آپ سے نہیں مل سکتی۔

شاہ میر۔۔۔کیوں۔

مرہا۔۔۔۔۔۔بس نہیں مل سکتی تو نہیں مل سکتی۔

شاہ میر۔۔۔۔نہ ملنے کی وجہ بتانی پڑے گی۔

مرہا۔۔۔بھائی مجھے جان سے مار ڈالیں گے۔

شاہ میر۔۔۔کیوں مار ڈالیں گے

مرہا۔۔۔کیونکہ بھائی کو میرا یوں کسی غیر آدمی سے ملنا بالکل پسند نہیں ہے۔

شاہ میر۔۔۔بے وقوف لڑکی میں غیر آدمی نہیں شوہر ہوں تمہارا۔اور نکاح کے بعد غیر نہیں رہا بلکہ تمہارا محرم بن گیا ہوں۔۔شاہ میر کو مرہا کا یوں اسے غیر کہنا بہت برا لگا تھا۔۔

مرہا۔۔۔مگر میں اپنے بھائی کے خلاف جا کر آپ سے بالکل بھی نہیں مل سکتی اور ویسے بھی مجھے آپ سے مل کر بہت ڈر لگتا ہے۔

شاہ میر۔۔۔۔تو ٹھیک ہے پھر تیار رہنا ملنے کے لیے۔۔اب تو میں تمہارے بھائی کے خلاف جا کر تم سے ملوں گا بھی اور یہ جو تمہیں مجھ سے ڈر لگتا ہے ۔اس کو بھی سچ کر کے دکھاؤں گا۔مرہا نے جان بوجھ کر خود کو مصیبت کے

منہ میں ڈال دیا تھا۔۔مرہا کی باتوں سے شاہ میر ضد پر اتر آیا تھا۔۔۔اس سے پہلے کہ مرہا کچھ کہتی شامیر ٹک کر کے فون بند کر چکا تھا۔۔۔

oooooooooo

میرب آج کافی اچھا محسوس کر رہی تھی اس کی طبیعت پہلے سے کافی بہتر تھی۔رومان شاہ کی ماں نے میرب کی کافی اچھی دیکھ بھال کی تھی جس کی وجہ سے میرب دو دن میں ہی ماشاءاللہ ٹھیک ہو گئی۔۔

رومان شاہ کی ماں نے دوائیوں سے لے کر ڈائٹ تک۔میرب کی ہر چیز کا خود خیال رکھا تھا۔۔

اور اس دورانیے میں رومان شاہ کو میرب پر زیادہ کہر برسانے کا بھی موقع نہیں ملا تھا۔۔

کیونکہ زیادہ تر رومان شاہ کی ماں ان کے کمرے میں موجود ہوتی تھی۔۔۔آج دو دن کے بعد رومان شاہ کو آفس جانے کی اس کی ماں کی طرف سے اجازت ملی تھی۔۔۔

اس لیے وہ میرب سے پہلے ہی اٹھ گیا تھا۔۔اور اس وقت وہ واش روم میں شاور لے رہا تھا۔۔

میرا اٹھی تو واش روم سے گرتے ہوئے شاور کی آواز سن کر سمجھ گئی تھی کہ نواب صاحب اس وقت واش روم میں موجود ہیں۔۔

ابھی وہ بیڈ کراون سے ٹیک لگا کر بیٹھی ہی تھی کہ رومان شاہ بنا شرٹ کے ٹاول سے اپنا سر پہنچتے ہوئے واش روم سے باہر آیا تھا۔۔۔۔

رومان شاہ نے میرب کو بیٹھا ہوا نہیں دیکھا تھا کیونکہ وہ اپنے سر پہ ٹاول لیے ہوئے سر کے بال خشک کر رہا تھا۔۔

مگر میرب نے اس کے کثرتی جسم کو دیکھتے ہوئے اپنی آنکھوں پر جلدی سے ہاتھ رکھ لیا تھا۔۔ جینز کی پینٹ پہنے ہوئے بنا شرٹ کے اس کا مردانہ جسم بہت ڈیشنگ لگ رہا تھا۔۔۔ جم سے کسرت کر کے بنے ہوئے ڈولے تو قہر ڈھا رہے تھے۔۔۔

چوڑی چھاتی اس کے مظبوط مردانہ شخصیت پر بہت جچ رہی تھی۔۔ اور پرفیکٹ ویسٹ اور سکس پیک دیکھ کر تو وہ ہالی وڈ کا ہیرو لگ رہا تھا۔۔

وہ حفرا تفری سے تیار ہو رہا تھا۔۔ کیونکہ آج اسے دو دن بعد آفس جانے کی اجازت ملی تھی۔۔ کہاں رومان شاہ ایک دن بھی اپنے آفس سے غیر حاضر نہیں ہوتا تھا۔۔

اور کہاں اس کی امی جان نے بیچارے کی دو دو چھٹیاں کروادی تھی۔اس لیے بیچارا بہت افراتفری سے تیار ہو رہا تھا۔ کہ کہیں وہ آج بھی آفس لیٹ نہ ہو جائے۔

جلدی سے اس نے اپنی کبرڈ سے شرٹ نکالی تھی۔جو اس کی بہت فیورٹ اور لکی شرٹ تھی۔۔یہ شرٹ مرہانے اسے گفٹ کی تھی۔ جس کو رومان شاہ جب بھی کسی اہم میٹنگ پر جاتا تو پہن کر جاتا تھا۔

اور ہمیشہ کامیاب ہو لوٹتا تھا۔۔ مگر بد قسمتی سے آج کا دن بیچارے کے لیے بالکل لکی نہیں تھا۔۔۔آج اس کی اہم میٹنگ تھی۔اور وہ اپنی لکی شرٹ پہن کر ہی جانا چاہتا تھا۔ لیکن اس کے دو بٹن ٹوٹے ہوئے تھے۔۔رومان شاہ اپنی شرٹ کو لے کر اپنی ماں کے روم میں جانے لگا تھا۔۔

کہ اس کی نظر بیڈ پر آنکھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے میرب پر پڑ گئی۔۔عالم غشی سے تم ہوش میں آگئی ہو تو آنکھوں سے ہاتھ ہٹاؤ۔۔۔اور میری طرف

دیکھو۔۔۔پہلے آپ کپڑے پہنو۔لاحول والا قوتہ تم اپنی آنکھوں کا علاج کرواؤ۔

تمہاری بنائی تو کافی خراب ہے۔۔میں آپ کی شرٹ کی بات کر رہی ہوں۔۔۔میرب شرمندہ ہوئی تھی۔۔۔تو پھر یہ کہو کہ میں شرٹ پہن لوں۔بے وقوف لڑکی کو اتنا بھی نہیں سمجھ آتا کہ شرٹ اور کپڑے پہننے میں بہت فرق ہوتا ہے۔

اب اگر تمہاری ادائیں ختم ہو گئی ہوں تو آنکھوں سے ہاتھ ہٹاؤ۔۔شاہ پہلے مجھے یہ بتائیں کہ آپ نے شرٹ پہنی ہے یا نہیں۔۔۔

پہلی بات یہ کہ میں نے شرٹ پہن لی ہے۔اور دوسری بات یہ کہ اگر میں کہوں کہ نہیں پہنی تو تب بھی تمہیں اٹھ کر میری بات سننی پڑے گی سمجھی تم۔۔

رومان شاہ غصے سے بولا تھا۔اس کی آواز میرب کے کانوں میں گونجی تو اس نے فورن سے بھی پہلے اپنے ہاتھ آنکھوں سے ہٹا لیے تھے۔۔۔

میرب نے آنکھوں سے ہاتھ ہٹائے تو رومان شاہ اپنی بلیک کلر کی شرٹ پہنے ہوئے کھڑا تھا اس کے کچھ بٹن بند تھے اور کچھ کھلے ہوئے تھے۔۔بلو کلر کی جینز کے اوپر اس نے بلیک کلر کی شرٹ پہن رکھی تھی۔۔

بلیک کلر میں اس کا گھورا رنگ 14 ویں کے چاند کی مانند کھل رہا تھا۔۔ ظالم کا نہاں کر نکھرا نکھرا چہرہ میرب کے دل پر قہر ڈھا رہا تھا۔۔ رومان شاہ پر نظر پڑتے ہی میرب کے دل نے ایک بیٹ مس کی تھی۔۔

!!! رومان شاہ۔۔۔۔ سنو

میرب۔۔۔۔ جی۔۔

رومان شاہ۔۔۔۔ پاس آؤ۔۔

میرب۔۔۔۔ کیوں؟؟

رومان شاہ۔۔۔۔ تمہاری شکل دیکھ کر اپنا دن خراب کرنا ہے۔ اس لیے صبح صبح تمہاری منحوس شکل دیکھنے کے لیے بلا رہا ہوں۔۔۔ میرب کے کیوں کہنے پر رومان شاہ کا پارا ہائی ہوا تھا۔

رومان شاہ۔۔۔ بہری ہو گیا۔۔ میں نے کہا کہ میرے پاس آؤ۔ مجھے بات دہرانے کی عادت نہیں ہے۔ وہ میرب پر پوری طرح سے چیخا

تھا۔۔۔میرب رومان شاہ کی غصے والی دھاڑ سے ڈر کر کانپ گئی تھی۔۔ جلدی سے بیڈ سے نیچے اتری تھی اور ننگے پیر ہی چلتے ہوئے رومان شاہ کے پاس آئی تھی۔

اور تھوڑی دوری پر ہی آکر رک گئی۔اس سے آگے جانی کی اس کی ہمت نہیں ہو رہی تھی۔۔رومان شاہ اسے اس وقت وہ جنگلی شیر لگ رہا تھا۔جسے دیکھ کر بیچاری سہمی ہوئی ہرنی کو بہت ڈر لگ رہا تھا۔۔۔

رومان۔۔۔سنائی نہیں دیا میں نے کہا میرے پاس آؤووو۔وہ بہت زور سے چیخا تھا۔۔۔رومان شاہ کی گرج سے میرب کے ہاتھوں میں پسینے آنے لگے تھے۔۔۔جج جی وہ رومان شاہ سے ڈرتے ڈرتے اس کے پاس آکر جی بولی تھی۔۔۔

رومان شاہ۔۔۔میری شرٹ کا بٹن ٹوٹ گیا ہے لگاؤ۔

میرب۔۔۔شاہ مجھے بٹن لگانا نہیں آتا وہ بہت کم آواز سے ہاتھوں کو مسلتے ہوئے شرمندہ سی ہو کر بولی تھی۔۔

رومان شاہ۔۔۔بٹن لگانا نہیں آتا مگر عشق لڑنا آتا ہے۔۔وہ ایٹیٹیوڈ کے ساتھ میرب پر نظریں گاڑے ہوئے تھا۔۔

میرب۔۔۔شاہ پلیز طعنے نہ دیں میں سیکھ لوں گی۔۔

رومان شاہ۔۔۔میں نے تمہیں گود نہیں لیا جو تمہیں سیکھنے کے موقع فراہم کرتا پھروں۔ابھی کہ ابھی میری شرٹ کا بٹن لگاؤ۔۔۔

رومان شاہ نے میرب کو بازو سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا تھا۔جس سے میرب اپنا توازن برقرار نہیں رکھ سکی۔۔اور آکر سیدھی رومان شاہ کے کے سینے سے ٹکرائی تھی۔۔۔شاہ میرا ہاتھ چھوڑیں مجھے درد ہو رہا ہے۔۔

رومان شاہ نے اپنے ہاتھ سے میرب کی کلائی کو اس جگہ سے زور سے پکڑ رکھا تھا جہاں سے اس نے اپنی کلائی کاٹ کر خودکشی کرنے کی کوشش کی

تھی۔۔درد سے میرب کی آنکھوں سے آنسوں نکل آئے تھے۔۔ نہیں درد سے تھوڑا اور تڑپو۔۔ تمہارے تڑپنے سے مجھے بہت سکون ملتا ہے۔۔اس نے اپنی گرد ڈیلی نہیں کی تھی۔۔

میرب اپنے دوسرے ہاتھ سے رومان شاہ کا ہاتھ اپنی کلائی سے ہٹانے کی بے ضرر کوشش کر رہی تھی۔۔وہ اپنا چہرہ اس کے قریب کیے ہوئے اس کے چہرے پر درد کے تاثرات دیکھ کر مسکرا رہا تھا۔۔وہ رو رہی تھی۔۔۔

رومان شاہ۔۔۔جب تم اس طرح سے تڑپتی ہو میرے دل کو بہت سکون ملتا ہے۔۔

میرب۔۔۔۔اور شاہ جب آپ کو سکون ملتا ہے تو میرب کے دل کو بہت خوشی ہوتی ہے۔

رومان شاہ۔۔۔تو پھر یہ خوشی اپنے چہرے پر دکھاؤ۔۔۔یہ رونا کس لیے ہے ۔مجھے خوش ہو کر دکھاؤ کیونکہ اس وقت میرے دل کو بہت سکون مل رہا ہے ۔تمہیں اس طرح سے تڑپا کر۔۔۔میرب روتے روتے پاگلوں کی طرح ہنسنے لگی تھی جیسے اسے کسی نے بہت فنی جوک سنایا ہو۔۔شاہ آپ کو کیا لگتا ہے کہ اس طرح کر کے آپ میرے دل سے اپنی محبت ختم کر لیں گے۔۔

اس طرح ظلم کر کے تو آپ میری محبت کو اور بھی زیادہ تڑپا کر کندن بنا رہے۔۔۔شٹ اپ۔۔میرا صبح صبح تمہارے یہ گھٹیا ڈائیلاگ سننے کا کوئی موڈ نہیں ہے اس نے میرب کو زور سے بیڈ پر دھکا دیا تھا۔۔۔میرب کی کلائی پر لگی ہوئی پٹی۔رومان شاہ کے ہاتھ کی پکڑ سے خون سے گیلی ہوئی تھی۔۔۔وہ اسے روتا ہوا چھوڑ کر دوسری شرٹ پہن رہا تھا۔۔کیوں رو رہی ہے میری جان بہت عشق ہے نا مجھ سے تو ابھی تو میں نے عشق کا دوسرا ڈوز دیا ہے تو کیوں اس طرح سسک کر رو رہی ہو۔۔۔شاہ اس سے اپنے

دانتوں کو پیستے ہوئے اپنا ایک پاؤں بیڈ پر رکھ کر ایک ہاتھ سے اس کے جبڑے کو زور سے پکڑے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔

پہلا ڈوز دیا تو تم بے ہوش ہو گئی تھی دوسرا ڈوز دیا تو سسک کر رو رہی ہو انٹر سٹنگ ویری انٹر سٹنگ اب رات کو تیسرا ڈوز دوں گا اور دیکھتا ہوں اس ایکسپیریمنٹ سے کیا ہوتا ہے

وہ روم کا ہینڈل گھماتے ہوئے غصے سے روم سے باہر جا چکا تھا۔۔

✿✿✿✿

رومان شاہ آج جس میٹنگ کے لیے آیا تھا۔۔وہ اس کی زندگی کی سب سے بڑی میٹنگ اور ڈیل تھی۔۔یہ صرف رومان شاہ کے لیے ایک ڈیل یا میٹنگ نہیں تھی۔

یہ وہ خواب تھا جو رومان شاہ کی معصوم آنکھوں نے دیکھا تھا۔۔آج رومان شاہ وہ کرنے جارہا تھا۔۔ جس کے لیے اس نے اتنے سالوں میں دن رات محنت کی تھی۔۔۔

آج رومان شاہ آج اس مقام پر پہنچ چکا تھا۔ جس کا اس نے بچپن میں عہد کیا تھا۔آج اپنے دل پر لگے ہوئے زخموں پر رومان شاہ مرہم لگانے والا تھا۔۔

وہ زخم جو اس کے اپنوں نے ہی دیے تھے۔۔رومان شاہ آنکھیں بند کیے ہوئے لیٹا اپنی ماضی کی تلخ یادوں میں جا کر کچھ دفنائے ہوئے ورک پلٹ کر پڑھنے لگا تھا۔۔

یہ رومان شاہ کی زندگی کے وہ تلخ حقیقت سے بھرے ہوئے ورق تھے۔ جن کو پڑھ کر رومان شاہ کی روح تک زخمی ہو جاتی تھی۔۔

ooooooo

(ماضی)رومیوں اپنی ماں اور چھٹی بہن کے ساتھ جب کراچی پہنچا تو۔وہاں پر جو اس کی ماں کی سہیلی تھی۔۔۔یہ لوگ ان کے گھر میں رہائش پذیر ہو گئے۔۔ان کے بھی دو ہی بچے تھے۔۔

ایک بیٹا اور ایک بیٹی ان کے بیٹے کی عمر لگ بھگ رومیوں کے جتنی ہی تھی دونوں ہم اتیج تھے۔۔اور بیٹی کی عمر تقریبا رومیو سے کوئی دو سال کم تھی۔۔

ہفتہ دس دن تو ان لوگوں کا رویہ رومیوں اور اس کی ماں کے ساتھ کافی اچھا رہا تھا۔۔مگر اس کے بعد رومیوں کی ماں کی سہیلی جس کا نام سلمہ بیگم تھا۔اس کے اصلی رنگ نظر آنے لگے تھے۔

سیما تم سارا دن فارغ رہ رہ کر بور ہو جاتی ہو۔ تم گھر کا کچھ کام ہی کر لیا کرو۔۔ سلمہ رومیو کی ماں سے کوڑور ڈ میں یہ کہہ رہی تھی۔ کہ اب اسے گھر کے کام میں ہاتھ بڑھانا چاہیے۔۔

لیکن امی تو بیمار رہتی ہیں آنٹی ان سے تو کام نہیں ہو گا۔۔ رومیوں بیٹا تم چپ کرو میں کام کر لوں گی اب اتنی بھی بیمار نہیں ہوں۔۔ رومیوں کی ماں نے رومیوں کو اس لیے چپ کروا دیا تھا کیونکہ وہ سلمہ بیگم کے تیور پہلے ہی سمجھ چکی تھی۔

اب سلمہ بیگم اکثر گھر کا کام رومیوں کی ماں سے کروانے لگی تھی۔۔ جو کہ رومیوں کو بالکل اچھا نہیں لگتا تھا۔۔ ایک تو رومیوں کی ماں ویسے بھی بیمار رہتی تھی۔۔

اوپر سے گھر کے سارے کام کر کے وہ اور بھی نڈھال ہو جاتی تھی۔۔امی آپ ان کے گھر کام نہیں کیا کریں۔مجھے بالکل اچھا نہیں لگتا تھا۔امی آپ یوں نوکروں کی طرح سارے گھر کا کام کرتی ہیں۔۔

رومیوں اپنی سارے دن کی تھکی ہوئی اپنی ماں کی گود میں سر رکھے ہوئے ۔بڑی محبت سے اپنی ماں کا ہاتھ چوم رہا تھا۔۔رومیوں بیٹا گھر کے کام کرنے سے انسان نوکر تھوڑا بن جاتا ہے۔۔

اب ہم لوگ یہاں پر رہتے ہیں تو ہمیں بھی گھر والوں کی طرح کام کرنا چاہیے۔رومیوں کی ماں رومیو کے ذہن میں سلمہ کے لیے کسی بھی طرح کا فتور نہیں بھرنا چاہتی تھی۔۔

امی شاید آپ کو سمجھ نہیں آتی۔یا آپ سمجھنا ہی نہیں چاہتی۔۔سلمہ آنٹی آپ سے گھر کے لوگوں کی طرح نہیں بلکہ نوکروں کی طرح کام کرواتی ہیں۔۔

میں بچہ نہیں ہوں جو مجھے سمجھ نہیں آتی۔رومیوں غصے سے اپنی ماں کی گود میں سے سر اٹھا کر بیٹھ گیا تھا۔رومیوں بیٹا اگر ایسا ہے بھی تو۔

ہمارے پاس کوئی اور حل ہے۔۔ان کے گھر میں سر چھپانے کے لیے ہمیں چھت ملی ہوئی ہے۔تو اگر بدلے میں۔میں گھر کا کام کر دیتی ہوں تو اس میں کیا غلط ہے۔

امی آپ یہ کہہ کر مجھے چپ کروا دیتی ہیں۔بس ایک بار میرے ایگزام ہو لینے دیں۔اس کے بعد میں کرائے پر گھر لے لوں گا۔۔

اور آپ لوگوں کو لے کر وہاں پر شفٹ ہو جاؤں گا۔۔ مگر رومیوں بیٹا گھر کا خرچہ کہاں سے چلے گا۔۔۔ میں کہیں پارٹ ٹائم جاب کر لوں گا۔ رومیوں ایک غیرت مند بیٹا تھا جو اپنی ماں اور بہن کو بہترین زندگی دینے کے لیے کچھ بھی کرنے کے لیے تیار تھا۔

رومیوں کی عمر کے لڑکے اپنی اوارہ گردیوں میں مصروف رہتے ہیں مگر رومیوں بالکل اپنی عمر کے برعکس تھا۔۔

وقت کی تلخیوں نے رومیوں سے اس کا بچپن تک چھین لیا تھا۔ ٹھیک ہے ایگزام ہو لینے دو اس کے بعد سوچتے ہیں کہ کیا کرنا ہے۔۔ رومیو کی ماں نے ایک ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے کہا تھا۔۔

رومیو آج کالج سے واپس تھوڑا جلدی آگیا تھا۔ آج باہر گھر برسا دینے والی گرمی تھی۔ سورج پورے عروج پر اپنی آگ برسا رہا تھا۔۔

رومیوں سیدھا اپنی ماں کو ڈھونڈتا ہوا کچن کی طرف آگیا تھا۔ جہاں پر اس کی ماں برتنوں کا ڈھیر سنک میں رکھے ہوئے دھو رہی تھی۔۔

کچن میں اتنی گرمی تھی کہ کھڑے ہوئے انسان کا سانس رک جائے۔۔ کچن میں رکھے ہوئے چاروں چولوں پر پکنے کے لیے الگ الگ طرح کے کھانے رکھے ہوئے تھے۔۔

جن کی اڑتی ہوئی بھانپ سے کچن کا ٹمپریچر اور بھی گرم تھا۔۔ اور اسی گرمی میں کھڑی ہوئی رومیوں کی ماں پسینے سے بھیگی ہوئی بار بار اپنے ماتھے سے پسینہ صاف کر رہی تھی۔۔

مگر پھر بھی وہ شکر گزار عورت منہ سے افف تک نہیں کر رہی تھی۔اور اپنے دھیان میں کھڑی برتن دھو رہی تھی۔ کہ جب رومیو اپنی ماں کے پاس جا کر کھڑا ہوا۔

اور اپنی ماں کی حالت دیکھ کر بے اختیار رومیوں کی آنکھوں میں پانی بھر آیا تھا ۔۔رومیو کی ماں نے پاس کھڑے ہوئے رومیوں کی طرف آنکھیں اٹھا کر بڑی محبت سے دیکھا تھا۔۔

آگیا میرا بیٹا رومیوں کی ماں نے ماتھا چوم کر سر پر پیار دیا۔۔ تم کچن میں کیوں آئے ہو یہاں پر بہت گرمی ہے کمرے جاؤ۔ میں تمہارے لیے پانی لے کر آتی ہوں۔۔۔

صدقے جائیں اس ماں کی محبت پر جو خود کچن میں گرمی میں کھڑے ہوئے برتن دھو رہی تھی۔۔

مگر اسے اپنے بیٹے کا ایک سیکنڈ بھی گرمی میں کھڑا ہونا گوارا نہیں تھا۔۔رومیوں اس وقت اپنی ماں سے کچھ بھی نہیں کہنا چاہتا تھا۔۔ کیونکہ نہ تو انہوں نے کچھ سننا تھا اور نہ ہی رومیوں اپنے آنسوں اپنی ماں کو دکھا کر ان کی دل آزاری کرنا چاہتا تھا۔۔

اس لیے چپ چاپ کچن سے نکل کر کمرے کی طرف چل پڑا۔۔رومیوں جب کمرے میں پہنچا تو سامنے کا منظر دیکھ کر رومیوں کی دماغ کی نسیں غصے سے پھٹنے لگی تھی۔۔

سامنے صوفے پر بیٹھا ہوا اسلمہ کا بیٹا جو رومیوں کا ہم عمر تھا۔وہ رومیوں کی بہن کو حراساں کر رہا تھا۔۔رومیوں کی بہن اس سے 12 سال چھوٹی تھی۔۔

اس وقت اس کی عمر سات سال تھی سلمہ کا بیٹا رومیوں کی بہن کو حراساں کر رہا تھا۔۔اور وہ سات سال کی معصوم چھوٹی سی بچی سسکیاں لے کر رو رہی تھی۔۔

رومیو چیل کی طرح اڑتا ہوا اس کی طرف آیا تھا۔رومیوں نے جا کر اس کے گریبان سے پکڑ کر اسے زمین پر پٹخ دیا تھا۔۔

گھٹیا انسان بے غیرت تجھے شرم نہیں آئی ایک معصوم بچی کے ساتھ اس طرح کی حرکت کرتے ہوئے۔رومیوں سلمہ کے بیٹے کو گریبان سے پکڑ کر زمین پر پٹخنے کے بعد اب اس کے سینے پر بیٹھا ہوا اس کا گلا دبا رہا تھا۔۔

گھر میں رومیوں کی چیخ وپکار والی آوازیں سن کر سلمہ بیگم اور رومیوں کی ماں بھاگ کر کمرے کی طرف آئی تھی۔ سامنے رومیوں سلمہ کے بیٹے کو زمین پر لٹائے ہوئے اس کے اوپر چڑھ کر اس کا گلا دبا رہا تھا۔۔

سلمہ اپنے بیٹے کا یہ حال دیکھ کر چیختے ہوئے پاس آئی تھی۔۔اور رومیوں کو اپنے ہاتھوں سے کھینچ کر پیچھے کرنے لگی۔۔کمینے چھوڑ میرے بیٹے کو تم لوگوں کو گھر رکھنے کا یہ صلہ دیا ہے تم لوگوں نے۔۔

میری اچھائی کے بدلے تم۔میرے بیٹے کی جان لینے پر تلے ہو۔۔سیما تم کھڑی کوئی کیا دیکھ رہی ہو۔۔روکو اپنے اس پاگل بیٹے کو۔۔رومیوں سلمہ کے بیٹے کا گلا چھوڑنے کے لیے تیار نہیں تھا۔۔

رومیوں کا غصے سے خون کھول رہا تھا وہ اس وقت اتنے غصے میں تھا کہ اس کا دل کر رہا تھا کہ آج وہ اس کی جان لے کر ہی چھوڑ گا۔۔

اس لیے سلمہ رومیوں کی ماں کو غصے سے دیکھتے ہوئے کہہ رہی تھی۔ کہ اپنے بیٹے کو بولو میرے بیٹے کو چھوڑ دے۔۔

رومیو چھوڑو اس کو کیا پاگل ہو گئے۔ ہو رومیو چھوڑو اس کی ماں رومیوں کو کھینچ کر سلمہ کے بیٹے کو اس سے چھڑوا رہی تھی۔۔۔۔ مگر جب رومیوں نے اس کے بیٹے کو نہیں چھوڑا تو۔ رومیوں کی ماں نے غصے سے رومیوں کے منہ پر ایک زوردار تھپڑ مارا تھا۔۔

رومیوں نے سلمہ کے بیٹے کی گردن پر اپنی گرفت ڈھیلی کرتے ہوئے۔ اسے چھوڑ کر اپنی ماں کی طرف دیکھا تھا۔

رومیوں کی آنکھیں غصے سے لال ہو رہی تھی رومیوں کی آنکھیں اس وقت سلمہ کے بیٹے کو دیکھ کر انگارے برسا رہی تھی۔۔

امی آپ کو پتہ ہے کہ ۔اس گھٹیا انسان نے کیا کیا ہے۔۔رومیو اپنی ماں کی طرف دیکھ کر چیختا ہوا بول رہا تھا۔مجھے بتاؤ کیا کیا ہے میرے بیٹے نے جو تم جانوروں کی طرح میرے بیٹے کو مار رہے تھے۔۔

سلمہ بیگم نے آگے بڑھ کر رومیوں کو گریبان سے پکڑتے ہوئے کہا۔۔آپ کے اس گھٹیا بیٹے نے میری بہن کے ساتھ بد تمیزی کرنے کی کوشش کی ہے۔

رومیو چلایا تھا۔۔اپنی بکواس بند کرو میرا بیٹا ایسا کبھی نہیں کر سکتا۔۔ سلمہ نے اپنا ہاتھ رومیوں کے منہ پر تھپڑ مارنے کے لیے اٹھایا تھا۔۔ خبر دار جو مجھ پر ہاتھ اٹھانے کی کوشش بھی کی تو۔۔

اگر یہی ہاتھ اپنے بیٹے کی تربیت کے لیے اٹھایا ہوتا تو آج اپ کا یہ گھٹیا بیٹا اتنی گھٹیا حرکت نہیں کرتا۔۔رومیوں نے سلمہ کا ہاتھ اپنے ہاتھ سے پکڑ کر تھپڑ مارنے سے روک لیا تھا۔۔

دفع ہو جاؤ میرے گھر سے۔بہت اچھا صلہ دیا ہے تم لوگوں نے میری اچھائی کا سلمہ بیگم رومیوں کی ماں کی طرف دیکھ کر طانہ مار رہی تھی۔۔۔جا رہے ہیں ہمیں بھی ایسی پر رکنے کا کوئی شوق نہیں ہے۔۔جہاں پر کسی کی عزت یو پامال کیا جائے۔۔اور رہی ہے آپ کے اس گھٹیا بیٹے کی بات تو۔اس کو تو زندگی میں ایک بار میں دوبارہ میں ضرور ملوں گا۔۔

میں اتنی آسانی سے اپنی بہن کی توہین نہ بھولوں گا اور نہ اس گھٹیا انسان کو بھولنے دوں گا۔۔رومان شاہ نے انگلی اٹھا کر اس کے بیٹے کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔رومیو کا غصے والا جلالی روپ دیکھ کر سلمہ کا بیٹا تو کمرے سے دفع ہو چکا تھا۔

ہاں ہاں دیکھ لینا میرے بیٹے کو پہلے اپنی ماں اور بہن کی ضرورتیں تو پوری کر لو۔۔اوقات تو اپنی ماں اور بہن کو لے کر کہیں رہنے تک کی نہیں ہے۔۔ روٹی تک تو ان کی پوری تم کر نہیں سکتے۔۔ہمارے ٹکڑوں پر پل کر ہمیں ہی آنکھیں دکھا رہے ہو۔۔ سلمہ بیگم نے بہت کڑوے الفاظوں سے رومیوں کی توہین کی تھی۔۔

رومیوں کی ماں۔رومیو کا غصہ دیکھ کر بہت ڈری ہوئی تھی۔۔کیونکہ رومیوں کو اتنے غصے میں آج پہلی بار اس کی ماں نے دیکھا تھا۔۔

رومیوں کی آنکھوں میں اس وقت خون اترا ہوا تھا۔ چلیں امی آپ میرے ساتھ۔رومیوں بنا اپنی ماں کی اجازت لیے۔اپنی ماں پر اپنا حکم صادر کر رہا تھا ۔۔

اس کی ماں چپ چاپ اس کے ساتھ چل دی تھی۔کیونکہ اس وقت اس کا بیٹا غلط نہیں تھا۔۔

رومیو اسی وقت اپنی ماں اور اپنی سات سالہ بہن کو گود میں اٹھائے ہوئے ۔سلمہ کے گھر سے نکل آیا تھا۔۔

بنا یہ سوچے سمجھے کہ وہ کیا کرے گا کہاں رہے گا۔۔اس نے اپنی ماں سے اپنی بہن کے زیورات میں کچھ اور زیور مانگے تھے۔۔

رومیو نے اس میں سے صرف ایک نیکلس اٹھایا۔۔اور اپنی ماں اور بہن کو ساتھ لیے ہوئے۔ جا کر اسے بازار میں سیل کر دیا۔ نیکلس خالص سونے کا تھا اسی لیے اس کی اچھی خاصی قیمت مل گئی تھی۔۔

اور انہی پیسوں سے رومیوں نے رینٹ پر ایک گھر لیا۔۔جو ایک کمرے پر مشتمل تھا۔۔اس میں چھوٹا سا کچن اور ایک واش روم تھا۔۔زندگی گزارنے کے لیے فحال کافی تھا۔

اس گھر کے اندر اس نے اپنی ماں کو اور بہن کو باحفاظت چھوڑا اور ان کے لیے کھانے کا انتظام کرنے چلا گیا۔۔اس کے

بعد رومیو نے بہت کڑا ہی وقت گزارا۔

رومیوں نے جاب ڈھونڈنے کی بہت کوشش کی۔ مگر رومیوں کی تعلیم اس وقت کافی کم تھی۔۔ وہ اس وقت سیکنڈ ایئر کا سٹوڈنٹ تھا۔۔ تو اس لیے کوئی بھی اچھی جاب اسے نہیں مل رہی تھی۔۔

مگر اسے اس وقت اپنی ماں اور بہن کا خرچہ اٹھانے کے لیے کچھ نہ کچھ کام کرنے کی بہت ضرورت تھی۔

کیونکہ اسے اپنی ماں اور بہن کو ایک باعزت زندگی دینی تھی۔ سلمہ کے گھر سے نکلتے ہوئے رومیوں نے عہد کر لیا تھا۔ کہ وہ اپنی بہن کے معاملے میں کسی پر بھی بھروسہ نہیں کرے گا۔۔

وہ اپنی بہن کو ہر گھٹیا نظر سے بچا کر رکھے گا۔۔اس نے اپنے دل سے عہد کیا تھا کہ اگر گرم ہوا بھی چلے گی تو اسے اس کی بہن تک پہنچنے کے لیے۔پہلے رومیوں سے ہو کر گزرنا پڑے گا۔۔

رومیوں کو جب کوئی کام نہیں ملا تو اس نے پڑھائی کے بعد پارٹ ٹائم میں ایک ہوٹل پر کام کرنا شروع کر دیا۔۔

جہاں سے وہ اپنے گھر کا خرچہ اٹھانے کے قابل تو ہو گیا مگر ہوٹل کا مالک بڑا ہی گھٹیا انسان تھا۔۔

وہ بہت ہی بد تمیزی والی زبان استعمال کرتا۔۔اور گاہکوں کے سامنے ہمیشہ رومیوں کو ذلیل کرتا رہتا تھا۔۔

مگر رومیو سب کچھ چپ چاپ برداشت کرتا تھا۔ کیونکہ وہ یہ کام چھوڑ کر نہیں جانا چاہتا تھا۔ اس نے اپنے دل میں یہ عہد کر لیا تھا۔ کہ جو بھی دنیا کی سختیاں ہیں۔ وہ رومیوں خود برداشت کرے گا اپنی ماں اور بہن کو ایک باحفاظت زندگی دے گا۔۔ اپنی پڑھائی پوری کرنے کے بعد۔۔

رومیوں نے اپنی ماں سے باقی کے زیورات بھی لے لیے اور ان زیورات بیچ کر۔ اپنا ایک چھوٹا سا کاروبار شروع کیا جس کو رومیوں نے اپنی محنت اور لگن سے دن دوگنا اور رات چوگنا بنا لیا تھا۔

رومیوں نے اپنی راتوں کی نیندیں حرام کر لی تھی۔۔ نا رومیوں کو دن میں سکون تھا۔۔ اور نہ راتوں کو آرام۔ ساری ساری رات جاگ کر رومیوں اپنے پروجیکٹ تیار کرتا تھا۔۔ اور مختلف فیکٹریز اور کارخانوں سے آرڈرز لے کر اپنی ایک چھوٹے سے کارخانے میں کپڑا تیار کروایا کرتا۔۔ شروع شروع میں

وہ یہ کام بہت ہی کم قیمت پر کرتا تھا۔ جس کی وجہ سے اسے آرڈر بہت آسانی سے مل جایا کرتے تھے۔ لیکن اس کی محنت اور معیاری کام کی وجہ سے آہستہ آہستہ اس کے کام کی ڈیمانڈ بڑھنا شروع ہو گئی۔۔

رومیوں اپنی راتوں کی نیند حرام کر کے اپنے آرڈرز ٹائم پر دیا کرتا تھا۔ اسی لیے لوگ اس سے کام کروانے میں انٹرسٹڈ ہونے لگے۔۔

رومیو نے دن رات اتنی محنت کی تھی۔ کہ کل کا رومیوں آج کا رومان شاہ بن چکا تھا۔۔ آج وہ بزنس کی ان اونچائیوں پر تھا۔ جہاں پر جانے کے لیے لوگ پوری زندگی لگا دیتے ہیں۔ مگر پھر بھی وہ پہنچ نہیں پاتے۔۔ مگر رومان شاہ نے ان بلندیوں کو بہت چھوٹی عمر میں ہی عبور کر لیا تھا۔۔

کل کا رومیوں لائن میں کھڑا ہو کر گھنٹوں لوگوں کے دفاتر کے آگے ملنے کے لیے۔ ایک آرڈرز لینے کے لیے کھڑا رہتا تھا۔

مگر آج کے رومان شاہ سے ملنے کے لیے لوگ مہینوں نہیں سالوں انتظار کرتے تھے۔رومان شاہ کا ایک سائن لینے کے لیے۔لوگ کئی کئی دن انتظار کرتے اس سے ڈیل کرنے کے لیے لوگ ترستے تھے۔۔کل جس رومیوں کو کوئی منہ نہیں لگاتا تھا۔۔

آج لوگ رومان شاہ سے ملنے کے لیے ترستے تھے۔۔کل کا رومیوں جس کے منہ پر بڑی آسانی سے تھپڑ مار دیا جاتا تھا۔

آج کا رومان شاہ ان تھپڑوں کو اپنے سینے کے اندر دفنائے ہوئے فولاد بن چکا تھا۔۔آج رومان شاہ وہ آگ تھا۔جس کے نزدیک آنے والا ہر دشمن چل کر بھسم ہو جاتا۔۔

آج کے رومان شاہ کی اتنی پہنچ تھی کہ بڑی بڑی ہستیاں جھک کر رومان شاہ کو سلام کرتی تھی۔ کل جس رومیوں کو کوئی پاس بٹھانا گوارا نہیں کرتا تھا۔ آج کے رومان شاہ کی پہنچ کمشنر اور آئی جی تک تھی۔۔

کل جس رومیوں کو اس کے ہی حق سے بے دخل کر کے۔ اس کے گھر سے نکال دیا گیا تھا۔۔ اور وہ لاوارثوں کی طرح لوگوں کے گھر رہنے پر مجبور ہو گیا تھا۔

آج اسی رومیوں کا بزنس۔

رومان شاہ بن 10 ملکوں کے اندر پھیلا ہوا تھا۔۔ رومیوں کا اصل نام رومان شاہ تھا۔۔ مگر اس کے بابا تبریز علی شاہ اسے پیار سے رومیوں کہہ کر بلایا کرتے تھے اسی لیے اس کا نام رومیوں ہی مشہور ہو گیا۔ مگر جب اس نے بزنس کی دنیا میں اپنا قدم رکھا تو اس نے اپنے اصل نام کو ہی اجاگر کیا تھا۔۔

رومان شاہ کا باہر کے ممالک میں پھیلا ہوا بزنس بہت ہی زبردست جارہا تھا۔۔ جس کی وجہ سے باہر کے ممالک میں اس کے اتنے اچھے تعلقات تھے۔ کہ وہ یہاں پر بیٹھے بیٹھے کسی کا بھی کام تمام کرواسکتا تھا۔۔

جس رومیوں کو غریب اور نوکر کہہ کر مہک نے دھتکار دیا تھا۔۔ آج وہ رومان شاہ بن کر لڑکیوں کا کرش بن چکا تھا۔ آج کا رومان شاہ جہاں سے بھی گزرتا تھا۔۔ لوگ اسے ایک نظر دیکھے بنا نہیں رہ سکتے تھے۔۔

کل جس رومیوں کو اس کے تایا اور چچا نے اس کی ہی جائیداد سے بے دخل کر کے نکال دیا تھا۔۔ آج رومان شاہ کے پاس اتنی دولت اور جائیداد تھی۔ کہ وہ چاہتا تو ان کا سب کچھ خرید سکتا تھا۔

وقت بدلتے دیر نہیں لگتی۔۔یہ کہاوت رومیوں کا رومان شاہ تک بننے کا سفر دیکھ کر سچ ثابت ہو گئی تھی۔۔رومان شاہ ابھی پتہ نہیں کتنی دیر تک اپنے ماضی کی تلخ یادوں کو یاد کرتا ہوا آنکھیں بند کیے رہتا۔۔۔لیکن رومان شاہ کے سیکرٹری دلاور نے آکر اسے بتایا تھا کہ اسے ملنے اویس شاہ آیا ہے۔۔سر اویس شاہ آپ سے ملنے کے لیے پچھلے دس دن سے لگاتار آرہا ہے۔۔سر میری اوقات تو نہیں ہے پوچھنے کی لیکن میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ ان سے کیوں نہیں ملنا چاہتے۔۔رومان شاہ کے سیکرٹری دلاور کو جاننے کا بہت تجسس ہو رہا تھا۔۔

دلاور پہلی بات تو یہ کہ آج کے بعد کبھی یہ مت کہنا کہ تمہاری اوقات نہیں ہے۔انسان اپنی اوقات خود بناتا ہے رومان شاہ کو دلاور کا یہ کہنا رومیوں کی یاد دلا گیا تھا۔

اور رہی بات اویس شاہ سے نہ ملنے کی تو اس سے بہت سارے حساب کتاب رکھنے ہیں جس کی وجہ سے وہ ابھی تک میری ملاقات کا اہل نہیں ہے۔۔

ooooooooo

مرہا گہری نیند میں سوئی ہوئی تھی۔۔اس نے لائٹ سوٹ پہن رکھا تھا۔۔سلک کی ایک پلین لوز فراک کو اس نے نائٹ سوٹ کا نام دے رکھا تھا

وہ زیادہ تر سوتے ہوئے اسی طرح کے کیجول سی سلک کے فراک پہنا کرتی تھی۔۔آج بھی وہ بلیک کلر کی لوز سلک کی فراک پہنے ہوئے گہری نیند میں سو رہی تھی۔۔کھلے بال اس کے آدھے چہرے کو ڈھانپے ہوئے تھے۔اس کا خوبصورت چہرہ بالوں میں چھپا ہوا ایسا منظر پیش کر رہا تھا۔۔جیسے چمکتا ہوا چاند کالے بادلوں میں چھپا ہو۔

سردی کی راتیں تھی تو مرہا کو سردی تو ضرورت سے کچھ زیادہ ہی لگتی تھی
۔اس لیے وہ اپنے بستر میں دبک کر سوئی ہوئی تھی۔۔
عام روٹین میں تو مرہا اپنا منہ کمبل کے اندر گھسا کر ہی سوتی تھی۔۔ لیکن جب گہری نیند میں ہو جاتی تو مرہا کو اکثر اپنے کمبل کا کوئی اتہ پتہ نہیں رہتا تھا۔
اکثر مرہا کی امی عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد مرہا کے روم کا چکر ضرور لگایا کرتی تھی۔۔

کیونکہ مرہا بی بی کو سوتے ہوئے کمبل لینے کا ہوش نہیں رہتا تھا۔۔اکثر وہ اسی طرح سے ٹھنڈ لگوالیا کرتی تھی۔۔

سوتے ہوئے کمبل فرش پر گر جاتا اور مرہا بی بی ساری رات گہری نیند میں بستر پر ویسے ہی پڑی رہتی تھی۔۔اور صبح اٹھ کر میڈم کا ناک اور گلا سردی سے بند ہو جاتا تھا۔۔

اس لیے مرہا کی امی عشاء کی نماز کے بعد اپنی تسلی کے لیے ایک بار آکر ضرور مرہا کہ روم کا چکر لگا کر اس کا کمبل اچھی طرح سے سیٹ کر کے جایا کرتی تھی۔

اور اگر مرہا بی جاگ رہی ہوتی تو پھر اس کی امی اسے تاکید کر کے جاتی کہ مرہا سوتے ہوئے اپنے کمبل کا خیال رکھنا سردی مت لگوالینا۔۔ جس کا مرہا ہمیشہ یہی جواب دیتی کہ امی جان میں تو اپنے کمبل کا خیال رکھتی ہوں پتہ نہیں کیسے گر جاتا ہے۔

اور مرہا کی امی اکثر ہنستے ہوئے کہا کرتی تھی کہ مرہا مجھے لگتا ہے تمہارے کمبل کو پاؤں لگے ہوئے ہیں جن سے چل کر کمبل فرش پر آجاتا ہے۔۔۔

آج مرہا کا کوئی ٹیسٹ نہیں تھا۔ تو اس لیے مرہا ٹائم سے ہی عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد اپنے کمبل میں گھس کر سو چکی تھی۔۔

اس بات سے بے خبر کہ کوئی اس کی نیند میں خلل ڈالنے والا ہے۔۔شاہ میر پچھلے دس منٹ سے مرہا کے پاس بیڈ پر بیٹھا ہوا اس کے معصوم چہرے کو دیکھ رہا تھا۔

اس کے چہرے پر بچوں سی معصومیت اور پاکیزگی تھی۔۔مرہا کے چہرے پر اتنی معصومیت اور پاکیزگی کی وجہ اس کا بھائی رومان شاہ تھا۔۔جس نے اس حادثے کے بعد اپنی بہن کو ہر بری نظر سے بچا کر رکھا تھا۔۔

وہ اپنی بہن کے معاملے میں کسی پر بھی بھروسہ نہیں کرتا تھا۔۔ہر جگہ سایہ بن کر وہ مرہا کے ساتھ رہتا تھا۔

مرہا کو ہر جگہ جانے کی اجازت نہیں تھی اس لیے مرہا دنیاداری سے بہت دور اور بہت معصوم تھی۔۔

اوراس کی یہی معصومیت شاہ میر کے دل میں گھر کر گئی تھی۔۔شامیر مرہا کے پاس لیٹنے والے انداز سے بیٹھا ہوا تھا۔وہ بیڈ پے دونوں پاؤں لٹکائے اپنی کہنی کے سہارے بیٹھا ہوا بہت ہی گہری نگاہوں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

وہ مرہا بڑی محبت بھری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔کہ مرہا نے گہری نیند میں ہی کروٹ اس کی طرف لیتے ہوئے اپنا ہاتھ اس کی کمر میں ڈال کر۔اپنا منہ اس کے سینے میں منہ چھپا لیا تھا۔

مرہا گہری نیند میں تھی۔اس لیے اسے تو کچھ نہیں پتہ تھا۔۔مگر شاہ میر کا دل 100 کی سپیڈ پکڑ چکا تھا۔۔

اے سی پی شامیر جس کے ڈر سے دشمنوں کے دل سو کی سپیڈ سے دھڑکتے تھے۔۔اس وقت بیچارہ خود کسی مجرم کی طرح اپنی سانسیں روکے ہوئے لٹاتا تھا۔

بیوی اتنا ظالم مت کرو اپنے بیچارے شوہر پر۔ میں بس تمہیں پاس سے دیکھنے اور اور اپنی ملکیت کو محسوس کرنے کے لیے آیا تھا۔۔

مگر تم اتنا قریب آکر میرے صبر کا امتحان مت لو۔۔ اے سی پی کو تمہارا معصوم حسن بہکا رہا ہے۔۔ شاہ میر نے مرہا کے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔ جس سے مرہا کی نیند سے آنکھ کھل گئی تھی۔۔

اور شامیر کو خود کے اتنا نزدیک دیکھ کر وہ گھبرا کر اٹھنے لگی تھی۔۔ کہ شاہ میر اپنا ہاتھ اس کے اوپر سے کراس کرتا ہوا۔ اسے اٹھنے سے روک گیا تھا۔۔

آپ آپ یہاں پر کیا کر رہے ہیں۔ وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے شاہ میر کو خود کے اتنے قریب دیکھ کر سمٹتی ہوئی اٹک اٹک کر صرف اتنا ہی بول پائی۔۔

آیاتو آپ سے ملنے تھا۔آپ کو دیکھنے کا بہت دل کر رہا تھا۔مگر اے سی پی کے جان مجھے تو تمہارے ارادے اس سے کہیں زیادہ بھی لگ رہے ہیں۔۔

شاہ میر نے آنکھ مارتے ہوئے مرہا کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے خود کے اور قریب کر لیا تھا۔۔پلیز جائیں یہاں سے اگر بھائی نے دیکھ لیا تو وہ میری جان لے لیں گے۔اور بچیں گے آپ بھی نہیں بھائی کے ہاتھ سے۔۔ مرہا اپنے بھائی سے ڈرتی ہوئی خود تو ڈر رہی تھی۔۔ساتھ میں اے سی بھی شامیر کو بھی دھمکی دے کر ڈرا رہی تھی۔۔

پہلی بات تو رات کے اس پہر تمہارا بھائی گدھے گھوڑے بیچ کر سو رہا ہو گا۔۔اور دوسری بات میں سکیورٹی کا بہت خیال رکھتے ہوئے تمہارے کمرے تک پہنچا ہوں۔۔

اس لیے تم پریشان نہیں ہو ایک پولیس والا ہوں مجھے گھات لگانا بہت اچھی طرح سے آتا ہے۔۔اور تیسری بات میں تمہارے بھائی سے ڈرتا نہیں ہوں ۔اگر دیکھ لے کا تو دیکھ لے اپنی بیوی سے ملنے آیا ہوں۔ قانونی اور اسلامی طور پر تم میری ہو

اور تم سے ملنے کی پوری اتھارٹی ہے میرے پاس۔۔اس لیے اب جب تک میں یہاں پر ہوں۔ تمہارے منہ پر تمہارے بھائی کا نام نہیں آنا چاہیے۔۔ہر وقت ہمارے درمیان اپنے بھائی کو گھسنا ضروری نہیں ہے۔۔

وہ مرہا کے ہونٹوں پر انگلی رکھتے ہوئے فل سٹاپ لگا چکا تھا۔۔مرہا شاہ میر کو اپنے اتنے نزدیک پا کر اپنے دل کی دھڑکنوں کو قابو نہیں کر پا رہی تھی۔۔ شاہ میر کے جسم سے اڑتی ہوئی مردانہ پرفیوم کی مہک مرہا کو ایک انجانے سے احساس سے دوچار کر رہی تھی۔۔

پلیز چلے جائیں مجھے۔۔۔۔پتہ ہے کہ تمہیں تمہارے بھائی سے بہت ڈر لگتا ہے مگر کہا ہے نا کہ اپنے بھائی کا نام اس وقت میرے سامنے نہیں لینا۔شامیر نے میرہا کی بات کو کاٹتے ہوئے کہا تھا۔۔

۔میں اس بھائی کی بات نہیں کر رہی تھی۔مجھے آپ سے بہت ڈر لگ رہا ہے۔۔۔وہ بچوں کی طرح کانپتے ہونٹوں کے ساتھ آنسوں بہانہ شروع ہو چکی تھی۔۔

تمہیں مجھ سے ڈر کیوں لگ رہا ہے میں کوئی جن ہوں۔۔شامیر نے مسکراتے ہوئے اپنا ہاتھ اس کی گال پر رکھ کر اپنا چہرہ اس کے بہت قریب کر کے کہا تھا۔۔

شامیر کا چہرہ اپنے اتنا نزدیک آتے ہوئے دیکھ کر مرہا نے اپنی آنکھیں جلدی سے بند کرلی تھیں۔۔شاہ میر کے انابی لب مسکرا رہے تھے۔۔مائی بیوٹی فل وائف تھوڑی دیر کے لیے اپنی آنکھیں کھول کر میری طرف دیکھیں۔

تمہارا شوہر اتنی دور سے صرف تمہارا دیدار کرنے کے لیے آیا ہے۔۔

مت کر اتنا غرور
صورت پہ اے حسینہ
تیری صورت پہ نہیں
ہم تو تیری سادگی پہ
مرتے ہیں۔

شامیر اس سونگ کو ہلکے سے گنگنایا تو میر ہاہلکا سا مسکرائی تھی۔۔

شاہ میر۔۔۔ہنس کیوں رہی ہو۔

مرہا۔۔۔کچھ نہیں وہ شرماتے ہوئے اپنا منہ دوسری طرف کرنے لگی تھی۔

شاہ میر۔۔۔پہلے بتاؤ کہ کیوں ہنس رہی تھی شامیر نے اپنا ہاتھ مرہا کے گال پر رکھ کر اس کے منہ کا رخ اپنی طرف کر لیا تھا۔۔۔

مرہا۔۔۔آپ سونگ گنگنائے تھے اس لیے۔

شاہ میر۔۔۔کیوں میری آواز اچھی نہیں ہے۔

مرہا۔۔۔اچھی ہے

شاہ میر۔۔۔تو پھر کیوں ہنسی تھی۔

مرہا۔۔۔پولیس والا گانا گا رہا تھا اس لیے مجھے ہنسی آگئی۔۔

شاہ میر۔۔۔کیوں پولیس والا گانا نہیں گا سکتا۔

مرہا۔۔۔مجھے کیا پتا میں کون سا کبھی پولیس والوں سے ملی ہوں۔۔ مگر میں نے موویز میں دیکھا ہے کہ۔پولیس والے بہت اکڑو اور سڑو ہوتے ہیں۔۔وہ ہنستے ہوئے بول رہی تھی۔۔

شاہ میر۔۔۔اب تم موویز میں نقلی پولیس والوں کو دیکھنا چھوڑ کر۔۔اپنے اصلی پولیس والے کے بارے میں رائے قائم کرو۔کہ تمہارا اصلی پولیس والا کیسا ہے۔۔۔وہ مرہا کی باتوں سے شوخ ہوتا ہوا پوچھ رہا تھا۔۔

مرہا۔۔۔مجھے نہیں پتہ آپ جائیں یہاں سے۔۔مرہا شاہ میر کی نظروں اور اس کی قربت سے گھبرا کر اس کے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس کو پیچھے کر رہی تھی۔۔یہ سوچے بنا کہ اس کی ننھی سی جان ایک ہٹے کٹے پولیس والے کو پیچھے نہیں دھکیل سکتی۔۔۔

مرہا۔۔۔۔۔ پیچھے ہٹیں کتنے بڑے سانڈ ہیں آپ۔۔ مرہا کے پورے زور سے دھکیلنے پر بھی شامیر اپنی جگہ سے ہاف انچ بھی پیچھے نہیں ہوا تو مرہا کو غصہ آگیا تھا۔

شاہ میر۔۔۔ ہاہاہاہاوہ کھلکھلا کر قہقہ لگا کر ہوا ہنسا تھا۔۔۔ اے سی پی کی جان اس سانڈ کو تو اب آپ کی نازک جان نے پوری زندگی جھیلنا ہے۔۔۔ میری جان تم تو ابھی سے گھبرا گئی ہو۔

مرہا۔۔۔ میں کیوں جھیلوں گی آپ کو۔

شاہ میر۔۔۔ تم میری بیوی ہو اس لیے۔۔

مرہا۔۔۔۔ میں آپ کی کوئی بیوی نہیں ہوں۔ وہ اپنے منہ کے زاویے کو بگاڑتی ہوئی بولی تھی۔۔

شاہ میر۔۔۔۔ مرہا اب دوبارہ یہ مت بولنا کہ تم میری بیوی نہیں ہو ورنہ۔

مرہا۔۔۔ورنہ کیا۔کیا کریں گے آپ مرہا شاہ میر کی بات کو بیچ میں ہی کاٹتے ہوئے بولی تھی۔ہوں ں ں اس کمرے میں وہ اپنے ہاتھ پاؤں مار رہی تھی۔

شاہ میر نے اس کے چہرے پر جھک کر اس کے نازک سے ہونٹوں کو اپنی قید میں لے لیا تھا۔۔وہ مرہا کے لبوں کو اپنے لبوں کی قید میں لیے ہوئے اس کی سانسیں روکے ہوئے تھا۔۔

مرہا اس اچانک ہوئی آفات سے ایک تو بہت گھبرا گئی تھی۔۔دوسرا اسے سانس نہیں آرہی تھی۔۔جس کی وجہ سے وہ ہاتھ پاؤں مار رہی تھی۔۔۔

مگر اے سی پی صاحب اپنی بیوی کی ساتھ پہلی کس کو اس طرح سے ادھورا نہیں چھوڑنا چاہتے تھے۔۔اس لیے وہ اپنے من کی پیاس بجھا کر ہی پیچھے ہٹے تھے۔۔

مرہا۔۔۔یہ کیا بد تمیزی تھی۔مرہا اپنی اکھڑی ہوئی سانسوں سے تیز ہوئی دھڑکنوں کو کنڑول کرنے کی بے کار کوشش کرتے ہوئے بولی تھی۔۔

شاہ میر۔۔۔میری جان اس کو کس کہتے ہیں بد تمیزی نہیں لگتا ہے تم نے پڑھائی اچھی طرح سے نہیں کی ہے۔

کوئی بات نہیں جب رخصت ہو کر تم میرے پاس آؤ گی۔تو میں تمہیں اچھی طرح سے بد تمیزی اور کس میں فرق سمجھا دوں گا۔۔وہ شرارتی انداز سے ہنس رہا تھا۔۔

مرہا۔۔۔آپ بہت گندے ہیں۔

شاہ میر۔۔۔۔کس کرنا کوئی گندی بات ہے۔بے وقوف لڑکی بیوی ہو تم میری اور کس کرنے کی اتھارٹی ہے میرے پاس۔۔

مرہا۔۔۔۔میری سانس بند ہو رہی تھی وہ بچوں کی طرح ہونٹ نکال کر رو رہی تھی۔۔

شاہ میر۔۔۔۔ہائے میرا بچہ میری اتنی سی کسی سے آپ کی سانس بند ہونے لگی ہے۔تو رخصتی کے بعد جب میں اپنے سارے حق وصول کروں گا۔پھر تو تمہیں وینٹی لیٹر پر ڈالنا پڑ جائے گا۔۔وہ مرہا کی حالت اور اکھڑے ہوئے سانس کو دیکھ کر ہنس رہا تھا۔۔

ہنسے نہیں۔اور جائیں یہاں سے امی رات میں ایک دو بار میرے روم میں ضرور آتی ہیں۔۔اور اگر انہوں نے مجھے یہاں دیکھ لیا تو وہ مجھے بہت ڈانٹے

گی۔ ہمم اب تم نے امی کی ڈانٹ کا کہا ہے تو اب تو مجھے ڈرنا چاہیے۔۔ کیونکہ وہ صرف تمہاری نہیں میری بھی امی ہے۔۔

ٹھیک ہے جا رہا ہوں مگر جلدی جلدی اپنی پڑھائی ختم کرو مجھ سے اپنی اس خوبصورت بیوی سے دور نہیں رہا جاتا۔۔

مجھے تم بہت جلد میرے اتنی ہی قریب چاہیے ہو۔ وہ مرہا کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے جھٹکے سے اپنے قریب کرتے ہوئے ایک بار پھر سے اس کی دل کی دھڑکنوں کو بے ترتیب کر گیا تھا۔۔

اور جاتے ہوئے نیچے جھک کر ایک بار پھر اس کے لبوں پر اپنا لب رکھ کر زور کی کس لیتے ہوئے آنکھ مارتا ہوا پیچھے ہٹا تو۔۔ مرہا نے غصے سے تکیہ اٹھا کر اس کی طرف پھینکا تھا۔۔

جس کو اے سی پی صاحب نے بڑی مہارت سے کیچ کر کے ہنستے ہوئے مرہا کی طرف پھینکا تھا۔۔آئی لو یو مائی بیوٹی فل وائف وہ آہستہ سے کہتے ہوئے ۔جاتا جاتا دونوں ہاتھ اپنے منہ پر رکھ کر مرہا کو فلائنگ کس دیکھ کر۔آنکھ مارتے ہوئے کھڑکی سے بندروں کی طرح اترتا ہوا نیچے چلا گیا تھا۔۔

پولیس والا تھا تو اس کے لیے یہ کوئی مشکل کام نہیں تھا۔۔مرہا بیڈ سے نیچے اتر کر کھڑکی کے پاس آئی اور کھڑکی سے نیچے جھانک کر دیکھنے لگی تھی۔ کہ وہ چلا گیا ہے یا نہیں۔۔وہ کھڑکی سے اتر کر صحن میں کھڑا ہوا تھا۔جیسے ہی مرہا نے کھڑکی سے جھانکا اس نے فلائنگ کی دیتے ہوئے۔۔مرہا کو بائے بائے کہا تھا۔

مرہانے ہاتھ کے اشارے سے اسے جانے کے لیے کہا۔۔کتنا بے شرم اور نڈر ہے۔۔خود تو مرے گا مجھے بھی رومان بھائی کے ہاتھوں سے مروائے گا۔۔

مرہا اپنے منہ میں بڑبڑاتے ہوئے اپنی کھڑکی کا پردہ سیٹ کر کے واپس بیڈ پر آکر بیٹھ گئی تھی۔ مگر اس کا دل اب بھی سو کی سپیڈ سے دھڑک رہا تھا۔۔۔۔

ooooooooo

مرہا بیٹا میں ذرا ساتھ والی پڑوسن کی تیمارداری کے لیے جا رہی ہوں۔۔مرہا کی ماں مرہا کے روم میں آکر اسے بتا رہی تھی۔۔

۔۔جی امی ٹھیک ہے۔۔مرہا صوفے پر الٹی پالتی مار کر بیٹھی ہوئی اپنا ٹیسٹ یاد کر رہی تھی۔۔مرہا مجھے آنے میں تھوڑی دیر ہو جائے گی۔تو اس لیے پریشان مت ہونا۔۔

اور جب میرب اٹھے تو اسے بھی ناشتہ بنوا دینا۔ فی الحال تو تمہارے بھائی صاحب بھی ابھی تک اپنے روم سے باہر نہیں آئے۔۔ ورنہ میں اس کا ناشتہ زکیہ سے بنوا کر وا کر جاتی۔۔

اب اٹھے گا تو مجھے گھر پہ نا پا کر گھر کو سر پہ اٹھا لے گا۔۔ مگر بیٹا میرا جانا ضروری ہے۔۔ تمہیں تو پتہ ہے کہ پورے محلے میں ایک وہی تو ہے جو میری بہت اچھی دوست ہے۔ تمہارے بھائی کے ڈر سے تو میں کوئی دوست بناتی نہیں ہوں۔۔

کیونکہ اسے لگتا ہے کہ ساری دنیا فراڈ یا ہے۔ اور سب لوگ ہمیں غلط نظروں سے ہی دیکھتے ہیں۔

پتہ نہیں یہ کلثوم آنٹی پر اس نے کیسے یقین کر لیا تھا۔۔ کلثوم وہی پڑوسن تھی جس کا رومان شاہ کی ماں آج پتہ کرنے جا رہی تھی۔۔

وہ کافی نیک خاتون تھی اور پہلی نظر میں ہی وہ رومان شاہ کے دل کو بہت اچھی لگی تھی۔

اسی لیے جب سے وہ لوگ اس سوسائٹی میں آئے تھے۔۔لے دیکھ کر رومان شاہ کی ماں کی ایک ہی دوست اور بہن اور سہیلی تھی۔

مرہا کلثوم آنٹی کی طبیعت بہت خراب ہے ہو سکتا ہے مجھے اس کے ساتھ ہاسپٹل جانا پڑے۔۔تو اگر تمہارا بھائی اٹھ جائے تو اس کا ناشتہ بھی زکیہ سے کہہ کر ریڈی کروا دینا زکیہ ان کے گھر کی ملازمہ کا نام تھا جو کچن کا کام کرتی تھی۔۔

اپنی ماں کی ساری بات سن کر مرہا نے ہاں میں سر کو ہلاتے ہوئے جی امی جان کہا تھا۔۔۔

رومان شاہ نہا کر واش روم سے باہر آیا تو گیلا ٹاول سوئی ہوئی میرب کے منہ کے اوپر پھینک کا دیا تھا۔۔۔میرب بچاری گیلا ٹاول منہ پر لگنے سے ہڑ بڑا کر ہائے اللہ جی کہتی ہوئی بیڈ پر اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔۔

گڈ مارننگ مہرانی صاحبہ گستاخی ماف۔میں نے آپ کی نیند میں خلل ڈال دیا ہے۔۔رومان شاہ اپنے دونوں ہاتھ سینوں پہ باندھے ہوئے۔۔میرب کے سامنے کھڑا تھا۔۔آج اس نے سپیشل طور پر چھٹی کی تھی صرف میرب کو ٹارچر کرنے کے لیے۔۔۔۔اب وہ میرب کو صبح کی پہلی ڈوز دے رہا تھا۔۔

میرب۔۔۔شاہ سوئے ہوئے انسان کو کوئی اس طرح سے جگاتا ہے۔۔

رومان شاہ۔۔۔۔گستاخی معاف مہرانی جی آپ حکم کیجئے کہ آپ کو کس طرح سے اٹھنا پسند ہے۔۔آپ کا یہ ادنی غلام آپ کو اسی طرح سے اٹھایا کرے گا۔۔

میرب۔۔۔شاہ کیا آپ رات کو تیاری کر کے سوتے ہیں۔کہ صبح اٹھتے ہی آپ مجھ پر اس طرح سے تنز کرنا شروع کر دیں گے۔۔۔

رومان شاہ۔۔۔نہیں تمہاری شکل ہی ایسی ہے کہ صبح اٹھتے ہی نئے نئے آئیڈیاز میرے دماغ میں آنا شروع ہو جاتے ہیں۔۔

اور اب تم یہ انسپیکٹر بن کر مجھ سے سوال کرنا بند کرو۔۔اور ایک منٹ سے پہلے اپنی یہ شکل دھو کر آؤ اور مجھے ناشتہ بنا کر دو۔۔

شاہ مجھے ناشتہ بنانا نہیں آتا۔میں بہت جلد امی جی سے سیکھ لوں گی اور پھر آپ کو بنا دیا کروں گی۔۔میرب بیچاری طنز کے ڈر سے پہلے ہی صفائی پیش کر رہی تھی۔

پہلی بات تو یہ کہ میں بنا بنایا ہوں مجھے بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔۔تمہیں ناشتہ بنا کر مجھے دینا ہے۔۔اور دوسری بات یہ کہ پھوہڑ لڑکی تمہیں کوئی کام آتا بھی ہے۔

یاہر کام میں شاہ مجھے یہ کرنا نہیں آتا شاہ مجھے وہ کرنا نہیں آتا کبھی اپنی زبان سے یہ بھی پھوٹ لیا کرو کہ تمہیں کچھ کرنا آتا بھی ہے۔۔

اور مجھے فلحال مجھے تمہاری کوئی بکواس نہیں سننی ایک منٹ سے پہلے کچن میں جاؤ اور میرے لیے ناشتہ بنا کر لے کر آؤ۔۔۔ لیکن شاہ ابھی تو میرے ہاتھوں میں بہت درد ہو ہے۔اور کل آپ کے دبانے سے میرے ہاتھ کا زخم پھر سے تازہ ہو گیا ہے۔۔

میرب نظر جھکائے ہوئے مجرموں کی طرح کھڑی ہوئی بول رہی تھی۔۔تو ایک کام کرو ہاتھ کو کمرے میں چھوڑ کے چلی جاؤ مگر ناشتہ تو پھر بھی بنانا پڑے گا۔۔

شاہ اگر ہاتھ کمرے میں چھوڑ کر جاؤں گی تو۔۔ناشتہ کیسے بناؤں میرب بچاری رومان شاہ کی باتوں اور ڈر سے اتنی گھبرائی ہوئی تھی۔کہ اسے یہ بھی سمجھ نہیں آیا تھا کہ بھلا بندہ ہاتھ چھوڑ کر ناشتہ کیسے بنا سکتا ہے۔۔

اس نے جملے پر غور ہی نہیں کیا تھا۔۔۔جیسے دماغ تم اپنے مائیکے میں چھوڑ کر یہاں پر رہ کر میرا دماغ کھا رہی ہو اسی طرح ہاتھ کمرے میں چھوڑ کر جا کر ناشتہ بنا دو۔

✿✿✿✿

میرب کو ناشتے کے نام پر کچھ بھی نہیں بنانا آتا تھا۔مگر پھر بھی رومان شاہ کا حکم تھا تو ماننا تو میرب پر فرض تھا۔

۔مہرانی صاحبہ واش روم سے تشریف باہر لے آیئے یا آپ کے لیے اسپیشل بگی بھجوانی پڑے گی۔۔جو مہارانی صاحبہ کو واش روم سے کچن تک کا عظیم سفر کروائے گی۔۔۔

میرب واش روم میں ٹوتھ برش کر رہی تھی کر رہی تھی۔ مگر رومان شاہ کی طعنوں والی آوازیں اس کے کانوں میں گونج رہی تھی۔۔

جی شاہ بس برش کر کے آرہی ہوں۔ جس میرب کی صبح آنکھ نے کھلتی تھی۔ اس کی ماں اس کی منتیں کر کر کے اسے بستر سے باہر نکالتی تھی۔

آج اس میرب کا استقبال گیلے تولیے نے کیا تھا۔۔اور ماں کی محبت بھری آواز کے بجائے۔رومان شاہ کے طعنے سن کر میرب کی حسین صبح کی شروعات ہوئی تھی۔۔

مہرانی جی میں ڈائننگ ٹیبل پر جارہاہوں آپ ذرااپنی بگی پر بیٹھ کر جلدی سے تشریف لے آیئے۔۔رومان شاہ روم سے جاتے جاتے بھی میرب کو طعنہ دے کر چلا گیا تھا۔۔

میرب نفی میں سر ہلاتے ہوئے یہ سوچ کر رہ گئی تھی۔کہ آخراس نے ایسی کیا غلطی کر دی ہے جو شاہ روز ہی اٹھ کر اس پر تانوں کی برسات شروع کر دیتے ہیں۔۔

رومان شاہ روم سے باہر آیا تو مرہا ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھی ہوئی اپنا ناول نوش فرما رہی تھی۔۔

ہائے میرا بچہ کیسا ہے رومان شاہ اپنی بہن کے پاس جا کر پیار سے اس کے ماتھے کو چومتے ہوئے بولا تھا۔

۔اس کا حال پوچھ کر اپنی کرسی پر بیٹھ گیا۔ مرہا بیٹا آپ صبح صبح یہ ناول لے کر مت بیٹھا کریں۔ ناول پڑھنے کا بھی کوئی ٹائم ہوتا ہے۔ آج کے بعد میں صبح صبح آپ کے ہاتھ میں ناول نہ دیکھوں۔

جی بھائی سوری میرہا کی من منائی سی آواز آئی تھی۔ گڈ۔ رومان شاہ نے اپنی بہن کو شاباش دی تھی۔

اب رومان شاہ نے ادھر ادھر نظریں دوڑائی تھی۔ کیونکہ جب بھی وہ ٹیبل پر آتا تو ہمیشہ اس کی امی جان اسے ٹیبل پر ہی ملتی۔ امی جان کہاں ہیں۔۔ رومان شاہ نے مرہا سے پوچھا تھا۔

امی جان کلثوم آنٹی کی گھر گئی ہیں۔ ان کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔ تو امی شاید زیادہ دیر تک وہاں پر رکیں۔ اور ہو سکتا ہے امی جان کو انہیں ہاسپٹل لے کر جانا پڑے۔

اس لیے امی لیٹ آئیں گی۔اور امی نے مجھے کہہ دیا تھا کہ میں آپ کا اور میرب بھابھی کا ناشتہ تیار کروادوں۔

اب آپ بتادیں آپ کیا کھائیں گے میں ابھی زکیہ باجی سے کہہ کر آپ کا ناشتہ تیار کروادیتی ہوں۔

میرہانے بنا سانس لیے ہی۔ایک ہی سانس میں سارا کچھ رومان شاہ کو بتادیا تھا۔۔ریلیکس ریلیکس سانس بھی لے لو۔

رومان شاہ نے ہنستے ہوئے ہاتھ کے اشارے سے اسے روکا تھا۔مرہا کو اتنی سپیڈ میں بتاتے ہوئے دیکھ کر وہ ہنس رہا تھا۔

میرب ڈریسنگ کے سامنے کھڑی ہوئی اپنے بالوں کو کھول کر برش سے کنگی کر رہی تھی۔۔وہ برش کرتے ہوئے ساتھ میں ہاتھ کو ہلا کر سی سی کر رہی تھی۔۔کیونکہ اس کے ہاتھ میں سچ میں بہت درد تھا۔۔۔

کیونکہ کل رومان شاہ کی شرٹ پر بٹن لگاتے ہوئے پتہ نہیں کتنی بار غصے سے اس نے میرب کے ہاتھ کو دبایا تھا۔

جس کی وجہ سے میرب کا زخم پھر سے تازہ ہو گیا تھا۔ مگر اس دشمن جان نے تو پلٹ کر بیچاری کا حال بھی نہیں پوچھا تھا۔

ساری رات بھی درد نے اسے سکون سے سونے نہیں دیا تھا۔۔اب رومان شاہ صرف اسے ٹارچر کرنے کے لیے میرب سے ناشتہ بنوا رہا تھا۔۔

حالانکہ رومان شاہ کوائیڈ یا تھا کہ جتنے نخر ونازوں سے اس کے گھر والوں نے اس کو پالا ہے۔اس کو ناشتہ بنانا نہیں آتا۔

مگر وہ رومان شاہ تھا۔جو اپنی ضد کے آگے کچھ اور نہیں دیکھتا تھا۔اب اس کے دماغ نے سوچ لیا تھا کہ وہ میرب کو سکون کی سانس نہیں لینے دے گا۔تو اس نے اپنی سوچ کو ہر حال میں پورا کرنا تھا۔۔

میرب کنگی کر کے جیسے ہی ڈائننگ ٹیبل پر آئی تو مرہانے بہت خوش دلی سے اس کا ویلکم کیا تھا۔۔ہائے بھابھی آیئے بیٹھیے میں ابھی آپ کا ناشتہ بنوادیتی ہوں۔

زکیہ باجی ادھر آؤ بھائی اور بھابھی کا ناشتہ بنادو۔۔ میرے بچہ آپ کو اگر ناشتہ کرنا ہے تو آپ بھی یہیں پر بیٹھے۔

آج کا ناشتہ آپ کی بھابھی جان بنائیں گی۔ نہیں بھائی میں تو ناشتہ کر چکی ہوں۔ مگر بھابھی ناشتہ کیوں بنائیں گی۔ ایک تو ابھی ان کی شادی کو دن ہی کتنے ہوئے ہیں۔۔

اور دوسرا امی جان بول کر گئی ہیں۔ کہ میں زکیہ باجی سے کہہ کر آپ دونوں کا ناشتہ بنوادوں۔ نہیں مجھے تو اپنی پیاری بیوی کے ہاتھ کا ناشتہ کرنا ہے۔

تو اس لیے ناشتہ تمہاری بھابھی ناشتہ بنائیں گی۔ رومان شاہ مرہا کے سامنے اتنا سویٹ بن شاہ بول رہا تھا۔ جیسے کہ میرب سے اسے بہت پیار ہو۔ اور میرب کے ہاتھ کا بنا ہوا کھانا کھانے کے لیے وہ بہت بیتاب ہو۔۔

بیچاری مرہا کو تو سمجھ ہی نہیں آرہا تھا کہ اسکے بھائی پر بے وقت پیار کا بھوت کیسے سوار ہو گیا تھا۔۔ مرہا کو اپنا ناول کمپلیٹ کرنا تھا۔۔اس لیے وہ وہاں سے کام کے بہانے سے کسک کر اپنے روم جلی گئی تھی۔۔

مس ورلڈ اپنے مبارک قدموں سے کر
کیچن میں جاؤ اور میرے لیے ناشتہ بنا کر لاؤ۔۔

میرب کے ہاتھ درد ہو رہا تھا وہ بتانا چاہتی تھی۔ مگر رومان شاہ کے چہرے کے تاثرات دیکھ کر چپ چاپ کیچن میں چلتی ہوئی آگئی تھی۔۔

میرب کو کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا کہ وہ ناشتے میں کیا بنائے۔اور کیسے بنائیں ۔۔میرب نے فریج کھول اندر جھانک کر دیکھا تھا۔۔اندر ڈبل روٹی انڈے دودھ اور بہت سارے پھل رکھے ہوئے تھے۔

میرب کچھ دیر فرج کا دروازہ کھول کر کھڑی رہی تھی۔۔اس کے بعد اس نے سوچا کہ بریڈ سیکھ کر ساتھ میں چائے بنا کر ناشتہ دے دیتی ہوں۔

کیونکہ میرب کو انڈا تک تو کو بنانا آتا نہیں تھا۔۔انڈا دور کی بات اس نے تو کبھی اپنا قدم بھی کچن میں نہیں رکھا تھا

اس کے لیے یہ سب کچھ نیا اور بہت مشکل تھا۔مہرانی صاحبہ ناشتہ میرے پاس آجائے گا یا میں خود ناشتے کے پاس آؤں رومان شاہ اونچی آواز میں بولا۔

خود ہی ناشتے کے پاس آجائے میرب دھیمی آواز میں بولی،،،وہ دھیمی سی کہی گئی بات رومان شاہ کے کانوں تک پہنچ گئی تھی۔ہاں کہا ہے میرا ناشتہ آگیا میں رومان شاہ کی اچانک آواز سے میرب دو قدم ڈر کر پیچھے ہوئی جو یوٹیوب سے دیکھ رہی تھی کہ انڈے کی ایزی ریسپی۔ماشاءاللہ نکمی لڑکی کو انڈا بنانا بھی نہیں آتا۔وہ بھی یوٹیوب سے پوچھ رہی ہے کہ انڈا آسانی سے کیسے بنتا ہے۔

اتنا تو مجھے بھی آتا ہے تم مجھ سے ہی پوچھ لیتی۔۔میرب کافی شرمندہ تھی اپنی چوری پکڑی جانے پر، چلو میں تمہیں بتاتا ہوں کہ کیسے بنتا ہے ایزیییی انڈا رومان ایزی کو کھینچ کر بولا، نئ شاہ میں بنالوں گی،،، نظر آرہا ہے جو تم بنالو گی۔۔

چلو اب اپنے ان نکمے ہاتھوں سے فرج میں سے دو انڈے لے کر آؤ، اور اسے توڑ کر ایک باؤل میں ڈالو۔۔میرب جلدی سے گئی اور فرج میں سے دو انڈے لے کر آئی اور اسے شیلف پر رکھ کر انڈوں کو توڑنے کے لیے کچھ ڈھونڈنے لگی، کیا ڈھونڈ رہی ہو اب۔۔شاہ انڈے توڑنے کے لیے نائف ڈھونڈ رہی ہوں۔۔اس کی ضرورت نہیں ہے مس نکمی انڈے کو باؤل کے ساتھ ٹھوکر لگا کر توڑ لو۔۔

میرب نے اس کی بات پر عمل کرتے ہوئے انڈے کو توڑ ڈالا جو باؤل میں تو نہیں گرا تھا، مگر پورے فرش پر پھیل چکا تھا، اور میرب انڈے کا ایک سرا ہاتھ میں لیے ہوئے، کبھی شاہ کو تو کبھی فرش پر پڑے ہوئے انڈے کو دیکھ رہی تھی۔۔ماشاءاللہ ماشاءاللہ واااااہ لڑکی ! انڈا توڑنے کو کہا تھا پھوڑنے کا نہیں۔۔ سسسسسوری شاہ میں دوسرا انڈا توڑ لیتی ہوں۔

میرب نے بنا رومان شاہ کا جواب سنیں، جلدی سے شیلف سے دوسرا انڈا اٹھایا، اور اس کا بھی وہی حشر کیا جو بھی جو پہلے والے انڈے کا ہوا تھا۔۔

ویری گڈ ویری گڈ بس یہی ریسپی تھی جس کو تم بہت اچھی طرح سے فالو کر رہی ہو اب فرج میں سے ایک اور انڈا لو اس کے بعد ایک اور انڈا لانا اسی طرح فرج میں جتنے بھی انڈے پڑے ہے۔

سب کو باری باری لا کر یہیں پری پھوڑ دینا۔اور اس کے بعد اس کے اوپر نمک مرچ ڈال کر اچھی طرح حل کرنا اور اس کے اوپر پٹرول ڈال کر آگ لگا دینا،اور پھر جب آملیٹ تیار ہو جائے گی،

تو یہاں پر بیٹھ کر تم ہی کھا لینا، کیونکہ یہ جانوروں والا کھانا میں تو نہیں کھاتا ، مگر میرے خیال سے تمہارے لیے پرفیکٹ ہے۔

میرب رومان شاہ کے طنز پر رونے لگی،ایک تو بیچاری شرمندہ تھی کہ ،اسے کچھ بھی کرنا نہیں آتا،اوپر سے رومان شاہ کی تنزیہ نظریں،اور طنز کرتی ہوئی زبان سے اس کی آنکھیں بھر آئی تھی۔

اب یہ اشک باری تم نے کس لیے شروع کر دی ہے، جیسے کہ میں تم پر بہت ظلم کر رہا ہوں، ظلم تو تم نے کیا ان بیچارے انڈوں پر، رونا تو ان کو چاہیے۔

رومان شاہ اونچی آواز سے بولا تو میرب اور تیزی سے رونا شروع ہو گئی۔۔یہ کیا ہو رہا ہے کچن میں، اور تم لوگوں نے کیا حشر بنا دیا ہے، میرے کچن کا تم دونوں یہاں پر کر کیا رہے ہو۔

اچانک سے رومان شاہ کی ماں کی آواز ان دونوں کے کانوں میں پڑی تو ان دونوں نے چونک کر مڑ کر پیچھے دیکھا، جہاں پر کھڑی ہوئی رومان شاہ کی ماں غصے سے لال پیلی ہو کر کھڑی ہوئی تھی تھی۔

اپنے کچن کی خراب حالت دیکھ کر وہ سر کو پکڑ رہ گیا تھی۔امی جان میں انڈا بنا رہی تھی، تو وہ زمین پر گر گیا ہے میرب نے جلدی جلدی بات کو کور کرنے کی کوشش کی تھی۔

۔مان تم یہاں پر کیا کر رہے ہو، امی جان میں اس کو انڈے کی ریسپی بتا رہا تھا

۔

ہاں میں دیکھ رہی ہوں، کہ تم دونوں کا انڈا کافی اچھا بنایا ہے۔
ہمارے کچن کو کافی پسند آیا ہے، اب اگر تم لوگوں کا انڈا بن گیا ہو تو اب تم لوگ اپنے کمرے میں جاؤ۔

اور اپنا حشر ٹھیک کرو تم لوگوں کے کپڑوں پر انڈوں کی چھینٹیں پڑی ہوئی ہیں۔ پورے گھر میں انڈوں کی خوشبو پھیلا رکھی ہے۔
تم دونوں جاؤ اپنے روم میں اور چینج کرو میں کچن صاف کروا کے تم لوگوں کا ناشتہ بنواتی ہوں، حد ہے میں کچھ دیر کے لیے گھر سے باہر گئی ہوں، تو تم لوگوں نے کچن کا حشر نشر کر دیا ہے۔

آج کل کے بچوں کا پتہ نہیں کیا بنے گا، رومان شاہ کی ماں منہ میں بڑبڑاتے ہوئے کچن کے اندر داخل ہوئی تھی،۔

اور زکیہ کو آوازیں دے رہی تھی، زکیہ کچن میں آؤ، اور آ کے فرش سے انڈے کو صاف کرو۔

آج میری بہو اور بیٹے نے فرش پر املیٹ تیار کیا ہے۔۔اور مرہا کدھر ہے اس کو جب میں بول کر گئی تھی کہ، تم دونوں کا ناشتہ تیار کروا دے۔

تو اس نے کیوں تیار نہیں کروایا، رومان شاہ کی ماں کو مرہا پر غصہ آ رہا تھا۔اب رومان شاہ کی ماں کا غصہ مرہا پر تھا۔۔امی جان اس کی کوئی غلطی نہیں ہے، اور نہ ہی اب میں مرہا کی ذمہ داری ہوں۔

وہ میرا ناشتہ تیار کیوں تیار کروائے۔ میں اب آپ کی بہو کی ذمہ داری ہوں تو اس کو بتائیں کہ یہ میری ذمہ داریوں کو اٹھانا سیکھے۔ رومان بیٹا اسے تھوڑا ٹائم دو سیکھ جائے گی سب کچھ، اور رکھا کرے گی تمہاری ہر چیز کا خیال۔

کب سیکھے گی اور میں کتنا ٹائم دوں اس کو۔ اس کے بچپنے کے لیے میرے پاس فضول ٹائم نہیں ہے۔ اس کو بولیں کہ اپنی ذمہ داریوں کو اچھی طرح نبھایا کرے۔ جس طرح آپ مجھے میری ذمہ داریوں سے آگاہ کرتی ہیں۔

بیٹا اگر تمہیں اتنا ہی سب کچھ پرفیکٹ چاہیے تھا۔ تو پھر رخصتی میں کچھ اور دن انتظار کر لیتے، تاکہ وہ تمہارے مطابق سب کچھ سیکھ کر آتی۔۔

امی جان کیوں آپ ہر بات صرف مجھ پر ہی لاگو کرتی ہیں۔ آپ مجھے رخصتی میں تاخیر کرنے کو کہہ رہی ہیں۔

اگر یہ میڈم عشق میں فنا ہو کر اپنی نسیں نہیں کاٹتی تو، اس کا سر پھرا بھائی، مرہا کو اغوا کر کے زبردستی مجھ سے اس کا نکاح نہیں کرواتا۔

تو اس مصیبت کو رخصت کر کے مجھے اپنے گھر لانا ہی نہیں پڑتا۔
مرہا رومان شاہ کی اس بات پر آنکھیں بھر کر رونے لگی تھی۔ کیونکہ اسے ہمیشہ رومان شاہ کے منہ سے اپنی محبت کے لیے طنز ہی سننے کو ملتا تھا۔

وہ بھی انسان تھی اس کا دل بھی رومان شاہ کی باتوں سے دکھی ہو سکتا تھا کب تک وہ دشمن جاں کی باتوں کو برداشت کرتی۔

میرب اب تم کیوں رو رہی ہو، تم رومان کی ذرا ذرا سی باتوں پر رونا مت شروع کر دیا کرو۔
اس طرح تو یہ تمہیں ہمیشہ کمزور سمجھے گا اور ہمیشہ تم پر چلاتا رہے گا۔ بیٹا اپنے حق کے لیے سٹینڈ لینا سیکھو۔ اور اس کو اس کے چلانے کا جواب دیا کرو۔

اس کو یہ بتایا کرو کہ یہ تم پر اس طرح سے نہیں چلا سکتا۔۔ کیونکہ تم اس کی بیوی ہو۔اپنے حق کے لیے بول کر اسے احساس دلایا کرو۔

اور اب جاؤ روم میں، اور کپڑے چینج کرو۔اور اچھی طرح سے تیار ہو بیماروں کے جیسا اپنا حلیہ بنایا ہوا ہے، کہیں سے بھی تم لگتی ہو کہ تم نئی نویلی دلہن ہو۔

میرب رومان شاہ کے جانے سے پہلے ہی روم میں چلی گئی تھی۔جب کہ رومان شاہ کی ماں ابھی بھی رومان شاہ کی کلاس لگائے ہوئے کھڑی تھی۔۔ رومان شاہ اپنی امی جان سے، اپنی خاطر تواضع کروانے کے بعد، میرب کے لیے اپنے دماغ میں غصہ لیے ہوئے۔روم میں آیا تھا۔۔

میرب ڈریسنگ کے سامنے کپڑے چینج کر کے کھڑی ہوئی اپنی ساس کا حکم مان کر تیار ہو رہی تھی۔ میرب نے پرپل کلر کا پلازو اور اس پر کام والی کرتی پہن کر کاندھے پر بڑا سا دوپٹہ لٹکایا ہوا تھا۔

جس کے چاروں طرف کٹ ورک کی پٹی لگی ہوئی تھی۔۔ کانوں میں چھوٹے چھوٹے ٹاپس اور گلے میں میچنگ چین پہن رکھی تھی۔ لپسٹک کے نام پر صرف ہلکا سا گلوس لگایا ہوا تھا۔

رومان شاہ روم کے اندر داخل ہوا تو اس کی پہلی نظر میرب پر ہی پڑی تھی، جو اس وقت بہت خوبصورت لگ رہی تھی، مگر رومان شاہ تو اس وقت اپنے ماں کی باتوں سے تپا ہوا روم کے اندر آیا تھا۔

میرب کو گھورتے ہوئے، اپنی شرٹ کے بٹن کھول کر اس نے صوفے پر پھینک دی تھی۔۔ کیونکہ اس کی شرٹ پر بھی انڈے کی کچھ چھینٹیں پڑ گئی تھی۔

تم امی جان سے بول نہیں سکتی تھی کہ میری کوئی غلطی نہیں، انڈے تو تم نے توڑے ہیں، وہاں پر منہ میں دہی جمع کر کھڑی ہوئی تھی۔۔

جواب دو کیوں نہیں امی جان کے سامنے بتایا کہ میری غلطی نہیں تھی۔۔۔ میرب کے جواب نا دینے پر۔ رومان شاہ کا غصہ اور بھی بڑھ گیا تھا۔

یاررررررر! وہ گھڑی ہی منحوس تھی، جب میں مال میں تم سے ٹکرایا۔ بس کیجئے شاہ اب آپ مجھ سے اس طرح سے بات نہیں کر سکتے۔ شٹ اپ اپنا

منہ بند رکھو۔بلکہ بہتر ہے اس وقت تم میری نظروں سے دور ہو جاؤ۔۔وہ غصے سے اپنی کمر پر ہاتھ رکھے ہوئے ایک ہاتھ سے اپنے سر کو دبا رہا تھا۔۔

شاہ اب آپ مجھے یوں دہتکار نہیں سکتے، کیوں اب تم میں کون سے سرخاب کے پر لگ گئے ہیں۔۔کیونکہ شاہ اب میں آپ کی بیوی ہوں۔
میرب نے اپنی ساس کی کہی ہوئی بات پر عمل کرتے ہوئے دہرایا تھا۔

اچھھھا تو پھر بیوی ہونے کے سارے حقوق کا بھی پتہ ہو گا؟؟؟ رومان شاہ نے اچھا پر زور دیتے ہوئے پوچھا۔میرب رومان شاہ کے تیور دیکھتے ہوئے گھبرا گئی تھی۔اور ایک منٹ سے پہلے اس کی بتی گل ہو گئی تھی۔اتنا کون فیڈنس جو جمع کر کے اس نے رومان شاہ سے یہ سب بولنے کی ہمت کی تھی۔۔رومان شاہ کی ایک ہی بات میرب کا سارا کون فٹنس دھرا کا دھرا رہ گیا تھا۔

جو میرب کی طرف بہت گہری نظروں سے دیکھتا ہوا۔اس کی جانب اپنے قدم بڑھا رہا تھا۔مجھے امی جان بلا رہی ہیں وہ گھبرا کر روم کا دروازہ کھول کر بھاگنے لگی۔

رومان شاہ میرب کے ارادے کو بھانپتے ہوئے میرب کے سامنے آن کھڑا ہوا۔۔کہاں!!!!!!پہلے امی جان کے بیٹے کی بات سنو،اور اسے بازو سے کھینچ کر بیڈ پر پھینکا،شاہ یہ کیا کر رہے ہیں آپ۔تم بیوی ہو میری یار تمہارے حقوق ادا کرنے لگا ہوں۔۔ششش ش شاہ آپ ایسا نہیں کر سکتے۔میرب نے کانپتی ہوئی آواز سے کہا،اور بیڈ پر سرکتے ہوئے پیچھے کی طرف ہونے لگی۔

رومان شاہ نے میرب کو واپس اپنی طرف کھینچا اور خود اس کے اوپر جھک گیا کر سکتا ہوں دانتوں کو پیستے ہوئے بولا تھا۔

بہت شوق ہے نا میری بیوی بننے کا، تو چلو آؤ آج تمہیں شوہر کے سارے حقوق بتاتا ہوں، پوری طرح سے بیوی تو تب بنو گی نہ، جب میرے سارے حق ادا کرو گی، اس کے بعد تم بھی سارے حقوق لے لینا مجھ سے۔

بہت ہی فارمل انداز سے بولا، میرب کے دونوں ہاتھوں کو پکڑ کر بیڈ کراؤن سے پن کیے ہوئے میرب کی گردن کے پر جھکا ہوا تھا۔ رومان کے ہونٹوں کا لمس میرب کی گردن پر لگنے سے میرب کا وجود ہلکا ہلکا کانپنے لگا شاہہہہہ کیا کر رہے ہیں آپ چھوڑیہ یییییں مجھے،،،، میرب کانپتے ہوئے لفظوں کو توڑ توڑ کر بولی اور خود کو رومان کی پکڑ سے چھڑوانے کی ناکام کوشش کر رہی تھی۔ آہہہہہہ!!! (رومان اپنے دانت میرب کی گردن پر گاڑتے ہوئے کب اسکا پیار سختی میں بدل گیا اسے احساس نہ ہوا) کیوں بیوی ہونے کے حقوق نہیں لینے رومان شاہ خمار دار لہجے میں بولا، شششششاہ مجھے درد ہو رہا ہے، میرب کچھ دیر پہلے گردن پے دی ہوئی تکلیف کو محسوس کرتے ہوئے

بولی۔۔۔ہونے دو درد جو درد تم نے مجھے دیے ہیں اب ان کی بھرپائی کا وقت ہے۔رومان شاہ اس کے نازک سے وجود کو اپنے کسرتی بدن میں چھپائے ہوئے تھا۔

رومان شاہ کے لمبے چوڑے جسم کے آگے، میرب جو اس اتج میں بھی 12 سال چھوٹی تھی اور دیکھنے میں بھی بہت نازک اور بہت دبلی پتلی تھی۔ میرب تو رومان شاہ کے کے نیچے نظر ہی نہیں آ رہی تھی۔

رومان شاہ کے اتنے نزدیک آنے سے میرب کا شرم اور رومان شاہ کے وزن سے برا حال تھا۔سانس گلے میں اٹکی ہوئی تھی۔۔اندر والی سانس باہر آنے کے لیے تیار نہیں تھی۔

اور باہر والی سانس اندر جانے کو تیار نہیں تھی۔ میرب یہ سوچنے پر مجبور ہو گئی تھی کہ۔اس بندے کا غصہ جتنا خطرناک ہے، پیار اس سے بھی زیادہ خطرناک اور جان لیوا ثابت ہو گا۔

شاہ پلیز مجھے جانے دے، رومان شاہ اس کے اوپر ہی لیٹا ہوا اس کی گردن پر اپنے لمس چھوڑ کر میرب کی سانسوں کو تنگ کیے ہوئے۔اس کی جان کا عذاب بنا ہوا تھا۔ شششہ۔ ہمم۔آپ میری بات سن رہے ہیں نا۔۔ نہیں۔۔رومان شاہ نے اس کے بالوں میں اپنا چہرہ چھپائے ہوئے ایسے ہی جواب دیا تھا۔۔شاہ آپ کو کیا ہو گیا ہے۔۔

آپ ایسے تو نہیں تھے۔۔ تمہارا مسئلہ کیا ہے۔ تمہیں اپنے بیوی ہونے کا حق چاہیے تھا نا۔اب جب میں اپنا شوہر ہونے کا حق استعمال کر رہا ہوں، تو تمہاری سانسیں تمہارے گلے میں کیوں اٹک رہی ہیں۔ شاہ میں نے ایسے تو

حقوق نہیں مانگے تھے۔وہ شرم سے لال ہوتی ہوئی نظریں گھما کر دیوار کو دیکھنے لگی تھی۔۔

تو پھر تمہیں کیسے حقوق چاہیے۔کیا چاہتی ہو مہارانی صاحبہ۔آج تم مجھے کھل کر بتاؤ۔وہ اب بھی اس کے دونوں ہاتھوں کو اوپر کی طرف پن کیے ہوئے اس کے اوپر ہی برجمان ہو کر لیٹا ہوا تھا۔

میں چاہتی ہوں آپ میری تعریف کریں، مجھ سے بہت سارا پیار کریں کریں۔وہ جھجھکتے ہوئے اپنی بات رومان شاہ کے سامنے رکھ رہی تھی۔۔ماشاءاللہ میری اتنی سی قربت سے تمہاری رنگت زرد ہو گئی ہے۔ایسے لگ رہا ہے کہ جیسے تمہیں یرقان کا اٹیک ہوا ہو۔

اور اپنی ان بے ترتیب سانسوں کو دیکھو اور سوچو کہ اگر رومان شاہ کا غضب تم سے برداشت نہیں ہو رہا، تو اگر میں تم سے پیار نہیں بلکہ تمہاری زبان میں بہت سارا پیار کروں گا تو مر جاؤ گی۔

اور ویسے بھی رومان شاہ کا ٹیسٹ اتنا خراب نہیں کہ وہ تمہارے منہ لگ کر تمہیں بہت سارا پیار کرے۔۔وہ جھٹکے سے اس سے دور ہو کر کھڑا ہو گیا تھا۔

یہ تو صرف تمہاری سزا کا ایک حصہ تھا اور جب جب میں تمہارے نزدیک آؤں گا۔

اسے میرا پیار نہیں بلکہ میری طرف سے اپنے لیے سزا سمجھنا تم رمان شاہ کے پیار کی مستحق نہیں ہو۔وہ جاتا جاتا میرب کے دل پر اپنے زہریلے تیر چھوڑ کر گیا تھا۔

خود تو جا کر واش روم میں بند ہو گیا تھا، مگر میرب وہی پر پڑی ہوئی آنسوں بہاتی رہ گئی۔۔

شاہ کیوں میں آپ کی محبت کی مستحق نہیں ہوں۔ کیا کمی ہے مجھ میں، کیوں میں اتنی بری ہوں، کہ میں آپ کے دل پر دستک نہیں دے پا رہی۔

کیوں میں آپ کے دل کے بند دروازے نہیں کھول سکتی، ایسا کیا ہے آپ کے دل میں جس کے ڈر سے آپ مجھے اپنے دل میں داخل ہی نہیں ہونے دیتے۔۔

وہ روتے ہوئے اپنا منہ تکیے میں چھپائے ہوئے سوچ رہی تھی۔ رومان شاہ باہر آیا تو ایک سائیڈ پر آکر آرام سے لیٹ گیا جیسے اس نے تو کوئی دل دکھانے والی بات کی ہی نہ ہو۔

میرب کی تکے میں چہرہ چھپائے ہوئی تھی مگر پھر بھی اس کی ہلکی ہلکی سسکیاں رومان شاہ کے کانوں تک پہنچ رہی تھی۔

مگر وہ دشمن جا بہت آرام سے آنکھیں بند کیے ہوئے لیٹا تھا۔۔ تھوڑی دیر خاموشی کے بعد روم کا دروازہ بجا تھا اور زکیہ کی آواز آئی۔۔۔رومان بھائی اور میرب باجی آپ دونوں کو بڑی بی بی جی بلا رہی ہیں ناشتے کی ٹیبل پر۔۔

آپ جائیں ہم لوگ پانچ منٹ میں آرہے ہیں۔رومان شاہ نے بیڈ پر لیٹے ہوئے ہی جواب دیا تھا۔۔ چلو اٹھو اگر تمہارا ماتم ختم ہو گیا ہو تو امی جان ناشتے پر بلا رہی ہیں۔۔مجھے نہیں جانا۔۔یہ ادائیں مجھے مت دیکھاؤ۔تم میری من پسند بیوی نہیں ہو۔جو میں تمہارے نخرے اٹھاؤ گا۔

شاہ مجھے پتہ ہے کہ میں آپ کی من پسند بیوی نہیں ہوں۔ بار بار مجھے مت بتایا کریں۔ کیوں بار بار اپنی تعریف سن کر برا لگتا ہے۔۔وہ تنزیہ نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔

اس کی طرف کروٹ لے کر تکیے پر کہنی ٹکائے اپنے سر کو اپنے ہاتھ کی سپورٹ دیے ہوئے لیٹا ہوا میرب پر طنز کر رہا۔۔

میرب نے اپنے منہ آنکھوں سے بازوں کو ہٹا کر غصے سے نظریں گوما کر رومان شاہ کی طرف دیکھا تھا۔

رومان شاہ نے اپنے دونوں آئی برو اٹھا کر، اپنی آنکھوں سے اسے اشارہ کرتے ہوئے اٹھنے کا کہا تھا۔ چلو امی جان انتظار کر رہی ہیں۔۔مجھے بھوک نہیں ہے ۔۔میرب نے جواب دے کر پھر سے بازوں اپنی آنکھوں پر رکھ لیا تھا۔۔

میرب میری ایک بات دھیان سے سن لو، تمہارے اور میرے درمیان کمرے کے اندر کیا چل رہا ہے۔

اس کا اندازہ میری ماں کو نہیں ہونا چاہیے

۔اگر تمہاری وجہ سے میری امی جان ذرا سی بھی پریشان ہوئی تو، مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔

اس لیے یہ سارے تماشے روم کے اندر رکھنا باہر جا کر بالکل نارمل بیہو کرنا۔ جیسے ایک نورمل ہسبینڈ اور وائف رکھتے ہیں۔۔

شاہ سچ بتائیں ہمارے درمیان نارمل ہسبینڈ وائف جیسا کچھ ہے۔ میرب سوالیہ نظروں سے رومان شاہ کی طرف دیکھ کر پوچھ رہی تھی۔

پانچ منٹ پہلے نارمل جیسا سب کچھ بنانے تو لگا تھا۔ مگر تمہاری تو سانسیں بند ہونے لگی تھی۔ کہو تو ابھی بنا دو تمہارا اور میرا رشتہ نارمل۔۔اس نے رشتہ نارمل کو کھینچتے ہوئے کہا تھا۔۔

میرب نے نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے،اپنی نظریں دوسری جانب کرلی تھی۔۔دوبارہ اس طرح سے حقارت سے نظریں پھیری تو، میں تمہاری جان نکال لوں گا۔۔رومان شاہ میرب کے قریب ہو کر اس کی جبڑے کو اپنے ہاتھ سے پکڑ کر زور سے دبائے ہوئے تھا۔۔

شاہ مجھے درد ہو رہا ہے چھوڑیں۔۔میں نے غصے سے نظریں پھیریں تھی۔۔حقارت سے نہیں۔۔۔تمہیں غصہ کرنے کا حق بھی نہیں ہے وہ چلایا تھا۔۔۔شاہ کو میرب کا اس طرح نظریں پھیرنا مہکی یاد دلا گیا تھا۔۔۔

جھٹکے سے اس کے چپڑے کو چھوڑتا ہوا کھڑا ہوا تھا۔۔ چلو میرے ساتھ ڈائننگ ٹیبل پر اور اپنی شکل پر مسکراہٹ لاؤ۔

۔تاکہ امی جان کو لگنا چاہیے کہ تم میرے ساتھ بہت خوش ہو۔۔۔ میرب کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسوں بہہ رہے تھے۔

اس نے حیرت سے رومان شاہ کی طرف دیکھا۔۔ وہ روتے ہوئے، بیڈ سے اٹھ کر کھڑی ہوئی اپنا دوپٹہ ٹھیک کر رہی تھی۔

میں نے کہا اپنے چہرے پر مسکراہٹ لے کر آؤ میری امی جان کے سامنے تم خوش نظر آنی چاہیے ہو۔۔ شاہ آپ اتنے ظالم کیوں ہے۔۔ کیوں آپ اتنے سخت دل ہیں۔۔۔ کیوں میری محبت آپ کے دل کی ان سخت دیواروں کو توڑ نہیں پا رہی۔۔

آپ میری طرف ایک قدم بڑھا کر تو دیکھیں، میں خدا کی قسم آپ کے قدموں میں بچھ جاؤں گی۔۔وہ روتے ہوئے رومان شاہ کے پاس آکر کھڑی ہوئی بڑی التجائیں نظروں سے بول رہی تھی۔۔

اس کے رونے میں رومان شاہ کو پانے کی اتنی تڑپ تھی کہ کوئی اور ہوتا تو قسم سے ایک منٹ پہ پگھل جاتا۔۔۔مہک نے اپنی بے وفائی سے رومان شاہ کے دل میں اتنی نفرت بھر دی تھی۔کہ میرب کی محبت پر مہک کی نفرت بھاری پڑ رہی تھی۔

تم یہ ڈائیلاگ رات کو بول لینا آج میری آفس سے چھٹی ہے فی الحال چلو امی جان تمہارا انتظار کر رہی ہے۔

میرب کی بات کو نظر انداز کرتا ہوا روم کے ہینڈل پر ہاتھ رکھ کر اسے گھما کر دروازہ کھولتے ہوئے باہر نکل گیا۔

میرب نم آنکھوں کو صاف کرتے ہوئے نقلی مسکراہٹ اپنے چہرے پر سجا کر اس کے پیچھے پیچھے چل رہی تھی۔۔۔جی جی بہن جی بہن جی انشاءاللہ بہت جلد میرب اور رومان آپ لوگوں سے ملنے آئیں گے۔

رومان شاہ ٹیبل پر پہنچا تو اس کی ماں پہلے سے ہی میرب کی ماں سے بات کر رہی تھی۔ میرب کی ماں میرب کے آنے کا پوچھ رہی تھی۔۔اور رومان شاہ کی ماں وعدہ بھی دے چکی تھی کہ رومان اور میرب ملنے کے لیے آئیں گے۔

حد ہے امی جان آپ کہنے سے پہلے مجھ سے پوچھ تو لیا کریں۔مجھے نہیں جانا اور نہ ہی میں اس کو جانے دوں گا۔۔فون بند ہوتے ہی رومان شاہ نے خراب

موڈ سے اپنی ماں سے کہا۔۔کیوں نہیں جانا تمہیں اور اسے کیوں نہیں جانے دو گے۔۔

مجھے نہیں جانا کیونکہ مجھے اسکے گھر جانا پسند نہیں ہے،اور اس کو میں نے اس لیے نہیں جانے دینا۔کیونکہ اس کو بہت زیادہ عشق کا بخار چڑھا ہوا تھا۔تو اب شادی ہو گئی ہے۔اور یہ ٹک کر اپنے گھر میں رہے۔۔

کیوں جب لڑکیوں کی شادی ہو جاتی ہے تو کیا ان کا مائکے سے تعلق ٹوٹ جاتا ہے۔۔رومان شاہ کی ماں نے ناراض منہ بنا کر کہا تھا۔۔امی جان۔۔رومان چپ کر جاؤ ہر بات میں میرے ساتھ زبان درازی مت کیا کرو۔۔

رومان شاہ کی بات کو بیچ میں کاٹتے ہوئے ہی اس کی امی نے اپنا حکم صادر کر دیا،کہ اسے کل میرب کو لے کر اس کے مائکے جانا ہے۔۔

حالانکہ رومان شاہ کی ماں کو اچھی طرح سے پتہ تھا کہ اس کا بیٹا اپنی ماں کے ساتھ زبان درازی کبھی نہیں کرتا۔۔

بس رومان پر اپنا رعب ڈال کر میرب کو اس کے مائکے بھیجنے کے لیے اس کی ماں نے یہ حربہ استعمال کیا تھا۔۔

اور تیر نشانے پر لگا تھا رومان شاہ چپ کر کے ناشتہ کرنے لگا۔۔بس بیچ بیچ میں میرب کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھ رہا تھا جیسے بیچاری میرب نے یہ ساری بات کی ہو۔۔



ہاں جی جناب کیسا لگ رہا ہے ٹھیک ہو کر! بہت اچھا لگ رہا ہے، یہ سب تم دونوں کی مہربانی ہے کہ تم دونوں نے میری بد تمیزیاں کی برداشت میرا ساتھ نہیں چھوڑا کیا۔ ورنہ میں نے اپنی جو حالت کر لی تھی۔

وہاں پر تو اپنے گھر والے بھی ساتھ چھوڑ جاتے ہیں۔ احمر رومان شاہ اور ڈاکٹر شاہ زیب سے کہہ رہا تھا۔ آج احمر کا علاج مکمل ہو چکا تھا۔
اور اسے ہاسپٹل سے ڈسچارج کر دیا گیا۔ آج احمر کے ساتھ ساتھ رومان شاہ اور ڈاکٹر شاہ زیب کے لیے بھی بہت خوشی کا دن تھا۔

کہ آخر وہ اپنے دوست کو پھر سے ٹھیک کرنے میں کامیاب ہو گئے تھے۔ یعنی کہ تم ہمیں اپنی فیملی نہیں سمجھتے رومان شان احمر کی بات کا جواب دیا۔ نہیں یار میرا وہ مقصد نہیں تھا میں تو بہت خوش ہوں کہ، مجھے تم دونوں کے جیسے دوست ملے۔

جنہوں نے مجھے اس نشے کی دلدل سے باہر نکال لیا، ورنہ کتنے لوگ تو اس دلدل میں پھنس کر واپسی کا راستہ ہی بھول جاتے ہیں۔ ہر کوئی میرے جیسا خوش نصیب نہیں ہوتا۔ اور ہر کسی کو رومان شاہ اور ڈاکٹر شاہ زیب جیسے دوست نہیں ملتے۔

خوشی سے احمر کی آنکھیں نم ہو گئیں اور وہ ایک بازو ڈاکٹر شاہ زیب کے گلے میں ڈالے اور دوسرا رومان شاہ کے گلے میں ڈالے ہوئے اپنے دوستوں سے گلے مل رہا تھا۔

(چل چھڈ دے یار ہن کی روا کے ساہ لویں گا)

(چلو چھوڑ دو یار اب کیا رلا کر سانس لو گے)

رومان شاہ کی مادری زبان پنجابی تھی۔ اور رومان شاہ اپنی زبان سے بہت محبت کرتا تھا۔ اس لیے اکثر جب وہ بہت خوش ہوتا تو، اپنی پنجابی زبان میں جملے بول جایا کرتا تھا۔

حالانکہ احمر اور شاہ زیب کی زبان پنجابی نہیں تھی۔ شاہ زیب پٹھان تھا تو اس کی زبان پشتو تھی۔ احمر مہاجر تھا تو اس کی زبان اردو سپیکنگ تھی۔
مگر تینوں بچپن کے دوست تھے، تو اس لیے ایک دوسرے کی تھوڑی بہت زبان سمجھ جایا کرتے تھے۔ مصلہ تو رومان شاہ اور ڈاکٹر شاہ زیب کا تھا۔

کیونکہ احمر تو اردو سپیکنگ تھا اس لیے احمر کی زبان تو دونوں کو سمجھ میں آجاتی تھی۔

یہ تینوں لاہور میں اکٹھے ایک ہی جگہ پر رہتے تھے۔ ایک ساتھ ہی سکول جایا کرتے اور پھر ایک ساتھ ہی ان لوگوں نے کالج میں پڑھائی شروع کی۔ پھر وقت نے کروٹ لی تو احمر کے والد کا انتقال ہو گیا۔

تو وہ اپنے ماموں کے پاس کراچی شفٹ ہو گیا۔اور ڈاکٹر شاہ زیب اور رومان شاہ وہیں پر رہ گئے۔اس کے بعد رومان شاہ کے باپ کی ڈیتھ ہوئی اور وہ اپنی ماں کے ساتھ کراچی آگیا۔۔اس طرح احمر اور رومان شاہ ایک پھر مل گئے۔

اس کے بعد اس ڈاکٹر شاہ زیب اپنی پڑھائی مکمل کر کے اپنی آگے کی ٹریننگ کے لیے کراچی جناح ہاسپٹل میں آگیا۔

جہاں پر اس نے ٹریننگ کے ساتھ ساتھ اپنی جاب بھی سٹارٹ کر دی۔ پھر آہستہ آہستہ شاہ زیب کی ترقی ہوتی گئی۔

اور آج ڈاکٹر شاہ زیب کا شمار بہت سینیئر ہارٹ سرجنز میں ہوتا تھا۔اور رومان شاہ ایک بہت کامیاب بزنس مین بن چکا تھا، جس کا خود کا بزنس 10 ملکوں میں ورک کر رہا تھا۔

مگر احمر کچھ خاص ترقی نہیں کر سکا، کیونکہ احمر کے مالی حالات پہلے بھی کبھی ٹھیک نہیں تھے۔اور اب تو وہ اپنے ماموں کے پاس رہتا تھا۔
ایک آفس میں نارمل سی ایپلائی کی جاب کرتا تھا۔ لیکن ان کے امیری غریبی نے کبھی ان کی دوستی میں کوئی فرق نہیں ڈالا۔

پلان کے مطابق آج دوپہر کو یہ تینوں اکٹھے ہوئے۔اور خوب جشن کا ماحول بنا کر ان لوگوں نے انجوائے کیا۔بہت ساری گپیں لڑانے کے بعد، اب وہ اپنے بچپن کی باتیں یاد کر کے ہنس رہے تھے۔

کہ رومان شاہ کے موبائل پر اس کی امی جان کا فون آرہا تھا۔السلام علیکم جی امی جان۔رومان تم گھر کب تک آؤ گے۔

امی جان میں نے آپ کو بتایا تو تھا کہ آج میں آفس سے سیدھا اپنے دوستوں کے ساتھ اؤٹنگ پر جاؤں گا۔ کیونکہ مجھے احمر اور شازیب کے ساتھ کچھ ٹائم گزارنا ہے۔ کیا بات ہے امی جان آپ پریشان لگ رہی ہیں۔ اپنی ماں کی افسردہ آواز کو پہچانتے ہوئے رومان شاہ پوچھ رہا تھا۔

شاہ زیب تمہارے ساتھ ہے۔۔جی امی جان خیریت آپ کی طبیعت تو ٹھیک ہے۔۔ہاں میری طبیعت بالکل ٹھیک ہے۔۔ تم نے مرہا کے نکاح کے بارے میں شاہ زیب کو نہیں بتایا تھا۔

۔امی جان پہلی بات تو میں یہ بات کسی کو بتانا ضروری نہیں سمجھتا۔

اور دوسری بات یہ کہ شاہ زیب کو پتہ ہے، مرہا کے نکاح کے بارے میں اب آپ سسپنس ختم کر کے مجھے بتائیں کہ کیا ہوا ہے۔

شاہ زیب کے گھر والے میرہا کا رشتہ لینے کے لیے آئے ہوئے ہیں۔ شاہ زیب کے لیے۔۔ کیا؟ رومان شاہ نے حیرانی سے کہا۔۔ یہی تو میں تم سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ کیا تمہیں اس بارے میں پتہ تھا۔

نہیں امی جان مجھے اس بارے میں کچھ نہیں پتا۔ اگر پتہ ہوتا تو میں آپ کو ضرور بتاتا۔ آپ فون بند کریں میں ذرا شاہ زیب سے بات کر کے آپ کو بتاتا ہوں۔

شاہ زیب اور احمر آپس میں گپے لڑا کر ہنس رہے تھے۔ کہ رومان شاہ فون پر بات کر کے واپس ان کے پاس آیا۔

اور اس کے تیور کافی بدلے ہوئے تھے جس کو دونوں نے نوٹ کیا۔۔

خیریت کس کا فون تھا۔ جو سن کر چہرے کے زاویے اس قدر بدلے ہوئے ہیں۔ احمر مذاق کر رہا تھا۔

لگتا ہے کہ بھابھی جان کا فون ہو گا اور انہوں نے شاپنگ کی لمبی چوڑی لسٹ سینڈ کی ہو گی، اس لیے نواب کا موڈ خراب ہو گیا ہے۔ شاہ زیب ہنستے ہوئے بولا۔۔ شازیب تمہارے گھر والے، میرے گھر پر، میری بہن کا رشتہ مانگنے گئے ہوئے ہیں۔

اس بات کا تمہیں پتہ تھا۔۔ رومان شاہ نے کافی سرد لہجے سے پوچھا۔۔ یار آرام سے بات کرو کیا ہو گیا ہے۔ احمر رومان شاہ کی سخت اور غصے والے انداز کو دیکھ کر گھبرا کر کھڑا ہو گیا تھا۔

رومان شاہ۔۔۔۔۔ شاہ زیب میری بات کا جواب دو تمہیں پتہ تھا۔

شازیب۔۔۔۔ ہاں پتہ تھا۔

رومان شاہ۔۔۔۔ تمہیں مرہا کے نکاح کے بارے میں بھی پتہ تھا۔ پھر تم نے رشتہ بھجوانے کی جرأت کیسے کی۔

شاہزیب۔۔۔یار تم نے خود ہی تو کہا تھا کہ تم بہت جلد مرہا کو اس نکاح سے آزاد کروادو گے۔۔

رومان شاہ۔۔۔اپنی زبان سے میری بہن کا نام بھی مت لینا، میں تمہیں ہمیشہ اپنا دوست سمجھتا رہا اور تم میرے ہی گھر پر گھات لگائے ہوئے تھے۔۔

شاہ زیب۔۔۔۔رومان شاہ عقل کے ناخن لو۔میں نے تمہارے گھر ایک عزت دار آدمی کی طرح رشتہ بھیجا ہے۔میں نے ایسی کوئی حرکت نہیں کی جس کی وجہ سے تم مجھے یوں ذلیل کرو۔

یار میرے خیال سے کوئی بہت بڑی مس انڈر سٹینڈ نگ ہوئی ہے۔تم دونوں بیٹھ کر آرام سے بات کرو دونوں کو تلخ کلامی کرتے ہوئے دیکھ کر احمر بیچ میں

کودا۔ مجھے اس کے ساتھ کوئی بات نہیں کرنی ہے رومان شاہ نے دوٹوک جواب دیا۔ کیوں میں نے ایسا کیا کر دیا ہے۔

جس کی وجہ سے تم مجھ سے بات نہیں کرنا چاہتے ہو۔ حد ہے یار کسی کے گھر با عزت طریقے سے رشتہ بھجوانا کب کا جرم ہو گیا ہے۔ ڈاکٹر شاہ زیب بھی غصے میں آ گیا۔ تم نے اپنی عمر دیکھی ہے۔ میری عمر کے ہو تم۔ اور تم میری بہن سے شادی کی خواہش رکھتے ہو شرم آنی چاہیے تمہیں۔

کہاں لکھا ہے کہ ایج ڈفرنس ہو تو شادی نہیں ہو سکتی۔ یار رشتہ نہیں بھجوایا جا سکتا۔ رومان شاہ اتنے پڑھے لکھے ہو کر کیسی جاہلوں جیسی باتیں کرتے ہو۔

اور جس سے نکاح کے بارے میں تم اس وقت بات کر رہے ہو، اس اے سی پی کی ایج تو مجھ سے بھی زیادہ ہے۔ وہ تو مجھ سے بھی کوئی دو تین سال بڑا ہے۔ تو جب اس کے لیے یہ نکاح جائز ہو گیا ہے تو پھر مجھ سے تمہیں کیا پرابلم ہے۔

میں نے اس کمینے کے ساتھ بھی اپنی بہن کا نہ تو نکاح کروایا ہے اور نہ ہی ایکسیپٹ کیا ہے تمہیں سب پتہ ہے کہ جن حالات میں نکاح ہوا تھا اور اب امی جان کا حکم ہے کہ مرہا کو اس کے ساتھ ہی رخصت کیا جائے گا اور تم ایک بات اچھی طرح سے جانتے ہو کہ میں اپنی امی جان کا کوئی حکم بھی نہیں ٹال سکتا اس لیے اس کمینے کو بطور بہنوئی قبول کرنا میری مجبوری ہے۔ رومان شاہ کی اس جملے سے شاہزیب کے اندر چھن سے کچھ ٹوٹا تھا شاہ زیب کا دل ٹوٹ گیا رومان شاہ کے اس جملے سے۔ اس نے کتنے خواب سجائے تھے مرہا کے لیے اپنی انکھوں میں۔ وہ غصے سے رومان شاہ کی طرف دیکھتا ہوا بڑے بڑے قدم اٹھاتا ہوا گاڑی کی طرف چلا گیا احمر بیچارہ تو آوازیں دیتا رہ گیا مگر اس نے پیچھے پلٹ کر بھی نہیں دیکھا۔ رومان یار اس نے ایسا بھی کچھ غلط نہیں کیا جس کا تم نے اس طرح ری ایکٹ کیا ہے اب تم اس کی طرف داری کرو گے

رومان شاہ نے غصے سے احمر کی طرف دیکھا، یار بات طرفداری کی نہیں ہے تم بھی میرے دوست ہو اور وہ بھی میرا دوست ہے میرے لیے تم دونوں

ایک برابر ہو تم دونوں میں سے جو غلط ہو گا میں اس کو ہی بولوں گا اس وقت جو تم نے کیا وہ غلط تھا وہ تمہاری بہن میں انٹرسٹڈ تھا تو اس میں ایسی کوئی غلط بات نہیں ہے وہ شادی کرنا چاہتا تھا اور کسی کو پسند کرنا یا اس سے شادی کرنا کوئی گناہ یا غلط بات نہیں ہے۔ غلط تب ہوتا جب وہ غلط نظر سے دیکھتا مگر شادی کا ارادہ نہ رکھتا۔ مگر وہ تو مرہا کی پڑھائی کا انتظار کر رہا تھا کہ جیسے ہی مکمل ہو تو وہ تم سے بات کر سکے مگر کبھی اس میں اتنی ہمت اور جرأت نہیں تھی کہ وہ خود سے تم سے بات کر سکتا کیونکہ تمہارا یہی والا ایٹیٹیوڈ اسے تم سے بات نہیں کرنے دیتا تھا اب جب نکاح ہوا تو تم نے اس سے یہی کہا تھا کہ تم اپنی بہن کو اس اے سی پی کے ساتھ رخصت نہیں کرنا چاہتے تو اس نے اپنے ماں باپ کو بھی اسی لیے شاید بھیجا ہو گا کہ کہیں پھر سے مرہا کا رشتہ تم لوگ کہیں اور نہ کر دو تو اس طرح تم نے اس کی توہین کی ہے اور اس کا یہ ری ایکٹ غلط نہیں تھا۔ احمر کے سمجھانے پر رومان شاہ ٹھنڈا پڑ گیا تھا اسے بھی احساس ہوا کہ اس نے شاہزیب کے ساتھ غلط کر دیا ہے۔ تو وہ یہ بات یہاں پر رہ کر

حل کرتا اس طرح سے جانے کا مطلب کیا ہے یار وہ یہاں پر کیسے کھڑا رہتا ہے اس وقت اس کا دل ٹوٹا ہے اور اس درد کو تم نے اور میں نے دونوں نے فیس کیا ہے تو ذرا سوچو اس وقت ہماری حالت کیا تھی تم تو پھر بھی سنبھل گئے تھے میں نے تو اپنی زندگی تک داؤ پہ لگا دی تھی تو ایسے میں اس کا اتنا ری ایکٹ بنتا ہے سنبھل جائے گا تو ٹھیک ہو جائے گا سمجھ جائے گا ساری بات کو مگر اس وقت اس کا دل ٹوٹا ہے اور اسے میری ضرورت ہے میرے خیال سے سے مجھے جانا چاہیے ہم۔ ہمم جاؤ سنبھالوں اسے اور میری طرف معذرت کرنا اگر مجھے پہلے آئیڈیا ہوتا تو شاید میں کچھ کر سکتا اس کے لیے، مگر اس وقت کچھ بھی میرے ہاتھ میں نہیں ہے۔ مرہا کا نکاح ہو چکا ہے۔ نہ تو امی جان اس نکاح کو توڑنا چاہتی ہیں اور نہ ہی وہ کمینہ اے سی پی اس نکاح کو ختم کرنا چاہتا ہے تو ایسے میں میرے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں ہے سوائے معذرت کے جو میں نے غلط جملے شازیب کو بولے ہیں ان کے لیے۔۔ شاہ

زیب کو بولے گئے جملوں کے لیے، رومان شاہ اپنے دل میں بہت ندامت محسوس کر رہا تھا۔

ooooooo

شاہ میر کی پچھلے دو تین دن سے میرب سے بات نہیں ہوئی تھی۔ آج اس کا بہت دل کر رہا تھا کہ وہ اپنی بہن سے بات کرے۔ اس نے اپنا فون نکالا اور میرب کا نمبر ڈائل کیا، وہ اس وقت پولیس اسٹیشن میں اپنے آفس میں بیٹھا ہوا، اپنی چیئر کو گھماتا ہوا کچھ سوچ رہا تھا۔۔ السلام علیکم بھائی کیسے ہیں۔۔ وعلیکم السلام میں بالکل ٹھیک میرا بچہ میری پیاری بہنا آپ کیسی ہو۔ میں بھی ٹھیک۔ بھائی کی یاد نہیں آتی تمہیں۔ بھائی بہت آتی ہے مجھے آپ کی یاد۔ پھر ملنے کیوں نہیں آئی۔ بھائی شاہ مصروف تھے ان کے پاس ٹائم نہیں تھا۔ ٹائم نہیں تھا یا اس گھٹیا انسان کی نیت نہیں تھی۔

بھائی پلیز اس طرح سے مت بولیں مجھے اچھا نہیں لگتا۔ چلو جی سوری آپ کے شوہر محترم کو غلط بولنے کے لیے۔ وہ میرب کو مزاق کر رہا تھا۔ میں تمہیں لینے آؤں تم سے ملنے کو بہت دل کر رہا ہے۔۔ نہیں بھائی گھر میں مہمان آئے ہوئے ہیں۔ خیریت کون مہمان آئے ہوئے ہیں۔

بھائی وہ مرہا کا رشتہ لینے کے لیے آئے ہیں۔ کیا کس کا رشتہ لینے آئے ہیں۔ میرب نے اپنی زبان دانتوں تلے دبائی، اس کے منہ سے جلدی میں نکل تو گیا تھا کہ، میرہا کا رشتہ لینے کے لیے آئے ہوئے ہیں۔

مگر بعد میں اسے یہ یاد آیا کہ مرہا کا نکاح تو اس کے بھائی سے ہوا ہے۔ مگر اب پچھتانے کا کوئی فائدہ نہیں تھا۔ بات شامیر کے کانوں تک پہنچ چکی تھی۔

میر ہا بیٹا میں نے کچھ پوچھا ہے کون کس کا رشتہ لینے آیا ہے۔ شاہ میر کی آواز میں کافی تلخی آگئی۔۔ بھائی وہ وہ و۔ جواب دو میر ب میں نے پوچھا کون آیا ہے مر ہا کا رشتہ لینے کے لیے اس بار لہجہ بہت زیادہ سخت تھا۔

بھائی کوئی ڈاکٹر شاہ زیب کے امی ابو ہیں جو مر ہا کا رشتہ لینے کے لیے آئے ہیں۔ اور مر ہا کدھر ہے۔ بھائی وہ تو کالج گئی ہے۔ ٹھیک ہے میں تم سے بعد میں بات کروں گا، لیکن بھائی آپ تو کہہ رہے تھے کہ آپ کا بہت دل کر رہا ہے مجھ سے باتیں کرنے کو

کیونکہ تم نے مجھے بہت اچھی نیوز سنائی ہے، اس کے بعد میرے پاس باتیں کرنے کے لیے نہیں ہیں اور نہ ہی میرا موڈ ہے باتیں کرنے کا اس لیے میں بعد میں بات کروں گا۔ شامیر کی غصے سے نسیں پھٹنے والی ہو رہی تھی۔ وہ جھٹکے سے اپنی آفس کی چیئر سے اٹھ کر کھڑا ہوا اپنا موبائل اٹھا کر اپنی جیب میں ڈالتا ہوا فل یونیفارم میں ہی نکل کر اپنی جیپ میں آکر بیٹھ گیا۔

اس کا رخ سیدھا مرہا کے کالج کی طرف تھا۔ پولیس والا تھا اور اپنے طریقے سے اس نے مرہا کی ہر خبر جمع کر کے رکھی ہوئی تھی۔ جیسے کہ میرہا کس کالج میں پڑھتی ہے۔ مرہا کا پرفیسر کون ہے، میرہا کس ٹائم پر کون سا لیکچر لیتی ہے، کب کالج آتی ہے اور کب گھر آتی ہے۔ زیادہ تر رومان شاہ اسے کالج پک اینڈ ڈراپ کرتا ہے، یہ بات بھی وہ اچھی طرح سے جانتا تھا۔ مگر آج اسے کسی کا بھی ڈر نہیں تھا۔ اسے ہر حال میں اپنی بیوی سے ملنا تھا۔

مگر آج بھی اس نے کوئی بھی غیر قانونی طریقہ نہیں اپنایا تھا۔ آخر ایک پولیس والا تھا قانون کے دائرے میں رہ کر کام کرنا بہت اچھی طرح سے جانتا تھا۔

اس لیے جیسے ہی میرب کا فون بند ہوا تو اس نے رومان شاہ کی ماں کو فون ملایا ،اور بنا ان کا جواب سنیں سلام کہنے کے بعد ان سے یہ کہہ دیا تھا کہ وہ آج مرہا کو کالج سے پک کر کے کچھ دیر اپنے ساتھ گھمانے کے لیے لے کر جائے

گا۔اور آپ اپنے بیٹے کو سمجھا دیجئے گا کہ کسی بھی طرح کا تماشا کریٹ نہ کرے۔

مرہا بیوی ہے میری اسے ساتھ لے جا کر شاپنگ کروانے کا تو حق رکھتا ہوں۔

اس کا سخت لہجہ دیکھ کر رومان شاہ کی ماں کو اندازہ ہو گیا تھا۔ کہ اس کے کانوں تک مرہا کے رشتے والی بات پہنچ چکی ہے۔

سمجھدار عورت تھی اس لیے انہوں نے مرہا کے جانے کے لیے ہاں کہہ دیا۔ ویسے بھی ان کے دل کو یہ سوچ کر اطمینان تھا کہ میرہا اس کی بیوی ہے اس کے نکاح میں ہے۔ تو کسی بھی طرح سے مرہا کا اس کے ساتھ جانا غلط نہیں ہے۔

مرہا اپنا آخری لیکچر لینے کے بعد کچھ دیر کے لیے آرام کی غرض سے باہر بنی ہوئی بینچز پر بیٹھی ہوئی آرام سے سینڈوچ کھا رہی تھی۔

اور ساتھ میں ہاف لیٹر پیپسی لیے ہوئے منہ سے چھوٹے چھوٹے سپ لے رہی تھی۔اسے کسی لڑکی نے آکر کہا کہ اسے پرنسپل صاحب آفس میں بلا رہے ہیں۔

اسے کوئی لینے کے لیے آیا ہے۔بھائی اتنی جلدی لینے کے لیے کیوں آگئے ہیں ابھی تو ٹائم نہیں ہوا۔وہ سوچتے ہوئے اپنے سینڈوچ اور پیپسی کو ہاتھ میں اٹھائے ہوئے پرنسپل کے آفس کی طرف آئی۔اور پرنسپل سے اجازت لینے کے بعد وہ اندر داخل ہوئی۔

لیکن پرنسپل کے ساتھ بیٹھی ہوئی ہستی کو دیکھ کر بچاری کے ہاتھ میں پکڑا ہوا سینڈوچ زمین بوس ہو چکا تھا۔

ویسے اس بندے کو دیکھ کر وہ خود بھی زمین بوس ہو جاتی تو حیرت کی بات نہیں تھی۔ آؤ آؤ میر ہابیٹا آپ نے بتایا ہی نہیں آپ کا نکاح ہمارے شہر کے اے سی پی شامیر صاحب سے ہوا ہیں۔ مرہا بنا جواب دیے الٹے قدم پیچھے کی طرف بھاگی، واپس آؤ مرہا کا ایک پاؤں دروازے کے اندر تھا اور ایک آفس کے دروازے کے باہر تو شاہ میر کی رعبدار آواز مرہا کے کانوں سے ٹکرائی۔ نہ چاہتے ہوئے بھی مرہا کے قدم وہیں پر سٹل ہو گئے۔ میں نے کہا واپس آؤ مرہا۔

شاہ میر نے پھر سے مرہا کو واپس آنے کے لیے کہا تو مرہا پلٹ کر بچوں کی طرح چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی ہوئی بڑی معصوم شکل بنا کر نظروں کو

جھکائے ہوئے، آکر کھڑی ہو گئی، اس وقت وہ ایسے لگ رہا تھا جیسے مرہا کو سزا ملی ہو اور وہ پرنسپل کے سامنے کھڑی ڈر رہی ہو۔

ٹھیک ہے سر ہمیں اجازت دیجئے شاہ میر نے کھڑے ہو کر پروفیسر سے ہاتھ ملاتے ہوئے جانے کی اجازت طلب کی تھی۔ رومان شاہ تک میرا پیغام پہنچ چکا ہو گا وہ مرہا کو لینے نہیں آئے گا۔ اس لیے آپ پریشان نہ ہوں۔

مرہا رومان شاہ کی بہن تھی اور رومان شاہ کی اجازت کے بغیر اسے بھیجنا پروفیسر کو گلے کا پھندا لگ رہا تھا۔ مگر سامنے بھی اے سی پی شامیر بیٹھا تھا اسے بھی انکار نہیں کر سکتا تھا۔ بیچارے کی سانسیں اٹکی ہوئی تھی، جس کو دیکھ کر شاہ میر نے اسے تسلی دیتے ہوئے کہا۔

مگر سر اگر آپ میری ایک بار رومان شاہ سے بات کروا دیتے تو اچھا ہو جاتا ،پرنسپل کی دھیمی سی آواز نکلی۔ایک منٹ رکیے میں آپ کی ان کی والدہ سے بات کرواتا ہوں۔

شاہ میر نے رومان شاہ کی ماں سے بات کروائی تو ان کے کہنے پر پرنسپل بیچارہ چپ تو ہو گیا مگر ڈر اب بھی اس کے چہرے پر نظر آ رہا تھا۔

شاہ میر ڈرتا تو کسی سے نہیں تھا اور مرہا کو لے جانے کے ہزار طریقے تھے۔ مگر وہ اپنی بیوی کو لیگل طریقے سے اپنے ساتھ لے جانا چاہتا تھا۔اس لیے رومان شاہ کی ماں سے بات کروائی تھی۔

ہم کہاں جا رہے ہیں مجھے نہیں جانا آپ کے ساتھ بھائی ابھی تھوڑی دیر تک مجھے لینے آئیں گے۔اور اگر میں ان کو یہاں پر نہیں ملی تو وہ بہت ناراض ہوں گے۔

مرہا کا ہاتھ پکڑتے ہوئے بنا جواب دیے شامیر آفس سے باہر آیا اور اپنی آنکھوں پر دھوپ سے بچاؤ والے سن گلاسز لگاتے ہوئے انگلی کے اشارے سے مرہا کو چپ رہنے کو کہا۔

آپ سمجھ نہیں رہے بھائی بہت ناراض ہوں گے مرہا کا رونا شروع ہو گیا۔

تمہاری امی جان کو بتا چکا ہوں کہ میں تمہیں کالج سے پک کر کے اپنے ساتھ لے کر جاؤں گا۔ وہ تمہارے بھائی کو بتا دیں گی اور اب اپنی زبان بند رکھنا میرا دماغ اس وقت بہت خراب ہے۔ مرہا میں نہیں چاہتا کہ میں یہاں پر کسی قسم کا کوئی تماشہ کریییٹ کروں۔

مگر اب میں نے کیا کیا ہے جو آپ مجھے اس طرح سے غصے سے اپنے ساتھ لے جا رہے ہیں۔ وہ سوسو کر کے روتی ہوئی اپنی چھوٹی سی ناک کو رگڑتے ہوئے اپنے آنسوں صاف کر رہی تھی۔

سب بتاؤں گا اور بہت اچھی طرح سے بتاؤں گا آج کے بعد تم کچھ بھی بھولو گی نہیں۔

چپ چاپ گاڑی میں بیٹھو گاڑی کا دروازہ کھول کر شاہ میر اسے بیٹھنے کا اشارہ کر رہا تھا۔ میں نہیں بیٹھوں گی مجھے آپ کے ساتھ نہیں جانا مجھے بہت ڈر لگتا ہے آپ سے۔

اس وقت شاہ میر فل پولیس کی یونیفارم میں کھڑا ہوا۔ ویسے بھی بہت ڈیشنگ لگ رہا تھا اوپر سے اس کے چہرے پر غصہ سچ میں مرہا کو ڈرا رہا تھا۔

میرہا میر اضبط مت آزماؤ بیٹھ جاؤ ورنہ اٹھا کر بٹھادوں گا، مجھے اس میں بھی کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ نن نہیں میں خود بیٹھ جاؤں گی۔ شاہ میر کے تیور دیکھ کر مرہا نے گھبرا کر (نہیں) کے ٹکڑے کر دیے۔

مرہا شامیر کی دھمکی سے ڈر کر جلدی سے گاڑی کی سیٹ پر بیٹھ گئی۔ شاہ میر گیٹ بند کر کے دوسری طرف سے ہوتا ہوا، گاڑی کے اندر آ کر بیٹھ گیا، اور گاڑی سپیڈ سے وہاں سے نکالی۔

مرہااپنے ہاتھوں کو مروڑ رہی تھی۔اپنے ہاتھوں کو مروڑتی ہوئی گود میں رکھے بیٹھی مرہاسسکیاں بھرتے ہوئے،اپنے ہاتھوں کی پشت سے اپنے آنسوں صاف کر رہی تھی۔

شاہ میر نے ڈیش بورڈ سے ٹشو باکس سے چار پانچ ٹشو کھینچتے ہوئے مرہا کہ آگے کیے۔کیا کروں میں ان کا مرہانے ایک نظر غصے سے شامیر کی طرف دیکھ کر اپنا منہ کھڑکی کی طرف کر لیا۔

ان پر آئل لگا کر ان کا پراٹھا بناؤ اور اس کے بعد آملیٹ سے کھا لینا بے وقوف لڑکی ٹشوز سے اپنے آنسوں صاف کرو کوئی دیکھے گا،تو کیا کہے گا کہ پتہ نہیں کون سا ظلم کر رہا ہے پولیس والا جو بیچاری لڑکی رو رہی ہے۔

ہاں تو ظالم ہیں آپ اور ظلم ہی کر رہے ہیں جس کی وجہ سے میں رو رہی ہوں۔۔ گڈ ویری گڈ اچھا کیا تم نے بتا دیا کہ میں ظالم ہوں اور میں تم پر ظلم کر رہا ہوں۔

اب تم فارم ✿ ہاؤس تک پہنچو اس کے بعد میں بتاتا ہوں کہ میں کتنا ظالم ہوں اور میں کتنا ظلم کر سکتا ہوں غصے سے شاہ میر نے اس کے ہاتھ میں ٹشو تھماتے ہوئے گاڑی کی رفتار اور بڑھا دی تھی۔

15 منٹ کے سفر کے بعد گاڑی ایک خوبصورت فارم ہاؤس پر جا کر رکی فارم ہاؤس بہت خوبصورت بنایا گیا تھا چاروں طرف سبزہ ہی سبزہ تھا فارم ہاؤس کو دیکھ کر نظر آتا تھا کہ بنانے والے نے اس کو بڑی محبت اور لگن سے بنایا ہے۔

فارم ہاؤس بہت خوبصورت تھا۔ شامیر مرہا کا ہاتھ پکڑ کر جیسے ہی فارم ✿
ہاؤس کے اندر داخل ہوا۔ تو فارم ہاؤس کے سارے نوکر جلدی سے سر
جھکائے ہوئے شاہ میر کی جانب بڑے تھے۔

مگر شامیر نے ہاتھ کے اشارے سے سب کو دور ہٹنے کا کہا تھا۔ شاہ میر مرہا کو
لے کر سیدھا فارم ہاؤس کے اندر داخل ہوا۔

فارم ہاؤس اندر سے بھی بہت خوبصورت بنا ہوا تھا۔ سامنے دو کمرے بنے
ہوئے تھے۔ ایک کچن اور ایک شاندار ٹی وی لاؤنج جس میں بہت بڑی ایل
سی ڈی لگی ہوئی تھی۔

اور بہت ہی خوبصورت صوفے رکھے ہوئے تھے۔اور صوفوں کے سامنے ایک بہت بڑا شیشے کا ڈیزائنر ٹیبل اس پر کرسٹل سے بنے ہوئے خوبصورت شوپیس رکھے ہوئے تھے۔

دیوار پر سجی اسلامک خوبصورت سنری جس پر قرانی آیت لکھی ہوئی تھی۔وہ بہت ہی خوبصورت منظر پیش کر رہی تھی۔گھر کی ایک ایک چیز یہ بتا رہی تھی کہ فارم ہاؤس بنانے والے نے اس کو بہت خوبصورتی اور دل سے سجایا ہے تھا۔

شاہ میر کے تیور دیکھ کر مرہا کا ڈر کے مارے برا حال تھا۔مرہا کے ہاتھوں کی ہتھیلیوں میں پسینہ آیا ہوا تھا۔دل دھک دھک کر رہا تھا۔شاہ میر اسے لے کر سامنے والے کمرے داخل ہوا۔

روم کے اندر آتے ہی اس نے مرہا کا ہاتھ چھوڑ کر روم کا دروازہ اندر سے بند کر دیا تھا۔

پلیز آپ مجھے جانے دیں مجھے آپ سے بہت ڈر لگ رہا ہے۔ آپ کیا کرنے والے ہیں۔ شاہ میر کے قدم اپنی طرف بڑھتے ہوئے دیکھ کر۔ وہ روتے ہوئے شاہ میر سے پیچھے کی طرف قدم اٹھا رہی تھی۔

آج کے بعد تمہیں مجھ سے ڈر نہیں لگے گا۔ مجھے بتاؤ کہ تمہاری جرات کیسے ہوئی کسی اور سے اپنا رشتہ چھوڑنے کی۔ کیا کہہ رہے ہیں آپ مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی۔

پہلے تم مجھے آپ آپ کہنا بند کرو میرا ایک نام ہے مجھے اس نام سے بلاؤ۔ مرہا کے کمر پر ہاتھ رکھ کر اسے جھٹکے سے اپنے قریب کرتے ہوئے۔ شامیر نے اپنا چہرہ مرہا کے بے حد قریب کر لیا۔

اس کے سر کے پیچھے ہاتھ رکھ کر اس کے بالوں کو ہلکا سا جھٹکا دیتے ہوئے اس کا چہرہ اپنی طرف اٹھایا۔ شاہ میر کہہ کر بلاؤ مجھے۔ آپ اتنے بڑے ہیں میں آپ کا نام کیسے بلا سکتی ہوں مجھے شرم آتی ہے وہ کانپتے ہونٹوں سے روتی ہوئی بولی۔

نام لو میرا ورنہ آج ساری شرم اتار دوں گا۔ آج کہ بعد تمہیں مجھ سے کبھی شرم نہیں آئے گی۔ مرہا مجھے مجبور مت کرو کہ میں کچھ ایسا کر جاؤں جو میں نہیں کرنا چاہتا۔

شاہ میر کے الفاظ مرہا کے ہوش اڑا رہے تھے، ایک تو لفظ اتنے بے باک تھے اوپر تھے اسے خود کے اتنے قریب کیے ہوئے کھڑا تھا کہ اس کے لب بار بار اس کے لبوں سے ٹکرا رہے تھے۔

اسکی نزدیکوں سے مرہا کی سانسیں رکنے لگی تھی۔ بولو اپنے ان خوبصورت لبوں سے میرا نام تمہارے لبوں کو پتہ ہونا چاہیے کہ میں تمہارا کیا لگتا ہوں، اور تمہارے ہو چکے شوہر کا نام کیا ہے۔۔ مجھ سے نہیں لیا جاتا آپ کا نام۔ میرہا کا ڈر اور شاہ میر کی قربت سے ہونٹ کانپ رہے تھے۔۔

مرہا۔۔ جانے دے مجھے آپ سے ڈر لگ رہا ہے۔

شاہ میر۔۔۔ جب کسی اور سے رشتہ جوڑنے لگی تھی تب ڈر کیوں نہیں لگا۔

مرہا۔۔۔ میں کسی سے رشتہ نہیں جوڑنے لگی تھی مجھے نہیں سمجھ آرہا کہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔ تمہارے گھر پر تمہارے بھائی جان ڈاکٹر شاہ زیب کا رشتہ آیا ہے کیا یہ بات تمہیں معلوم نہیں تھی۔

شاہ میر نے غصے سے ایک ایک لفظ کو چبا کر بولا۔ مرہا کی کمر پر اتنی زور سے ہاتھ رکھا ہوا تھا کہ اس کی ریڑ کی ہڈی میں سرسراہٹ اور درد شروع ہو گئی تھی آخر پولیس والے کا ہاتھ تھا۔ جو سارا دن مجرموں پر ڈنڈے برساتا تھا ۔مجھے نہیں پتا کہ کب شازیب بھائی کا رشتہ آیا ہے۔

۔قسم کھاؤ۔اللہ کی قسم مجھے نہیں پتا۔

مگر وہ کمینہ تمہارے گھر پر رشتہ لے کر پہنچ گیا ہے شاہ میر نے تھوڑی سی گرفت ڈھیلی کی تھی۔ مگر مجھے نہیں پتہ وہ ہونٹ باہر نکال کر سسکیاں لے کر رو رہی تھی۔ مرہا چپ کرو یار تم پر سختی کرنے کا میرا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ جب مجھے پتہ چلا کہ وہ تمہارے گھر پر رشتہ لینے گیا ہے تو میرے جسم میں آگ لگ گئی تھی یہ سن کر۔

بس اسی غصے میں تم پر سختی ہو گئی سوری۔اس نے مرہا کو اپنے سینے سے لگا لیا۔

میر ااتنا غصہ تو بنتا تھا ای سی پی کی جان اگر کوئی میری بیوی کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھے تو میں اس کی آنکھ نکال لوں۔ اور یہاں پر تو یہ سالہ تو میری بیوی کے لیے اپنا رشتہ بھجوا چکا تھا۔

مگر مجھے کچھ بھی پتہ نہیں ہے۔ پھر بھی آپ مجھ پر اتنا غصہ کر رہے ہیں

میری کوئی غلطی نہیں تھی۔ وہ بچوں کی طرح روتے ہوئے اپنی صفائی پیش کر تھی

مگر اپنے بچپنے میں وہ ایک چیز بہت اچھی کر رہی تھی کہ وہ اب تک اس کے سینے کے ساتھ چمٹی ہوئی رو رہی تھی۔

اور یہ چیز شاہ میر کے دل کو اندر تک سکون دے رہی تھی۔ مرہا پلیز اپنے ان خوبصورت لبوں سے میرا نام لو۔

یار میں سننا چاہتا ہوں۔ شاہ میر اس کے نازک لبوں پر اپنا انگوٹھا رپ کرتے ہوئے اس کی خوبصورت پنکڑیوں کو بڑی حسرت سے دیکھ رہا تھا۔ مجھے شرم آتی ہے۔ کیووں۔۔۔ پتہ نہیں۔۔۔ تو اے سی پی کے جان پتہ لگاؤ نا۔۔۔ مجھے نہیں لگانا۔۔۔ مگر مجھے لگانا ہے پلیز میرا نام لو۔۔۔ میرہا کو اپنی گود میں اٹھا کر بیڈ کی طرف لے جا رہا تھا۔۔ یہ ککک کیا کر رہے ہیں آپ۔۔ اپنی بیوی کو پیار کرنے لگا ہوں۔۔ آپ ایسا نہیں کر سکتے اگر بھائی کو پتہ چل گیا تو وہ۔

افففففف ایک تو تمہارا بھائی ہر جگہ پہنچ جاتا ہے تم تھوڑی دیر کے لیے اپنے بھائی کی مالا جپنی بند نہیں کر سکتی شاہ میر چڑ کر مرہا کی بات کو کاٹتے ہوئے بیچ میں ہی بولا۔ میں چپ نہیں کر سکتی آپ یہ غلط کر رہے ہیں اگر یہ بھائی کو پتہ چل گیا تو پھر مجھے بہت ڈانٹ پڑے گی۔

کیا غلط کر رہا ہوں میں اور کیوں ڈانٹے گا تمہارا بھائی سالا اپنی بیوی کو پیار بھی نہیں کرنے دے گا۔

آپ میرے بھائی کو گالیاں مت دیں۔ بھائی کی بچی بھائی کے نام پر کیسے تڑپ جاتی ہو شوہر بیچارا یہاں تمہارے منہ سے صرف اپنا نام سننا چاہتا ہے وہ تمہارے منہ سے نہیں پھوٹ رہا۔

وہ مرہا کو بیڈ پر لٹا کر چہرے پر جھک گیا۔ ابھی وہ اپنے دل کی تھوڑی سی بات سننے ہی والا تھا کہ مرہا مچھلی کی طرح پھسلتی ہوئی اس کے نیچے سے نکل کر بیڈ سے اتر کر اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

اور بھاگ کر دروازے کی طرف گئی ہینڈل پر اپنا ہاتھ رکھ کر دروازہ گھما کر کھولنے ہی لگی تھی۔ یہ شامیر اس تک پہنچ گیا بھاگتے ہوئے مرہا کا دوپٹہ شاہ میر کے نیچے ہی رہ گیا تھا۔ وہ بنا دوپٹے اور جوتے کی ہی کھڑی ہوئی تھی۔

شاہ میر نے اسے بازو سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا اور گھماتے ہوئے مرہا کو دروازے کے ساتھ لگا یا دیا۔

اس کے ہاتھوں کو اپنے ایک ہاتھ سے اس کی کمر کے پیچھے پن کر دیا۔ کیا لگتا ہے اے سی پی کی جان کہ تم ایک پولیس والے سے تیز بھاگ سکتی ہو۔ تم میر صرف اور صرف اے سی پی شامیر ملک کی اور اس بات کا احساس دلائے بنا تم یہاں سے نہیں جا سکتے۔

وہ اپنی سخت داڑی والے کالوں کو مرہا روئی سے مخملی کالوں سے رگڑ رہا تھا۔ آہ آ مجھے کچھ چب رہا ہے۔ ہاہاہا کچھ نہیں میری جان آپ کو اپنے شوہر کی داڑھی چب رہی ہے میری معصوم سی بیوی اس کو داڑھی کہتے ہیں۔ وہ قہقہ کے ساتھ ہنسا تھا۔ کیونکہ مرہا نے اتنی معصومیت سے رو دینے والی آواز سے کہا تھا۔ کہ اس کی ہنسی نہیں رک رہی تھی۔

بہت گندی داڑھی ہے آپ کی مجھے چپ رہی ہے۔ ٹھیک ہے رخصتی کے بعد میں اس کے اوپر ٹیپ دیا کروں گا۔ نہیں مجھے رخصت ہو کے آپ کے پاس نہیں آنا۔

۔ ٹھیک ہے مت آنا رخصت ہو کر تم میرے پاس۔ پھر آج میں اپنی ساری حسرت پوری کر لیتا ہوں۔ اس کے بعد تم بیٹھی رہنا اپنے بھائی کے گھر پہ۔

وہ اس سے دروازے سے لگاتا ہوا اس کے نازک سے لبوں کو اپنے لبوں کی قید میں لے کر اس کی نمی کو پینے لگا تھا۔ وہ اپنے ایک ہاتھ سے میر ہا کہ دونوں ہاتھوں کو اس کی کمر کے پیچھے باندھے ہوئے تھا۔

اور دوسرے ہاتھ کو اس کے سر کے پیچھے رکھ کر اس کے سر کو پیچھے سے دبائے ہوئے تھا تاکہ مرہا کہ ہونٹ اس کے ہونٹوں سے الگ نہ ہو سکے۔ میرہا کی سانسیں روکے ہوئے وہ خود کتنا پر سکون ہو کر اپنی تشنگی مٹا رہا تھا۔

میرا اپنی کھٹتی ہوئی سانسوں کو بحال کرنے کے لیے خود کو دشمن جاں کی قید سے چھڑوانا چاہ رہی تھی۔ مگر ایک پولیس والے کی پکڑ سے خود کو چھڑوانا اس نازک جان کے لیے آسان نہیں تھا۔

وہ جل مچھلی کی طرح تڑپ تو سکتی تھی مگر خود کو آزادی نہیں دلوا سکتی تھی۔

وہ ظالم بنا ہوا اس کی سانسیں پیے جا رہا تھا مگر جب اس کے گھٹتی ہوئی سانسوں کو شامیر نے خود محسوس کیا تو سر کو جھٹکتے ہوئے اس سے پیچھے ہوا، اور نظر

بھر کر میرہا کے معوم چہرے کی جانب دیکھا جس کے اڑھی ہوئی رنگت اس کی گھٹتی ہوئی سانسوں کے بارے میں بتارہی تھی۔

گندے ہیں آپ بہت گندے ہیں۔وہ روتے ہوئے اپنی اکھڑی ہوئی سانسوں کو ٹھیک کررہی۔۔شامیر کے لبوں پر ہنسی آئی اب مجھے جانے دے ورنہ میں آپ کو بہت ماروں گی۔۔۔کیسے ماریں۔۔۔وہ پھر سے اس کی کمر پر ہاتھ رکھ کے اسے تھوڑا نزدیک کرنے لگا تھا کہ ،اواوہوں ں س مرہانے بچوں کی طرح آوازیں نکال کے رونا شروع کر دیا تھا۔شاہ میر نے ہنستے ہوئے اس کے لبوں پر اپنا ہاتھ رکھ کر اسے چپ کروایا۔

پاگل لڑکی پولیس والے کو ریپ کیس میں اندر کرواؤ گی کیا۔چپ کچھ نہیں کہوں گا اگر چپ کر جاؤ گی تو۔

مجھے گھر چھوڑ کر آیئے۔۔ چھوڑ آتا ہوں پہلے چپ کرو۔۔اس نے جلدی سے اپنے آنسوں صاف کر کے ایک منٹ سے پہلے اپنی آواز بھی بند کر لی تھی۔

بنا دوپٹے کے خستہ حالت میں کھڑی ہوئی وہ شاہ میر کے دل پر قہر ڈال رہی تھی۔ بڑی مشکل سے شاہ میر نے خود کو روکا ہوا تھا۔

شاہ میر کو خود بھی لگ رہا تھا کہ اسے مرہا کو چھوڑ آنا چاہیے۔ نہیں تو وہ کچھ ایسا کر جائے گا، کہ پھر اس سے مرہا چپ بھی نہیں کروائی جائے گی۔

آئس کریم کھاؤ گی۔۔ نہیں۔۔ کیوں۔۔آپ بس مجھے گھر چھوڑ آئے۔ایک شرط پر پہلے بولو کے شامیر آپ مجھے گھر چھوڑ آئے۔

گندے شاہ میر آپ مجھے گھر چھوڑ آئے۔ہاہا گڈ چلو آپ کے ان خوبصورت لبوں نے میرا نام تو لیا۔اور میں کتنا گندا ہوں یہ تو آپ کو رخصتی کے بعد پتہ

چلے گا تب تک آپ عیاشیاں کر لیں۔ اور اب آپ کی عیاشیوں میں زیادہ ٹائم نہیں بچا۔

آنے والے ایک ہفتے کے اندر آپ کی رخصتی ہونے والی ہے۔ تیار رہیے گا مگر ابھی تو میری پڑھائی مکمل نہیں ہوئی۔

مرہا پریشان ہو کر بولی۔ ہو جائے گی پڑھائی مکمل شادی کے بعد پڑھتی رہیے گا ۔روز آپ کو اپنے سینے سے لگا کر اپنی گود میں بٹھا کر سبجیکٹ پڑھایا کروں گا ۔وہ مرہا کے نزدیک ہو کر سرگوشی میں بولا تو اس کی الفاظوں کی شوخیوں سے مرہا کے پورے جسم میں بجلی کی لہر سی دوڑ گئی۔

وہ گھبرا کر پیچھے ہو گئی۔۔وہ کھلکھلا کے ہنسا تھا۔ چلواے سی پی کی چھوٹی سی جان تمہیں چھوڑ کر آتا ہوں جا کر میری پناہوں میں آنے کے لیے تیاری کرو ۔آج تو میری قربتوں سے گھبرا کر فرار ہو کر جا رہی ہو۔۔

مگر رخصتی کے بعد کوئی بھی راہ فرار آپ کو میسر نہیں ہو گی۔ شامیر کی باتوں سے میرہا کا دل بہت ڈر رہا تھا۔ڈر سے اس کی جان حلق میں اٹکی ہوئی تھی وہ سوچ رہی تھی کہ پتہ نہیں۔اس کے ساتھ کیا سلوک ہو گا۔

مگر یہ تو حقیقت تھی کہ آنا تو اسے اسی کی پناہوں میں تھا۔ چلو اپنا حلیہ درست کرو اور میں تمہیں تمہارے گھر چھوڑ کر آتا ہوں۔۔

میرہا کا دوپٹا ٹھیک کروا کر اس کے کاندھوں پر چادر ڈالتے ہوئے اسے بہت محبت بھری نظروں سے دیکھتا ہوا اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے اپنے ساتھ لیے ہوئے گاڑی میں بٹھا کر اس کے گھر چھوڑنے کے لیے نکل پڑا۔ جاری ہے۔

oooooooo

امی جان پلیز مجھے بتائیں کہ آپ نے مرہا کو کہاں بھیجا ہے رومان شاہ کے انداز میں اپنی بہن کے لیے فکر تھی۔ وہ تڑپ رہا تھا۔ اس سے جاننا تھا کہ اس کی بہن کہاں ہے۔

رومان شاہ زیادہ تر اپنی بہن کو خود ہی پک اینڈ ڈراپ کرتا تھا۔ بہت ہی کم ایسا ہوتا کہ جب وہ ڈرائیور کے ساتھ جاتی اور اس وقت بھی وہ اپنی ماں کو یہ بول کر جاتا تھا کہ امی جان آپ مرہا کے ساتھ میں جائیں گی۔

مرہا کو گھر سے باہر جانے کی خود بھی عادت نہیں تھی اور رومان شاہ کی طرف سے بھی اس ایسی کوئی خاص آزادی نہیں دی گئی تھی۔ وہ ہمیشہ ضرورت کے تحت باہر جایا کرتی اور پھر بھی ساتھ میں رومان شاہ کی ماں ضرور ہوتی تھی۔ اس لیے آج مرہا کا اپنی ماں اور بھائی کے بنا غیر حاضر ہونا رومان شاہ کو ہضم نہیں ہو رہا تھا۔

امی جان پلیز بتا دیں کہ مرہا کہاں ہے میرے دماغ کی نسیں پھٹ جائیں گی یہ سوچ سوچ کر کہ میر ہا کہاں ہے آپ کی بار رومان شاہ کی آواز تھوڑی اونچی ہو گئی تھی میرب بھی اپنے روم سے نکل کر باہر آ گئی۔

رومان مجھے تمہاری پریشانی کی سمجھ نہیں آ رہی جب میں بتا رہی ہوں کہ میں نے اسے کہیں بھیجا ہے تو پھر تمہیں جاننے کا اتنا تجسس کیوں ہو رہا ہے۔

رومان شاہ کی ماں اصل میں اسے نہیں بتانا چاہ رہی تھی کہ مرہا شاہ میر کے

ساتھ گئی ہے اسے پتہ تھا کہ اگر اس کو بتائے گی تو یہ اور چلائے گا اور غصے میں آجائے گا۔

شاہ میر کا تو نام سن کر ہی رومان شاہ کی زبان کڑوی ہو جاتی تھی۔ اور اس وقت تو معاملہ اس کی بہن کا تھا۔ امی جان آپ زیادتی کر رہی ہیں۔ میں آپ کی ہر بات پر اپنا سر جھکا دیتا ہوں جو کہ میرا فرض ہے۔ لیکن امی جان میں مرہا کے لیے کس قدر پوزیسیو ہوں یہ بات آپ سے بہتر کوئی نہیں جانتا۔ مگر آپ مرہا کے بارے میں مجھے نہ بتا کر بہت غلط کر رہی ہیں۔

رومان شاہ کی آواز میں ایک بھاری پن تھا نہ تو وہ اپنی ماں سے بد تمیزی کر سکتا تھا۔ اور نہ ہی اونچی آواز میں ان سے بات، اس لیے رومان شاہ نے اپنے ہاتھ میں پکڑا ہوا پانی کا گلاس زور سے دبایا تھا۔ جس سے کانچ کا گلاس ٹوٹ گیا اور اس گلاس کے کانچ کے ٹکڑے رومان چاہ کے ہاتھ کے اندر چب گئے تھے۔

رومان کے ہاتھ سے خون کے قطرے ٹپ ٹپ فرش پر گر رہے تھے۔
رومان شاہ کی ماں اور میرب دونوں خون دیکھ کر تڑپ کر پاس آئی تھی۔ مگر اس نے ہاتھ کے اشارے سے دونوں کو ہی خود سے پیچھے رہنے کو کہا تھا۔
امی جان پلیز آپ بتا کیوں نہیں دیتی کہ مرہا بھائی کے ساتھ گئی ہے۔ بے اختیار میرب کے منہ سے نکلا تو رومان شاہ نے چونک کر اپنی ماں کی جانب دیکھا۔
امی جان کیا یہ سچ بول رہی ہے۔ رومان شاہ کی ماں کی جھکی ہوئی نظریں دیکھ کر رومان شاہ سمجھ گیا تھا کہ میرب سچ بول رہی ہے۔ امی آپ نے اس بے غیرت کے ساتھ میری بہن کو کیسے جانے دیا۔
اپنی زبان کو لگام دو رومان شاہ۔ اسی وقت شاہ میر مرہا کو لے کر گھر کے دروازے سے اندر داخل ہوا تھا۔ اس نے رومان شاہ کی بات سنی تو غصے سے بڑے بڑے قدم اٹھاتا ہوا پاس آ کر چلایا۔

بیوی ہے میری نکاح ہوا ہے اس کا میرے ساتھ تم کسی بھی حق سے اسے میرے ساتھ جانے سے روک نہیں سکتے۔

اور یہ بے غیرت تم نے کس کو کہا ہے خبر دار جو آج کے بعد تم نے مجھے اس طرح کا گھٹیا جملہ بولا تو۔ میں تمہیں گھٹیا جملہ نہیں بول سکتا اور تم گھٹیا حرکت کر کے میری بہن کو اپنے ساتھ لے جا سکتے ہو۔

دونوں ایک دوسرے کا گریبان پکڑے ہوئے کھڑے تھے۔ بیوی ہے میری اگر میں اسے اپنے ساتھ لے کر گیا ہوں تو اس میں اتنا اچھلنے والی کیا بات ہے۔

اپنی بکواس بند کرو اور بار بار اپنے منہ سے میری بہن کو بیوی بولنا بند کرو گھٹیا انسان۔ رومان شاہ نے اپنا پسٹل کمر سے نکالتے ہوئے اس کے کنپٹی پر رکھ دیا تھا۔ رومان بیٹا پاگل ہو گئے ہو اس کو نیچے کرو۔ رومان شاہ کی ماں رومان کا

پسٹل والا ہاتھ پکڑ کر نیچے کر رہی تھی۔ تم یہ پسٹل دکھا کر کس کو دھمکا رہے ہو سارا دن ان کھیلوں سے کھیلنا میرا کام ہے۔ شاہ میر نے رومان شاہ کا کالر پکڑ کر کھینچتے ہوئے اپنا پسٹل اس کے کنپٹی پر تان لیا تھا۔ میرہا اور میرب دور کھڑی ہوئی یہ سارا تماشا دیکھ کر روئے جا رہی تھی۔

تم دونوں میں ذرا سا بھی لحاظ ہے کہ تم دونوں میرے سامنے کھڑے ہوئے یہ کیا کر رہے ہو۔ رومان شاہ کی ماں اونچی آواز سے غصے میں بولی تو دونوں نے اپنے اپنے پسٹل نیچے کر کے اپنی جیب میں رکھ لیے۔ وہ دونوں اب شرم سے نظریں جھکائے ہوئے کھڑے ایک دوسرے کو گھور رہے تھے۔

امی جان آپ نے مجھے اپنا بیٹا کہا تھا اور آپ نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ آپ وقت آنے پر خود مرہا کو میرے ساتھ رخصت کریں گی۔ تو اب میں چاہتا ہوں کہ آپ میرہا کو میرے ساتھ رخصت کر دیں۔ شامیر رومان شاہ کی ماں سے مخاطب تھا۔

سوال ہی نہیں پیدا ہوتا کہ میں تمہارے ساتھ اپنی بہن کو رخصت کروں اپنے دل سے یہ بات نکال دو رومان شاہ، شاہ میر پر چلایا۔ رومان شاہ صرف تم ہی ضدی نہیں ہو۔ میں تم سے بھی بڑا ضدی ہوں اور اب یہ میری بھی ضد ہے کہ مجھے اسی ہفتے میں مرہا کی رخصتی چاہیے۔ شاہ میر کا انداز فیصلہ کن تھا۔ شاہ میر بیٹا میں نے جو وعدہ کیا ہے میں اسے پورا کروں گی تم فلحال چلے جاؤ اور اسی ہفتے کے اندر میں مرہا کی رخصتی کر دوں گی۔

رومان شاہ کی ماں نے شامیر کی طرف دیکھ کر اپنا فیصلہ سنایا۔ امی مجھے ابھی نہیں جانا مجھے پڑھنا ہے۔ دور کھڑی ہوئی مرہا جو رو رہی تھی اس نے بھی اپنا موقف بیان کیا۔

تم چپ کر کے اپنے کمرے میں جاؤ میرب اس کو لے کر کمرے میں جاؤ تم دونوں۔ رومان شاہ کی ماں نے غصے سے میرہا اور میرب کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔ اور شاہ میر تم بھی جاؤ میں تم سے فون پر بات کروں گی بیٹا فلحال تم چلی جاؤ۔ رومان شاہ غصے سے شاہ میر کی جانب دیکھ رہا تھا۔

شاہ میر رومان شاہ کی ماں سے سر جھکا کر پیار لیتے ہوئے وہاں سے چلا گیا۔امی جان آپ نے مجھ سے بنا پوچھے میر ہا کی رخصتی کرنے کا فیصلہ کیسے کر لیا امی جان آپ آج مجھے ایک بات بتا دیں کہ مرہا کے معاملے میں میرے فیصلے کی کوئی اہمیت ہے یا نہیں رومان شاہ اپنی ماں سے بہت خفا تھا۔

رومان تمہارے ہر فیصلے کی اہمیت ہے لیکن بیٹا بیٹیوں کے معاملے اس طرح سے حل نہیں کیے جاتے جس طرح سے تم اپنی انا کا مسئلہ بنا کر کر رہے ہو ۔تم نے ایک چھوٹی سی بات کو اتنا بڑا بنا دیا آج کے پڑھے لکھے دور میں تو لوگ اس بات کو نارمل انداز سے دیکھتے ہیں کہ ایک لڑکا اور ایک لڑکی ایک دوسرے کو سمجھنے کے لیے کچھ وقت ایک دوسرے کے ساتھ گزار لیں تو اس میں کچھ غلط نہیں ہے۔

اور یہاں تو مرہا کا اس کے ساتھ نکاح ہو چکا ہے اور اگر وہ اسے کچھ دیر اپنے سات شاپنگ کروانے کے لیے لے گیا تو اس میں ایسی کیا قیامت آ گئی ہے

۔امی جان آپ لوگوں کی باتیں مجھے مت سمجھائیں۔اگر لوگ بغیر توں کی طرح یہ سب کرتے ہیں تو مجھے ان سب میں کوئی انٹرسٹ نہیں ہے۔اپنی بہن کی حفاظت کرنا میرا فرض ہے۔لوگ کیا کرتے ہیں مجھے ان سے کوئی لینا دینا نہیں۔

تو ٹھیک ہے پھر تم اپنی بہن کو رخصت کر دو تاکہ یہ روز کی کچ کچ ختم ہو جائے۔کیسے رخصت کر دوں ابھی تو اس کی پڑھائی مکمل نہیں ہوئی آپ کو جلدی کس بات کی ہے مجھے تو یہ سمجھ میں نہیں آ رہی۔

رومان اب مرہا کا رخصت کر دینا ہی بہتر ہے اور رہی بات پڑھائی کی تو میری شامیر سے بات ہو چکی ہے۔وہ شادی کے بعد بھی مرہا کی پڑھائی پر کوئی پابندی عائد نہیں کرے گا۔مرہا اپنی مرضی سے جتنا چاہے اور جب تک چاہے پڑھ سکتی ہے۔

گڈ ویری گڈ امی جان جب آپ سارے فیصلے کر چکی ہیں۔ سب کچھ ڈن ہے تو پھر توبات کی کوئی گنجائش ہی نہیں بچتی۔

رومان شاہ غصے سے قدم اٹھاتا ہوا اپنے کمرے کی جانب بڑھ گیا۔ روم کے اندر جاتے ہی اس نے روم کا دروازہ ٹھک کر کے بند کر دیا۔ روم کا دروازہ اتنی زور سے اس نے مارا تھا کہ اندر بیٹھی ہوئی میرب بیڈ سے اچھل کر کھڑی ہو گئی۔

رومان شاہ نے اندر آتے ہی اپنا غصہ اتارنے کے لیے سامنے پڑی ہوئی شیشے کی ٹیبل کو زور سے پاؤں مارا۔ رومان شاہ کا غصہ دیکھ کر میرب ڈر سے سمٹی ہوئی ایک سائیڈ پر کھڑی ہوئی تھی۔

یہ سب کچھ تمہاری وجہ سے ہو رہا ہے سارے فساد کی جڑ تم ہو تمہاری وجہ سے میری بہن کی زندگی بھی خراب ہو گئی ہے۔ رومان شاہ نے میرب کے سر پر ہاتھ رکھ پیچھے سے بالوں کو پکڑ کر کھینچتے ہوئے کہا۔ اچانک یوں بال کھینچنے سے میرب کی آنکھوں میں آنسوں آ گئے تھے میرب کو تو لگ رہا تھا کہ آج اس کے بال شاہ نے جڑ سے ہی اکھاڑ دینے ہیں۔

شاپ پلیز چھوڑیں مجھے درد ہو رہا ہے ہونے دو درد جو درد تم دونوں بہن بھائیوں کی وجہ سے ہم دونوں بہن بھائی فیس کر رہے ہیں۔ اس کا حساب تمہارا باپ دے گا۔ شاہ آپ کے ہاتھ سے خون نکل رہا ہے۔ میرب رومان شاہ کے ہاتھ سے نکلتے ہوئے خون کو دیکھ کر تڑپ کر بولی تھی۔ نکلنے دو میری بات کو بدلو مت رومان شاہ قہر برساتی ہوئی آنکھوں سے میرب کو دیکھ رہا تھا۔ جتنا درد مجھے تمہاری شکل دیکھ کر ہوتا ہے اس سے زیادہ تکلیف مجھے یہ کانچ کے ٹکڑے لگنے سے نہیں ہو سکتی۔ شاہ کیوں ہر بات کے لیے آپ مجھے

ذمہ دار ٹھہرا دیتے ہیں ہاں میں نے آپ سے پیار کیا ہو گئی مجھ سے غلطی، آپ کو حاصل کرنے کے لیے میں نے اپنی جان لینی چاہیے ہو گئی مجھ سے غلطی، مگر اس سے آگے میں نے کچھ نہیں کیا مرہا کو اغوا کر کے لے جانا اور اس سے نکاح کرنا یا آپ کا زبردستی مجھ سے نکاح کروانا اس سب میں میرا مجھے ہر بات کے لیے قصوروار ٹھہرانا بند کوئی ہاتھ نہیں ہے تو پلیز آپ کریں وہ درد سے روتی ہوئی بول رہی تھی۔

تم جتنی مرضی دلیلیں دے لو مگر سچ یہی ہے کہ نہ تمہاری نظر مجھ پر پڑتی اور نہ تم اپنی جان لینے والا ڈرامہ کرتی یہ سب کر کے تم نے مجھے تو حاصل کر لیا مگر میری بہن کی زندگی میں اپنے گھٹیا بھائی کو شامل کر کے تم نے میرے بہن کی زندگی بھی خراب کر دی۔۔

شاہ بس کر دے پلیز اللہ کا واسطہ ہے بس کر دے حد ہوتی ہے غصے کی، کس بات کا بدلہ لے رہے ہیں۔ میں نے آپ سے محبت کی اس بات کا بدلہ لے رہے ہیں۔ ایسا کیا گناہ کر دیا ہے میں نے جو آپ مجھے معاف نہیں کر سکتے ۔ مجھ سے زبان درازی مت کرو رومان شاہ میرب کے جبڑے کو اپنے ہاتھ سے زور سے پکڑ کر کھڑا تھا۔ آپ ایک کام کریں میرا گلا ہی دبا دیں۔ میرب رومان شاہ کا ہاتھ اپنے منہ سے ہٹاتے ہوئے غصے سے بول رہی تھی۔

میرا بس چلے تو میں تمہارا گلا بھی دبا دوں۔ بس آپ کا ہے مجھ پر آپ دبا دیں میرا گلا۔۔ روز روز کی اذیتوں سے جان چھوٹ جائے گی۔ میں نے تو آپ کو خود پر سارے بس اور حق دیے ہوئے ہیں۔۔ اگر آپ کے ہاتھوں سے مروں گی تو میرے لیے یہ بھی شرف کی بات ہو گی۔۔ نہیں دیکھی جاتی آپ کی آنکھوں میں اپنے لیے اتنی نفرت۔ آج میرب کے صبر کا پیمانہ بھی چھلک گیا تھا۔

وہ رومان شاہ کے ہاتھوں کو پکڑ کر اپنی گردن پر رکھ کر دبانے کو کہہ رہی تھی۔ نہیں ایک بار تمہیں مار کر اذیتوں سے چھٹکارا دے دینا تو تمہاری لیے خلاصی ہو گی۔اور تمہاری جان کی خلاصی ہی تو میں نے ہونے نہیں دینی۔یہ تو طے تھا کہ میں تمہیں اتنی اذیتیں دوں گا کہ تم پچھتاؤ گی کہ تم نے کس کانٹوں بھرے درخت سے اپنا دل لگایا ہے۔

میرب کو بیڈ پر دھکا دیتے ہوئے بڑی حقارت سے اس اسے دیکھتے ہوئے بول رہا تھا۔

شاہ میری بھی اپنے خدا سے دعا ہے کہ ایک دن آپ کے دل کو میرے لیے اتنا موم کر دے کہ آپ کے دل کی ہر دیوار پر میرب میرب لکھا ہو۔وہ دن کبھی نہیں آئے گا جب رومان شاہ کے دل پر تمہارا نام لکھا ہو۔ آئے گا شاہ وہ دن ضرور آئے گا۔مجھے یقین ہے کہ میرا رب میری محبت اور میرے آنسوں کو رائیگاں نہیں جانے دے گا۔

وہ رب جو اپنے بندے سے 70 ماؤں جتنا پیار کرتا ہے۔ وہ کیسے میری تڑپ کو نہیں دیکھے گا۔ ایک دن آپ کی نفرت میری سچی اور کھری محبت کے سامنے گھٹنے ٹیکے گی۔ ایک دن آئے گا کہ جب آپ کی آنکھیں صرف میرب کو دیکھنا چاہیں گی۔ ایک دن آئے گا کہ آپ کے کان صرف میرب کو سننا چاہیں گے۔ ایک دن آئے گا کہ میرا لمس آپ کا جنون بن جائے گا۔

مگر میری بھی اپنے خدا سے دعا ہے کہ اس دن میں آپ کے پاس نہ رہوں۔ آپ بھی تڑپے میری محبت کے لیے جس طرح میں تڑپ رہی ہوں۔ آپ کی محبت کے لیے اور میرے حصے میں آپ کی نفرت آ رہی ہے۔ تو آپ کے حصے میں میری جدائی آنی چاہیے۔

میرب اتنے درد اور طیش سے یہ الفاظ بول رہی تھی کہ رومان شاہ کے جسم میں ایک جھرجھری سی اٹھی تھی۔ اپنی بکواس بند کرو تم رہی اتنی پیر بابا جو یوں بددعائیں دے رہی ہو۔

۔پیر بابا نہیں ہوں مگر ایک انسان ضرور ہوں۔میرا یقین ہے کہ میرا رب دعائیں اور بد دعائیں سنتا ہے۔وہ روتے ہوئے اپنی ہتھیلیوں کو رگڑ کر بے دردی سے اپنے آنسوں صاف کر رہی تھی۔

اتنی جلدی دعاؤں اور بد دعاؤں پر اتر آئی ہو۔ تمہیں تو بہت عشق تھا نار ومان شاہ سے، کہاں گیا تمہارا عشق لگتا ہے بھوت آہستہ آہستہ اترنا شروع ہو گیا ہے۔

۔میرب کی حالت دیکھ کر رومان شاہ کا لہجہ تھوڑا نرم پڑ گیا تھا۔اب بھی عشق ہے مگر آپ کے کڑوے الفاظ مجھ سے سنے نہیں جاتے۔۔وہ روتے ہوئے اٹھ کر اپنا دوپٹہ بیڈ سے کھینچتے ہوئے گلے میں ڈال کر روم سے باہر جانے لگی تھی۔کہاں جا رہی ہو۔۔مرنے جا رہی ہوں۔بعد میں مر لینا پہلے میرے لیے کچھ کھانے کو لے کر آؤ۔اور سنو زہر مت ڈال کر لانا۔میرب کو چپ کر

کے جاتے ہوئے دیکھ کر اسے بلانے کے لیے رومان شاہ نے پیچھے سے آواز دی۔

آپ کی جان لینے سے پہلے میں خود نامر جاؤں۔وہ دروازے سے نکلتیں ہوئے اپنے جملوں سے اپنی محبت کا اظہار کر گئی تھی۔

وہ دروازہ بند کر کے جا چکی تھی مگر اس کے جاتے ہوئے جملوں سے جو وہ بول کر گئی تھی۔رومان شاہ کے سخت ایٹیٹیوڈ والے چہرے پر کچھ سیکنڈ کی مسکراہٹ آئی تھی۔میرب کے جانے کے بعد رومان شاہ واش روم میں آگیا وہ اپنے ہاتھوں کو بیسن پر کھڑا ہوا دھو رہا تھا۔

اس کے دل کش مردانہ ہاتھ سے خون بڑی روانی کے ساتھ پانی سے دھل کر بہہ رہا تھا۔پورا بیسن لال رنگ میں نہایا ہوا تھا۔وہ اپنے ہاتھ دھو کر کمرے میں آگیا۔روم میں آکر ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑے ہو کر۔اپنے ہاتھ کی ڈریسنگ کر رہا تھا۔پائیوڈین سے سارے زخم روئی کے ساتھ صاف کر کے ہاتھ پر بینڈج لگا دیا۔۔۔۔

میرب رومان شاہ کے لیے کھانا گرم کر کے ڈش کے اندر رکھ رہی تھی۔اور ساتھ میں روتے ہوئے اپنے آنسوں صاف کر رہی تھی۔ میرب !جی۔ کیا کر رہی ہو؟ رومان شاہ کی ماں کیچن میں سے آتی ہوئی آوازیں سن کیچن کی طرف آئی تھی۔امی جان شاہ کے لیے کھانا گرم کر رہی ہوں۔بیٹا تم رو رہی ہو

۔ نہیں امی جان میں کیوں روؤں گی۔ وہ اپنے آنسوں چھپانے کے لیے اپنا رخ موڑ کر مائیکرو ویو سے کھانا نکالنے لگی۔ رومان نے کچھ کہا۔ نہیں امی جان کچھ نہیں ہوا آپ پریشان نا ہو۔ جب بیٹی رو رہی ہو تو ماں پریشان نہ ہو ایسا کیسے ہو سکتا ہے۔ رومان شاہ کی میرب کا رخ اپنی طرف موڑ کر اپنے ہاتھوں سے اس کے آنسوں صاف کر رہی تھی۔

کیا کہا ہے رومان نے مجھے بتاؤ میں اس سے بات کرتی ہوں۔ نہیں امی جان انہوں نے کچھ نہیں کہا میرے سر میں درد ہو رہا ہے اس لیے میری آنکھوں میں آنسوں آ گئے تھے۔ تم بھی اس اکڑوں کے ساتھ کھانا کھا لینا اور ٹیبلٹ بھی کھا لینا۔ میں مرہا کے ساتھ کھا لوں گی۔ جی وہ صرف اتنا ہی بول سکی تھی

۔اس گلے میں آنسوں اٹکے ہوئے تھے۔وہ اپنے آنسوں نہیں دیکھانا چاہتی تھی۔وہ ٹرے اٹھا کر جلدی رومان شاہ کی نظروں سے اوجھل ہو گئی۔رومان شاہ کی ماں کی تجرباکار آنکھوں سے میرب اپنے آنسوں چھپانے کے باوجود بھی وہ دیکھ چکی تھی۔

رومان کب تک تم اس لڑکی کو مہک کی بے وفائی کی سزا دیتے رہو گے۔رومان شاہ کی ماں لمبی سانس کھینچتے ہوئے سوچ کر رہہ گئی تھی۔۔

میرب رومان شاہ کے لیے روم میں رکھی ہوئی ٹیبل پر کھانا لگا رہی تھی ۔رومان شاہ سامنے صوفے پر بیٹھ کر بظاہر تو اپنے فون پر کچھ دیکھ رہا تھا۔ مگر اس کی نظر میرب پر تھی۔جو اپنے ہاتھوں سے بار بار اپنے آنسوں صاف کر کے چھپا رہی تھی۔

شاہ کھانا لگ گیا ہے کھا لیں۔تم کہا جا رہی ہو۔آپ کو مجھ سے کوئی کام ہیں ۔یہ میرے سوال کا جواب نہیں ہے۔میں کچھ دیر کے لیے روم سے باہر جانا چاہتی ہوں۔کیوں ؟تاکہ کھانا کھاتے ہوئے میری منحوس شکل دیکھ کر آپ

کا موڈ خراب نہ ہو۔ وہ دروازے کے ہینڈل پر اپنا ہاتھ رکھ کر باہر جانے کے لئے تیار کھڑی تھی۔ اس کا رخ باہر کی جانب تھا۔

واپس آؤ۔ کیوں؟ مجھے تمہاری شکل دیکھ کر کھانا کھانا ہے۔ مگر آپ خود ہی تو کہتے ہیں کہ مجھے دیکھ کر آپ موڑ خراب ہو جاتا ہے۔

مجھ سے زبان درازی کرنے کی ضرورت نہیں ہے جب کہا ہے کہ واپس آؤ "اس کا مطلب واپس آؤ۔۔۔ رومان شاہ کی رعب دار آواز روم میں گونجی تھی۔ رومان شاہ کی رعب دار آواز کے بعد میرب مجبوری کے مارے چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی ہوئی واپس پلٹ آئی تھی۔ وہاں نہیں میرے پاس آکر بیٹھو رومان شاہ نے صوفے کی طرف آنکھ سے اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

میرب کچھ کہنا چاہتی تھی مگر رومان شاہ کی رعبدار آواز کے بعد اس کی رعبدار نظروں کو دیکھ کر چپ چاپ دونوں ہاتھ گود میں رکھ کر صوفے پر بیٹھ گئی۔ کھانا کھاؤ مجھے بھوک نہیں ہے۔ کھاؤ گی تو لگ جائے گی رومان شاہ خود

نیوالہ توڑ کر اپنے منہ میں ڈالتا بولا۔ کیا فارسی میں بولا ہے میں نے جو تمہیں سمجھ نہیں آیا۔

میرب کو کھانا نہ کھاتے دیکھ کر رومان شاہ نے کھانا کھاتے ہوئے اپنی نظریں اٹھا کر میرب کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ مجھے بھوک نہیں ہے تو اب میں زبردستی کیسے کھاؤں۔ کم سے کم کھانا کھانے میں تو میری خود کی مرضی رہنے دے۔ تمہیں تمہاری مرضی سے سانس لینے دیتا ہوں، اتنا کافی نہیں ہے، نوالہ بنا کر میرب کے منہ کے آگے کرتے ہوئے کہا۔ تو مت لینے دیا کریں سانس۔ میں نے تو کہا ہے کہ گلا دبا کر بند کر دیں میری سانسیں ہمیشہ کے لیے۔ جب تمہاری سانسیں بند کرنی ہوں گی۔

تو اس کے لیے مجھے تمہاری اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔ اور گلا دبا کر سانسیں بند کرنے کے علاوہ بھی مجھے بہت سارے طریقے آتے ہیں۔

جب موقع ملے گا تو پہلے ان طریقوں سے تمہاری سانسیں روک کر تمہاری جان نکالوں گا۔اس کی نظروں میں کچھ ایسا تھا کہ میرب گھبرا سی گئی تھی۔

اب کھانا کھاؤ یا سارا کھانا میرے ہاتھ سے کھانے کا ارادہ ہے۔رومان شاہ ایک نوالہ کھلانے کے بعد میرب پر تنگ کر رہا تھا۔

خود کھالوں گی میں اللہ تعالی نے مجھے ہاتھ دیے ہیں رومان شاہ کے طنز پر میرب نے نظر جھکائے ہوئے غصے سے کہا تھا۔چلو پھر اپنے ہاتھوں کا استعمال کر کے دکھاؤ وہ میرب سے باتیں کرتے ہوئے ساتھ میں خود کھانا کھا رہا تھا۔

ooooooo

یار یہ ڈاکٹر شاہ زیب اتنا سڑا ہوا کیوں رہنے لگا ہے یہ تو بہت خوش مزاج ہوا کرتا تھا۔

شاہ زیب کو کافی دنوں سے ہر جونیئر سے غصے سے بولتے ہوئے دیکھ کر۔آج ڈاکٹر شاہ زیب کا ایک ساتھی ڈاکٹر دوسرے ساتھی ڈاکٹر سے ڈاکٹر شاہ زیب کے بارے میں تبصرہ کر رہا تھا۔

ڈاکٹر ہما بھی کافی دنوں سے یہ نوٹ کر رہی تھی کہ ڈاکٹر شاہ زیب کافی روڈ بیہیو کر رہے ہے۔ مگر ڈاکٹر شاہ زیب کا منہ دیکھ کر پوچھنے کی ہمت نہیں کر پا رہی تھی۔ شازیب اپنے آفس میں بیٹھ کر فون پر مرہا کی پیچر دیکھ رہا تھا۔ جو اس نے رومان شاہ کی بارات والے دن لی تھی۔ ڈاکٹر شاہ زیب میرہا کو بھول نہیں پا رہا تھا۔ اس نے کتنے خواب سجائے تھے اپنی آنکھوں میں مرہا کو لے کر جو ایک ہی جھٹکے میں چکنا چور ہو گئے۔ کیوں اے سی پی کیوں تم نے مجھ سے ایک ہی پل میں سب کچھ چھین لیا۔ کیوں پوری دنیا میں تمہاری نظر مرہا پر ہی جا کر ٹھہر گئی۔ شازیب خود سے ہی سوال کیے جا رہا تھا جب ڈاکٹر ہما آفس کے اندر داخل ہوئی۔ میں اندر آسکتی ہوں ڈاکٹر شاہ زیب۔ جی جی آیئے آیئے ڈاکٹر ہما۔ شاہ زیب دروازے کی طرف دیکھتا ہوا اپنے خیالات کی دنیا سے باہر آیا۔ ڈاکٹر شاہ زیب پتہ نہیں مجھے پوچھنا چاہیے یا نہیں مگر میں آپ کو لے کر کافی پریشان تھی آپ کافی اب سیٹ نظر آرہے ہیں۔

تو میں پوچھنا چاہتی تھی کہ گھر میں سب کچھ ٹھیک ہے کوئی سیریس پرابلم تو نہیں۔ڈاکٹر ہما کرسی پر بیٹھتے ہوئے بہت فکر کرنے والے انداز سے پوچھ رہی تھی۔

ڈاکٹر ہما پہلے دن سے ہی ڈاکٹر شاہ زیب کی پرسنلٹی سے بہت متاثر تھی۔عمر میں تو وہ ڈاکٹر ہما سے بڑا تھا۔مگر اس کی پرسنلٹی کو دیکھ کر پہلے دن سے ہی وہ ڈاکٹر ہما کو کافی اچھا لگا وہ اپنے دل میں ڈاکٹر شاہ زیب کے لیے ایک خاص احساس رکھتی تھی۔

اسی لیے اس وقت وہ ڈاکٹر شاہ زیب کے لیے کافی فکر مند نظر آ رہی تھی

۔جی جی اللہ کا شکر ہے سب ٹھیک کوئی پریشانی نہیں ہے۔ڈاکٹر شاہ زیب اپنی پریشانی ڈاکٹر ہما پر نہ ظاہر کہتے ہوئے بالکل نارمل انداز سے بول رہا تھا۔

ڈاکٹر ہما بالکل بھی شاہ زیب کی بات سے متفق اور مطمئن نہیں تھی لیکن منہ سے کچھ نہیں کہا نارمل بیہو کرتے ہوئے ادھر ادھر کی باتیں کرنے لگی۔مگر

بیچ میں وہ ٹٹولتی ہوئی نظروں سے ڈاکٹر شاہ زیب کے چہرے کا درد جانے کی کوشش کر رہی تھی۔ جو شاہ زیب کے چھپانے کے باوجود اس کے اندر کے ڈپریشن کی وجہ سے اس کے چہرے پر نظر آ رہا تھا۔

oooooooo

رومان بیٹا ایک بھائی کی طرح نہیں ایک باپ بن کر سوچو گے تو میرا فیصلہ غلط نہیں ہے۔

ہم مرہا کے ماتھے پر گھر بیٹھے ہوئے یہ طلاق کا کلنک کیوں لگوائیں۔

تم تو میرے اتنے سمجھدار بیٹے ہو کیوں تمہیں میری بات سمجھ میں نہیں آ رہی۔ رومان کیوں تم نے مرہا کی رخصتی کو اپنی ضد اور انا کا مسئلہ بنا لیا ہے۔

رومان شاہ کی ماں نے رومان شاہ کو اپنے روم میں بلوایا تھا۔ بات کرنے کے لیے اب وہ اپنے بیٹے کو پاس بٹھا کر اس کی کمر پر اپنا ہاتھ رکھ کر پیار سے سہلاتے ہوئے بول رہی تھی۔

امی جان مجھے مرہا کے لیے وہ شخص پسند نہیں ہے۔آپ میری اتنی سی بات کیوں نہیں سمجھ رہی۔

میں آپ کی ہر بات پر عاجزی سے سر جھکا دیتا ہوں۔اب بھی میرا کوئی مقصد نہیں ہے کہ میں اپنی امی جان کا دل دکھاؤں یا ان کی کسی بات یا کسی فیصلے کو رد کروں مجھے پرابلم اس شخص سے ہے۔

میں اس کو مرہا کے لیے ایکسیپٹ نہیں کر سکتا رومان شاہ نے بہت نرمی سے اپنی امی جان کو اپنی صفائی میں دلیل دی۔

رومان اگر تم اپنی انا غصے اور جن حالات میں یہ رشتہ ہوا ہے ان کو ایک سائیڈ پر رکھ دو۔اس کے بعد مجھے بتاؤ کہ شاہ میر میں ناپسند کرنے والی کون سی چیز ہے۔وہ پڑھا لکھا ہے خوب صورت ہے ایک اچھی پوسٹ پر فائض ہے۔

ایک اچھے خاندان سے تعلق رکھتا ہے اور سب سے بڑھ کر تمہاری بہن کو پسند کرتا ہے۔ میں نے اس کی نظروں میں مرہا کے لیے پسیندگی دیکھی ہے۔

آج کے دور میں ایسے رشتے ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتے اور خدا نے تمہاری بہن کے لیے گھر بیٹھے ایک اچھا رشتہ دیا ہے۔

تو ہم اسے صرف انا کی بھیٹ کیوں چڑھائیں۔ اور جو وہ عمر میں مرہا سے اتنا بڑا ہے اس کا کیا۔۔۔۔ وہ مرہا سے 12 سال بڑا ہے۔ کوئی بات نہیں رومان تم بھی تو میرب سے آٹھ سال بڑے ہو۔

ہاں تو امی جان میں نے میرب کو شادی کے لیے فورس نہیں کیا وہ تو خود زبردستی میری زندگی میں گھس آئی ہے۔

میرب جو اپنی ساس کے روم میں ان کے لیے چائے لے کر آئی تھی
دروازے پر ہی اپنی تعریف سن کر کھڑی ہو گئی۔

رومان شاہ نے ایک نظر اٹھا کر میرب کی جانب دیکھا تھا۔ میرب چائے اپنی
ساس کے پاس ٹیبل پر رکھتے ہوئے واپس پلٹ گئی۔
رومان کبھی سوچ کر بھی بول لیا کرو ہمیشہ تم اس بچی کا دل دکھاتے رہتے ہو
تمہیں تو خوش ہونا چاہیے کہ وہ تم سے اتنا پیار کرتی ہے۔

کہ اپنی جان کی بھی اس نے پرواہ نہیں کی مگر تم ہر وقت طنز کر کر کے اس
بچی کا دل جلاتے رہتے ہو اور وہ اتنی صابر ہے کہ میرے پوچھنے پر بھی کبھی
اپنے لبوں پر تمہاری شکایت نہیں لے کر آتی۔

۔آپ اپنی بہو کے گنگان بعد میں گا لیجئے گا پہلے آپ مدے کی بات کریں۔ مدے کی بات یہی ہے کہ اگلے اتوار کو میں میرہا کی رخصتی فکس کر رہی ہوں۔

اور میرے خیال سے میں نے تمہیں بہت اچھی طرح سے سمجھا دیا ہے اب تم کوئی بھی مسئلہ مت کھڑا کرنا رومان اپنی بہن کو راضی خوشی رخصت کرو اور اپنے فرض سے سرخرو ہو جاؤ۔

اور کل میرب کو ساتھ لے جا کر مرہا کی شاپنگ کروا دینا۔امی جان آپ چلے جانا مجھے کچھ ضروری کام ہے۔

رومان باقی سب کام بعد میں ہوتے رہیں گے کل تم میرب اور مرہا کو ساتھ لے جا کر مرہا کی شاپنگ کرواؤ گے۔

میں نے تمہیں پہلے بھی کہا ہے کہ باپ بن کر سوچو اور اپنا ظرف بڑا کرو شاہ میر کے لیے۔بس میرے ظرف کو آزمانے کے لیے گھٹیا اے سی پی ہی بچا تھا۔

رومان شاہ نے غصے سے نظریں پھیر کر کہا۔

اور میرب کو بھی شاپنگ کروانا جب سے رخصت ہو کر اس گھر میں آئی ہے سوائے تم نے اسے رلانے کے اور کچھ نہیں دیا۔ہاں تو کس نے کہا تھا کہ زبردستی شادی کرے۔

زبردستی شادی کے ایسے ہی انجام ہوتے ہیں رومان شرم کرو اپنی بیوی کے بارے میں بولتے ہوئے کبھی سوچ بھی لیا کرو اب وہ عزت ہے تمہاری

رومان شاہ کی ماں نے سرد لہجے سے کہا تو رومان شاہ اجازت طلب کرتے ہوئے اپنی امی جان کے کمرے سے نکل کر اپنے روم کی طرف چلا آیا۔

۔دروازہ کھول کر اپنے روم کے اندر آیا تو روم میں لائٹ آف کر کے میرب سو چکی تھی۔اس نے لائٹ آن کی اور سوتی ہوئی میرب پر ایک گہری نظر ڈالی۔ کبرڈ سے اپنا نائٹ سوٹ نکالا اور واش روم میں چلا گیا اور نائٹ سوٹ پہن کر واپس آ کر بیڈ پر بیٹھ گیا۔

میرب گہری نیند میں سو رہی تھی اس کی کروٹ رومان شاہ کی طرف ہی تھی ۔رومان شاہ نے گہری نظروں سے میرب کے خوبصورت چہرے کی جانب دیکھا۔میرب کے نازک سے گال کے اوپر رومان شاہ کی انگلیوں کے نشان تھے۔جو آج اس نے اس کے جبڑے کو پکڑ کر اسے دیے تھے۔

میرب کے نازک سے گالوں پر رومان شاہ کی انگلیوں کے پڑے ہوئے نشان اس کی گالوں کواور بھی خوبصورت بنا رہے تھے۔
یا پھر یوں کہیں کہ رومان شاہ کو اپنے دیے ہوئے نشان میرب کے نازک گلابی گالوں پر بہت خوبصورت لگ رہے تھے۔

رومان شاہ نے نظر بھر کر میرب کے پنک ہونٹوں کی جانب دیکھا تھا جو نمی سے بھرپور اپنی بھرپور خوبصورتی کے ساتھ رومان شاہ کی نظروں پر اپنی چھاپ چھوڑ رہے تھے۔

رومان شاہ پاؤں سے بیڈ کور کو کھینچتے ہوئے اپنے اوپر اوڑھ کر اپنی سائیڈ پر لیٹ گیا۔ مگر اس کی نظریں بار بار میرب کے چہرے اور اس کے نیچرل پنک ہونٹوں پر جا کر رک رہی تھی۔ رومان شاہ کو اپنے اندر بہت تیزی سے کچھ بدلتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔

جس کو وہ ایکسیپٹ کرنے کے لیے تیار نہیں تھا مگر اس کا یہ بھرم بہت جلدی ٹوٹنے والا تھا۔

میرب نے گہری نیند میں ہاتھ اٹھا کر رومان شاہ کے سینے پر رکھ دیا۔ آج اتنے سالوں بعد رومان شاہ کا دل ایک بار پھر پوری شدت کے ساتھ دھڑکا تھا۔

رومان شاہ نے میرب کا ہاتھ پکڑ کر اپنے سینے سے ہٹا کر آرام سے بیڈ پر رکھ دیا۔ وہ اپنے دل کو پھر سے اجازت نہیں دینا چاہتا تھا کہ وہ کسی کے نام پر یوں دھڑک سکے۔ وہ اپنی کروٹ دوسری جانب لے کر آنکھیں بند کر کے سو گیا۔

میرب جو سونے کی ایکٹنگ کر رہی تھی اس آہستہ سے اپنی نم آنکھیں کھولی۔ میرب کو رومان شاہ کا اپنے اوپر سے ہاتھ ہٹانا برا لگا۔اس کا نازک سا دل ٹوٹ سا گیا۔بے اختیار چھت کی طرف دیکھتے ہوئے اس کے لبوں سے دعا نکلی۔

اے اللہ شاہ کے دل میں میری اتنی محبت پیدا کر دے کہ ایک دن جس تڑپ سے میں خود کو شاہ کے پاس لے جانا چاہتی ہوں۔

اسی تڑپ سے شاہ بھی میری جانب اپنے قدم بڑھائے۔میرب نے ہلکے سے اپنے لب ہلاتے ہوئے اپنے رب سے یہ دعا کی تھی۔۔

اسے کیا خبر تھی کہ اس کی دعا کسی اور کے کانوں تک بھی پہنچ گئی ہے۔میرب رومان شاہ کی طرف سے کروٹ بدل کر دوسری جانب کروٹ لیتے ہوئے سو گئی تھی۔

میرب بہت گہری نیند میں سوتی تھی ہمیشہ میرب کو اس کی ماں سے ڈانٹ پڑا کرتی تھی۔ کہ لڑکی تم تو گدھے گھوڑے بیچ کر سوتی ہو چاہے۔ تمہیں کوئی گھر سے اٹھا کر لے جائے تمہیں تو تب بھی پتہ نہ چلے۔ آج اس کی اسی عادت کا کسی کو بہت فائدہ ہونے والا تھا۔

میرب خود تو گہری نیند میں سو گئی۔ مگر رومان شاہ کی آنکھوں کی نیند اڑا کر سوئی تھی۔ وہ کافی گہری نیند سو رہی تھی۔ رومان شاہ نے اس کی طرف کروٹ لیتے ہوئے سر کو اٹھا کر دیکھا۔ اور رومان شاہ کے ہاتھ نہ چاہتے ہوئے بھی میرب کی جانب اٹھ رہے تھے۔

وہ سوتے ہوئے بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔ رومان شاہ نے اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر آہستہ سے اس کی کروٹ اپنی جانب کی تھی۔

میرب گہری نیند میں تھی اسے کچھ پتہ نہیں چلا کہ کب اس کی کروٹ بدل کر وہ دشمن جاں اپنی طرف کر چکا تھا۔ میرب کا چہرہ بالکل رومان شاہ کے سامنے اور بے حد نزدیک تھا۔

اب وہ قریب سے اس کے گالوں پر دیے ہوئے اپنے نشانوں کو دیکھ کر۔ اپنے انابی لبوں تلے مسکرا رہا تھا۔ مسکراتے ہوئے اپنے نچلے ہونٹ کو اس نے اپنے دانتوں تلے دبا لیا۔

رومان شاہ بے اختیار گہری نیند میں سوتی ہوئی میرب کے چہرے پر جھک گیا۔

اور میرب کی گال جہاں پر اس کے جبڑے کو سختی سے پکڑنے کے نشان تھے۔

رومان شاہ نے وہاں پر اپنے لب رکھ کر بہت زور سے چوما۔ اس کے لبوں نے اتنی زیادتی کے ساتھ میرب کے گال کو چوما تھا کہ۔

گہری نیند میں سوتی ہوئی میرب ہلکا سا ہلی تھی۔آخر رومان شاہ کے لبوں کا لمس تھا تو میرب محسوس کیسے نہ کرتی۔

رومان شاہ کے لبوں نے یہ شرف پہلی بار کسی کو بخشا تھا۔

رومان شاہ اس کے قریب سے قریب تر ہوتا جا رہا تھا۔رومان شاہ اپنے دل کی سن کر اپنی سوچ کے برعکس میرب کے گلے پر جھکا اور وہاں پر اپنی لبوں کے بہکے ہوئے لمس چھوڑ رہا تھا۔

میرب کی شرٹ کے گلے کو کاندھے کی سائیڈ پر تھوڑا سا کھسکاتے ہوئے۔وہ اپنے منہ زور جزباتوں کے آگے گھٹنے ٹیک کر میرب کی گردن پر اپنے لبوں سے تشنگی مٹانے لگا۔

میرب کی دودھ کے جیسی گوری رنگت رومان شاہ کے دل کو اور بہکا رہی تھی۔رومان شاہ نے بڑی گہری نظروں سے اس کے خوبصورت دلکش

سراپے کو دیکھا۔ جو رومان شاہ کے کثرتی لمبے چوڑے وجود کے سامنے چھوٹی سی نازک حسینہ لگ رہی تھی۔

وہ جتنا میرب کے قریب ہو رہا تھا اتنا ہی خود پر سے کنٹرول کھو رہا تھا۔ میرب کی گہری نیند کا رومان شاہ بھرپور فائدہ اٹھا رہا تھا۔

رومان شاہ اس کے نازک سے وجود کو دیکھ کر مسکرایا تھا۔ پاگل لڑکی خدا سے دعائیں کر کے میرے دل میں جو اپنے لیے محبت کے پھول کھلا رہی ہو۔

اگر وہ پھول پوری طرح سے کھل گئے۔ تو بہت پچھتاؤ گی اپنی مانگی ہوئی دعاؤں پر۔ میں تمہاری سانسیں پی جاؤں گا۔ بہت چھوٹی اور نازک ہوا بھی بے وقوف لڑکی۔ رومان شاہ کی محبت کو جھیلنے کے قابل نہیں ہو۔

رومان شاہ مدہوش سا ہو کر میرب کے وجود پر اپنی محبت کی چھاپے چھوڑ رہا تھا۔ رومان شاہ کے آتشی لبوں کی گرمی سے میرب کی گہری نیند میں سانسیں تیز ہونے لگی تھی۔

پاگل لڑکی کہاں تمہاری چھوٹی سی جان اور کہاں آتش فشاں رومان شاہ۔

بیوقوف لڑکی کہاں آکر تم نے اپنی جان پھنسالی ہے۔

اپنے آتشی لبوں کے لمسوں سے اس کو گہری نیند میں مچلتا ہوا دیکھ کر رومان شاہ کے لب مسکرا رہے تھے۔

اسے اس معصوم اور بے وقوف لڑکی پر ترس آنے لگا تھا۔ رومان شاہ نے پہلی بار اپنے دل میں یہ سوچا تھا۔ کہ کیا یہ اتنی نفرت اور اس کے غصے کی مستحق ہے۔

اس کے دل نے نہ میں جواب دیا۔ رومان شاہ نے گہری نیند میں سوتی ہوئی میرب کے ہاتھ کو اٹھا کر اس کی کٹی ہوئی کلائیوں کو دیکھا۔ اور باری باری دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر وہاں پر اپنے لب رکھ کر چوم لیا۔ میرب کی نازک سی کلائیوں کو دیکھتے ہوئے رومان شاہ نے مسکراتے ہوئے سوچا۔

کہاں پھنس گئی ہو میرب رومان شاہ، نہ تو تمہاری جان میری نفرت اور غصہ جھیلنے کے قابل ہے۔ اور نہ ہی میری محبت اور میری قربت کی تپش جھیلنے کے لائق۔ رومان شاہ اپنے لبوں کو سکون دیتے ہوئے میرب کے بارے میں سوچ رہا تھا۔

اس نے تھوڑا سا چہرہ اوپر اٹھا کر میرب کے نازک سے چہرے کو بڑی غور سے دیکھا تھا اور اپنے ہاتھوں کے پیالے میں اس کے معصوم سے چہرے کو

لے کر سوتی ہوئی میرب کی پنکھڑیوں پر اپنے آتشی لب رکھ کر اپنی تشنگی سے اس کے لبوں کی نمی پینے لگا تھا۔

اس کے اس عمل سے میرب کے وجود میں ہلچل ہوئی اور وہ گہری نیند سے بیدار ہونے لگی۔ تو رومان شاہ اس سے دور ہٹ کر آنکھیں بند کر کے لیٹ گیا۔

میرب نے آنکھیں کھول کر ادھر ادھر دیکھا گہری نیند میں کچھ نہ سمجھ آنے پر۔ وہ دوبارہ سے سونے کی کوشش کرنے لگی میرب نیند میں ڈر گئی تھی اسے سمجھ نہیں آرہا تھا۔ کہ یہ کیا ہوا اس نے دیکھا کر رومان شاہ سو رہا ہے۔

وہ ڈر گئی تھی تو اس نے جلدی سے اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر خود کو اس کے قریب کر لیا۔ اس کے اس عمل سے رومان شاہ کے لب مسکرا رہے تھے۔

بے وقوف لڑکی مجھ سے ڈر کر مجھ سے ہی چپک رہی ہے۔ حد ہے کتنی بے وقوف ہو تم یہ تو میں نے آج دیکھا ہے۔

وہ مسکراتے ہوئے اپنے دماغ میں سوچ رہا تھا۔ میرب خود کو محفوظ کر کے اس کی کمر میں ہاتھ ڈالے ہوئے۔ پھر سے گہری نیند میں چلی گئی۔ رومان شاہ نے اسے گہری نیند میں دیکھ کر پھر سے اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے خود کے قریب کرتے ہوئے سینے سے لگا لیا۔

میرب کہیں نہ کہیں کامیاب ہو چکی تھی رومان شاہ کے سخت دل کی دیواروں کو ہلانے میں۔

اس کا رب اس کی دعائیں اپنی بارگاہ میں قبول کر رہا تھا۔ رومان شاہ کا دل پگھل رہا تھا میرب کے لیے۔

بے شک میرب اس سب سے بے خبر سو رہی تھی۔ مگر قدرت شائد میرب کی جھولی میں رومان شاہ کی محبت کو ڈالنے لگی تھی۔اب یہ محبت تھی۔یا وقتی اٹریکشن یہ تو وقت بتائے گا۔۔

میرب کی آنکھ فجر کی نماز کے لیے کھلی تو وہ بیڈ سے اٹھنے لگی۔میرب کی ساس ایک بہت ہی نیک خاتون تھی اور پانچ وقت کی نمازی وہ اکثر میرب کو نماز کی تاکید کیا کرتی تھی۔

اس لیے اب میرب تقریباً پانچ وقت کی نماز ادا کرنے لگی تھی۔آج بھی اس کی فجر میں خود سے ہی آنکھ کھلی تو وہ نماز کی نیت سے بیڈ سے اٹھنے لگی تھی۔

تو اسے اپنی اوپر بھاری پن محسوس ہوا۔ میرب نے آنکھیں ملتے ہوئے دیکھا تو اپنے اوپر رومان شاہ کو پایا۔ جو گہری نیند میں سویا ہوا اپنا ہاتھ میرب کے اوپر سے گزارتا ہوا آدھے سے زیادہ میرب کے اوپر لیٹا ہوا سو رہا تھا۔

اس کے خراٹے یہ بتا رہے تھے کہ وہ اس وقت گہری نیند میں ہے۔ رومان شاہ کو اپنے اتنے قریب پا کر میرب کی دھڑکنیں اوتھل پوتھل ہونے لگی تھی۔

دل دھک دھک کرنے لگا تھا۔ وہ بار بار اپنے خشک ہونٹوں پر زبان پھیر رہی تھی۔ رومان شاہ کی اتنی نزدیکی نے اس کا گلا تک خشک کر دیا تھا ۔اب میرب بی بی کو کیا پتہ تھا کہ شاہ رات کو اس کی نیند کا کتنا فائدہ اٹھا کر سویا تھا۔

میرب نے آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے سوچا کہ اللہ میاں آپ نے میری دعا اتنی جلدی سن لی۔ میں نے رات کو دعا کی اور آپ نے فجر میں میری دعا قبول کر لی۔

میرب نے نماز پڑھنے کے لیے جانا تھا اس لیے رومان شاہ کو دھکیل کر اپنی اوپر سے سائیڈ پر کرنا چاہا۔ افففف اللہ میاں کتنا بھاری شریر ہے۔

میرب کے دھکیلنے سے رومان شاہ اپنی جگہ سے ٹس سے مس بھی نہیں ہوا تھا۔ میرب کی بڑبڑ سے رومان کی نیند ڈسٹرب ہوئی تو اس کی آنکھ کھل گئی۔ اگر میرا شریر بہت بھاری ہے تو جو رات کو تم نے اپنا ڈھائی کلو کا ہاتھ میری چھاتی پر رکھا ہوا تھا۔

اس کے بارے میں کیا خیال ہے رومان شاہ اس کے اوپر سے ہٹ کر اپنی جگہ پر لیٹتے ہوئے بولا۔

میں نے کب آپ کے سینے پر ہاتھ رکھا تھا میرب جلدی سے بستر سے اٹھتی ہوئی اپنی چپلیں پہننے لگی۔اور رومان شاہ کو ایسے نظر انداز کر رہی تھی جیسے اس کی چوری پکڑی گئی ہو۔

کہاں جا رہی ہو رومان شاہ کی رعبدار آواز سے میرب کے قدم رک گئے

۔نماز پڑھنے جا رہی ہوں ویری گڈ امی جان کی صحبت میں تم تو نیک سیرت بن گئی ہو۔

چلیں اپ تو ہمیشہ سے امی جان کے پاس رہتے ہیں آپ کی سیرت تو بہت زیادہ اچھی ہو گی۔اس لیے آپ بھی اٹھ کر فجر کی نماز پڑھ لیں۔میرب بنا پلٹ کر دیکھے جاتے جاتے بول کر گئی تھی۔

oooooo

رومان شاہ فجر کی نماز ادا کر کے واپس سو گیا تھا سردیوں کے دن اور سردیوں کی راتوں میں بستر کا بھی اپنا ہی مزہ ہوتا ہے رومان شاہ کروٹ لے کر سوچتا ہوا اٹھ کر بیٹھ گیا۔

وہ بیڈ سے اٹھ کر بیڈ کراؤن سے ٹیک لگا کر بیٹھا ہوا تھا۔ وہ اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر جمائی لیتا ہوا اس جانب دیکھ رہا تھا۔

جہاں پر رات کو میرب اس کے ساتھ چپک کر سو رہی تھی۔ رومان شاہ اپنے نچلے ہونٹ کے کنارے کو دانتوں تلے دبا کر بڑے دلکش انداز سے مسکرا رہا تھا۔

رومان شاہ گزری رات کے خوشگوار لمحوں کو یاد کر کے مسکرا رہا تھا۔اس کی نظروں کے سامنے وہ منظر چل رہا تھا جب میرب اس کے لبوں کی گرمی سے گھبرا کر اٹھ گئی۔اور ڈر کے مارے ادھر ادھر دیکھنے لگی۔

اور جب کچھ سمجھ میں نہیں آیا تو ڈر کے مارے گھبرا کر اسی کے سینے سے لگ کر سو گئی تھی۔رومان شاہ اپنے منہ پر دو انگلیاں رکھ کر اپنے ہاتھ کی مٹھی بنا کر بیٹھا ہوا۔

رات میں میرب کی ساتھ نزدیکیاں یاد کر کہ مسکرا رہا تھا۔ویسے میڈم صبح صبح کہا چلی گئی ہے۔آج رومان شاہ میرب کو دیکھنا چاہتا تھا۔رومان شاہ اپنے پیروں کو بیڈ سے نیچے لٹکا کر اپنی چپل پہن کر روم سے باہر نکل آیا۔

اس کی نظریں میرب کو ڈھونڈ رہی تھی اس نے کچن میں جھانک کر دیکھا تو وہاں پر صرف زکیہ کچن کی ملازمہ کھڑی ہوئی برتن دھو رہی تھی۔۔

وہ اپنے ٹراؤزر کی جیب میں ہاتھ ڈالے ہوئے اپنے قدم بڑھاتا ہوا اپنی ماں کے روم کی جانب آگیا۔

رومان شاہ کی ماں ہمیشہ کی طرح فجر کی نماز کے بعد کچھ دیر آرام کی غرض سے لیٹی ہوئی تھی۔

اب اس کا رخ مرہا کے کمرے کی جانب تھا۔ بنا فضول گھر میں ایک قدم بھی نہ اٹھانے والا رومان شاہ سب کمروں میں باری باری جھانک کر دیکھ رہا تھا۔ مرہا کے روم کے باہر سے ہی رومان شاہ کو اندازہ ہو گیا تھا۔ کہ میرب یہاں پر نہیں ہے۔ کیونکہ مرہا کے کمرے سے کسی بھی طرح کی کوئی آواز نہیں آرہی تھی۔۔

اور روم کی شانتی یہ بتا رہی تھی کہ میرہا باجی سو رہی ہے۔ رومان شاہ کو پریشانی ہونے لگی تھی کہ آخر میرب کہاں چلی گئی۔۔۔

میرب چھت کی زمین پر الٹی پالتی مارے ہوئے اداسی سے اپنی گال پر ہاتھ رکھ کر بیٹھی ہوئی، اور نظرے سامنے لگے ہوئے طوطوں (Love Birds) کے پنجروں پر تھی۔ اپنے کندھوں پر سانسوں کی تپش محسوس ہوئی تو میرب ڈر کر پیچھے مڑی، کیا کر رہی ہو تم یہاں؟ رومان اپنا ایک گھٹنا زمین پر لگائے اور دوسرے گھٹنے پر وزن ڈال کر بیٹھا ہوا تھا۔

بولو!! میرب کے چپ رہنے سے رومان تھوڑا سخت لہجے میں دوبارہ بولا،

وہ۔۔۔۔ میں۔۔ میں جان بوجھ کر نہیں آئی اوپر امی جان نے کہا تھا وہ رمان شاہ کے سخت لہجے سے گھبرا کر بولی، اچھا۔۔۔۔ مجھ سے پوچھا؟؟ رومان شاہ شرارتی انداز سے بولا جی۔۔۔ کیا جی ایک آئی بروا ٹھا کر بولا۔ شاہ آپ سو رہے تھے۔۔ تو اٹھا دیتی۔۔ شاہ آپ گہری نیند میں تھے آپ جلدی نہیں اٹھتے بڑی معصومیت سے بولی۔

آنکھوں کو اچکاتے ہوئے آئی بروا ٹھا کر اشارہ کیا جیسے کہ کہنا چاہ رہا ہو۔ کہ یہ تو تم اپنے بارے میں بتا رہی ہو۔ رومان شاہ کی انکھوں کا الگ انداز دیکھ کر میرب گھبرا کر بولی شاہ۔۔۔دانہ ڈالے آئی تھی کس کو؟؟ایک سائیڈ سے سمائل دیتے ہوئے رومان شاہ شرارتی انداز سے بولا،،پرندوں کو دونوں ہاتھوں سے پنجرے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولی، ہمممم!!اب گھور کیوں رہے ہیں بتا تو دیا امی نے کہا تھا دانہ ڈالنے کو۔پرندوں کو دانہ ڈالنے کو میرب نے خود ہی جلدی سے اپنا جملہ درست کیا۔زیادہ زبان نہیں چل رہی تمہاری؟؟اچھا تو امی جان نے تمہیں دانہ ڈالنے کو کہا تھا، تم ان کے رومنٹک مومنٹس کو کیوں خراب کر رہی ہو، میرب نا سمجھی سے رومان کی طرف دیکھنے لگی، آنکھوں کو گھماتے ہوئے پنجرے کی طرف رومان شاہ نے اشارہ کیا۔ میرب نے پنجرے کی جانب دیکھا تو، دبک کر پیچھے کی طرف میں پرندے آپس میں رومینس کر رہے تھے۔ میرب کے ہوئی۔ پنجرے میں دبک کر تیزی سے پیچھے ہونے سے سیدھی رومان شاہ کے سینے سے آکر

ٹکرائی، سسسسسوری، کیاہو گیارو مینس وہ کررہے ہیں اور گھبرا کر گر تم رہی ہو،اس کی کمر میں ہاتھ رکھ کر گرنے سے بچا کر اپنے ساتھ لگالیا۔ ہمم جواب دو میں نے کچھ پوچھا ہے،اپ سے کس نے کہا کہ میں ان کا۔۔۔کب۔۔ رو مینس دیکھ۔۔رہی تھی۔ گھبرا کر گھبرا کر لفظ توڑ توڑ کر بولی۔اس کا دل دھک دھک کر رہا تھا رومان شاہ کی نظروں کی تپش سے۔

چلو نہیں دیکھ رہی تھی تو اب میں رومانس کرتا ہوں تمہارے ساتھ اب دیکھ لینا۔اس کے سوال سے گھبرا کر دور ہوئی۔یہ۔۔کیا کر رہے ہیں آپ ۔۔؟ چھوڑے مجھ۔۔مجھے پلیز۔۔کل تم نے مجھے کہا تھا کہ میں گلا دبا کر تمہاری سانسیں بند کر دوں یاد ہے۔؟؟ہمم۔۔جی۔۔کہا تھا پھر جواب میں میں نے بھی کچھ کہا تھا یاد ہے۔اس نے ہاں میں سر کو ہلایا۔۔کیا کہا تھا بتاؤ اس چھوٹے سے دماغ پر زور ڈال کر۔آپ نے کہا تھا۔۔گلا دبانے کے۔۔علاوہ

اور بھی بہت سے۔۔ طریقے ہیں تمہا۔۔۔۔۔۔ تمہاری سانسیں بند کر۔۔
کرنے کے۔ ہمم یادداشت اچھی ہے۔ کہتے ہی اسے بازو سے پکڑ کر دوبارہ
اپنی طرف کھینچا۔ میرب اس کے ارادے جان کر کانپنے لگی۔۔۔ وہ اپنی بہکی
بہکی نگاہوں سے دیکھتا ہوا میرب پر جھکا۔۔ ش ششش شاہ۔۔۔ کیا کر رہے ہیں
۔اپنے دونوں ہاتھ شاہ کے سینے پہ رکھ کر پیچھے کی طرف زور دیتے ہوئے کہا
علاوہ کون کون سے طریقے ہوتے ۔ تمہیں بتانے لگا ہوں کہ گلا دبانے کے
ہیں سانسیں بند کرنے کے۔۔" بولتے ہی اس کے لبوں پر جھکا تھا
کہ۔ میرب نے گھبرا کر اپنا چہرہ دوسری طرف پھیر لیا۔ تمہیں کتنی بار کہا
ہے کہ مجھے یوں دھتکار کر منہ مت پھیرا کروووو۔

اس کا جبڑا زور سے پکڑتے ہوئے غصے سے دانتوں کو پیستے ہوئے بولا۔ اس کا
چہرہ اوپر اٹھا کر لبوں اپنے ہونٹوں میں غصے سے قید کر لیا، اور اپنا سارا غصہ اس
کے نازک سے لبوں پر اتارنے لگا۔ میرب نے اپنے ہونٹوں پر جلن محسوس

کر کے رومان شاہ کے سینے پر اپنے دونوں سے زور دیتے ہوئے اسے پیچھے کی طرف دھکیلا۔اس کے دھکیلنے سے وہ پیچھے تو نہیں ہوا مگر اس کے دونوں ہاتھ پکڑ کر اس کی کمر پر پن کر دیے۔اور اس کے ہونٹوں پر گرفت اور سخت کر دی۔ تھوڑا سا پیچھے کرتے ہوئے دیوار کے ساتھ لگا کر اپنی سختی والی گرفت کے ہونٹوں پر بنائے ہوئے اس کی سانسیں تنگ کیے کھڑا تھا۔رومان شاہ کی سخت گرفت سے وہ اپنی جگہ سے ہل بھی نہیں پائی۔سانس نہ آنے اور ہونٹوں پر جلن سے اس کی آنکھوں سے آنسوں نکل کر گالوں پر پھسل آئے۔اس کے آنسوں رومان شاہ کے چہرے کو بھی بھگو رہے تھے۔

غصے کی کیفیت سے اپنی تشنگی کو مٹاتے ہوئے جب اسے،اپنی سختی کا احساس ہوا تو وہ آہستہ سے پیچھے ہو گیا۔وہ سسکیاں لے کر نظریں جھکائے ہوئے رونے لگی۔وہ پیچھے ہو کر اس کے چہرے پر گہری نظر ڈال کر مسکرایا۔میرب کے نازک سے ہونٹوں پر رومان شاہ کی سختی سے کٹ لگ گیا۔جس سے ننھی

سی بوند ہونٹ کے کنارے پر لگی ہوئی تھی۔ کتنی نازک ہو تم،اور چلی تھی آتش فشاں رومان شاہ سے عشق کرنے وہ مسکراتے ہوئے واپس اس کے ہونٹوں پر جھک گیا۔اور ننھی سی بوند کو اپنے ہونٹوں سے چنتے ہوئے پیچھے ہوا۔وہ نظریں جھکائے ہوئے کھڑی شرم سے لال ہو رہی تھی۔میرب بیٹا اگر پرندوں کو دانہ ڈال لیا ہو تو نیچے آؤ اور جا کر رومان کو اٹھاؤ۔میرب اپنی ساس کی آواز سے گھبرا کر شاہ کو پیچھے کرنے لگی،تو شاہ نے غصے والی نظروں سے میرب کو دیکھا۔۔تو میرب نے واپس اپنے ہاتھ شاہ کے بازو پر رکھ اگر وہ اوپر آگئی تو کیا سوچیں گی گھبراتے دیے۔۔شاہ امی جان بلا رہی ہیں ہوئے بولی۔۔کچھ نہیں سوچیں گی،وہ بھی تو یہی چاہتی ہیں کہ میں ان کی بہو سے پیار کروں۔تو میں ان کا حکم مان کر وہی تو کر رہا ہوں۔

میرب بیٹا اوپر ہو یا نہیں میرب کی ساس کی پھر سے آواز آئی۔۔۔امی جان کو آواز دو کہ تم نیچے آ رہی ہو۔۔مجھ سے بولا نہیں جا رہا پہلے آپ مجھے

چھوڑیں۔منہ سے بول کر آواز دو کہ تم آرہی ہو وہ ہنستی ہوئی نظروں سے غسیلے لہجے سے اس کے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر بولا۔۔۔مجھ سے نہیں بولا جا رہا وہ منمناتے ہوئے بھول کر نہ میں سر کو ہلا رہی تھی۔۔۔بول رہی ہو یا سانسیں بند کرنے کا اگلا سٹیپ بتاؤں وہ گھورتے ہوئے بولا۔۔امی جان۔۔۔۔۔آرہی ہوں ں ں ں ں س۔۔وہ ڈر کر چیختے ہوئے بولی۔۔وہ رومان شاہ کے ہاتھوں کے نیچے سے نکلتی ہوئی بھاگ کر دھڑ دھڑ سیڑھیوں سے نیچے چلی گئی۔

اس نے پیچھے پلٹ کر بھی نہیں دیکھا۔رومان شاہ اس سے اپنے بچاؤ کے لیے تیزی سے بھاگتا ہوا دیکھ کر دیوار پر اپنا ایک ہاتھ رکھ کر کھل کھلا کر مسکرایا۔

شاہ کی پہنچ سے سو کی سپیڈ بھاگتی ہوئی میرب نے نیچے آخری سیڑھی پر کھڑی ہوئی ساس کو دیکھ کر اس نے بامشکل اپنی بریک لگائی۔۔۔افففف میرب بیٹا

کیا ہو گیا ہے۔آرام سے چلو گر جاؤ گی کیا چھت پر چڑیل دیکھ لی ہے۔۔نہیں امی جان جن۔۔۔کیا۔۔۔۔کچھ نہیں امی جان۔۔۔جاؤ جا کر رومان کو اٹھا دو آفس کے لیے۔۔۔۔اب جاگتے ہوئے کو میں کیسے اٹھاؤں۔۔۔میرب بیٹا کیا صبح صبح منہ میں بولے جا رہی ہو میں نے کہا جا کر رومان کو اٹھاؤ۔۔۔امی جان وہ اٹھے ہوئے ہیں وہ تیزی سے بولی۔۔۔اچھا اتنی صبح صبح وہ خود سے کیسے اٹھ گیا رومان شاہ کی ماں حیرت سے بولی۔۔۔۔السلام علیکم امی جان سیڑھیوں سے اترتا ہوا رومان شاہ اپنی ماں کے آگے سر جھکا کر پیار لے رہا تھا۔۔۔وعلیکم السلام آج میرا بیٹا صبح صبح کیسے اٹھ گیا۔۔۔۔اور وہ بھی چھت پر خیریت تو ہے۔۔۔۔رومان کی ماں اس کے سر پر پیار دیتے ہوئے حیرت سے پوچھ رہی تھی۔امی جان آپ کی بہو کو بلانے گیا تھا۔مجھے کچھ کام ہے سائیڈ نظروں سے میرب کی جانب دیکھتے ہوئے آنکھ کا اشارہ کیا۔۔ہاں ہاں میرا بیٹا جاؤ رومان جو بول رہا ہے۔اس کی بات سنو۔۔۔رومان شاہ کی ماں اپنے بیٹے کے منہ سے اپنے بہو کا نام سن کر بہت خوش ہو گئ۔۔۔۔وہ میرب

کو کمرے میں جانے کا بول رہی تھی۔۔۔ نہیں امی جان میں کچن میں ناشتہ بنوانے میں زکیہ کی ہیلپ کر دیتی ہوں۔۔۔ وہ اپنی انگلی پر اپنے دوپٹے کے کونے کو لپیٹتے ہوئے کچن کی جانب تیزی سے قدم بڑھانے لگی۔۔۔ نہیں بیٹا زکیہ خود ناشتہ بنالے گی تم جا کر رومان کو آفس کی تیاری کرواؤ۔۔۔ رومان شاہ اپنی ماں کو میرب سے بات کرتے ہوئے چھوڑ کر اپنے روم کی جانب قدم بڑھا گیا۔۔۔ میرب چور آنکھوں سے جاتے ہوئے رومان شاہ کی جانب دیکھ رہی تھی۔

رومان شاہ نے جاتے جاتے واپس پلٹ کر میرے کی جانب دیکھا اور آنکھ کے اشارے سے اسے روم میں آنے کو کہا۔۔ میرب رومان شاہ کے بدلے ہوئے تیور دیکھ کر بہت گھبرائی ہوئی تھی۔

میرب بیٹا جاؤ دیکھو اب تو میرے اکڑو بیٹے کا دماغ کتنا ٹھیک ہو گیا ہے وہ تمہیں خود اپنے کام کے لیے بول رہا ہے۔۔۔ پتہ نہیں دماغ ٹھیک ہو گیا ہے یا خراب، میرب اپنی ساس کی بات سن کر اپنے منہ میں من من کر رہی تھی۔۔۔ میرب بیٹا تم میری بات سن رہی ہو یا نہیں۔۔ میرب کی اڑی ہوئی ہوائیاں اور منہ میں کرتی ہوئی من من سن کر رومان شاہ کی ماں نے میرب کو کاندھے سے ہلا ک کر مخاطب کیا۔۔۔ ج جج جی۔ امی جان سن رہی ہوں۔۔ اس نے ہڑ بڑا کر جواب دیا۔۔ چلو پھر شاباش جاؤ اور جا کر اپنے شوہر کی بات سنو۔۔ اسے کسی چیز کی ضرورت تو نہیں ہے دیکھو جا کر۔ بیٹا اپنے شوہر کے چھوٹے چھوٹے کام کرنے سے محبت بڑھتی ہے۔ میرب مجبوری کے مارے اپنی انگلی پر دوپٹے کے کونے کو لپیٹتی ہوئی چھوٹے چھوٹے قدم لے کر اپنی روم کی جانب جا رہی تھی۔

اس کو اس وقت رومان شاہ سے بہت ڈر لگ رہا تھا رومان شاہ کا یہ انداز بالکل الگ اور نیا تھا۔

روم کے ہینڈل پر ہاتھ رکھ کر بڑی مشکل سے اس نے ہینڈل کو گھما کر ہمت جمع کرتے ہوئے روم کے اندر قدم رکھا۔۔

دروازے کو بند کر کے واپس پلٹی تو سامنے اس کی نظر رومان شاہ پر پڑی۔۔۔ شاہ پلیز شرٹ پہنیں اپنی۔۔۔ میرب نے اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے کہا۔۔ میں کیوں شرٹ پہنوں دروازہ ناک کر کے آتے ہیں تمہیں اتنا بھی نہیں۔۔ وہ اپنی

رعبدار آواز میں بولا۔۔۔ آپ دروازہ اندر سے بلاک نہیں کر سکتے تھے۔۔۔ شرم تمہیں آ رہی ہے مجھے نہیں میں دروازہ کیوں لوک کروں وہ

اپنے قدم میرب کی جانب بڑھتا ہوا بولا۔۔مجھے امی جان نے بھیجا ہے کہ آپ کو مجھ سے کوئی کام تو نہیں ہے۔۔

وہ گھبراہٹ سے کانپ رہی تھی۔۔۔۔اسے کانپتے ہوئے شاہ نے دیکھ لیا تھا۔۔۔اتنی گھبرائی ہوئی کیوں ہو۔۔۔

آپ پلیز شرٹ پہن لیں۔۔۔اسے قریب آتا دیکھ کر میرب کے ہاتھ اور بھی کانپنے لگے وہ واپس دروازے کی جانب پلٹی۔۔

۔میرے شرٹ نہ پہننے سے تمہیں مسئلہ کیوں ہو رہا ہے۔اس کے بازو سے پکڑ کر اسے روکتے ہوئے بولا۔۔مجھے ڈر لگ رہا ہے۔۔اب تو میں تمہیں ڈانٹ پہ نہیں رہا تو پھر ڈر کیوں لگ رہا ہے۔اس سے تو اچھا تھا کہ آپ مجھے ڈانٹ ہی لیا کریں۔آپ کے اس روپ سے تو مجھے زیادہ ڈر لگ رہا ہے۔۔

رومان شاہ نے کاندھوں سے پکڑ کر اس کا اپنی جانب کیا۔۔شاہ پپ۔۔
پل۔۔پلیز مجھے باہر جانے دیں۔۔۔کیوں۔۔۔کہا تو ہے کہ مجھے آپ سے ڈر
لگ رہا ہے وہ اپنی نظریں دیوار پر جمائے ہوئے

تھی۔۔۔میری طرف دیکھ کر کہو۔۔۔شاہ آپ کو کیا ہو گیا ہے۔رات کو تو
آپ بالکل ٹھیک تھے۔وہ شاہ سے نظریں چراتی ہوئی دروازے کے ساتھ
چپکی ہوئی کھڑی تھی۔۔شاہ نے اس کی دونوں طرف دروازے پر ہاتھ رکھے
ہوتے تھے۔خود کو تھوڑا مضبوط بناؤ میرب رومان شاہ تمہاری جان مجھے سہنے
کے لیے زیرو ہے۔۔ج۔۔جج۔۔جی۔۔۔"رومان شاہ اس کی حالت دیکھ کر
مسکراتے ہوئے اسی کے انداز میں جی بولا۔۔۔اور کیا کہہ رہی تھی تم کہ میں
رات کو بالکل ٹھیک تھا۔۔رات سے ہی تو میں خراب ہو گیا ہوا ہوں میرب
شاہ۔۔۔شاہ پلیز مجھے باہر جانے دیں میرب کی حالت ایسی تھی کہ ابھی رو
دے گی۔۔۔ششششش۔۔اب اگر باہر جانے والی بات کی تو سانسیں بند

کرنے کا نیا طریقہ ایجاد کر کے دکھاؤں گا۔۔۔چپ چاپ اندر آؤ اور مجھے آفس کے لیے تیار کرواؤ وہ اپنی رعبدار آواز میں بول کر اس سے پیچھے ہٹا۔۔۔شاہ آپ کوئی بچے ہیں جو میں آپ کو تیار کرواؤں ۔۔

روز تو خود تیار ہو کر جاتے ہیں۔۔آج بھی خود تیار ہو جائیں۔۔۔میرب رومان شاہ کے ارادے اور تیور دیکھ کر اس قدر گھبرائی ہوئی تھی کہ۔وہ کسی بھی صورت رومان شاہ کی نظروں سے اوجھل ہونا چاہتی۔اب روز مجھے تم تیار کیا کرو گی سمجھی۔

اور آج کے بعد مجھ سے زبان درازی نہیں کرنا وہ سخت لہجے سے بول کر ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑا ہو گیا۔

اب پتھر کی مورت بن کر کیوں کھڑی ہوئی ہو قبرڑ سے میرے لیے کپڑے نکالو۔۔۔وہ شیشے میں اسے دروازے کے ساتھ چپکی ہوئی کھڑی دیکھ رہا تھا۔۔کون سے والے کپڑے نکالوں۔۔۔جو تمہیں پسند ہے۔۔۔مجھے کوئی بھی پسند نہیں ہے۔۔۔ویری گڈ تو پھر میں بنا کپڑوں کی ہی گومتار ہوں گا ۔۔کیاااااا۔۔۔۔۔آہستہ چلاؤ ابھی تک میں نے پینٹ پہنی ہوئی ہے۔۔ صرف شرٹ لیس ہوں۔۔شاہ شرارتی انداز سے ڈریسنگ مرر کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے دونوں ہاتھ دینے پر باندھ کر کھڑا مسکرا رہا تھا۔۔۔میرے پاس آؤ شاہ نے انگلی کے اشارے سے کہا۔۔۔کیوں۔۔۔تمہارا مسئلہ کیا ہے ہر بات پر کیوں کیوں۔۔۔تمہارے پاس دو آپشن ہیں۔۔پہلا یہ کہ جیسے میں چاہتا ہوں مجھے آکر اچھی بیویوں کی طرح آفس جانے کے لیے تیار کرو۔۔

اور دوسرا آپشن ہے کہ تم مجھے شوہر سارے حق۔۔۔پہلا پہلا پہلا آپشن۔ شاہ کی بات کو مکمل سنیں بنا پہلا آپشن ڈن کر چکی تھی۔۔۔اسے کہا رومان شاہ

کی آتشی قربت برداشت تھی اسے پہلا اپشن ہی بہتر لگا۔۔۔ گڈ ویری گڈ تو دو منٹ سے پہلے اپنی پسند سے میرے لیے کپڑے نکالو اور آکر تیار کرواؤ۔۔۔ جی۔۔۔اس کی سعادت مندی کے ساتھ بڑھتی ہوئی سپیڈ کو دیکھ کر رومان شاہ کا دل کر رہا تھا کہ وہ مر مٹے اس بے وقوف لڑکی پر۔۔۔وہ کافی دیر تک قبرٹ کے اندر اپنا سر گھسانے کے بعد ایک تھری پیس سوٹ سلیکٹ کر کے لے کر آئی۔۔۔یہ ٹھیک ہے رومان شاہ کی سامنے کرتے ہوئے بولی۔۔۔

ہمم۔۔۔شرٹ پہناؤ مجھے۔۔میں۔۔۔۔ہاں تم۔۔میں کیسے پہنا سکتی ہوں۔۔۔میں تمہیں پہنا کر سکھاؤں۔۔۔ نہیں میں آپ کو پہنا دیتی ہوں گھبرا کر جلدی سے شرٹ اسے پہنانے لگی۔۔۔شاہ اپنی دونوں باہیں پھیلا کر کھڑا ہوا تھا۔

میرب اس کے بیک سائیڈ پر کھڑی ہو کر پہلے شرٹ کا ایک بازو پہناتے ہوئے اب دوسرا بازو پہنا کر فرنٹ سائیڈ پر آ کر اس کی شرٹ کے بٹن بند کر رہی تھی۔

گھبراہٹ اور شرم سے اس کے ماتھے پر پسینے کی بوندیں چمکنے لگی۔ رومان شاہ اس کی ہر حرکت پر نظر رکھے ہوئے تھا۔

شاہ دبے دبے انداز سے میرب کی حالت دیکھ کر مسکرایا۔ شاہ کے سینے پر مردانہ وجہد کے شاہکار بال میرب کے گھبرانے کی اور بھی زیادہ وجہ بن رہے تھے۔۔۔ شاہ آپ کو کیا ہو گیا ہے چھوڑیں کیا کر رہے ہیں۔

رومان شاہ نے اس کے کمر پر اپنے دونوں ہاتھ رکھ کر اسے قریب کیا تو میرب نے گھبرا کر اس کے چنگل سے نکلنا چاہا۔۔ جتنا چھوڑنا تھا چھوڑ چکا ہوں اب میرے خیال سے پاس آنے کا وقت ہے۔۔ وہ اسے اپنی باہوں میں کسے ہوئے کھڑا تھا۔۔ شاہ آپ کیا بول رہے ہیں مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا آرہا۔۔ کھا پی کر اپنی جان ٹھیک کرو بہت ویک ہو میری قربت کو برداشت کرنے کے لیے۔۔

اب شاہ سے عشق کیا ہے تو اس کے عشق کو سہنے کے لیے خود کو قابل بناؤ۔ میرے خیال سے میں نے بہت صاف الفاظ میں تمہیں سمجھا دیا ہے۔۔

اگر اب بھی سمجھ نہیں آئی تو اب ڈیمو نہیں دوں گا ابھی بیڈ پر لے جا کر پریکٹیکل کر کے دکھا دوں گا پھر سمجھتی رہنا کہ میں نے کیا کہا ہے۔۔

شب باقی کا آپ خود تیار ہو جانا مجھے امی جان بلا رہی ہیں۔۔ رومان شاہ کی اتنی بے باک اور صاف صاف انداز میں نزدیکیوں کے بارے میں بتانا میرب کو شرم سار کر گیا تھا۔۔۔

وہ شاہ کی باہوں کے حصار سے نکلتی ہوئی سپیڈ سے دروازہ کھول کر نو دو گیارہ ہو گئی۔۔ تیز تر ار رومان شاہ کو اندازہ تک نہیں ہوا کہ میرب رومان شاہ بھاگنے والی ہے۔۔۔

وہ تو ہنستے ہوئے دروازے کی جانب دیکھ رہا تھا جہاں سے وہ ابھی ابھی بھاگ کر فرار ہو گئی تھی۔۔ رومان شاہ خود ہی تیار ہو کر ٹیبل پر پہنچا تو میرب کچن میں گھسی ہوئی زکیہ جی کی ہیلپ کروا رہی تھی۔۔

رومان شاہ کی ماں نے کتنی بار میرب کو آواز دے کر کہا تھا کہ رومان کے ساتھ آکر کھانا کھاؤ۔۔ مگر میرب میں ہمت نہیں تھی کہ وہ رومان شاہ کی نظروں کا سامنا کر سکے۔۔

اسی لیے وہ بہانے پہ بہانے بناتی ہوئی کچن میں ہی کھڑی رہی۔۔ زکیہ کچن سے باہر آئی تو رومان شاہ کی ماں نے اسے کسی کام سے اپنے روم میں بھیج دیا

رومان شاہ موقے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اٹھ کر کچن کی جانب آگیا۔۔ رومان شاہ کی ماں دیکھ رہی تھی مگر پوچھا نہیں کہ وہ کچن کی جانب کیوں جا رہا ہے۔۔

بس مسکرا کر چپ ہو گئی۔۔اپنے بیٹے کا بدلاؤ دیکھ کر انہیں سمجھ میں آ رہا تھا کہ۔ان کی بہو ان کے بیٹے کے دل پر دستک دینے میں کامیاب ہو چکی ہیں۔۔

میرب صرف ٹائم ویسٹ کرنے کے لیے کچن میں کھڑی ہوئی شیلف پر آڑی ترجی لائنیں کھینچ رہی تھی۔۔۔

کتنی دیر تم اس طرح میری نگاہوں سے خود کو بچاتی رہو گی۔۔چیز کیا ہو تم پہلے مجھے پانے کے لیے بے تاب تھی۔۔۔اور اب مجھ سے بھاگنے کے لیے بے چین ہو۔۔۔

رومان شاہ اس کی بے حد قریب کھڑا ہوا آہستہ سی آواز میں بول رہا تھا ۔۔میرب اپنی پشت شیلف سے لگائے ہوئے مجرموں کی طرح نگاہیں جھکا کر کھڑی ہوئی تھی۔

اب یہ چوہے بلی کا کھیل ختم کرو میرب رومان شاہ۔جب کہہ دیا ہے کہ خود کو میری قربت کے لیے تیار کرو تو یہ بھاگنے کا کوئی مقصد نہیں ہے۔۔۔

نہیں تو رومان شاہ کو زبردستی اپنا حق لینا آتا ہے۔۔۔پھر چاہے وہ پراپرٹی ہو یا پھر خود کی بیوی سے اپنا حق وصول کرنا ہو۔۔۔رومان شاہ کو سب کچھ بہت اچھی طرح سے لینا آتا ہے۔۔۔

اگر میں اپنا حق زبردستی وصول کروں گا تو میرے خیال سے تمہیں میرا یہ انداز کچھ خاص پسند نہیں آئے گا۔۔

تو بہتر ہے کہ تم آرام سے خود کو میرے حوالے کر دو۔۔۔آج تک جو تم میرے ساتھ عشق کی گنگان گاتی آئی ہو۔۔

میں بھی تو دیکھوں کہ میرے قربتوں کو جھیلنے کی تمہارے عشق میں کتنی طاقت ہے۔

۔وہ اپنی بات سرگوشی کے انداز میں کرتا ہوا مکمل کر کے جا چکا تھا مگر میرب وہیں پر کھڑی ہوئی اس کے لفظوں کی گہرائی کو ماپ رہی تھی۔

ooooo

آج رومان شاہ کا ستارہ عروج کی بلندیوں کو چھو رہا تھا۔آفس میں بیٹھا ہوا خوشی سے آنکھیں بند کیے ہوئے۔اپنی خوشی سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔

کل رومان شاہ نے لاہور میں ایک بہت اہم ڈیل فائنل کرنے جانا تھا۔لاہور میں ایک بہت ہی بڑی حویلی کی نیلامی ہونے والی تھی۔

کل رومان شاہ نے ٹائم سے لاہور کے لیے نکلنا تھا تو اس لیے آج وہ مرہا اور میرب کی شاپنگ ڈن کروا کر جانی تھی۔

تاکہ اس کی امی جان پیچھے سے پریشان نہ ہو اور ویسے بھی رومان شاہ کی امی جان کا حکم تھا تو دنیا تو ادھر کی ادھر ہو سکتی تھی مگر وہ ٹال نہیں سکتا تھا۔

کچھ خاص اور اہم کام نپٹانے کے لیے رومان شاہ نے اپنے سیکٹری دلاور کو اندر بلایا۔۔جی سر۔۔۔۔۔۔دلاور کل ہمیں لاہور کے لیے نکلنا ہے۔لاہور کی دو

ٹکٹ فائنل کرو۔۔ لیکن سر آپ سے کافی دنوں سے ملنے کے لیے اویس شاہ آرہا ہے۔

آج بھی وہ آپ سے ملنے کے لیے کافی دیر سے ویٹ کر رہا ہے۔۔ بول دو جا کر کہ میں بزی ہوں، ابھی نہیں مل سکتا۔

جی سر۔۔ اور کل کی پوری تیاری رکھنا میں گھر جا رہا ہوں۔ جی سر۔۔ آج کوئی خاص میٹنگ تو نہیں ہے۔۔ نو سر۔۔ ہمم پھر تو گڈ ہو گیا۔

اب تم جاؤ اور اویس شاہ کو نکالو یہاں سے۔

جی سر، دلاور دروازہ بند کر کے آفس روم سے باہر چلا گیا۔

رومان شاہ نے مسکراتے ہوئے لبوں سے ٹیبل پر رکھا ہوا اپنا سیل اٹھا کر میرب کا نمبر ملایا۔

کیا کر رہی ہو میرب کے فون اٹھاتے ہی میرب کے کانوں میں رومان شاہ کی رعبدار آواز گونجی۔

ناول ریڈ کر رہی ہوں۔ ونڈر فل مرہا تو بچی ہے تم بھی ساتھ میں شروع ہو گئی ہو یہ ناول پڑھنا یہ بھی کوئی کام ہے۔

شاہ میں بھی تو بچی ہوں۔۔۔ بڑی معصومیت منمنائی۔

آہاں ں س۔۔۔۔ بڑے ہی شرارتی انداز سے کہا۔

کیا۔۔۔۔۔۔ میرب کو رومان شاہ کا شرارتی لہجہ سمجھ میں آگیا تھا۔

یہ تم ڈیسائیڈ نہیں کر سکتی کہ تم بچی ہو یا نہیں۔

مط۔۔ مطلب۔۔۔۔۔۔۔،،،

مطلب یہ کہ۔۔۔ کسی رات میں تمہیں اس کا مطلب اچھے سے سمجھاؤں گا۔۔

شاہ آپ مجھے کنفیوز کر رہے ہیں۔ رومان شاہ کو میرب کا شرمایا ہوا چہرہ اور جھکی ہوئی نظریں نظر آ رہی تھیں۔

چلو چھوڑو مجھے یہ بتاؤ کہ ناول میں ایسا کیا ہوتا ہے جو تم لوگ اسے اتنا خوش ہو کر ریڈ کرتی ہو مجھے بھی تو پتہ چلے۔

شاہ اس میں زندگی کی حقیقت ہوتی ہے۔۔ اپنی مرضی کی امیجینیشن کی دنیا ہوتی ہے۔

کیااس میں یہی ہوتا ہے؟؟

کوئی کردار نہیں۔۔۔۔۔رومان شاہ میرب کی معصوم سی باتیں سننا چاہتا تھا اس لیے بات کو کھینچا۔

نہیں شاہ اس میں روڈ ہیرو اور انوسنٹ لڑکی ہوتی ہے۔

انوسیٹ تمہارے جیسی۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں اور ہیروآپ کے جیسا میرب بلش کرتی ہوئی کھلکھلا کر بولی۔

ہمم پھر تو انٹرسٹنگ ہوگا اور کیا ہوتا ہے۔اس میں بہت کیوٹ اور رومینٹک مومنٹ ہوتے ہیں۔

اور کپلز کا آپس میں بہت سارا۔۔رومینس،،۔۔۔۔کیا۔۔کیا۔۔بتاؤ بتاؤ کیا میں سننا چاہتا ہوں۔

شاہ اللہ حافظ میرب نے ٹک سے فون بند کیا۔بنا شاہ کی بات سنے۔
شاہ نے پھر سے میرب کا نمبر ڈائل کیا مگر میرب نے رومان شاہ کی سوچ کے مطابق فون رسیو نہیں کیا۔

رومان شاہ نے ہنستے ہوئے میسج ٹائپ کیا۔۔۔اگر شرما لیا ہو تو ریڈی ہو جاؤ اور مرہا سے بھی جا کر بولو۔میں پک کرنے آرہا ہوں شاپنگ کے لیے۔
اوکے۔۔میرب کا فوراً ریپلائی آیا۔

اور جو بات ہماری ان کمپلیٹ رہ گئی ہے اسے یہیں سے
کریں گے 😉 ساتھ میں آنکھ ونگ کرتی ہوئی ایموجی continue
بھیجی۔

اب کی بار رومان شاہ کی سوچ کے مطابق اس کا بھی کوئی ریپلائی نہیں آیا۔

ooooooooo

مرہا افسردہ سی ہو کر اپنی امی جان کی گود میں سر رکھے ہوئے لیٹی ہوئی تھی
۔۔مرہا بیٹا اٹھو اپنے کپڑے سلیکٹ کرو تاکہ میں تمہارے ساتھ جانے والا
بیک ریڈی کروا سکوں۔۔مجھے کہیں نہیں جانا۔۔میرہا گود میں لیٹے ہوئے
اپنی امی جان کے کمر میں ہاتھ ڈال کر ان کے ساتھ چپکی ہوئی بولی۔۔میرہا بیٹا
ایسا کیسے چلے گا آپ کی پرسوں رخصتی ہے۔امی جان میں آپ کو چھوڑ کر نہیں
جاؤں گی۔۔بیٹا میرب بھی تو اپنی امی اور ابو کو بھائی کو چھوڑ کر آئی ہے۔وہ
ہمارے ساتھ کتنی خوشی خوشی رہ رہی ہے۔۔۔امی جان میں ابھی چھوٹی

ہوں۔۔ مرہا نے معصومیت سے اپنی امی جان کی گلے میں باہیں ڈالتے ہوئے کہا۔

بیٹا میرب تو آپ سے بھی دو سال چھوٹی ہے۔ وہ بھی تو رخصت ہو کر ہمارے گھر آئی ہے۔ تمہارے بھائی کا تو مزاج دیکھو کتنا سخت اور غصے والا ہے۔۔ پھر بھی وہ بچی کبھی اف نہیں کرتی۔

مگر تم تو اس معاملے میں خوش قسمت ہو شاہ میر کتنا پیار کرتا ہے تم سے۔ اور اس کا تو لہجہ بھی تمہارے بھائی کی نسبت بہت سافٹ ہے۔ ان کے پیار سے ہی تو ڈر لگتا ہے میرہا دماغ میں سوچی۔۔

مرہا تم یہاں پر ہو میں تمہیں پورے گھر میں ڈھونڈ کر آئی ہوں۔۔ شاہ ہم دونوں کو شاپنگ کے لیے لینے آرہے ہیں۔۔ تم ریڈی ہو جاؤ میرب مرہا کو

ڈھونڈتی ہوئی اپنی ساس کے روم میں آئی۔ہاں ہاں بیٹا اٹھو جلدی سے جاؤ شاباش رومان تمہیں پتہ ہے تھوڑا جلد باز ہے وہ اتنی دیر انتظار نہیں کرے گا۔۔۔

امی مجھے نہیں جانا ہے میرے سر میں درد ہے۔بیٹا تم اٹھو میں تمہارے لیے چائے بنوا دیتی ہوں اور تم پین کلر کھا کے چلی جانا۔مرہا کی ماں بیڈ سے نیچے اتر کر حلے پہن کر بولی۔

میرب بیٹا آپ بھی چائے پیو گی۔آپ کے لیے بھی بنوا دوں۔۔جی امی جان ۔۔تم دونوں جانے کے لیے تیار ہو جاؤ میں چائے بنواتی ہوں، بولتی ہوں کچن کی جانب چلی ہوئی باقی۔

بھابھی مجھے نہیں جانا سچ میں میرے سر میں درد ہے۔۔آپ چلی جائیں آپ ہی میری بھی شاپنگ کر لینا۔۔مرہا ایسے کیسے میں اپنی پسند سے تمہاری شادی کی شاپنگ کر لوں، یار تم چلو ساتھ میں اپنی پسند سے اپنی شاپنگ کرنا۔۔

بھابھی آپ کی چوائس بھی تو اتنی اچھی ہے آپ اپنی پسند سے لے آنا۔۔مرہا میں تمہارے بھائی کے ساتھ اکیلی نہیں جاؤں گی۔۔۔کیووووں۔۔جیسے کہ تمہیں تو پتہ نہیں ہے نا کہ تمہارا بھائی کیسا ہے۔

میرب مرہا کے پاس بیڈ پر بیٹھتے ہوئے بولی۔۔میرے بھائی بہت اچھے ہی۔مرہا نے اپنے بھائی کی طرف داری کی۔۔بھائی کی چمچی میرے بھائی بھی بہتتت اچھے ہیں۔

بالکل بھی اچھے نہیں ہیں۔۔۔کیوں ایسا کیا ہے بھائی نے میرب نے شرارتی انداز سے پوچھا۔۔۔وہ میری اتنی جلدی رخصتی کروا رہے ہیں ۔۔ہاں تو تمہارے بھائی نے تو میری رخصتی تم سے بھی پہلے کروال تھی۔اس میں ایسا کیا ہے۔۔

بھابھی آپ نے اپنے بھائی کو دیکھا ہے کتنے بڑے۔۔۔۔ہیں۔۔۔۔میڈم آپ نے اپنے بھائی کو غور سے نہیں دیکھا آپ کے بھائی بھی اتنے۔۔۔۔۔ بڑے ہیں۔میرب نے مرہ سے بھی بڑی باہیں پھیلا کر کہا۔۔۔مرہا بیٹا کتنی دیر ہے آپ لوگوں کی۔۔رومان شاہ کی آواز سے دونوں چونکی۔۔۔بھائی بس پانچ منٹ میں، میں ریڈی ہو کے آتی ہوں۔۔ٹھیک ہے جلدی آؤامی جان تم لوگوں کو چائے کے لیے بلا رہی ہیں۔۔اور تم میرے ساتھ آؤ مجھے تم سے کچھ کام ہے آنکھ کا اشارہ کرتے ہوئے میرب سے پہلے روم سے نکل گیا۔

میرب گھبراتے ہوئے رومان شاہ کے پیچھے پیچھے چلتی ہوئی روم کے اندر داخل ہوئی تھی۔۔اب بتاؤ کتنا بڑا ہوں میں کیا بول رہی تھی تم۔۔

روم کے اندر آتے ہی شاہ نے اپنے پیچھے آتی ہوئی میرب کو ہاتھ سے پکڑ کر اپنی طرف کیا۔۔اور روم کے دروازے پر اپنا ہاتھ رکھ کر دروازہ بند کرتے ہوئے میرب کی پشت کو دروازے کے ساتھ لگا دیا۔۔اپنی ماں کے کمرے میں آتے ہوئے میرب کے یہ جملے رومان شاہ سن چکا تھا۔

بولو کتنا بڑا ہوں میں۔بتاؤ مجھے۔شاہ اسکے اوپر جھکتے ہوئے بول رہا تھا۔۔شاہ مجھے کیا پتہ میں نے کبھی گنا ہی نہیں کہ آپ مجھ سے کتنے سال بڑے ہیں۔۔۔اواواوں ہوووں۔۔ایسے نہیں جس طرح مرہا کو بتا رہی تھی ویسے بتاؤ وہ شرارتی انداز سے بولا۔۔آ۔۔آپ۔۔مجھ سے بہت بڑے ہیں۔۔ہاتھوں سے بتاؤ کتنا۔۔میرب نے نظریں جھکائے ہوئے تھوڑے سے ہاتھ پھیلا کر کہا اتنا۔۔۔ناہ۔۔کم ہے مرہا کو تم نے زیادہ بتایا تھا اتنا

بتاؤ۔۔۔اب میرب مزید اپنی باہیں پھیلا کر بولی اتنے۔۔۔اب غصے والی نظروں سے شاہ نے میرب کی جانب دیکھا اور میرب نے فورن سے پہلے پوری باہیں پھیلا کر کہا اتنے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بڑے ہیں آپ مجھ سے۔۔۔جب تم نے مجھ سے عشق کیا تھا تب کیوں نہیں سوچا کہ تمہارا شاہ تم سے اتنا۔۔۔۔ بڑا ہے۔اپنے لفظوں پر زور دیتے ہوئے خمار دار لہجے میں کہا۔۔۔شاہ اس کمر پر ہاتھ باندھ کر اسے اپنے قریب کر کے اس کی دھڑکنوں کی تیز ہونے کی وجہ بن رہا تھا۔۔ شش شش۔شاہ پلیز تب آپ کو اتنا قریب آکر نہیں دیکھا تھا اس لیے وہ اٹک اٹک کر بولی۔۔۔تو اب دیکھ لو اب تو میں منع بھی نہیں کروں گا۔۔وہ خماری والے لہجے سے بولتا ہوا اس کے بالوں میں منہ چھپانے لگا۔۔۔

شاہ۔۔۔ہمم۔۔۔پلیز چھوڑیں مجھے شاپنگ کے جانا ہے۔۔۔میرب رومان شاہ کی سانسوں کی گرمی سے گبھرا گئی تھی۔۔

شاپنگ پر بھی تمہیں میرے ساتھ ہی جانا ہے پہلے مجھے یہ پتہ لگانے دو کہ میں تم سے کتنا بڑا ہوں۔ رومان شاہ کی ہاتھوں کی سختیاں اور لبوں کے لمس بڑھنے لگے تھے۔۔۔ وہ میرب کو اپنے ساتھ لباس کی طرح اپنے ساتھ چپکائے ہوئے، اس کی سانسوں کو تنگ کیے کھڑا تھا۔۔۔ رومان شاہ کو میرب کی قربت مسرور کر رہی تھی۔۔

میرب اس کی باہوں میں جکڑی ہوئی اس کی سانسوں کی تپش کو سہتی ہوئی باہوں میں مچل رہی تھی۔ اس کی تیز سانسوں کو دیکھ شاہ نے اپنا چہرہ پر اٹھایا۔ وہ مسکرایا رہا تھا۔ سچ میں تم میرے سامنے بہت چھوٹی ہو۔۔ میری اتنی سی قربت سے تمہاری دل کی دھڑکنیں اس قدر بے ترتیب ہوئی ہیں۔۔ تو جب میں اپنے حق وصول کرنے کے لیے تمہاری سانسوں سے زیادہ نزدیک آجاؤں گا تو تب تمہارا کیا ہو گا۔ اور مسکراتے ہوئے خماری سے بولا۔۔ اب

کچھ بولو گی نہیں میرب کو نظر جھکائے ہوئے شرم سے لال گلابی ہوتے ہوئے دیکھ کہا۔۔ نہیں نہ میں سر کو ہلایا۔۔ کیوں۔۔مجھے جانے دے۔۔۔یہ میرے سوال کا جواب نہیں ہے۔۔۔میں نے کہا اب کچھ بول کیوں نہیں رہی ہو اس کا جواب دو۔۔دروازے پر دونوں ہاتھ رکھے اس کے ساری راہ فرار بند کر کے کھڑا تھا۔۔۔مجھے آپ سے شرم آرہی ہے۔۔۔ہمم یہ جواب اچھا ہے مجھے پسند آیا۔۔۔اب چلو باقی شرمانے کا موقع تمہیں رات کو دوں گا ۔اپنی آنکھ کو ٹیس کرتے ہوئے بول کر پیچھے ہٹا

۔۔چلیں۔۔کہاں۔۔۔میرب روماشاہ شاپنگ کرنے چلے تم تو میری اتنی سی قربت سے ہی اتنی بدخواص ہو گئی ہو۔۔

ہو تو مجھے تو ڈر ہے کہ میری پناہوں نے جب پوری طرح سے آؤ گی تو تمہاری یادداشت کا کچھ حصہ غائب نہ ہو جائے۔۔اس کا ہاتھ پکڑتے کر اسے اپنے ساتھ روم سے باہر لے آیا۔۔

ooooooo

ہاں جی سب اوکے ہو گیا چلیں رومان شاہ نے میرب اور مرہا کی شاپنگ مکمل ہو کے دیکھ کر پوچھا۔۔

جی بس کل آکر میرہا کا لہنگا پک کرنا ہو گا اس میں ابھی کچھ فنشنگ باقی ہے۔اور مرہا کی جولری لینی ہے میرب نے بہت سمجھدار انداز سے جواب دیا

مگر کل تو مجھے اپنی ایک ضروری میٹنگ کے لیے لاہور جانا ہے۔۔۔تو پھر ہم لہنگا کیسے پک کریں گے۔۔لہنگا ڈرائیور لے جائے گا تم لوگ فی الحال آؤ میرے ساتھ اور جولری سلیکٹ کرو رومان شان نے میرب کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔

رومان شاہ نے مرہا کو بہترین شاپنگ کروائی تھی۔۔ کہیں پر بھی پیسوں کی کمی نہیں ہونے دی۔۔۔ ہر چیز بہتر سے بہترین لی گئی تھی۔

۔اب گولڈ کی جیولری دیکھی جا رہی تھی مرہا کے لیے۔۔۔ رومان شاہ نے مرہا کے لیے بہت بھاری چھ گولڈ کے سیٹ سلیکٹ کیے گئے تھے۔

اور ساتھ میں گولڈ کے کنگن اور کچھ الگ سے پہننے کے لیے رنگز بھی سلیکٹ کی گئی تھی۔۔

۔تم نے اپنے لیے کچھ نہیں لیا رومان شاہ جیولری کی دکان پر بیٹھا ہوا اپنی کرسی سے پیچھے ہو کر میرب کی طرف دیکھتے ہوئے بولا۔

۔نہیں میرے پاس سب کچھ ہے۔۔وہ سب کچھ پرانا ہے اپنے لیے نیا لو۔۔۔میم کو بیسٹ جیولری دکھایئے۔۔جی سر۔

۔جیولری بوائے نے بہت سارے باکسز میرب کے آگے رکھے۔۔۔ ہوں س۔۔دیکھو ان میں سے کچھ پسند کرو رومان شاہ نے اپنے ہاتھ سے میرب کے آگے ایک باکس کرتے ہوئے کہا۔

۔مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا کہ کیا لوں۔

۔یہ لے لو یہ مجھے کافی پسند آرہا ہے رمان شاہ نے گلے میں پہننے والے خوبصورت لاکٹ چین پر ہاتھ رکھا۔

۔میرب نے ہاں میں سر کو ہلا کر ڈن کیا۔اور کچھ چاہیے رومان شاہ نے اپنی رعبدار آواز سے میرب کی جانب دیکھتے ہیں پوچھا۔

۔نہیں چلیں کچھ نہیں چاہیے۔۔رومان شاہ نے شاپنگ کے بعد اپنے ڈرائیور کو کال ملائی۔اسے اوپر آنے کو کہا تھا۔ڈرائیور سارے شاپنگ بیگ اٹھا کر گاڑی میں رکھنے کے لیے لے گیا۔۔

۔رومان شاہ نے میرہا اور میرب کو کھانے کو کہا تو دونوں کو کافی بھوک لگ رہی تھی دونوں نے ہاں میں جواب دیا۔۔

شاہ دونوں کو اپنے ساتھ لیتا ہوا مال کے کیفے ٹیریا میں آگیا۔۔۔آرڈر کرو تم لوگ میں ذرا کال پر بات کر کے آتا ہوں۔

۔رومان شاہ نے ان کو ٹیبل پر بٹھا کر آرڈر بک کی طرف اشارہ کرتے ہوئے۔
آرڈر کرنے کے لیے کہا۔

۔وہ ان سے تھوڑا دور کھڑا ہو کر کال سن رہا تھا۔ مگر ان کی جانب تھی۔
اور اس کے چہرے کی خوشی یہ بتا رہی تھی کہ بات بہت ہی کوئی خاص ہے۔

۔تم لوگ جلدی سے کھانا کھاؤ مجھے لاہور کے لیے آج ہی نکلنا ہو گا۔۔

کیونکہ آج کی ٹکٹ کنفرم ہو گئی ہے رومان شاہ نے سامنے پیزا چپس اور اپنی
پسند کی چیزیں رکھی ہوئی میرب اور مرہا کے سر پر بم پھوڑا تھا۔

۔مگر بھائی آپ کو تو کل جانا تھا۔۔۔بچے ٹکٹ آج کی کنفرم ہوئی ہے تو مجھے آج ہی جانا ہو گا کیونکہ کام بہت ضروری ہے۔

۔اور تم اپنا منہ مت لٹکاؤ میں کل رات کو واپس آجاؤں گا مرہا کا لٹکا ہوا چہرہ دیکھ کر رومان شاہ نے اپنی بہن کے سر پر ہاتھ رکھ کر شفقت سے کہا۔۔۔

رومان شاہ نے ایک نظر میرب کی جانب بھی دیکھا تھا اس کے جانے کی خبر سے چہرہ تو اس کا بھی اتر گیا تھا۔۔

۔مگر اس کے اترے ہوئے چہرے کو دیکھ کر رومان شاہ کے دل کو کہیں نہ کہیں اچھا لگ رہا تھا۔

۔کہ کوئی اس کے جانے سے اس قدر اداس ہو رہا ہے۔۔میرب کے چہرے کی اداسی رومان شاہ کی دل کو سکون دے رہی تھی۔۔۔

oooooooooo

شاہ۔۔۔ہوں س۔۔۔جلدی آجایئے گا۔۔کیوں۔۔۔رومان شاہ اپنے کف کے بٹن بند کرتے ہوئے مرر کے سامنے کھڑا بالکل سپاٹ سے لہجے سے بولا۔

۔آپ کے بنا گھر اچھا نہیں لگتا۔۔۔کیوں اچھا نہیں لگتا۔۔۔شاہ پلیز خود ہی سمجھ جائیں نہ۔میرب اپنی نظروں کو جھکائے ہوئے اپنے ہاتھوں پر نظر جما کر کھڑی تھی۔

اداسی سے اور شرم سے لال ہوتی ہوئی میرب کی نیچرل خوبصورتی رومان شاہ کی دل کو بہکا رہی تھی۔۔

وہ سامنے ڈریسنگ کے مرر سے میرب پر اپنے نظریں جمائے ہوئے ۔۔ بڑے لاپرواہ سے انداز سے لاہور جانے کے لیے تیار ہو رہا تھا۔

۔میں بن بولے کیسے سمجھوں۔تم منہ سے کچھ بولو گی تو پتہ چلے گا نا کہ تم کیا کہنا چاہتی ہو۔

۔ویسے تو شاہ کو دنیا جہان کی باتیں سمجھ میں آجاتی ہیں۔جو نہ بولا جائے وہ بھی ان کو سمجھ میں آجاتا ہے۔

۔ مگر اب بول رہی ہوں کہ آپ کے گھر سے جانے سے گھر اچھا نہیں لگتا تو ،اس کا مطلب تو کوئی پانچ سال کا بچہ بھی سمجھ جائے گا۔ مگر شاہ کی موٹی بدھی میں اتنی سی بات نہیں آرہی، ویسے بہت بڑے بزنس مین اور سمجھدار بنتے ہیں۔

حالانکہ مطلب صاف تھا کہ میں ان کو بہت مس کروں گی۔

میرب غصے سے اپنی نظریں دیوار پر جمائے ہوئے اپنے دماغ میں سوچ کر اپنے چہرے کے زاویے اوپر نیچے کر رہی تھی۔

۔مر رہیں اس کی حرکتیں دیکھ کر رومان شاہ مسکرا رہا تھا۔۔۔میرب سب ڈن ہو گیا ہے۔۔کچھ رہ تو نہیں گیا۔۔رومان شاہ اپنا بیگ چیک کر کے بیگ کو ہینڈل سے پکڑ کر اپنے روم سے باہر نکل آیا۔

۔شاہ کتنے روڈ ہیں آپ۔کم سے کم جاتے ہوئے بندہ سلام دعا ہی لے لیتا ہے۔میرب شاہ کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے اپنے منہ کے زاویے بدلتی ہوئی سوچتی آ رہی تھی۔

۔آہاا۔۔کہا گم ہو۔۔رومان شاہ جان بوجھ کر میرب کے آگے چلتا ہوا ایک دم سے رکا۔وہ اس کی بے خیالی کو دیکھ رہا تھا۔

۔بے خیالی میں میرب آگے چلتے ہوئے رومان شاہ کو رکے ہوئے نہ دیکھنے کی وجہ سے سیدھی جا کر اس کی پشت سے ٹکرائی تھی۔

اور اب اپنا ماتھا پکڑ کر کھڑی ہوئی رومان شاہ کی طرف ایک ٹک دیکھ رہی تھی۔

۔خیریت یہ تمہاری بدحواسیاں مجھے سمجھ میں نہیں آرہی۔۔۔شاہ اس کی طرف اپنا رخ کرتے ہوئے،ایک آئی برو اٹھا کر رعبدار آواز میں بولا۔

۔ویسے بڑا آپ کو میرے دل کی بات سمجھ آرہی ہے۔۔کیا۔۔۔۔۔کچھ نہیں۔

۔ایک بار واپس آ لینے دو اس کے بعد تمہاری یہ بڑ بڑاہٹ ہمیشہ کے لیے بند کر دوں گا۔۔

وہ سخت لہجے سے کہتا ہوا اپنی ماں کے روم کی جانب بڑھا جہاں پر اس کی ماں صوفے پر بیٹھی ہوئی تسبیح پڑھ رہی تھی۔

ٹھیک ہے امی جان پھر میں چلتا ہوں آپ ذرا مسکرا کر میری جانب دیکھیں۔۔آپ سے وعدہ کیا ہے کہ میں کل ٹائم سے گھر پر پہنچ جاؤں گا۔۔

تو پھر آپ کا موڈ خراب کیوں ہے رومان صاحب اپنی ماں کے پاس بیٹھتے ہوئے ان کے پاؤں دبانے لگا۔۔

رومان تمہیں پتہ ہے کہ کل مرہا کا مایوں ہے پھر بھی تم جا رہے ہو۔

۔میرے دو ہی بچے ہے۔ جن کی شادیاں میں بہت دھوم دھام سے کرنا چاہتی تھی۔

تم نے اپنی مرضی سے بالکل سادگی سے رخصتی کروالی۔اب ولیمہ بھی کرنے کے لیے تم فی الحال تیار نہیں ہو۔

۔اب مرہا کی شادی میں بہت اچھی طرح سے کرنا چاہتی ہوں اور تم یہاں پر نہیں ہو گے۔تو یہ سب نہیں ہو سکے گا۔

رومان شاہ کی ماں اپنی ناراضگی جتاتے ہوئے اپنا چہرہ ایک سائیڈ پر کر کے بیٹھ گئی۔۔

میری پیاری امی جان آپ جیسا چاہتی ہیں۔ شادی ویسی ہی ہو گی۔ میں کہیں پر کوئی کمی بھی میں نہیں آنے دوں گا۔۔

آپ میری اتنی سی بات سمجھے۔ کہ اگر جانا بہت ضروری ہو گا، تو اسی لیے میں جا رہا ہوں۔

۔ مگر کل رات میں آپ کے پاس ہر صورت پہنچ جاؤں ہوں گا۔ یہ وعدہ ہے آپ کے بیٹے کا اپنی ماں سے۔

اپنی ماں کے چہرے پر ہاتھ رکھ کر اوپر کرتے ہوئے ان کی ناراضگی دور کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔

۔امی جان اب آپ مجھے مسکرا کر رخصت کریں اپنی دعاؤں کے
ساتھ۔رمان شاہ صوفے سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

رومان شاہ کی ماں نے اپنے بیٹے کی بات کا یقین کرتے ہوئے محبت سے گلے لگا
کر ماتھا چومتے ہوئے ال بہت ساری دعاؤں سے اپنے بیٹے کو رخصت کیا۔

مرہا آپ نے اپنا اور امی جان کا دھیان رکھنا ہے۔میں کل رات انشاءاللہ آپ
لوگوں کے پاس ہر صورت پہنچ جاؤں گا۔

۔امی جان آپ مجھے باہر تک چھوڑنے نہیں آئے گی۔اپنی ماں کو واپس
صوفے پر بیٹھتے ہوئے دیکھ کر رومان شانے پوچھا۔

نہیں میرے گھٹنوں میں کافی درد ہے۔ میرب تمہیں باہر تک چھوڑ کر آئے گی۔ رومان شاہ کی ماں ایک عقل مند خاتون تھی وہ چاہتی تھی۔ کہ میرب رومان شاہ کو باہر تک چھوڑنے جائے۔

رومان شاہ کی ماں نے آنکھ کے اشارے سے مرہا کو ملنے کے بعد اسے بھی باہر جانے سے روک دیا۔

۔رومان شاہ کا بیگ زکیہ ڈرائیور تک پہنچائی آئی تھی۔۔رومان شاہ کا سامان گاڑی میں رکھا جا چکا تھا۔

میرب رومان شاہ کے ساتھ چلتی ہوئی باہر تک آئی تھی۔رومان شاہ بنا بات کیے گاڑی کی طرف جا رہا تھا۔

رومان شاہ کے اس طرح چپ کر کے جانے سے میرب بہت اداس ہو گئی۔ وہ وہی مین ڈور کے پاس ہی رک گئی جب کہ رومان شاہ چلتا ہوا مین گیٹ کی طرف چلا گیا۔۔

شکل کیوں لٹکی ہوئی ہے۔۔رومان شاہ کی آواز پر میرب نے چونک کر اوپر دیکھا۔۔دونوں آئی بروا ٹھا کر آنکھوں کا اشارہ کرتے ہوئے مسکرایا۔۔آپ واپس کیسے آ گئے میرب حیرانی سے پوچھا۔

پیروں سے چلتا ہوا آیا ہوں۔ شاہ کا انداز شرارتی تھا۔ میرا وہ مطلب نہیں تھا۔ تو کیا مطلب تھا۔اسے یوں شرماتا ہوا دیکھ کر رومان شاہ نے ایک ٹھنڈی سی سانس فضا میں چھوڑی۔

میرب کے ماتھے پر اپنے لبوں کا بوسہ دیتے ہوئے۔ بہت گہری نظروں سے اسے دیکھا۔ خیال رکھنا اپنا میں کل رات تک آجاؤں گا۔

۔ پہنچ کر فون کروں گا۔ اپنے فون کا بھی دھیان رکھنا۔ کہتے ہوئے مسکرا کر واپس مین گیٹ کی طرف چلا گیا۔

جبکہ میرب اس کے جانے کے بعد بندروں کی طرح اوچھل اوچھل کر اپنے دل کو تسکین دے رہی تھی۔ وہ بہت خوش تھی کہ جاتے ہوئے شاہ اسے اتنی محبت سے دیکھ کر اور مل کر گیا ہے۔

بے وقوف لڑکی "رومان شاہ اپنی گاڑی کے مرر سے اسے یوں اچھلتا ہوا دیکھ کر، اپنے انابی لبوں سے مسکرا یا رہا تھا۔ میرب کی بچوں جیسی حرکتیں دیکھ کر رومان شاہ کو بہت ہنسی آ رہی تھی۔

بے وقوف لڑکی تمہاری معصوم حرکتیں تمہارے شاہ کو بہت بہاتی ہیں۔ اور ایک دن تم اپنے شاہ کو اس طرح بہکا کر اپنی جان کا ہی عذاب بناؤ گی۔۔ وہ مسکرا کر سوچتا ہوا۔ گھر سے دور اپنی ایک بہت بڑی حسرت کو پورا کرنے جا رہا تھا۔

ooooooo

اب رونے کا کیا فائدہ ہے۔ جب وقت تھا تو نہ تو ہمیں خود عقل آئی نہ ہماری بیویوں نے ہمیں سمجھانے کی کوشش کی۔

ہم نے اپنے بھائی کی بیوہ اور اس کے یتیم بچوں کو اس گھر سے روتا ہوا نکالا۔ تو آج خدا نے ہمیں وہی واپس پلٹ کر دیا ہے تو آج پھر ہمارا رونا کسی کام کا نہیں ہے۔

ہاں بھائی صاحب ظلم تو ہم نے کیا ہے اور حد سے زیادہ کیا ہے۔ جس کی سزا اللہ تعالی نے ہمیں بڑی اچھی طرح دی ہے اب نہ جائیداد رہی نہ عزت رہی نہ شہرت رہی نہ ہی گھر دونوں بھائی آپس میں گلے مل کر رو پڑے۔

۔وسیم میرے خیال سے ہمیں جا کر اپنے بھائی کی بیوہ اور اس کے یتیم بچوں سے معافی مانگ لینی چاہیے۔

۔جب تک وہ ہمیں معاف نہیں کریں گے ہمارا رب بھی ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گا۔خدا نے کہا ہے کہ جب تک جس کا تم نے دل دکھایا ہے۔وہ تجھے معاف نہیں کرے گا۔تو میں بھی تیرے لیے اپنی معافی کے دروازے کبھی نہیں کھولوں گا اویس شاہ اپنے بھائی وسیم شاہ کو سمجھا رہا تھا۔

مگر بھائی صاحب آپ کو کیا لگتا ہے کہ اتنی آسانی سے وہ لوگ ہمیں معاف کر دیں گے۔وسیم ہمیں کوشش تو کرنی چاہیے۔

۔بھائی صاحب آپ کتنی بار شہر گئے مگر واپس آ گئے۔آپ نے بتایا نہیں کہ کیا آپ کی بھابھی اور رومیوں سے ملاقات نہیں ہوئی۔

یا انہوں نے ہمیں معاف کرنے سے انکار کر دیا ہے۔وسیم شاہ نے اپنے بھائی اویس شاہ کی طرف جواب طلب نظروں سے دیکھا۔

اویس شاہ سے کچھ بولا نہیں گیا۔۔ مگر وقت کے اکڑے ہوئے انسان کو وقت نے ہی اس طرح سے توڑا تھا کہ آنسوں اس کی گالوں سے بہہ رہے تھے۔

پاپا ہم لوگ کہاں جائیں گے مہک روتی ہوئی اپنے باپ کے گلے سے آکر لگی۔بیٹا اللہ تعالی کی اتنی بڑی زمین ہے جہاں پر ہم جیسے گنہگاروں کے لیے بھی کوئی نہ کوئی جگہ تو ہو گی۔

مہک کے باپ نے روتی ہوئی بیٹی کو گلے سے لگایا۔ پاس کھڑی ہوئی دونوں کی بیویاں رو رو کے بے حال ہو رہی تھی۔

کیونکہ آج سارا عیش و عشرت یہ ٹھاٹ ان بان سب کچھ ختم ہونے والا تھا۔ ایک بھائی کو تو اس کے گناہوں کی، سزا خدا نے اسے بے اولاد رکھ کر بہت اچھی طرح سے دی تھی۔ وسیم بے اولاد تھا وسیم کے پاس اولاد نہیں تھی۔

اور اویس شاہ کی دو اولادیں آسم اور مہک تھیں۔ عاصم نے گاؤں کے ایک اور چوہدری کے بیٹے کے ساتھ مل کر گاؤں کی ایک غریب بے آسرا لڑکی کی عزت کو تار تار کیا تھا۔ ماں باپ کی غلط پرورش اور باپ کے پیسوں پر پلتی ہوئی بگڑی اولاد نے کسی کی بیٹی کی زندگی برباد کی۔

عاصم پر جب گاؤں والوں نے گھیرا تنگ کیا تو وہ اپنی جان بچا کر بھاگ کر اچی چلا گیا۔ اتنا بڑا گناہ کرنے کے بعد بھی اپنے بیٹے کو صحیح اور غلط کا فرق نہیں سمجھایا گیا بلکہ اسے سپورٹ دیکھ کر کراچی میں ہی ایڈمیشن کروا دیا۔

جہاں پر وہ اپنی پڑھائی مکمل کرنے لگا۔ مگر گاؤں کے کچھ بااثر لوگوں نے اس غریب کسان کی مدد کی۔ اور اس کی بیٹی کو انصاف دلانے کے لیے آگے بڑھے اس طرح کیس لاہور پولیس کے پاس فائل کر دیا گیا۔

مگر عاصم کراچی میں تھا۔ تو پولیس نے یہ کیس سندھ پولیس کے حوالے کر دیا۔ اور سندھ پولیس نے بہت جلد عاصم شاہ کو اپنی کسٹڈی میں لے لیا۔ اور اس کی بہت اچھی خاطر تواضع کی گئی۔ اس لیے بہت آسانی سے اس نے اپنا جرم بھی قبول کر لیا۔

۔اب تلاش اس کے ساتھی لڑکے کی بھی جاری تھی۔

اویس شاہ نے اپنی جان لگادی تھی اپنے بیٹے کو بچانے کے لیے۔ مگر ہر طرف سے ناکامی کا ہی سامنا کرنا پڑا۔ اویس شاہ اپنا سب کچھ بیچ کر بھی اپنے بیٹے کو رہا کرانے میں ناکام رہا تھا۔

ایک رات وسیم شاہ کی اور اویس شاہ کی فیکٹری میں آگ کے شعلے بھڑک اٹھے اب وہ شعلے کسی کی سازش کا نتیجہ تھے یا رومیوں اور اس کی مجبور ماں کی آنسوں کا صلہ۔

یہ تو وہ رب ہی بہتر جانتا تھا مگر فیکٹری جلنے سے ان کا کاروبار تباہ ہو گیا۔ سب مشینیں جل کر کباڑ کا ڈھیر ہو چکی تھی۔

لوگ ان کے ساتھ کام نہیں کرنا چاہتے تھے۔کام کرتے بھی کیسے کام کرنے کے لیے کچھ بھی تو نہیں بچا۔ فیکٹری میں کپڑے کا سٹاک جل کر خاک بن گیا۔کاروبار پوری طرح سے ٹھپ ہو گیا۔

اب عاصم شاہ کے کیس پر لگانے کے لیے اور گھر کے اخراجات پورے کرنے کے لیے زمینیں بیچنی شروع کر دی گئی۔

عاصم شاہ نے جو کرتوت کی تھی۔اس کی اسے معافی اور رہائی بالکل نہیں ملی۔اور نہ ہی ملنی تھی کیونکہ کیس سندھ پولیس کے ایک ایماندار افسر کے ہاتھ میں پہنچ گیا تھا۔

جس کو اویس شاہ اور وسیم شاہ کی جانب سے ایک بہت بڑی رشوت آفر کی گئی

۔

مگر جب بات نہیں بنی تو پھر سفارشیں کروائی گئی۔

مگر جب دیکھا کہ اس سے بھی کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا تو۔اویس شاہ نے اپنی پہنچ کے بل بوتے پر پولیس والے کے،ایک فیملی کے ممبر پر اٹیک کروایا۔

جس کی وجہ سے کیس اور بھی پیچیدہ ہو گیا۔جو انسپیکٹر عاصم کا کیس ہینڈل کر رہا تھا۔پہلے تو اپنی ایمانداری کی وجہ سے اس کیس سے پیچھے نہیں ہٹنا چاہتا تھا

۔

مگر اب یہ کیس اس کی ضد بن چکا تھا۔اس لیے عاصم کی رہائی کا ہر دروازہ وہ ایک کے بعد ایک بند کرتا جا رہا تھا۔

اور ادھر حالات بد سے بدتر ہوتے جا رہے تھے۔اب نوبت یہاں تک ان پہنچی تھی کہ گھر کی بڑی حویلی کی نیلامی ہو رہی تھی۔

۔مہک اور عاصم کا باپ اس وقت ایک بہت بڑی بیماری سے لڑ رہا تھا جس کا علاج بہت مہنگا اور بہت طویل تھا۔

مگر ان کے پاس علاج کے لیے پیسے تک نہیں تھے۔آج ان کا آخری سرمایہ ان کی حویلی جن پر وہ کبھی ناگ بن کر بیٹھے ہوئے تھے۔

اور اس حویلی سے مظلوم بھائی کی بیوہ اور یتیم بچوں کو روتے ہوئے نکالا تھا ۔آج وہ حویلی کسی اور کی ملکیت بننے جا رہی تھی۔

سچ کہتے ہیں وقت پلٹتے دیر نہیں لگتی کل جو خود کو راجہ مہاراجہ سمجھتے تھے
۔آج وہ فقیر بن کر کھڑے ہوئے اپنے ہی گھر کی نیلامی ہوتے ہوئے۔اپنی
روتی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔بس ایک سائن کی دوری رہ گئی تھی۔

مثال بالکل سوٹ بیٹھتی تھی۔

جیڑے توڑدے نے دل برباد ہون گے۔آج کسے نوں روایا کل آپ رون)
(گے۔

تشریح:۔

جو توڑتے ہیں دوسروں کا دل وہ بھی ایک دن برباد ہوں گے جو آج کسی کو رلا
رہے ہیں کل وہ وقت کے ہاتھوں خود روئیں گی۔
یہاں پر شاعر نے یہ واضح کر کے بتایا ہے کہ کسی کو رلانے والا خود کبھی
سکون سے نہیں رہ سکتے۔۔جس طرح آج رومیوں کے تایا چچا اور مہک عاصم

ان کی بیویاں سب رومیوں اور اس کی مجبور ماں کے آنسوؤں کی قیمت چکا رہے تھے۔

مہک نے جو عیش و عشرت دیکھ کر اپنے ماموں کے بیٹے سے شادی کی۔ وہاں پر اس کو روپیہ پیسہ تو ملا۔ مگر شوہر کی نظروں میں وہ عزت نہیں ملی جو ایک بیوی کو ملنی چاہیے تھی۔۔ نہ کبھی اپنے شوہر کی نظروں میں وہ محبت دیکھ سکی جو ہمیشہ رومیوں کی آنکھوں میں اسے اپنے لیے نظر آتی تھی۔

دونوں کی آپسی ان بن اور نام ملتے ہوئے مزاجوں کی بنا پر۔ شادی زیادہ عرصہ تک چل ہی نہیں سکی۔۔ چھ مہینے بعد ہی مہک طلاق لے کر واپس اپنے مائیکے آکر بیٹھ گئی۔۔ مہک کی طلاق ہونے کے بعد مہک کی ننیال والوں سے بھی تعلقات کافی خراب ہو چکے تھے۔۔

۔اس لیے اب یہ لوگ ان سے بھی مدد نہیں مانگ سکتے تھے۔آج اویس شاہ اپنی ہر گناہ کے لیے اپنے رب کے آگے شرمندہ تھا۔

اکلوتی بیٹی گھر واپس آکر بیٹھ گئی تھی۔بیٹا جیل میں سڑ رہا تھا۔گھر نلام ہو رہا تھا

۔

۔خود ایک خطرناک بیماری سے چونچ رہا تھا۔

بے شک اللہ کی لاٹھی بے آواز ہے جب پڑتی ہے تو۔ بڑے بڑے طرم خان بھی سیدھے ہو جاتے ہیں۔آج ان کی حالت دیکھ کر سب کو یہ کہاوت بہت اچھی طرح سے سمجھ آگئی ہو گی۔

کہ مت پیسے کے غرور میں کسی کے ساتھ برا مت کرو۔ کسی کو اتنی ہی اذیت دو جتنی خود کے لیے برداشت کر سکتے ہو۔ آج وقت کے مارے ہوئے کھڑے اپنے ہی حویلی کی نیلامی ہوتے ہوئے دیکھ رہے تھے۔

ooooooooo

کروڑ ایک 500 کروڑ دو۔۔۔600 کروڑ۔۔۔۔600 کروڑ ایک 500 600۔۔۔ کروڑ دو 600 کروڑ تی۔۔۔۔ ساڑھے چھ سو کروڑ۔۔۔۔600 کروڑ ایک ساڑھے چھ سو کروڑ۔۔۔۔10 کروڑ۔۔

۔نیلامی کی اس بولی سے تالیوں کی گونج اٹھی تھی۔اور نیلامی کرنے والا مائک اٹھا کر خوشی سے ڈیل ڈن کرنے ہی والا تھا کہ۔ کہ کسی کی بڑھتی ہوئی نیلامی کی رقم نے آواز نے اسے روک دیا۔۔15 کروڑ۔۔۔15 کروڑ ایک 15 کروڑ دو۔۔۔20 کروڑ۔۔۔ نیلامی کی اس رقم سے اب کوئی آواز

دوبارہ نہیں ابھری تھی۔۔نیلامی میں بیٹھے ہوئے لوگ اتنی بڑی رقم سے آگے بولی نہیں بڑھانا چاہتے تھے۔20 کروڑ ایک 20 کروڑ دو 20 کروڑ تین اور یہ حویلی 20 کروڑ نیلامی میں ڈن کی جاتی ہے مائک والے نے اونچی آواز میں سب کو اگاہ کرتے ہوئے کہا۔

۔مبارک ہو دلاور صاحب یہ شاندار حویلی اور اس کی اندر کی خوبصورت اسائشی چیزیں آپ کی ہوئی۔۔۔آپ یہاں پر سائن کر دیں۔۔تاکہ ہم حویلی کے پیپر آپ حوالے کر سکے۔۔

نہیں سائن اس حویلی کے مالک خود آکر کریں گے۔

۔تو سر کیا آپ مالک نہیں ہیں۔۔جی نہیں بس دو منٹ کا ٹائم دیجیے وہ ابھی پہنچتے ہی ہوں گے۔۔لیجیے آگئے حویلی کے اصل مالک میں تو صرف ان کی طرف سے بولی لگا رہا تھا۔۔مالک تو یہ ہیں دلاور خان ہاتھ کا اشارہ کرتے ہوئے اپنی نظریں باہری راستے کی جانب کی۔۔۔

دلاور خان کے ہاتھ کے اشارے کی جانب سب نے ہی دیکھا۔ جن میں گھر کے ممبران اور نیلامی میں آئے ہوئے سب لوگ بھی شامل تھے۔۔۔آنے والے کی پرسنلٹی دیکھ کر سب کی نظریں اش اش کرا ٹھی تھی۔

اس کی خوبصورت پرسنلٹی دیکھنے والوں کی نظروں پر اپنی چھاپ چھوڑ رہی تھی۔

اس کا گورا رنگ کالے سوٹ میں چودویں کے چاند کی مانند چمک رہا تھا۔ بلیک کلر کے برینڈڈ کرتا شلوار پہنے ہوئے کاندھوں پر سکن کلر کی گرم شال ڈال کر اکڑی ہوئی مغرور چال سے چلتا ہوا آرہا تھا۔ نظریں سامنے اپنی منزل پر مرکوز کیے ہوئے تھا۔

شال کو گلے میں ڈال کر اس کے دونوں کانر سامنے کی طرف لٹکے رہیں تھے ۔جس سے اس کی پرسنلٹی اور بھی جاذبے نظر لگ رہی تھی۔۔کرتے کے بازو فولڈ کیے ہوئے تھے۔جس سے اس کے مردانہ بازو واضح نظر آرہے تھے۔۔

خوبصورت کلائیوں پر گہرے مردانہ بال اس کی مردانہ شخصیت کو اور بھی نکھار رہے تھے۔اس نے ہاتھ خوبصورت بلیک ایپل کی ریسٹ واچ ہ پہنی ہوئی تھی۔

ایسا لگ رہا تھا کہ اس گھڑی کی شعبہ بڑھ گئی ہے پہننے والے کے ہاتھ میں جا جس سے.... pro max iphone 15" کر۔۔ہاتھ میں پکڑا ہوا صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ آنے والے کے پاس پیسے کی کمی نہیں تھی۔

پیروں میں برانڈڈ شوز پہنے ہوئے تھے۔ جس سے وہ اپنی مردانہ وجاہت کے ساتھ چلتا ہوا خوبصورتی کے ساتھ قدم بڑھاتا ہوا نیلامی کے مائک سٹیج تک پہنچا تھا۔

وہ اس طرح سے گزر کر اسٹیج تک پہنچا کہ جیسے ارد گرد کوئی بھی نہ کھڑا ہو۔ ۔آنکھوں پر لگے ہوئے۔ دھوپ میں سے بچنے والے چشمے کی وجہ سے اس شخص کی آنکھوں کی گہرائیوں کو دیکھنے سے لوگ قاصر تھے۔

۔یہ لیجیے سر اور یہاں پر سائن کر دیں۔اس آدمی نے فائل آگے کرتے ہوئے پین پکڑایا۔۔ سر آپ کو حویلی بہت بہت مبارک ہو۔۔ سائن ہونے کے بعد، اب یہ خوبصورت دو ایکڑ رقبے میں پھیلی ہوئی عالی شان حویلی رومان شاہ ولد تبریز شاہ کی ہو چکی تھی۔

آج رومان شاہ عرف رومیوں اس حویلی کا مالک تھا۔ جہاں سے ایک دن اسے بے عزت کر کے اسی کے حصے دستبردار کر کے نکال دیا گیا تھا۔

ooooooo

رومان شاہ کو دیکھ کر مہک کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی۔ جس رومیوں کو کبھی اس نے غریب اور گھر کا نوکر کہہ کر دھتکارا تھا۔

آج وہ رومان شاہ بن کر واپس لوٹا تو مہک کا اپنی قسمت پر رونے کو دل کر رہا تھا۔

خوبصورتی میں تو وہ کبھی بھی کم نہیں تھا مگر وقت جوانی اور پیسے نے اسے اس قدر نکھار دیا تھا کہ۔ مہک کی نظر نہیں ہٹ رہی تھی رومان شاہ سے۔

۔یہ رومیوں ہے نا۔بے اختیار مہک کی ماں کے لبوں سے نکلا۔ نہیں یہ رومان شاہ ہے رومیوں وہ تھا، جس کی ہمارے پاس کھڑے ہونے کی اوقات نہیں تھی۔

اور یہ رومان شاہ ہے جس کے پاس کھڑے ہونے کی ہماری اوقات نہیں ہے۔رومان شاہ کاتایا بڑی حسرت اور فخر کی نظروں سے رومان شاہ کی جانب دیکھ رہا تھا۔

آپ کو پتہ تھا کہ رومیوں اتنا قابل ہو گیا ہے۔۔کیا آپ یہ بات جانتے تھے۔ مہک کی ماں نے بڑے تجسس پھری نظروں سے دیکھتے ہوئے مہک کے والد سے پوچھا۔

ہاں پتا تھا۔۔ پھر ہمیں کیوں نہیں بتایا۔۔ جان کر تم لوگ کیا کر لیتے۔ رومیوں اور اس کی ماں سے معافی مانگتے۔۔ میں نے کوشش کی تھی، مگر ہمارے ماضی کے گناہ اتنے زیادہ تھے کہ رومیوں ہم سے نہیں ملنا چاہتا تھا۔

میں جب بھی عاصم کے سلسلے میں کراچی جاتا تھا۔ ہر بار رومیوں کے آفس جا کے رومیوں سے ملنے کی کوشش کرتا تھا۔

مگر ہر بار اس نے ملنے سے انکار کر دیا تھا۔ تو ایسے میں۔ میں تم لوگوں کو کیا بتاتا ہوں مہک کا والد مہک کی ماں اور باقی سب کو بتا رہا تھا۔ پاپا اس نے تو ہماری طرف نظر بھر کر دیکھا بھی نہیں۔

وہ تو ایسے گزر کے گیا جیسے ہم وہاں پر اس کو نظر ہی نہ آئے ہوں۔ مہک اور اس کی ماں اویس شاہ سے شکوہ کر رہی تھی۔۔

بیٹا ہم لوگوں نے جو ان کے ساتھ کیا اس کے بعد اس کا ایسا ری ایکٹ کرنا ہی بنتا ہے۔ مہک اور اس کی ماں چپ ہو گئی۔ کیونکہ حقیقت یہی تھی جو اویس شاہ ان کو دکھا رہا تھا۔۔

ooooooooo

مرہا تم جلدی سے یہ لہنگا اور چولی ٹرائل روم میں جا کر چیک کر لو تا کہ گھر جا کر کوئی پرابلم نہ آئے۔ اور یار جلدی چیک کرنا ہمیں جلدی گھر پہنچنا ہے۔

اور جا کر تمہارے مایوں کی تیاری بھی کرنی ہے۔ اگر شاہ آ گئے تو وہ بہت ناراض ہوں گے۔ ہمارے اس طرح اکیلا ڈرائیور کے ساتھ آنے پر۔ تمہیں پتہ ہے کہ شاہ کو اس طرح ڈرائیور کے ساتھ ہمارا آنا بالکل پسند نہیں ہے۔

میرب اور مرہا جو ڈرائیور کے ساتھ مال میں آئی ہوئی تھی۔ ویسے تو وہ امی جان کی اجازت سے آئی ہوئی تھی۔

مگر رومان شاہ کو یہ پسند نہیں تھا کہ۔ وہ دونوں اس طرح اکیلی یہ ڈرائیور کے ساتھ گھومتی پھریں۔۔اس لیے میرب کی تو اب ڈر سے جان نکلی ہوئی تھی۔

۔بھابھی بھائی نے رات کو آنا ہے۔ابھی ان کے آنے میں بہت ٹائم ہے ۔میرب کو اتنا گھبرا کر تیز تیز بولتے ہوئے دیکھ۔ مرہا میرب کو تسلی دے رہی تھی۔ حالانکہ سچ تو یہ تھا کہ جان مرہا کی بھی نکل رہی تھی ڈر کے مارے۔

ہاں مرہا مجھے پتہ ہے مگر ہمیں جلدی گھر پہنچنا ہے۔اگران کا فون آگیا تو پھر کیا جواب دیں گے۔ہاں بھابھی یہ بات تو میں نے سوچی ہی نہیں۔

۔میری جان اب سوچ لو،اور مہربانی کر کے جلدی سے چیک کر کے واپس آؤ۔تب تک میں تمہاری شادی کے ڈریس کے ساتھ کی بینگلز لے کر آتی ہوں۔میں سلیکٹ کر لوں،یا تم آکر خود پسند کرو گی۔

میرب نے جاتے ہوئے پلٹ کر پوچھا۔نہیں نہیں آپ خود ہی پسند کر لینا میں تب تک یہ ٹرائی کر کے آتی ہوں۔مرہا اپنا لہنگا اور چولی لے کر ٹرائل روم کے اندر آگئی۔

مرہا مرر کے سامنے کھڑی ہوئی نظریں نیچے کو جھکا کر بہت غور سے اپنا لہنگا دیکھ رہی تھی۔ جس پر بہت ہی خوبصورت موتیوں کے ساتھ چھوٹے چھوٹے نقشی اور کورے کے ٹکڑے لگا کر کام کیا ہوا تھا۔

ریڈ لہنگے پر گولڈن کام بہت ہی اٹھ رہا تھا۔ مرہا ٹرائل روم میں آکر بہت ہی اداس سی ہو کر اپنا شادی والا ڈریس چیک کر رہی تھی۔

وہ پورا ڈریس پہن کر مرر کے سامنے کھڑے ہو کر خود کو دیکھ رہی تھی۔ وہ رف سے چہرے میں بھی دلہن کا لباس پہنے ہوئے بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔

وہ اپنے لہنگے کے کام کو دیکھنے میں اس قدر مگن تھی کہ اسے احساس ہی نہیں ہوا کہ کوئی کب اس کے اتنے پاس آکر اس کی ہر حرکت کو اپنی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

اسے احساس تو اس وقت ہوا جب کسی نے اپنے مضبوط بازوں سے اسے اپنے گھیرے میں لے کر کسا تھا۔

آہ آہ۔۔۔ شششششش "چپ میں ہوں شاہ میر پاگل لڑکی۔ مرہا کی ڈر سے آنکھیں باہر آنے کو تھی۔۔ اگر شامیر وقت پر اس کے منہ پر ہاتھ نہ رکھتا تو مرہا نے پورا مال اکٹھا کر لینا تھا۔

میم آپ ٹھیک ہیں مرہا کی چیخنے کی آواز سے مال گرل باہر کھڑی ہوئی مرہا سے مخاطب ہو کر پوچھ رہی تھی۔

مرہا کے منہ پر شاہ میر نے اپنا ہاتھ رکھا ہوا تھا۔ مرہا کی پشت پر اپنا سینہ لگائے ہوئے ایک ہاتھ اس کے پیٹ پر باندھ کر اور دوسرا اس کے منہ پر رکھے ہوئے کھڑا تھا۔

آواز دو اسے کہو کہ تم ٹھیک ہو۔ شاہ میر نے آہستہ سے مرہا کے کان میں سرگوشی کی۔ مرہا نے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر اشارہ کیا کہ یہ ہٹاؤ گے تو کہوں گی نہ۔ اوں ں۔ جلدی بولو اور اس کو کہو یہاں سے جائے۔

آپ یہاں پر کرنے کیا آئے ہیں۔ میری چھوٹی سی پولیس انسپیکٹر میری انویسٹیکیشن بعد میں کر لینا۔ پہلے وہ جو باہر کھڑی اس کو بولو کہ جائے۔۔ میم آپ کی آواز نہیں آ رہی کیا میں اندر آؤں۔۔ نن۔۔ نہیں۔ آپ جائیں میں ٹھیک ہوں۔ مگر میم آپ کی چیخ سے تو بالکل نہیں لگ رہا تھا کہ آپ ٹھیک ہیں۔۔

اب میں کیسے بتاؤں کہ میں نے جن دیکھ لیا تھا۔۔ مرہا نے غصے سے چہرہ پیچھے کی جانب مڑتے ہوئے شاہ میر کی جانب دیکھا۔

۔جو دانت نکالتے ہوئے اپنی ٹھوڑی مرہا کے کاندھے پہ ٹکائے ہوئے اسے اپنی باہوں کے گھیرے میں لے کر کھڑا ہوا تھا۔

شرم اور ڈر سے مرہا کی سانس اٹکی ہوئی تھی۔ چلی گئی ہے وہ اب بتائیں آپ یہاں کیوں آئے ہیں۔ مرہا نے شاہ میر کی باہوں سے نکلنے کے لیے اپنی کہنی کو اس کے پیٹ میں مارا۔

افففففف۔۔ جنگلی لڑکی یہ کیا کر رہی ہو۔اس کی پکڑ اور مضبوط ہوئی تھی۔۔ میں نے پوچھا آپ یہاں کیوں آئے ہیں۔

اپنی بیوی کو شادی کے جوڑے میں دیکھنے کا سب سے پہلا حق اس کے شوہر کا ہوتا ہے بس وہی حق آزمانے آیا ہوں۔

۔آپ میں کوئی شرم حیا بھی ہے یا نہیں۔ایسے کوئی ٹرائل روم میں کپڑے چینج کرتی ہوئی لڑکی کو دیکھتا ہے۔

مرہا اپنی چھوٹی سی ناک کو سنگوڑ کر اور بھی چھوٹا کر کے غصے سے بول رہی تھی۔ پہلی بات کہ تم کوئی لڑکی نہیں ہو۔

نکاح ہو چکا ہے۔اسلامی اور قانونی طور پر تم میری بیوی ہو اس لیے مجھے تمہیں دیکھنے کی پوری پوری آزادی حاصل ہے۔

اور دوسری بات لڑکی میں تمہارے چینج کرنے کے بعد آیا ہوں۔"حالانکہ دل کے تو یہی ارادے تھے کہ ،اپنی بیوی کو میں اسی حالت"۔۔کتنے بے شرم ہیں آپ میر ہانے شرم کے مارے اپنا ہاتھ شاہ میر کے منہ پر رکھا۔

اووواں س۔۔۔

شاہ میر نے مرہا کے گال پر ایک زوردار کس کی تھی۔۔۔کیا بد تمیزی ہے۔۔

اے سی پی کی جان اسے بد تمیزی نہیں۔ منہ میٹھا کرنا کہتے ہیں۔ آخر یار آج تم اپنا شادی کا ڈریس لے کر جا رہی ہو تو منہ میٹھا کرنا تو بنتا ہے۔ وہ شرارتی ہو رہا تھا۔

۔ سوٹ میرا ہے تو منہ میٹھا آپ کا کروانا کیوں بنتا ہے۔ مرہا نے اپنی کم عقلی اور معصومیت میں یہ جملہ بولا۔۔ ہمم۔ یہ تو میں نے سوچا نہیں چلو کوئی بات نہیں ہے۔ ابھی تمہارا منہ میٹھا کروا دیتا ہوں۔

اب مرہا کو اپنے جملے کی اہمیت تو پتہ چل چکی تھی۔ مگر اب ہو کچھ نہیں سکتا تھا۔ کیونکہ مقابل اس کے لبوں پر جھک کر اپنے لبوں کو سکون پہنچانے کے لیے اس کے ننے منے سے لبوں کو اپنی قید میں لے گیا۔

اب مرہااس کی گرفت میں سوائے تڑپنے کے اور کچھ نہیں کر سکتی تھی۔
آپ بہت گندے اور بہت بد تمیز ہیں۔

شاہ میر اس کے لبوں پر گستاخی کر کے پیچھے ہٹا تو مرہا نے غصے سے اس کے سینے پر ہاتھ کر پیچھے کرتے ہوئے کہا۔

شاہ میر کے لبوں کی سختی سے میرہا کی آنکھیں نم ہو گئی تھی۔میری جان اس میں میرا کوئی قصور نہیں ہے تم نے خود ہی کہا کہ ڈریس تمہارا ہے تو منہ بھی میٹھا تمہارا ہونا چاہیے۔۔

تو میں نے تو بس تمہارے حکم کی تعمیل کی ہے۔☺ میں نے ایسا کچھ بھی نہیں کہا تھا۔۔اچھا مجھے تو یہی سمجھ آئی تھی۔

چلوایک کام کرتاہوں میں اپنی کس واپس لے لیتاہوں وہ اس کے لبوں پر جھکا۔۔پلیز پیچھے ہٹیں۔۔۔ہاہا۔۔اوکے۔اوکے۔ریلیکس ہو جاؤ کچھ نہیں کرتا شاہ میر مرہا کی حالت دیکھ کر پیچھے ہو کر ہنسا۔۔

آپ کو اندر کس نے آنے دیا۔آپ کیسے اندر آئے مرہا نے حیرانگی سے پوچھا۔مرہا جی شاید آپ کو یاد نہیں ہے، کہ آپ کا شوہر ایک پولیس والا ہے۔

جو ہر کام جائز اور ناجائز طریقے سے کرنا جانتا ہے۔ہاں اور آپ ناجائز طریقے سے ہی اندر آئے ہوں گے۔۔نہیں فی الحال تو میں اندر بھی جائز طریقے سے آیا ہوں۔۔اور مال میں آپ لوگوں کے پاس بھی جائز طریقے سے آیا ہوں۔

پلیز اب آپ چلے جائیں بھابھی چوڑیاں لے کر آتی ہوں گی۔

نہیں میں تمہیں شاپنگ کروانے کے لیے آیا ہوں۔۔اور ڈرو نہیں اپنی اور تمہاری ماں کی اجازت طلب کر رکھی ہے۔۔ مگر بھائی نے ساری شاپنگ کروا دی ہے مجھے۔۔یہ لہنگا چولی کا کلر مجھے بالکل پسند نہیں ہے۔۔

اس لیے باہر چلو اور میری پسند کا، میرے فیورٹ کلر کا لہنگا لو۔اور پیسے میں خود دوں گا۔اپنے بھائی کو بولنا کہ اب وہ اپنے پیسے اپنی بیوی پر لٹایا کرے۔

اپنی بیوی پر پیسے لوٹانے کے لیے اس کا شوہر ہے۔اب میں جا رہا ہوں تم چینج کر کے باہر آؤ شامیر آہستہ سے بولتا ہوا۔ٹرائل روم سے نکل گیا۔

مرہاتو دیکھتی رہ گئی کہ یہ بندہ آیا کیسے اور گیا کیسے۔۔

ooooooo

بھائی آپ کب آئے۔میرب جو مرہا کے ویڈنگ ڈریس کی میچنگ بینگلز لے کر واپس آرہی تھی۔اچانک اپنے بھائی کو سامنے دیکھ کر کھلکھلائی تھی۔

وہ مسکراتے ہوئے اپنے بھائی کے گلے ملی۔کیسا ہے میرا بچہ۔شاہ میر بھی اپنی لاڈلی کو بہن کو سامنے دیکھ۔خوشی سے اسے اپنے ساتھ لگائے ہوئے اس کا حال چال پوچھ رہا تھا۔

تم تو بچے ہم کو بھول ہی گئی ہو۔شاہ میر نے ہنستے ہوئے ناراضگی کا اظہار کیا۔نہیں بھائی میں آپ کو کیسے بھول سکتی ہوں۔

بس شاہ کا موڈ خراب ہو جاتا ہے میرے جانے کا نام سن کر میرب کے منہ سے پھسلا تھا۔ میرب کو احساس ہو گیا تھا کہ شاہ کے بارے میں۔ بھائی کو بتا کر اس نے غلط کر دیا ہے۔

کوئی بات نہیں دو دنوں کی بات ہے اس کے بعد جب خود کی بہن سے دور رہنا پڑے گا۔

تب اس اکڑو کو احساس ہو گا کہ کسی کی بہن کو دور رکھنا کتنا تکلیف دے عمل ہوتا ہے۔ شاہ میر شاہ میر کا لہجہ سخت ہو گیا۔ اور ساتھ میں ماتھے پر بے شمار بل پڑ گئے تھے رومان شاہ کا نام سن کر۔

بھائی آپ غلط سوچ رہے ہیں ایسا نہیں ہے کہ وہ مجھے جانے سے منع کرتے ہیں۔

بس امی جان کہتی ہیں کہ میرے جانے سے گھر میں رونق نہیں ہوتی۔امی جان کی وجہ سے شاہ مجھے روکتے ہیں۔

وہ اپنی بات کو چھپانے کے لیے ایک نیا جھوٹ بول رہی تھی۔آخر میرب اپنے شاہ کی برائی اپنے بھائی سے کیسے کر سکتی تھی۔

۔جبکہ اسے پتہ تھا کہ ایک سیر ہے تو دوسرا سوا سیر۔ایک اینٹ ہے تو دوسرا پتھر۔تو ایسے میں میرب کبھی بھی ان دونوں کا آپس میں تصادم نہیں چاہتی تھی۔

کیا آپ شادی کے بعد مجھے میرے گھر نہیں آنے دیں گے۔ٹرائل روم سے واپس آتی ہوئی مرہا۔شامیر اور میرب کی بات سن کر گھبرائی تھی۔

نہیں مرہا بھائی نے بس غصے سے بول دیا ہے۔ایسا کچھ بھی نہیں ہو گا میر ب نے دو قدم بڑھا کر اس کے دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر اسے خود کے پاس کیا۔

۔ نہیں مجھے پتہ چل گیا ہے کہ جو سلوک بھائی آپ کے ساتھ کریں گے یہ بھی میرے ساتھ وہی سلوک کیا کریں گے۔

۔مرہا شاہ میر کی بات سن کر کافی پریشان اور گھبرائی ہوئی تھی۔اس نے شاہ میر کی بات کو سچ ہی مانا تھا۔

شادی کے بعد تمہارا گھر وہ نہیں ہو گا بلکہ میرا گھر ہی تمہارا ہو گا۔۔شاہ میر نے دو ٹوک انداز سے کہا۔

تو پھر کیا آپ مجھے اپنے گھر میں قید کر لیں گے ہمیشہ کے لیے۔اس کی آنکھیں نم ہونے لگی تھی۔

ہاں اگر تمہارا بھائی میری بہن کو اپنے گھر میں قید کر کے رکھ سکتا ہے تو، پھر تم مجھ سے بھی یہی امید رکھنا۔اس کا لہجہ کہیں سے بھی مذاق والا نہیں تھا۔

آپ مجھ سے شادی صرف بھائی سے بدلہ لینے کے لیے کر رہے ہیں۔اگر تمہیں ایسا لگتا ہے تو پھر تم۔ایسا ہی سمجھو شاہ میر کا لہجہ اور تیور دونوں ہی خراب تھے۔

۔میر ب ہانکوں کو کی طرح کبھی اپنے بھائی اور کبھی مرہا کی جانب دیکھ رہی تھی۔

۔بھائی آپ لوگ کیوں بات کو اتنا بڑھاوا دے رہے ہیں۔ بات اتنی بڑی تو نہیں تھی۔ جتنی بڑی آپ لوگوں نے بنادی ہے۔بھائی مجھے شاہ نے آنے سے منع نہیں کیا میں آپ کو بتا چکی ہوں۔

میرب کو اپنے الفاظوں پر ہی غصہ آرہا تھا۔ کہ اس نے کیوں اپنے بھائی سے شاہ کے بارے میں کہا۔

مرہا۔۔ہوں س۔شاہ کا فون آرہا ہے۔کیاااا۔۔۔میرب جو اپنا فون مرہا کے آگے کر کے نمبر دکھا رہی تھی۔مرہا کے چونکنے سے میرب کے ہاتھ سے فون زمین پر گر گیا۔اور فون کی سکرین ٹوٹ گئی۔اور فون آف ہو گیا۔فون بند ہو چکا تھا۔

میرب اسے بار بار آن کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ شاہ کے ڈر سے گھبرائی ہوئی میرب کے چہرے کے زاویے شامیر بہت غور سے دیکھ رہا تھا۔

کیا ہو گیا ہے یہ آن کیوں نہیں ہو رہا۔ شاہ سمجھیں گے، کہ میں نے خود فون آف کیا ہے۔ میرب فون کرتے ہوئے ساتھ میں من کر رہی تھی۔

بھابھی بھائی کا فون میرے نمبر پر آ رہا ہے۔ مرہا نے رنگ کی آواز پر اپنے فون کو ہینڈ بیگ سے نکال کر دیکھا تھا۔

فون سکرین پر جگمگاتا ہوا بھائی دیکھ کر مرہا کے قدموں تلے جان نکلی تھی۔ نمبر دیکھتے ہی فون میرب کے آگے کر دیا۔

میرہا پلیز تم کر لو نا بات۔ میرب میں گھبراتے ہوئے فون ہاتھ سے میرب کی جانب کیا۔ بھابھی میں بھائی سے کیا کہوں گی۔ کہ ہم کہاں ہیں۔

۔ کیا ہو گیا ہے اگر رومان شاہ کا فون ہے تو اٹھاؤ کھا تھوڑی جائے گا۔ شاہ میر نے میرہا اور میرب کے ڈرے ہوئے چہرے دیکھ کر کہا۔

میرہا میں نے کہاں تھا نا کہ جلدی کرو۔ ہم لوگ اگر یہاں سے جلدی نکل جاتے تو، اب تک ہم لوگ گھر پہنچ چکے ہوتے۔

۔ میرب نے بنا شاہ میر کی بات کا جواب دیے۔ مرہا کا ہاتھ پکڑ لیا۔ میرہا چلو جلدی کرو۔ میرب کے سامنے رومان شاہ کی کھانے جانے والی نظریں تھی۔

چلواب جلدی چلو۔میرب میرہاکاہاتھ پکڑ کر گھسیٹے والے انداز سے ساتھ لے جارہی تھی۔۔۔میرب بیٹاکیا۔۔۔ہو گیاہے۔کیوں اتنی گھبرائی ہوئی ہو ۔تم فون اٹھاؤاور رومان شاہ کو بولو کہ تم مال میں ہو۔

اور میں ہوں تم لوگوں کے ساتھ اس لیے گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے شامیر تیز قدموں سے چلتاہوا پاس آیا۔

آپ کو بھائی کا نہیں پتہ میں نے آپ سے کہا تھاناکہ ،میں نے سب کچھ خرید لیاہے۔پھر بھی آپ نے زبردستی اتناکچھ لے کر دیں دیاہیں۔خواہ مخواہ میں اتناٹائم ویسٹ ہو گیا۔

میرے ساتھ گزارے ہوئے وقت کو تم ویسٹ ہونا کہتی ہو۔شاہ میر کالہجہ سرد ہوا۔

مرہامیرب کے ساتھ بھاگتی ہوئی چلی جارہی تھی۔میری بات کا جواب دو میرے ساتھ گزارا ہوا وقت تمہیں ویسٹ ہونا لگتا ہے۔

مرہا کی بات شاہ میر کو بہت بری لگی تھی۔ہاں آج آپ نے ہمارا ٹائم ویسٹ ہی کیا ہے۔گڈ ویری گڈ تو ٹھیک ہے اب ہماری ملاقات رخصتی کے بعد ہی ہو گی۔

اور تب تک تم رہو اپنے بھائی کی ملکیت بن کر شامیر بے حد غصے سے مرہا کی جانب دیکھ رہا تھا۔بھائی پلیز۔۔۔۔شاہ میر نے ہاتھ کے اشارے سے میرب کو چپ رہنے کو کہا۔

بیٹا اگر آپ اپنے شوہر سے اتنا خوفزدہ ہوتی ہیں۔اور ڈرتی ہے تو ذرا اپنے نند کو بھی بتایا کریں کہ شوہر کی ویلیوں کیا ہوتی ہے۔

شامیر مرہا کی جانب دیکھتے ہوئے بہت سخت نظروں دیکھ طنز کر رہا تھا۔ میرب کا تو اس وقت خود کا دماغ کام نہیں کر رہا تھا۔ وہ کسی سے کیا کہتی۔

میں تم دونوں کو گھر ڈراپ کر دیتا ہوں شاہ میر نے اس بار مرہا کی جانب دیکھا بھی نہیں تھا۔

شاہ میر نے میرب اور مرہا کو دل کھول کر شاپنگ کروائی تھی۔ افففف یار میرا ویڈنگ ڈریس والا بیگ تو اندر ہی رہ گیا۔

۔ مرہا میرب سے بھی زیادہ گھبرائی ہوئی تھی۔ بھابھی بھائی کا فون پھر سے آرہا ہے۔ مرہا اپنے فون پر رومان شاہ کا نمبر دیکھ رہی تھی۔

حد ہے یار کیا ہو گیا ہے۔ تم لوگوں کو۔ رومان شاہ نہ ہو گیا کوئی توپ چیز ہو گیا۔ جو فون سے نکل کر تم لوگوں کو فائر مار دے گا۔ لہجہ بے حد غصے والا تھا۔ حد ہے، کس قدر ڈرا کے رکھا ہوا ہے تم دونوں کو اس نے شاہ میر کا موڈ سخت خراب ہو گیا۔

ڈرا کر نہیں رکھا۔ بھائی ہماری کیئر کرتے ہیں۔ ان کو ہماری فکر ہوتی ہے۔ اس لیے ہمیں گھر سے اکیلا نہیں نکلنے دیتے۔ مرہا نے فورن سے اپنے بھائی کی طرفداری کی۔

جی مجھے پتہ ہے کہ آپ کے بھائی بہت کیئر نگ ہے۔۔۔ شاہ میر نے ساتھ میں چلتے ہوئے گھور کر کہا تھا۔ مرہا نے شاہ میر کے تیور دیکھ کر نظریں جھکا لی

۔

۔شاہ میر غصے سے بولتا ہوا واپس مڑا اور جا کر مرہا کا ویڈنگ سوٹ لے کر آیا۔
جو وہ رومان شاہ کے فون کی ہڑبڑاہٹ سے مال میں بھول گئی تھی۔

وہ بگڑے ہوئے تیور لیے ہوئے۔ویڈنگ سوٹ والے بیگ کو غصے سے مرہا
کے ہاتھ میں تھماتے ہوئے۔ان کو آنکھ کے اشارے سے گاڑی کی طرف
آنے کو کہا۔

اپنے بھائی کا غصے والا موڈ دیکھ کر میرب بھی گاڑی میں خاموش بیٹھی ہوئی تھی۔اور مرہا کو تو یہ سمجھ نہیں آرہا تھا کہ اس کے ہاتھ پاؤں اپنے بھائی کے ڈر سے پھولے ہوئے ہیں۔یا اس اکڑو ایسی پی کو دیکھ کر۔

راستہ بہت خاموشی سے کٹ رہا تھا۔کہ رومان شاہ کا پھر سے فون آگیا ۔بھابھی پلیز فون اٹھالیں بھائی بار بار فون کر رہے ہیں۔میرہا نے فون میرب کے آگے کرتے ہوا اور کہا تھا۔۔

میرب نے بڑی مشکل سے فون کو کانپتے ہاتھوں سے اپنے کان کو لگایا کیونکہ اور کوئی چارہ نہیں تھا۔

میرب۔۔۔اسلام علیکم

رومان شاہ۔۔۔واٹ دا ہیل از دس۔فون کیوں نہیں اٹھا رہی ہو؟؟رومان شاہ کی دھاڑ نے میرب کے دل تک کو ہلا کے رکھ دیا تھا۔۔ششہ ۔۔شاہ۔۔میرا فون ٹوٹ گیا تھا اس لیے نہیں اٹھایا۔۔۔لفظوں کو توڑتے ہوئے بولی۔

۔۔اور مرہا فون کیوں نہیں اٹھا رہی تھی۔انداز اب بھی وہی تھا۔۔تمہیں میری آواز سنائی دے رہی ہے۔میرب کی جانب سے جواب نہ پا کر رومان شاہ کا غسیلہ لہجہ اور غسیلی آواز میرب کے کانوں میں زہر گھول رہی تھی۔

شاہ بیل بند تھی پتہ نہیں چلا میرب نے ایک اور جھوٹ بولا تھا۔بس مجھے یہ بتاؤ کہ تم دونوں زندہ بھی ہو یا مر چکی ہو۔

رومان شاہ کا کٹیلا لہجہ سن کر اب میرب کا دل تو یہی کر رہا تھا کہ کہتی۔پہلے تو زندہ تھی۔

مگر اب ضرور مر جائیں گی اس کے غصہ سے۔ مگر ڈر کر کچھ بولی۔ صرف سوچ کر رہ گئی تھی۔

میرب تم کہاں ہو لہجہ ایک دم سے سپاٹ ہوا تھا۔شاہ مم۔۔میں۔۔ہاں تم۔۔وہ اٹک اٹک کر بولی تھی

۔۔میں اپنے کمرے میں ہوں۔۔۔اور مرہا کہاں ہے۔۔۔وہ اپنے روم میں سٹڈی کر رہی ہے۔

میرب نے بہت کانفیڈنٹ سے جواب دیا۔۔۔امی جان کہاں ہیں اور کیا کر رہی ہیں۔۔وہ وہ تسبیح کر پڑ رہی ہے۔

ہمم۔۔۔گڈ۔۔۔تم سچ میں کمرے میں ہی ہو۔۔۔۔جی شاہ۔۔۔شاہ آپ رات تک پہنچ جائیں گی۔۔۔ہاں پہنچ جاؤں گا۔

شاہ جلدی پہنچ جایئے گا آپ کے بنا گھر اچھا نہیں لگ رہا۔۔۔۔مجھے پوری امید ہے۔کہ میرے آنے کے بعد بعد بھی اچھا نہیں لگے
گا۔۔۔جی۔۔کچھ۔۔۔نہیں۔۔اللہ حافظ رات کو ملتے ہیں۔۔جی۔۔

میرب جھوٹ پہ جھوٹ بولے جا رہی تھی شاہ میر فرنٹ شیشے میں اسے غصے سے دیکھ رہا تھا۔

۔میرب بیٹا یہ کیا تھا۔ سوری بھائی۔۔اگر سچ بتاتی تو شاہ بہت غصہ کرتے
۔غصے سے بچنے کے لیے جھوٹ بولنا کوئی حل نہیں ہے۔

۔شامیر گاڑی کے سٹیر نگ پر نظریں جمع کر بیٹھا تھا۔شاہ میر دونوں کو مین گیٹ کے سامنے ہی چھوڑ کر چلا گیا۔

شاہ میر میرب سے تو ملا تھا۔ مگر مرہا کی ناراضگی اپنے دل میں لیے ہوئے واپس چلا گیا تھا۔اس نے جاتے ہوئے مرہا سے کوئی بات نہیں۔۔

oooooooooo

اللہ تیرا شکر ہے کہ میں شاہ کے آنے سے پہلے واپس آگئی ہوں میرب روم کا لاک کھولتے ہ ہوئی بڑ بڑائی۔۔

پہلے شاہ کے آنے سے پہلے جلدی سے فریش ہو جاتی ہوں پھر کچھ اور کروں گی۔۔۔یہ کہتی ہوئی واش روم میں چلی گئی۔

فریش ہونے کی نیت سے۔۔۔۔۔افففففف!!!!میرب دونوں ہاتھوں سے ٹاول منہ پر رکھے ٹاول کورپ کرتے ہوئے آرہی تھی۔

ہلکا سا ٹاول آنکھوں سے ہٹایا تو اس کی سیدھی نظر بیڈ پر لیٹے ہوئے رومان شاہ پر گئی۔

شا۔۔شاہ۔۔آپ کب آئے میرب گھبراتی ہوئی لفظ کپکپا کر بولی۔۔

میں اس وقت آیا جب امی جان تسبیح پڑھ رہی تھی بقول تمہارے۔۔اور مرہا اپنے روم میں سٹڈی اور تم روم میں آرام آخری لفظ پر زور دیتے ہوئے بولا۔

شا۔۔شاہ۔۔می۔۔۔میں وہ۔۔۔۔۔

آرام سے سوچ لو نیا جھوٹ۔۔شاہ م۔۔۔میں آپ کو بتانے والی تھی۔۔۔۔میرب اتنی گھبرائی ہوئی تھی کہ اس کے لفظوں نے بھی اس کا ساتھ چھوڑ دیا۔۔وہ اپنی بات کو لفظوں میں توڑ توڑ کر بول رہی تھی۔ کب بتانے والی تھی۔۔۔۔ہاں!!!میرب کو آج نعمان شاہ کے تیور پرانے رومان شاہ جیسے لگ رہے تھے۔۔

فون کر کے میں نے پوچھا تھا نا کہاں ہو تم لوگ تم نے ایک ایک کا جواب جھوٹ کا سہارا لیتے ہوئے دیا۔

یہ کہتے ہوئے رومان میرب کے روبرو آ گیا۔رمان کو اپنی طرف بڑھتے ہوئے دیکھ کر ڈر کر دو قدم پیچھے ہوئی۔

اپنی جگہ پر کھڑی رہو ایک قدم بھی پیچھے گیا نا تو تمہاری ٹانگیں توڑ دوں گا میں۔۔رومان شاہ کا غصہ ساتویں آسمان کو چھو رہا تھا۔

اب بولو اتنے جھوٹ بولنے کی وجہ۔۔شا۔۔شاہ۔می۔۔۔ صحیح سے بولو رمان شاہ دانتوں کو کچھکاتے ہوئے بولا۔۔۔میرب مجھے جواب چاہیے۔

میرب کی خاموشی رومان کو اور غصہ دلا رہی تھی۔شا۔۔شاہہ۔می۔۔می۔۔ میں نے کہا صحیح سے بولو اسی طرح سے جس طرح سے تم نے جھوٹ اپنا ایک ہی لائن میں بولا تھا بلکل اسی طرح سے۔

رومان نے میرب کے دونوں کندھوں کو جھنجوڑتے ہوئے بولا۔

شا۔۔۔شاہ مجھے اپ سے ڈر لگ رہا ہے۔

اس وقت ڈر نہیں لگا تھا جب تم نے مجھ سے جھوٹ بولا تھا؟رومان شاہ چیخا تھا۔

رومان شاہ اتنی زور سے چیخا تھا کہ میرب ہچکیوں سے رونے لگی۔

چپ مجھے اواز نہیں آنی چاہیے تمہاری۔میرب نے ڈر کر اپنے منہ پر ہاتھ رکھے تھے۔

آواز بند کرنے کے لیے۔وہ ہچکیوں کے ساتھ روتی ہوئی بہت معصوم لگ رہی تھی۔۔

میرب،،، میرب میں تم سے جتنا سوفٹ ہوتا ہوں تم اتنی ہی بے وقوفیاں کر کے مجھے واپس اسی مقام پر لا کر کھڑا کر دیتی ہو۔

شاہ مجھے معاف کر دیں میں آئندہ کبھی آپ سے جھوٹ نہیں بولوں گی وہ روتے ہوئے جھک کر رومان شاہ کے سینے سے لگ گئی۔

میرب مجھے جھوٹ سے سخت نفرت ہے میں سب کچھ برداشت کر سکتا ہوں مگر جھوٹ نہیں۔۔

شاہ میں اپ سے وعدہ کرتی ہوں میں آپ سے کبھی جھوٹ نہیں بولوں گی کبھی بھی نہیں بولوں گی اپنا چہرہ اوپر کو اٹھا کر ہچکیوں سے روتی ہوئی بولی۔۔

شاہ اپ مجھ سے ناراض مت ہوئیے گا میں نہیں بولوں گی اب جھوٹ۔

میرب کے لہجے میں رومان شاہ کو کھو دینے کا ڈر واضح دکھائی دے رہا تھا جس کو دیکھتے ہوئے رومان شاہ کا لہجہ نرم پڑا۔

تمہیں میری ناراضگی سے فرق پڑتا ہے؟؟

جی شاہ بہت فرق پڑتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اگر فرق پڑتا تو پھر تم جھوٹ نہ بولتی۔

شام میں ڈر گئی تھی اور ہم وہاں پر اکیلے نہیں تھے ہمیں ہمارے ساتھ بھائی بھی تھے۔

وہ وہاں کیا کرنے آیا تھا۔۔۔ ہمیں شاپنگ کروانے آئے تھے میرب نے اس بار صاف گوئی سے کام لیا۔

کیوں میں تو تم لوگوں کو شاپنگ کروا چکا تھا۔اور تم لوگوں نے اگر اور شاپنگ کرنی تھی تو تمہیں مجھے بتانا چاہیے تھا۔۔رومان شاہ کا لہجہ تھوڑا سرد ہوا۔

ہم نے بھائی کو منع کیا تھا مگر انہوں نے کہا کہ وہ اپنی بیوی کو شاپنگ کروانا چاہتے تھے۔۔انہوں نے کہا کہ رومان شاہ اپنی بیوی پر لٹائے پیسے اپنی بیوی پر پیسے لوٹانے کے لیے میں ہوں۔

میرب نے آج کچھ بھی نہیں چھپانا تھا اب اس نے ہر بات سچ بول دی۔۔ میرب کے اتنا زیادہ سچ بولنے سے رومان شاہ کے لبوں تلے ہنسی پھیلی۔

ہمم پھر اور کیا کیا ہوا وہاں پر۔۔ پھر بھائی کو مرہا کا لہنگا نہیں آیا پسند وہ۔۔۔۔۔ بھائی کو چھوڑو تم اپنی بات بتاؤ تم نے وہاں پر کیا کیا اور کیا کیا خریدا رومان شاہ نے میرب کی بات کو درمیان میں کاٹتے ہوئے کہا۔

میں نے کچھ بھی نہیں لیا۔۔ کیوں تمہیں کچھ نہیں چاہیے تھا؟؟ چاہیے تھا نہ.... کیا؟؟ شاہ مجھے گجرے چاہیے تھے۔۔ پھر لیے کیوں نہیں؟!! آپ کے ڈر سے مجھے گھر جلدی آنا تھا۔۔

ہممم تم نے گجرے پہننے ہیں؟؟؟ رومان نے ایک ائی برو کو اٹھاتے ہوئے کہا۔۔

!ہاں جی! میرب نے دھیمے سے لہجے میں بولا۔۔ تمہیں گجرے پسند ہیں؟

بہتتتتت زیادہ۔۔جب لڑکی کو اس کا شوہر پہناتا ہے نا مجھے بڑے پیارے لگتے ہیں۔۔۔

کسی لڑکی کا شوہر اسے پہناتا ہے تو تمہیں کیوں اچھا لگتا ہے۔۔۔۔شاہ اس میں فیلنگز ہوتی ہیں اس لیے مجھے اچھا لگتا ہے۔

اور تم نے کہاں دیکھا یہ سب کچھ۔۔۔میں نے ٹک ٹاک پر دیکھا ہے اچھا کیسے پہناتے ہے وہ گجرے۔

پہلے وہ اپنی بیوی کو پیار سے دیکھتے ہیں پھر اس کا ہاتھ پکڑ کے گجرا پکڑتے ہوئے اس کے ہاتھ میں پہناتے ہیں (میرب نے اپنا ہاتھ جلدی سے رومان شاہ کے اگے کر دیا) پھر اپنی بیوی کے ہاتھ پر کسس۔۔۔۔۔۔۔۔ہاں کس

کرتے ہیں اس سے آگے بتاؤ اور کیا رومان شاہ نے میرب کے ہاتھ کو چومتے ہوئے کہا۔

آپ میری بات دھیان سے نہیں سن رہے۔۔میرا ہلکے سے غصے کے انداز میں بولی اسے لگ رہا تھا کہ اس کا شاہ اس کی فیلنگز کو صحیح سے فیل نہیں کر رہا۔

ارے یار سن تو رہا ہوں۔۔۔۔آپ فیل نہیں کر رہے نا افسردہ سے لہجے میں کہا۔

اگر فیل کرنے بیٹھ گیا نا تو تم رات کے فنکشن کے لیے لیٹ ہو جاؤ گی۔۔۔۔۔کیا مطلب۔۔۔

کچھ نہیں چھوڑو آگے بتاؤ۔۔۔۔پھر،،،!!پھر لڑکی بھی مسکرا کے اپنے شوہر کو دیکھتی ہے۔۔اچھا آگے!!بس ویڈیو ختم ہو جاتی۔

بس تم نے یہاں تک ہی دیکھا ہے؟؟؟ہوتا ہی یہاں تک ہے۔۔اچھا رومان شاہ کچھ سوچتے ہوئے بولا۔۔چلو تم فریش ہو جاؤ میں امی جان سے مل کر آتا ہوں یہ کہتا ہوا دروازے تک پہنچا۔

شاہ۔۔۔۔ہمم آپ نے کچھ کھایا۔۔۔۔

شاہ اپ کا دھیان کدھر ہے میں آپ سے پوچھ رہی ہوں۔ رومان شاہ جو میرب کے خوبصورت سراپے پر نظر ٹکائے ہوئے کھڑا تھا۔۔ میرب کے دوبارہ بولنے پر ہوش میں کی دنیا میں آیا۔

ہاں کیا پوچھ رہی تھی تم۔۔۔ میں نے پوچھا اپ کچھ کھائیں گے۔ ہاں ۔۔ مختصر سا جواب دیا۔۔ کیا کھائیں گے۔ تمہیں آنکھ کے اشارے سے کہا۔ شاہ میں کھانے کا پوچھ رہی ہوں میں بھی تو کھانے کا ہی بتا رہا ہوں شاہ میں کوئی کھانا ہوں؟؟؟

میرب نے رومان سے سوال کیا۔ پھر تم کیا ہو۔؟

میں انسان ہوں۔ اور تمہیں کسی نے بتایا ہے انسانوں کا خون سب سے لذیذ ہوتا ہے۔

اب یہ اپ کو کیسے پتہ آپ نے کبھی پیا ہے کیا۔
میرب اب بیچاری بڑی پریشان ہو رہی تھی رومان کی باتوں سے۔

پیا تو نہیں ہے پر تھوڑا سا چکھا ہے۔۔۔شاہ آپ انسانی خون پیتے ہیں تو کیا آپ ویمپائر ہیں۔۔۔میں انسانی خون نہیں پیتا بس اپنے ایک من پسند شخص کا خون پیتا ہوں۔

اچھا اور وہ انسان آپ کو خون پینے بھی دیتا ہے میرب رومان کے اس مذاق کو کچھ زیادہ ہی سیریس لینے لگی۔۔ہاں!! بالکل پلا دیتا ہے۔

اچھا کہاں سے پیتے ہیں آپ اس کا خون بڑی ہی معصومیت سے بولی۔۔یہاں سے اپنے انگوٹھے سے میرب کے ہونٹوں کو رب کرتے ہوئے خمار دہ لہجے میں بولا۔

جب آپ نے یہاں سے اس کا خون پیا تو اس نے کچھ نہیں کہا۔ وہ بڑی ہی پریشان ہو گئی رومان کی باتوں سے۔

نہیں وہ رونے لگ گئی تھی۔ چھی!!! شاہ اپ کسی لڑکی کا خون پیتے رہیں۔

میرب کو رومان کی یہ بات بالکل پسند نہیں آئی۔۔ کیوں۔۔۔۔۔ بھائی وہ بڑی خوبصورت ہے۔

میں بھی تو خوبصورت ہوں۔۔۔ معصومیت سے بھرے لہجے میں بولی۔

آؤ تمہارا بھی پی لیتا ہوں۔۔۔ جی نہیں کوئی ضرورت نہیں۔ اپ اس کا ہی جا کر پییں خون۔

چلو ٹھیک ہے اس کا ہی پی لوں گا فی الحال تو میں امی جان سے مل کر آتا ہوں۔

شاہ آپ نے آخری دفعہ کب پیا تھا اس کا خون۔۔۔۔پانچ دن پہلے۔

اچھا میرب منہ لٹکائے ہوئے بولی رومان شاہ کو میرب کی حالت دیکھتے ہوئے بڑا ہی مزہ آرہا تھا۔

کہاں پیتے ہیں اپ اس کا خون،،م۔۔۔میں۔۔میرا مطلب کس جگہ پر جا کر پیتے ہیں۔

جگہ کوئی خاص نہیں جہاں موقع مل جائے چھت پر بیڈ روم میں میں کہیں پر بھی۔

اچھا آپ نے آخری بار کس جگہ پر خون پیا۔۔ چھت پر۔ اچھا اپ اس کی چھت پر گئے تھے یا وہ اپ کے چھت پر آئی تھی۔ ہم دونوں کی چھت ایک ہی ہے۔

ہمممم۔۔۔ میرب کچھ سوچتے ہوئے چپ کر گئی۔۔۔ شاہ واہان کوئی نہیں تھا آپ نے جب خون پیا۔ پھر کچھ دیر بعد دوبارہ بولی۔۔۔

نہیں وہاں پر بہت سے طوتے تھے جو کہ خود بھی یہی کام کر رہے تھے۔ انہیں دیکھ کر تو مجھے بھی آئیڈیا آیا کہ مجھے بھی یہ کرنا چاہیے۔

یہ کہہ کر مسکراتے ہوئے روم سے نکل گیا۔۔۔

پیچھے میرب سوچتی رہی کہ چھت پر پانچ دن پہلے وہ گئی تھی۔۔۔پھر رومان شاہ کا بنایا ہوا تمام منظر اسے ذہن میں آیا۔

ہائے اللہ!! یہ سب تو شاہ مجھے کہہ کر گئے ہیں۔میرب تم کتنی بے وقوف ہو وہ کتنی آسانی سے تمہیں پاگل بنا گئے ہیں۔

میرب کو اپنی کم عقلی پر غصہ، ہنسی، اور شرم تینوں چیزیں بیک وقت آ رہی تھی۔

ooooooo

السلام علیکم شاہ میر اپنی ماں کو پیچھے سے حق کرتے ہوئے بولا۔۔جو شاہ میر کے کٹز چینج کروا رہی تھی۔

وعلیکم السلام میری جان یاد آ گیا تمہیں کہ تمہاری ایک ماں بھی ہے۔۔ماما کیسی بات کر رہی ہیں آپ کو میں بھول سکتا ہوں۔۔

آپ تو یہاں ہیں،، یہاں وہ اپنے دل والے مقام پر ہاتھ رکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے بولا۔

اچھا اب بڑ مت لگاؤ۔۔۔۔ویسے ماما آپ یہ کیا کر رہی ہیں میرے اتنے پیارے روم کو آپ دلہن کیوں بنا رہی ہیں۔

بیٹا جی ! آپ کے روم کو دلہن اس لیے بنا رہی ہوں۔۔ جس کو آپ لے کر آرہے ہیں نا وہ لڑکی ہے اور وہ دلہن بن کے آپ کے روم میں آئے گی۔

تو وہ اس روم میں بھی تو آسکتی ہے نا۔۔

ہاں اس روم میں جس میں کوئی رنگ ہی نہیں بے رنگا سا۔ شاہ میر کی ماں منہ کا زاویہ بدلتے ہوئے بولی۔

ماما پلیز اتنے پیاری تھیم ہے گرے اینڈ بلیک کی اس سے بے رنگا تو مت بولیں۔

بے رنگا ہی ہے اب جسے لا رہے ہو ناوہ آکر تمہاری خوشیوں میں رنگ بھرے گی۔۔۔تو اس کے آنے سے پہلے میں تمہارے روم میں رنگ بھر رہی ہوں۔

وہ مسکراتے ہوئے شاہ میر کے کان کو کھینچ کر بولی۔

آؤووووووو!!اوکے مائی ڈیئر مام جیسا اپ کو اور آپ کی بہو کو اچھا لگے۔

گڈ تمہارے پاپا کدھر ہیں۔وہ بھی عید کا چاند ہی بنے ہوئے ہیں کچھ پتہ نہیں کیا کر رہے ہیں۔۔اور تیاریاں کہاں تک مکمل ہوئی ہیں تم دونوں باپ بیٹا مجھے کچھ نہیں بتاتے۔۔جیسے میں تو گھر میں ہوں ہی نہیں ناوہ ہلکے سے غصے اور ناراضت کی کیفیت میں بولی۔

نئ مما ایسی بات نہیں ہے آپ ہیں تو سب کچھ ہے اور آپ پریشان نہ ہوں سب کچھ مکمل ہو گیا ہے۔۔ میں اور بابا ابھی ریسپشن کا ہی پتہ کر کے آرہے ہیں۔

اچھا رات کو ہمیں جانا ہو گا مرہا کے مائیوں کا سوٹ اور رسم ادا کرنے کے لیے۔

ہمم!! صحیح ہے چلے جایئے گا لمبا سانس کھینچتے ہوئے بولا۔

تم نہیں چلو گے۔ نہیں مما اپ لوگ چلے جائیں میرا دل نہیں۔ آہا!! شاہ میر کی ماں کو شاہ میر کی بات کھٹکی۔۔

کیا کچھ ہوا ہے رومان بیٹے نے کچھ کہا ہے تمہیں۔؟

نہیں ماما اس سے تو میری ملاقات ہی نہیں ہوئی اور کچھ نہیں ہوا پریشان نہ ہوں ویسے میں تھک گیا ہوں اس لیے کہا۔۔۔

شاہ میر پکی بات ہے نا۔۔۔جی جی ماما جان پکی بات ہے میں اپ سے کچھ چھپا سکتا ہوں۔۔۔

چلو ٹھیک ہے پھر تم آرام کرو ہم لوگ تیاری کرتے ہیں جانے کی اور تم دیکھ لو تمہیں اگر روم میں کچھ اور چینجنگ کروانی ہے۔۔۔

نہیں جی! مجھے تو کوئی چینجنگ نہیں کروانی آپ دیکھ لیں آپ اپنی بہو کے حساب سے، اور میرا کتنا روم رنگین کرنا ہے۔۔۔ میرا نہیں ہمارا اب وہ اس کا بھی پورا روم ہے ٹھیک ہے نا۔۔۔۔

ماما کچھ زیادہ ہی نہیں طرفداری ہو رہی ہے اپنی بہو کی ایک دن میں ہی اپنا بیٹا پرایا کر دیا ابھی تو وہ محترمہ آئی بھی نہیں۔۔۔

تو کل آ ہی جانا ہے اللہ خیر کرے اور میں تو اس کی ہی طرفداری کروں گی آخر اتنی پیاری بہو ہے میری۔۔ بہو نہیں بلکہ بیٹی آ رہی ہے میری ایک میرب گئی دوسری میرب آ رہی ہے۔ شاہ میر کی ماں مسکراتے ہوئے بولی۔۔۔ چلیں جی ٹھیک ہے جیسا آپ کہتی ہیں۔

اگر ماں بیٹے کی پیار بھری باتیں ختم ہو گئی ہوں تو بیگم صاحبہ مجھے ایک کپ چائے ملے گی۔

دروازے سے آتے ہوئے شاہ میر کے پاپا نے شاہ میر اور اس کے ماں کے درمیان ہوتے ہوئے باتوں کا جائزہ لیتے ہوئے کہا۔

جی بالکل ملے گی پہلے اپ مجھے یہ بتائیں۔۔۔۔ مما پلیز لڑیے گا مت شاہ میر نے فورا اپنی ماما کو ٹوکا جو فل موڈ میں تھی اپنے شوہر سے لڑنے کے لیے۔۔۔۔

چلیں کیا یاد کریں گے شاہ میر کی خاطر اپ کو معاف کیا۔۔اپ لوگ باتیں کریں میں بنوا کر لاتی ہوں چائے۔۔شاہ میر تم بھی پیو گے چائے، نہیں ماما مجھے بلیک کافی بنوا دیں۔اچھا میں بھجواتی ہوں۔

oooooooooo

مہک تمہارے بابا کی طبیعت دن بدن بگڑتی جا رہی ہے ڈاکٹر فورا اپریشن کا کہہ رہے ہیں۔

میں جانتی ہوں ماما مگر ہمارے پاس اپریشن کے لیے پیسے نہیں ہیں کیا کر سکتے ہیں۔

بیٹا ایسے بھی تو نہیں چھوڑ سکتے نا انہیں اتنی تکلیف میں کچھ تو کرنا ہو گا نا۔۔

مماآپ ہی بتائیں کیا کر سکتی ہوں میں ہمارے پاس کچھ نہیں ہے جس سے ہم بابا کا اپریشن کروا سکے۔

ایک شخص ہے جو ہماری مدد کر سکتا ہے

دروازے سے آتا ہوا مہک کا چاچا بولا۔

مہک اور اس کی ماں نے نہ سمجھی سے سر کو ہلایا۔

رومیو ہماری مدد کر سکتا ہے اس میں۔ مگر بھائی صاحب وہ ہماری مدد کیوں کرے گا ہم نے اس کے ساتھ جو کیا وہ صحیح کیا تھا اس نے تو ہماری طرف ایک نظر بھی اٹھا کر نہیں دیکھا تو وہ کیا ہماری مدد کرنے کے لیے راضی ہو گا۔

مگر بھابھی اس کے علاوہ کوئی نہیں ہے جو ہمیں اتنی بڑی رقم دے ہم پہلے ہی بہت قرضے کے نیچے آئے ہوئے ہیں۔

اپ صحیح کہہ رہی ہیں مگر رومیو کا ایک ویک پوائنٹ ہے جس کی بات وہ کبھی بھی منع نہیں کر سکتا۔

چاچو کون ہے وہ مہک فوراسے بولی۔۔ سیما بھابھی اگر ہم اپنی التجا سیما بھابھی کے اگے رکھیں تو وہ ہماری مدد ضرور کریں گی اور ان کا کہا رومیو کبھی نہیں منع کرے گا۔

ہاں بھائی صاحب اپ صحیح کہہ رہے ہیں مگر سیما بھابی کے ساتھ بھی تو ہم نے اچھا نہیں کیا نا ہم نے ان کے ساتھ کیا کیا تھا جب ان کو ہماری ضرورت تھی ہم نے انہیں بے گھر کر دیا تو اج وہ ہمیں کیوں سہارا دیں گے۔

بھابھی مجھے تو بس ایک یہی حل نظر آتا ہے باقی اپ دیکھ لیں مجھے تو اور دور دور تو کوئی مسیحہ نظر نہیں آرہا۔۔۔یہ کہتا ہوا پریشانی کی حالت میں کمرے سے چلا گیا۔

مہک جی اگر تم رومیو سے بات کرو تو شاید وہ ہماری مدد کرنے کے لیے تیار ہو جائے مما میں کیسے بات کر سکتی ہوں اور کس منہ سے بات کروں۔آپ کو یاد ہے

جب چھوٹے چاچو بیمار تھے اور رومیو ہمارے پاس مدد کے لیے ایا تھا۔۔ تو ہم نے انہی ہاتھوں سے اسے دھتکارا تھا اور منہ پھیر لیا تھا تو وہ ہماری مدد کیوں کرے گا۔

مجھے آج بھی وہ آنکھیں یاد ہیں جن سے آخری دفعہ وہ مجھے دیکھتا ہوا گیا تھا۔ پر بیٹا اب ہمارے پاس اور کوئی حل نہیں ہے جن ہاتھوں سے تم نے اسے دھتکارا تھا انہی ہاتھوں سے تم اس کے قدموں میں بیٹھ جانا اپنے باپ کی زندگی بچانے کے لیے۔

oooooooooooo

میرا دل اتنا بے چین کیوں ہو رہا ہے مجھے ان کو ایسے نہیں کہنا چاہیے تھا کتنے پیار سے وہ ہمیں شاپنگ کروا رہے تھے میں بھی تو بولنے سے پہلے نہیں سوچتی نا مر ہا بڑی پریشانی کی حالت میں مر رکے سامنے بیٹھتے ہوئے یہ سوچ رہی تھی۔

ان کا کوئی بھی فون یا میسج نہیں ایا انہوں نے اپنا کہا سچ کیا کیا مجھے کال کرنی چاہیے۔

نہیں میں کال نہیں کروں گی میں کیا کہوں گی انہیں کال کر کے۔ایسے تو وہ اور ناراض ہو جائیں گے میں کیا کروں اللہ جی مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا۔

نہیں مرہا تمہیں فون کرنا چاہیے تم تھوڑی سی بھی ناراض ہو تو وہ فون کر کے پوچھتے ہیں مناتے ہیں تمہیں بھی کرنا چاہیے ایسے وہ اور ناراض ہو جائیں گے۔

السلام علیکم ! آپ مجھ سے ناراض ہیں سوری میرا وہ مطلب نہیں تھا میں آپ کو ناراض نہیں کرنا چاہتی تھی بس بھائی کے ڈر سے کہ اگر وہ ہمیں ساتھ دیکھ لیتے تو ناراض ہوتے اور میرب بھابھی بھی تو بہت پریشان تھی بھائی کا فون نہ اٹھانے سے اور ان کا فون بھی تو ٹوٹ گیا تھا اس لیے میں نے بس بس بھائی۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔ بریک بھی لگالو۔۔ شاہ میر بولا فون اٹھاتے ہوئے مرہا نے فوراً سے ایک ہی سانس میں اپنی پوری بات کہہ دی۔۔۔۔

تم نے فون کس لیے کیا ہے اپ کو منانے کے لیے یہ تم مجھے منا رہی ہو۔۔۔
جی ! ! اس سے منانا کہتے ہیں تمہاری نظر میں۔۔اچھا اب یہ بھی میں
بتاؤں ؟؟

جیسے میں مناتا ہوں۔۔۔وہ گنداوالا مجھ سے نہیں منایا جاتا۔
تو بس ٹھیک ہے جب وہ منانا آجائے تو مجھے کال کر لینا، اب فون رکھو۔۔۔۔۔

میر "آپ میری بات سنیں بغیر فون نہیں رکھ سکتے میر اہلکے سے غصے میں "
بولی۔

کیا کیا کہا تم نے دوبارہ بولنا۔۔۔۔

ہائے اللہ پھر میں نے کچھ بول دیا۔۔

نہیں تم نے کیا کہا میں نے کہا آپ میرا فون نہیں کاٹ سکتے میری بات سنے بغیر۔

نہیں اس سے پہلے کیا کہا اس سے پہلے میں نے کچھ بھی نہیں کہا تم نے میرا نام لیا ہے میں نے آپ کا نام کب لیا تم نے لیا ہے میرا نام۔۔۔۔ چلو! لو دوبارہ میرا نام۔

آپ مجھ سے ٹھیک ہو گئے ہیں نہیں تو میں بھی نہیں بتاؤں گی۔

آپ کو آپ پہلے ٹھیک ہوں پھر میں آپ کو بتاؤں گی آپ کا نام اٹک سے فون بند کر دیا ہے۔

اچھا جی اے سی پی سے شرط لگائی جارہی ہے ٹھیک ہے۔۔۔۔۔اس شرط کا بدلہ اب میں اپنے انداز سے لوں گا سزا کے لیے تیار رہنا بیوی۔۔ٹائپ میسج کرتے ہوئے میرب کو بھیجا۔

رہیں آپ ناراض میں بھی نہیں لوں گی دوبارہ اپ کا نام میر مرہا مسکراتے ہوئے دل میں بولی۔

ooooooooo

جی امی جان اب بتائیں اگر کوئی کام رہ گیا ہے۔تو میں فورن سے کروادیتا ہوں ۔رومان شاہ جو اپنی امی کے کہنے کے مطابق مرہا کی منہدی اور مائیوں کے ریسپشن کی ساری تیاریاں مکمل کروا کر اب اپنی ماں سے آگے کا پوچھنے آیا تھا۔

نہیں بیٹا کچھ بھی نہیں رہ گیا ہے وہ بہت خوش ہو کر اپنے بیٹے کی پیٹھ تھپتھپاتے ہوئے مسکرائی تھی۔

اب میری امی جان کو مجھ سے کوئی شکایت تو نہیں ہے نا۔ وہ اپنی امی جان کے ہاتھ پر بوسہ دیتے ہوئے مسکرایا۔

نہیں میرے بیٹے نے اپنی بہن کی رخصتی کی تیاریاں اتنے اچھے طریقے سے کی ہے اب میں کیوں اپنے بیٹے سے شکایت کروں گی۔

اگر اجازت ہو تو اب میں بھی جا کر تیار ہو جاؤں۔ جی بیٹا جاؤ اور تیار ہو کر آؤ جلدی آنا، اور میرب کو بھی دیکھنا وہ تیار ہو گئی ہے۔

بس مہمان کچھ دیر میں مہمان آنا شروع ہو جائیں گے، اس سے پہلے تم لوگ ویلکم کے لیے تیار ہو کر مین گیٹ پر جاؤ۔ جی جیسے میری پیاری امی جان حکم ۔۔ جیتے رہو۔

رومان شاہ کے قدم اپنے کمرے کی جانب بڑھ رہے تھے۔ اس کے دماغ میں کچھ چل رہا تھا۔ جس کو سوچ کر وہ مسکرایا تھا۔

روم کے اندر پہلا قدم رکھتے ہی، اس کی نظر سامنے کھڑی میرب پر پڑی جو افراتفری میں تیار ہو رہی تھی۔

مگر رومان شاہ کے قدم اس کی افراتفری دیکھ کر نہیں بلکہ اس کی فراک کی کھلی ہوئی زپ دیکھ کر رکے تھے۔

وہ کرسی پر بیٹھ کر نیچے کو جھکی ہوئی اپنی نظروں کو اپنے سینڈل پر مرکوز کر کے اس کی سٹرپ بند کرنے میں مگن تھی۔

وہ سینڈل کا سٹرپ بند نہ ہونے پر اس قدر اکتائی ہوئی تھی۔ کہ اپنی فراک کی کھلی زپ سے بھی لاتعلق تھی۔

رومان شاہ احتیاطاً کھنگارا تھا۔ مگر وہ شاہ کو روم میں دیکھ کر بھی اپنی سینڈل سے تائی ہوئی سٹرپ بند کر رہی تھی۔

خیریت ہے کیوں اس بیچارے جوتے کے گلے پڑی ہوئی ہو۔ ایسا کیا قصور کر دیا ہے اسنے۔

رومان شاہ نے اس کی زپ سے نظریں ہٹانے کی کوشش کرتے ہوئے اسے مخاطب کیا۔

مگر رومان شاہ کی بھٹکی ہوئی نظر بار بار جا کے اس کی خوبصورت مخملی گوری کمر پر جا رہی تھی۔

شاہ سینڈل کا سٹرپ خراب ہو گیا ہے یہ بند نہیں ہو رہا۔ وہ اکتائی ہوئی اب رو دینے والی آواز سے بولی تھی۔

تو کوئی اور سینڈل پہن لو۔ نہیں اس ڈریس کے ساتھ یہی میچ ہو رہا ہے۔ میرب کی نظر اب بھی اپنی سینڈل پر تھی۔ جب کہ شاہ کی نظر اس کی کمر پر تھی۔ لاؤ مجھے دکھاؤ میں کر دیتا ہوں۔

شاہ ایڑیوں کے بل میرب کی کرسی کے پاس بیٹھا گیا۔ شش۔۔شاہ۔۔آپ میرا سٹرپ کیوں بند کریں گے۔میرب نے اپنا پاؤں پیچھے کرتے ہوئے حیرانی سے دیکھا۔

کیوں میں تمہارا سٹریپ بند نہیں کر سکتا۔شاہ نے اپنی نظریں اوپر اٹھا کے میرب کی جانب دیکھا۔۔۔نہیں کر سکتے ہیں۔۔۔تو پھر پاؤں آگے کرو میرب کے پاؤں کو اٹھا کر شاہ نے اپنے گھٹنے پر رکھا تھا۔

میرب کے خوبصورت پاؤں پر شاہ کی انگلیوں کے لمس لگے، تو میرب خود میں ہی سمٹ گئی۔شاہ نے یہ بات محسوس کی تھی۔

اب کی بار شاہ نے جان بوجھ کر میرب کے پاؤں پر اپنا ہاتھ مس کیا جس سے میرب پھر سے خود میں سمٹی گود میں رکھے ہوئے ہاتھوں سے اس نے اپنی فراک کو مٹھیوں میں بھیچ لیا۔

شاہ کے انابی لبوں کے تلے ہلکی سی سمائل بکھری تھی۔ مگر وہ میرب سے چھپا کر خود کو سٹریپ بند کرنے میں مصروف دکھا رہا تھا۔

دو سیکنڈ میں شاہ نے میرب کے سینڈل کا سٹریپ ٹھیک کر دیا۔ سٹرپ بند کر کے نرمی سے میرب کے پاؤں کو گھٹنے سے اتار کر نیچے رکھ کر کھڑا ہو گیا۔

بس اتنی سی بات تھی۔ شاہ تھینک یو۔ کس لیے۔ میری سینڈل کا سٹرپ ٹھیک کرنے کے لیے۔

۔میرب شاہ کی نظروں کو دیکھ کر تھوڑا گھبرائی تھی۔ شاہ کی نظروں میں کچھ ایسا تھا جس کو دیکھ کر وہ گھبرائی تھی۔

اور اپنا رخ ڈریسنگ کی جانب کرتے ہوئے مرر میں دیکھ کر اپنا فائنل میک اپ ٹچ دینے لگی۔

شاہ صوفے پر ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ پر رکھ کر بیٹھ گیا۔ صوفے کی پشت پر اپنا ایک بازو پھیلائے ہوئے، دوسرے ہاتھ میں موبائل لیے ہوئے خود کو موبائل میں مصروف دکھا رہا تھا۔

حالانکہ ایسا نہیں تھا اس کی نظر بار بار کی پشت پر جا رہی تھی۔ جہاں سے اس کی گوری دھودیا رنگت والی کمر اسے بہکنے پر مجبور کر رہی تھی۔

فراک کی کھلی ہوئی زپ سے میرب کا خوبصورت نیٹ سے بنا ہوا برانڈڈ بلیک سٹرپ نظر آ رہا تھا۔🙈۔اس کی گوری کمر پر وہ کالی ناگن بن کر (b) کلر کا لپٹا ہوا تھا۔

میرب بہت کنفیوز ہو کر تیار ہو رہی تھی۔ وہ خود پر رومان شاہ کی نظروں کی تپش کو محسوس کر رہی تھی۔ شاہ نظریں اس جسم پر آگ کا کر رہی تھی۔

رومان شاہ کی نظروں کی تپش اسے بہت کنفیوز کیے ہوئے تھے۔ اسی کنفیوزنگ میں اس کے ہاتھ سے ہیئر برش نیچے گرا تھا۔

۔ پیلے کلر کی فراک پر شاکنگ پنک کلر کا کام اردوپٹہ جس پر سلور کلر کا خوبصورت کام کیا ہوا تھا۔ اس کا گورا رنگ دودھ کی طرح کھلا ہوا لگ رہا تھا۔

وہ برش اٹھانے کے لیے نیچے جھکی تو بال پوری طرح سے کمر سے ہٹے گئے، رومان کا شاہ دل ہچکولے کھانے لگا تھا۔

سٹریٹ کیے ہوئے بال جو آدھے اس کی کمر پر جھول رہے تھے۔اور آدھے آگے کی طرف کیے ہوئے بے حد خوبصورت لگ رہے تھے۔

ظالم لڑکی کیوں اپنے شاہ کے صبر کا امتحان لے رہی ہو۔شاہ چور آنکھوں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

شاہ کی نظر اس کے کانوں میں خوبصورت بڑے بڑے سلور کلر کے پہنے ہوئے جھمکوں پر پڑی تھی۔

۔

۔جو میرب کے ذرا سے بھی ہلنے سے اس کی پھولی ہوئی نازک سی گلابی گالوں کو چھو کر اسکے دل کے تار چھڑ رہے تھے۔

شاہ دور بیٹھا ہوا اس کے خوبصورت حسن کو سہار رہا تھا۔ میرب کی صراہی دار گردن کی بیوٹی بون پر شاہ اپنا آپ، ہار رہا تھا۔ وہ اس وقت سراپائے حسن قیامت بنی ہوئی کھڑی تھی۔ شاہ کے منہ توڑ جز باتوں نے شاہ کے اندر طوفان برپا کیا ہوا تھا۔

سنو!!!!جی۔۔اپنے آپ کو سنبھال کے رکھنا تمہارے سر سے دوپٹہ نہ اترا دیکھوں شاہ نے رعب دار آواز میں کہا۔

جی ٹھیک ہے۔ میرب جو شاہ کی نظروں سے اس قدر گھبرائی ہوئی تھی کہ اس نے پلٹ کر نہیں دیکھا۔ تیار ہوتے ہوئے سرسری سے انداز سے جواب دیا۔

امی جان پوچھ رہی تھی کہ تمہاری اور کتنی دیر ہے۔۔بس میں تیار ہو گئی ہوں چلے۔وہ اپنا دوپٹہ سر پر رکھ کر فائنل خود کو مرر میں دیکھتی ہوئی باہر نکلنے کی نیت سے قدم بڑھانے لگی۔

رومان شاہ جو اس کی کھلی ہوئی زپ پر اپنی نظریں گاڑے ہوئے تھا۔اس کے چلنے کا سن کر حیرانی سے اس کی جانب دیکھا۔آر یو شور کہ تم بالکل تیار ہو

رومان شاہ اپنی جگہ سے کھڑا ہوتا ہوا اس سے پوچھ رہا تھا۔

وہ اپنے دونوں ہاتھ اپنی کمر پر باندھ کر کھڑا ہوا بہت رعبدار لہجے میں بولا۔۔۔جی جی شاہ میں بالکل تیار ہوں میرب نے ایک نظر خود کے ڈریس پر دوڑائی تھی۔

رومان شاہ کے قدم میرب کی جانب بڑھ رہے تھے۔میرب کچھ حیران اور پریشان ہوتی ہوئی شاہ کے جانب دیکھ رہی تھی۔۔

ایسے دھیان رکھو گی تم خود کا شاہ نے خون خار آنکھوں سے میرب کیجانب دیکھا تھا۔

شاہ اب میں نے کیا کیا ہے اب تو آپ کے کہنے کے مطابق میں نے سر پر دوپٹہ بھی لے لیا ہے۔

انداز کافی معصوم اور ڈرا ہوا تھا۔آہ۔۔میرب کی کمر پر اپنا مضبوط مردانہ ہاتھ رکھتے ہوئے شاہ نے جھٹکے سے اسے اپنے ساتھ لگایا تھا۔

جس سے میرب کی ہڈی پر درد کی ٹیس اٹھی تھی۔ جس سے اس کے منہ سے آہہہ کی آواز نکلی۔

اپنی جگہ پر کھڑی رہو۔اگر ہلنے کی کوشش بھی کی، تو جان نکال لوں گا، میرب جو اپنی کمر پر درد ہونے سے شاہ کے ہاتھ کو اپنی کمر سے ہٹانے کی کوشش کر رہی تھی۔اب ڈر کے مارے اپنی جگہ پر ساکت کھڑی ہو گئی۔

۔وہ سوسو سو کر رہی تھی۔۔شاہ مجھے درد ہو رہا ہے۔کہاں میرب کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر پوچھا تھا۔

میری کمر میں۔۔اور جس حالت میں تم باہر جا رہی تھی۔ایسے میں جو درد میرے دل میں اٹھنا تھا۔اس کا کیا وہ اپنا چہرہ میرب کے بہت قریب کیے ہوئے کھڑا تھا۔

میرب رومان شاہ کے لفاظوں پر غور کر رہی تھی۔ مگر اس سے سمجھ میں کچھ نہیں آیا۔ شاہ مجھے سمجھ نہیں آرہا آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔

شاہ کے ڈر اور شاہ کے ہاتھ کی سختی سے کمر میں اٹھنے والے درد سے آنسوں اس کے گلے میں اٹکے ہوئے تھے۔

رومان شاہ کی عزت ہو کر خود سے اتنی لاپرواہی۔ ہاتھ اس کی کھلی زپ والی جگہ پر رکھا۔ نظریں اس کے چہرے پر تھی۔

۔شاہ کے ہاتھ کے لمس سے وہ سسکی تھی۔شاہ کے سینے سے اس کی قمیض کو اپنی مٹھیوں میں چکڑ کر نظریں جھکالی۔شاہ کا ہاتھ اس کی کمر پر اپنی گرمی چھوڑ رہا تھا۔وہ سسکتی ہوئی اس کے سینے کے قریب ہوتی ہوئی اپنا منہ چھپا گئی۔

اب بتاؤ کہ تم اسی حالت میں باہر جانا چاہتی تھی۔وہ سرگوشی میں بولا تھا۔شاہ کے لبوں کی جنبش میرب اپنی گردن پر محسوس کر رہی تھی۔

جواب دو شاہ نے پھر سے سرگوشی کی تھی۔میرب سے جواب دینا مشکل ہو رہا تھا۔شاہ کی اتنی نزدیکیاں اور ہاتھوں کی بے باکیاں میرب جواب کیسے دیتی۔

وہ سینے پر اپنے دونوں ہاتھ رکھے ہوئے اپنا سر شاہ کے سینے میں چھپائے ہوئے لرزتی ہوئے وجود کو لیے چپ چاپ ساکت کھڑی ہوئی تھی۔

تم میری بیوی ہو۔ خود کو سنبھال کر رکھنا۔ میں اپنی عزت کے معاملے میں تھوڑا نہیں بہت زیادہ پاگل ہوں۔

رومان شاہ کے بولنے سے اس کے لبوں کی جنبش اور اس کے سانسوں کی گرمی میرب کی گردن پڑ رہی تھی۔

جو میرب کے دل کی دھڑکنوں کو اوتھل پوتھل کر رہی تھی۔

ششش۔شا۔۔شاہ۔پلیز مجھے جانے دے امی میرا انتظار کر رہی ہیں شاہ کی بے قراریاں دیکھ کر میرب گھبرا کر شرماتے ہوئے شاہ کے ہاتھ کی گرفت سے نکل کر باہر کی جانب بھاگنے لگی تھی۔

رک جاؤ تمہیں سمجھ میں نہیں آیا تھا کہ تم رومان شاہ کی عزت ہو پھر اسی حلیے میں باہر جانے کا سوچ رہی ہو۔

کیوں تم میرے ہاتھ سے مرنا چاہتی ہو۔رومان شاہ کی رعبدار آواز پھر سے روم میں گونجی تھی میرب کے قدم وہیں پر رک گئے۔

رومان شاہ نے آنکھ کے اشارے سے میرب کو واپس آنے کے لیے کہا تھا۔ میرب جو دروازے کے بے حد قریب کھڑی ہوئی تھی۔اس کے چہرے کی ہوائیاں اڑ رہی تھی۔

رنگ شرم سے لال ہوا پڑا تھا گھبراتے ہوئے ہاتھوں کو مروڑ رہی تھی۔ نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے اس نے آنے سے انکار کیا تھا۔

رومان شاہ کے سامنے اتنی جرات مت دکھایا کرو۔جب میں نے کہا ہے کہ ادھر آؤ تو اس کا مطلب ہے کہ تمہیں آنا ہے وہ بھی ہر صورت۔ شاہ وہی پر کھڑے ہوئے رعبدار آواز سے پھر گرجا تھا۔

۔شاہ مجھے آپ سے ڈر لگ رہا ہے۔

۔بہت جلد تمہارے سارے ڈر اتار دوں گا۔ جس ڈر کو تمہارا یہ چھوٹا سا دماغ محسوس کرتا ہے اس ڈر کو سچ ثابت کر دوں گا۔

۔میرے پاس آؤ انگلی کے اشارے سے اسے پاس بلا رہا تھا۔ نظروں میں ایسی آگ تھی جس کو دیکھ کر میرب کو خود کی جان نکلتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔

میرب اپنے ہاتھ کو بیک سائیڈ پہ لے
جا کر اپنی زپ کو بند کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ میں نے کہا ادھر اؤ تمہیں سنائی نہیں دے رہا کیا۔ شاہ کا لہجہ سخت اور غصے والا ہوا۔

وہ نظریں زمین پر گاڑے ہوئے اپنے ہاتھ کو بیک سائیڈ پر لے جا کر زب بند کرنے کی بے جا کوشش کرتے ہوئے۔

ساتھ میں چھوٹے چھوٹے قدم بھرتی ہوئی رومان شاہ کے پاس آ رہی تھی۔ میرب کے پاؤں شاہ کی نظروں کے تقاضوں کو سمجھتے ہوئے آگے نہیں بڑھ رہے تھے۔

وہ بچی تو نہیں تھی اسے اچھی طرح سے سمجھ آ رہا تھا کہ شاہ اس سے کیا چاہتا ہے۔

جہاں اسے بات کی خوشی تھی کہ شاہ خود سے اس کے قریب آ رہا ہیں، وہاں حد سے زیادہ آنے والی شرم و حیا نے سے گھیرا ہوا تھا۔

وہ شاہ کے حکم کو مان کر خود کو شاہ کے قریب لانے کی بہت کوشش کر رہی تھی۔ مگر چند قدم دوری پر اس کی ہمت جواب دے گئی۔

تو وہ تھوڑا سا دور ہو کر رک گئی۔

اب اس سے آگے آنے کے لیے کوئی خاص انویٹیشن دینا پڑے گا۔ رومان شاہ اپنی شعلہ بار آنکھوں سے اسے دیکھتا ہوا کہہ رہا تھا۔

۔آپ مجھے یہیں پر بتا دیں کہ آپ نے مجھے کیا کہنا ہے۔ وہ من من کرتے ہوئے بولی تھی۔ وہ اب بھی مسلسل اپنی زب کو بند کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ کیوں اس سے آگے آنے کے لیے ٹیکس لگتا ہے۔

وہ اپنی کمر پہ ہاتھ باندھے ہوئے کھڑا آئی برو کو اٹھا کر بہت پر کشش انداز سے کھڑا ہوا بول رہا تھا۔اب کی بار اس نے خود میرب کی جانب قدم اٹھائے تھے۔

وہ رومان شاہ کے بڑھتے ہوئے قدموں کو دیکھ کر وہ دو قدم پیچھے ہوئی تھی۔ رومان شاہ نے دو بڑے قدم اٹھا کر اس کے ہاتھ کو تھام لیا تھا۔

وہ اپنا رخ دوسری جانب کیے ہوئے نظریں جھکائے ہوئے تھی۔اس کے رخ بدلنے سے رومان شاہ کی نظر پھر سے اس کی کھلی زپ پر گئی۔

اب کی بار رومان شاہ کی بے قراریاں اور منہ توڑ جذبات سر پر چڑھ کر بول رہے تھے۔میرب کو بنا وقت دیے اس نے میرب کے ہاتھ کو مضبوطی سے تھام کر اپنی جانب کھینچا۔

میرب پھولی ہوئی سانسوں کے ساتھ ایک بار پھر سے رومان شاہ کے چٹانی سینے کے ساتھ آکر ٹکرائی تھی۔

میرب نے اوپر دیکھ کر اپنے سر پر ہاتھ رکھا۔اور اپنی نظروں سے اپنے سر کی درد کی نوعیت کا شاہ کو احساس دلایا تھا۔

کیا سر میں درد ہو رہا ہے۔شاہ اس کی نظروں کی نوایت سمجھ چکا تھا۔ہاں آپ انسان کم اور پتھر زیادہ ہیں۔اتنی زور سے میرا سر آپ کے ساتھ لگا ہے

۔

مجھے تو ایسے لگا جیسے میرا سر کسی پہاڑ سے ٹکرا گیا ہو۔ وہ غصے اور شرم کی ملی جولی کیفیت سے بولی تھی۔ جب پہاڑ سے عشق کرنے کی ہمت اور جرات کی ہے تو۔

تو پہاڑ سے ٹکرانے کی اور اس کی محبت اور شدتوں کو سہنے کی ہمت بھی پیدا کرو۔ بہت جلد تمہیں اسی پہاڑ کی شدتوں کو برداشت کرنا ہے۔

اس کی نظروں کے تقاضوں سے پہلے سے گھبرائی ہوئی میرب اور گھبرائی گئی تھی۔ شاہ پلیز آپ مجھے جانے کیوں نہیں دے رہے ہیں۔

میرب نے بے بسی سے شاہ کی جانب دیکھا تھا۔کیسے جانے دوں ایک تو تمہارا حلیہ ابھی باہر جانے کے لائق نہیں ہے۔

اور دوسری وجہ میرا دل ہے۔جس کو تم اپنی جگہ سے ہلا کر اسے بے چین کر دیا ہے۔اور اب تم چاہتی ہو کہ میں تمہیں اتنی آسانی سے جانے دونگا تو بہت۔۔۔۔۔۔غلط سوچ رہی ہو۔بہت پر زور دیتے ہوئے کہا تھا۔

تو کیا کرنے والے ہیں آپ میرے ساتھ۔میرب کا سوال بہت بچکانہ تھا۔

مگر اس لہجہ اور معصومیت شاہ کے دل پر وار کر رہی تھی۔کرنے کا تو بہت کچھ ارادہ رکھتا ہوں۔مگر فی الحال تو مجھے تم سے کچھ لمحوں کا سکون چاہیے۔
آنکھوں میں شرارت تھی اور لہجے میں خماری۔۔

میں آپ کو سکون کیسے دے سکتی ہوں۔ میرب سمجھ کر بھی نا سمجھی سے بولی تھی۔

تمہیں کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے مجھے تمہارے وجود سے سکون چاہیے جو میں خود حاصل کر لوں گا۔ اس کے لہجے اور آنکھوں کا خمار دیکھ کر میرب کا دل سو کی سپیڈ سے دھڑک رہا تھا۔

شاہ نے اسے اپنی باہوں میں کس کے اپنے ساتھ لگا لیا تھا۔ شاہ کے جسم سے مردانہ پرفیوم کی اڑتی ہوئی مہک میرب کے دل کو بے قرار کر رہی تھی۔

آخر شاہ کی محبت کی طلبگار تو وہ ہمیشہ سے تھی۔اب یہ کہنا تو غلط ہو گا کہ وہ شاہ کے قریب نہیں جانا چاہتی۔ مگر یہ الگ بات تھی۔ کہ شاہ کی قربت کو سہنا آسان نہیں تھا۔

شاہ کیا آپ کو مجھ سے پیار ہو گیا ہے۔اس نے شاہ کی نظروں میں دیکھ کر ایک معصوم سا سوال شاہ کے سامنے رکھا تھا۔

یہ تو تمہیں میرے قریب آنے سے پتہ چلے گا۔ کہ پیار ہو گیا ہے یا نہیں یہ تو تمہارا قریب آنا ہی ڈیسائڈ کر سکتا ہے۔وہ بے باکی سے میرب کی کمر پر اپنے ہاتھوں کے لمس چھوڑ رہا تھا۔

میرب کو ہاتھ سے پکڑ کر گھماتے ہوئے۔اس کی پشت اپنی جانب کی تھی۔

۔شاہ تھوڑا نیچے جھکا اور اپنے لب میرب کی کھلی ہوئی زپ والی جگہ پر رکھ دیے۔جہاں پر شاہ کی کب سے نظر تھی۔رومان شاہ کے آتشی لبوں کی جنبش سے میرب نے سسک کی بھری تھی۔

رومان شاہ نے اپنا ہاتھ میرب کے پیٹ پر کسا ہوا تھا۔میرب چاہ کر بھی رومان شاہ کی گرفت سے بھاگنے کی کوشش نہیں کر سکتی تھی۔اس میرب کو آگے کی طرف جھکا رکھا تھا۔

رومان شاہ کے لمس اتنے جان لیوا تھے کہ میرب کے پورے بدن میں بجلی کی لہر سی دوڑ گئی تھی۔میرب سے اپنا آپ ہی نہیں سنبھل رہا تھا۔

رومان شاہ نے جابچا اس کی کمر پر اپنے آتشی لبوں کے لمس چھوڑ رہا تھا۔ میرب کا وجود شاہ کے لمسوں سے پگھلنا لگا تھا۔

اس کا جسم ہولے ہولے کانپ رہا تھا۔ بے اختیار کے منہ سے سسکیاں نکلنے لگی تھی۔ سانسیں اکھڑنے لگی۔ وہ اپنی آنکھوں کو زور سے بند کیے ہوئے کھڑی تھی۔

رومان شاہ جھٹکے سے کھڑا ہوا تھا۔ وہ میرب کی فرنٹ سائیڈ پر آگیا۔ تھا۔ اس نے میرب کے سر کی بیک سائیڈ پر اپنا ہاتھ رکھا۔ اور دوسرا ہاتھ میرب کی کمر میں ڈالتے ہوئے، بالوں کو ہلکا سا جھٹکا دے کر سر کو اوپر کی جانب کیا تھا۔

جس سے میرب کے خوبصورت لپسٹک سے سجے ہوئے ہونٹ شاہ کے سامنے اور بے حد قریب ہو گئے تھے۔ شاہ خماری سے آنکھیں بند کرتے ہوئے میرب کے لبوں پر جھکا۔

اور اس کے خوبصورت لبوں کو اپنے آتشی لبوں کی قید میں لے گیا۔
اس نے کچھ ایسے انداز سے میرب کو اپنے ساتھ لگا کر جکڑا ہوا تھا ہوا تھا، کہ میرب کی ہر راہ فرار ظالم نے بند کر رکھی تھی۔ وہ اب دشمن جاں کے رحموں کرم پر کھڑی تھی۔

سوائے اس پہ رحم کرنے تک وہ اپنے لیے کچھ بھی نہیں کر سکتی تھی

۔

اس کی نمی کو پیتے ہوئے شاہ مدحوش ہوتے جارہا تھا۔ شاہ کی نفرت جتنی جان لیوا تھی۔ محبت اس سے کہیں بڑھ کے جان لیوا تھی۔

وہ بھی وہ اس ک تھوڑا قریب آیا میرب کی سانسیں تنگ کر گیا تھا۔ میرب کی اکھڑی ہوئی سانسیں شاہ کو نہ دکھائی دے رہی تھی نہ سنائی دے رہی تھی ۔میرب نے خود کو شاہ کی گرفت سے آزاد کروانے کی کوشش کی تھی۔

۔میرب کو خود کو چھڑوانے کی سزا شاہ نے یہ مقرر کی تھی۔ کہ اس کے دونوں ہاتھ اپنے ایک ہاتھ سے اس کی کمر پر پن کر رکھے تھے۔

میرب کی سانسیں رکنے لگی تھی دل تھا کہ وہ چاہتا تھا کہ آج دیواریں توڑ کر باہر آجائیں۔ قدم تھے کہ وہ میرب کا وزن اٹھانے سے قاصر تھے۔

میرب اس وقت پوری کی پوری شاہ کے رحم و کرم پر کھڑی تھی۔اس کا سارا وزن شاہ اپنے بازوؤں میں اٹھائے ہوئے تھا۔

لمبے چوڑے شاہ نے میرب کو کمر سے پکڑ کر زمین سے تھوڑا اوپر اٹھا کر اپنے ساتھ لگا رکھا تھا۔میرب اس وقت ہوا میں جھول رہی تھی۔

شاہ کا ہاتھ اس کی کمر پر تھا۔اور میرب کا سارا وزن شاہ کے بازوؤں پر۔اور شاہ کے لب تھے کہ میرب کے لبوں کو آزاد کرنے کے لیے تیار نہ تھے۔

میرب کو آج اپنی جان بہت مشکل میں لگ رہی تھی۔ایسا لگ رہا تھا کہ شاہ آج ہونٹوں کی نمی کو اتنا پیے گا کہ آج کے بعد میرب کے ہونٹوں پر کبھی نمی نہیں آئے گی۔

شاہ اس وقت بالکل اپنے ہوش سے بیگانہ ہو کر اپنے کام مگن تھا۔ پتہ نہیں کتنی دیر بعد اس ظالم کو میرب پر تھوڑا ترس آیا تو بڑا احسان کرتے ہوئے۔

۔اس سے دور ہوا تھا۔اور میرب کو ہوا سے فرش پر لینڈ بھی کروا دیا تھا۔ میرب ہونٹ کھولے ہوئے سانس لینے کی کوشش کر رہی تھی۔ میرب کا سانس اس قدر اکھڑا ہوا تھا۔ کہ میرب کے سانس لینے کی آواز شاہ سن رہا تھا۔

مگر اسے اپنے کیے پر کوئی شرمندگی نہیں تھی۔ گنی مچھوں تلے اس کے آتشی لب مسکرا رہے تھے۔ میرب کی حالت دیکھ کر وہ ایسے مسکرا رہا تھا۔

جیسے کوئی قلع فتح کر کے کھڑا ہو۔ وہ ایسے مسکرا رہا تھا جیسے کوئی بہت بڑا کارنامہ سرانجام دیا ہو۔ جبکہ میرب بھیگی پلکوں سے فرش پر نظریں جمع ہوئے تھی۔

میری طرف دیکھو شاہ کی کی خماری سے بھری ہوئی رو عبدار آواز روم میں ایک بار پھر سے گونجی تھی۔ میرب نے بامشکل اپنی پلکیں اٹھا کر شاہ کی جانب دیکھا۔

۔یہ رونا کس لیے، میرب رومان شاہ کیا اس کا مطلب یہ سمجھوں کہ تمہیں اپنے شوہر کی نزدیکیاں بری لگتی ہیں۔ لہجہ تھوڑا سرد ہوا تھا۔ میں نے ایسا تو نہیں کہا، میرب نے شرم سے نظریں جھکالی۔ میرب نفی میں سر کو ہلا کر اپنی آنکھوں کی نمی کو صاف کر رہی تھی۔

تو پھر یہ آنسوں کس لیے ہے۔انداز اب بھی وہی تھا۔مجھے سانس نہیں آرہی تھی۔ نہیں آرہی تو لاؤ دوبارہ سے تمہارے اندر اپنی سانسیں بھر دوں۔اس نے ایک قدم اٹھایا۔میرب نے اپنے دو قدم پیچھے کی طرف لیے تھے۔

نہیں نہیں مجھے سانس بالکل ٹھیک آرہا ہے۔اس کی گھبراہٹ دیکھ کر رومان شاہ کے لبوں پر گہری مسکراہٹ آئی تھی۔

چلو آؤ میں تمہاری زپ بند کر دیتا ہوں۔ نہیں میں خود کر لوں گی میرب دو قدم اور پیچھے لے گئی تھی۔

کیوں میرے بند کرنے میں کیا دقت ہے، کچھ دیر پہلے تمہارا سٹریپ بھی تو بند کیا تھا۔ شاہ نے دو قدم اور اس کی جانب لیے تھے۔

میرب نے ایک قدم اور پیچھے کی جان اٹھایا تھا۔ مگر پیچھے پڑے بیڈ کی وجہ سے جگہ ختم ہونے پر وہ بیڈ پر گر چکی تھی۔

وہ جلدی سے دوپٹہ ٹھیک کرتے ہوئے اٹھنے لگی تھی۔ کہ بیڈ اوپر ایک سائیڈ پر شاہ نے اپنا پاؤں رکھ دیا۔

گھٹنے پر اپنی کہنی رکھ کر کھڑا ہوا۔ وہ بالکل میرب کے پاس ہو کر اپنے۔ چہرے کو اس کے اوپر جھکائے ہوئے کھڑا تھا۔

۔شاہ پلیز مہمان آنے والے ہیں۔تو۔۔۔

آپ مجھے تیار ہونے دیں میرب شاہ کی اتنی خراب ٹون دیکھ کر اپنے ہونٹوں پر زبان پھیرتے ہوئے اٹھنے کی کوشش کرنے لگی تھی۔

میں کیا کروں اگر مہمان آنے والے ہیں تو۔اس سر پھرے شاہ کو تم نے خود ہی بہکایا ہے۔

میں نے کب بہکایا ہے۔وہ رودد ینے والی آواز سے بول رہی تھی۔وہ اس وقت رومان شاہ کے سامنے ڈری ہوئی بچی لگ رہی تھی۔

۔کچن سے نکلتی ہوئی زکیہ کو دیکھ کر شاہ نے میرب کی کمر سے اپنے ہاتھ ہٹا لیے۔روم میں جا کر میرا ویٹ کرو۔شاہ نے بہت کم آواز میں کہا تھا جو بامشکل صرف میرب ہی سن پائی تھی۔

کیوں ویٹ کروں وہ تھر تھراتے ہوئے بولی تھی۔وہ میں تمہیں روم میں آکر بتاتا ہوں۔شاہ کے ارادے سمجھ کر میرب کی جان نکلی رہی تھی۔

شاہ مجھے بہت نیند آرہی ہے۔اگر سونے کی کوشش بھی کی تو جان نکال لوں گا۔میرا ویٹ کرنا میں امی جان کی بات سن کر کچھ دیر تک آتا ہوں۔

شاہ نے کچھ ایسے انداز سے میرب کے اوپر گہری نظر ڈالتے ہوئے کہا تھا کہ میرب کو پیروں تلے زمین نکلتی ہوئی لگ رہی تھی۔

میرے خیال سے تمہارے دماغ میں میری بات بہت اچھی طرح سے آگئی ہو گی۔۔۔۔اور میں کس لیے ویٹ کرنے کا بول رہا ہوں اتنی بچی نہیں ہو تم کہ تمہیں سمجھ میں نہیں آرہا۔

۔بہت شوق تھانا تمہیں کہ میں تمہیں اپنی بیوی کے روپ میں قبول کروں تو اب گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ صرف اپنے حق ہی وصول کروں گا کھاؤں گا نہیں۔

وہ حکم دے کر بڑے بڑے قدم بھرتا ہوا۔اپنی امی جان کے کمرے کی طرف بڑھ گیا تھا۔میرب پسینے سے گیلی ہتھیلیوں کے ساتھ بڑے بڑے قدم اٹھاتی ہوئی روم کی جانب بڑھ گئی تھی۔

روم کا دروازہ بند کر کے اپنی پشت دروازے کے ساتھ لگا کر آنکھیں بند کیے ہوئے تھی۔وہ بازو سٹریٹ کر کے مٹھیوں کو بند کیے ہوئے کھڑی لمبی لمبی سانسیں چھوڑ رہی تھی۔

ooooooooo

جی امی جان آپ نے مجھے بلایا تھا۔آؤ بیٹھو میرے پاس کچھ ضروری بات کرنی ہے۔رومان شاہ کی امی کے چہرے پر پریشانی صاف نظر آرہی تھی۔

۔امی جان خیریت تو ہے آپ کچھ پریشان نظر آرہی ہیں۔رومان شاہ اپنی ماں کے پاس بیٹھتے ہوئے کندھے پر ہاتھ رکھ کر بہت تجسس سے پوچھ رہا تھا۔

۔امی جان کیا کہنا چاہتی ہیں بولیں آپ کو کب سے اپنے بیٹے سے کچھ کہنے کے لیے اتنا سوچنے کی ضرورت پڑنے لگی۔

رومان شاہ نے محسوس کیا تھا کہ اس کی ماں کچھ کہنا چاہتی تھی مگر کہ نہیں پا رہی تھی۔رومان میری بات کو تحمل سے سننا اور میرے اس فیصلے کی قدر کرنا۔

امی جان میں تو آپ کے ہر فیصلے کی قدر کرتا ہوں اور کرتا رہوں گا مگر اس طرح سے تمہیدیں باندھ کر آپ مجھے ڈرا رہی ہیں۔

۔رومان میں چاہتی ہوں کہ مرہا کی رخصتی کے وقت تمہارے دونوں تایا اور ان کی بیویاں بھی شامل۔

۔ایسا بالکل نہیں ہو سکتا اور کبھی بھی نہیں ہو سکتا رومان شاہ اپنی ماں کی بات سنتے ہی اٹھ کھڑا ہوا تھا۔

رومان بیٹھو اور میری بات آرام سے سنوں امی جان اس بات میں سننے کے لائق کچھ بھی نہیں ہے آپ مجھ سے میری جان بھی مانگے تو میں ہنستے ہوئے دے دوں گا۔ مگر آپ جو کچھ کرنے کا سوچ رہی ہیں۔ میں وہ ہر گز نہیں ہونے دوں گا۔

وہ لوگ ہماری خوشیوں میں تو کیا ہمارے غم میں بھی شرکت نہیں کر سکتے۔ مجھے نفرت ہے ان لوگوں سے رومان شاہ کا لہجہ ایک دم کڑوا غصیلا ہو گیا تھا۔۔

رومان اتنا غصہ انسان کے خود کے لیے ہی ٹھیک نہیں ہوتا۔ تو امی جان آپ ان کا ذکر ہی مت کریں جن کا نام سن کر میرے اندر آگ لگ جاتی ہے۔

۔ان لوگوں نے ہمارے ساتھ کیا کیا تھا اپ بھول گئی ہوں گی میں نہیں بھولا۔ رومان شاہ کی آنکھیں انگارے برسا رہی تھی۔

۔رومان اگر ہم بھی ان کی طرح ہی سوچیں گے تو ان میں اور ہم میں کیا فرق رہ جائے گا۔

۔تمہیں نہیں پتا رومان ان کے حالات اس وقت کیسے ہیں۔"مجھے سب پتہ ہے"۔رومان تمہیں کچھ بھی نہیں پتا اس وقت تمہارے بڑے تایا کینسر کی آخری سٹیج پر موت اور زندگی کی لڑائی لڑ رہے ہی۔

۔"بہت اچھی طرح سے جانتا ہوں"اور تم نے مجھے بتانا ضروری نہیں سمجھا۔سے رومان شاہ کی ماں حیرانی سے اس کی جانب دیکھ رہی تھی۔

مجھے ان کی خوشیوں اور غم سے کوئی لینا دینا نہیں تھا۔تو مجھے آپ کو بتانے کی ضرورت نہیں محسوس ہوئی۔وہ اپنے دونوں ہاتھ کمر پر باندھے ہوئے غصے سے لال ہو کر کھڑا ہوا تھا۔

اور تمہیں پتہ ہے کہ عاصم جیل میں ہے "مجھے یہ بھی پتہ ہے "اور تمہیں پتہ ہے کہ ان کی حویلی نیلام ہو چکی ہے تمہارے تایا کی فیکٹری میں آگ لگنے سے سب کچھ جل کر ختم ہو گیا تھا۔

وہ لوگ اس وقت پر روڈ پہ آ چکے ہیں "مجھے سب کچھ پتہ ہے امی جان" انہوں نے بہت کمزور کڑی پر ہاتھ ڈالا ہے میں جانتا ہوں کہ یہ ان کی سازش ہے۔

ان کو پتہ تھا کہ رومان شاہ اگر کہیں کمزور پڑے گا تو وہ صرف اپنی ماں کے سامنے اور امی جان اس بار آپ مجھے مجبور نہیں کریں گی۔

اپنے بیٹے سے اس کا غرور مت چھینے رومان شاہ کی آنکھوں میں ایک درد تھا اگر وہ مرد نہ ہوتا تو شاید وہ درد آنسوں بن کر چھلک جاتے۔۔

مگر وقت کی کسوٹیوں پر تپ کر کندن بننے والا رومان شاہ رو تو نہیں سکتا تھا ۔مگر اس کی آنکھیں غصے سے لال انگارہ بنی ہوئی تھی۔۔۔۔۔

اس کا چہرہ غصے سے سرخ ہو رہا تھا۔۔رومان تم یہ سب کچھ جانتے تھے۔"جی " سب کچھ جانتا تھا اور بہت اچھی طرح سے جانتا تھا

اور مجھے ان کے حالات سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔۔رومان اتنے سنگ دل مت بنو کہ انسان اور جانور کا فرق بھول جاؤ۔

میں نے تمہاری ایسی تربیت نہیں کی۔"امی جان آپ کو اللہ کا واسطہ ہے کہ
"مجھے ان لوگوں کے سامنے گھٹنے ٹیکنے پر مت مجبور کیجیے گا

۔رومان کیا ان کی حویلی کے نیلامی کے پیچھے تمہارا ہاتھ تھا۔"نیلام ہونے کے پیچھے میرا ہاتھ نہیں تھا۔۔۔ہاں مگر نیلام ہونے پر اس حویلی کو میں نے خریدا
"ہے
'

جس حویلی سے رومیوں کو دھکے دے کر نکالا گیا تھا۔اس کی ماں کو بعزت کر کے نکالا گیا تھا۔

اس حویلی کو رومان شاہ نے خریدا ہے اور امی جان میں نے کچھ غلط نہیں کیا"
"اور نہ ہی آپ کی تربیت کی توہین کی ہے

میں نے اپنی حق حلال کی کمائی سے وہ ہویلی خرید کر واپس لیا ہے اور آپ مجھے اسے واپس کرنے کے لیے تو بالکل بھی مت بولیے گا۔۔۔۔

آج رومان شاہ کے ہر الفاظ میں انکار ہی انکار تھا۔ رومان اگر میں کہوں کہ میں ان لوگوں کو زبان دے چکی ہوں تو کیا تمہیں منانے کے لیے اب مجھے تمہارے قدموں میں بیٹھنا پڑے گا۔

یا تمہارے قدموں میں اپنا دوپٹہ ڈال کر تمہاری منتیں کرنی پڑیں گی۔"امی جان خدا کے لیے سوچ کر بولیے کیوں مجھے گنہگار کر کے جہنم کی آگ میں ڈالنا چاہتی ہیں"

آپ میری ماں ہیں آپ کے قدموں تلے میری جنت ہے،پر امی جان " "آپ میرے ساتھ بہت غلط کر رہی ہیں جتنا غلط کہوں وہ کم ہو گا۔

میں ان لوگوں کو معاف نہیں کر سکتا۔ نہیں ہے میرا ظرف آپ جتنا " بڑا۔۔"۔ نہیں بھول سکتا میں اپنے بچپن کے وہ خوبصورت لمحات جن کو ان لوگوں نے بدصورت بنا دیا تھا"

نہیں بھول سکتا میں اپنی جوانی کی وہ دھکے جو میں نے رومان شاہ بننے کے "
"لیے کھائے ہیں۔

نہیں بھول سکتا میں اپنی وہ معصوم بہن کو جس کو لے کر ہم دربدر ہوئے "
اور میری بہن پر گھٹیا نظر ڈالنے والے "۔۔۔۔رومان شاہ کہتے کہتے رک گیا
تھا۔۔۔۔۔۔

اسے آج بھی وہ لمحہ نہیں بولا تھا جب وہ اپنی بہن کو حراساں ہوتے ہوئے "
دیکھ کر چلایا تھا۔ نہیں بھول سکتا میں وہ دن جب آپ نوکروں کی طرح نجمہ
"کے گھر میں کام کرتی تھی

" امی جان میں کچھ بھی نہیں بول سکتا رومیوں سے رومان شاہ کا سفر بہت مشکل تھا۔

" امی جان اس راستے میں بہت کانٹے تھے ان نکیلے کانٹوں پر چلتے چلتے آپ کے بیٹے کے پاؤں چھلنی ہو گئے تھے"

" یہ سفر طے کرتے کرتے کتنی راتیں رومیوں نے آنکھوں میں گزاری تھی"

" رومان شاہ کا مقام حاصل کرنے کے لیے زندگی کو جینے والا رومیوں کب مر گیا میرے اندر مجھے پتہ نہیں چلا"

اور آپ چاہتی ہیں کہ میں ایک ہی پل میں ان کو معاف کر دوں تو امی جان " آپ مجھے معاف کر دیں۔ "میرا ظرف نہیں ہے اتنا بڑا، میں چاہوں تو تب بھی ان کو معاف نہیں کر سکتا"۔

۔رومان شاہ کے چہرے جو تکلیف اور درد نظر آرہا تھا۔۔۔۔۔

۔اس کی ماں اس کے درد کو سمجھ سکتی تھی۔اس کا بولا ہوا ایک ایک لفظ سچ تھا وہ کچھ بھی تو غلط نہیں کہہ رہا تھا۔اس کی جگہ کوئی بھی اور انسان ہوتا تو وہ بھی یہی کرتا۔

مگر وہ ایک نیک دل خاتون تھی اس لیے وہ نہیں چاہتی تھی۔کہ رومان شاہ بھی ان کے ساتھ وہی سب کرے جو ان کے ساتھ ہوا تھا۔۔۔۔

رومان اپنادل تھوڑاسانرم کرلو تمہارے تایاجان کوڈاکٹرز کی ضرورت ہے وہ پل پل مر رہے ہیں۔

۔"تو پھر میں کیا کروں اگر وہ مر رہے ہیں تو مر جائیں میرا باپ بھی پل پل مر رہا تھا۔تب ان لوگوں نے مدد کی یہ لوگ تو ہمارے ساتھ بابا کو ہاسپٹل تک نہیں لے کر گئے تھے"

۔رومان ان کی گناہوں کی سزاان کو خدادے گا۔ہم کون ہوتے ہیں کسی کو سزادینے والے بیٹا تم اگران کی مدد کروگے تو خداتم پر راضی ہو جائے گا۔

ان کے پاس علاج کے پیسے نہیں ہیں ان کے پاس رہنے کے لیے جگہ نہیں ہے۔اور میں ان کو بول چکی ہوں کہ وہ یہاں پر آجائیں۔

اور تم اپنے تایا کا علاج کرواؤ گے۔یہ میرا حکم ہے رومان۔"امی جان اس حکم سے اچھا تھا کہ آپ یہ کہتی کہ رومان تم اپنی گردن کٹوا کر اپنا سر مجھے تحفے میں پیش کرو۔"تو میں خدا کی قسم ہنستے ہنستے اپنا سر کٹوا دیتا۔

۔مگر یہ مجھ سے نہیں ہو گا امی جان آپ کیوں نہیں سمجھ رہی۔۔۔رومان میں زبان دے چکی ہوں کیا چاہتے ہو کہ میں اپنی زبان سے پھر جاؤں۔

"ہاہ۔۔۔۔رومان شانے منہ اوپر کی جانب کر کے ایک ٹھنڈی آہ بھری تھی"واہ امی جان واہ میرے دشمنوں کو آپ نے زبان دے دی وہ بھی بنا مجھ سے پوچھے۔۔۔

گڈ ویری گڈ امی جان"۔ "

۔تو ٹھیک ہے جو آپ کی مرضی ہے آپ کریں۔یہ گھر بھی آپ کا ہے۔اور سارا کاروبار بھی آپ کا۔ حکم بھی آپ کا، زبان اور فیصلہ بھی آپ کا۔

رومان شاہ تو یہاں پر کہیں بھی نہیں ہے "آج آپ نے پھر سے رومان شاہ " کو واپس بے بس رومیوں بنا دیا ہے۔آپ جو چاہیں کر سکتی ہیں۔۔

رومیوں کو کل بھی کوئی فیصلہ کرنے کی اجازت نہیں تھی "اور آج بھی" نہیں ہے۔وہ کہتے ہوئے زندگی میں پہلی بار غصے سے اپنی ماں کی بات کو یوں بیچ میں چھوڑ کر کمرے سے نکل کر گیا تھا۔۔۔۔

اے میرے رب میری بیٹے کو ان تکلیف دے لمحوں کی یادوں سے نکال دیں۔اے میرے خدا میرا بیٹا بہت تکلیف میں ہے۔تو اس کے دل کو موم بنا دے۔اور اس کے دل میں رحم بھر دے۔تاکہ وہ ان بے رحم لوگوں کو معاف کر سکے۔رومان شاہ کی ماں اپنے بیٹے کی تکلیف کو دیکھ کر بلند آواز سے اپنے رب سے دعا کر رہی تھی۔

ooooooo

اللہ میاں کتنا مشکل کام ہے یوں سج سنور کر بیٹھنا میرہا جو مہندی کے سٹیج پر تیار ہو کر بیٹھی بیٹھی بہت تھک گئی تھی۔

۔اب روم میں آکر اس نے سکھ کا سانس لیا تھا۔۔دوپٹے کو پن آؤٹ کرتے ہوئے۔۔اتار کر صوفے پر پھینک کر واش روم میں چلی آئی تھی۔

کپڑے چینج کرنے کی نیت سے افف میں کپڑے تو لے کر ہی نہیں آئی۔ کیا مصیبت ہے وہ بہت تھکی ہوئی تھی اب چینج کر کے عشاء کی نماز پڑھ کر آرام کرنا چاہتی تھی۔۔۔وہ کپڑے لے جانا بھول گئی تھی تو اب منہ میں بڑبڑ کرتی ہوئی واش روم کا دروازہ کھول کر باہر آئی تھی۔۔۔۔

اپنے کپڑے لینے مگر واش روم کا دروازہ کھول کر پہلا قدم ہی باہر رکھا تھا۔ آآ۔۔۔ شششش منہ بند آواز نہیں نکلنی چاہیے تمہاری۔۔۔۔میر ہاکا ایک قدم واش روم کے اندر تھا۔اور ایک باہر اس کی نظر سامنے بیڈ پر پڑی۔

شاہ میر آرام سے تکیے کے پر سر رکھ کر ٹانگ پہ ٹانگ رکھے ہوئے آرام سے لیٹا ہوا ہے۔۔ مرہا کا منہ ڈر کر چیخ مارنے کے لیے کھلا تھا۔ مگر شاہ میر نے انگلی اٹھا کر چپ رہنے کو کہا تھا۔

اور دھمکی یہ تھی کہ اس کے منہ سے آواز نہیں نکلی چاہیے مرہا نے جس طرح سے منہ کھولا تھا۔اسی سپیڈ سے منہ کو بند کر لیا۔۔۔وہ فل پولیس والی یونیفارم پہنے ہوئے مرہا کے سامنے آکر کھڑا ہو گیا تھا۔۔

اپ۔۔۔آپ یہاں اس وقت کیوں آئے ہیں۔۔ڈر اور گھبراہٹ سے مرہا کے اوپر والی سانس اوپر تھی اور نیچے والی نیچے رہ گئی تھی۔" بڑا ہی فضول سوال تھا "

تمہیں دیکھنے آیا ہوں پیار کرنے آیا ہوں۔۔پلیز پیچھے ہٹیں آپ کو آج یہاں پر نہیں آنا چاہیے تھا۔اگر بھائی نے دیکھ لیا تو ت۔

۔وہ اس کی بات پوری ہونے سے پہلے ہی اس کے لبوں پر اپنے لب رکھ کر اسے خاموش کروا چکا گیا۔۔اس کی کمر پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنے ساتھ چپکائے ہوئے تھا۔

آپ کو شرم نہیں آتی ہے بس یہی کام آپ کو کرنا آتا ہے۔۔مرہا نے غصے سے شامیر کی جانب دیکھا تھا۔"اے سی پی کی جان آتا تو مجھے بہت کچھ ہے بس آج رات کی دوری ہے۔اس کے بعد ایسی بے کھل کے تمہارے سامنے آئے گا۔

اور تمہاری یہ بھائی والی رٹ بھی ختم ہو جائے گی۔ تمہارے اس بھائی سے تو میں تنگ آ چکا ہوں۔ آپ میرے بھائی کے خلاف کچھ نہیں بولا کریں۔

اور پلیز پیچھے ہٹیں مجھے دوپٹہ لینے دیں وہ بنا دوپٹے کے کھڑی ہوئی تھی۔ اور شاہ میر کی نظریں اس کے خوبصورت لبوں سے ہوتی ہوئی۔

اس کی خوبصورت سراپے پر جا رہی تھی جس سے میرہا کو بے حد شرم آ رہی تھی۔ وہ شاہ میر کے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے پیچھے کر کے۔۔۔۔ اپنے دوپٹے کی طرف بڑی تھی۔۔۔

یہ کیا کر رہیں ہے مجھے دوپٹہ لینے دیں۔ شامیر اس کو بازو سے پکڑ کھینچتے ہوئے دیوار کے ساتھ لگا کر کھڑا ہو گیا۔

۔کیاضرورت ہے تمہیں دوپٹے کی تمہاراشوہر ہوں نکاح ہوچکاہے قانونی اوراسلامی طورپر تومیری بیوی ہو۔

پوراحق رکھتاہوں تمہیں بنادوپٹے دیکھنے کا۔۔۔۔پلیز مجھے شرم آرہی ہے اورمجھے اچھانہیں لگتابنادوپٹے کے کسی کے سامنے آنا۔

مگرمجھے بہت اچھالگ رہاہے تمہیں بنادوپٹے کی دیکھ کر۔اورمیں کوئی نہیں تمہاراشوہر ہوں مجھے کسی سے مت ملایاکرو۔

میرے چھوٹے پیکٹ بڑی بے صبری کے ساتھ میں اپنی زندگی میں
تمہارے آنے کا انتظار کر رہا ہوں۔۔وہ بہکتا ہوا اپنا منہ میرہا کے بالوں میں
چھپانے لگا۔۔

ooooooo

پلیز آپ یہاں سے چلے جائیں۔اے سی پی کی اتنی نزدیکیاں میرہا کی جان
لے رہی تھی۔۔۔۔چلا جاؤں گا آج کی رات گزارنے کے لیے مجھے تھوڑا سا
سکون اکٹھا کر لینے دو انرومنٹک بیوی۔۔۔

۔کل سے تو تم میرے پاس میرے اتنے ہی قریب ہو گی۔پھر تم مجھے خود
سے دور جانے کا کہہ کے دکھانا،اگر تمہارے ہوش نہ ٹھکانے لگائے تو اے
سی پی شاہ میرا نام نہیں۔۔۔۔

بس آپ کی ایسی گندی باتوں سے ہی مجھے بہت ڈر لگتا ہے۔۔۔اسے شوہر کا پیار کرنا کہتے ہیں۔ صحیح نام رکھا ہے میں نے تمہارا انرومینٹک بیوی۔۔۔۔۔وہ نرمی سے اس کی گالوں کو چوم رہا تھا اس کے ہاتھ اس کی کمر پر کسے ہوئے تھے۔

آپ اپنا ایسا پیار اپنے پاس رکھیں۔وہ پوری طرح سے خود میں سمٹتے ہوئے شرم سے لال ہو رہی تھی۔

۔اپنے پاس تو نہیں رکھوں گا۔اپنا پیار تم پر ہی برساؤں گا ایک بار تم ذرا میری کسٹڈی میں آجاؤ اس کے بعد تمہارے اس ہر ایک نخرے اور خود سے دور کرنے کا حصاب لوں گا۔

آہ آہ "میر پلیز وہ آہستہ سے شاہ میر کا نام لے کر سسکی تھی۔ "بولو میر کی "
جان "شاہ میر نے اس کے کان کی لو پر اپنے لب رکھ کر دانتوں سے ہلکا سا دباؤ
دیا تھا۔

جس سے وہ سسکی تھی اور سسکتے ہوئے اس نے خماری میں اس کا نام بولا تھا
"۔اس کے لبوں سے دوسری بار اپنا نام سن کر اے سی بی کے دل کو بہت
"سکون ملا تھا۔

تمہیں پتہ ہے جب تمہارے یہ خوبصورت لب میرا نام لیتی ہو تو مجھے لگتا"
"ہے کہ میرا نام بہت میٹھا اور خوبصورت ہے۔

پھر سے اپنے خوبصورت لبوں سے میرا نام پکارو وہ گہری نظروں سے اسے"
"دیکھ رہا تھا۔ "نہیں مجھے شرم آتی ہیں آپ کا نام لینے سے

"آنے دو کتنی شرم آجائے گی اور ویسے بھی تمہاری یہ شرم تمہارے لیے ہی
"مشکلات کھڑی کرے گی

"دیکھ لینا تم یوں شرماشرما کر اے سی پی کو اتنا بہکاؤ گی کہ وہ تمہارے عشق
" میں پاگل ہو جائے گا۔اور پاگل ہو کر تمہاری ہی جان نکالے گا

وہ کہتے ہوئے اپنی سخت داڑھی والے گالوں کو اس کی نازل سے گالوں سے
رب کر رہا تھا۔

میر ہا کی ہتھیلیاں پسینے سے فل گیلی ہو چکی تھی۔"پلیز آپ یہاں سے چلے
"جائیں اگر کوئی آگیا تو کیا سوچے گا۔

ٹھیک ہے بیوی چلا جاتا ہوں آج کی رات تم تھوڑا اور عیاشی سے اپنی نیندیں"
"پوری کر لو۔

کل سے تمہاری راتیں بھی میری اور تمہارے دن بھی اور تمہاری یہ اکھڑی ہوئی سانسیں بھی میری اور تمہارا یہ نازک خوبصورت سراپا بھی میرا اور تمہارے یہ خوبصورت مخملی ہونٹ بھی میرے وہ مرہا کی ہونٹوں پر انگلی رکھ کر انہیں پوائنٹ کر رہا تھا۔۔وہ خماری سے اسے خود کے ساتھ لگائے ہوئے
"کھڑا تھا۔۔۔

۔"کل سے تم پوری طرح اے سی پی شاہ میر کی ملکیت ہو گی۔تم پر صرف اور صرف میرا حق ہو گا۔وہ اسکی گردن پر اپنے لبوں کے گرم گرم لمس
"چھوڑتا ہوا بامشکل پیچھے ہوا تھا

آج کی رات اچھی طرح اپنی نیندیں پوری کر لینا کیونکہ کل سے تو میں تمہاری راتوں کی نیندیں دن کا سکون اور یہ پور سکون سانسیں چھین لوں گا "۔۔۔۔

اس کے لہجے کی خماری اور نظروں کے تقاضوں کو دیکھ کر مرہا کی جان نکل رہی تھی۔۔۔وہ اس قدر ڈری ہوئی تھی کہ اس سے اپنے پیروں پر کھڑا نہیں ہوا جا رہا تھا۔۔۔۔

لمبا چوڑا ہے اے سی پی فل یونیفارم میں کھڑا ہوا اسے دھمکا رہا تھا تو اس کا ڈرنا تو بنتا تھا۔۔۔۔۔۔۔

۔چھ فٹ کا لمبا چوڑا اے سی پی سینہ۔تان کر اسے اپنی باہوں کی گھیرے میں کسے ہوئے کھڑا تھا۔

وہ مرہا کو دھمکی دیتے ہوئے ایسے لگ رہا تھا۔ جیسے کوئی پولیس والا ایک بچی کو دھمکی دے رہا ہو اور بچی سہم کر دیوار سے لگی ہوئی ہو۔۔۔۔

وہ مرہا کو دھمکی دے کر کھڑکی کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔ مگر پھر الٹے قدموں چلتا ہوا واپس مرہا کہ قریب آیا تھا۔۔۔اور اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے ہوئے اس کے لبوں کو اپنی قید میں لے گیا اے سی پی کا دل اس کے بس میں نہیں تھا۔۔۔

۔خوبصورتی کی مورت بنی ہوئی کھڑی مرہا جو اس وقت اس کے نکاح میں تھی اس کی بیوی تھی اس پر پورا حق رکھتا تھا وہ بس یہی چیز اسے مرہا سے دور جانے نہیں دے رہی تھی۔۔۔

۔واپس پلٹ کر جتنی شدت سے اس نے مرہا کے ہونٹوں کو اپنی قید میں لیا تھا مرہا کا ڈر سو گنا گنا بڑھ گیا تھا۔

اے سی پی کی اس لبوں کی قید نے اسے اتنا تو سمجھا دیا تھا کہ اے سی پی اس کی جان کو بہت مشکل میں ڈالنے والا ہے۔۔

۔وہ فلاد جیسا جسم رکھنے والا اے سی پی شامیر ملک مرہا کے لیے بہت کڑی سزا بننے والا تھا۔۔میرہا کی نازک سی جان ایسی پی کے سامنے کچھ بھی نہیں تھی۔

وہ بامشکل اپنے لبوں کو اس کے لبوں سے الگ کر کے کھڑکی سے جاتا ہوا اسے آنکھ ٹیس کر کے گیا تھا۔۔مرہا وہیں پر دیوار کے ساتھ لگی ہوئی اپنی سانسوں کو بحال کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔

۔۔اس کا دل دھک دھک کر رہا تھا سانسیں راہ راست پر آنے کو تیار نہیں تھی مگر اسے سی پی اس کی سانسوں کو پی کر اپنے لبوں کی پیاس بجھا کر آدھا سفر بھی طے کر چکا تھا۔۔۔

ooooooooo

۔میرب اپنی بھاری فراک چینج کر کے کر کے سکون کا سانس لیا تھا۔اپنے چہرے کو میک اپ سے آزاد کر کے بلیک کلر کی پلین ٹراؤزر اور کرتی پہن کر مرر کے سامنے کھڑی ہوئی تھی۔۔۔۔

اپنے ہاتھوں پر موچرائزر لگا رہی تھی کہ دھاڑ سے دروازہ کھلا اور غصے سے بھرا ہوا رومان شاہ روم کے اندر داخل ہوا تھا۔۔ جتنی زور سے دروازہ کھولا گیا تھا اس سے زیادہ زور سے بند کیا گیا تھا۔۔۔

اگر بیچارہ دروازہ بول سکتا تو ضرور اپنا درد بیان کر کے بتاتا کہ اسے کتنی تکلیف ہوئی ہے میرب اپنے جگہ پر ہل کر رہ گئی تھی۔۔۔۔

اس نے غصے سے اپنی واسکٹ کو اتار کر زور سے صوفے پر پھینکی دیا۔رومان شاہ کی تیور دیکھ کر میرب کے حلق سے تھوک نیچے نہیں اتر رہی تھی۔۔۔

اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ آخر شاہ کو کیا ہوا ہے۔اب تو آپ نے قمیض کے بٹن کھول رہا تھا۔۔

میرب پھٹی پھٹی آنکھوں سے اس کی جانب دیکھ رہی تھی۔۔وہ کرتا اتار کر اسی انداز سے صوفے پر پھینک کر واش روم کے دروازے کو دھاڑ سے کھول کر دھاڑ سے بند کر گیا تھا۔۔۔

میرب تو دیکھتی رہ گئی کہ آخر ہوا کیا ہے۔۔وہ شاہ کی قمیض کو اٹھا کر ہینگ کرتی ہوئی اس کے اوپر ہی ویس کوٹ لگا کر اسے کبڑ کے ہینڈل سے لٹکا کر صوفے پر بیٹھ گئی۔۔

وہ شاہ کے آنے کا انتظار کر رہی تھی۔وہ پوچھنا چاہتی تھی کہ وہ اتنے غصے میں کیوں ہے۔وہ بیٹھ بیٹھ کر تھک گئی تھی۔

تواٹھ کر روم میں چکر لگانے لگی تھی۔وہ کب سے روم میں ادھر سے ادھر چل رہی تھی۔۔ مگر شاہ کا شاید واش روم میں ہی رہنے کا ارادہ تھا۔۔۔ کم سے کم میرب کو تو یہی لگ رہا تھا۔۔۔

کافی دیر کے بعد وہ اپنا غصہ شاور کے نیچے کھڑا ہو کر نہا کر اتار آیا تھا۔۔

اس کے بالوں سے پانی ٹپ ٹپ اس کے جسم پر ہی گر رہا تھا۔وہ صرف ٹراؤزر پہنے ہوئے ود آؤٹ شرٹ باہر آیا تھا۔اس کا مضبوط کسرتی سینہ دیکھ کر میرب نے شرم سے نظر جھکالی تھی۔

مگر اسے اس طرح سے پانی میں بھیگا ہوا دیکھ کر وہ ڈر رہی تھی کہ شاہ بیمار پڑ جائے۔

۔شاہ سر پہنچ لے آپ کو ٹھنڈ لگ جائے گی۔۔۔اچھا ہے لگ جائے تو مر جاؤں گا قصہ ختم ہو جائے گا۔وہ غصے سے بولتا ہوا جا کر بیٹھ کر بیٹھ گیا۔

میرب کا معصوم دماغ سمجھ تو نہیں پایا تھا کہ مسئلہ کیا ہے۔مگر اسے اتنا سمجھ میں آرہا تھا کہ شاہ دماغی طور پر بہت ڈسٹرب ہے۔

۔وہ ٹاول لے کر بامشکل قدم اٹھاتی ہوئی بیڈ پر بیٹھے شاہ کی جانب بڑی اور ٹاول سے ہمت جمع کر کے اس کا سر پہنچنے لگی تھی۔۔غصے سے بھرے ہو شاہ نے اس کے ہاتھ سے ٹاول لے کر فرش پر پھینک دیا۔

مسئلہ کیا ہے تمہارا میں خود پہنچ سکتا ہوں اپنا سر تمہیں میری ماں بننے کی ضرورت نہیں ہے۔۔

وہ اس پر چیخا تو میرب دو قدم ڈر کر پیچھے ہو گئی۔۔اس کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسوں گرنے لگے تھے۔دل درد کی ایک ٹیس اٹھی تھی۔شاہ کے اس رویے سے۔

۔وہ اپنی ہاتھوں کی پشت سے اپنے آنسوں صاف کرتی ہوئی بیڈ کی دوسری جانب سے ہو کر بیڈ پر لیٹ گئی۔۔۔بیڈ کور اپنے اوپر اوڑھ چکی تھی۔وہ بیڈ کور کے اندر رو رہی تھی۔۔اس کا روتے ہوئے ہل رہا وجود شاہ دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

اسے احساس تھا کہ اس نے میرب کو بنا غلطی کے ڈانٹا ہے۔مگر وہ اس وقت کتنی تکلیف میں تھا، یہ وہ اس نہیں سمجھا سکتا تھا۔۔کافی دیر یوں ہی گیلے بالوں سے بیڈ پر دونوں ہاتھ رکھے ہوئے بیٹھا رہا۔۔۔

اٹھ کر میرے بال خشک کرو پیچھے کی جانب چہرہ گھما کر بولا تھا۔۔مجھے پتہ ہے کہ تم جاگ رہے ہو۔۔اس لیے فورن اٹھ کر میرے بال خشک کرو۔۔۔

میرب کے رونے سے ہلنے والے جسم کو وہ دیکھ رہا تھا اس لیے اسے پتہ تھا کہ وہ جاگ رہی ہے۔پہلے کر رہی تھی تو آپ نے مجھے ڈانٹ دیا۔۔اب آپ خود کر لیں۔۔۔

۔مجھ سے زبان لڑانے کی ضرورت نہیں ہے جو کہا ہے وہ اٹھ کر کرو میرا حکم ماننا تم پر فرض ہے۔۔رعبدار دار آواز سے بولا تو میرب گھبرا کے اوپر سے بیڈ کور اتارتے ہوئے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔۔

وہ بیڈ کی دوسری جانب سے گھومتی ہوئی اس کے پاس آئی تھی زمین سے تولیہ اٹھا کر شاہ کا سر پہنچنے لگی تھی۔

۔اس کے رونے سے اس کی خوبصورت بڑی بڑی آنکھوں کے اندر لال ڈورے پڑ گئے تھے۔۔جو اس کی خوبصورتی کو اور بھی بڑھا رہے تھے۔۔۔

۔رونے سے آنکھوں پر ہلکی ہلکی سوجن آگئی تھی۔جس کو دیکھ کر شاہ کے دل کو تکلیف ہوئی۔۔۔۔

۔شاہ پلیز چھوڑیں کیا کر رہے ہیں۔۔۔شاہ کا اسے گود میں بٹھانا اسے شرم سے دوچار کر گیا تھا۔۔وہ بیڈ سے ٹانگیں لٹکائے ہوئے بیٹھا تھا۔۔

۔اور سامنے کھڑی ہوئی میرب جو ٹاول سے شاہ کا سر پہنچنے لگی تھی۔۔شاہ
۔نے اس کی کمر کے گرد اپنی باہوں کا حصار بنا کر اسے اپنی گود میں بٹھا لیا تھا۔
شاہ پلیز چھوڑیں میں آپ کے بال خشک کروں۔۔

بہت فکر ہے نا تمہیں میری کہ کہیں میں بیمار نہ پڑ جاؤں میرب اپنے سر کو"
ہلایا"۔۔۔تو پھر میری گود میں بیٹھ کر ہی میرے بال کو شک کرو"۔۔۔وہ
بہت گہری نظروں سے میرب کے چہرے کی جانب دیکھ رہا تھا"۔۔۔

۔۔"شا۔۔۔شاہ مجھ سے ایسے نہیں ہو گا"۔۔وہ بات کرتے ہوئے اٹک رہی
تھی"۔۔کیوں۔۔۔۔مجھے آپ سے شرم آتی ہے۔۔"کیوں شرم آتی
ہے"۔۔بولو چپ کیوں ہو۔۔۔شاہ اب میں اس بات کا کیا جواب
دوں"۔۔۔وہ آہستہ آہستہ من من کر کے بولی تھی۔۔۔

جواب تو دینا پڑے گا" میری ہر بات کا جواب دینا تم پر لازم ہے۔ شاہ کی گود میں بیٹھے ہوئے اس کے کثرتی سینے کو دیکھ کر میرب کا جسم ہولے ہولے کانپ رہا تھا۔۔

کانپ کیوں رہی ہو ٹھنڈ لگ رہی ہے" نہیں میرب نے نفی میں سر کو ہلایا" تھا تو پھر کانپ کیوں رہی ہو۔

شاہ کے اس طرح کے سوالوں کا میرب کیا جواب دیتی۔۔ان سوالوں کا جواب شاہ کو خود پتہ تھا مگر نہ جانے کیوں وہ میرب کو کنفیوز کیے ہوئے بیٹھا تھا۔

۔شاہ پلیز چھوڑیں مجھے۔۔آرام سے اپنی جگہ پر بیٹھی رہو اگر ہلنے کی کوشش بھی کی تو مجھ سے برا کوئی نہ ہو گا ظالم کی آواز میں اتنار وعبدار تھا کہ میرب اپنی جگہ پر ساکت ہو گئی گئی"۔۔

میرا سر خشک کرو میرب اپنے دونوں ہاتھوں سے ٹاول کو اٹھا کر اس کے سر پہ رکھتے ہوئے خشک کر رہی تھی۔۔اس کے اس عمل سے وہ شاہ کے بہت نزدیک تھی۔۔اتنی نزدیک کہ شاہ کی سانسوں کی گرمی میرب کی گردن کو چھو رہی تھی"۔۔۔اس نے میرب کو اپنی باہوں میں کچھ اس انداز سے کس رکھا تھا کہ اس کا نچلا حصہ تو ہلنے سے ہی قاصر تھا۔۔۔میرب کا دل دھک دھک دھک کر رہا تھا۔۔سر پہنچتے ہوئے اس کی کی سانسیں تیز ہونے لگی تھی شاہ کی گرم سانسوں کے پڑھنے سے۔

۔شاہ نے قریب ہوتے ہوتے اپنا سر اس کے دل والے مقام پر رکھ دیا تھا۔ اب منزر یہ تھا کہ شاہ اس کے سینے پہ سر رکھا کر اس کی کمر کے گرد اپنے بازو کسے ہوئے تھا۔۔میرب کے ہاتھ شاہ کے کاندھوں پر تھے۔

۔۔۔۔"شاہ"۔۔۔۔بولو جان شاہ سن رہا ہوں"۔۔۔وہ۔ گمبھیر آواز میں بول رہا تھا۔۔۔مجھے جانے دے۔۔۔"کیسے جانے دوں تمہارے پاس آنے سے تو میری فرسٹریشن تھوڑی کم ہوئی ہے"۔۔۔۔شاہ آپ کیوں پریشان ہیں۔۔۔میرب نے ہمت کر کے سوال کیا تھا۔۔۔۔

۔میرب ہر بات بتائی نہیں جا سکتی"۔۔اس وقت تمہارے اس سوال کا میرے پاس کوئی جواب نہیں ہے وقت آنے پر ضرور بتا دوں گا۔

۔فلحال تم سو جاؤ' صبح مرہا کی رخصتی ہے' تمہیں بہت ساری تیاریاں دیکھنی ہو گی۔۔۔میرب کے سوال سے شاہ کے دماغ میں واپس اپنی امی جان کی ساری باتیں گھومنے لگی تھی۔۔۔۔۔

شاہ نے اس کی کمر کے گرد سے اپنے ہاتھ اٹھائے تو میرب جلدی سے اٹھ کر اپنی جگہ پر جا کر سو گئی۔۔ وہ تو شاہ کے اس انداز سے ہی اس قدر گھبرائی ہوئی تھی کہ جان چھوٹتے ہی سو گئی تھی۔۔۔۔

۔ مگر سوئی ہوئی میرب کو شاہ بہت گہری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔ اس کے چہرے پر ایک معصومیت تھی۔۔ جسے وہ آج صاف صاف دیکھ رہا تھا۔۔ اس کی معصومیت شاہ کے دل کو چھو رہی تھی۔

وہ آج پہلی بار شاہ اسے مہک سے کمپیر کر کے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔ "اور اللہ تعالی کا شکر ادا کر رہا تھا کہ اللہ تعالی نے اسے بہتر لے کر بہترین دیا ہے"۔۔

مہک اس کے لیے کبھی بھی بہتر نہیں تھی یہ بات وہ خود دماغ میں سوچ رہا تھا کہاں مہک تھی جس کی نظروں میں رومیوں کی کوئی ویلیو نہیں تھی۔۔۔

رومیوں اس سے کتنی محبت کرتا تھا مگر وہ لالچی لڑکی پیسوں کے پیچھے بھاگتی رہی۔۔رومیوں کو ہمیشہ اس نے دھتکارا کبھی اس کی محبت کی قدر نہیں کی

۔۔۔۔

مگر میرب کو رومان شاہ بہت رشک کی نظروں سے دیکھ رہا تھا ماں باپ کی لاڈلی بھائی کی چہیتی محلوں میں پلی جس کی کسی بات کو باپ اور بھائی نے کبھی رد نہیں کیا تھا۔۔۔۔

وہ کس طرح اس کے سامنے اپنی پلکیں بچھاتی تھی۔۔میرب کی آنکھوں میں اپنے لیے محبت دیکھ کر شاہ کا دل پہلے دن سے ہی بہت پر سکون ہوتا تھا

۔۔۔

مگر اس کے اندر کے دل چلے رومیوں نے کبھی اسے مہک سے آگے سوچنے ہی نہیں دیا تھا۔ مہک کی نفرت اس کے دل میں ایسی چھاپ چھوڑ کر گئی تھی۔۔۔

کہ رومان شاہ کو لڑکی ذات سے نفرت ہو گئی تھی۔۔اسے لگتا تھا کہ ہر لڑکی مہک جیسی ہے ہر لڑکی صرف دولت کی بھوکی ہے۔۔ہر لڑکی کو غریب رومیوٹ سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔۔

اسے لگتا تھا لڑکی بے وفائی کے خمیر سے تیار کی گئی ہے۔۔اسے عورت ذات سے نفرت ہو چکی تھی۔۔۔ مگر اس کا یہ سوچنا غلط تھا۔۔۔اس بات کا احساس اسے میرب کے آنے کے بعد چلا تھا۔۔۔

ایک عورت ایک مرد سے اتنی سچی محبت بھی کر سکتی ہے' یہ اسے میرب کی محبت کو دیکھ کر پتہ چلا تھا۔۔۔

وہ میرب کی بے پناہ محبت دیکھ کر بھی بھی نظر انداز کرتا رہا تھا۔۔۔ مگر اب میرب کی سچی محبت کے آگے رومان شاہ کی نفرت ہار گئی تھی۔۔۔

آخر میرب رومان شاہ کے دل کو جیتنے میں کامیاب ہو چکی تھی۔ شاہ کے دل پر میرب کی محبت کی مہر لگ چکی تھی۔۔۔

شاہ کا دل میرب کے لیے دھڑک رہا تھا۔ شاہ کا دل میرب کو اپنی دسترت میں سانسوں کے نزدیک چاہتا تھا۔۔۔ فی الحال شاہ نے یہ ارادہ ترک اسی لیے کیا تھا کہ وہ میرب کو اس طرح جلد بازی میں اس گھٹن زدہ ماحول میں اپنی زندگی میں شامل نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔

اس میں میرب کے لیے ایک سرپرائز ہنی مون پلان کیا تھا۔۔۔ یہ ارادہ اس نے میرب کو سٹیج پر بیٹھے ہوئے دیکھ کر بنایا تھا جب وہ بے حد حسین مائیوں کی دلہن کی طرف سجی ہوئی تھی۔۔۔

اور آج جس طرح اس نے غصے سے میرب کو بنا اس کی کسی غلطی کے ڈانٹا تھا اب تو اس نے اپنے ارادے کو پختہ کر لیا تھا کہ وہ میرب کو لے کر کچھ دن اس ماحول سے دور چلا جائے گا۔۔۔

گہری نیند میں سوئی ہوئی میرب کے ساتھ رومان شاہ آ کر لیٹ گیا تھا اسے گھسیٹتے ہوئے اپنے نزدیک کر کے اپنی پناہوں میں لے لیا۔۔۔ شاہ کے آتشی لب مسکرائے تھے' یہ سوچ کر کہ اس وقت اس کی بیوی گدھے گھوڑے بیچ کر سو رہی ہے۔۔۔ اسے کچھ ہوش نہیں ہے کہ اس وقت اس کا شاہ اسے گھسیٹتے ہوئے اپنے ساتھ لگا چکا ہے۔۔۔

کہاں گود میں بیٹھے ہوئے اس کی سانسیں رک رہی تھی اور اب اس کے اتنے قریب لیٹی ہوئی کو کچھ ہوش نہیں ہے وہ مسکراتے ہوئے اسے لے کر نیند کی وادیوں میں چلا گیا تھا۔۔۔

کل ایک نیا دن اور نئے حالتوں کے ساتھ ان کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔

ooooooooo

ماشاءاللہ ماشاءاللہ میر ابیٹا تو دولہا بن کر شہزادہ لگ رہا ہے۔ شاہ میر کی ماں شاہ میر کو دلہے کے روپ میں دیکھ کر صدقے واری جا رہی تھی۔۔۔

وہ بلیک کلر کی شیروانی کے ساتھ میچنگ کلا پہن کر کھڑا ہوا بہت خوبصورت لگ رہا تھا ساتھ میں میچنگ کھسہ پہن رکھا تھا۔۔۔

۔ماما کیا مطلب ہے اس وقت شہزادہ لگ رہا ہوں پہلے آپ کو کبھی میں شہزادہ نہیں لگا۔۔ شاہ میر نے اپنی ماں سے مذاق کیا تھا۔۔۔ نہیں میر ابیٹا تو ہمیشہ

سے شہزادہ ہی تھا۔۔۔وہ اپنے بیٹے کا ماتھا چومتے ہوئے بہت رشک سے بول رہی تھی۔۔۔

سوچ لیجئے ماما اپنی بہو کے آنے کے بعد کہیں آپ کے خیالات بدل نہ جائیں میں نے میرب سے سنا ہے کہ کل آپ اپنی بہو پر بہت صدقے واری جا رہی تھی۔۔

ہاں تو میری بہو بہت اداس تھی اپنا گھر چھوڑنے پر تو میں کیوں نہ اپنی بہو پر صدقے واری جاتی اور تم شرم کرو ابھی سے میری بہت سے جیلس ہونا شروع ہو گئے ہو۔۔

۔مرضی ہے ماما آپ کی"۔۔۔مجھے تو ابھی سے ہی آپ کی محبت میں کٹوتی ہوتی ہوئی نظر آ رہی ہے۔۔۔وہ ہنستے ہوئے اپنی ماما کو تنگ کر رہا تھا۔۔

چلو اب باتیں نہیں بناؤ تمہارے بابا کب سے جلدی کی رٹ لگائے ہوئے ہیں ان کا کہنا ہے کہ ہمیں ٹائم سے پہنچنا چاہیے تو جلدی کرو میں باقی کے انتظام دیکھتی ہوں تم ریڈی ہو کر نیچے آجاؤ۔۔۔۔۔

ہمیں وقت پر بارات لے کر ہال میں پہنچنا ہے۔۔"ہائے میں کیسے بتاؤں کہ میں یہ گھڑیاں کیسے گن گن کر گزار رہا ہوں۔

میرا دل تو ان رسم و رواجوں کو مانتا ہی نہیں۔۔۔میرا دل تو چاہتا ہے کہ میں جاؤں اور اپنی بیوی کو اپنی باہوں میں بھر کے اپنے ساتھ لے آؤں۔۔۔۔۔

مگر یہ مجبوریاں یہ دنیا کے بنائی ہوئی فضول رسمیں وہ اپنی ماں کے جانے کے بعد ٹھنڈی آہیں بھرتا ہوا سوچ رہا تھا۔۔

۔چلو میری کم سن معصوم ڈرپوک بیوی تیار ہو جاؤ اے سی پی کی کڑی آزمائشوں پر پورا اترنے کے لیے۔۔۔

یہ اے سی پی تمہاری جان کو بہت مشکل میں ڈالنے والا ہے۔۔۔تمہارے اس معصوم حسن اور نازک سراپے نے ان دنوں مجھے جتنی مشکل میں ڈالا ہے۔۔۔

اس سے زیادہ میں تمہاری جان مشکل میں ڈالوں گا۔تمہارے اس معصوم چہرے نے میری راتوں کی نیند حرام کر کے رکھی ہوئی تھی۔۔۔۔

میں نے تو تم سے نکاح تمہارے بھائی کو امتحان میں ڈالنے کے لیے کیا تھا مگر بیوی تم نے تو ایسی بھی کو ہی کڑے امتحان میں ڈال دیا۔

اس کے دلکش لب اس کی گھنی مونچھوں تلے مسکرا رہے تھے۔۔۔

ooooooo

میرب کچن میں کھڑی ہوئی شاہ کی رات والی نزدیکیوں سے شرما کر سوچ رہی تھی کہ شاہ کتنا رومنٹک ہے۔۔۔

شاہ کو دیکھ کر کوئی سوچ سکتا ہے کہ وہ اتنے رومینٹک ہیں۔ شکل سے کھڑوس نظر آنے والا شاہ اندر سے اتنا رومینٹک ہے افففف۔۔۔

وہ کچن میں کھڑی ہوئی خود سے ہی باتیں کر رہی تھی۔جب اس کی ساس کچن میں داخل ہوئی تھی۔۔"میرب"جی۔۔اسلام علیکم امی جان وہ آگے بڑھی تھی پیار لینے کے لیے۔۔۔

وعلیکم اسلام میری بیٹی صبح صبح کچن میں خیریت۔۔۔جی امی جان میں اپنے لیے چائے بنانے کے لیے آئی ہوں۔۔۔۔مگر بیٹا آپ ذکیہ کو بول دو۔۔۔نہیں امی جان میں خود بنالوں گی مجھے شاہ کے لیے بھی چائے بنانی ہے۔۔۔

میں ان کے مطابق چیزیں سیکھنا چاہتی ہوں اگر کچھ بناؤں گی تو مجھے شاہ کے مطابق اس کی پسند کی چیزیں بنانی کیسے آئیں گی وہ بتاتے ہوئے نظر جھکا کر شرما رہی تھی۔۔۔

ہمم۔۔میری بیٹی محنت کر رہی ہے اپنے شوہر کے دل میں اترنے کی رومان شاہ کی ماں میرب کو اپنے سینے سے لگا کر بڑی محبت سے بولی تھی۔۔۔۔۔

بہت اچھی بات ہے میں بہت خوش ہوں کہ تم رومان کی زندگی میں پھر سے رنگ بھر رہی ہو۔۔۔

میرب اپنی ساس کی اس بات کا مفہوم سمجھ نہیں پائی تھی۔۔۔

بس اسی طرح میرے بیٹے کو محبت دیتی رہنا۔وہ دل کا بہت اچھا ہے۔یہ بات میں نے تمہیں پہلے دن ہی بتائی تھی۔

اس میں کوئی کوٹ نہیں ہے کھرا سونا ہے میرا بیٹا ایک بار اگر تم اس کے دل پہ لگے ہوئے تالے کی چابی ڈھونڈ کر لگانے میں کامیاب ہو گئی تو۔تو اس کے دل میں صرف تم ہی تم ہو گی۔۔۔۔۔

اور مجھے لگتا ہے کہ میری بیٹی وہ چابی ڈھونڈنے میں کامیاب ہو گئی ہے وہ میرب کو پیار کرتے ہوئے مسکرا رہی تھی۔۔۔۔

جبکہ میرب اپنی ساس کی باتوں پر نظر جھکائے ہوئے شرم سے لال ہو رہی تھی مگر اسے خوشی تھی اس بات کی کہ وہ رومان شاہ کے دل پر دستک دینے میں کامیاب ہو گئی۔۔۔ جس کی گواہی خود رومان شاہ کی ماں دے رہی تھی۔۔

اس کا دل پر سکون تھا یہ سوچ کر کہ آج شاہ اس کی طرف خود سے قدم بڑھا رہا ہے۔۔۔بیٹا گھر میں کچھ خاص مہمان آئے ہیں ان کا خیال رکھنا اور رومان کو بھی جا کر بتا دو کہ اس کے ددیال سے جو مہمان آنے تھے وہ آ چکے ہیں۔۔۔

جی امی جان اپ مجھے بتادیں کیا کرنا ہے میں دیکھ لوں گی۔۔۔میرب کب اتنی سلیقہ منداور فرمانبردار ہو گئی تھی اسے شاہ کی محبت میں خود بدلتے ہوئے پتہ ہی نہیں چلا تھا۔۔۔۔۔۔

اس وقت وہ گھر کی ایک سمجھدار بہو نظر آرہی تھی۔۔وہ جذباتی خود سر نوکروں کے ساتھ جھگڑا کرنے والی لاپرواہ میرب کو وہ کہیں پیچھے چھوڑ آئی تھی۔۔۔

بیٹا تم پہلے جاؤاور رومان کو چائے دواور خود بھی آرام سے پیو اس کے بعد میرے پاس آنا پھر میں تمہیں بتاؤں گی کہ کیا کرنا ہے۔۔۔۔

جی امی جان اس کے ساس کچن سے جا چکی تھی۔۔اور میرب ڈش کے اندر چائے کے دونوں مگ رکھ کر اپنے روم کی طرف جا رہی تھی۔۔۔

رومان شاہ صبح اٹھتے ہی پہلے چائے پیتا تھا ویسے تو وہ چائے اپنی صبح کی واک کے بعد پیتا تھا مگر آج شاہ فجر کی نماز پڑھ کے پھر بیڈ پر لیٹ گیا تھا۔۔۔۔

رات کو بھی بہت ٹینشن میں تھا اس لیے اس نے جگانا مناصب نہیں سمجھا تھا ۔۔مگر اب وہ چائے اس لیے لے کر جا رہی تھی تاکہ وہ فریش ہو سکے اور مرہا کی رخصتی کی تیاری کے کام دیکھ لیں۔۔۔۔۔

میرب کمرے کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئی تو نظر سامنے سوئے ہوئے رومان شاہ گئی تھی۔۔۔وہ بیڈ پر الٹا لیٹا ہوا تھا اس کے نیچے والے آدھے حصے پر بلینکٹ تھا۔۔ مگر اوپر والا حصہ ویسے ہی ننگا تھا۔۔۔

اس کی چوڑی کمر پر میرب کی نظر پڑی تو میرب کے دل نے ایک زوردار بیٹ مس کی تھی۔۔۔یہ سوچ کر کہ اتنا خوبصورت لمبا چوڑا شاہ اس کی ملکیت تھا۔۔۔

شاہ اٹھ کر جائیں چائے پی لیں وہ سائیڈ ٹیبل پر ڈش رکھتے ہوئے آہستہ سے بولی تھی۔۔شاہ جو اس کے ہی انتظار میں جاگ رہا تھا۔۔۔

وہ فی الحال باہر جا کر ان لوگوں کی منحوس شکلیں نہیں دیکھنا چاہتا تھا اس لیے کب سے وہ روم میں لیٹ کر ہی میرب کا انتظار کر رہا تھا اس کی نظریں میرب کو صبح صبح اپنے سامنے دیکھنا چاہتی تھی۔۔۔

پہلے تم ادھر آؤ میرے پاس سیدھا ہو کر تکیے پر لیٹ گیا تھا۔۔۔ایک ہاتھ کو اپنے سر کے نیچے رکھے ہوئے دوسرے ہاتھ کی انگلی سے اس نے پاس آنے کا اشارہ کیا تھا۔۔۔۔۔

۔۔جی۔میں نے کہا پاس آؤ۔شاہ پاس ہی تو ہوں۔۔وہ بیڈ سے صرف ایک قدم ہی پیچھے کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

اتنا پاس آنے کو میں پاس بولتا ہوں سمجھی۔۔۔وہ میرب کو ہاتھ سے کھینچ کر اسے اپنے سینے پر گرا چکا تھا۔۔۔۔

شاہ کے سینے پر گرنے سے میرب یکدم گڑبڑائی تھی۔۔۔۔اس کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا تھا۔۔۔میرب کے گھنے ریشمی بال شاہ کے چہرے پر گھٹا بن کر پھیل گئے تھے۔۔۔۔

جب کہ وہ ایک بازو سر کے نیچے رکھے ہوئے دوسرا اس کی کمر کے گرد سختی سے حصار باندھ کر اسے سینے میں بھینچ گیا تھا۔۔۔۔۔

یہ کیا کر رہے ہیں۔۔میرب شاہ کے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے فاصلہ بناتے ہوئے بولی جو کہ ناممکن ٹھہرا۔۔۔خاموشی سے لیٹی رہو۔۔۔۔۔میرب کا نرم و نازک سراپہ شاہ کے حواسوں پر چھا رہا تھا۔۔۔۔

جبکہ میرب کا دل زوروں سے تھک تھک کر رہا تھا جسے شاہ بخوبی محسوس کر رہا تھا۔۔۔یہ میرے پاس آنے سے تمہارا دل اتنی سپیڈ کیوں پکڑ لیتا ہے وہ اس کے کان کے لو کو چھوتا ہوا سرگوشی نما بولا تھا۔۔۔

شاہ کے جسم سے آتی ہوئی کلون کی خوشبو میرب کی دھڑکنوں کو اوتھل پوتھل کر کے دھڑکنوں کے رقص کو بگاڑ رہی تھی۔۔۔

امی جان کہہ رہی تھی کہ آپ کے ددیال سے جو مہمان آنے والے ہیں وہ آ چکے ہیں تو پھر میں کیا کروں۔۔۔وہ غصے سے چلایا تھا۔۔۔۔

اور ایک ہی جھٹکے سے میرب کو خود سے دور کرتے ہوئے بیڈ پر اٹھ کر بیٹھ گیا۔۔آہ۔اس کے جھٹکنے سے میرب کا ماتھا سائیڈ ٹیبل کے ساتھ ٹکرا گیا۔۔

○○○○○○○

سوری سوری وہ تیزی سے بیڈ سے اتر کر نیچے آیا تھا۔دکھاؤ مجھے۔۔۔۔شاہ پلیز مجھے چھوڑ دیں وہ روتے ہوئے اپنے ماتھے پر ہاتھ رکھے ہوئے تھی ۔۔۔اسے بہت درد ہو رہا تھا۔۔۔سوری یار میں تمہیں نقصان پہنچانا نہیں چاہتا تھا۔وہ شرمندہ تھا۔پلیز دکھاؤ مجھے۔۔

۔شاہ نے اسے کاندھوں سے پکڑ بیڈ پر بیٹھا دیا۔۔وہ نیچے کو سر جھکائے ہوئے اس کی ماتھے پر لگی چوٹ کو دیکھ رہا تھا۔ ٹیبل کہ کونہ لگنے سے میرب کے ماتھے پر چھوٹا سا کٹ لگ گیا تھا اور اس میں سے خون نکل رہا تھا۔۔۔۔

میرب کے پاس بیٹھتے ہوئے اس نے سائیڈ ٹیبل کھول کر اس میں سے فرسٹ ایڈ باکس نکالا تھا۔۔۔۔

۔شاہ چھوڑ دیں میں خود کر لوں گی کٹ کی ڈریسنگ کرتے ہوئے میرب نے ہاتھ کے اشارے سے روک دیا تھا۔۔۔اور غصے سے اٹھ کر بیڈ سے کھڑی ہو گئی۔۔۔

سوری یار کہ مجھ سے غلطی سے ہو گیا اس کی معافی مانگ تو رہا ہوں" وہ اس"
کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنی جانب گماتے ہوئے پھر سے اس کے
ماتھے کی کٹ کے ڈریسنگ کرنے لگا تھا۔۔

۔سی۔۔۔پائوڈین لگنے سے میرب کے زخم پر جلن ہوئی تھی۔۔۔جلن ہو
رہی ہے وہ بے چین سا ہو کر اس کے ماتھے پر اپنے منہ پھونک مار رہا تھا۔۔۔۔

۔شاہ آپ کیوں کرتے ہیں میرے ساتھ ایسا۔ کبھی تو شہد سے زیادہ میٹھے ہو
جاتے ہیں اور کبھی زہر سے بھی زیادہ کڑوے اور زہریلے بن جاتے ہیں

۔۔۔۔

میں آپ کو سمجھ ہی نہیں پا رہی ایک پل کے لیے تو مجھے ایسا لگتا ہے کہ میں آپ کے دل میں اپنی جگہ بنانے میں کامیاب ہو گئی ہوں۔۔۔۔۔

مجھے آپ کی آنکھوں میں پیار نظر آنے لگتا ہے دوسرے ہی لمحے آپ کا رویہ میری ذات کو دوٹکے کا بنا دیتا ہے میں آپ کے اصلی روپ تو پہچان ہی نہیں پا رہی۔۔۔۔

میرب کو تو شاہ ہر روپ میں ہی اچھا لگتا ہے۔۔۔اگر آپ مجھ سے ناراض تھے تو میں تو اس حال میں بھی آپ کے ساتھ بہت خوش تھی۔۔۔

آپ کا ساتھ میرے لیے پوری دنیا سے بڑھ کر ہے۔مجھے تو صرف آپ کا ساتھ چاہیے تھا۔جو خدا نے میری جھولی میں ڈال دیا تو میں خود کو مکمل سمجھنے لگی تھی۔۔

۔جن حالات میں ہماری شادی ہوئی اس سے زیادہ کی تو میں نے آپ سے کبھی توقع ہی نہیں کی۔ مگر شاہ آپ کا یہ پل پل بدلتا رویہ میری سمجھ سے بالاتر ہے۔۔۔

وہ بہت درد سے سسکیاں بھرتے ہوئے شاہ سے شکایت کر رہی تھی۔۔ بینڈج سے سٹیکر اتارتے ہوئے اس کے ماتھے پر چپکا کر رہا تھا۔۔۔

فرسٹ ایڈ باکس واپس سائیڈ ٹیبل کی ڈرار کے اندر رکھتے ہوئے کچھ دیر کی خاموشی چھا گئی تھی۔۔۔اپنی بات کا جواب نہ پا کر میر غصے سے طوفان کی طرح اٹھتی ہوئی روم سے باہر جا رہی تھی۔۔۔۔

کہ شاہ نے پیچھے سے آ کر اس کے ہاتھ کو تھام لیا۔۔میر ب نے اپنے واپس پلٹ کر نہیں دیکھا تھا۔۔وہ اسی پوزیشن میں باہر کی جانب دیکھ رہی تھی۔۔

۔تمہارے دل کو جو سہی لگتا ہے تم اس پر یقین کر لو۔۔بہت دیما بولا تھا۔۔۔میرب کا دل تو پاگل ہے اس کو تو یہ لگتا ہے کہ شاہ مجھ سے پیار کرنے لگا ہے۔۔۔۔تو کیا میں اس پر یقین کر لوں وہ آنسوں سے بھری ہوئی آواز سے بول رہی تھی۔۔۔

جب کہ مجھے پتہ ہے ایسا ہے نہیں وہ بہت ٹوٹے ہوئے دل سے بول رہی تھی۔۔۔تمہیں ایسا کیوں لگتا ہے کہ جو تمہارا دل سوچ رہا ہے ویسا نہیں ہے۔۔

۔ابھی کچھ دیر پہلے جو آپ کا میرے ساتھ رویہ تھا اس کو دیکھ کر تو کوئی پاگل بھی نہیں سوچ سکتا ہے کہ پیار کرنے والے اس طرح تکلیف نہیں دیتے۔۔۔

۔وہ مجھ سے غلطی سے ہو گیا میرا کوئی ارادہ نہیں تھا تمہیں نقصان پہنچانے۔۔۔اسکی پشت پر اپنا سینہ رکھتے ہوئے اسے اپنے ساتھ لگا گیا تھا۔۔

۔ابھی وہ کچھ اور کہنا چاہتا تھا کہ دروازہ کھٹکا تھا۔۔۔۔صاحب جی بڑی بی بی جی آپ کو اور بھابھی جی کو بلا رہی ہیں۔۔

نوکرانی آواز دے کر جا چکی تھی۔۔۔تم جاؤ اور امی جان سے بول دو کہ میں کسی ضروری کام سے جا رہا ہوں۔۔۔۔میرب نے حیرانی سے شاہ کی جانب دیکھا تھا

۔کیونکہ شاہ صبح اٹھتے ہی سب سے پہلے اپنی امی جان کو ملنے کے لیے ان کے روم میں جایا کرتا تھا۔

جب سے وہ اس گھر میں آئی تھی اس نے کبھی بھی رومان شاہ کو اپنی امی کی کوئی بات ٹالتے ہوئے نہیں دیکھا تھا اور نہ ہی کبھی ان کا بلاوا آیا ہو اور شاہ نہ گیا ہو ایسا کبھی نہیں ہوا تھا۔۔۔

اس لیے شاہ کا انکار میرب کی سمجھ میں نہیں آیا تھا۔۔شاہ آپ کہاں جا رہے ہیں۔۔مجھے کچھ تیاریاں دیکھنی ہیں میں وہ دیکھ کر آتا ہوں۔۔شاہ کے الفاظ اور لہجہ ایک دوسرے سے میچ نہیں ہو رہا تھا۔۔

۔تم ناشتے کی بات پین کلر ضرور کھالینا اسے فکر تھی میرب کی۔آپ ناشتہ نہیں کریں گے۔۔۔ نہیں فی الحال مجھے ایک ضروری کام ہے۔تم ناشتہ کر لینا امی کے ساتھ۔۔میرب نے شاہ کے کپڑے نکال کر بیڈ پر رکھ دیے تھے جبکہ شاہ واش روم میں جا چکا تھا۔کچھ ایسا تھا جو میرب کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا۔۔۔

وہ اپنی ہی سوچوں میں گم کمرے سے باہر آئی تو ٹیبل پر کافی گیما گیمی کا ماحول تھا تو دو خواتین اور دو مرد سامنے بیٹھے ہوئے ناشتہ کر رہے تھے۔۔جن میں سے ایک بیمار لگ رہا تھا۔اس شخص کے چہرے کی ویرانی اور پیلاہٹ بتا رہی تھی کہ اس کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔

اور ان کے پاس ایک لڑکی بیٹھی ہوئی تھی۔اس نے نارمل سی شرٹ کے ساتھ کیپری پہنی ہوئی تھی اور مسٹرڈ کلر میں اس کا رنگ کافی کھل رہا

تھا۔اس کے نین نقش کافی خوبصورت تھے مگر چہرے پر کافی اداسی کے تاثرات تھے۔۔

میرب چلتے ہوئے ٹیبل کے قریب آگئی۔وہ سمجھ گئی یہ شاید یہ وہی مہمان ہیں جن کا ذکر امی جان نے کیا ہے۔السلام علیکم۔میرب نے پاس آکر ادب سے سلام کہا تھا۔وعلیکم السلام۔۔آؤ میرب بیٹھو ان سے ملو یہ رومان کے بڑے تایا ابو ہیں۔۔۔اور یہ چھوٹے تایا۔۔۔۔اور یہ رومان کی بڑی تائی ہیں۔۔۔اور یہ چھوٹی تائی۔۔۔اور یہ رومان کے بڑے تایا کی بیٹی مہک ہے۔۔

میرب کی ساس نے میرب کو مہمانوں سے متعارف کروایا تھا۔۔اور یہ میری بہو ہے میرب۔۔۔رومان کی بیوی باقی سب لوگوں کا ری ایکٹ تو

بالکل نارمل تھا۔۔۔ مگر اس لڑکی کا ریکٹ بہت عجیب تھا اس کی آنکھوں میں عجیب اداسی اور درد کے تاثرات تھے جن کو میرب نے بخوبی دیکھا تھا۔۔۔۔

خواتین نے میرب کا حال چال پوچھا اور سب نے باری باری اس کے سر پر پیار دیتے ہوئے دعائیں دی۔۔ سب لوگ ناشتہ کر رہے تھے۔۔۔۔ میرب اچھی بہو کی طرح زکیہ کے ساتھ کیچن سارے انتظام کو دیکھنے لگی تھی۔۔۔

۔حالانکہ اس کی ساس نے کافی بار اسے ناشتے کی ٹیبل پر بلایا مگر وہ نہیں آئی اور اس کا ریزن یہ تھا کہ اسے ناشتہ شاہ کے ساتھ ہی کرنا تھا۔۔

میرب۔۔۔۔جی امی جان۔۔۔بیٹا رومان تیار نہیں ہوا امی جان تیار ہو رہے ہیں مگر ان کو کہیں ضروری کام سے جانا ہے وہ کہہ رہے تھے کہ انہیں کچھ تیاریاں دیکھنی ہیں۔۔۔

۔وہ واپس آکر ناشتہ کریں گے میرب نے شاہ کی بولی ہوئی بات کو میرب دہرایا تھا۔۔۔ مگر بیٹا اس کو بولو کہ وہ ناشتہ کر کے جائے۔۔امی جان میں نے کہا تھا۔۔۔ مگر انہوں نے منع کر دیا۔۔

وہ ہماری موجودگی میں نہیں آئے گا ہمیں پتہ ہے۔۔ہم نے جو کچھ اس کے ساتھ کیا ہے اس کے بعد وہ ہم سے کبھی نہیں ملے گا۔۔ ہمیں بات کا آئیڈیا تھا آپ پریشان نہیں ہوں۔۔۔بلکہ میرے خیال سے ہمیں اٹھ کر کمرے

میں چلے جانا چاہیے تھا تاکہ وہ اپنے گھر میں آرام سے چل پھر سکے اور ناشتہ کر سکے۔۔۔

مہک کے بابا رومان کے بڑے تایا نے بولا تھا۔۔ نہیں نہیں بھائی صاحب ایسا کچھ نہیں ہے۔سچ میں آج رخصتی کا دن ہے اور اسے بہت ساری تیاریاں دیکھنی ہوں گی۔۔اس لیے وہ نہیں آیا ہو گا۔۔

رمان شاہ کی ماں اس پر پردہ ڈالتے ہوئے بولی تھی۔۔ جبکہ حقیقت سے تو رومان شاہ کی ماں بھی اچھی طرح سے واقف تھی۔۔

۔وہ لوگ ناشتہ کر کے اپنے روم میں جا چکے تھے جبکہ رومان شاہ ابھی تک اپنے روم سے نکل کر نہیں آیا تھا۔۔میرب ناشتے کا کام نپٹا کر روم میں واپس آئی تو شاہ سامنے تیار ہو کر کھڑا ہوا خود پر فیوم چھڑک رہا تھا۔وہ میرب کو ڈریسنگ مرر میں سے دیکھ رہا تھا۔۔

تم نے ناشتہ کیا۔۔۔نہیں۔۔۔جواب شاہ کی امید کے مطابق آیا تھا۔۔۔کیوں۔۔۔۔آپ نے بھی تو نہیں کیا میں نے آپ سے پوچھا۔۔وہ خود کو نارمل دیکھا رہی تھی۔۔

بیڈ کور کو فولڈ کر رہی تھی۔۔بہت زیادہ بیویوں والا ایٹیٹیوڈ نہیں آ گیا تم میں۔۔شاہ اپنے کف کے بٹن بند کرتا ہوا چھوٹے قدموں کے ساتھ اس کے پاس آیا۔۔۔۔۔

۔بیوی ہونے کا اور کوئی حق تو ملا نہیں کم سے کم ایٹیٹیوٹ تو بیویوں والا رکھ سکتی ہوں۔۔لہجہ اداس تھا۔۔

ہمم۔۔تو تمہیں بیوی ہونے کا حق چاہیے۔میرب جو بیڈ کور کو فولڈ کر رہی تھی شاہ اس کے پیچھے آکر کھڑا ہو گیا اور اس کے پیٹ پر ہاتھ باندھتے ہوئے اسے خود کے قریب کر لیا۔۔۔

میں نے ایسا تو نہیں کہا۔۔شاہ کی بات کا مطلب سمجھ کر وہ شرمندہ ہوئی تھی۔۔تو پھر کیا مطلب تھا تمہاری بات کا تم یہی جتا رہی تھی کہ میں تمہیں تمہاری بیوی ہونے کا حق نہیں دے رہا۔۔۔

اس کی شرمائی ہوئی حالت دیکھ کر شاہ محظوظ ہو رہا تھا۔۔۔۔شاہ میر اہر گز یہ مطلب نہیں تھا۔وہ اس کی باہوں میں کسی ہوئی کھڑی شرم سے دوچار ہو رہی تھی۔۔

شاہ کی گرم سانسیں میرب کے کانوں کی لو کے اوپر پڑ رہی تھی کیونکہ شاہ نے اپنی ٹھوڑی میرب کے کاندھے پر رکھی ہوئی تھی۔۔۔اور اپنی بازو اس کے گرد حائل کر رکھے تھے۔۔۔۔

۔شاہ کا یوں بار بار قریب ہونا میرب کو جتنا اچھا لگتا تھا اتنا ہی اس کی شرم اور گھبراہٹ کی وجہ بھی بنتا۔۔

۔میرب کا دل دھک دھک کر رہا تھا۔۔اس کی ہتھیلیاں بھیگی ہوئی تھی ۔۔پیشانی پر پسینے کی بوندیں چمکنے لگی تھی۔۔۔شاہ اس کے ماتھے پر چمکتے پسینے کی بوندیں دیکھ کر آتشی لبوں سے مسکرایا تھا۔۔

اگر میں کہوں کہ میں چاہتا ہوں کہ تم مجھ سے اپنا حق مانگو تو۔۔۔۔وہ سرگوشی نما سرگوشی میں بولتا ہوا اسے گھما کر چہرہ اپنی جانب کر چکا تھا۔

نن۔۔۔نہیں۔۔مجھے کوئی حق نہیں چاہیے وہ شرما کر اپنا چہرہ شاہ کے سینے میں چھپا گئی تھی۔۔۔مگر میں تو بہت جلد تمہیں تمہارے سارے حق دینے والا ہوں۔۔۔

اوراپنے سارے حق تم سے بڑے حق سے وصول بھی کروں گا۔۔۔تیار رہناشاہ پلیزایسی باتیں نہ کریں شاہ کی باتوں سے میرب کوڈھیروں شرم وحیا نے آگھیرا تھا۔۔۔

وہ شای کی نزدیکیوں سے گھبرا کر یہاں سے غائب ہونا چاہتی تھی۔۔۔۔مگر اس کی اس حکمت عملی کو ناکام بنائے ہوئے شاہ اسے خود میں سما کر کھڑا ہوا تھا

تمہیں پتہ ہے تمہارے یہ جسم کی خوشبو مجھے روز کتنا بہکاتی ہے۔۔اور تمہاری یہ خوبصورتی قیامت ہے قیامت۔۔تم اتنی خوبصورت ہو کہ اپنے دل کو لاکھ روکنے کے باوجود میرا دل آوارہ بھنورے کی طرح تمہارے حسن کے ارد گرد مڈلاتا رہتا ہے۔۔۔۔۔

شاہ کا یوں کھلے لفظوں میں اس کی تعریف کرنا میرب کی دل کی تاروں کو چھیڑ رہا تھا اس کے دل کی دھڑکنیں رقص کر رہی تھی شاہ کے الفاظوں کی دھن پر۔۔۔

۔اسے خود کے کانوں پر یقین نہیں تھا جو شاہ اسے بول رہا تھا

۔۔۔شاہ۔۔۔ ہمم۔۔ کیا آپ کو مجھ سے پیار ہو گیا ہے۔۔۔ میرب اپنا من پسند سوال شاہ سے پوچھ رہی تھی۔۔۔

اس کا جواب تو میں تمہیں تمہارے قریب آنے پر ہی دوں گا۔۔ شاہ پلیز جب اتنا کچھ بول دیا ہے تو یہ بھی کہہ دیں کہ آپ مجھ سے پیار کرتے ہیں

۔۔۔

جب تم میری سانسوں میں اترو گی تو تمہیں پینے کے بعد تمہیں ٹیسٹ کر کے بتاؤں گا کہ مجھے تم سے پیار ہے یا نہیں۔۔

آخر وہ بھی رومان شاہ تھا اتنی آسانی سے تو میرب کے من پسند سوال کا جواب کبھی نہ دیتا۔۔۔وہ بھی وقت کی بھٹی میں تپ کر کندن بنا ہوا کھرا سونا تھا۔۔۔

ایسے کیسے اظہار محبت کر جاتا۔۔ جبکہ میرب اس کے ان الفاظوں کو سننے کے لیے بہت بے چین تھی۔۔وہ چاہتی تھی کہ شاہ اپنے منہ سے اظہار محبت کرے۔۔۔

۔شاپ پلیز کہہ دیں نہ کہ آپ مجھ سے پیار کرتے ہیں وہ بچوں کی طرح ضد کرتے ہوئے اس کے سینے سے لگی ہوئی تھی۔۔۔۔

کہا ہے ناجب میرے قریب آؤ گی جب کھل کر میں تمہیں خود میں محسوس کروں گا۔۔جب تمہاری سانسوں کو میں اپنی سانسوں میں انڈیلوں گا تو پھر بتاؤں گا کہ مجھے تم سے محبت ہے یا نہیں۔۔۔

الفاظ اور لہجہ اٹل تھا تو ٹھیک ہے پھر چھوڑیں مجھے جب آپ مجھے بتائیں گے تب ہی مجھے اپنے اتنے قریب کیجئے گا۔وہ شاہ کے سینے پر زور دیتے ہوئے پیچھے ہونے لگی تھی۔۔مگر اس کی یہ ہمت بیکار ثابت ہوئی تھی۔۔۔

شاہ نے اپنے کسرتی سینے کے ساتھ اسے اور بھی زیادہ کس گیا تھا۔اس کی چھڑانے والی حرکت سے شاہ کی گرفت اور بھی سخت ہو گئی تھی۔۔۔۔

۔شاہ پلیز باہر مہمان آئے ہوئے ہیں چھوڑے مجھے ان کو جا کر دیکھنا ہے وہ خود کو چھڑانے کے لیے شاہ سے منت گرانداز سے بولی تھی۔۔۔۔

تو آئے رہنے دو گھر میں بہت سارے نوکر موجود ہیں۔ تم ان مہمانوں کی نوکر نہیں ہو شاہ کا لہجہ سخت ہوا تھا۔اور ماتھے پر بل بھی نمودار ہونے لگے تھے۔۔

میرب ایک بار پھر شاہ کے لہجے اور چہرے کے بدلے زاویے کو سمجھ نہیں سکی تھی۔۔۔شاہ وہ ہمارے مہمان ہیں اور امی جان کا آرڈر ہے کہ میں ان کا خیال رکھوں۔۔وضاحت بیان کی تھی۔۔

تم ان کا کوئی کام نہیں دیکھو گی۔۔۔"تم میرب رومان شاہ ہو" رومان شاہ کی بیوی کسی کی غلام یا نوکر نہیں ہو۔۔جو یوں ہر عیرے غیرے کی خدمتیں کرتی پھرے۔۔

۔اور تم پر میرا حکم ماننا سب سے پہلے فرض ہے۔۔

اپنے سٹیٹس کو سمجھو تمہارا لیول ان لوگوں سے بات کرنے کا نہیں ہے۔اور تم ان کا کام کرتی پھر رہی ہو۔۔۔اس کے کاندھوں کو زور سے پکڑ کر کھڑا تھا۔۔

شاہ چھوڑے مجھے درد ہو رہا ہے۔۔۔ کیا ہو جاتا ہے آپ کو۔۔۔ایک دم سے شاہ کا یوں اس کے کاندھوں کو زور سے دبانا میرب کے درد کی وجہ بنا تھا

۔۔۔۔

۔شاہ کو اپنی سختی والے رویے کا احساس ہوتے ہی گرفت ڈھیلی ہوئی تھی۔۔۔میرے لیے ناشتہ لے کر آؤ بلکہ رہنے دو میں زکیہ کو بول دیتا ہوں

۔۔اس نے انٹر قوم پر زکیہ کو ناشتے کے لیے کہا تھا۔۔کچھ دیر بعد زکیہ جو کچن کی ملازمہ تھی وہ ناشتے کی ٹرالی لے کر۔۔۔کمرے کے اندر داخل ہوئی تھی۔۔۔۔۔

وہ ٹرالی کو چھوڑ کر دروازہ بند کر کے جا چکی تھی۔۔میرب شاہ کے غصے کو دیکھ کر منہ پھلائے ہوئے چپ چاپ صوفے پر بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔اسے شاہ کا یہ پل پل بدلتا ہوا رویہ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔۔

شاہ ٹرالی کو صوفے کے نزدیک کرتے ہوئے خود صوفے پر بیٹھ گیا تھا ایک پیلٹ کے اندر انڈا اور سلائس رکھتے ہوئے دو مگ میں چائے ڈالی۔۔۔اور سلائس کے ساتھ انڈا لگا کر نوالہ بناتے ہوئے میرب کے آگے کیا تھا۔۔۔

منہ کھولو آئی بروا اٹھا کر شاہ کی جانب سے حکم دیا گیا۔۔۔۔مجھے بھوک نہیں ہے شاہ کے پل پل بدلتے ہوئے رویے سے آخر کار میرب کو بھی غصہ آ گیا تھا۔۔۔

منہ کھولو گی تو لگ جائے گی شاہ کا لہجہ حکم دینے والا ہی تھا۔۔ نہیں لگے گی کیونکہ مجھے سچ میں بھوک نہیں ہے۔۔۔ میرب اپنا چہرہ گھما گئی۔۔

میرب میرا دماغ خراب مت کرو میرے اندر زیادہ پیشنز نہیں ہے اس لیے چپ چاپ ناشتہ کرو تاکہ میں تمہیں دوائی دے سکوں۔۔۔ شاہ آپ ہر چیز کے لیے کیوں مجھ سے زبردستی کرتے ہیں۔۔۔۔

۔میرے خیال سے تمہیں نارمل طریقے سے میری کوئی بات بھی سمجھ میں نہیں آتی۔۔۔۔ نوالے کو واپس پلیٹ کے اندر رکھتے ہوئے میرب کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنے ساتھ لگاتے ہوئے۔۔ دوسرے ہاتھ سے اس کے چہرے کا رخ اپنی جانب کیا تھا۔۔۔

اپنے آتشی لبوں کو میرب کے خوبصورت خوبصورت ہونٹوں پر رکھ کر ان کو سختی سے اپنی قید میں لے گیا۔۔

میرب اس اچانک ہوئی آفت سے گھبرا اٹھی تھی وہ اس کے لبوں کی نمی پیتے ہوئے قطرہ قطرہ اپنے اندر انڈیلتے جا رہا تھا۔

اس کی سانسیں پی کر شاہ نے میرب کو منانے کا یہ نیا انداز اپنایا تھا۔۔۔شاہ کا انداز بہت جان لیوا تھا۔۔شاہ کے لب کم اور انگارے زیادہ تھے

۔۔۔۔میرب کے ہونٹوں کی نمی پی کر اس چہرے کی اڑی ہوائیاں دیکھ کر آنکھ دباتے ہوئے پیچھے ہوا تھا۔۔۔

میرے خیال سے اب تمہیں بھوک لگ گئی ہو گی۔۔اگر نہیں لگی تو میں دوبارہ سے ٹرائی کر کے تمہیں بھوک لگوادوں گا۔۔۔انداز بہت بے باک تھا میرب اس وقت نہ تو کچھ بولنے کی حالت میں تھی اور نہ آنکھیں اٹھا کر شاہ کی جانب دیکھنے کے۔۔۔

بس اپنی بے ترتیب سانسوں کو نارمل کرنے کی کوشش کر رہی تھی

۔۔۔نوالہ پھر سے بنایا گیا اور میرب کے منہ کے آگے کیا۔۔۔اب کی بار میرب نے ایک سیکنڈ سے بھی پہلے نیوالے کو اپنے منہ میں لے لیا تھا۔۔۔

اسے پتہ تھا کہ شاہ کا اگلا قدم کیا تھا کم سے کم وہ دوبارہ شاہ کو وہ موقع نہیں دینا چاہتی تھی۔۔۔مگر دل میں ضرور سوچ رہی تھی کہ شاہ کتنی جان لیوا چیز ہے۔۔۔

ظالم کا نہ تو غصہ برداشت کیا جا سکتا ہے نہ محبت آج پہلی بار میرب نے بھی خود کے دل میں یہی سوچا تھا کہ میرب کہاں پھنس گئی ہو۔۔۔۔ مگر اس پھسی ہوئی میرب کو شاہ کے نزدیکیاں بہت اچھی لگ رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ الگ بات ہے کہ شاہ کی اتنی نزدیکیوں کو سہنا میرب جیسی نازک سی جان کے لیے آسان نہیں تھا۔۔ میرب کو ناشتہ شاہ نے اپنے ہاتھوں سے کروایا تھا خود بھی ساتھ میں ناشتہ کر رہا۔

۔ناشتہ کرنے کے بعد ٹشو سے ہاتھ پہنچتے ہوئے کھڑا ہو گیا اور سال ٹیبل کے ڈرال سے میرب کے لیے پین کلر نکال کر لے کر آیا جو میرب نے صبح سے نہیں کھائی تھی۔۔۔

جگ سے پانی گلاس میں انڈیل کر میرب کے آگے کرتے ہوئے گولیاں اس کے منہ میں اپنے ہاتھ سے رکھی تھی میرب نے جلدی سے گلاس شاہ کے ہاتھ سے لے کر پی پانی پی لیا۔۔۔۔

میں ارینجمنٹ دیکھنے جا رہا ہوں تم میرے آنے سے پہلے ریڈی ہو جاؤ اور میرے کپڑے بھی نکال کر رکھ لینا اور باہر جا کر ان لوگوں کی غلامی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔

ورنہ میرب مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا پیار سے سمجھا رہا ہوں اگر سمجھ جاؤ گی تو بہتر ہے۔۔ورنہ مجھے اور بھی بہت سارے طریقے آتے ہیں سمجھانے کے۔۔

میرے خیال سے ان میں سے تمہیں کوئی بھی پسند نہیں آئے گا تو بہتر یہی ہے کہ میری بات کو دماغ میں رکھنا ہو وہ دھمکی دیتا ہوا روم سے باہر نکل گیا۔۔۔

ooooooooo

مرہا کو پارلر والی نے گھر پر آکر تیار کر دیا تھا۔۔میر ہاد لہن کے جوڑے میں بے حد خوبصورت لگ رہی تھی مرہون ریڈ کلر کے لہنگے میں وہ چودھویں کا چاند لگ رہی تھی۔۔۔

چھوٹے چھوٹے کیوٹ نین نکش میک اپ سے بہت کھل رہے تھے مہرون ریڈ کلر کے جوڑے پر گولڈن نقشی کا کام کیا ہوا تھا ساتھ میں خوبصورت گولڈ کی جولری جو اسے اور بھی گریس فل بنا رہی تھی۔۔۔۔۔

دونوں کلائیاں میٹل کی مہرون ریڈ چوڑیوں سے بھری ہوئی تھیں۔۔گلاب کے گجرے ہاتھوں میں مہک رہے تھے۔دونوں ہاتھوں میں بھری بھری مہندی بے حد خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔

ماتھے پر لگی ہوئی ماتھا پٹی اسے شہزادیوں والی لک دے رہی تھی۔۔ناک میں پہنی ہوئی باریک سی بالی نما نوز پن جس میں تین خوبصورت ڈائمنڈ کے موتی جڑے ہوئے تھے۔اس کی خوبصورتی کو اور بڑھا رہے تھے۔۔

اس کے بھائی نے کہیں پر بھی کوئی کمی نہیں چھوڑی تھی یہ اسے دیکھنے والے کو بہت اچھی طرح سے اندازہ ہو رہا تھا۔۔ مہک تو اسے حیرانی سے دیکھے ہی جا رہی تھی۔۔۔

کہ کیا یہ وہی ڈری سہمی سی مرہا ہے جسے گھر میں کبھی کسی نے کوئی ویلیو نہیں دی تھی۔۔اور اس کی یہ ساری تیاری رومیوں نے کروائی ہے یہ سوچ سوچ کر مہک بہت حیران تھی۔۔۔

وہ تو رومان شاہ کا گھر دیکھ کر ہی پاگل ہو رہی تھی۔۔اتنا خوبصورت اور وسیع گھر جس کی ہر چیز یہ ثابت کر رہی تھی کہ اس گھر کا مالک بہت امیر اور نفاست پسند ہے۔۔۔۔۔۔

پھر چاہے وہ گھر کے پردے تھے یا بچھے ہوئے خوبصورت کالین، گھر میں رکھا ہوا فرنیچر تھا یا رکھے ہوئے خوبصورت شوپیس، ہر چیز میں نفاست اور اس کی بیش قیمت ہونا صاف دکھائی دے رہی تھی۔۔۔

گھر کو دیکھ کر رومان شاہ کی دونوں تائیوں کے منہ کھلے کے کھلے رہ گئے تھے۔ اور اب مرہا کی تیاری اور اس کا خوبصورت مہنگا ڈریس اس کی مہنگی جیولری دیکھ کر تو منہ بند ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔۔۔آخر فطرتی طور پر تو وہ جیلس ہونے والی خواتین تھی۔۔۔

اور گھر پر آئے ہوئے مہنگے پالر سے لڑکیاں جو مرہا کو تیار کر رہی تھی۔رومان شاہ نے اپنی بہن کو کہیں بھیجنا مناسب نہیں سمجھا تھا۔۔۔اس لیے اسے تیار کرنے کے لیے مہنگے اور بہت مشہور پارلر سے لڑکیوں کو گھر بلوایا گیا تھا۔۔۔

مہندی سے لے کر دلہن بننے تک کا سارا بندوبست گھر پر ہی تھا۔ مہک نے کیپری کے ساتھ کا مدار کرتا پہنا ہوا تھا۔ ساتھ میں بڑا سا ڈیزائنر دوپٹہ تھا جس کو اس نے کاندھے پر لٹکایا ہوا تھا۔

۔ڈیپ گلا جس میں خوبصورت آرٹیفیشل چین پین ہوئی تھی۔۔کانوں میں بڑے بڑے جھمکے۔۔۔

اور گہرا میک اپ جیسا کہ وہ ہمیشہ سے کرتی تھی۔۔اس کا لباس ہمیشہ سے اسی طرح کا جست ہی ہوتا تھا۔۔۔

۔آج بھی اس نے اپنا من پسند فیشن کیا ہوا تھا۔اس کا فیشن اور تیاری دیکھ کر کہیں سے بھی نہیں لگ رہی تھی کہ یہ ایک طلاق یافتہ لڑکی ہے۔ پیروں میں لمبی ہیل کھلے بال جو آدھے آگے اور آدھے پیچھے کو تھے۔۔۔۔

فل تیار ہو کر اپنی طرف سے رومان شاہ پر بجلیاں گرانے کے لیے تیار تھی۔ اس کے دماغ میں آج بھی رومان شاہ کا وہی عکس چل رہا تھا۔جب وہ حویلی کی نیلامی کے لیے لاہور آیا تھا۔اس دن سے وہ رومان شاہ کی دیوانی ہوئی پھرتی تھی۔۔۔

اس نے تو کبھی سوچا نہیں تھا کہ جس رومیوں کو وہ یوں دھتکارتی تھی وہ ایک دن رومان شاہ بن کر اس کے سامنے آئے گا۔۔۔۔

۔اس کی خوبصورتی اور اس کی مردانہ پرسنلٹی کو وہ اس دن سے لے کر آج تک نہیں بھول سکی تھی۔۔۔

وہ اسے دیکھنے کے لیے بے حد بے تاب تھی اس کی اتنی خوبصورت بیوی دیکھ کر تو مہک کی جلن اور بڑھ گئی تھی۔۔اس جلن کی آگ بھڑک اٹھی تھی۔۔۔

میرب کو دیکھ کر اس کا دل یہ ماننے کو تیار نہیں تھا۔کہ رومیوں اس کے سوا کسی اور کو اپنی زندگی میں داخل کر سکتا ہے۔۔۔

۔اس دیوانے رومیوں کا عکس آج بھی اس کے دماغ میں نکش تھا۔جو اس کے پیچھے مجنوں بن کر گھومتا تھا مہک کو آج بھی یہ لگتا تھا کہ وہ رومیوں کے دل میں اپنی جگہ بنا سکتی ہے۔۔۔

۔بلکہ اس کو تو یہ لگتا تھا کہ وہ اب بھی رومیوں کے دل میں موجود ہے۔آج بھی رومیو اسی سے پیار کرتا ہے۔اب یہ بات کہاں تک حقیقت ہے یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا۔۔۔

oooooooo

گاڑیاں ایک کے بعد ایک ہال میں پہنچ چکی تھی۔ایک گاڑی میں میر ہا اس کی امی اور ساتھ میں مہک بیٹھ کر آئی تھی۔۔۔

جبکہ دوسری گاڑی میں مہک کے ماں باپ اور چچا چاچی ہال پہنچے تھے ۔رومان شاہ اور میرب ابھی تک نہیں پہنچے تھے۔۔

کیونکہ شاہ نے میرب کے ہاتھ اپنی ماں کو پیغام بھجوادیا تھا کہ وہ سیدھا وہیں پر آئے گا۔اور ان لوگوں کے جانے کے بعد وہ گھر سے نکلے گا۔شاہ ان

لوگوں کا سامنا نہیں کرنا چاہتا تھا۔اور اسے کسی بھی طرح سے مجبور نہ کیا جائے یہ پیغام بھی وہ اپنی امی جان تک پہنچا چکا تھا۔۔

رومان شاہ کی ماں فی الحال کوئی ضد نہیں کر رہی تھی۔اسے پتہ تھا کہ اس وقت رومان شاہ سے ضد کرنے کا مطلب ہے اسے اور سیکھ پا کرنا۔

اس کی ماں اس کی ضدی طبیعت سے واقف تھی۔وہ ہر بار صرف اپنی ماں کے آگے اپنا سر ادب میں جھکا جاتا تھا۔

۔ورنہ کوئی ایسی شخصیت نہ تھی جس کے سامنے رومان شاہ بنا اپنی مرضی کے جھکتا۔۔

مرہا کو فی الحال ہال کے کمرے کے اندر بٹھایا گیا تھا ابھی برات آنے میں کچھ دیر تھی۔اور رومان شاہ میرب کا بھی ویٹ کیا جارہا تھا۔۔۔

کچھ دیر کے بعد رومان شاہ اور میرب کی انٹری ہوئی تھی۔وہ بلیک کلر کے سوٹ میں اور بھی زیادہ گورا لگ رہا تھا۔اس کا گورا رنگ بلیک کلر میں چمک رہا تھا۔

فل بلیک سوٹ میں ساتھ میں میچنگ واسکٹ پہنے ہوئے تھا۔پاؤں میں شوز ہاتھوں میں اپل کے واچ چھ فٹ کی ہائٹ چوڑا سینہ اور سب سے بڑھ کر اس کی وہ مردانہ چال جس پر لڑکیاں اپنا دل ہار دیتی تھی۔۔۔

مہک کی نظر انٹرس پر ہی تھی اس کی تو پہلی نظر رومان شاہ پر پڑی تو وہ شاہ کو دیکھتی ہی رہ گئی تھی۔وہ چلتا ہوا اکڑو مغرور شہزادہ لگ رہا تھا۔۔۔

۔جس اکڑی ہوئی چال سے چلتا ہوا وہ آرہا تھا، مہک کی تو آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ ہی گئی۔۔

مگر اس کے ساتھ چلتی ہوئی میرب کو دیکھ کر اس کے تن بدن میں آگ لگ گئی تھی۔ میرب ڈاک پرپل کلر کی کامدار میکسی پہنے ہوئے اس کے ساتھ چلتے ہوئے ایک پرفیکٹ چوڑی لگ رہی تھی۔

۔اس کا میک اپ بالکل رومان شاہ کی پسند کا تھا۔ لائٹ میک اپ میں بھی وہ بے حد خوبصورت لگ رہی تھی۔ بالوں کو سٹریٹ کر کے پیچھے کی جانب چھوڑا ہوا تھا۔۔۔

وہ اپنی من مانیاں کرتے ہوئے اپنی محبت کی ہر بوند کو بڑی شدت سے اس پر برسا رہا تھا۔۔۔

ہر گزرتے لمحے کے ساتھ اس کی شدتوں میں اضافہ ہو رہا تھا۔اسکے خوبصورت بدن سے اپنی دی ہوئی نائٹی کو جدا کر کے بیڈ سے نیچے پھینکتے ہوئے بڑے فخریہ انداز سے مسکرایا۔

۔میرب آنکھیں کھولواور میری طرف دیکھو۔ شش۔۔شاہ۔ہ۔آ۔
آپ۔پپ۔۔پلیززز۔۔شرم سے لال ہوتی ہوئی میرب نے بامشکل یہی کہا۔

۔بس جان شاہ اتنی ہی تھی تمہاری محبت کہ میرے عشق کی اتنی سی قربت سے تمہارے منہ سے الفاظ تک صحیح سے ادا نہیں ہو رہے۔ایک بار اپنے شاہ کی طرف دیکھو تو سہی جس کو حاصل کرنے کے لیے تم اپنی جان پر کھیل گئی تھی۔شاہ پلیز چپ کر جائیں میں آپ کی جان لے لوں گی۔۔

۔جس حالت میں میری جان تم میری باہوں میں پڑی ہو۔جان تو تم میری پہلے ہی لے چکی ہو۔اگر اس سے زیادہ بھی لینا چاہتی ہو تو مجھے کوئی اعتراض نہیں میں تو بڑی آسانی سے تمہیں اپنی جان دینے کے لیے تیار ہوں۔

۔اس کی حالت سے محظوظ ہوتے ہوئے اس پر اپنی شدتیں لٹا رہا تھا شاہ کی شدتوں سے میرب کی سسکیوں میں اضافہ ہونے لگا تھا۔

۔اپنی شدتیں اس پر لٹا کر یہ نڈھال سی میرب کو اپنے سینے پر لیٹا کر پر سکون انداز میں لیٹا ہوا تھا۔

۔جب کہ وہ شاہ کی شدتوں سے ٹوٹی ہوئی ایک شرمایا ہوا چہرہ اس سینے میں چھپا رہی تھی۔

oooooooo

شامیر پولیس اسٹیشن سے جیسے ہی گھر پہنچا تو وہ سیدھا اپنے کمرے میں آیا۔ شاہ میر سیڑھیوں پر لمبے لمبے ڈنگ بھرتا ہوا اپنے روم کی جانب آ رہا تھا۔

۔جیسے ہی وہ کمرے میں داخل ہوا سامنے جائے نماز پر حجاب کے حالے میں بیٹھی مرہا کو آنکھیں بند کر کے دعا مانگتے دیکھا۔

۔اس کا چہرہ اتنا پر نور لگ رہا تھا کہ شاہ میر کے لیے نظر ہٹانا مشکل ہو گیا۔ مگر وہ مرہا پر یہ ثابت کرنا چاہتا تھا کہ وہ اس سے ناراض ہے۔

۔اس لیے اسے اگنور کرتا ہوا الماری سے اپنے کپڑے لے کر واش روم میں بند ہو گیا بند ہو گیا۔

مرہا نماز سے فارغ ہو کر بیڈ پر بیٹھی ہوئی شاہ میر کا باہر نکلنے کا انتظار کر رہی تھی کیونکہ وہ جانتی تھی کہ شاہ میر اس سے ناراض ہے۔

کچھ دیر بعد شاہ میر فریش ہو کر بلیک ٹراؤزر پہنے ہوئے ٹاول گلے میں ڈال کر شرٹ لیس ہی باہر آیا۔

۔مرہا کو پوری طرح سے اگنور کرتے ہوئے ڈریسنگ مرر کے سامنے جا کر ٹاول سے اپنے بال رگڑنے لگا۔

وہ ایسے ظاہر کروا رہا تھا جیسے اس کے سوا روم میں اور کوئی وجود نہیں ہے

ٹھیک ہے مرہا کو اس کا یوں اگنور کرنا بہت تکلیف دے رہا تھا۔ وہ بیڈ سے اٹھ کر چلتی ہوئی شاہ میر کے پاس اکر کھڑی ہو گئی۔

اس کے پاس اکر کھڑے ہونے پر بھی شامیر نے کوئی ری ایکشن نہیں دیا۔

میر کیا اپ مجھ سے ناراض ہیں۔ اور ہو گئی وہ بہت کم اواز میں نظریں جھکائے ہوئے بولی۔ تمہیں لگتا ہے کہ تم نے مجھے کوئی ایسا حق دیا ہے جس حق سے میں تم سے ناراض ہو سکوں۔ شاہ میر لاپرواہی سے بولا۔

۔مجھے پتہ ہے کہ آپ مجھ سے ناراض ہیں آپ کو ناراض کرنے کا یا تکلیف دینے کا میرا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ مرہا نظریں جھکائے آنکھوں میں پانی لیے کہہ رہی تھی۔

۔پلیز آپ میری بات کو سمجھنے کی کوشش کریں۔۔۔۔میں تو سمجھنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ مگر نہیں سمجھ پا رہا کہ ایسا کیا ہے جو تمہیں اندر ہی اندر پریشان کر رہا ہے۔۔

۔میں شوہر ہوں تمہارا تم مجھ پر اتنا تو یقین کر سکتی ہو کہ مجھ سے اپنے دل کی بات شیئر کر سکو۔۔

مرہا میں جاننا چاہتا ہوں کہ ایسی کون سی بات ہے جس نے تمہیں اس قدر پریشان کر رکھا ہے۔

شاہ میر کا اتنا کہنا تھا کہ مرہا کی آنکھ سے آنسو گرا جسے شاہ میر نے بہت محبت سے اپنے ہونٹوں سے چن لیا۔

۔وہ اس کی معصوم چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں لیے ہوئے بڑی محبت سے دیکھ رہا تھا۔

۔مرہا میں ان آنسوؤں کی وجہ جاننا چاہتا ہوں کہ ایسی کون سی بات ہے جو تمہیں اس قدر تکلیف دے رہی ہے۔۔

۔اسے اپنے ساتھ لگا کر بڑی عقیدت سے اس کے ماتھے پر لب رکھ گیا۔اسی دوران روم کا دروازہ نوک ہوا اور بیوٹیشن آئی تھی۔

۔شاہ میر ڈریسنگ روم میں تیار ہونے کے لیے چلا گیا اور بیوٹیشن مرہا کو ولیمے کے فنکشن کے لیے تیار کرنے لگی

ooooooo

oooooo

چچی جان یہ میرب اور رومیوں کب تک گھر واپس آئیں گے آج تو مرہا کا ولیمہ ہے۔

۔مہک بڑی میٹھی چھری بنی ہوئی رومان شاہ کی ماں کے پاس آکر کھڑی ہوئی تھی۔

۔وہ لوگ سیدھے ہال میں پہنچ جائیں گے مہک بیٹا تمہیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔مہک کی رومان شاہ کو ڈھونڈتی ہوئی نظروں کو سمجھتے ہوئے بولی تھی۔

۔اور میں بیٹا میں تمہیں ایک مشورہ دینا چاہتی ہوں کہ تمہارے ابا کی طبیعت ٹھیک نہیں جس کی وجہ سے میں نے اپنا دل نرم کر لیا اور تم لوگوں کو یہاں پر رہنے کی اجازت دی۔

تاکہ تمہارے ابا کا اچھی طرح سے علاج ہو سکے۔ تمہارے حالات اس وقت کیسے ہیں یہ تم سے بہتر کوئی نہیں جانتا۔

۔جبکہ رومان کبھی نہیں چاہتا تھا کہ تم لوگ یہاں پر آ کر رکھو تو بہتر ہو گا کہ تم رومان کی زندگی سے اور اس کے معاملات سے دور رہو۔

بیٹا میرب اور رومان کی ذاتی زندگی میں دخل اندازی مت کرنا۔ ورنہ حالات بہت خراب ہو سکتے ہیں۔

۔میں نے پہلے ہی بامشکل رومان کو راضی کیا ہے تم لوگوں کے لیے۔ میرے خیال سے بیٹا تم اتنی سمجھدار تو ہو کہ میری بات کا مفہوم سمجھ گئی ہو گی۔

۔جی چچی جان آپ کو میری طرف سے کوئی شکایت نہیں ہو گی مہک کو اپنی چچی کی بات بالکل بھی اچھی نہیں لگی تھی۔

مگر اس وقت وہ اپنی چچی سے بگاڑ نہیں سکتی تھی کیونکہ اسے پتہ تھا کہ رومیوں کی ماں ہمیشہ سے اس کی کمزوری تھی۔

اور اس کمزوری کو بھلا مہک کیسے ہاتھ سے جانے دیتی۔۔۔۔۔مہک اپنے دل کا حال اپنی چچی کو بھلا کیسے بتاتی کہ اس کے دل میں کس قدر آگ لگی ہوئی ہے۔

۔اسے رومیو کا میرب کا یوں اچانک لے کر غائب ہو جانا بالکل اچھا نہیں لگا تھا۔اس نے تو پتہ نہیں کیا کیا سوچ رکھا تھا کہ جتنا جتنی غلط فہمی اس نے پھیلائی ہے اس کے بعد تو وہ کسی بڑے دھماکے کی منتظر تھی۔۔۔

۔ مگر یہاں تو رومان شاہ میرب کو لے کر ہی غائب ہو چکا تھا۔اب اسے رومان شاہ کے واپس آنے کا بے تابی سے انتظار تھا۔

۔میرب اور رومان شاہ مرہا کے ولیمے میں پہنچیں گے یا نہیں۔بس یہی انفارمیشن نکلوانے کے لیے وہ اپنی چچی کے پاس میٹھی چھری بن کر آئی تھی۔

۔ مگر اب وہ چچی کا رد عمل دیکھ کر تھوڑا مایوس اور تھوڑا غصے کے عالم میں وہ واپس پاؤں پٹکتی ہوئی اپنی ماں کے کمرے میں آ گئی۔۔

۔خیریت ہے کیوں آگ بگولا ہو کر آ رہی ہو روم میں بیٹھی ہوئی مہک کی ماں نے ستائشی نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھا۔

۔یہ چچی جان خود کو سمجھتی کیا ہے غصے سے بیڈ پر بیٹھتے ہوئے بولی۔

۔کیا کہا ہے تمہاری چچی نے مہک کی ماں نے حیرانی سے پوچھا۔۔۔۔وہ مجھ سے کہہ رہی تھی کہ مجھے رومیو کی زندگی سے دور رہنا چاہیے اور مجھے ان کے ذاتی معاملات میں دخل اندازی نہیں کرنی چاہیے۔

۔تو اس میں اس نے غلط کیا کہا ہے۔ہمیں یہاں پر سر چھپانے کی جگہ ملی ہے۔ تمہارے باپ کا علاج شروع ہو رہا ہے۔

۔تو کیوں تم یہاں پر کیوں ایسی حرکتیں کر کے ہمیں یہاں سے نکلوانے پر تلی ہوئی ہو۔

۔امی آپ مجھے مت سمجھائیں کہ مجھے کیا کرنا چاہیے مجھ سے ایک بار پہلے یہ غلطی ہو چکی ہے۔اب میں دوبارہ رومیوں کو دور کر کے وہ غلطی نہیں دہرانا چاہتی۔

۔مجھے ہر صورت میں رومیوں کی زندگی میں اور دل میں اپنی جگہ بنانی ہے مہک ضدی انداز میں بولی۔

۔بے وقوف لڑکی شاید تم نے رومیوں کی آنکھوں میں اس لڑکی کے لیے محبت نہیں دیکھی۔وہ کبھی بھی اپنی بیوی کو چھوڑ کر تمہاری جیسی بد دماغ لڑکی کے ساتھ کوئی رشتہ نہیں بنائے گا۔

۔مہک عقل کے ناخن لو مہک کی ماں اپنی بیٹی کو سمجھانے کی بے جا کوشش کر رہی تھی۔

۔مگر مہک کے دماغ پر تو اس وقت رومیو کو پانے کا جنون طاری تھا تو اس کے پلے اس کی ماں کی بات کہاں پڑھنے والی تھی۔

اور اب تو مرہا میرب کے بھائی کی بیوی ہے تو ایسے میں کم عقل لڑکی تمہیں لگتا ہے کہ رومیو اپنی بہن کا گھر خراب ہونے دے گا۔وہ بچپن سے ہی اپنی ماں اور بہن کے لیے کتنا پوزیسو تھا یہ بات کیا تم نہیں جانتی۔

۔میرے خیال سے میں نے آپ کے کمرے میں آکر ہی غلطی کی ہے
۔بجائے کہ آپ میری بات سمجھیں اور رومیو کی زندگی میں میری جگہ بنانے
میں میری مدد کریں۔۔

آپ فضول میں مجھے تبلیغ دینے بیٹھ گئی ہیں وہ بدتمیزی سے کہہ رہی تھی
۔مہک کبھی تمیز سے بھی بات کر لیا کرو ماں ہوں میں تمہاری۔۔

تم نے مرہا اور رومیو کو نہیں دیکھا کہ وہ اپنی ماں سے کتنے ادب سے بات کرتے ہیں۔ مہک کی ماں مہک کے بدتمیزی پر تلملا اٹھی تھی۔

وہ اپنی ماں کی بات کو اگنور کرتے ہوئے۔غصے سے روم کا دروازہ کھول کر پاؤں پٹختی ہوئی چلی گئی۔

۔اے اللہ اس لڑکی کو عقل دے پتہ نہیں یہ کیوں ایسی حرکتیں کر کے ہمارے سر سے چھت چھیننا چاہتی ہے۔

۔یہ ہمارے کیے گناہوں کی سزا ہے جو ہماری اولاد ایسی نکلی ہے۔بیٹا کسی کی بیٹی کی عزت خراب کر کے جیب میں جیل میں بند ہے۔

۔اور بیٹی اپنی آکڑ اور غرور میں طلاق لے کر گھر پر بیٹھی۔اور اب بھی اس لڑکی کو سکون نہیں ہے۔

اے اللہ ہمارے گناہوں کے لیے ہمیں معاف کر دے ہمیں پتہ ہے کہ ہم نے بہت گناہ کیے ہیں۔

مہک کی ماں چھت کی طرف منہ کرتے ہوئے اپنے رب سے دعا کر رہی تھی۔

oooooooo

شاہ۔۔۔ ہمم۔۔۔مجھے اٹھنے دیں مجھے ظہر کی نماز پڑھنی ہے۔وہ میرب کو اپنی اپنے سینے پر لٹا کر پر سکون لیٹا ہوا تھا۔

اب تم نے وجہ بہت پختہ دی ہے۔کہ میں روک نہیں سکتا۔

۔ورنہ ابھی میرا کوئی موڈ نہیں ہے تمہیں خود سے دور کرنے کا۔بی بہکی نگاہوں سے دیکھتا ہوا پھر سے بالوں میں منہ چھپانے لگا۔۔

۔شاہ میں جاؤں۔۔۔ ہمم جاؤ۔۔۔ گمبھیر آواز میں بہکتا ہوا بالوں میں مجھ چھپائے ہوئے تھا۔

۔اس کی گردن پر جگہ باجگہ چھوڑ رہا تھا۔اس کے لبوں کی گرمی سے میرب کے پورے وجود میں کپکپاہٹ سی طاری ہوئی۔۔۔شاہ۔۔۔۔شاہ پلیز ۔۔ہممم۔۔

۔چھوڑیں گے تو جاؤں گی نا۔وہ شاہ کے لمسوں سے گھبرائی ہوئی منمنائی۔

۔جان شاہ میں تو چھوڑنا چاہتا ہوں مگر یہ کمبخت دل ماننے کو تیار نہیں ہے۔

۔تو آپ اپنے دل کو سمجھائیں کہ اتنی زیادہ سرکشی اچھی نہیں ہوتی۔وہ شرمائی ہوئی سی شرارتی لہجے میں بولی۔

۔میری جان میں نے کوشش کی تھی اپنے دل کو سمجھانے کی مگر رزلٹ زیرو آیا ہے۔وہ بھی تھوڑا شوخ ہوتے ہوئے کروٹ لے کر اس کے اوپر آگیا ۔بہکی ہوئی نظروں سے چہرہ اوپر کرتے ہوئے کہا۔

۔اس کی خماری سے بھری آنکھوں کو دیکھ کر میرب اس نیچے پڑی سٹ پٹا گئی

۔

۔شاہ پلیز مجھے اٹھ کر نماز پڑھنی ہے وہ شاہ کو واپس اسی ٹون میں آتے دیکھ کر گھبرائی گئی۔

۔ایک شرط پر جانے دوں گا گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے۔۔۔وہ کیا۔۔۔۔کس می۔۔۔۔کیاااا۔۔۔وہ چلائی۔۔۔۔کیا ہو گیا ہے میں نے کون سی ایسی انوکھی بات بول دی جو تم چیخ اٹھی ہو وہ ہنستے ہوئے بولا۔۔۔

۔یہ انوکھی بات ہی ہے۔آپ پچھلے تین گھنٹوں سے کیا کر رہے تھے جواب آپ کو۔۔۔۔وہ کہتے ہوئے شرما کر اپنی نظروں کا رخ پھیر گئی۔۔

۔حد ہے یار میں تو تمہیں اتنی بولڈ لڑکی سمجھتا تھا۔۔تم سے تو کس کا نام نہیں لیا جا رہا۔تم نے کس کیا خاک کرنی ہے مجھے لگتا ہے ساری محنت مجھے خود ہی کرنی پڑے گی بیچارہ سا منہ بنا کر بولا۔۔

۔جی نہیں آپ کو کوئی محنت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔آپ پلیز مجھے

جانے دے مجھے نماز کے لیے دیر ہو رہی ہے۔۔

۔میرب میری بات اچھی طرح سے دماغ میں بٹھالو کہ جو بات میں ایک بار کہہ دوں اسے ماننا تم پر فرض ہے۔اور اگر بات میری محبت کی ہو پھر تو مزاحمت کی گنجائش ہی نہیں بچتی۔

۔۔یری جان جو بات میں ایک بار کہہ دوں اسے بنا ضد اور مزحمت کیے مان جایا کرو۔کیونکہ اس کے سوا نہ تو اس وقت تمہارے پاس کوئی آپشن ہے اور نہ اس کے بعد کوئی آپشن ہو گا۔۔۔وہ حکمرانا انداز میں بولا۔

۔اور مزاحمت کی صورت میں تمہیں ہی دقت ہو گی کیونکہ ہر مزاحمت کے بعد میں اپنی قربتوں کو تم پر اور قابض کر دوں گا۔

۔

۔شاہ ہمیں دیر ہو رہی ہے میں تو صرف اس لیے کہہ رہی تھی شاہ کے سرد مہری والے لہجے سے میرب ڈر کر من منائی۔

۔کیونکہ میرب کے بس میں نا تو شاہ کی محبت کو جھیلنا تھا اور نہ ہی غصے کو۔۔۔

۔

۔اور جان شاہ جو بات میں کر دوں اس پر یقین رکھا کرو۔وہ لوہے کی لکیر ہوتی ہے جب میں نے کہا ہے کہ میں تمہیں ٹائم سے تمہارے بھائی کے ولیمے پر لے جاؤں گا۔تو پھر بار بار ایک ہی بات کو دہرا کر میرے اس خوبصورت لمحات میں رکاوٹ مت پیدا کرو۔

وہ اپنے سخت داڑھی والے گالوں سے اس کی نازک سی گالوں کو رب کرتے ہوئے اپنے بہکتے ہوئے دل کو سکون پہنچا رہا تھا۔

۔

۔وہ جتنا میرب کے قریب ہو رہا تھا۔اس کا دل اتنا ہی بغاوت کر رہا تھا۔اس کی سخت داڑھی کی چبن سے میرب نے سسکی بھری۔

۔میری جان کے ٹوٹے مت سسکیاں بھرو۔فل وقت کے لیے میں تمہاری اس ننھی سی جان کو بخش رہا ہوں۔باقی کی کسر ہمارے بیڈ روم میں چل کر پوری کروں گا۔وہ کہتا ہوا ماتھے پر لب رکھ کر بڑی محبت سے چوم کر کھڑا ہو گیا۔

۔اب جلدی سے اٹھو اور فریش ہو جاؤ اس سے پہلے کہ میں اپنا ارادہ بد لوں۔لیٹی ہوئی میرب کے آگے اپنے ہاتھ کو بڑھا کر اس سے اٹھنے میں سپورٹ دیتے ہوئے بولا۔اس کے مضبوط ہاتھ پر میرب نے اپنی پسینے سے بھیگی ہوئی ہتھیلی رکھ دی۔

۔میں بھی فریش ہو کر آتا ہوں وہ کہتے ہوئے روم سے نکل گیا۔

ooooooo

۔رومان شاہ فریش ہو کر ڈریسنگ مرر کے سامنے کھڑا ہوا اپنے گلے میں ڈالے ہوئے ٹاول سے اپنے سر کو رگڑ رہا تھا۔

اس کے آتشی لب مسکرا رہے تھے دماغ میں گھبرائی اور شرمائی ہوئی میرب کا چہرہ لیے ہوئے تھا۔ تم رومان شاہ کو اتنا بدل دو گی ایسا تو میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا میرب رومان شاہ۔

۔تمہاری سچی محبت کے آگے میری بناوٹی نفرت ہار گئی۔ شکریہ میری زندگی میں آنے کے لیے۔ شکریہ میری زندگی کو اتنا خوبصورت بنانے کے لیے۔ وہ اپنے ذہن میں سوچتے ہوئے مسکرا رہا تھا۔

۔ٹرن ٹرن۔مین ڈور پر بیل بج رہی تھی۔میرب کے خیالوں میں گم رومان شاہ ایک ہاتھ سے ٹاول سے اپنا سر رگڑتے ہوئے۔دوسرا ہاتھ جیب میں ڈال کر ہلکے قدموں سے چلتا ہوا باہر دروازے طرف آیا۔

Areyou Rumaan? ۔اسلام علیکم سر۔۔۔وعلیکم السلام۔۔ ہلکی سی سمائل پاس کرتے ہوئے shah!!!!!Yes I Am,,, بولا۔۔۔۔

!Sir

You'reParcel

Please sigh here.

Yeah Sure!

Thank you Sir!

And please will definitely shop from our website again.

Yes of course! In Sha Allah . Okay Sir have a great day today Allah Hafiz. Thank you Allah Hafiz

رومان شاہ پارسل رسیو کرتے ہوئے میرب کے پاس آیا۔میرب تم ابھی تک باہر نہیں آئی۔میری مدد کی ضرورت ہے۔بیڈ پر پارسل رکھتے ہوئے اونچی آواز میں شوخ ہوتا ہوا بولا۔

۔اتنی دیر میں میرب فریش ہو کر واش روم سے باہر آئی۔رومان شاہ کی محبت کا مان پا کر وہ اور بھی نکھری نکھری لگ رہی تھی۔شاہ نے پارسل رکھتے ہوئے نظریں اٹھا کر میرب کی جانب دیکھا۔

۔وہ رومان شاہ سے شرما کر نظریں چراتی ہوئی بہت خوبصورت لگ رہی تھی
۔اس گیلے گیلے بال جو کمر سے نیچے تک کسی خوبصورت آبشار کی مانند بکھرے ہوئے تھے۔

وہ شاہ کی کچھ دیر پہلے والی قربتوں سے شرماتی ہوئی نظریں چرا کر ڈریسنگ مرر کے سامنے جا کھڑی ہوئی۔

۔وہ ہیئر ڈرائی سے اپنے بال خشک کرنے رہی تھی۔جب کہ رومان شاہ کی نظریں اس کے نکھرے نکھرے سراپے پر مرکوز تھی۔

۔وہ قاتلانہ مسکراہٹ اپنے آتشی لبوں پر سجائے ہوئے قدم جھوٹے جھوٹے قدم اٹھاتا ہوا میرب کی پشت پر آن کھڑا ہوا۔

۔میرب مجھے کیوں لگتا ہے کہ تمہارا آج اپنے بھائی کے ولیمے میں جانے کا ارادہ نہیں ہے۔اپنا سینہ اس کی پشت پر لگاتے ہوئے اپنی مضبوط باہوں کا دائرہ اس کے گرد کس لیا۔

۔وہ اپنی بہکی ہوئی نظروں سے مرر کے اندر سے اسے شرم سے لال پڑھتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔

۔میں جانا چاہتی ہوں آپ ایسا کیوں بول رہے ہیں۔ہیئر ڈرائیر کو اس کے ہاتھ سے لے کر شاہ ڈریسنگ پر رکھ چکا تھا۔

۔جان شاہ تمہارا یہ نکھرا نکھرا روپ مجھے تم سے دور ہونے ہی نہیں دے رہا ۔لاکھ کوشش کرنے پر بھی میرا دل بغاوت کرنے پر تلا ہوا ہے۔

۔سرگوشی میں کہتا ہوا مدہوش سی سانسیں اس کی گردن پر ڈالے ہوئے لب اس کی گردن پر رکھ چکا تھا۔

۔میرب کے گیلے گیلے بدن کی خوشبو سے وہ پوری طرح بہک رہا تھا۔لب اس کی خوبصورت گردن پر رکھ کر گرم لمس چھوڑا تو میرب گھبرا کر اس کی گرفت سے نکل کر دور کھڑی ہو گئی۔

۔اس کا یوں گرفت سے نکل کے جانا شاہ کو بے حد برا لگا۔شاہ نے غصے والی نظریں اٹھا کر میرب کی جانب دیکھا۔۔

۔

۔وہ شاہ کی ٹون سے گھبرائی ہوئی کانپتے وجود کے ساتھ اس سے کچھ قدم دور ہو کر نظریں جھکائے کھڑی تھی۔

۔اس کی ڈری ہوئی شکل دیکھ کر شاہ کی ہنسی نکل گئ

۔ششش۔۔شا۔۔شاہ۔۔۔پپ۔۔پل۔۔۔پلیز اب آپ اپنے جذبات اور

دل کو کنڑول میں رکھیے۔مجھے سچ میں ولیمے میں جانا ہے ہم آلریڈی لیٹ ہو گئے ہیں۔

۔ابھی آپ مجھے جلدی سے گھر لے کر چلیں میرے سب کپڑے اور چیزیں وہیں پر ہیں۔مجھے جا کر تیار بھی ہونا ہے اور آپ کے ارادے دیکھ کر تو مجھے بالکل نہیں لگتا کے آپ نے مجھے لے کر جائیں گے۔

۔وہ شاہ کے تیور دیکھ کر اس قدر گھبرائی ہوئی تھی کہ بنا رکھے ایک ہی سانس میں ساری بات بول گئی۔۔۔۔ہاہاہاوہ قہقہہ لگا کر ہنستا ہوا اس کے قریب آیا۔

۔میرب نے ڈرتے اور گھبراتے ہوئے دو قدم پیچھے کی جانب لیے جب کہ شاہ اس کا یہ ارادہ ناکام بنا چکا تھا۔

۔اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے ہوئے جھٹکے سے اسے اپنے ساتھ لگالیا۔ شاہ نے اتنے زور سے جھٹکا دے کر اسے خود کے قریب کیا کہ میرب کو اپنی ہڈی چٹختی ہوئی محسوس ہوئی تھی۔

۔میری تھوڑی سی محبت تم سے برداشت نہیں ہو رہی تم تو مجھ سے اتنی محبت کرتی ہو۔ میری جان ابھی تو میں نے اپنے پیار کی تھوڑی سی جھلک ہی تم پر ظاہر کی ہے۔

۔اور تم اس قدر گھبرا گئی ہو سوچو جب تمہیں میں اپنی محبت کا ٹھاٹھے مارتا ہوا سمندر دکھاؤں گا تو تمہاری کیا حالت ہو گی۔

۔میری جان میں نے پہلے بھی کہا ہے کہ میں تمہیں لیٹ نہیں ہونے دوں گا تم اپنے شاہ پر یقین رکھا کرو۔اگر میں نے اپنی بیوی سے وعدہ کیا ہے تو میں اس واعدے سے ہر صورت پورا کروں گا۔

۔بڑی محبت سے کہتے ہوئے اسے اپنے سینے سے لگا کر بولا۔شاہ کے لہجے میں اس قدر نرمی اور محبت پا کر میرب کی نازک سی پنکھڑیاں خوشی سے کھل کھلا اٹھی۔

۔شاہ میں تو صرف اس لیے کہہ رہی تھی کہ ہمارے پاس ٹائم کم ہے اور ہمیں گھر جانے میں کافی ٹائم لگ جائے گا۔

۔مجھے بہت اچھی طرح سے تیار ہونا ہے۔تاکہ میں بھائی کے ولیمے میں بہت خوبصورت لگوں بڑی معصومیت سے اپنے دل کی بات بول رہی تھی۔

۔جان شاہ اور کتنا خوبصورت لگنا چاہتی ہو شاہ تو پہلے ہی تم پر پوری طرح سے فدا ہے۔پہلے ہی میرا یہ بے لگام دل میرے بس میں نہیں۔اب اپنے شاہ کے دل پر اور کتنی بجلیاں گرانا چاہتی ہو شوخ انداز میں بول کر مسکرایا۔

شاہ۔۔۔بڑی محبت سے میرب نے شاہ کا نام پکارا۔۔۔"جی جان شاہ اس" نے بھی بڑی عقیدت سے جواب دیا گیا تھا۔

۔آپ مجھے پلیز سیلون لے جائیں وہ بڑی محبت اور عاجزی سے بول رہی تھی۔

میری جان آپ سیلون نہیں جاسکتی۔۔۔۔"کیوں۔۔۔میرب نے حیرانی " سے پوچھا۔۔

۔میری بیوی کو کوئی اور ہاتھ لگائے مجھے یہ بالکل بھی برداشت نہیں ہے۔ مگر شاہ وہاں پر بھی لڑکیاں ہی ہوتی ہیں میرب اپنے وضاحت دی۔

کوئی عورت بھی تمہارے ضرورت سے زیادہ قریب آئے مجھے وہ بھی ناگوار ہے۔ فیصلہ کن انداز سے بول رہا تھا۔

۔"مگر شاہ۔۔۔۔میرب کچھ باتیں ایسی ہیں جو تم فورن سے مان لیا کرو۔ کیونکہ میری محبت میں ایک حدود ایک دائرہ مقرر ہے۔

۔"میری جان تمہیں اس دائرے میں خوشی خوشی رہنا ہے۔مجھے بالکل پسند نہیں ہے کہ تم پالر سیلون جاؤ۔

۔شاہ پھر آپ سلون والی لڑکی کو گھر بلا دیجئے۔وہ مجھے گھر آکر تیار کر دے۔

۔۔میری جان میرے خیال سے تم نے فریش ہوتے وقت خود پر غور سے نظر نہیں ڈالی۔

۔ورنہ تم خود ہی کسی اور سے تیار ہونے کے بارے میں نہیں سوچتی۔وہ مسکرے انداز بولا۔

۔میرب شاہ کی باتوں کا مفہوم سمجھ نہیں پائی تھی۔

۔اس کی نظروں کا تجسس دیکھتے ہوئے شاہ نے اس کے کاندھوں پر ہاتھ رکھتے ہوتے اسے ڈریسنگ مرر کے سامنے لا کھڑا کیا۔

۔آنکھوں سے اس کی گردن کی طرف اشارہ کرتے ہوئے مسکرایا۔

۔میرب کی گردن پر شاہ کی محبت کی مہریں واضح نظر آ رہی تھی۔میرب نے شرما کر نظریں جھکائیں اور گھومتے ہوئے شاہ کے سینے میں سر چھپا گئی۔

۔میری جان یہ تو چند ایک ہیں۔جن کو دیکھ کر تم شرما گئی ہو۔شاید تم نے خود پر غور نہیں کیا کہ میری محبت کی مہریں جگہ باجگہ ثبت ہے۔

۔اب میری محبت کی مہریں دیکھ کر خود شرم سے لال ہو رہی ہیں۔سوچو اگر یہ وہ پارلر والی لڑکی دیکھ لے تو پھر۔۔وہ کہتے ہوئے رکا اور کھلا کھلا کر ہنسا تھا۔

۔بے وجہ پالر والی لڑکی بھی شرم سے لال ہو جائے گی۔۔

وہ۔میرب کی حالت سے لطف اندوز ہو رہا۔نہیں آپ مجھے گھر لے چلیں میں خود تیار ہو جاؤں گی۔

۔"وہ ہار مانتے ہوئے بولی۔۔۔۔"گھر کیوں جانا ہے۔۔۔"شاہ ظاہر سی بات ہے میرے کپڑے کا سمیٹکس جیولری سب کچھ تو گھر پر ہے۔

۔اب میں ان سب چیزوں کے بغیر تو تیار نہیں ہو سکتی میرب نے اپنا بہت بڑا مسئلہ شاہ کے سامنے رکھا۔ہمممم۔۔یہ تو بہت بڑا مسئلہ ہے۔

۔شاہ اس کا ہاتھ پکڑتے ہوئے اسے بیڈ کے جانب لے آیا۔۔بیڈ کے اوپر ایک باکس اور دو پارسل رکھے ہوئے تھے۔جن کو دیکھ کر میرب کی آنکھیں چمک اٹھی تھی۔

۔شاہ یہ کیا ہے میرب نے تجسس بھری نظروں سے شاہ کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔

۔خود ہی کھول کر دیکھ لو وہ دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر اشارہ پارسل کی جانب کرتے ہوئے۔بولا۔

۔میرب ایک ٹانگ بیڈ سے لٹکا کر دوسری فولڈ کیے ہوئے بیٹھ گئی۔وہ جلدی سے ایک پارسل کھولنے لگی۔

۔واؤ شاہ یہ کتنا خوبصورت ہے کس کے لیے ہے۔

پارسل کے اندر ایک خوبصورت ڈریس تھا۔شاہ نے اسے زمین کو چھوتی روز پنک کلر کی لونگ امبریلا فراک جس کی سلیوز اور بارڈر گولڈن اور پنک کلر پہ فل ہینڈ ایمبرائڈری سے بھرا ہوا تھا۔

۔شاہ یہ میرے لیے ہے۔وہ بیڈ پر کھڑی ہو کر اپنی فراک کو اپنے ساتھ لگاتے ہوئے بڑی خوشی سے بولی۔

۔ہوووووں ! (آئی برو کو اٹھاتے ہوئے اشارہ کیا) جیسے کہہ رہا ہو کہ کیا۔
میں نے پوچھا شاہ کیا یہ میرے لیے ہے بڑے ہی شوخ شوخیلے لہجے میں
بولی۔

۔آءءء نہیں ! پارسل لگتا ہے غلط آگیا یہ تو میں نے اپنے لیے آرڈر کیا ہے۔
مذاق نہ کریں مجھے پتہ ہے یہ آپ نے میرے لیے منگوایا ہے۔
تو بس پھر پوچھ کیوں رہی ہو پاگل لڑکی اور اب جلدی سے باقی کے پارسل
بھی کھولو۔

اب میرب نے اپنے شاہ کی بات پر عمل کرتے ہوئے جلدی سے دوسرا پیکٹ
کھولا۔۔۔جس میں سے کاسمیٹک کی تمام ورائٹی نکلی ان تمام چیزوں سے
جائزہ لگا سکتا تھا کہ شاہ نے کتنی محنت اور محبت سے سب خریدا
ہے۔۔۔۔۔میک اپ میں پرائمر سے لے کر میک اپ فکسر تک تمام چیزیں
موجود تھیں۔

۔میرب ایک ایک کر کے تمام پروڈکٹ کو دیکھ رہی تھی مگر جیسے جیسے وہ دیکھ رہی تھی اس کے منہ کے زاویے بدل رہے تھے جس کو رومان شاہ نے بھی بخوبی دیکھا۔۔

۔اب وہ کبھی غصے سے شاہ کی جانب دیکھتی تو کبھی بیڈ پر بکھری ہوئی میک اب کی چیزیں کو دیکھتی۔

۔شاہ یہ سب کچھ کس کے لیے ہے آخر کار اس نے غصے کو ضبط کرتے ہوئے پوچھ ہی لیا۔۔

۔نہیں مجھے لگتا ہے کہ یہ پارسل بھی غلط آگیا ہے یہ پارسل بھی میں نے اپنے لیے ہی منگوایا تھا۔

۔شاہ میں اس وقت مذاق کے موڈ میں نہیں ہوں۔وہ دوٹوک لہجے میں بولی۔

۔حد ہے یار سب کچھ تمہارے لیے ہی ہے۔یہ کس طرح کا سوال تم بار بار دہرا رہی ہو وہ سپاٹ لہجے میں بولا۔رومان شاہ اس کے بدلتے ہوئے اتار چڑھاؤ کو سمجھ نہیں پا رہا تھا۔

۔شاہ آپ کو کیسے پتہ ہے لڑکیوں کی سب چیزوں کا۔۔۔اب اس کا کیا مطلب، کہ مجھے کیسے پتہ یار مجھے سب پتہ ہے لڑکیوں کی چیزوں کے بارے میں۔وہ اوور کونفیڈینٹ ہوتے ہوئے بولا۔

۔آپ کو ان سب چیزوں کے بارے میں کیسے پتہ کیا آپ نے پہلے بھی کبھی یہ سب چیزیں کسی کے لیے منگوائی ہیں۔۔

۔ہاں یار بہت ساری لڑکیوں کے لیے۔اسی لیے تو مجھے اتنی نالج ہے ان چیزوں کے بارے میں۔ شاہ اپنی باتوں میں خود ہی الجھ گیا۔

۔میرب بنا کچھ بولے چیزوں کو وہیں چھوڑ کر بیڈ سے اتر گئی۔۔۔۔شاہ آپ کیوں کرتے ہیں میرے ساتھ۔میرب کی انکھوں سے آنسوں جھلکے۔

۔میرب کیا چل رہا ہے تمہارے دماغ میں صاف صاف بولو۔۔شاہ یہ سب کچھ آپ نے مجھ سے پہلے کس کو لے کر دیا ہے میں بس اتنا جاننا چاہتی ہوں۔

ویٹ ویٹ ویٹ لسن! میرب تمہارے دماغ میں جو خرافات چل رہے ہیں ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔(وہ میرب کے بدلتے ہوئے رویے کو بخوبی جان چکا تھا کہ اس کے دماغ میں مہک چل رہی ہے۔)

۔ہاں تو شاہ میں یہی تو جاننا چاہتی ہوں کہ آپ کو لڑکیوں کی چیزوں کے بارے میں اتنا ڈیپلی کیسے پتہ۔۔

۔شاہ میر بھائی کو تو لپسٹک کے شیڈز تک کا نہیں پتہ ان کو تو سارے کلرز ایک جیسے ہی لگتے ہیں کبھی غلطی سے بلش ان لینے بھیج دیا جائے تو وہ لوشن اٹھا کر لے آتے ہیں۔

پھر آپ کو کیسے پتہ پرائمر لیکوڈ ہائی لیٹر آئی کنسیلر میک اَپ فکسر وغیرہ ۔کیونکہ یہ وہ چیزیں ہیں جو کوئی پروفیشنل ہی سمجھ سکتا ہے۔۔

۔ایک عام انسان کو ان چیزوں کے بارے میں کچھ نہیں پتا۔اس کا استعمال کیا ہے اور کدھر کرنا ہے۔یا اس کی نالج میں ہو گا جس نے پہلے بھی ایسا گفٹ کسی کو دیا ہو۔

۔پروفیشنل آرٹسٹ آپ ہیں نہیں تو پھر میں کیا سمجھوں خود ہی آپ بتا دیں۔۔میرب یار آئی سویر یہ بیڈ پر جو سامان بکھرا ہوا ہے۔۔۔اوو یار اا مینوں تے اینا چیزاں دے بارے کک وی نہیں پتہ ہے۔کے کیڑی شے کتھے لائی دی۔

کیا!!!!کی پنجابی زبان اس کے سر کے اوپر سے گزر گئی۔

اووہہ ! میں نے کہا یہ جو بیڈ پر سامان بکھرا ہوا ہے مجھے ان میں سے کسی کے بارے میں کچھ نہیں پتہ یہ لڑکیوں کے کام ہیں وہی جانے کس کو کہاں لگانا ہے.

تو پھر آپ یہ سب کیسے جانتے ہیں وہ بڑی معصومیت سے بولی۔

تم بیٹھو میں تمہیں تفصیل سے سمجھاتا ہوں تمہیں ایسے تو سمجھ انی نہیں ہے۔ یار یہ سب کچھ میں نے آن لائن منگوایا ہے یہ تو تم جانتی ہو اب کیسے منگوایا ہے یہ تمہیں بتانے لگا ہوں۔

میں نے کال کر کے ویب انرسے سے بولا کہ لڑکیوں کی تمام میک اپ پروڈکٹ جو وہ آج کل یوز کرتی ہیں وہ سب مجھے بھیج دے اے ٹوزی تک جس میں کوئی کمی پیشی نہ آئے میری بیوی کے پاس بہانہ نہ ہو کہ اپ مجھے پارلر نہیں لے کے گئے جس وجہ سے میں اچھے سے تیار نہیں ہو سکی اس نے کہا او کے سر اور اس نے پھر اپنی کال اپنی سیل گرل کی جانب ٹرانسفر کر دیتی جی سر اپ کا میسج مجھے مل گیا ہے سر اپ پریشان نہ ہو اپ کو ہر چیز بیسٹ کوالٹی میں ملے گی۔۔۔ پھر اس نے کہا سر اپ اپنی رائے کچھ دینا چاہتے ہیں تو میں نے اسے بھی یہی سیم کہا کہ مجھے لڑکیوں کے کسی چیز کے بارے میں کچھ نہیں پتا بس اپنی مرضی ہر چیز بیسٹ بھیجے اور ہر چیز پرفیکٹ ہونی چاہیے جو

میری بیوی کو پسند ہے بس اتنی سی کہانی تھی اور تم پتہ نہیں اپنے اس چھوٹے سے دماغ میں کیا کیا سوچ کے بیٹھ گئی ہو بے وقوف لڑکی۔

پکی بات ہے شاہ!!! میرب اگر تمہیں اب بھی کوئی شک وشبہ ہے تو پھر سوری اس سے زیادہ میں ایکسپلین نہیں کر سکتا۔

میں رومان سپاٹ سے لہجے میں بولا۔

سوری شاہ! میرا یہ مطلب نہیں تھا میرب رومان کے اف موڈ کو دیکھتے ہوئے پشیمان لہجے میں بولی۔۔

چھوڑو یار تمہاری سوری کا میں کیا کروں میرا تو تم نے موڑ کا بیڑا غرق کر دیا نا کتنی محبت سے میں نے تمہارے لیے سب کچھ سلیکٹ کیا اور تمہاری سوئی ان نیلے پیلے رنگوں پر آ کر رک گئی۔

نئ شاہ میں نے سب کچھ دیکھا ہے سب کچھ بہت پیارا ہے مجھے بہت پسند آیا ہے وہ جلدی سے شاہ کا ہاتھ پکڑتے ہوئے بولی۔ کیا خاک پسند ایا ہے ایک فراک پر تمہارا کچھ اچھاری ایکشن تھا۔۔۔اور باقی چیزوں پر تم خود ہی سوچ لو

کہ تمہارا کیا ریکٹ ہے اور کچھ چیزیں تم نے ابھی تک کھول کر بھی نہیں دیکھی جو میں نے خود سلیکٹ کی ہیں تمہارے لیے۔

شاہ اپنے ہاتھ کو میرب کے ہاتھ سے چھڑاتے ہوئے سے ٹاول سے اپنے سر کو رب کرتے ہوئے مر رکے

سامنے آرکا۔

وہ تقریباً بھاگتے ہوئے قدموں سے شاہ کے پاس آئی۔ شاہ میری طرف دیکھیں اور بات سنیں میری۔ تم بولو میں سن رہا ہوں وہ فل اگنور کرتے ہوئے بولا۔ شاہ ایسے نہیں پلیز میری طرف دیکھیں اور میری بات سنیں۔ وہ اپنا ہاتھ شاہ کی گال پر رکھتے ہوئے اس کے منہ کا رخ اپنی طرف کرتے ہوئے بولی۔ شامہ میں آپ کو ناراض نہیں کرنا چاہتی تھی۔ اور نا ہی میرا مقصد آپ کا دل دکھانا نہیں تھا بس آپ اتنے خوبصورت ہیں کہ مجھے یہ سوچ کر ڈر لگتا ہے کہ کوئی لڑکی آپ کو مجھے سے چھین نا لے۔

میرب کے چہرے پر اس وقت اتنی معصومیت تھی کہ شاہ مصنوعی غصہ دکھاتے ہوئے اس کی باتوں کو بڑے غور سے سنتے ہوئے اور اس کے معصوم چہرے پر صدقے وار جا رہا تھا۔

اسے میرب کا یہ انداز بھی اچھا لگا۔۔۔ ہمممم تو پھر کر لیتی میری بات پہ یقین جب میں اتنی دیر سے بکواس کر رہا تھا۔

دیکھیں شاہ اب آپ ایسے غصہ نہیں کر سکتے میرے ساتھ وہ اپنے حق کا استعمال کرتے ہوئے بولی۔

کیوں اب ایسا کیا ہو گیا ہے۔ کیونکہ اب میں وہ میں، آپ۔۔ میرب خود ہی اپنے الفاظوں میں الجھ گئی کہ اس نے کیا بول دیا۔

میں وہ کیا کچھ بولو گی تو سمجھ لگے گی نا۔۔

شاہ ایک آئی برو کو اٹھاتے ہوئے بولا،، جسے سمجھ تو سب آ رہا تھا پھر بھی وہ نہ سمجھ بنا بیٹھا تھا۔۔۔۔

شاہ میں جانتی ہوں اپ کو سب سمجھ ارہا ہے بس اپ مجھے تنگ کرنے کے لیے بول رہے ہیں نا دیکھیں اپ خود سمجھ جائیں میں کیا کہنا چاہتی ہوں۔۔۔۔۔

کیوں تم میری بات سمجھی تمہیں تو میں نے سب بتایا پھر بھی تم نہ سمجھی۔

کیونکہ شاہ میں اپ کی بیوی ہوں۔

(میرب کو سمجھ لگ گئی تھی کہ اب اس کا شاہ اس کو خالی ہاتھ تو نہیں جانے دے گا اپنی مطلب کی بات اس کے منہ سے اگلوا کر رہے گا)۔

اووہہ اچھا! پہلے تم کیا تھی،،،،، میرے خیال میں پہلے بھی تم میری بیوی ہی تھی۔

شاہ اپ مجھے تنگ کر رہے ہیں نا مجھے سب پتہ ہے وہ اپنے معصومانہ لہجے میں بولی۔

ہمم! ! اب بولو شاہ شرارتی لہجے میں بولا۔

نہیں شاہ اپ خود سمجھ جائیں مجھے شرم آرہی ہے۔۔میں اپ کا فیس دیکھ کے نہیں بتا سکتی۔

تو اس کا حل ہے میرے پاس لائٹ آف کر کے بیڈ پر چلتے ہیں پھر نہیں آئے گی شرم اور نہ ہی میرا فیس نظر آئے گا۔

شاہہہہ ! وہ گھبرا کر تھوڑا پیچھے ہوئی اور ڈریسنگ کے ساتھ لگی۔۔

اب تم مجھے بتا رہی ہو یا تمہیں سچ میں بیڈ پر لے کے جاؤں۔۔

نہی۔۔۔نہ۔۔ نہیں میں بتا رہی ہوں۔

گڈ تو پھر بتاؤ جلدی سے۔۔

!! دیکھیں اب تو ہماری گولڈن نائٹ بھی ہو چکی ہے۔۔تووووووو

تو مجھے آگے نہیں پتہ وہ رومان شاہ سے خود کو چھڑاتے ہوئے دو قدم آگے کو نکلی جسے فوراً سے پہلے رومان شاہ نے اپنے ٹاول کی مدد سے کھینچ کر واپس اپنی باہوں میں لے آیا۔

۔گولڈن نائٹ ہو چکی ہے تو اس کا کیا مطلب کہ اب تمہیں مجھ پر رو عب جمانے کا لائسنس مل گیا ہے وہ شوخ ہوتے ہوئے بولا۔۔

میں نے ایسا تو نہیں کہا۔۔۔۔ مگر میں نے کہا ہے کہ تم مجھ پر رو عب ڈال سکتی ہو وہ مسکراتے ہوئے اس کا رخ پلٹ کر اپنی طرف کرتے ہوئے بولا۔اور کیا کہہ رہی تھی تم کہ میں بہت خوبصورت ہوں اور تمہیں ڈر ہے کہ کوئی لڑکی مجھے تم سے چھین نہ لے۔

۔تم اپنے دل سے اس طرح کے وسوسے نکال دو جانے شاہ رومان شاہ آج بھی تمہارا ہے اور ہمیشہ تمہارا ہی رہے گا۔

۔بس ذرا اپنے پیار کو مجھ پر وسیع کر دو کیونکہ تمہارے اس دل میں رکھے ہوئے پیار سے میرا پیٹ نہیں بھرتا۔

۔اس کو وہ مجھ پر نچھاور کر و جان شاہ تو پھر دیکھنا کہ شاہ کیسے تمہارے ارد گرد منڈلاتا رہے گا۔

۔اپنا چہرہ اس کے مقابل کرتے ہوئے تھوڑا سا جھکا اور اپنے لب اس کی نازک پنکڑیوں پر رکھ کر پنکھڑیوں کو اپنے آتشی لبوں کی قید بھی لے گیا۔

۔بڑی نرمی سے محبت جداجتاتے ہوئے کی ہونٹوں کی نمی کے چند قطرے پی کر اسے اپنی محبت کا پورا مان جاتا گیا۔وہ اپنے دونوں ہاتھ اس کے سینے پر رکھے ہوئے آنکھیں بند کر کے اس کی بے تابیوں سے پر سکون ہو رہی تھی۔۔

۔وہ بناشرٹ پہنے ہوئے صرف ٹراؤزر پہن کھڑا ہوا تھا۔اس کے کسرتی سینے پر ہاتھ رکھے ہوئے میرب کا دل دھک دھک کر رہا تھا۔

۔چلو اب جلدی سے دوسرے پارسلز بھی کھول کر دیکھو اور تیار ہو جاؤ اگر اتنی نزدیک کھڑی رہی گی تو میں اپنی گارنٹی نہیں دے سکتا کہ میں تمہیں لے کر جاؤں گا یا نہیں۔

۔وہ ہنستے ہوئے بولا ہنستے ہوئے ظالم اتنا خوبصورت لگ رہا تھا کہ ایک پل کو تو میرب کا دل بھی کہہ رہا تھا کہ اسے نہیں جانا مگر بات اس کے بھائی کی تھی تو وہ رک نہیں سکتی تھی۔

۔میرب نے دوسرا پارسل کھولا تو اس میں ڈریس کے ساتھ کی میچنگ جولری تھی۔شاہ یہ بہت خوبصورت ہے میرب جولری کو دیکھ کر بچوں کی طرح چہک کر بولی۔

۔خوبصورت تو یہ تب ہو گی جب تم اسے پہنو گی وہ بیڈ پر ٹانگ جمائے ہوئے جھک کر کھڑا اس کے چہرے پر آتے جاتے خوشی کے رنگ دیکھ رہا تھا۔

۔میرب کا پورا دھیان اپنی جولری اور چیزوں پر تھا جب کہ شاہ کی نظروں کا مرکز میرب کا خوبصورت چہرہ تھا جہاں اس وقت پر سکون خوشی نے ڈیرا جمایا ہوا۔

۔اب اس نے تیسرا والا پارسل کھولا جس میں سے گولڈن کلر کی بہت خوبصورت ہائی کی سینڈل نکلی جو بے حد خوبصورت اور نازک بنی ہوئی تھی۔

۔شاہ اس کی ہیل کتنی لمبی ہے آپ چھوٹی ہیل والی سینڈل منگواتے میرے لیے۔وہ ہیل کو دیکھ کر پہلے تو بہت خوش ہوئی مگر بعد میں اتنی لمبی کھیل دیکھ کر وہ شاہ کی جانب دیکھتے ہوئے بولی۔

۔میں نے جان بوجھ کر لمبی ہیل والی سینڈل منگوائی ہے۔۔۔۔۔۔"کیوں ۔حیرانی سے دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔۔۔۔۔تم نے اپنی ہائٹ نہیں دیکھی اتنی چھوٹی سی لگتی ہو میرے سامنے مجھے کس کرنے میں بہت نیچے جھکنا پڑتا ہے۔

وہ شوخ انداز میں کہتا ہوا گہری نظروں سے کہ اسے دیکھ کر
مسکرایا۔۔میرب نے شرم سے نظریں نیچے جھکائی۔

۔شاہ میں چھوٹی نہیں ہوں بڑی ہوں۔۔۔۔۔اووووہہوں چھوٹی تو تم مجھ سے ہوا تنا زیادہ نیچے جھک کر مجھے کس کرنی پڑتی ہے۔اب سے تمہیں کس کرتے وقت پہلے تمہاری ہائی ہیل پہنو گی اس کے بعد میں کس کروں گا وہ میرب کے چہرے پر حیا کے رنگ دیکھ کر اور بھی شوہوتے ہوئے اسے تنگ کرنے لگا۔

۔شاہ آپ بہت۔۔۔۔'رومینٹک ہو مجھے پتہ ہے میرب کی بات آدھی ابھی اس کے منہ کے اندر ہی تھی کہ شاہ نے اپنی تعریف بیان کر دی۔۔

۔آخر میرب اپنے شاہ کو پانے میں کامیاب ہو گئی تھی آج شاہ کے دل پر میر ب کی محبت کی مہر لگ چکی تھی

۔میرب تیار ہو رہی تھی اور شاہ ڈریسنگ کی سائیڈ پر کھڑا ہوا اسے دیکھ رہا تھا۔۔شاہ پلیز آپ اپ روم سے جائیں آپ اس طرح دیکھتے رہیں گے تو مجھ سے تیار نہیں ہوا جائے گا۔

۔شاہ کی ایکسرے مشین جیسی آنکھوں کو دیکھتے ہوئے میرب نے آخر شاہ کو جانے کا بول ہی دیا۔

۔۔نہیں تمہیں تیار ہونے میں میری ہیلپ کی ضرورت ہو گی تو میں تمہاری ہیلپ کر دوں گا وہ شرمائی ہوئی میرب کو دیکھ کر اور بھی محظوظ ہوتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔

۔مجھے آپ کی ہیلپ کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔آپ جائیں اور خود تیار ہو لیں۔آپ مجھے ہیلپ نہیں بلکہ مجھے دیکھ دیکھ کر کنفیوز کر رہے ہیں۔۔

۔میں اپنی بیوی کو دیکھ رہا ہوں تمہیں اس میں کیا دقت ہے وہ مسکراتے ہوئے اس کے قریب آیا اور کمر میں ہاتھ ڈال کر اور اسے اور بھی نروس کر رہا تھا۔

۔شاہ پلیز جائیں۔۔۔۔"اچھا جا رہا ہوں تم جلدی سے تیار ہو جاؤ میں بھی ریڈی ہو کے آتا ہوں۔شاہ نے اپنے دل پر پتھر رکھتے ہوئے جانے کا فیصلہ کر ہی لیا۔

۔کیونکہ اب وہ سچ مچ لیٹ ہو رہے تھے۔کچھ دیر بعد شاہ تیار ہو کے روم میں داخل ہوا تو اس کی نظر سامنے کھڑی ہوئی میرب پر پڑی جو فل ریڈی کھڑی ہوئی فائنل خود کو مرر کے اندر دیکھ رہی تھی۔

۔شاہ میں کیسی لگ رہی ہوں ڈریسنگ ٹیبل کے مرر سے شاہ کو اندر آتے ہوئے دیکھ کر اسی پوزیشن میں کھڑی ہوئی بولی۔

۔شاہ بتائیں نا میں کیسی لگ رہی ہوں شاہ جو اسے دیکھ کر سکتے کے عالم میں کھڑا ہوا تھا۔دوبارہ سے بولنے پر حوش کی دنیا میں واپس آیا۔

۔ قیامت لگ رہی ہو۔ گہری نظروں سے سر سے لے کر پاؤں تک دیکھتے ہوئے کہا۔ میرب بہت خوبصورت لگ رہی تھی شاہ کی تو نظریں تو اس سے ہٹ ہی نہیں رہی تھی۔۔

۔۔ تمہارے گلے میں پہنی ہوئی چین کہاں ہے۔ شاہ وہ میں نے اتار دیا ہے وہ میں بعد میں پہنوں گی اس ڈریس کے ساتھ میچ نہیں ہو رہی تھی۔

۔ میں کہا تھا نا کہ وہ چین مت اتارنا تمہیں اجازت نہیں ہے اس سے اتارنے کی۔

۔ مگر شاہ وہ ایک عام سی چین ہی تو ہے اور وہ اس کے ڈریس کے ساتھ میچ نہیں ہو رہی میرب نے وضاحت دیتے ہوئے۔

۔وہ عام چین نہیں ہے شاید تم نے اسے غور سے نہیں دیکھا۔شاہ نے سامنے ڈریسنگ پر رکھی ہوئی چین کو اٹھایا اور میرب کی پشت پر آکر کھڑا ہو گیا آگے کی طرف سے ہاتھ لے جا کر پیچھے لاتے ہوئے چین کی حک بند کرتے ہوئے مرر میں اس کو دیکھ رہا تھا۔

۔میرب کے ہاتھ کو بڑی نرمی سے پکڑتے ہوئے میرب کی انگلی سے لاکٹ کو پش کیا۔تو لاکٹ کے اندر خوبصورت جانے شاہ لکھا ہوا جگمگا اٹھا۔

۔میرب اسے مرر میں دیکھ کر خوش ہو کر مسکرائی شاہ مجھے تو یہ پتہ ہی نہیں تھا کہ اس کے اندر میرا نام لکھا ہوا ہے۔۔

۔تو شاہ کیا جب آپ نے مجھے یہ لاکٹ اور چین دیا تھا تب آپ مجھ سے پیار کرنے لگے تھے۔ میرب اپنے دماغ میں چلتے ہوئے سوال کا جواب چاہتی تھی۔ اگر اس پر جانے شاہ لکھا ہے تو اس کا مطلب تو واضح ہے کہ میں تم سے اس وقت بھی محبت کرتا تھا۔

۔ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے اس کی خوشی کے چہرے کے رنگوں کو دیکھ رہا تھا۔اب یہ چین تمہارے گلے سے اترنی نہیں چاہیے۔۔ حکمرانا انداز میں کہا تھا۔

۔میرب مسکراتی ہوئی ہاں میں سر کو ہلا کر حامی بھر گئی۔اب وہ کیوں اتارتی اس لوکٹ چین کو جس کی اہمیت کا اسے اندازہ ہو چکا تھا۔

۔اور جان شاہ یہ اپارٹمنٹ بھی آپ کا ہے۔آپ اس کی مالک ہو یہ میری طرف سے تمہارے لیے شادی کا گفٹ ہے۔

۔میرب تو خوشی سے سما نہیں پا رہی تھی شاہ کیا سچ میں یہ ہمارا ہے۔نہیں جانے چاہیے تمہارا ہے تمہارے نام پر ہے۔

۔تھینک یو تھینک یو سو مچ۔وہ مسکراتے ہوئے شاہ کے سینے سے لگ گئی۔

۔میرا کوئی تھینک یو نہیں بنتا تھینک یو تمہارا میری زندگی میں آنے کے لیے میری زندگی کو خوشیوں سے بھرنے کے لیے۔رومان شاہ کو واپس خود سے ملوانے کے لیے۔۔۔اور میری جان شاہ بننے کے لیے وہ کہتے ہوئے آج پوری طرح سے میرب پر اپنی محبت عیاں کر چکا تھا۔

۔اب چلو ورنہ میں سچ میں نہیں جاؤں گا۔اور نہ تمہیں لے کر جاؤں گا۔دو گھنٹے لگا کر میں نے اپنے دل کو سمجھا کر مطمئن کیا تھا کہ ہمیں یہاں سے جانا چاہیے۔

۔اور دو سیکنڈ نہیں لگے تمہارے اس ظالم حسن کے سامنے کہ میرا دل واپس وہیں پر آن کھڑا ہوا ہے قیامت لگ رہی ہو دل تو چاہتا ہے کہ۔۔۔شاہ پلیز اب آپ کا دل جو بھی چاہتا ہے اسے کنٹرول میں رکھیے۔

۔بہت بے لگام ہے آپ کا دل۔وہ شاہ کی بدلتے ہوئے ٹون کو دیکھ کر شرماتے ہوئے گبھرا کر شاہ کی بات کو بیچ میں ہی کاٹتے ہوئے بولی تھی۔

۔اگر جانا اتنا ضروری نہ ہوتا تو پھر میں تمہیں بتاتا ظالم لڑکی اتنی حسین لگ رہی ہو کہ میرا بالکل موڑ نہیں ہے جانے کا۔۔۔شاہ پلیز چلیں نا وہ شاہ کی کمر پر ہاتھ رکھ کر باہر کی جانب دکھیلتے ہوئے بولی۔

۔وہ دونوں مسکراتے ہوئے ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر اپنے خوبصورت اپارٹمنٹ سے باہر رہے تھے۔۔۔

ooooooooo

۔شاہ میر تیار ہو کر ڈریسنگ روم سے نکلتا ہوا سیدھا ہال میں آیا۔ہاں جی برخوردار ہو گئے تم تیار شاہ میر کو آتے دیکھ کر ملک زبیر چمکتی آنکھوں سے بولے۔

ہاں جی میں تو تیار ہو گیا ہوں۔۔۔مگر مجھ سے زیادہ تو آپ تیاری کر کے بیٹھے ہوئے ہوئے ہیں۔

شاہ میر شرارتی انداز صوفے پر بیٹھتے ہوئے بولا۔۔۔ہاں تو میں مجھے تیار ہونے کا حق نہیں ہے۔آخر میرے شہزادے بیٹے کا ولیمہ ہے۔

۔یہ بات تو ٹھیک ہے کہ آپ کو میرے ولیمے کی بہت خوشی ہے مگر آپ اگر اتنے خوبصورت اور ہینڈسم لگیں گے تو مجھے کون دیکھے گا۔یار ہم کہاں سے ہینڈسم اور خوبصورت لگ رہے ہیں اور ہمیں کس نے دیکھنا ہے۔

۔ہماری طرف تو تمہاری ماں دیکھنا گوارا نہیں کرتی پاس سے گزرتی ہوئی شاہ میر کی ماں کو دیکھ کر ملک زبیر شوخ انداز سے بولے ہیں۔

۔ملک صاحب ولیمہ آپ کے بیٹے کا ہے آپ کا نہیں۔جو میں آپ کو دیکھنے کے لیے بیٹھ جاؤں۔شاہ میر کی ماما مذاق سے ہنستے ہوئے شاہ میر کے پاس صوفے پر
آکر بیٹھ گئی۔

۔بالکل رائٹ کہا آپ نے ماما۔اپنی ماما کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کے محبت سے اپنے ساتھ لگاتے ہوئے شاہ میر فخریہ انداز سے بولا۔

۔بیگم غلط کر رہی ہیں اپنے بیٹے کے ساتھ مل کر ہمیں ایک سائیڈ پر کر دیا ہے آپ نے۔

۔آپ ماں بیٹا یہ مت بھولیں کہ اٹھنے والی نئ حکومت میں اس گھر کی حکمران میری بہو مرہا ہو گی۔

۔میں تو اپنی بہو سے بنا کر رکھوں گا پھر دیکھوں گا تم دونوں ماں بیٹے کو میں اپنی بہو سے کیسے ٹھیک کرواتا ہوں۔

۔بھئ میں تو خود اپنی بہو سے بنا کے رکھوں گی۔بلکہ وہ میری بہو نہیں بیٹی ہو گی۔بالکل میرب کی طرح اس معاملے میں، میں بھی آپ کے ساتھ ہوں۔

ہمارے گھر میں صرف میری بہو کی ہی چلے گی۔شاہ میر کی ماں پارٹی بدلتے ہوئے اپنے شوہر کی ہاں میں ہاں ملانے لگی۔

۔ماما کتنی غلط بات ہے آپ نے دو سیکنڈ نہیں لگائے پارٹی چینج کرنے میں اور آپ پاپا کی سائیڈ پر ہو گئے ہو۔

۔بیٹا جی میں پاپا کی سائیڈ نہیں اپنی بہو کی سائیڈ پر ہوں۔۔۔۔۔ماما مجھے لگ رہا کہہ مارے گھر میں پولیٹیکس چل رہی ہیں۔۔سب لوگ ایک ہی پارٹی میں ہو گئے ہیں۔اس کی بات پر تینوں قہقہ لگا کر ہنسے پڑے۔

۔شاہ میر جا کر ہماری بہو کو دیکھو اس کی تیاری میں کتنی دیر ہے ہم لوگ ٹائم سے نکلیں ہال کے لیے۔۔۔۔جی ماما جا رہا ہوں۔پتہ نہیں وہ پارلر والی کیوں میری اچھی خاصی خوبصورت بیوی کے چہرے پر اتنی لیپا پوتی کر رہی ہے۔

۔پچھلے دو گھنٹوں سے اس کے چہرے پر ظلم کیے جا رہی ہے۔شامیر افسوس کن نظروں سے کہتا ہوا اٹھا۔

۔اور بڑے بڑے قدم بھرتا ہوا سیڑھیاں چڑھ کر اپنے روم میں داخل ہوا۔۔ مگر نظریں جب سامنے اٹھی تو پلٹنا بھول گئی تھی

ooooo

۔جی میم آپ دیکھ لیں اگر کوئی کمی ہے تو بتا دیجئے میں ٹھیک کر دیتی ہوں ورنہ تو اوور لک بہت خوبصورت لگ رہی ہے۔۔

۔بہت پرزور دیتے ہوئے پارلر والی نے مرہا کی خوبصورتی کو سراہا۔۔۔

نہیں آپ جائیں تھینک یو سو مچ۔۔۔

مرہا نے بہت مدھم آواز سے کہا۔

جی میم پارلر والی اپنا سامان اٹھا کر روم سے باہر چلی گئی۔

مرہا فل تیار ہو کر مرر کے سامنے کھڑی ہوئی اپنی فائنل لک دیکھ رہی تھی۔ وہ سکن کلر کی میکسی پہنے ہوئے اور ساتھ میں بھاری کامدار دوپٹہ جس پر گولڈن کام کیا ہوا تھا۔

میچنگ جولری پہنے ہوئی تھی جو بہت ایکسپینسو اور خوبصورت تھی۔ جب شامیر میں روم داخل ہوا تو اسے دیکھا تو دیکھتا ہی رہ گیا۔
وہ اپنے ولیمے کی ڈریس میں بے حد حسین لگ رہی تھی۔۔اور اپنے حسن سے شامیر پر بجلیاں گرا رہی تھی۔ شامیر چاہ کر بھی اس سے نظریں ہٹا نہیں پا رہا تھا۔

وہ مسکراتا ہوا گہری نظروں سے دیکھتا ہوا اس کے قریب آ کر کھڑا ہوا۔ شاہ میر کے دروازہ کھولنے پر مرہا نے پلٹ کر اس کی جانب دیکھا۔

اے سی پی کی جان اتنی خوبصورت لگ کر کیا اے سی پی کی جان لینے کا ارادہ ہے۔ وہ گہری نظروں سے دیکھتا ہوا اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر جھٹکے سے اسے خود کے قریب کر گیا۔

شاہ میر کی تعریف مرہانے شرما کر پلکیں جھکالی۔ بہت پیاری لگ رہی ہو میں نے تو سوچا کہ پارلر والی میری بیوی کی خوبصورتی کو خراب کر دے گی مگر یہاں تو اس نے میری بیوی کی خوبصورتی میں چار چاند لگا دیے ہیں۔

وہ اس کی نازک مخملی گالوں پر اپنی سخت داڑی والے گال رب کرتے ہوئے مدہوش سا ہو رہا تھا۔

سی آہ۔۔

اس کی بیئرڈ کی چوبھن سے میرہانے سسکی بھری تھی۔

شاہ میر نے اس کی مدہم سی سسکی کی آواز پر اپنا چہرہ اوپر کر کے اس کی جانب دیکھا۔

اس کی جھکی ہوئی پلکیں اور شرم سے لال چہرے کو دیکھ کر شامیر کے انابی لب مسکرئے۔۔۔

وہ مسکراتا ہوا جاذب نظر لگ رہا تھا۔

اپنی مسکراہٹ کو دبانے کے لیے اس نے اپنے دانتوں تلے اپنے نچلے ہونٹ کے کنارے کو دبا لیا۔۔۔

میری جان کو داڑھی سے چبن ہوئی ہے۔ شاہ میر نے محبت بھرے لہجے سے پوچھا۔۔۔۔جی۔۔۔۔ میر ہانے بہت کم آواز میں کہا۔ میری جان اتنی سی چبن تو برداشت کرنی ہو گی شاہ میر نے مسکرا کر کہا۔۔۔

اگر اپ کو میری داڑھی کی چوبھن اچھی نہیں لگتی تو کیا میں اپنی داڑھی کٹوا دوں مجھے کوئی اعتراض نہیں اپنی بیوی کے لیے کلین شپ بن سکتا ہوں۔۔۔

نہیں میں نے ایسا تو نہیں کہا۔

میں تو اس لیے کہہ رہا ہوں کہ تمہیں میری داڑھی اچھی نہیں لگتی شاہ میر اس کے منہ سے کچھ اگلوانا چاہتا تھا اور جس میں وہ کامیاب بھی ہو گیا۔

نہیں آپ کی داڑھی مجھے بہت اچھی لگتی ہے اور اپ اس میں بہت خوبصورت نظر آتے ہیں میر ہانے بے اختیار بول دیا۔۔

مگر اپنے جملے کی تیزی پر جلدی سے آنکھیں نیچے کرتے ہوئے زبان کو دانتوں تلے دبالیا۔۔۔

ہمم بس یہی پتہ لگانا تھا مجھے کہ میری بیوی کو میری داڑھی اچھی لگتی ہے یا نہیں۔۔

شاہ میر نے مسکراتے ہوئے اپنے لب اس کے ماتھے پر رکھ دیے۔۔۔

یہ سچ تھا کہ شاہ میر کی خوبصورتی میں اس کی داڑھی بے حد اہم کردار ادا کرتی تھی شامیر کی چھوٹی چھوٹی داڑھی اس کے چہرے کو اور بھی جازب نظر بناتی تھی اور اس کی پرسنلٹی پر بہت سوٹ لگتی تھی۔۔۔

یہ بات تو اسے بہت بار اس کے دوست اور گھر والوں نے کہی مگر آج وہ یہ بات مرہا کے منہ سے سن کر بہت سرور حاصل کر رہا تھا۔۔۔

اچھا بتاؤ تمہیں اور کیا مجھ میں اچھا لگتا ہے۔۔

وہ شوخ انداز سے بول رہا تھا۔۔۔

مجھے نہیں پتہ میر ہانے شرماتے ہوئے نظر جھکا کر اس کی گرفت سے نکلنا چاہا جسے شاہ میر نے ناکام بناتے ہوئے اور بھی سختی سے اپنی گرفت میں لے لیا گرفت اس قدر مضبوط ہو چکی تھی کہ مانو آج وہ اپنے سینے میں ہی مرہا کو چھپا لے گا۔۔۔

بتانا تو پڑے گا کہ میری پیاری بیوی کو مجھ میں اور کیا اچھا لگتا ہے یا پھر کہہ دو کہ تمہیں مجھ میں کچھ بھی اچھا نہیں لگتا۔۔۔

میر پلیز۔۔۔ چھوڑے مجھے شرم آ رہی ہے مجھ سے نہیں بتایا جائے گا

مرہا نے پلکیں جھکاتے ہوئے شرما کر کہا وہ شرماتے ہوئے اتنی خوبصورت

لگ رہی تھی کہ شاہ میر کا دل بالکل بھی (ولیمہ) ریسپشن میں جانے کا نہیں کر رہا تھا۔۔۔ہائے ے ے۔۔۔جب تم میر کہہ کر اپنے ان خوبصورت لبوں سے میرا نام لیتی ہو مر مٹنے کو دل چاہتا ہے میرا۔۔۔

شامیر ٹھنڈی آہ اہ بھرتے ہوئے اس کی خوب صورت پنکھڑیوں جیسے لبوں کو اپنے انگوٹھے سے سہلاتے ہوئے بولا۔۔۔

اس کے ہاتھوں کے لمس سے مرہا کے پورے بدن میں بجلی کی لہر سی دوڑ گئی۔۔۔

پھر سے میرا نام لو شاہ میر اس کے لبوں سے اپنا نام بار بار سننا چاہتا تھا۔۔۔

میر۔۔۔

نظریں جھکائے ہوئے ہی بولا۔۔۔

پھر سے کہو۔۔۔

میر۔۔۔

پھر سے ایک بار اور کہو مجھے بہت سرور آتا ہے تمہارے لبوں سے اپنا نام سن کر۔۔۔

جی نہیں میں اب نہیں بولوں گی۔

اچھا جی کیوں نہیں بولے گی۔۔۔

کیونکہ ہمیں ہال میں پہنچنا ہے ہمیں دیر ہو رہی ہے مرہا نے ایک اپنی طرف سے ٹھوس ریزن دیا۔۔۔

میں تو ایسے ریسپشن پر نہیں جاؤں گا۔۔ب اپنی خمار الود نظریں مرہا کے چہرے پر ٹکاتے ہوئے بولا۔۔۔

اپ کیوں نہیں جائیں گے ؟۔۔۔مرہا نے فورا سے پلکیں اٹھا کر شامیر کی جانب دیکھا۔۔۔جو اسے اپنے باہوں کے گھیرے میں لیے اپنے سینے کے ساتھ لگا کے کھڑا تھا۔۔۔

شاہ میر کے اتنے نزدیک ہونے سے مرہا کی ہتھیلیاں پسینے سے تر ہو گئی۔۔۔

میر ہا کا دل دھک دھک کر کے باہر آنے کو تیار تھا۔۔۔

سمپل پہلے میرا منہ میٹھا کرواؤ!! پھر چلوں گا میں ہمارے ولیمے کے فنکشن میں یہ پھیکا اور بنا کچھ کھائے پیے والا ولیمہ مجھے نہیں چاہیے۔۔

تو آپ نیچے سے آئے ہیں آپ کچھ کھا پی لیتے اور منہ میٹھا کر لیتے اب میں آپ کو روم میں کیسے کچھ کھلا سکتی ہوں۔

میر ہا بنا اس کی بات کا مفہوم سمجھے اپنی ہی دھن میں بول گئی۔۔۔

میں نے جس چیز سے منہ میٹھا کرنا ہے وہ نیچے موجود نہیں تھی میر کی جان۔۔۔ مطلب۔۔۔ مرہا کو اب بھی شاہ میر کی بات سمجھ میں نہیں آئی تھی۔۔۔

مطلب کہ میرا منہ میٹھا تم اپنے ان خوبصورت ہونٹوں سے کرواؤ گی مرہا کے ہونٹوں کو سہلاتے ہوئے بڑی شدت بھری نظروں سے دیکھ کر بولا۔۔۔

شاہ میر پلیز مرہا نے گھبرا کر اپنی کمر پر رکھے ہوئے شاہ میر کے ہاتھوں کو ہٹانا چاہا۔۔۔

میر کی جان ہلکان مت کرو خود کو میری گرفت سے تم کبھی نہیں نکل سکتی تمہاری جان اتنی مضبوط نہیں ہے کہ میری مضبوط باہوں کا دائرہ توڑ سکے۔۔۔۔

اور رہی منہ میٹھا کرنے کے بات تو وہ میں ہر صورت کر کے جاؤں گا کیونکہ ولیمہ ایسے نہیں ہوتا۔۔۔

ولیمے کے لیے پہلے اچھی بیویاں اپنے شوہر کا منہ میٹھا کرواتی ہیں۔۔۔
اور تم رات کو بھی میرے ساتھ بہت ناانصافی کر چکی ہو اب اس سے زیادہ نا انصافی میں برداشت نہیں کروں گا۔۔۔۔

شاہ میر کے لہجے میں کچھ کچھ ضد نظر آ رہی تھی اور کچھ حکم۔ مرہا کے بولتے لبوں پر جھک کر خاموش کروا گیا۔۔۔
اس کی نازک سی پنکھڑیوں کو اپنے لبوں کی قید میں لیے گیا۔ سانسوں کو رکتے ہوئے محسوس کر کے مرہا نے شاہ میر کے سینے پر دباؤ دے کر اس کی گرفت سے دور ہونا چاہا مگر اس کی کوشش پر شاہ میر نے اس کی کمر پر اپنے ہاتھوں کا دباؤ اور بھی زیادہ سخت کر دیا شدت سے لبوں کی نمی کو پیتے ہوئے وہ مدہوش ہو رہا تھا۔۔
مرہا کی اکھڑی ہوئی سانسوں کی پرواہ کیے بنا اس کے لبوں کی نمی کا ایک ایک قطرہ اپنے اندر انڈیل رہا تھا۔۔

اپنی معصوم محبت کو اپنی سینے سے لگا کر اس کے لبوں کا نشہ کرتے ہوئے شاہ میر اپنے ہوش و حواس میں بالکل نہیں تھا۔۔۔

مرہا شاہ میر کے کرتے کو سختی سے ہاتھوں میں پکڑے ہوئے تھی۔۔۔

مرہا کو اپنی سانسیں رکتی ہوئی محسوس ہو رہی تھیں۔۔ مرہا نے شاہ میر کو دھکا دے کر پیچھے کرنا چاہا لیکن اس کا شاہ میر پر کوئی خاص اثر نہ ہوا۔۔۔

شاہ میر پوری طرح سے اس کے اوپر جھکا ہوا اس کی سانسوں کو اپنے سانسوں میں سمار ہا تھا ہاتھ اس کی کمر پر رکھ کر اسے زمین پر گرنے سے سپورٹ دے رکھی تھی۔۔۔

کافی دیر بعد شاہ میر نے مرہا پر ترس کھاتے ہوئے اسے آزاد کیا۔۔۔ مرہا کی تیز سانسیں جو کہ گلے میں اٹک رہی تھی۔۔۔

مرہا کا دل سو کی سپیڈ میں دھڑک رہا تھا ک جو میکسی کے اوپر سے ہی دھک دھک کرتا ہوا صاف دکھائی دے رہا تھا۔۔۔

خوبصورت آنکھوں میں نمی اتر آئی تھی ساسوں کی روانی پوری نہ ہونے کی وجہ سے۔۔۔۔

مرہا نے شکوہ کن انکھوں سے شامیر کو دیکھا۔۔۔

سوری میر کی جان تمہارے اندر اتنا نشہ ہے کہ میں دیکھوں ناہوش میں ہوتے ہوئے بھی ہوش میں نہیں رہا یہ میرہا کی کھلی ہوئی آنکھوں کو دیکھ کر شامیر نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

شاہ میر مرہا کے ہونٹوں پہ پھر سے جھکنے ہی والا تھا کہ دروازے پر دستک ہوئی۔۔۔

شاہ میر بیٹا کتنی دیر ہے باہر مہمان انتظار کر رہے ہیں۔۔۔

حال میں مہمان بار بار مرہا اور شاہ میر کا پوچھ رہے تھے جس وجہ سے شاہ میر کی ماں کو بلانے کے لیے انہیں آنا پڑا۔۔۔

جی ماما ہم لوگ آرہے ہیں شاہ میر نے اپنی ماں کو جواب دیا۔۔۔

میر کی جان باقی رات کو یہیں سے

کانٹینیو کریں گے۔۔

تم جلدی سے اپنا حلیہ درست کرو پھر ہم چلتے ہیں۔

بیگم صاحبہ کتنی دیر ہے

oooooooooo

اپ کے بیٹے اور میری بہو کی۔۔ سارے مہمان ریسپشن ایریا میں ہمارا انتظار کر رہے ہیں۔۔۔

۔زبیر صاحب نے اپنی بیگم کو سیڑھیوں سے اترے ہوئے بولا۔۔

جی بس وہ لوگ آرہے ہیں ہم لوگوں کو بھی نکلنا چاہیے۔

ویسے کیا بات ہے زوجہ محترمہ آج بہت حسین لگ رہی ہیں ہمیں تو پرانے دن یاد آگئے۔۔

چھوڑو یار شاہ میر کے ولیمے کو ہم اپنے ولیمے کو سیلیبریٹ کرتے ہیں۔۔۔

زبیر صاحب اپنی بیوی کو کندھے سے پکڑ کر آپنے ساتھ لگاتے ہوئے بڑے ہی شوخ انداز میں بولے۔

چھوڑیں بھی ملک صاحب آپ تو کہیں بھی شروع ہو جاتے ہیں۔۔۔اور کبھی موقع کی نزاکت کو سمجھ جایا کریں۔۔

یہ باتیں اب آپ کو زیب نہیں دیتی اب آپ بہو اور داماد والے ہو گئے ہیں۔

وہ مسکراتے ہوئے تھوڑا پیچھے ہٹ کر بولی۔

اپ مجھے یہ بتائیں میں اپ کو کچھ دیر پہلے کہہ کے گئی تھی کہ ساری مٹھائیاں وغیرہ اور گفٹس جو ہیں وہ آپ گاڑی میں رکھوا دیں اپ نے رکھوائے۔

جی بیگم سب کچھ رکھوالیا ہے بس اب تو اپ کے چلنے کی دیر ہے اور مسکراتے ہوئے بولے۔

جی تو چلیں پھر کس کا انتظار ہے وہ مسکراتے ہوئے دونوں گھر سے نکل گئے۔۔

ooooooooo

السلام علیکم امی جان۔

وعلیکم السلام بیٹا کیسے ہو اور میرب کیسی ہے۔

جی امی جان ہم دونوں ٹھیک ہیں اپ بتائیں اپ کیسی ہیں۔

ہاں بیٹا میں بھی ٹھیک ہوں تم لوگ نکلے وہاں سے کہ ابھی تک نہیں؟

جی بس امی جان ہم لوگ نکل رہے ہیں اپ پہنچ گئی ہیں ہال میں؟

نہیں بیٹا بس ہم لوگ نکلنے لگے تھے تو مجھے خیال ایا کہ تم لوگوں سے پوچھ لوں کہ کتنی دیر ہے تم لوگوں کی وقت پر پہنچ تو جاؤ گے نا۔۔۔

امی جان اپ پریشان نہ ہو اپ بس نکلے ہم بھی پہنچ رہے ہیں اور میں اپ سے پہلے پہنچ جاؤں گا بے فکر رہیں۔

چلو ٹھیک ہے بیٹا خیریت سے آؤ گاڑی زیادہ تیز مت چلانا ٹھیک ہے نا دھیان سے آؤ اللہ حافظ

جی امی ٹھیک ہے آپ بھی دھیان سے جائیں اللہ حافظ۔۔۔

شاہ امی جان کیا کہہ رہی تھی؟

جان شاہ تم امی جان کو چھوڑو تم وہ سنو جو میں کہہ رہا ہوں۔۔

اور میرے شاہ کیا کہہ رہے ہیں؟ میرب شوخ انداز سے بولی۔۔

۔

چن سجناوے نیڑے نیڑے ہو۔۔۔)

کیندیاں نگاہاں میتھوں دور نہ کھلوں)۔۔۔

رومان شاہ گاڑی کو سٹارٹ کرتے ہوئے چھوڑ میرب کی کمر کی بیک سے ایک بازو گزارتے جھٹکے سے خود کے قریب کرتے ہوئے سونگ کے دو بول گنگنایا۔۔۔

رومان شاہ کی بہکی ہوئی نظروں میں دیکھ کر حیرانگی سے شاہ کو دیکھا۔۔۔

کیونکہ شاہ کا بولا ہوا رومینٹک پنجابی سونگ میرب کو بالکل بھی سمجھ نہیں آیا تھا۔۔۔

میرب کی حیرانگی کو سمجھتے ہوئے رومان شاہ نے ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے اپنا سر پکڑ لیا۔۔۔

میرب میری جان تم یوں حیرانگی سے دیکھ کر میرے رومینٹک موڈ کا ستیاناس کر دیتی ہو۔ کبھی تو میری جان اپنے پنجابی شاہ کے لب و لہجے کو سمجھنے کی کوشش کیا کرو۔۔۔

شاہ پلیز اپ مجھے یہی لائنز اردو میں سمجھا دیں۔۔۔

ہمم۔۔۔میری چاند جیسی محبوبہ میرے قریب آو۔۔۔۔

میری نظریں کہہ رہی ہیں مجھ سے دور مت رہو۔۔۔۔

یہ سن کر میرب بلش کرتے ہوئے بولی۔ تو شاہ اپ یہی بات مجھے اردو میں بولا کریں۔۔۔۔

(میری جان اردو وچ مینو چس نہیں اندی۔۔۔)

شاہ اب یہ کیا تھا؟ میرب ایک دفعہ پھر حیرانگی سے بولی۔۔۔میرب کی ایسی شکل دیکھ کر شاہ کا گاڑی کے اندر بے ساختہ قہقہ گونج اٹھا۔۔۔

شاہ اپ اس طرح کے الفاظ بول کر مجھے کنفیوز کر دیتے ہیں۔۔۔

مجھے بتائیں کہ اب آپ نے کیا بولا ہے؟

میرب ناراض سا منہ بناتے ہوئے بولی۔۔۔

ناراض مت ہو شاہ کی جان میں ابھی سمجھاتا ہوں۔۔۔میری جان اردو میں اپنی فیلنگز کو بیان کرتے ہوئے مجھے وہ مزہ نہیں آتا۔۔۔

پنجابی میری مادری زبان ہے(and I love it)

(I feel good to express my feelings in Punjabi.)

میرب نے شاہ کی بات کو سمجھتے ہوئے سر ہلایا۔۔۔

شاہ آپ اپنی مادری زبان سے اتنی محبت کرتے ہیں میرب نے شاہ کو پیار بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں بالکل ایسے ہی جیسے میں تم سے محبت کرتا ہوں۔۔۔

ooooo

تمام مہمان ہال میں پہنچ چکے تھے۔۔۔

ملک زبیر صاحب اور ان کی اہلیہ حال میں مہمانوں کے استقبال کے لیے کھڑے تھے۔۔۔

رومان شاہ کی گاڑی ہال کی پارکنگ ایریا میں رکی۔۔۔

رومان شاہ گاڑی سے اترا اور گھوم کر دوسری سائیڈ سے آکر اس نے میرب کی طرف کا دروازہ کھولا۔۔۔

اپنا مضبوط ہاتھ میرب کے آگے پھیلایا۔۔۔میرب اس کی نے اپنا نازک ہاتھ شاہ کے مضبوط ہاتھ پر دیا۔۔۔

شاہ نے میرب کو محبت بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں دبالیا۔۔۔

میرب اپنی بھاری کامدار فراک سنبھالتے ہوئے گاڑی سے اتری۔۔۔

میرب شاہ کے بازو میں ہاتھ ڈالے محبت بھری نظروں سے شاہ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

رومان شاہ اور میرب دونوں مسکراتے ہوئے ہال کی طرف چل دیے۔۔۔

مہک اپنی نظروں کا زاویہ ٹھیک کرو ہمارے لیے کوئی نئی مشکل مت کھڑی کر دینا۔۔۔

مہک کی ماں مہک کی جیلسی بھری نظریں جو میرب اور رومان کا تعاقب کر رہی تھی ان کو دیکھتی ہوئی بولی۔۔۔

آپ کو میری نظریں دکھائی دے رہی ہیں اور وہ جو میرے رومیو کے ساتھ چپک کر چل رہی ہے اس کا کیا۔۔۔

مہک کا لہجہ انتہائی بدتمیزی اور غصے والا تھا۔۔۔

کم عقل لڑکی وہ بیوی ہے اس کی۔۔۔

پورا حق ہے اسے اس کے ساتھ چلنے کا۔۔۔

مہک کی ماں دانت پیستے ہوئے بولی۔۔۔

اس کو کوئی حق نہیں ہے اس رومیو کے ساتھ ایسے چلنے کا رومیو کل بھی میرا تھا رومیو آج بھی میرا ہے۔۔۔میں رومیو کو واپس حاصل کر کے رہوں گی۔۔۔

نے ضدی انداز میں کہا۔۔۔

اس کی آنکھوں میں رومیو کو پانے کا جنون صاف دکھائی دے رہا تھا۔۔۔

بے وقوف لڑکی تم اسے کل کا کمزور رومیو مت سمجھو۔

وہ آج کا رومان شاہ ہے اگر تم نے اس کی بیوی کی طرف انکھ اٹھا کر بھی دیکھا تو وہ تمہاری ہستی مٹا دے گا۔۔۔

ہمارے پاس پہلے ہی سر چکا چھپانے کا کوئی ٹھکانہ نہیں ہے تم خود تو ذلیل ہو گی ساتھ میں ہمیں بھی کرواؤ گی۔۔۔

امی آپ چپ رہیں یہ میرا مسئلہ ہے میں خود ہینڈل کر لوں گی۔۔۔

کیسے ہینڈل کرو گی تم یہ سب۔۔۔تمہاری انہی حرکتوں کی وجہ سے تمہیں طلاق ہوئی ہے۔۔۔

ہاں تو اپ کا وہ بھتیجہ میرے لائق نہیں تھا اچھا ہوا اس سے جان چھوٹ گئی ورنہ میں رومیو کو کیسے پاتی۔۔۔

مہک مجھے تو لگتا تھا کہ تم میں عقل کی کمی ہے مجھے تو آج پتہ چلا کہ تم میں عقل ہی نہیں ہے اپنے خوابوں کی دنیا سے باہر آجاؤ۔۔۔

چلیں بھابھی آپ کیوں کھڑی ہیں یہاں پہ اندر چلتے ہیں ہال میں۔۔۔

رومان شاہ کی ماں اپنی گاڑی سے اترتے ہوئے مہک سے بحث کرتی ہوئی اپنی جٹھانی کے پاس رک کر کہنے لگی۔۔۔

جی جی چلتے ہیں۔۔۔

مہک کی ماں مہک کو گھورتے ہوئے اپنی دیورانی کے ساتھ چل دی۔۔۔

ooooo

میر پلیز سامنے دیکھ کے گاڑی چلائیں۔۔۔

شاہ میر جو گاڑی چلاتے ہوئے بار بار مرہا کی طرف دیکھ رہا تھا مسکرا دیا۔۔۔

میر کی جان تو کس نے کہا تھا اتنا خوبصورت لگنے کو کہ میں نظر ہی نہ ہٹا سکوں۔۔۔

بس کر دیں نا میر آپ بھی نا۔۔۔

مرہا شرماتے ہوئے نظریں جھکا کر بولی۔۔۔

کیا بس کر دوں ابھی تو میں نے کچھ شروع ہی نہیں کیا۔۔۔

میر شوخ لہجے میں بولا۔۔۔

ابھی سے نہ اتنا شرماؤ ابھی تو تمہیں بہت سے موقع دینے ہیں شرمانے کے۔۔۔

شاہ میر کی بات کا مفہوم سمجھتے ہوئے مرہا کے گال دہک اٹھے۔۔۔

ooooo

جب ڈاکٹر اور مریض بات کرتے ہیں۔ تو عام طور پر مریض ڈاکٹر سے یہ توقع کرتا ہے کہ ڈاکٹر اس کے ساتھ بہت ہمدردی اور محبت سے بات کرے۔

۔اور جب ڈاکٹر مریض کی علامات۔ میڈیکل ہسٹری اور دیگر تفصیلات پوچھتے ہیں۔

۔تو اگر مریض ڈاکٹر پر پوری طرح سے اعتماد کر کے بتاتا ہے تو ایک ڈاکٹر کو علاج کرنے میں بہت حد تک کامیابی ہوتی ہے۔ اور ایک ڈاکٹر کو ہمیشہ یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ پیشنٹ کی ہسٹری جاننا بے حد ضروری ہوتی ہے۔

۔پیشنٹ کی فیملی ہسٹری پیشنٹ کے ارد گرد کا ماحول جاننا بے حد ضروری ہوتا ہے اس سے مریض کے علاج لیے ہمارے لیے مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

جاننا بہت history ۔یاد رہے کہ پیشنٹ کا علاج شروع کرنے سے پہلے ضروری ہوتی ہے۔

For example.

Family history...

Occupation...

یاد رکھیں کہ۔۔

Listen your patient..

Good communication between you and your patient....

Okay.....

Any one have question???

Yes sir I have a question ?

Yes sure!!!

سر اگر پیشنٹ کسی گھبراہٹ کی وجہ سے اپنی بات نہ بتا سکے تو اس صورت میں کیا کرنا چاہیے۔۔

تو مریض کے ساتھ اپنی بونڈنگ بڑھائیں اور لہجہ ہمدردانہ رکھیں۔۔۔۔جیسا کہ میں آپ کو پہلے بھی بتا چکا ہوں ڈاکٹر ہما کے سوال پر ڈاکٹر شاہ زیب نے کلیئر کرتے ہوئے جب جواب دیا۔

۔آج ڈاکٹر شازیب کا میٹنگ میں ایک عام لیکچر تھا۔وہ بلو کلر کی جینز کی پینٹ کے اوپر سکائی بلو کلر کی شرٹ پہنے ہوئے بہت جاذب نظر لگ رہا تھا۔

۔ڈاکٹروں والے وائٹ کوٹ کے اوپر گلے میں سٹیتھو سکوپ پہن رکھا تھا۔ آنکھوں میں گلاسز لگائے ہوئے کھڑا ڈاکٹر میٹنگ روم میں لیکچر دے رہا تھا۔

اوکے تھینک یو میٹنگ ازاور ڈاکٹر شاہ زیب کہتے ہوئے میٹنگ روم سے باہر آگیا۔۔۔ڈاکٹر شاہ زیب پلیز کیا آپ کچھ دیر مجھ سے بات کر سکتے ہیں۔

۔ڈاکٹر ہما ڈاکٹر شاہ زیب کے پیچھے پیچھے میٹنگ روم سے باہر آئی۔۔ڈاکٹر ہما کی آواز پر ڈاکٹر شازیب رک گیا۔۔ڈاکٹر شاہ زیب جو کافی دنوں سے ڈاکٹر ہما کو اگنور کر رہا تھا۔

۔کیونکہ وہ جس سوال کا جواب اس سے چاہتی تھی وہ خود اس سوال کا فیصلہ نہیں کر پا رہا تھا۔۔۔

تو وہ ڈاکٹر ہما کو کیا جواب دیتا۔اسی لیے ڈاکٹر ہما کی سوالیا نظروں سے کتراتا ہوا وہ میٹنگ روم سے باہر آیا تھا۔

۔مگر اب جب وہ اس کے پیچھے آئی تو اب بات سننا مجبوری تھی۔۔۔۔جی بتائیں وہ دونوں پاکٹس کے اندر ہاتھ ڈالے ہوئے سرسری انداز میں

بولا۔۔۔ڈاکٹر کیا ہم ایک ساتھ چائے پی سکتے ہیں۔اور چائے پیتے ہوئے ہم بات بھی کر لیں گے۔

ڈاکٹر ہما نے ڈاکٹر شاہ زیب کی اگنورنس کو نظر انداز کرتے ہوئے کہا۔۔۔ڈاکٹر ہما مجھے ایک ایمر جنسی ہے پیشنٹ کو چیک کرنے جانا ہے۔ڈاکٹر شاہ زیب نے صاف صاف بہانہ بنایا تھا ڈاکٹر ہما سے جان چھڑوانے کے لیے۔

۔ڈاکٹر شاہ زیب اگر آپ مجھ سے بات نہیں کرنا چاہتے تو پلیز صاف صاف بتا دیں اس طرح بہانے مت بنائیں ڈاکٹر ہما مایوس لہجے میں کہتے ہوئے جانے لگی۔

ڈاکٹر ہما میرا یہ مطلب نہیں ہے چلیں ہم بیٹھ کر بات کرتے ہیں ڈاکٹر شاز یب ڈاکٹر ہما کا مایوس چہرہ دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔۔

شازیب کے ساتھ مرہا کی محبت کو لے کر جو ہوا ڈاکٹر شاہ زیب بالکل بھی ویسا ڈاکٹر ہما کے ساتھ نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔

مگر وہ اپنے دل میں مرہا کے سوا فی الحال کسی کو جگہ بھی نہیں دے پا رہا تھا۔ وہ دونوں چلتے ہوئے ہاسپٹل کے کیفٹیریا میں آ گئے۔۔۔۔

دونوں کرسیوں کو کھینچتے ہوئے ٹیبل پر بیٹھ گئے ڈاکٹر ہما کے چہرے پر اس وقت پوری طرح سے مایوسی چھائی ہوئی تھی۔

شازیب نے چائے کا آرڈر دیا۔ ویٹر کے جانے کے بعد نظریں جھکا کر بیٹھی ہوئی ڈاکٹر ہما کی جانب۔

۔ڈاکٹر ہما مجھے پتہ ہے کہ آپ مجھ سے کیا سوال پوچھنا چاہتی ہیں فیحال میرے پاس آپ کے سوال کا کوئی جواب نہیں ہے۔

صرف اسی لیے میں آپ سے بات کرنے سے کترا رہا تھا۔۔۔میرا ہر گز مطلب آپ کا دل دکھانا نہیں تھا۔شاہ زیب شرمندہ نظروں سے دیکھتا ہوا بولا۔

ڈاکٹر شاہ زیب مجھے پتہ ہے کہ آپ مجھ میں انٹرسٹڈ نہیں ہیں۔اور ایسی کوئی زور زبردستی بھی نہیں۔بس میں آپ سے اتنا پوچھنا چاہتی ہوں کہ کیا آپ کسی اور میں انٹرسٹڈ ہیں۔۔

۔ڈاکٹر ہما نے جواب طلب نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھا۔پلیز شاہ زیب مجھے حقیقت سے آگاہ کر دے تاکہ مجھے قدم پیچھے ہٹانے میں آسانی ہو۔

۔جب تک مجھے حقیقت نہیں پتہ چلے گی کہیں نہ کہیں میں آپ کے لیے امید لگائے رکھوں گی۔

تو بہتر ہے کہ آپ ایک ہی بار حقیقت بتا کر میری امید ختم کر دیں ڈاکٹر ہما بہت مایوس لہجے سے بول رہی تھی۔۔۔۔

ڈاکٹر ہما دیکھو میں آپ سے کچھ چھپاؤں گا نہیں۔میں کسی میں بہت زیادہ انٹرسٹڈ تھا مگر اب ان کی شادی ہو گئی ہے۔

تو ان میں انٹرسٹڈ رہنے کا میرے پاس کوئی ریزن نہیں ہے۔۔جب آپ خیالوں کی دنیا میں کسی کے ساتھ اس قدر انوالو رہتے ہیں کہ آپ نے اس کے ساتھ اپنی دنیا آباد کر رکھی ہوتی ہے۔

تواس دنیا سے نکلنے کے لیے بہت ٹائم کی ضرورت پڑتی ہے۔شاید میں بھی اس وقت اسی سچویشن میں ہوں۔شاہ زیب کے دل کا درد اس کے چہرے پر ڈاکٹر ہما صاف دیکھ سکتی تھی۔۔۔۔

۔کہیں نہ کہیں ڈاکٹر ہما کو یہ سن کر بہت تسکین ہوئی تھی کہ کہ اب وہ انٹرسٹڈ نہیں ہے۔۔۔ڈاکٹر ہما کی ٹوٹتی ہوئی امید نے پھر سے دم بھرنا شروع کر دیا۔ ۔۔۔ڈاکٹر شاہ زیب کوئی جلدی نہیں ہے میں آپ کا انتظار کر سکتی ہوں اور اگر آپ اپنے دل کو سنبھالنے میں کامیاب ہو گئے۔تو پلیز میری طرف ضرور دیکھیے گا۔

اگر آپ نے مجھے اپنی زندگی میں شامل ہونے کا موقع دیا تو میں آپ سے وعدہ کرتی ہوں کہ میں ایک بہت اچھی ہم سفر ثابت ہوں گی۔

ڈاکٹر ہما آپ ایک بہت قابل ڈاکٹر ہیں اور اس سے کہیں زیادہ اچھی انسان ہے۔ آپ مجھ سے کہیں زیادہ بہتر ڈیزرو کرتی ہے۔ فلحال میں آپ کو کوئی جھوٹی امید نہیں دلانا چاہتا۔

۔ڈاکٹر شازیب میری چھوڑیں آپ اپنی بات کریں کہ آپ مجھ سے کہیں زیادہ بہتر ڈیزرو کرتے ہیں اور میں شاید کہیں نہ کہیں آپ کے قابل نہیں ہوں۔۔۔

۔ نہیں پلیز ڈاکٹر ہما ایسی کوئی بات نہیں ہے جیسا آپ سمجھ رہی ہیں آپ بہت اچھی اور قابل ہیں مگر میں اپنے اس دل کا کیا کروں جس نے بہت سال کسی سے بہت محبت کی۔ اور اپنی یک طرفہ محبت کو اپنے دل میں سنبھال کے رکھا مگر وہ ایک دم سے جب مجھ سے چھن گئی۔۔۔۔۔

مجھے یہ ساری دنیا فضول اور بیکار لگنے لگے کوشش کر رہا ہوں اپنے دل کے بکھرے ہوئے ٹکڑوں کو سنبھالنے کی جس دن کامیاب ہو گیا۔ آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں آپ کی محبت کو بڑی عقیدت سے اپنی زندگی میں شامل کر لوں گا۔

۔ڈاکٹر شازیب سے ڈاکٹر ہما کا مایوس چہرہ دیکھا نہیں جا رہا تھا۔ وہ نہیں چاہتا تھا کہ جس درد سے وہ خود گزرا ہے۔ اسی درد سے کسی اور کو بھی اس کی وجہ سے گزرنا پڑے۔

محبت کی تڑپ اور جدائی کیسی ہوتی ہے یہ بات اس سے بہتر کوئی نہیں جانتا تھا ڈاکٹر ہما کو امید کا دامن تھماتے ہوئے وہ دونوں اٹھ کر واپس اپنی اپنی ڈیوٹی پر جا رہے تھے۔۔۔

ooooooo

۔کیاہواہے اتنے خطرناک تیور کیوں ہے تمہارے۔رومان شاہ نے میرب کے غصے والے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

آپ مجھ سے بات مت کریں غصے سے نظر گھما کر مصنوعی ہنسی چہرے پر سجائے ہوئے میر ابولی۔۔۔۔

میری جان تمہیں غصہ کس بات کا ہے اور میں تم سے بات کیوں نہ کروں۔۔رومان شاہ حیرانی سے اس کی جانب دیکھ رہا تھا۔

اور آس پاس چلتے ہوئے مہمانوں اور رشتے داروں کا لحاظ کرتے ہوئے وہ بھی اپنے چہرے پر مسنوہی مسکراہٹ سجائے ہوئے تھا۔۔۔۔

آپ نے مہک کے ساتھ کیوں پکس بنوائی۔غصے سے آگ بگولا ہو کر کہا۔

۔میری جان کے ٹوٹے میں نے اس کے ساتھ کوئی پک نہیں بنوائی میں تو شاہ میر اور مرہا کے ساتھ پک بنوا رہا تھا۔
اگر وہ زبردستی آکر وہاں ہمارے ساتھ کھڑی ہو گئی تو میں کیا کرتا وہاں سے اٹھ جاتا تو سوچو وہاں مرہا کی ریپوٹیشن پر کتنا اثر پڑتا۔۔۔

آپ چپ چاپ بیٹھے رہے مجھے فلحال آپ سے کوئی بات نہیں کرنی مجھے اس وقت آپ پر بہت غصہ آرہا ہے۔

۔وہ آپ کی سائیڈ پر ہی آکر کیوں بیٹھی مہک کا یوں اچانک سٹیج پر آکر شامیر کے ساتھ بیٹھ کر تصویر بنوانا میرب کے دل کو آگ لگا گیا تھا۔۔۔

رومان شاہ نے ٹھنڈی آہ بھری تھی میرب وہ جب تک یہاں پر رہے گی اس طرح کی چیپ ہر کتیں وہ ضرور کریں گی۔

میں بہت جلد اس کا یہاں سے جانے کا بندوبست کر دوں گ۔اپلیز تم اس کے گھٹیا حرکتوں کی وجہ سے ہمارے بیچ میں مس انڈر سٹینڈ نگز مت بڑھانا رومان شاہ نے سمجھانے والی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

رومان میرے خیال سے مرہا کو ہم یہیں سے ساتھ لے کر چلتے ہیں تمہارا اس بارے میں کیا خیال ہے۔۔۔

رومان شاہ کی امی اچانک سے چلتے ہوئے رومان شاہ کے پاس آکر مشورہ مانگ رہی تھی کس نے۔۔رومان شاہ اور میرب نے اپنے چہرے کے تاثرات نارمل کرتے ہوئے امی جان کی جانب دیکھا۔۔۔۔

جی امی جان آپ کو جس طرح مناسب لگے۔رومان شاہ نے فیصلہ اپنی امی جان پر ہی چھوڑ دیا تھا۔۔۔۔

ہاں میرے خیال سے یہی مناسب ہے کہ ہم لوگ میرہا کو ہال ہی سیدھا لے کر چلتے ہیں۔میں نے تو کہا تھا کہ شاہ میر بھی ساتھ میں چلے مگر اس کا شاید کوئی ضروری کیس ہے جس کے لیے اسے جانا ہے۔وہ کہہ رہا تھا کہ وہ صبح آئے گا اور کل کا دن وہ ہمارے ساتھ ہی گزارے گا۔۔۔۔

۔میرب کی والدہ کہہ رہی ہیں کہ میرب کو ہم لوگ یہیں پر چھوڑ جائیں کل جب شامیر آئے گا تو وہ بھی ساتھ میں آجائے گی۔۔۔۔

وکہہ رہی تھی کہ جب سے میرب کی رخصتی ہوئی ہے نہ تو اپنے مائکے کے ملنے آئی ہے اور نہ ہی رکنے کے لیے اس کی امی کافی زور دے رہی ہیں میرب کے رکنے پر۔۔۔۔

رمان شاہ کی ماں ساری تفصیل اپنے بیٹے کے گوش گزار کر اس کی رائے جاننا چاہتی تھی۔۔۔

۔امی جان یہ سارے معاملے میں میرب کے رکنے کی بات کہاں سے آگئی رومان شاہ میرب کے رکنے پر بے زار منہ بناتے ہوئے بولا۔۔

شاہ ماما بالکل صحیح تو کہہ رہی ہیں میں جب سے رخصت ہو کر آئی ہوں۔ایک بار بھی میں ماما کے گھر نہ رکنے کے لیے گئی ہوں نہ ہی ملنے کے لیے۔۔۔۔۔

میرب تم سے میں نے رائے مانگی۔ نہیں نا۔۔۔اس لیے تم اپنے قیمتی رائے اپنے پاس رکھو۔جب ضرورت ہو گی تو تمہاری رائے جان لوں گا۔۔۔۔

۔میرب کے جانے میں انٹرسٹڈ ہوتے دیکھ کر روما۔شاہ کا غصہ اس کی آنکھوں سے چھلک رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رومان وہ میرب نے کچھ غلط بھی نہیں کہا ہے میرے خیال سے اسے بھی تم آج کا دن رکنے کی اجازت دے دو۔پاس کھڑی ہوئی رومان شاہ کی امی نے رومان شاہ کو سمجھانے کی کوشش کی۔۔۔

۔امی جان آپ جا کر مرہا والا مسئلہ سلجھائیں میں اور میرب آپس میں بات کر کے آپ کو بتا دیں گے کہ میرب نے رکنا ہے یا نہیں۔آپ پریشان نہیں ہوں رومان شاہ اپنی ماں کی بات کو ٹال دیا۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے جیسے تم دونوں کی مرضی مگر جلدی کوئی فیصلہ کر کے بتا دو تا کہ میں اس کی امی کو جواب دے سکوں رومان شاہ کی ماں کہتے ہوئے وہاں سے چل دی۔۔۔۔۔۔۔

ہوووں ں۔۔۔اب بتاؤ کیا فرمارہی تھی تم۔اپنی امی کے جاتے ہی رومان شاہ نے گہرا لود نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھا۔

شاہ میں یہ کہہ رہی تھی۔کہ میرا امامالوگوں کے گھر رکنے کا بہت دل کر رہا ہے ۔میں ان سے بہت اداس ہو گئی ہوں میرب من منالے والے انداز سے بول رہی تھی۔۔۔

شاہ کی نظروں میں دیکھنے کی تو اس وقت میرب میں ہمت نہیں تھی اسی لیے نظروں کو زمین پر گاڑی ہوئی کھڑی تھی۔

اپنی اداسی کی بہت فکر ہے تمہیں۔اور میرا کیا میں کیسے رہوں گا تمہارے بنا ۔وہ اپنے دونوں ہاتھ پاکٹ میں ڈالے ہوئے کھڑا۔ارد گرد سے بے نیاز اسے گہری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

شاہ بس ایک دن کی تو بات ہے میں نے کون سا وہاں پر مہینوں رکنا ہے۔۔۔۔

۔ مہینوں رکنے والی بات تو تم بھول جاؤ اور فی الحال میں تمہیں ایک دن بھی رکنے کی اجازت نہیں دے سکتا انداز حکمرانہ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ اس طرح ماما ناراض ہو جائیں گی، پلیز مجھے ایک بار جانے دیں۔۔وہ التجائی نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔

۔اگر تم جاؤ گی تو میں تم سے بہت سخت ناراض ہو جاؤں گا پھر تم منانے کی کوشش بھی کرو گی تو نہیں منا سکو گی۔۔

مگر شاہ میں ماما سے کو انکار کیسے کر سکتی ہوں۔ میرب جو سچ میں اپنی ماما پاپا سے بہت اداس تھی۔ وہ شاہ کو اپنی دلیلوں سے مطمئن کرنا چاہتی مگر میرب کی دلیلیں شاہ پر بالکل بھی اثر انداز نہیں ہو رہی تھی۔۔۔۔

یہ میرا مسئلہ نہیں ہے کچھ بھی کہو۔ مگر تم رکنے سے انکار کرو گے اور رکنے کی صورت میں کڑی سزا کے لیے تیار رہنا۔۔

۔وہ اپنا حکم میرب پر صادر کر کے چلتا ہوا مرہا اور شامیر کی جانب چلا گیا۔۔۔

OOOOOOOO

مرہا ایوری تھنگ اوکے سب ٹھیک ہے۔۔۔۔۔ فوٹو سیکشن کے دوران مرہا اچانک سے بہت گھبرائی ہوئی تھی جسے شاہ میر کی نظروں نے فوراً نوٹس کیا۔ اس کے ہاتھ ہلکے ہلکے کانپ رہے تھے۔ یا یوں کہیں کہ اس کا پورا وجود ہی کانپ رہا تھا۔۔۔

۔ماتھے پر پسینے کی بوندیں چمک رہی تھی گھبرا کر مرہا نے اپنا ہاتھ شاہ میر کے ہاتھ پر رکھ کر زور سے پکڑا تو شاہ میر نے مرہا کے چہرے کی جانب دیکھا جو اس وقت پسینے کی بوندوں سے بھرا ہوا چمک رہا تھا۔۔۔۔۔۔

مرہا کیا بات ہے تمہاری طبیعت ٹھیک ہے شاہ میر نے فوٹو سیکشن روکتے ہوئے میرہا کو سامنے رکھا ہوا پانی کا گلاس تھمایا۔۔۔ریلیکس میرہا کیا بات ہے کیوں اس قدر گھبرائی ہوئی ہو۔۔۔۔

مرہا نے شاہ میر کے ہاتھ سے پانی کا گلاس پکڑ کر پینا چاہا مگر گھبراہٹ اور کپکپی کی وجہ سے سارا پانی اس کے اوپر گر گیا۔۔۔

۔شاہ میر اس کی گھبراہٹ کو سمجھ نہیں پا رہا تھا مگر اتنا ضرور سمجھ رہا تھا کہ میرا اس وقت حد سے بھی زیادہ گھبرائی ہوئی ہے۔۔۔۔

۔پیچھے ہٹیے میں نے کہا پیچھے ٹیییں۔۔۔رومان شاہ جو مرہا کی حالت دور سے آتا ہوا دیکھ رہا تھا لوگوں کو سائیڈ پر کرتے ہوئے چلایا۔۔۔رومان شاہ کی دھاڑ سے اسٹیج کے گرد دائرہ بنا کر کھڑے ہوئے سب لوگ دور ہو گئے۔۔۔

مرہا میرا بچہ کیا بات ہے رومان شاہ مرہا کے پاس صوفے پر بیٹھتے ہوئے گھبرائی ہوئی نظروں سے دیکھ کر پوچھا۔

۔بھائی پلیز مجھے یہاں سے لے چلیں۔۔مرہا گھبراتے ہوئے اپنے کے ساتھ لگ گئی۔مرہا کے چہرے پر ایک وہشت طاری تھی۔۔۔۔

وہ اپنے بھائی کے ساتھ لگی ہوئی کانپ رہی تھی آنسوں اس کے گلے میں اٹکے ہوئے تھے۔۔

۔شاہ میر مرہا کی گھبراہٹ اور ڈر کو جانچتی ہوئی نظروں سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔

رومان شاہ کے آنے سے وہ مرہا سے دور ہو کر کھڑا ہو گیا۔ کیونکہ مرہا کی حالت کو مد نظر رکھتے ہوئے۔۔اس وقت اس کے بھائی سے زیادہ کمفرٹیبل مرہا کسی کے ساتھ نہیں ہو سکتی تھی۔۔۔۔

۔مرہا بیٹا مجھے بتاؤ کیا بات ہے کیوں میرا بچہ اتنا ڈرا ہوا ہے رومان شاہ مرہا کو کاندھے سے ہلا کر مخاطب کر رہا تھا مگر مرہا بے جان سی ہو صوفے کی پشت کی جانب گر گئی۔۔۔۔ جس سے شاہ میر اور رومان شاہ اور بھی زیادہ گھبرا گئے تھے۔

رومان شاہ مرہا کو باہوں میں اٹھاتے ہوئے باہر اپنی گاڑی کی طرف لے جا رہا تھا۔۔۔رومان مرہا کو کیا ہوا ہے۔رومان شاہ کی امی مرہا کو یوں رومان شاہ کی باہوں میں لٹکتے ہوئے بے ہوش دیکھ کر گھبراتے ہوئے آوازیں دیتے ہوئے پوچھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

امی جان آپ بس گاڑی میں آکر بیٹھیں رومان شاہ بنار کے تیز قدموں کے ساتھ چلتا ہوا بولا۔۔۔۔

۔اللہ خیر کرے میرے بچوں کی خوشیوں کو پتہ نہیں کس کی نظر لگ گئی ہے رومان شاہ کی ماں بولتے ہوئے رومان شاہ کے پیچھے پیچھے قدم اٹھا رہی تھی۔۔۔

۔شامیر رومان شاہ کے قدم سے قدم ملاتے ہوئے چلتا ہوا آرہا تھا۔۔شاہ میر ان کے ساتھ ہی جا کر گاڑی میں بیٹھ گیا۔۔۔

شاہ میر کی امی جان اپنی گود میں مرہا کا سر رکھے ہوئے دعائیں پڑھ پڑھ کر اس پر پھونک رہی تھی۔۔۔

۔گاڑی ڈرائیو کرتے ہوئے رومان شاہ بار بار پیچھے کی جانب مڑ کر مرہا کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

۔شاہ میر کی سانسیں گلے میں اٹکی ہوئی تھی مرہا کی زرد رنگت دیکھ کر۔۔مرہا کو بے ہوش اور بے جان دیکھ کر شاہ میر کو خود کا دل رکتا ہوں محسوس ہو رہا تھا۔

۔اس کی نظر کے سامنے بار بار مرہا کا روم میں تیار ہو کر شرمایا اور نکھرا چہرہ آرہا تھا۔۔۔۔۔۔

ooooooo

۔میر ہا کے ہاتھ پر ڈرپ لگی ہوئی تھی۔وہ ابھی تک کی ہوش میں نہیں آئی تھی۔شاہ میر دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے گہری سوچتی ہوئی نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

شاہ میر بے ہوش مرہا کو ڈرپ لگے ہوئے دیکھ کر سوچ رہا تھا کہ ایسا کیا ہے جو اس کی نظروں سے اوجھل ہے۔۔۔

ایسا کیا ہے جس کی اس کی نظریں دیکھ کر بھی دیکھ نہیں پا رہی۔۔۔۔۔۔اتنی دیر میں شاہ میر کا فون بجا جس پر اس کے بابا کی کال ارہی تھی۔۔۔جی

بابا۔۔۔بیٹا تم لوگ کہاں ہو کون سی سائیڈ پہ ہو ہم لوگ نیچے کھڑے ہیں ذرا ہمیں بتاؤ۔۔۔

بابا آپ وہیں رکیں میں آتا ہوں شاہ میر کہتا ہوا روم سے باہر نکل گیا۔

oooooooooo

ڈاکٹر نبیہ ان کو کیا ہوا ہے۔۔۔ڈاکٹر شاہزیب کا مرہا کو دیکھتے ہوئے پہلا سوال۔۔۔ڈاکٹر نبیہ روم میں مرہا کی ڈرپ کو ٹھیک کر رہی تھی۔۔۔۔

سر ان کو شدید ذہنی دھچکا لگا ہے۔صاف الفاظوں میں کہوں تو ان کو نروس بریک ڈاؤن ہوا ہے۔۔۔فی الحال یہ خطرے سے باہر ہیں۔۔۔ مگر آئندہ ایسا ہوا تو ان کے دماغ کی نس بھی پھٹ سکتی ہے۔۔۔

کیا ہو سکتا ہے ان کے ساتھ وہ بڑی گہرائی میں سوچتا ہوا بولا۔۔۔ سر کیا اپ انہیں جانتے ہیں پہلے سے شاہزیب کہ چہرے کے اتاؤ چڑھاؤ کو دیکھتے ہوئے ڈاکٹر انابیہ بولی۔۔جی یہ میرے بیسٹ فرینڈ کی سسٹر ہیں۔۔وہ جو باہر کھڑے ہیں۔۔؟؟۔ڈاکٹر انبیہ کا دوسرا سوال۔۔۔

نہیں وہ ان کے ہسبینڈ ہیں۔۔۔۔وہ جو ساتھ۔۔۔۔

یہ آپ نے جو میڈیسن بتائی تھی یہ وہ اور کچھ چاہیے تو مجھے بتائیں۔۔روم میں انٹر ہوتے ہوئے رومان شاہ بولا۔۔۔۔ نہیں سر سب کچھ ٹھیک ہے اپ

ان کے کیا لگتے ہیں۔۔۔ڈاکٹر انابیہ یہ میرے بیسٹ فرینڈ رومان شاہ،اور یہ ان کی سسٹر ہیں۔۔شاہزیب درمیان میں بولا۔

انہیں کیا ہوا ہے اپ مجھے تھوڑا ایکسپلین کر سکتی ہیں؟؟؟
جی سر میں نے سب کچھ ڈیٹیل میں ڈاکٹر شاہزیب کو بتا دیا ہے اپ ان سے سے پوچھ لیں یہ آپ کو زیادہ اچھے سے ایکسپلین کر سکتے ہیں۔۔۔بیکاز آپ لوگوں کا ایک فیملی ریلیشن بھی ہیں تو۔۔۔آئی تھنک اپ لوگ ایک دوسرے کو زیادہ اچھے سے سمجھا سکتے ہیں سو آپ کمفرٹیبل بھی ہوں گے۔۔۔جی جی اپ دوسرے پیشنٹ کو چیک کریں میں نے اچھے سے سمجھا دوں گا ڈاکٹر شاہ زیب بولا۔۔۔جی سر تھینک یو وہ کہتی ہوئی روم سے باہر چلی گئی۔۔ن

رومان کیسے ہو۔۔۔ ٹھیک تم بتاؤ؟؟ رمان شاہ نے بھی دوٹوک میں جواب دیا۔۔ ویسے مجھے مناسب تو نہیں لگ رہا مگر پوچھنا ضروری ہے۔۔ کہ مرہا اپنی میرٹ لائف میں خوش تو ہے نا؟؟؟

وہ خوش ہے یا نہیں تم کون ہوتے ہو پوچھنے والے تمہیں کس نے رائٹ دیا کہ تم میری بیوی کے بارے میں یہ سوال کرو۔۔۔ رمان شاہ کے جواب دینے سے پہلے شاہ میر نے ڈاکٹر شاہزیب کو جواب دیا۔۔

جو آیا تو روم میں مرہا کو دیکھنے تھا مگر ان دونوں کے درمیان کی باتوں کو سن کر وہیں رک گیا مگر ڈاکٹر شاہزیب نے یہ بات کی تو اس سے برداشت نہ ہو اور فورا اس نے جواب دیا۔۔۔

ایک ڈاکٹر ہونے کے ناطے میرا یہ سوال پوچھنا فرض ہے اگر تمہاری جگہ کوئی اور بھی ہوتا تو میں اس سے بھی یہی سوال کرتا کیونکہ میں ایک ڈاکٹر ہوں یہ میرا پیشہ ہے۔۔

ڈاکٹر شاہ زیبی اکھڑے ہوئے لہجے میں بولا۔۔۔

ہاں تو ڈاکٹر ہو تو ڈاکٹر والے سوال کرو کسی کی پرسنل لائف میں مت گھسو۔۔

شاہ میر نے بھی اپنے تیور دکھاتے ہوئے بولا۔

اگر سوال کسی کی لائف سے کنیکٹ ہو تو ہمارا رائٹ بنتا ہے کہ ہم ان سے ہر طرح کا سوال کر سکیں ٹھیک ہے جس طرح سے تمہارا کام ہے نا کہ ہر مجرم سے سچ اگلوانا۔۔۔

تواس طرح سے ہمارا ابھی کام ہے کہ پیشنٹ کو چیک کرنے سے پہلے اس کی مکمل ہسٹری کو جاننا۔۔اس سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ پیشنٹ کو کس طرح کا ٹریٹمنٹ چاہیے۔۔

ہاں تو تم ہسٹری جانا تم ہماری میرٹ لائف میں کیوں گھس رہے ہو شاہمیر کا غصہ ابھی بھی کوئی کچھ کم نہ ہوا۔۔

ہاں تو ہسٹری کو دیکھ کے پت۔۔۔۔یار پلیز ریلیکس ہو جاؤ۔۔۔

تم دونوں ایجوکیٹڈ ہو کے کس طرح سے بے وقوفوں کی طرح لڑ رہے ہو دونوں پہلے تو ریلیکس ہو پھر تحمل سے ایک دوسرے کی بات سنو اس طرح سے ہم کسی بات کا حل نہیں نکال سکتے نا۔۔

رومان شاہ عقل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بولا۔۔۔۔

رومان شاہ کو سب سمجھا رہا تھا کہ شاہ میر شاہزیب پر کس بات کا غصہ نکال رہا ہے اس لیے اسے لگا کہ ان دونوں کو فل وقت خاموش کروانا ہی بہتر ہے۔۔۔

تو بس رومان اس سے بول دو کہ یہ مرہا کے متعلق کوئی بات نہ کرے اور ویسے پوری سٹی میں تمہیں ایک یہ گھٹیا ہاسپٹل ہی ملا تھا۔۔۔شاہ میر دھیمے سے لہجے میں چیختا ہوا بولا۔

ایکسکیوزمی۔۔شاہ زیب ائی برو کو اٹھاتے ہوئے بولا۔۔۔یار پلیز تم دونوں چپ ہو جاؤ رومان شاہ اخر غصے میں بولا۔۔۔شاہ میر پلیز یار اب تم کچھ نہیں

بولو گے وہ ایک ڈاکٹر ہے اور ڈاکٹر ہونے کے ناطے وہ ہمیں سب کچھ بتا رہا ہے۔۔۔

شاہ زیب تم بھی تھوڑا سا یار اپنے لہجے میں صبحاولاؤ اور بتاؤ کہ مرہا کو کیا ہوا ہے اس وقت ہمارے لیے مرہا کی کنڈیشن کے بارے میں جانا سب سے زیادہ ضروری ہے نہ کہ ہم فالتو کی بحث کرتے رہے تم دونوں اپنی بحث کو چھوڑ کر پلیز یار بتاؤ کہ مرہا کی کنڈیشن ایسی کیوں ہے۔۔

تم دونوں میرے روم میں آؤ وہاں بیٹھ کر بات کرتے ہیں شاہز یب کہتا ہوا اگے چل پڑا۔۔

میں کہیں نہیں جا رہا تمہیں جانا ہے تو تم جاؤ میں بولا اس کو کال کر کے میرا کسی اور ہاسپٹل میں ایڈمٹ کرواتا ہوں۔۔۔۔۔

میری بات سنو شاہ میر،،،دیکھو یہ وقت نا بحث کا، نہیں ہے اس وقت ہمیں ایک جان ہو کر میرہا کی کنڈیشن کے بارے میں پتہ لگانا ہے کہ آخر اس سے کیا ہوا ہے آج سے پہلے تو اس کی ایسی کنڈیشن کبھی نہیں ہوئی تو آج ایسی کیا وجہ بنی ہے کہ وہ ایک دم سے اتنی ڈپریشن میں چلی گئی میں مانتا ہوں کہ وہ دری سمی رہتی تھی اور وہ ہے دوسری لڑکیوں سے تھوڑا سینسٹو مگر اج سے پہلے وہ اس طرح سے بے ہوش ہو کے ہاسپٹل نہیں ائی۔۔۔

تو تمہارا ابھی کہنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ میرے ساتھ خوش نہیں ہے۔؟؟؟؟

شاہ میر نے رومان شاہ کی بات کا الگ ہی مطلب نکالا۔۔

ارے نہیں یار میں نے ایسا کچھ نہیں کہا ایک بھائی ہونے کے ناطے مجھے مرہا کی آنکھوں میں نظر اتا ہے کہ وہ تمہارے ساتھ کتنی خوش ہے۔۔۔

رومان شاہ کو شامیر کی حالت سمجھ آ رہی تھی کہ اس کی میر ڈلائف پر کس طرح سے انگلیاں اٹھائی جا رہی تھیں۔۔۔۔رومان شاہ پہلے دن سے ہی جانتا تھا کہ شاہ میر مرہا کو کتنا پسند کرتا ہے اور اسے اس بات کا بھی اندازہ ہے کہ مرہا کی اس کنڈیشن کے پیچھے شاہ میر نہیں ریزن کوئی اور ہے۔

اس لیے وہ شاہ میر سے بہت ہی تحمل اور محبت بھرے لہجے میں بات کر رہا تھا اور اسے سمجھا رہا تھا۔

تو بس رومان پھر بحث کس بات کی مجھے لے جانے دو میری بیوی کو میں اچھے سے ڈاکٹر کو اسے چیک اپ کروا تا ہوں اسے کچھ نہیں ہوا بس تھوڑی سی

تھکن کی وجہ سے اس کی طبیعت ایسی ہو گئی ہے اور باقی جو وجہ ہے وہ میں خود میں پتہ لگوالوں گا مجھے اس ڈاکٹر کے منہ نہیں لگنا۔۔

شامیر دیکھو میری بات سنو!!اس وقت مرہا کی کنڈیشن نہیں ٹھیک یہ تم بھی جانتے ہو اور رہی بات ڈاکٹر شاہزیب کی یار تمہارے دماغ میں جو چل رہا ہے وہ پاسٹ تھا گزر چکا ہے..

اب ایسا کچھ نہیں اس کا فیوچر تمہارے ساتھ ہے وہ ایک ڈاکٹر ہے اور ڈاکٹر ہونے کے ناطے وہ ہمیں جو بتا رہا ہے وہ رائٹ ہے اور وہ پہلے سے ہمیں جانتا ہے اس لیے اس سے کچھ چھپا نہیں وہ ہمیں اچھے سے بتا سکے گا کہ اخر اس سے مسئلہ کیا ہے۔۔

پر تم بھ۔۔۔۔۔پلیز یار ریکویسٹ ہے۔۔۔۔۔چلو ایک دفعہ ہمیں اس کے کیبن میں جانا چاہیے۔

رومان شاہ، شاہ میر کی بات کو کاٹتے ہوئے بولا۔۔

فائن شاہ میر سخت لہجے میں بولا اور دونوں اٹھ کر ڈاکٹر شاہ زیب کے کیبن کی طرف چل پڑے۔۔

ooooooo_

امی جان آپ چپ ہو جائیں دیکھیں اپ کی طبیعت خراب ہو جائے گی مرہا ٹھیک ہو جائے گی مرہا کو کچھ نہیں ہو گا شاہ،،اور بھائی دونوں ہیں نا ان کے پاس وہ بھی تھوڑی دیر میں آ کے ہمیں بتا دیں گے کہ اس سے کیا ہوا ہے۔۔

میرب اپنے معصومانہ لہجے میں اپنی ساس کو تسلی دیتے ہوئے بولی۔۔۔جو تسبیح پڑھتے ہوئے ساتھ میں آنسو بہا رہی تھی۔

ختم انٹر سٹنگ امین بیٹا بس دعا کرو وہ جلدی سے ٹھیک ہو جائے۔۔۔

بہن جی اپ پریشان نہ ہو کچھ نہیں ہوتا ہو جاتا ہے اج کل کی بچیاں نہ تو کچھ صحیح سے کھاتی ہیں اوپر سے شادی کی تھکن بھی اپ پریشان نہ ہو ہم ہماری بہو کو بالکل صحیح کر کے لے کر جائیں گے مرہا کی ساس مسکراتے ہوئے بولی۔۔۔

جی انشاءاللہ میرب کی ماں بھی تھوڑا سا مسکرائی چلیں اپ لوگ بیٹھے ہیں میں اپ لوگوں کے لیے چائے لے کر آتا ہوں ملک زبیر بولے۔۔۔۔۔

ooooooooo

رومان رکو میری بات سنو۔۔ڈاکٹر شاہزیب کے کیبن سے نکلتے ہوئے شاہ میر نے رومان شاہ کو روکا۔۔۔

کیا تمہیں سمجھ آ رہی تھی جو ڈاکٹر شاہزیب نے کہا۔

رومان شاہ نظریں جھکائے بنا جواب دیے کھڑا ہوا تھا۔

ایسی کون سی بات ہے جو تم مجھ سے چھپا رہے ہو کیا ہوا ہے اس کے پاسٹ میں۔۔؟؟؟

مجھ سے کچھ مت چھپانا جو بات ہے مجھے صاف صاف بتاؤ میرا حق ہے کہ میں اپنی بیوی کے بارے میں سب کچھ جانو کہ ایسی کون سی چیز ہے جو میری بیوی کو پریشان کر رہی ہے اور آج اس کی یہ حالت ہے۔۔

کیونکہ ڈاکٹر شاہ زیب کی باتوں سے مجھے اس بات کا تو اندازہ ہو گیا ہے کہ مرہا کی لائف میں کچھ تو ایسا گزرا جو میری نظروں سے اوجھل رہا مگر تم اسے بخوبی جانتے ہو

oooooo

رومان پلیز تم میرے صبر کا امتحان مت لو اپنی اس چپی کو توڑو اور مجھے بتاؤ کہ مرہا کے ساتھ کیا ہوا ہے۔

۔بنا بات کی تہہ تک جائے میں پیچھے نہیں ہٹوں گا شاہ میر فیصلہ کن انداز سے بولا۔شامیر کی بات سن کر رومان شاہ نے اپنی نظریں نیچے جھکالی۔

۔رومان کیا اس کا مطلب میں یہ سمجھوں کہ اس کی معصومیت کا کسی نے فائدہ اٹھایا ہے۔شاہ میر رومان شاہ کی چپ کا مفہوم سمجھتے ہوئے بولا۔

ہاں تم یہی سمجھو یا میں یوں کہوں کہ یہی حقیقت ہے تو غلط نہ ہو گا۔ رومان شاہ نے بہت کم آواز میں کہا۔۔۔

۔تو رومان اگر مرہا کی کوئی غلطی نہیں تو تم کیوں شرم سے نگاہیں جھکائے کھڑے ہو شاہ میر کو رومان شاہ کا اس قدر شرمندہ ہونا اچھا نہیں لگا۔

شاہ میر میری بہن کے دامن پر کوئی داغ نہیں ہے جب اس کے ساتھ یہ حادثہ پیش آیا اس وقت وہ بہت چھوٹی اور معصوم تھی۔

مگر وہ اپنے دماغ سے اس بھیانک عکس کو نکال نہیں پائی جس کی وجہ سے وہ بہت سینسٹو اور ڈری سہمی رہتی ہے۔

۔شاہ میر تم اسے کبھی غلط مت سمجھنا وہ بہت معصوم ہے یہ بولتے ہوئے رومان شاہ کی آنکھیں بھر آئی۔

۔رومان کیا تم پاگل ہو کہ تم مجھے میری ہی بیوی کی کردار کی گواہی دے رہے ہو اس کی کردار کا گواہ میں خود ہوں،اور تمہاری پرورش پر تو مجھے اس وقت بھی کوئی شک وشبہ نہیں تھا،جب تم مجھے اور میں تمہیں ایک آنکھ نہیں بہاتے تھے۔

اب تو ہمارے بیچ میں ایک رشتہ قائم ہو چکا ہے۔رومان تم نے اپنی بہن کی پرورش بہت اچھی کی ہے،اور تم نے سوچ بھی کیسی لیا کہ میں مرہا کے کردار پر کوئی انگلی اٹھاؤں گا۔

۔شاہ میر کے ان الفاظوں نے رومان شاہ کو بہت ہمت دی رومان شاہ نے نظریں اٹھا کر شامیر کی جانب دیکھتے ہوئے خود سے آگے بڑھ کر اسے گلے لگا لیا۔

" شکریہ یار اس گھڑی میں ہمارے ساتھ کھڑا رہنے کے لیے۔رومان شاہ کو شامیر کے لفظوں سے بہت ہمت ملی تھی۔۔۔

۔کیسی باتیں کر رہے ہو اجنبیوں کے جیسی،اگر وہ تمہاری بہن ہے تو میری بیوی بھی ہے، جتنا تمہارا فرض ہے اس کی حفاظت کرنا۔۔۔۔اس سے کہی زیادہ میرا فرض ہے کہ میں اس کی حفاظت کروں اور اس کے ہر دکھ درد میں اس کے ساتھ کھڑا رہو۔۔۔۔

تم پریشان نہیں ہو۔وہ جو کوئی بھی ہے۔۔اب وہ میرا مجرم ہے میں اس تک پہنچ جاؤں گا۔

اتنا تو میں جان چکا ہوں وہ جو کوئی بھی تھا اس وقت حال میں موجود تھا ۔۔۔۔۔۔۔واٹ تم اتنی گارنٹی سے کیسے کہہ سکتے ہو کہ وہ شخص اس وقت ہال میں موجود تھا رومان شاہ نے حیرانی سے پوچھا۔۔۔

کیونکہ مرہا سارے راستے میرے ساتھ بالکل ٹھیک آئی تھی۔اسے کوئی ڈپریشن نہیں تھا اور نہ ہی اس نے کوئی ایسی بات کی جس سے مجھے لگا ہو کہ اس کے دماغ میں کوئی پریشانی ہے۔۔۔۔

۔میرہا اچانک سے سٹیج پر بیٹھی ہوئی ایک دم سے گھبرائی تھی کیونکہ اس کی آنکھوں نے کچھ تو ایسا دیکھا، جس سے اس کے ماضی کا گہرا تعلق تھا۔۔

۔آخر شاہ میر ایک پولیس والا تھا تو اس کے پولیس والے دماغ نے فوراً سے سارا سکیچ پک کیا۔۔۔رومان کیا تم اس شخص کا چہرہ پہچانتے ہو۔۔۔

۔اس گھٹیا انسان کو تو میں ہزاروں کی بھیڑ میں بھی پہچان جاؤں شاہ میر کے سوال کا رومان شاہ نے فوراً سے جواب دیا۔۔

۔تو ٹھیک ہے اب تو اور بھی آسان ہے اس کو ڈھونڈنا تم فی الحال میرے ساتھ باہر چلو ہم چل کر ہماری فیملی کو بتاتے ہیں کہ مرہا تھکن کی وجہ سے بے ہوش ہوئی تھی۔

ٹینشن کی کوئی بات نہیں ہے اس کے بعد ہم دونوں سی سی ٹی وی کی فوٹیج دیکھتے ہیں۔۔ہم دونوں مل کر اس خبیث کو ڈھونڈ نکالیں گے۔

میرہابیٹااب ہم لوگ چلتے ہیں۔مرہاکی امی جان مرہاکے پاس بیٹھی ہوئی اس کے بالوں کو پیار سے سہلاتے ہوئے بولی۔

امی جان میں بھی آپ کے ساتھ چلوں گی۔مرہاتکیے سے سر کو اٹھا کر اپنی امی جان کی گود میں رکھتے ہوئے بچوں کی طرح ضدی انداز میں بولی۔

نہیں مرہابیٹا آپ فی الحال اپنے گھر پہ رکیں یہاں پر سب لوگ ہیں آپ کا خیال رکھنے کے لیے۔۔۔۔۔رومان شاہ اپنی ماں کا جواب سنے بنا ہی مرہا سے مخاطب ہو کر بولا۔۔۔۔۔میرے خیال سے رومان ہمیں مرہا کو ساتھ لے کر چلنا چاہیے وہاں پر جانے سے اس کی طبیعت اور بہتر ہو جائے گی رومان شاہ کی امی کو رومان کا یوں مرہا کو رکنے کا بولنا اچھا نہیں لگا۔۔۔۔۔

امی جان میرے خیال سے مرہا کو فی الحال اپنے گھر رکنا چاہیے اگر ہم اس کو ساتھ لے کر جائیں گے۔

تو اس طرح شاہ میر کو اس کی فکر لگی رہے گی۔اور شامیر اپنے کام اس وقت کافی مصروف ہے وہ بار بار ہماری طرف آ جا نہیں سکے گا۔۔۔

کوئی پریشانی کی بات نہیں میرہا اب ٹھیک ہے۔شامیر کا جب بھی ٹائم لگے گا تو وہ مرہا کو لے کر ہماری طرف چکر لگا لیں گے۔۔

رومان شاہ۔۔۔شاہ میر کی نظروں میں مرہا کے لیے فکر مندی دیکھ کر اندر ہی اندر بہت متمعین اور خوش تھا۔۔۔

اور وہ اس رشتے کو اور مضبوط ہوتا ہوا دیکھنا چاہتا تھا، تاکہ اس کی بہن اپنے گھر میں خوش رہے۔۔۔۔ شاہ میر بے شک منہ سے کچھ بول نہیں رہا تھا مگر رومان شاہ کی جانچتی ہوئی نظریں یہ سمجھ چکی تھی کہ شمیر کہیں نہ کہیں مرہا کو بھیجنے میں ابھی انٹرسٹڈ نہیں تھا، اس لیے رومان شاہ نے عقلمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مرہا کو رکنے کا کہا۔۔۔۔

مگر بھائی میں جانا چاہتی ہوں۔۔۔ مرہا نے بچوں کی طرح منہ بناتے ہوئے اپنے بھائی سے کہا۔۔۔ مرہا بیٹا جب بھائی بول رہا ہے کہ آپ کو رکنا چاہیے تو میرے خیال سے ضد نہیں کرو۔ رومان شاہ کی ماں اپنے عقل مند بیٹے کی فیصلے کو انڈر سمجھتے ہوئے مرہا کو سمجھا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

ہاں بھئی ابھی دو چار دن میری بیٹی ہمارے پاس رہے گی اور میں اپنی بیٹی کو اچھی طرح سے کھلا پلا کر صحت مند بناؤں گی۔۔۔

اتنے سارے مہمانوں کے ہجوم کی وجہ سے میری بیٹی بے ہوش ہو گئی تھی مرہا کی ساس مسکراتے ہوئے بیڈ کی دوسری جانب سے اس کے پاس آ کر بیٹھ گئی، اپنا ہاتھ اس کے کاندھے پر رکھ کر اسے اپنے سینے سے لگا کر بڑی شفقت سے بول رہی تھی۔۔۔

چلیں امی جان ہم لوگ چلتے ہیں۔ مرہا کو آرام کرنے دیں۔ رومان شاہ نے ٹیبل سے اپنی گاڑی کی چابی اوٹھاتے ہوئے کہا۔

رومان بیٹا آپ لوگ کھانا کھا کر جایئے رومان کی ساس بیڈ سے کھڑی ہوتے ہوئے بولی۔

نہیں انٹی جزاک اللہ ابھی ہم لوگ گھر کے لیے نکلیں گے کھانے کا پھر کبھی کھائیں گے ابھی رات کافی ہو چکی ہے۔

پتہ نہیں بیٹا وہ دن کب آئے گا۔ شادی کے بعد تو آپ کبھی ہمارے گھر رکنے کے لیے آئے ہی نہیں رومان شاہ کی ساس شکوہ گاہ نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔۔۔۔۔۔انشاءاللہ میں بہت جلد میرب کو لے کر آؤں گا اور آپ کی اس شکایت کو میں بہت جلد دور کر دوں گا، رومان شاہ تسلی دیتے ہوئے مسکرایا۔۔۔۔

تو بیٹا کیا آپ میرب کو بھی واپس اپنے ساتھ لے کر جا رہے ہیں کم سے کم اسے تو چھوڑ جائیں جب سے رخصت ہو کر گئی ہے۔
کبھی رکنے کے لیے آئی ہی نہیں میں بہت اداس ہو گئی ہوں اپنی بیٹی سے۔
کہتے ہوئے میرب کی ماں کی آنکھیں نم ہو گئی۔۔۔۔

آنٹی پلیز روئیں نہیں آپ اپنی بیٹی کو آج اپنے پاس روک لیں، شاہ میرب کی ماں کی آنکھوں میں آنسوں دیکھ کر رومان شاہ کا دل پگھل گیا۔

حالانکہ یہ فیصلہ اس کے لیے کتنا مشکل تھا یہ بات تو اس کا دل ہی جانتا ہے۔۔۔۔میرب کو وہیں چھوڑ کر رومان شاہ اپنی ماں کو لے کر گھر کی طرف نکل آیا۔

oooooo

رومان کیا تمہیں پورا یقین ہے کہ یہ وہی شخص ہے۔رومان شاہ نے سی سی ٹی وی کیمرہ دیکھ کر جس شخص کی نشاندہی کی تھی،اس شخص کو دیکھ کر اے سی پی شامیر کا جھٹکا لگا۔۔۔۔

اس گھٹیا شخص کو پہچانے میں میں کوئی بھول نہیں کر سکتا رومان شاہ نے غصے بھری نظروں سے سی سی ٹی وی فوٹیج کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

۔کیا تم اس شخص کو جانتے ہو، شامیر کے حیران چہرے کو دیکھتے ہوئے رومان شاہ نے سوال کیا۔۔۔۔۔ہاں میں اس شخص کو بہت اچھی طرح سے جانتا ہوں یہ مجھ سے جونیئر تھا میں نے اس کے ساتھ بہت سال کام کیا ہے مگر اس وقت اس کا ٹرانسفر لاہور میں ہے۔۔۔۔

۔اور یہ گھٹیا انسان میرا بہت اچھا دوست بھی ہے۔۔۔میں تو کبھی سوچ بھی نہیں سکتا کہ یہ گھٹیا انسان ایسی حرکت بھی کر سکتا ہے۔۔۔

۔اب اس کا کیا کرنا ہے تم مجھے یہ بتاؤ اگر تم اس کو جانتے ہو تو اس تک پہنچنا تمہارے لیے اور بھی آسان ہو گیا ہے۔۔۔۔رومان اب تم بے فکر رہو، اب وہ تمہارا نہیں میرا مجرم ہے، مرہا کی ہر ایک آنسوں اس کا ازالہ کرنا پڑے گا۔

۔فی الحال مرہا کو میں اس ماحول سے کچھ دن کے لیے دور لے کر جانا چاہتا ہوں واپس آکر اس کے گناہوں کا حصہ کروں گا۔۔۔۔۔میرے خیال سے اب ہمیں گھر کے لیے نکلنا چاہیے میں نے چھٹی کی درخواست دے دی ہے۔۔۔مجھے پوری امید ہے کہ مجھے چھٹی مل جائے گی وہ دونوں آپس میں باتیں کرتے ہوئے شاہ میر کے آفس روم سے باہر آ گئے۔

اب تم گھر جاؤ مرہا تمہارا انتظار کر رہی ہو گی۔اور میں بھی گھر چلتا ہوں امی جان مجھ سے ملا بنا سوئیں گی نہیں۔۔۔پہلے ہی میرے اس طرح گھر سے آنے کی وجہ سے پریشان تھی۔۔۔۔

بہت سوال کر رہی تھی امی جان کہ میں اس وقت کہاں جا رہا ہوں مگر میں اس وقت ان کو کچھ بھی بتا کر پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا۔رومان تم نے نا بتا کر بہت اچھا کیا۔۔۔

۔بہتر ہے کہ ہم گھر والوں کو اس معاملے سے دور ہی رکھیں گے بہتر ہو گا کہ تم میرب سے بھی یہ معاملہ ڈسکس مت کرنا۔۔۔۔اوکے پھر ملتے ہیں اور مرہا اور تم نکلنے سے پہلے مجھے بھی انفارم کر دینا۔۔۔۔۔ہاں انشاءاللہ ضرور ہاتھ ملاتے ہوئے دونوں اپنی گاڑیوں میں بیٹھ کر اپنی اپنے گھر چل دیے۔۔۔۔۔

oooooooooo

ڈاکٹر ہما میں آپ سے شادی کرنے کے لیے تیار ہوں آپ بتائیں میں کب اپنے گھر والوں کو کب آپ کی طرف بھیجوں۔۔۔۔ڈاکٹر شاہ زیب نے ایک دم سے ڈاکٹر ہما کو فون کر کے بولا تو ڈاکٹر ہما تو چند سیکنڈ کے لیے سکتے میں آ گئی اس کو سمجھ نہیں آیا کہ وہ کیا جواب دے۔۔

ہیلو ڈاکٹر ہما آپ میری بات سن رہی ہیں ڈاکٹر شاہ زیب فون پر کوئی آواز نہ پا کر بولا۔۔۔۔جی جی میں آپ کی آواز سن رہی ہوں، بس آپ نے جو بولا وہ میرے لیے خوشی سے کہیں زیادہ تھا، تو اس لیے میری خوشی سے آواز نہیں نکلی۔ مدھم آواز میں مسکراتے ہوئے بولی۔۔۔

تو ٹھیک ہے آپ مجھے بتا دیجیے کہ میں کب اپنے گھر والوں کو آپ کی طرف بھیجوں۔۔۔جی میں آپ کو رات تک بتا دوں گی۔ڈاکٹر ہما کی تو خوشی سے آواز نہیں نکل رہی تھی اسے اپنے کانوں پر یقین نہیں آ رہا تھا کہ جو وہ سننا چاہتی تھی ڈاکٹر شاہ زیب وہی بول رہا تھا۔۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب اللہ حافظ کہہ کے فون بند کر چکا تھا۔۔۔شاہ زیب کا دل رات سے بہت بری طرح سے دکھی تھا۔جب سے شاہ میر نے اسے کڑے لفاظوں

میں اپنی بیوی سے دور رہنے کو کہا کل شاہ میر کے الفاظوں نے اسے اندر تک جھنجھوڑ کر رکھ دیا تھا۔۔۔

۔اس نے کل دل سے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ وہ اپنی زندگی میں آگے بڑھ جائے گا وہ ڈاکٹر ہما کا ہاتھ تھام لے گا اس نے۔دل سے یہ عہد کیا تھا کہ وہ پوری کوشش کرے گا اس رشتے کو پوری ایمانداری سے نبھانے کی، آخر ڈاکٹر ہما اتنی محبت سے پہل کرتے ہوئے اس کی جانب قدم بڑھا رہی تھی۔اسی چیز کو مد نظر رکھتے ہوئے ڈاکٹر شاہ زیب نے ڈاکٹر ہما کو فون پر اپنی ہاں کا اقرار کر دیا تھا۔۔۔۔

oooooooo

رومان شاہ۔۔۔۔کیا کر رہی ہو؟

میرب۔۔۔۔"ماما کے روم میں ہوں ان سے باتیں کر رہی ہوں۔

رومان شاہ۔۔۔۔"اپنے روم میں جاؤ

میرب۔۔۔۔"کیوں

رومان شاہ۔۔۔۔"روم میں جاؤ بتاتا ہوں اور اب کوئی سوال مت کرنا۔

میرب کے فون پر رومان شاہ کے ٹیکسٹ میسج آرہے تھے۔۔۔

شاہ میں ماما سے باتیں کر رہی ہوں اب میں کیسے ان کے پاس سے اٹھ کر اپنے روم میں جاؤں کتنے دنوں کے بعد میری ماما سے ملاقات ہوئی ہے۔۔۔۔

میرب میرا دماغ پہلے ہی اپنی جگہ کھسکا کا ہوا ہے۔مجھے روم میں کچھ بھی اچھا نہیں لگ رہا۔اور اگر تم نہیں چاہتی کہ میں آدھی رات کو دن دندناتا ہوا تمہیں

لینے آجاؤں، تو چپ چپ اپنے روم میں جا کر مجھ سے بات کرو۔۔۔۔

رومان شاہ کا دھمکی بھرا میسج پڑھ کر میرب ٹھنڈی آہ بھرتی ہوئی ماتھے پر ہاتھ رکھ کر رہ گئی۔۔۔اللہ میاں کہاں پھنس گئی ہوں۔

اس سے تو بہتر تھا کہ یہ مجھے چھوڑ کر ہی نہیں چاہتے اب میں ماما کو کیا بولوں میرب دل میں سوچتی ہوئی کڑ کر رہ گئی۔۔۔۔۔۔

میرب بیٹا جاؤ جا کر رومان سے بات کر لو۔ میرب کی ماں میرب کے فون پر آتے ہوئے میسج، اور اس کے چہرے کے بدلتے ہوئے زاویے کو دیکھ کر مسکراتی ہوئی بولی۔۔۔

۔سوری ماما وہ شاہ کو مجھ سے کچھ ضروری بات کرنی تھی میرب شرما کر بات بناتے ہوئے بولی۔۔۔

۔جی بیٹا میں اسی لیے تو کہہ رہی ہوں کہ آپ جا کر اپنے روم میں آرام سے شاہ کی ضروری بات بھی سنو۔ اور آرام سے سو جاؤ تم کافی تھکی ہوئی ہو۔۔۔ میرب کی ماں کو اپنی بیٹی کا شرمایا ہوا چہرہ دیکھ کر ہنسی آ رہی تھی۔۔۔

۔ماما۔۔۔پلیز میرا مذاق تو مت اڑائیں میرب بچوں کی طرح اپنی ماما کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گئی۔۔اچھا نہیں اڑاتی مگر جاؤ جا کر رومان سے بات کرو۔۔

میں بعد میں کر لوں گی۔میرب کو اپنی ماں کے سامنے یوں تومان شاہ سے بات کرتے ہوئے پکڑے جانے پر شرم آ رہی تھی۔۔

۔نہیں بری بات ہے فوراً سے جاؤ اور جا کر اپنے شوہر سے بات کرو، شوہر کی بات نہ سننے پر، اللہ تعالی ناراض ہو جاتا ہے، بیوی کا اولین فرض اپنے شوہر کا حکم ماننا ہے۔۔۔اس لیے اب تم میرے بیٹے کو تنگ مت کرو اور جا کر اس سے بات کرو۔۔۔

میرب میں بہت خوش ہوں تمہارے لیے کہ رومان تم سے اتنا پیار کرتا ہے۔۔آج میری فکر دور ہو گئی رومان کو تمہارے لیے اس قدر بے چین دیکھ کر میرب کی ماں مسکراتے ہوئے اپنی بیٹی کے ماتھے پر لب رکھ کر چوم رہی تھی۔۔۔

ooooooooo

تمہیں مجھ پر ترس نہیں آرہا تھا پاگل لڑکی ایکسکیوز دیے جا رہی تھی۔رومان شاہ میرب کی ویڈیو کال پر آتے ہی بھڑک اٹھا تھا۔۔۔۔۔۔

شاہ میں آپ کو ایکسکیوز نہیں دے رہی تھی ماما مجھ سے باتیں کر رہی تھی تو مجھے یوں اچانک ماما کے پاس سے اٹھ کر آنا اچھا نہیں لگ رہا تھا۔۔میرب منمناتے ہوئے نظر جھکائے شاہ کی بات کا جواب دیا۔۔۔۔۔۔

تمہیں صرف اپنی اور ماما کی فکر ہو رہی تھی۔اور میرا کیا رومان شاہ نے گہری نظروں سے اس کے ڈرے سہمے حسن کو دیکھا۔۔۔وہ نظری جھکائے ہوئے بچوں کی طرح معصوم چہرہ بنا کر رومان شاہ کی بات کا جواب دے رہی تھی۔

میری طرف دیکھو۔۔۔۔میرب نے آہستہ سے پلکیں اٹھا کر ویڈیو کال پر رومان شاہ کی جانب دیکھا۔۔۔۔"مجھے تمہارے بنا نیند نہیں آرہی لینے آؤں گہری نظروں سے دیکھتا ہوا خمار الود لہجے میں بولا۔۔۔۔شاہ پلیز یہ کوئی ٹائم ہے آنے آپ سے ایک رات کا گزارا نہیں ہو رہا۔۔۔۔میرب شاہ کی آنکھوں میں خماری دیکھ کر شرماتے ہوئے بلش کرنے لگی۔۔۔۔

ہائے ظالم اس قدر اپنا)

گرویدہ کر لیا ہے آپ نے

کہ اب تو ایک ایک سیکنڈ

آپ کے بنا ہمیں صدیوں

سے بھی زیادہ طویل لگنے

لگا ہے۔)۔ کیا بات ہے شاہ آپ تو چند گھنٹوں کی دوری سے ہی دکھی شاعر بن گئے ہیں۔ میرب شاہ کے خماری بھرے انداز میں شاعری بولتے ہوئے دیکھ کر کھلکھلا کر ہنسی۔۔۔۔۔

ظالم لڑکی ہنس لو جتنا ہو سکتی ہو۔ واپس سے میری حراست میں آنے کے بعد اگر تمہاری ایک ایک سیکنڈ کی دوری کو میں نے اپنی شدتوں سے پورا نا کیا تو رومان شاہ میرا نام نہیں۔۔۔۔۔

شاہ پلیز اگر ایک رات کے لیے چھوڑ گئے ہیں تو اب دھمکیاں دے کر ڈرائیں تو مت۔۔۔

۔ تمہیں اندازہ بھی ہے کہ یہ ایک رات میرے لیے کتنی مشکل بنی ہوئی ہے ابھی دس منٹ نہیں ہوئے مجھے روم میں آئے ہوئے کہ یہ روم مجھے کاٹنے کو دوڑ رہا ہے۔ آئندہ تمہیں کبھی بھی رات کو رکنے نہیں دوں گا۔ جب بھی جاؤ گی دن کو ملنے کے لیے جانا رومان شاہ فیصلہ سنا چکا تھا۔۔

شاہ کو تمہاری محبت اور تمہاری عادت ہو چکی ہے، اس بات کا فائدہ مت اٹھانا جان شاہ۔ کبھی تم مجھ پر فدا تھی۔ مگر آج تمہارا لمس میرا جنم بن چکا ہے اس لیے اب دوری نہ ممکن نہیں رہی۔

اس لیے آج کے بعد یوں فاصلوں کو بڑھا کر میرے آتش عشق کو ہوا مت دینا۔ ورنہ انجام کی صورت میں میری شدتوں کو سہنا تم پر لازم ہو گا۔۔۔۔

۔میری جان تمہاری چند گھنٹوں کی دوری نے مجھے یہ بتا دیا ہے کہ تم میرے لیے نشہ بن گئی ہو۔

۔شاہ کی آنکھوں میں خماری کا ایک جہان آباد نظر آ رہا تھا۔ جس کو دیکھ کر میرب نے گھبراتے ہوئے نظریں جھکا لی۔

۔میرب کا دل شاہ کی خماری بھری نظروں سے گھبرا کر بے ترتیب دھن بجانے لگا۔۔۔۔دھڑکنے خوشی اور شرم ملی جلی کیفیت سے رقص کر رہی تھی۔

۔اس کا دل کب سے شاہ کی زبان سے ایسے ہی لفظ سننا چاہتا تھا جو آج کل شاہ بار بار بول کر میرب کی جان لینے پر تلا تھا۔۔۔

بس کرو مت اتنا شرماؤ میری جان، کیوں اپنے شاہ کے صبر کا امتحان لے رہی ہو، تمہارا یہ شرمایا ہوا چہرہ تمہارے شاہ کو اور بھی بہکا رہا ہے۔

۔یہ جو چند گھنٹوں کی رات باقی رہ گئی ہے میرے لیے یہ گزارنا بھی بہت مشکل ہو رہا ہے۔۔۔شاہ پلیز آپ سو جائیں شاہ کی خماری والی آواز سے گھبراتے ہوئے میرب نے مفت کا مشورہ دیا۔۔۔۔

رومان شاہ۔۔۔"میری جان مجھے نیند نہیں آرہی

میرب۔۔۔"مگر شاہ مجھے آرہی ہے

رومان شاہ۔۔۔"ہاں تو تم سو جاؤ

میرب۔۔۔"شاہ جب تک آپ کا فون بند نہیں ہو گا میں کیسے سو سکتی ہوں۔۔۔میرب نے معصوم انداز سے سوال کیا۔

۔فون کو ایک جگہ پہ سیٹ کر کے رکھ دو،اور تم سو جاؤ،مجھے تمہیں دیکھے بنا نیند نہیں آئے گی۔مجھے کم سے کم محسوس کرنے دو کہ تم میرے پاس ہو۔۔

شاہ پلیز آپ بھی تھکے ہوئے ہیں سو جایئے میرب نے منت کرتے ہوئے کہا۔

میری جان تھکا ہوا تو میں سچ میں بہت ہوں، مگر میری تھکن سونے سے نہیں اتر سکتی، میری تھکن اتارنے کے لیے تمہارا میرے پاس میری باہوں میں ہونا ضروری ہے۔

بے باقی سے بول کر مسکرا دیا۔ میرب نے کافی مزحمتیں کھڑی کرنے کی کوشش کی، جو کہ رومان شاہ کے ہر جواب پر دم توڑ رہی تھی، آخر میرب بہت تھکی ہوئی تھی اس لیے تکیے پر سر رکھتے ہی سو گئی۔

۔جب کہ رومان شاہ اس کو گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے آتشی لبوں سے مسکرا رہا تھا۔ اپنی انگلی کو فون کی سکرین پر رکھتے ہوئے میرب کے خوبصورت پنکھڑیوں کو رب کر رہا تھا۔

۔اس نے اپنے لب میرب کی پنکھڑیوں پر رکھتے ہوئے سکرین کو چوم لیا۔
آئی لو یو جان شاہ۔۔

ظالم لڑکی کتنی پر سکون ہو کر"
سو رہی ہو،اور یہاں تمہیں اپنی پناہوں میں لیے بنا میری آنکھوں میں نیند
آنے کے لیے تیار نہیں ہ۔

۔"لگتا ہے کہ آج کی رات آنکھوں
میں ہی کٹنے والی ہے رومان شاہ نہ جانے کتنی دیر تک خود سے باتیں کرتے
ہوئے میرب کو سکرین پر دیکھ کر مسکراتا رہا۔

صبح چار بجے کے قریب جا کر نیند کی دیوی رومان شاہ پر مہربان ہوئی تو وہ تکے پر الٹا لیٹا ہوا گہری نیند میں چلا گیا

oooooooooo

مرہا۔۔۔ہوں ں ں "میری جان اٹھنے کا ارادہ نہیں ہے۔رات کی دوائیوں کے زیر اثر سوئی ہوئی مرہا کو شامیر پاس بیٹھا ہوا بڑی محبت سے جگا رہا تھا۔۔۔

اس کے بالوں میں پیار سے انگلیاں پھیرتے ہوئے بڑی محبت سے اپنی نظریں اس کے چہرے پر مرکوز کیے ہوئے تھا۔۔مرہا نے نیند کی خماری سے بھری ہوئی آنکھوں سے شاہ میر کی جانب نظریں اٹھا کر دیکھا۔۔۔۔

اٹھ جاؤ میری جان مجھے بہت بھوک لگی ہے مجھے اپنی پیاری بیوی کے ساتھ ناشتہ کرنا ہے۔شاہ میر کے لہجے میں ایک الگ ہی محبت اور نرمی تھی جس کو مرہا کے دل نے محسوس کرتے ہوئے ایک بیٹ مس کی تھی۔۔۔۔

۔مرہا نے کہیں نہ کہیں اپنے دماغ میں یہ سوچ رکھا تھا کہ کل ولیمے والے حادثے کے بعد شاہ میر اس سے ناراض ہو گا اور اس سے سوال پوچھے گا۔

مگر شامیر کے رد عمل سے ایسا کچھ بھی ظاہر نہیں ہو رہا تھا۔ مرہا سوچتی ہوئی نظروں سے اس کی جانب دیکھ رہی تھی۔ کہ شاہ میر نے ابھی تک اس سے کوئی سوال کیوں نہیں کیا بلکہ شاہ میر کا لہجہ پہلے سے زیادہ نرم اور محبت بھرا تھا۔۔۔

میری جان مجھے تم بعد میں اتنے غور سے دیکھ لینا فی الحال تو میرا بھوکا پیٹ مجھے بد دعائیں دے رہا ہے۔ اٹھ جاؤ تاکہ ہم ناشتہ کر سکیں۔۔۔ مرہا جو بڑے غور سے شاہ میر کے چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے سوچ رہی تھی شامیر کے بولنے پر شرماتے ہوئے بیڈ سے اٹھ کر بیٹھ گئی۔۔۔

مرہا چپل پہنتی ہوئی واش روم میں فریش ہونے چلی گئی۔۔۔۔۔ جبکہ شاہ میر اپنے دماغ میں اس کے بارے میں سوچ رہا تھا جس کی وجہ سے مرہا نے اتنے سال ڈرے اور سہمے ہوئے گزارے تھے۔۔۔

۔شاہ میر کا خون کھول رہا تھا یہ سوچ کر کہ اس گھٹیا انسان جسے وہ اپنا ایک اچھا دوست سمجھتا تھا۔اس نے میرا کے معصوم بچپن پر ایک کالا عکس چھوڑا جس کو وہ اتنے سالوں بعد بھی بھلا نہ سکی تھی۔

۔اب شاہ میر کو سب دھندلی تصویریں صاف دکھائی دے رہی تھی کیوں وہ جب بھی مرہا کے نزدیک جاتا تو مرہا گھبرا جاتی تھی۔۔ کیوں وہ مرہا کی آنکھوں میں ہر بار اپنے لیے محبت محسوس کرتا تھا۔۔ مگر ساتھ میں ایک انجان سا ڈر بھی اس کی آنکھوں میں صاف دکھائی دیتا تھا جس کو شاہ میر سمجھنے کی کوشش کرنے کے باوجود بھی سمجھ نہیں سکا تھا۔۔۔

۔کمینے تمہارے تو میں اتنے ٹکڑے کروں گا کہ کوئی گن بھی نہیں سکیں گا۔
مگر اس سے پہلے مجھے میری معصوم محبت کو اس ڈر کی دنیا سے دور لے جا کر
اس کے دل میں اپنے لیے چھپی ہوئی محبت کو اجاگر کرنا ہے۔۔۔۔

۔اس کے دل میں اپنی اتنی جگہ بنانی ہے کہ وہ اپنے زبان سے مجھ سے محبت کا
اعتراف کرے۔۔۔اسے اپنی محبت کا مان اور اعتماد اس قدر دینا ہے کہ اس
کے دماغ سے تمہارے گندے عکس کا ڈر نکل جائے۔۔۔

۔شامیر سوچتے ہوئے بیڈ سے کھڑا ہو گیا۔وہ میرہا کو کشمیر لے کر جانا چاہتا
تھا۔تاکہ جہاں پر جا کر وہ مرہا کے دل سے اس ڈر کو ہمیشہ کے لیے ختم کر کے
مرہا کے اور اپنے رشتے بے حد مضبوط بنا سکے۔۔۔۔

وہ مرہا کو اپنا بھرپور وقت دے کر اپنے رشتے کو آگے بڑھانا چاہتا تھا کیونکہ اب یہ بے حد ضروری ہو گیا تھا اسے لگتا تھا کہ جیسے جیسے وقت گزرے گا مرہا اس سے اور دور ہوتی جائے گی۔۔۔۔

۔وہ اس ڈر کو اپنے رشتے پر حاوی نہیں ہونے دے سکتا تھا۔شاہ میر ایک سمجھدار سلجھا ہوا پڑھا لکھا انسان تھا اسے پتہ تھا کہ اس سب کے لیے اس کا گھر سے اور کام سے دور ہو کر ہونا بے حد ضروری ہے۔۔۔۔

اس نے ایک ویک کی چھٹی بڑی مشکل سے لی تھی کیونکہ عاسم والے کیس کو شاہ شامیر خود ہینڈل کر رہا تھا۔۔۔

۔اس لیے اس کا جانا بہت مشکل تھا مگر اسے اپنے رشتے کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے چھٹیوں کا فیصلہ کرنا پڑا تھا۔۔

۔شاہ میر کے کام کا ریکارڈ بہت اچھا تھا۔شاہ میر کبھی فضول میں چھٹی نہیں لیتا اس لیے اللہ کا شکر تھا کہ اسے چھٹی مل گئی۔۔۔

۔15 دن کی چھٹی اپلائی کی مگر صرف ایک ہفتے کی ہی پاس ہوئی آج شام کو مرہااور شاہ میر کو کشمیر کے لیے نکلنا تھا۔۔۔۔

oooooooooooo

بھائی آپ نے بہت اچھا فیصلہ کیا ہے مرہا کو لے کر جانے کا اس سے آپ دونوں کو ایک ساتھ ٹائم سپینڈ کرنے کا موقع ملے گا۔

۔بیٹا میں بھی میرب کی بات سے اتفاق کرتی ہوں تم نے بہت اچھا کیا اس طرح تمہیں بھی کچھ دن کام سے چھٹی مل جائے گی۔

۔ورنہ تو تمہاری جان ہی نہیں چھوٹتی کام سے۔مجھے تو ایسا لگتا ہے کہ سارے کیس میرے بیٹے کے کھاتے میں ہی ڈال دیتے ہیں۔۔۔

نہیں میری پیاری ماما ایسا کچھ نہیں ہے بس ان دنوں مصروفیت تھوڑی زیادہ ہو گئی ہے۔ایک ضروری کیس ہینڈل کر رہا ہوں اس کے بعد میں اپ ٹ کے ساتھ کہیں گھومنے کا پلان ضرور بناؤں گا۔۔

وہ اپنی ماں کی گلے میں باہیں ڈالتے ہوئے ڈائننگ ٹیبل کی کرسی کی پشت پر آن کھڑا ہوا۔۔۔میرا پیارا بیٹا میری بہو کو لے کر جا سکتا ہے مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔۔۔

مگر صبح صبح اپنی ماں کو بڑ مت لگاؤ اتنے سالوں میں تو تم کبھی ہمارے ساتھ گھومنے گئے نہیں آج کیسے تمہیں خیال آگیا کہ تمہیں ہمیں لے کر گھومنے بھی جانا چاہیے شامیر کی ماں شامیر کے کان کھینچتے ہوئے مسکرائی۔۔۔۔

بڑ نہیں لگا رہا سچ کہہ رہا ہوں اب مجھے عقل آگئی ہے۔ میں بڑا ہو گیا ہوں اب مجھے لگنے لگا ہے کہ مجھے اپنی فیملی کو لے کر باہر جانا چاہیے شاہ میر شوخ ہو کر ہنستے ہوئے بولا۔۔۔۔

وہ اپن ماں کے ماتھے پر لب رکھتے ہوئے ساتھ والی کرسی کھینچ کر بیٹھ گیا۔۔ اپنے روم سے ڈائننگ ٹیبل پر آتے ہوئے ملک زبیر نے یہ منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا تو مسکرا دیا۔۔۔۔

۔خیریت تو ہے صبح صبح ہی میری بیوی سے اتنی محبت کیوں جگائی جارہی ہے۔۔ملک زبیر ڈائننگ ٹیبل پر کرسی کھینچتے ہوئے بیٹھ گئے۔۔۔

آپ کی بیوی میری ماں ہیں اور میں اپنی پیاری ماں سے محبت جتارہا ہوں تو آپ کیوں اتنا جیلس ہو رہے ہیں۔۔۔

شاہ میر شوخ ہو کر مذاق کرتا ہو بولا۔۔۔برخودار بے شک یہ تمہاری ماں ہے مگر تم ذرا ہماری بیوی سے دور رہا کرو۔۔۔۔

اب تو تمہاری شادی کر کے تمہیں اتنی خوبصورت بیوی لے کر دی ہے تو تم میری بیوی کو چھوڑ کر اپنی بیوی کو توجہ دیا کرو۔۔۔۔

ملک زبیر بھی صبح صبح کا شوخ انداز میں اپنے بیٹے کو مذاق کرتے ہو
بولے۔۔۔بھائی اب آیا نا مزہ اب آیا اونٹ پہاڑ کے نیچے مرب کو اپنے بھائی
کی کھلی اڑتے ہوئے دیکھ بڑا مزہ آرہا تھا۔۔

۔آپ کے برخودار مجھے مکھن اس لیے لگا رہے تھے کیونکہ یہ اپنی بیوی کو لے
کر ہنی مون کے لیے مری جا رہے ہیں۔۔۔

اوران کو لگتا ہے کہ میں روایتی ساسوں کی طرح اپنا موڈ کہیں خراب نہ کر
لوں تو یہ بیچارے مجبوراً مجھے مکھن لگا رہے تھے۔۔۔

شاہ میر کی ماں نے بھی شامیر
کی ٹانگ کھینچنے میں کوئی

کسر نہیں چھوڑی تھی۔سب نے شامیر کو چاروں طرف سے گھیر لیا تو شامیر کی شکل دیکھ کر میرب اور اس کے
ممی پاپا تینوں ایک دم قہقہا لگا کر ہنس پڑے تھے۔۔۔

بھائی کی شکل دیکھو ایک پولیس والے ہو کس قدر گھبرائے ہوئے ہیں میرب ہنستے ہوئے بولی۔۔۔۔

بیٹا جی جتنا بھی بڑا پولیس والا کیوں نہ ہو مگر جب بات ساس اور بہو کی آتی ہے تو بڑے بڑوں کے چھکے چھوٹ جاتے ہیں۔۔

ملک زبیر شاہ میر کی نازک حالت کو دیکھ کر ہنستے ہوئے چائے کا سپ لیتے ہوئے بولے۔۔۔بس بھئی چپ کر جاؤ آپ سب تو میرے بیٹے کے پیچھے ہی پڑ گئے ہیں۔۔۔

۔شاہ میر کی ماں نے اپنی بیٹے کی حالت دیکھ کر اس کا ساتھ دیا۔۔۔ماما آپ بھی کچھ کم نہیں ہیں۔شاہ میر ہنستے ہوئے ناشتہ کرنے لگا۔۔

۔کب نکلنا ہے تم دونوں نے ملک زبیر نے سوال کیا۔آج شام کو شاہ میر نے ناشتہ کرتے ہوئے مصروف لہجے میں جواب دیا۔

۔تم لوگوں نے پیکنگ کرلی ہے شاہ میر کی ماما نے فکر مندی سے پوچھا۔۔نہیں ماما ابھی تو نہیں کی۔ناشتے کے بعد کریں گے۔۔

۔واہ بھائی کریں۔۔۔گے۔۔۔۔۔میرا بھائی جو کہیں جاتے ہوئے اپنا موبائل تک بھول جاتا تھا،اب وہ پیکنگ کرے گا۔میرب نے بات کو کھینچتے ہوئے پھر سے مذاق کیا۔۔۔

۔میرب کی بچی سدھر جاؤ تمہیں تو میں آج واپس چھوڑ کے آتا ہوں تم تو بڑی تیز ہو گئی ہو اپنے بھائی کی ٹانگ کھینچے جا رہی ہو۔۔۔شاہ میر نے پیار سے میرب کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

ooooooooo

بیوٹی فل پلیس میر پلیز مجھے یہاں کے بارے میں کچھ بتائیں نا۔شاہ میر کے ساتھ چلتی ہوئی مرہا ارد گرد کے منظر کو بہت خوشی سے دیکھ رہی تھی وہ دونوں ہوٹل روم کی جانب آ رہے تھے۔۔۔۔

آزاد کشمیر کو جنت نظیر وادی کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔پاکستان کے خوبصورت ترین مقامات میں کشمیر کا ایک اپنا اہم مقام ہے۔کشمیر کی خوبصورت وادیوں کا کوئی ثانی نہیں۔اور یہاں کی خوبصورتی کو دیکھنے کے لیے سیاح دور دور سے یہاں پر آتے ہیں۔۔جیسے ہم کراچی سے اتنی دور

کشمیر کی خوبصورتی سے لطف اندوز ہونے آئے ہیں۔۔۔یہ بہت پر سکون جگہ ہے یہاں کے لوگ بہت محبت کرنے والے ہوتے ہیں۔۔۔

میر یہاں پر کتنی ٹھنڈ ہے مرہا اپنے بازوں کو سہلاتے ہوئے شاہ میر کے ساتھ چل رہی تھی۔۔۔۔۔روم میں چلو تمہیں کرما گرم کشمیری چائے پلاتا ہوں ۔۔۔۔ہوٹل کی جانب چلتے ہوئے مرہا اپنے بازوں کو سہلانے کے ساتھ ساتھ ارد گرد کے خوبصورت مناظر دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

مرہا کشمیر پہلی بار آئی تھی اونچے اونچے پہاڑ اور سر سبز وادیاں دیکھ کر اسے بہت اچھا لگ رہا تھا۔۔

ہر طرف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ ایک خوبصورت منظر پیش کر رہے تھے ۔آسمان ایسے لگ رہا تھا جیسے پہاڑوں کے اوپر ہی جھکا ہوا ہو۔۔۔۔

اور خوبصورت ندی کے اوپر برف کی لیئر دیکھ کر میرب کی آنکھیں خوشی سے چمک رہی تھی۔ میر یہ کتنا خوبصورت منظر ہے پوری ندی کے اوپر برف جمی ہوئی ہے ہم یہاں پر اپنی پک بناتے ہیں مرہا خوشی سے بچوں کی طرح فرمائش کرتے ہوئے بولی۔۔۔

ہاں ہاں میری جان ہم لوگ یہاں پر بہت سی پکس بنائیں گے اور میں اپنی جان کو پورا کشمیر گھماؤں گا مگر فی الحال ہمیں ہوٹل روم میں جانا ہے کیونکہ تمہاری طبیعت تھکن سے خراب ہو سکتی ہے شاہ میر فکر مندی سے بولا

۔۔۔۔

۔۔شاہ میر کی نظر مرہا کے اوپر تھی وہ مرہ کے خوشی کے ہر لمحے کو اپنی آنکھوں میں قید کر کے لے جانا چاہتا تھا، جس کی شروعات اس نے آتے ہی کر دی۔۔

شاہ میر ریسپشن سے اپنے روم کی چابی لیتے ہوئے اپنے ہینڈ کیری کو کھینچتے ہوئے، مرحا کو لے کر اپنے روم میں آ گیا۔۔۔

۔سامان والے بیگ کو ایک سائیڈ پر لگاتے ہوئے شامیر فریش ہونے کی غرض سے واش روم میں چلا گیا۔

میر ہا چلتے ہوئے ونڈو مرر کے سامنے آ گئی۔پردہ ہٹا کر باہر کے خوبصورت منظر کو دیکھنے لگی شام کا وقت ہو رہا تھا۔۔

۔چاروں طرف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ سفید چادر اوڑے ہوئے تھے درختوں لمبے لمبے درختوں کے اوپر برف کی جھالر لٹ رہی تھی۔۔۔۔

۔کچھ مقامی لوگ اور کچھ سیاہ باہر چلتے پھرتے نظر آرہے تھے وہ اس منظر کو بہت غور سے دیکھ کر مسکرا رہی تھی۔

۔شاہ میر واش روم سے باہر آیا۔میرہا کو کھڑکی کے سامنے بڑے غور سے باہر کی جانب دیکھتے ہوئے۔۔وہ مسکرایا کیونکہ میرہا کے چہرے پر خوشی مسکراہٹ بن کر بکھری ہوئی تھی جس کو دیکھ کر اسے بہت سکون ملا۔۔۔

وہ چلتا ہوا میرہا کی پشت پر اپنا سینہ رکھتے ہوئے اس کے گرد اپنے مضبوط باہوں کا گھیرا بنا کر کھڑا ہو گیا۔۔شاہمیر کے یوں اچانک آنے سے میرہا دبک کر رہ گئی۔

۔میر آپ نے تو مجھے ڈرا ہی دیا۔میرہا نے مدھم سی آواز میں کہا۔۔میر کی جان تمہیں میرے ہوتے ہوئے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔

۔تمہارا میر ہر وقت اپنی جان کی حفاظت کرنے کے لیے موجود ہے۔میرے ہوتے ہوئے میری بیوی کو گرم ہوا بھی چھو نہیں سکتی۔تم صرف میری بیوی نہیں میری پہلی محبت ہو۔میرہا تم مجھے اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز ہو وہ کہتے ہوئے میرہا کے بال گردن سے ہٹا کر اس کے کاندھے پر اپنی ٹھوڑی ٹکا کر کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

۔شامیر کی باتوں میں ایک الگ تحفظ کو مرہا محسوس کر رہی تھی۔۔۔مرہا۔۔۔جی۔۔۔آپ کو مجھ پر یقین ہے کہ میں آپ کی حفاظت کر سکتا ہوں بہت گہری سوچ سوچتے ہوئے بولا۔۔۔جی۔۔۔میرہا جی سے کام نہیں چلے گا۔۔

مجھے لفظوں میں بتاؤ کہ تم مجھ پر یقین کرتی ہو مجھے اس قابل سمجھتی ہو کہ میں اپنی بیوی کی حفاظت کر سکتا ہوں۔۔۔۔

جی مجھے یقین ہے کہ آپ میری حفاظت کر سکتے ہیں کیونکہ آپ ایک پولیس والے مرہا کے معصوم جواب پر شاہ میر جو گہری سوچ میں تھا ہنسنے لگا۔۔۔میری جان پولیس والا میں دنیا کے لیے ہوں تمہارے لیے میں تمہارا شوہر ہوں۔۔اور تمہاری حفاظت میں ایک شوہر کی طرح کرنا چاہتا ہوں جو مجھ پر فرض ہے۔۔۔

۔میں اس یقین کے بارے میں پوچھ رہا ہوں۔۔۔آپ کی اتنی بڑی بڑی باتیں میری سمجھ میں نہیں آتی پلیز آپ سیدھے سیدھے لفظوں میں مجھے بتایا کریں کہ آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔میرہا کو یہ سوال اس کے عقل سے بڑا لگ رہا تھا۔۔۔

۔ہائے صدقے جاؤں تمہارے بھائی کی پرورش پر جس نے میری بیوی کو اتنی اچھی پرورش تھی کہ میری بیوی دنیاداری سے کتنی دور ہے۔ایک عام سا سوال میری جان تمہیں اتنا بڑا لگ رہا ہے۔۔۔

مت زور دو اپنے چھوٹے سے دماغ پر وقت آنے پر خود سمجھ جاؤ گی۔۔۔

روم کا دروازہ کھٹکا تھا شاہ میر مرہا سے دور ہوتے ہوئے دروازہ کھول کر ویٹر سے کھانے والی ٹرالی اندر لے کر آیا۔۔۔

میرہا فریش ہو کر آؤ میں کھانا نکالتا ہوں۔۔۔ گرم کھانے کی خوشبو سے مرہا کی بھوک بھی بھڑک اٹھی تھی وہ جلدی سے فریش ہونے واش روم میں چلی گئی۔۔۔۔۔

ooooooooo

میں آفس سے واپسی پر تمہیں لینے آجاؤں گا تیار رہنا۔۔۔رومان شاہ کا صبح صبح ہی میرب کو میسج وصول ہو چکا تھا۔۔۔میرب میسج پڑھ کر مسکرا رہی تھی۔پتہ نہیں شاہ آپ نے کل کی رات کیسے گزاری ہے میرب مسکراتے ہوئے سوچ رہی تھی۔۔۔

۔وہ شاہ کی محبت کو پا کر پوری طرح سے خود کو مکمل محسوس کر رہی تھی۔ اتراتے ہوئے خود کو آئینے میں دیکھ کر روم سے نکل کر اپنے ماما کے پاس چلی گئی۔۔

۔وہ آج رومان شاہ کے آنے سے پہلے والا سارا وقت اپنی ماما کے ساتھ گزارنا چاہتی تھی۔کیونکہ اسے پتہ تھا کہ اب دوبارہ شاہ کبھی اسے رات کو یہاں پر نہیں رکنے دے گا۔۔

۔وہ ایک رات میں ہی شاہ کی بے تابیاں دیکھ چکی تھی۔۔۔

oooooooooo

رومان شاہ آفس کے لیے تیار ہو کے اپنے روم سے نکلا۔آج کافی دنوں بعد وہ ڈائننگ ٹیبل پر ناشتہ کرنا چاہتا تھا مگر ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھے ہوئے اپنے ددیال والوں کو دیکھ کر اس کا موڈ صبح صبح ہی خراب ہو گیا تھا۔۔۔

وہ غصے سے اپنے روم کی جانب واپس آ رہا تھا اپنا والٹ وغیرہ اٹھانے کے لیے تاکہ بنا ناشتہ کیے ہی آفس جا سکے۔ مگر اس کی امی جان کی آواز آئی جس پر وہ واپس پلٹنے پر مجبور ہو گیا۔۔۔۔

رومان تمہارے تایا تم سے کچھ کہنا چاہتے ہیں رمان شاہ کے رکنے پر اس کی ماں نے وضاحت دی۔۔۔۔امی جان میں ان کی کوئی بات بھی نہیں سننا چاہتا ۔۔۔۔رومان شاہ نے ناگواری سے جواب دیتے ہوئے واپس اپنے کمرے کا رخ لینا چاہا۔۔

رومان رک جاؤ میرا حکم ہے رومان شاہ کی ماں نے پھر سے آواز دی۔۔۔اس سے پہلے کہ رومان شاہ کچھ اور بولتا رومان شاہ کا تایا اپنی کرسی سے اٹھتا ہوا بامشکل چل کر رومان شاہ کے پاس آکر کھڑا ہو گیا۔
اور نیچے جھکتا ہوا اس کے قدموں میں بیٹھ گیا۔

رومان بیٹا مجھے معاف کر دو میں اپنے گناہوں پر بہت شرمندہ ہوں وہ روتے ہوئے رومان شاہ کے قدموں میں بیٹھا ہوا تھا۔

رومان شاہ جتنا بھی سخت دل بن جائے مگر اس کا دل اندر سے بہت سافٹ تھا اور اس کی ماں نے اس کی ایسی پرورش نہ کی تھی کہ وہ کسی بزرگ کو اپنے قدموں میں بٹھائے۔۔۔

رومان شاہ نے اپنے تایا کو کندھوں سے اٹھاتے ہوئے کھڑا کر دیا ان کی حالت اس وقت بڑی ناساز تھی۔

۔زرد رنگ جو اس بات کی دلیل تھی کہ وہ ہر گزرتے لمحے کے ساتھ اس خطرناک بیماری کی وجہ سے موت کے قریب جا رہے ہیں تھے'۔۔

۔رومان مجھے معاف کر دو شاید تم مجھے معاف کر دو تو میں آسانی سے مر سکوں وہ رو رہے تھے۔۔۔پلیز آپ روئیں نہیں میں آپ کو معاف کر چکا ہوں۔۔

رومان شاہ نے سرسری انداز سے کہا اور انہیں پاس پڑی ہوئی کرسی پر بٹھا دیا۔۔۔اس کے دوسرے تایا اور دونوں تائیاں بھی آکر پاس کھڑی ہو گئی اور معافی مانگنے لگی رومان شاہ جو اتنے سالوں سے سخت بنا ہوا تھا ان کو یوں

اپنے سامنے ہاتھ جوڑے کھڑے ہوئے دیکھ کران کو معاف کرنے پر مجبور ہو گیا۔۔۔

ٹھیک ہے میں نے آپ کو معاف کیا مگراس سے زیادہ کی امید مجھ سے مت رکھیے گا۔شاید آپ لوگوں کے ساتھ میں دلی محبت والارشتہ کبھی بھی قائم نہیں کر سکوں گا۔۔۔

کیونکہ میرے بچپن پر آپ لوگوں کے سخت جملوں کی مہریں اس طرح سے پیوست ہیں کہ میں چاہ کر بھی ان کو مٹا نہیں سکتا وہ کہتے ہوئے اپنے روم کی جانب چل دیا

ooooo

بھائی صاحب آپ لوگ پریشان نہ ہوں انشاءاللہ مجھے پورا یقین ہے کہ ایک نہ ایک دن رومان کا دل آپ لوگوں کے لیے بالکل صاف ہو جائے گا۔رومان شاہ کی ماں سب کچھ سمجھتے ہوئے بھی رومان شاہ کے یوں جانے سے شرمندہ سے انداز میں بولی۔۔۔۔۔

نہیں بھابھی آپ کو شرمندہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے اس نے ہمیں معاف کر دیا، ہمارے لیے اتنا ہی کافی ہے، ہم نے جو کچھ آپ لوگوں کے ساتھ کیا ہے اس کے بعد ہمیں تو معافی کی امید ہی نہیں تھی۔۔۔۔۔رومان شاہ کی ماں کی بات پر رومان شاہ کے بڑے تایا جو مہک کے والد تھے شرمندہ ہوتے ہوئے بولے۔۔۔۔۔

oooooooo

۔اے سی پی کی جان میرے علاوہ اتنی گہری سوچ میں کس کو سوچا جا رہا ہے۔بالکل اس کے قریب آکر کھڑا ہوا پوچھ رہا تھا۔۔۔۔

شاہ میر جو مرہا کو سویا ہوا چھوڑ کر کچھ دیر باہر واک کرنے کے لیے گیا تھا۔ شاہ میر مرہا کی صحت کو لے کر بہت فکر مند تھا وہ چاہتا تھا کہ میرا اچھی طرح سے اپنی نیند پوری کرے تاکہ اس کا سٹریس لیول کم ہو سکے۔۔۔

وہ جب واپس آیا تو مرہا اپنے خیالوں کی دنیا میں گم ونڈو مرر سے باہر کی جانب دیکھ رہی تھی۔ وہ اتنی گہری سوچ میں تھی کہ اسے روم میں آئے شاہ میر کا بھی پتہ نہیں چلا۔۔۔

مم۔ می۔۔ میں کچھ بھی سوچ تو نہیں رہی تھی، وہ گہری سوچ سے نکلتے ہوئے گھبرائی ہوئی بولی۔ مرہ کے ماتھے پر پسینے کی بوندیں یہ بات ثابت کر رہی تھی کہ وہ اپنے دماغ میں کسی ٹینشن والی بات ہو ہی سوچ رہی تھی۔۔۔۔

شاہ میر کے بلانے پر مرہا کاری ایکٹ ایسے تھا جیسے اس کی کوئی چوری پکڑی گئی ہو۔وہ گھبرائے ہوئے جواب دے
کر شاہ میر سے دور ہونے لگی۔۔۔۔

مرہا کیا بات ہے کوئی پریشانی ہے کوئی ایسی بات ہے میری جان جو تمہیں اندر ہی اندر کھائے جا رہی ہے۔تو تم مجھ پر بھروسہ کر کے مجھے بتا سکتی ہو۔میں تمہارے ہر دکھ کا مداوا کر دوں گا۔مگر تم مجھے بتاؤ تو صحیح کے آخر کون سی بات ہے جو تمہیں اس قدر ڈپریشن میں لے جاتی ہے۔۔۔۔

شاہ میر نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے قریب کھڑا کرتے ہوئے بڑی نرمی سے کہا۔۔۔مرہا نے پلکیں اٹھا کر شامیر کی جانب دیکھا۔۔۔شامیر کا دل تڑپ سا گیا تھا مرہا کی آنکھوں میں درد اور ویرانی دیکھ کر۔وہ سب کچھ جان تو چکا تھا مگر وہ مرہا پر کچھ بھی خود سے ظاہر نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔

۔وہ مرہا کا اعتماد جیت کر اسے وہ مان دینا چاہتا تھا کہ مرہا خود سے اپنا درد اس کے ساتھ شیئر کرے۔اس کی بھیگی پلکیں اور کانپتے ہوٹ دیکھ کر شاہ میر کے دل میں درد کی ٹیسیں اٹھنے لگی تھی۔وہ مرہا کو قریب کرتے ہوئے اپنے بازو کے دائرے میں لے کر سینے سے لگائے ہوئے کھڑا تھا۔۔۔

میری جان کیوں خود پر اتنا ظلم کر رہی ہو،ایک بار مجھے پر اعتماد کر کے بتاؤ تو صحیح،کہ کون سی بات ہے تمہارے دل میں جو تمہیں سکون نہیں لینے دیتی۔

۔کیوں تمہیں مجھ پر یقین نہیں ہے کیوں تم اپنے درد کو اپنے اندر رکھ کر اسے ناسور بنا رہی ہو۔شاہ میر روانی سے بولتا چلا گیا۔

۔وہ اپنا چہرہ اس کے مضبوط سینے میں چھپائے کر ڈری ہوئی بچوں کی طرح رونے لگی۔۔۔

مرہا آئی لو یو بہت۔۔۔۔پیار کرتا ہوں میں تم سے اور کوئی بھی چیز ایسی نہیں ہے جو تمہیں مجھ سے دور کر سکتی ہے۔اور نہ ہی کوئی ایسی بات ہے جس کی وجہ سے میں تم سے پیار کرنا کم کر سکتا ہوں۔۔اس ڈر کو اپنے دل سے نکال کر مجھے بتاؤ میری جان کے کون سی بات تمہیں اذیت دے رہی ہے۔میں قسم کھاتا ہوں کہ تمہارے ہر درد کی میں دوا بن جاؤں گا۔۔۔۔۔

وہ اتنی نرمی اور محبت سے یہ جملے بول رہا تھا کہ مرہا کے رونے میں تیزی آنے لگی اس کی ہچکیاں تیز ہونے لگی تھی۔۔۔

اس کے سینے پر اپنے سر کو زور سے ٹکائے اس کی شرٹ کو سینے سے مٹھیوں میں پکڑے ہوئے ہچکیوں کے ساتھ رو رہی تھی۔۔۔

اس کا پورا وجود اس کے اندر کے درد کی شدت سے کانپ رہا تھا۔ شاہ میر نے باہوں کی گرفت سخت کرتے ہوئے احساس دلایا کہ وہ ہے اس کے ساتھ ہے۔۔۔۔

مگر اسے رونے دیا تا کہ اس کا دل ہلکا ہو جائے پتہ نہیں کتنی دیر وہ یوں ہی ہچکیوں سے روتی رہی تھی۔ (میر) اس کی آنسوں میں ڈوبی ہوئی مدھم سی آواز شامیر کے کانوں سے ٹکرائی تو شاہ میر اسے اپنے سینے سے لگائے ہوئے اسے محسوس کر رہا تھا۔ بولو میر کی جان اس کی مدھم سی آواز کا جواب شاہ میر نے بڑی محبت بھرے لہجے سے دیا۔۔۔۔۔۔

کیا آپ ہمیشہ مجھ سے ایسے ہی پیار کریں گے بڑا سوالیہ سا انداز تھا اس کا۔۔۔۔۔ کیوں میر کی جان کو کوئی شک ہے شاہ میر اب بھی اسے اپنے سینے سے لگائے ہوئے کھڑا تھا۔۔۔۔ آپ کو اگر میرے بارے میں کچھ پتہ چلے تو

آپ مجھ سے پیار کرنا چھوڑیں گے تو نہیں نا۔ وہ اپنے سوالوں میں شاید شاہ میر کا اعتماد بھرا جواب سننا چاہتی تھی۔۔۔۔۔

میر کی جان میں تم سے اتنی محبت کرتا ہوں کہ کوئی بھی دنیا کی ایسی چیز نہیں جس کی وجہ سے میں تم سے محبت کرنا چھوڑ سکوں۔ اگر میری جان کہے تو اپنا دل چیر کر دکھادوں جس پر صرف مرہا میر ااور میرا ہی لکھا ہوا ہے۔۔۔ کیوں میری بیوی مجھ پر اعتماد نہیں کر پا رہی مجھے افسوس ہے خود پر کہ میں تمہارا اعتماد جیتنے میں ناکام ہو رہا ہوں، کیوں تمہیں میری نظروں میں اپنے لیے بے پناہ محبت نظر نہیں آرہی میر کے لہجے میں بہت درد تھا۔۔۔ مجھے لگتا ہے کہ میں بہت برا شوہر ہوں۔۔۔

۔ نہیں میر ایسے مت بولیں آپ بہت اچھے ہیں۔ آپ بہت۔۔۔۔۔ زیادہ اچھے ہیں بہت پر زور دیتے ہوئے بولی۔۔ شاہ میر کی بات پر مرہا نے اپنا چہرہ

پیچھے کرتے ہوئے شاہ میر کی جانب دیکھا۔۔اس کا پورا چہرہ آنسوں سے بھیگا ہوا تھا۔۔

میری جان اگر میں اچھا ہوں تو آج مجھے اپنا ہر دکھ بتا دو۔ تم اپنی ساری ٹینشن سارے دکھ مجھے دے دو میں بدلے میں اپنی جان کی زندگی میں خوشیاں اور محبت کے رنگ بھر دوں گا۔۔

شامیر نے اس کے چہرے کو ہاتھوں کے پیالے میں بھرے ہوئے بڑی محبت بھرے انداز سے کہا۔ مرہا کتنی دیر اس کی آنکھوں میں دیکھتی رہی اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے مرہا کی آنکھوں سے آنسوں روانی سے بہتے جا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

م۔۔ مم۔۔ مم۔۔ میرا گر میں آپ کو سب بتادوں گی تو آپ مجھ سے نفرت کرنے لگیں گے وہ روتی ہوئی آواز میں لفظوں کو توڑتے ہوئے بولی۔۔۔

میر کبھی اپنی جان سے نفرت کر ہی نہیں سکتا، یہ ممکن ہی نہیں ہے۔۔ وہ اس کی آنکھوں پر اپنے لب رکھتے ہوئے اس کی گھنی پلکوں سے ایک ایک آنسو کو بڑی محبت سے چن رہا تھا۔۔۔۔ آپ بہت اچھے ہیں۔ میر میں آپ کے لائق نہیں ہوں۔۔۔

۔اس کا فیصلہ تم مجھے کرنے دو۔۔ اور میرا فیصلہ یہ ہے کہ تم سے زیادہ لائق ہم سفر مجھے مل ہی نہیں سکتا تھا۔۔۔ میر آپ میری حقیقت جانیں گے تو اپنا فیصلہ بدل لیں گے۔۔۔ آنسوں سے بھیگی ہوئی آواز میں بے یقینی کے الفاظ لیے ہوئے بولی۔۔۔۔

میر کی جان جب انسان کسی سے کو دل و جان سے چاہتا ہے تو وہاں پر کوئی بھی حقیقت معنی نہیں رکھتی۔ معنی رکھتا ہے تو صرف اس انسان کا ساتھ۔ مجھے تم چاہیے ہو، تمہاری محبت چاہیے، تمہارا ساتھ چاہیے، ماضی کی تلخ یادوں سے باہر آجاؤ میر ہامیں تمہارے مجرم کو اپنے ہاتھوں سے سزا دوں گا، مگر تم اس کالے عکس کی پرچھائی ہماری آنے والی خوشیوں پر مت ڈالو۔۔۔۔۔ مرہامیں نے زندگی میں ضرور کچھ نیک کام کیا ہو گا جو خدا نے تمہیں میرے نصیب میں لکھ دیا۔۔۔۔ میں کتنا خوش قسمت ہوں کہ خدا نے مجھے اتنی معصوم اور پاکیزہ بیوی دی۔ میں اپنے رب کا جتنا بھی شکر ادا کروں کم ہے۔

۔اس کے چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھر کر محبت بھری نظریں اس کی چہرے پر مرکوز کیے ہوئے تھا۔

میر میں پاکیزہ نہیں ہوں کانپتے ہوئے ہونٹوں سے بولی۔۔۔۔مرہا آج کے بعد تم اپنے بارے میں ایسا کبھی نہیں کہو گی۔شاہ میر کے کہنے کے انداز میں ایک تڑپ تھی ہیں۔۔۔

۔میر آپ میرے بارے میں کچھ نہیں جانتے میں کسی کی زندگی میں اس طرح سے شامل نہیں ہونا چاہتی تھی۔مگر آپ نے مجھے موقع ہی نہیں دیا کہ میں آپ کو کچھ سمجھا یا بتا سکتی۔اور میرے اندر کا سچ مجھے ہر وقت جنجھوڑے رکھتا ہے۔مجھے لگتا ہے کہ اس سچ کو جاننے کا آپ کو پورا حق ہے۔مگر آپ کو حقیقت بتا کر میں آپ کو خود سے دور نہیں کرنا چاہتی تھی۔۔۔۔

میرہا کے منہ سے آخری الفاظ سن کر شامیر کے دل کو تسکین ہوئی کہ مرہا اسے کھونے سے ڈرتی ہے۔میر کو پوری طرح سے ابھی تک تم نے جانا نہیں ہے میری جان۔میر کبھی بھی تم سے دور نہیں ہو سکتا اس ڈر کو اپنے ذہن سے پوری طرح سے نکاح دو۔۔۔۔

آپ ایک بار بیٹھ کر میری ساری حقیقت جان لیں اس کے بعد آپ کا جو بھی فیصلہ ہو گا مجھے منظور ہے۔۔

مرہا تمہیں ابھی تک یہ بات سمجھ میں نہیں آئی کہ مجھے تمہارے منہ سے کوئی حقیقت نہیں سننی میں ساری حقیقت سے واقف ہوں۔اور اگر پھر بھی تمہارے دل کو مجھے حقیقت بتا کر سکون ملتا ہے تو بتاؤ۔۔

تمہارا میر سننے کے لیے تیار ہے مگر کوئی بھی حقیقت میرے پیار پر اثر انداز نہیں ہو سکتی۔ میرے لیے تم وہی مرہار ہو گی جس کو پہلی نظر میں دیکھ کر میرے دل نے قبول کیا، میری آنکھوں نے تمہیں قریب کرنا چاہا، میرے دل نے تمہاری قربت کی تمنا کی۔ مگر تم اپنی تسکین کے لیے مجھے بتاؤ تا کہ تمہارا دل ہلکا ہو جائے۔ جس ڈر کو تم نے سالوں سے اپنے اندر دبا کے رکھا ہے اس ڈر کو آج پوری طرح سے نکال دو مرہا۔۔۔۔۔۔۔ مرہا اپنے دل کا

درد سنانا شروع ہوئی تو ہچکیوں کے ساتھ روتی ہوئی اس کے گلے سے لگی ایک اپنا سارا دکھ سناتی چلی گئی۔

اذیت کی قلم سے لکھا ہوا وہ تاریک دن میں جس کو وہ بچپن سے لے کر جوانی تک بھول نہیں سکی تھی۔۔اس کا سارا معصوم بچپن یوں ہی ڈرتے ہوئے گزر گیا۔

آج بھی اس کی روح کانپ جاتی تھی وہ بھیانک دن یاد کر کے۔۔

وہ تو اس وقت اتنی معصوم تھی کہ شاید کبھی اپنا درد بھی کسی کو بیان نہ کر پاتی کسی کو بتانے کی تو اس میں ہمت نہیں تھی میر ہا شروع سے ہی شائیں اور سہمی سہمی رہنے والی بچی تھی۔۔۔

اور حادثے نے اس کی شخصیت کو پوری طرح سے ختم کر دیا۔ رومان شاہ نے اس کے اندر اعتماد بھرنے کی جو کوشش کی تھی اس سے کچھ بہتری تو آئی مگر وہ کبھی بھی زیادہ لوگوں سے گھل مل نہیں سکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

۔اپنے آنسوں کی روحانی میں وہ شاہ میر کو اپنا درد سناتی چلی گئی اس کا درد سن کر شاہ میر کا دل پھٹ رہا تھا۔ شاہ میر اس کے کانپتے ہوئے وجود کو اپنی باہوں میں سمیٹے ہوئے کھڑا تھا۔۔

۔وہ اپنا سر شاہ میر کے سینے پر رکھے ہوئے کھڑی بتاتے ہوئے مسلسل روئے جا رہی تھی۔

شاہ میر کو اس کے اندر کی ڈری ہوئی لڑکی صاف نظر آ رہی تھی۔ جو اس وقت بھی اپنے ساتھ ہونے والے اس گھنونے واقعہ کو بتاتے ہوئے ڈر رہی تھی۔۔

۔میر آپ کو پتہ ہے کہ اس دن جب بھائی نے دیکھا تو وہ پہلی بار نہیں تھا اس گھٹیا انسان نے اس طرح کی حرکتیں کئی بار پہلے بھی کی تھیں۔ میں امی اور بھائی کو بتانا چاہتی تھی، مگر مجھ میں ہمت نہیں تھی مجھے ڈر لگتا تھا۔ کہیں بھائی اور امی مجھے ہی غلط نہ سمجھیں۔۔۔

اور وہ کمینہ مجھے ہمیشہ ڈرا کر چپ کروا دیتا تھا۔ میں بہت بے وقوف تھی جو کبھی اپنے دل کی بات امی اور بھائی سے کہہ نہیں سکی وہ کہتے ہوئے سسک کر رو رہی تھی۔

۔بھائی اس دن فرشتہ بن کر گھر آئے تھے اور مجھے اس درندے کے چنگل سے چھڑا کر اپنی حفاظت کی دنیا میں لے آئے۔

۔اس دن کے بعد بھائی نے میری اتنی حفاظت کی کہ میری طرف اٹھنے والی ہر نظر کو پہلے بھائی کا سامنا کرنا پڑتا۔۔

۔اس کے باوجود بھی میں کبھی خود میں اتنی ہمت جمع نہیں کر سکی کہ میں بتاتی کہ اس گھٹیا انسان نے میرے ساتھ کیا کیا وہ دانت پیستے ہوئے بتا کر بلند آواز میں رونے لگی۔۔۔۔

۔شامیر کو بہت بڑا دھچکا لگا تھا یہ سن کر مگر اس نے مرہا پر کچھ ظاہر نہیں ہونے دیا اسے پتہ تھا کہ اتنی مشکل سے جو اس میں بتانے کی تھوڑی سی ہمت آئی ہے۔

۔وہ آج کے بعد اس ہمت کو کبھی اکٹھا نہیں کر پائے گی شامیر نے جتنا سوچا تھا اس سے کہیں زیادہ برا میرا کے ساتھ ہوا تھا۔۔۔

اور اس سے بڑھ کر اسے یہ بات
بہت تکلیف دے رہی تھی کہ اتنے سالوں سے مرہا اپنے اندر ہی اندر گھٹتی رہی۔۔وہ کسی کو بتا نہیں سکی میرہا کو اپنے سینے سے لگائے ہوئے کتنی دیر تک چپ کھڑا رہا۔۔۔۔۔

۔بس مرہا بس اب تم نے اپنا سارا درد مجھے سنا دیا آج کے بعد تم اس بھیانک حادثے کو یاد کر کے کبھی نہیں رو گی۔

۔میرا وعدہ ہے کہ تمہارے مجرم کو اس کے انجام تک پہنچا کر ہی سانس لوں گا وہ کہتے ہوئے اپنے مضبوط بازوں کی گرفت اس کے گرد اور بھی کس گیا۔۔۔آج سے وہ تمہارا نہیں میر امجرم ہے اور اپنے مجرموں کو اے سی پی شامیر کبھی معاف نہیں کرتا وہ اپنے دانتوں کو پیستے ہوئے بولا۔

oooooooooooo

وہ اپنا سارا دکھ شاہ میر کو سنا کر پتہ نہیں کتنے سالوں بعد آج سکون کی نیند سوئی تھی۔

اس کے سینے پر سر ٹکائے ہوئے وہ کتنی پر سکون لگ رہی رہی تھی۔شاہ میر تکیے پر سر رکھے ہوئے سیدھا لیٹا ہوا ایک ہاتھ سر کے نیچے رکھے اور دوسرا اس کی کے گرد لپیٹے ہوئے تھا۔

شاہ میر اس کے معصوم چہرے کو بہت گہری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔جہاں پر اس وقت بھی معصومت ہی معصومیت دکھائی دے رہی تھی۔۔۔

۔شاہ میر کو یہ سوچ سوچ کر غصہ رہا تھا۔ کہ اس درندے کا اتنے سالوں پہلے جب یہ بچی تھی کیسے ضمیر مان گیا جو اس معصوم سی گڑیا کو اندھیروں کی دلدل میں دھکیل گیا۔۔۔۔شاہ میر نے اپنے لب اس کے ماتھے پر رکھتے ہوئے عقیدت سے چوم لیا۔۔۔۔۔

میر کی جان بس آج جتنا تم نے رونا تھا رو لیا آج کے بعد میرا تم سے وعدہ ہے کہ میں کبھی تمہاری آنکھوں می کبھی آنسوں نہیں آنے دوں گا۔ تمہارا ہر دن خوشیوں سے طلوع ہو گا۔اور ہر شام کا سورج میری محبت کی پناہوں میں پر سکون غروب ہو گا۔۔۔۔۔شاہ میر کتنی دیر تک اس کے معصوم سوئے ہوئے چہرے کو دیکھتا رہا۔ایک حسین صبح کے انتظار میں میں وہ نیند کی وادیوں میں جانے لگا۔۔۔

ooooooooo

رومان بیٹا آپ لوگ کھانا کھا کر جانا آج میں تمہارا کوئی بہانہ نہیں سنوں گی رومان شاہ جو آفس سے سیدھا میرب کو لینے آیا تھا اس کی ساس ضد کر رہی تھی کہ وہ یہاں سے کھانا کھا کر جائے۔۔۔

ٹھیک ہے آنٹی تھوڑا جلدی کیجئے گا کیونکہ مجھے گھر جا کر آفس کا ضروری کام کرنا ہے۔۔۔جی جی بیٹا میں ابھی کھانا لگواتی ہوں آپ مرہا کے روم میں جا کر فریش ہو کر آجائیں رومان شاہ میرہا کے ساتھ چلتا ہوا اس کے روم میں آیا فریش ہونے کے لیے۔۔۔آہ۔۔۔شاہ کیا کر رہے ہیں کوئی دیکھ لے گا ۔۔۔تو دیکھ لینے دو،،اپنی خود کی ذاتی بیوی سے پیار کر رہا ہوں کوئی دیکھتا ہے تو دیکھ لے۔۔۔۔۔

مرہا کے روم کی طرف جاتے ہوئے مرہا کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے خود کے قریب کرتے ہوئے کسی اور ہی موڈ میں بولا تھا۔۔۔ خماری اس وقت شاہ کی آنکھوں اور لہجے سے صاف ٹپک رہی تھی۔۔۔۔

شاہ پلیز۔۔ ماما دیکھ لیں گی تو کیا سوچیں گے۔ کچھ تو شرم کیجیے میرب شرماتے ہوئے شاہ کے سینے پر زور دیکھ کر اسے پیچھے دھکیل رہی تھی۔۔۔۔

کچھ نہیں سوچیں گی۔ بلکہ وہ تو یہی کہیں گی کہ واہ کتنا اچھا ہے میرا داماد میری بیٹی سے اتنا پیار کرتا ہے۔

شاہ شوخ انداز سے کہتے ہوئے اپنے لب میرب کے لبوں کے قریب لے جانے کی پوری کوشش کر رہا تھا۔۔۔ میرب نے شاہ کے منہ پر ہاتھ رکھ کر شاہ کا یہ منصوبہ ناکام کر دیا۔۔۔۔۔۔

شاہ آپ کتنے بے شرم ہیں کہیں پر بھی شروع ہو جاتے ہیں۔ میرب نے مسکراتے ہوئے شاہ کے کس والے ارادے کو ناکام بنادیا۔۔۔۔۔

تینوں کی لگدا اے سوینے ایویں تو میرے کولوں بچ جایں گی شیر نوجنا)
(ترساویں گی اوراوناں آی تیری جان داد شمن بنے گا۔
شاہ اب آپ کیا بولے جارہے ہیں شاہ کا پنجابی رومینٹک لہجہ میرب کے سر کے اوپر سے گزر گیا۔۔۔۔

آج میں بالکل بھی یہ بتانے کے موڈ میں نہیں ہوں کہ میں نے کیا کہا ہے آج تم میرے شدتوں سے میری بات کا معنی سمجھنے کی کوشش کرنا۔۔۔۔ جان شاہ گھر چلو تمہیں پورا موقع دوں گا میری اس بات کا مطلب سمجھنے کے لئے

۔۔۔۔۔

شاہ آپ مجھے دھمکیاں بعد میں دے لیجئے گا۔پہلے چل کر فریش ہو جائیں ماما کھانے پر ہمارا ویٹ کر رہی ہیں۔میرب کو اپنی باہوں میں قید کیے ہوئے راہداری کے بیچوں بیچ کھڑا ہوا تھا۔۔۔

۔ہمم چلو روم میں چل کر میں فریش ہو لیتا ہوں۔۔وہ تو کسی اور ہی موڈ میں بولا۔فریش ہونے کا تو اس کا کہیں سے بھی ارادہ نہیں لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

میرب جو اس کے آگے آگے چلتی ہوئی روم میں داخل ہوئی تھی۔۔۔

۔دروازہ ٹھاک سے بند کرتے ہوئے میرب کی کلائی کو پکڑ کر اسے واپس اپنی طرف کھینچ لیا۔اسے دروازے کے ساتھ لگاتے ہوئے گہری نظروں سے

دیکھ کر مسکرایا۔۔۔ شش۔۔۔شاہ کیا کر رہے ہیں۔میرب شاہ کے ارادے کو بھانپتی ہوئی اٹک کر بولی۔۔۔۔

۔"پیار کر رہا ہوں جو کل رات سے تمہیں نہیں کیا۔جان شاہ کل کی رات تمہارے بنا مجھے کتنی لمبی لگ رہی تھی آج تم گھر چل کر میری ہر ایک شدت سے اسے محسوس کرنا۔۔۔۔

کہتا ہوا میرب کو دروازے کے ساتھ لگا کر اس کی کمر کی دونوں سائیڈوں پر سختی سے ہاتھ رکھتے ہوئے اس کی نظریں بے باکی سے اس کی خوبصورت سراپے پر مرکوز تھی۔۔۔۔شاہ پل۔۔۔ شششش بہت بولتی ہو تم اس کے لبوں پر انگلی رکھ کر اسے چپ کروا دیا۔۔۔کمر کی دونوں سیٹ پر ہاتھ رکھے ہوئے اس کی چیکس پر بڑی نرمی س لب رکھ کر چوم لیا، سر اٹھا کر اس کے چہرے کی جانب دیکھا تھا۔

شاہ کی نزدیکی سے میرب کا دل دھک دھک کرنا شروع کر رہا تھا میرب اپنی آنکھیں بند کر کے کھڑی ہوئی تھی۔ شاہ کے لبوں کی لمس وہ شاہ کے پیچھے ہٹنے کے بعد بھی اپنی گال پر محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ اپنا منہ اسکے بالوں میں چھپا کر اس کی خوبصورت گردن پر اپنے جز باتوں سے چور لبوں کے نرم اور گرم لمز چھوڑ رہا تھا۔ اس کے لبوں کی گرمی سے میرب نے گھبرا کر شاہ کے کاندھوں پر ہاتھ رکھ لیا۔۔

۔وہ میرب کی بند آنکھیں اور اپنے کاندھوں پر رکھے ہوئے ہاتھ دیکھ کر پیچھے ہوتا ہوا مسکرایا۔۔۔ میری جان میرے عشق کی تپش میں مت بہکیے۔ فریش ہو کر آتا ہوں کھانا کھا کر گھر چلیں اس کے بعد ہمارے روم میں جتنا بھی بہکنا چاہیں بہک سکتی ہیں۔

شاہ کی آواز پر میرب ہوش کی دنیا میں واپس آئی۔۔۔وہ سارا ملبہ میر پر ڈال کر مسکراتا ہوا واش روم کی طرف جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔شاہ میں آپ کی جان لے لوں گی میرب شاہ کی بات سے شرماتے ہوئے چیخی۔۔۔۔۔۔۔پوری اجازت ہے لے لینا مگر گھر جانے کا ویٹ کرو وہ شرارتی انداز سے چلاتا ہوا رک گیا۔آنکھ دباتے ہوئے بولا۔۔۔شاہ کے اس انداز سے میرب اور بھی شرم سے لال ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔

ooooooooo

میر۔۔۔۔میر۔۔۔۔ہوں ں ں۔۔میر ہا فجر کی نماز سے فارغ ہو کر شامیر کو نماز کے لیے اٹھا رہی تھی۔۔۔جو کہ رات کو بہت لیٹ سویا تھا۔تو اس وقت بہت گہری نیند میں ایک میٹھی آواز کو محسوس کر رہا۔۔۔۔میرا اٹھ جائیں اور نماز پڑھ لیں نماز کا ٹائم ختم ہو رہا ہے۔۔۔۔

شامیر الٹا لٹا ہوا گہری نیند میں تھا اور مرہا بیٹھ کے پاس کھڑی ہوئی اسے اٹھا رہی تھی۔۔۔۔۔

۔یہ۔۔۔کک۔ک۔۔کیا کر رہے ہیں وہ شرماتے ہوئے بولی۔۔۔شاہ میر کروٹ لے کر سیدھا ہوتے ہوئے اس کی کلائی کو پکڑ کر اپنی اوپر گرا چکا تھا۔۔۔۔مم۔۔مم۔۔۔میں اپنی بیوی سے پیار کر رہا ہوں میر ہا کی نقل اتارتے ہوئے لفظوں کو توڑ کر بولا۔۔۔۔میر۔۔۔جی میر کی جان اس کے شرمائے ہوئے لال ٹماٹر جیسے چہرے کو گہری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

پلیز چھوڑیں مجھے اس کے مضبوط سینے پر اپنے دونوں ہاتھ رکھ کر نظریں چراتی ہوئی بولی۔۔۔۔چھوڑنے کے لیے میں نے تھوڑا پکڑا ہے۔۔۔۔اب تو ساری زندگی تمہیں یوہی اپنی سینے سے لگائے رکھنے کا ارادہ ہے۔۔۔۔کیوں آپ کو کوئی کام کاج نہیں کرنا۔۔۔کھانا پینا نہیں ہے۔۔۔۔۔وہ شرارتی لہجے

سے مسکراتی ہوئی بولی۔۔۔آج شاہ میر کی محبت کا مان پا کر مرہا نے پہلی بار شاہ میر کے اتنا نزدیک ہوتے ہوئے سے مذاق کیا تھا۔۔۔

۔کام کاج بھی کر لوں گا پہلے اپنی خوبصورت پیاری بیوی کو جی بھر کر پیار کو کر لوں کہتے ہوئے کروٹ لے کر اس کے اوپر آ گیا۔۔۔۔

اس کی نرم گالوں کو باری باری اپنے ہاتھ سے سہلاتے رہا تھا۔۔میرہا آنکھیں بند کیے ہوئے اس کے مضبوط ہاتھوں کے لمس کو محسوس کر رہی تھی۔اس لمس میں اسے آج اپنے لیے تحفظ محسوس ہو رہا تھا۔۔۔۔شاہ میر کے رات کو بولے ہوئے ہر الفاظ نے مرہا کو ایک نئی زندگی بخشی تھی۔۔۔۔

۔آج کی صبح میر ہا کے لیے خوشیوں کا پیغام لے کر آئی تھی آج کی صبح میر ہا خود کو سالوں سے دیکھتی ہوئی ان گندی نظروں سے محفوظ سمجھ رہی تھی۔۔۔

آج جسم میں پوست ہوتی ہوئی گندی نظروں کے سامنے اس کہ شوہر کی مضبوط محبت کھڑی تھی۔

۔مرہا بچپن سے لے کر آج تک ان وحشت زدہ آنکھوں کو روز محسوس کرتی تھی ان آنکھوں میں درندگی اور گندگی ہی گندگی نظر آتی تھی۔۔۔۔شوہر کی محبت اتنی طاقت کی حامل ہوتی ہے یہ مرہا کو آج پتہ چلا تھا۔۔۔۔جس درد کو وہ اتنے سال خود سے دور نہیں کر سکی۔اس درد کو شاہ میر کی محبت بھری ایک رات کی باتوں نے اس سے دور کر دیا تھا۔۔۔۔شامیر اس کی گردن پر اپنے لب رکھے ہوئے لمس چھوڑتے جا رہا تھا وہ مرہا کی قسم سے اٹھتی ہوئی

خوشبو سے بہک رہا تھا۔۔۔۔۔میر۔۔۔میر۔۔۔۔ہمم۔۔وہ گردن پر چکا ہوا گمبھیر آواز میں بولا۔۔۔۔میر فجر کی نماز کا ٹائم ختم ہو رہا ہے پلیز اٹھ کر نماز پڑھ لیں شاہ میر کی خماری بھرے لمس سے مرہا کے دل کی دھڑکنے اوتھل پوتھل ہو رہیں تھی۔۔۔۔۔۔تم نے نماز پڑھ لی ہے۔وہ اپنا چہرہ اوپر اٹھا کر پوچھ رہا تھا۔

جی میں نے پڑھ لی ہے آپ بھی جا کر پڑھ لیں۔۔وہ اپنے اوپر کھٹا بن کر لیٹے ہوئے شاہ میر کو اپنے ہاتھوں سے دکھیلتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔آج تیار رہنا ہم لوگ گھومنے چلیں گے آج میں اپنی پیاری بیوی کو کشمیر کی سیر کرواؤں گا۔ اور اس کے بعد رات کو آ کر اپنی گولڈن نائٹ کو سیلیبریٹ کریں گے۔۔وہ اتنی بے باکی سے بولتے ہوئے مسکرایا تھا کہ مرہا شرم سے پانی پانی ہو گئی۔۔

۔اس کے اس قدر شرمائے ہوئے چہرے کو دیکھ کر شامیر لطف اندوز ہو کر اس کے گال پر کس کر کے مسکراتا ہوا اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

۔کچھ شرمانا رات کے لیے بھی رکھ لینا میری جان کیونکہ رات کو تو میں تمہیں بہت سارے موقع دوں گا شرمانے کے۔۔

۔آئی لو یو بس میری جان۔۔۔اسی طرح سے میری باتوں سے شرماتی اور مسکراتی رہو میرے دل کو بہت سکون ملتا ہے۔۔۔۔۔

۔وہ وہ مسکراتے ہوئے فریش ہونے کے لیے واش روم میں چلا گیا اور میرہا وہیں بیڈ پر لیٹی ہوئی شامیر کی محبت سے مطمئن ہو کر مسکرا دی۔۔۔۔۔

وہ شامیر کی محبت بھرے لمس کو یاد کر کے شرماتے ہوئے اپنے چہرے پر دونوں ہاتھ رکھ کر لیٹ گئی۔۔۔۔۔

ooooooo

واہ یار تم تو بڑے چھپے ہوئے رستم نکلے میں تو تمہیں سمجھاتا ہی رہ گیا اور تم نے توچٹ منگنی کرنے کا ارادہ بنالیا۔

۔شاہ زیب نے احمر کو بتایا کہ اس نے ڈاکٹر ہما کا پروپوزل ایکسیپٹ کر لیا ہے ۔اور بہت جلد وہ دونوں منگنی کرنے والے ہیں۔اسی بات پر احمر ڈاکٹر شاہ زیب کی ٹانگ کھینچ رہا تھا۔۔۔۔۔

۔جب پروپوزل ایکسیپٹ نہیں کر رہا تھا تب بھی تمہیں تکلیف تھی۔اور اگر اب کر لیا ہے تو اس میں بھی تمہیں پرابلم ہے۔شاہ زیب چڑ کر بولا۔۔۔۔۔

نہیں یار میں بہت خوش ہوں تمہارے لیے ناراض کیوں ہو رہے ہو میں تو مذاق کر رہا تھا احمر کو ڈاکٹر شاہ زیب کے دل کا حال پتہ تھا اس لیے اس نے فوراسے وضاحت پیش کی گیا۔۔۔۔

ڈاکٹر صاحب آج کل آپ کو غصہ کچھ زیادہ ہی آنے لگا ہے آپ تھوڑا کول رہنے کی دوا کھایا کریں۔۔۔۔مجھے غصہ آتا نہیں تم جیسے لوگ مجھے غصہ دلاتے ہو۔ڈاکٹر شاہ زیب کا دل کل مرہا کی حالت دیکھ کر بہت دکھا ہوا تھا ۔اوپر سے شامیر کی کڑوی باتوں نے اس سے اور بھی آبدیدہ کر دیا۔۔۔

۔شاہ زیب یار کیا بات ہے کیا تم نے ڈاکٹر ہما کو کسی پریشر میں آکر ہاں کی ہے ۔۔۔۔۔شاہ زیب کے چڑے ہوئے لہجے کو دیکھ کر احمر نے سوال کیا۔۔

۔بس یار اس بات کو چھوڑو میں نے ہاں کہہ دی ہے،اب چاہے مجبوری میں کی ہے یا خوشی میں اس سے کیا فرق پڑتا ہے شاہ زیب نے بے حد دکھی انداز میں جواب دیا۔۔۔۔۔

شاہ زیب تم مجھے بتاؤ گے کہ آخر کیا ہوا ہے اچانک تمہاری نہ ہاں میں کیسے بدل گئی۔۔۔۔

کل مرہا کو بے ہوشی کی حالت میں ہاسپٹل لایا گیا تھا۔اس کی حالت بہت خراب تھی۔اور اس کا وہ سڑو شوہر بھی ساتھ میں ہی تھا۔بنا بات کے فضول میں میرے ساتھ منہ ماری کر کے گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔

اوآئی سی تو مجھے اب سمجھ میں آیا کہ تم نے اسی چڑ میں ڈاکٹر ہما کو ہاں کہہ دی۔۔

۔یار پلیز اگر ہاں کی ہے تو پوری کوشش کرنا کہ اس رشتے کو اچھی طرح سے نبا سکو۔۔۔میرہا تمہارا ماضی تھا اور ڈاکٹر ہما تمہارا آنے والا مستقبل۔تو پلیز ماضی کی باتوں کو لے کر اپنا مستقبل خراب مت کرنا احمر سمجھاتے ہوئے کہا۔۔۔۔

نہیں ایمر یار اتنا تو میں سنگ دل نہیں ہوں جو اپنے ماضی کی وجہ سے ہما کے ساتھ کچھ بھی غلط کروں گا اتنا تو تم اپنے دوست پر یقین رکھو ہاں مگر یار کل کا پتہ نہیں مگر آج میں مرہا کو اپنے دل سے نکال نہیں پا رہا ہے۔۔۔۔۔

اور کل اس کی حالت دیکھنے کے بعد تو مجھے اور بھی عجیب سے خیالات نے گھیر رکھا ہے، کہیں نہ کہیں میں یہ سوچنے پر مجبور ہوں کہ کیا میرہا اپنی میرٹ لائف میں خوش ہے بھی یا نہیں۔ مگر پھر میں اپنے دل کو یہ سوچ کر اطمینان دے رہا ہوں کہ۔ جس طرح سے اس کا اکڑو شوہر اس کے لیے پوزیسو ہو رہا تھا اسے دیکھ کر تو ایسا لگتا ہے کہ وہ مرہا سے پیار کرتا ہے۔

اللہ کرے کہ میری یہ سوچ سچ ثابت ہو وہ جہاں بھی رہے خوش رہے۔ میں اپنی وجہ سے اس کی لائف میں کسی بھی طرح کی کمپلیکیشنز نہیں چاہتا۔ اسی

لیے میں نے شادی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ایک تو میں رومان سے پڑی ہوئی دوستی میں دراڑ کو پھر سے بھرنا چاہتا ہوں۔اور دوسرا اگر مرہا کے شوہر کے دماغ میں کوئی شک وشبہ ہو تو وہ ختم ہو جائے۔۔۔

۔میں نہیں چاہتا کہ میری وجہ سے اس معصوم لڑکی کی زندگی میں کوئی ہلچل پیدا ہو۔کیونکہ اس سب میں اس کی کوئی غلطی نہیں اسے تو یہ پتہ بھی نہیں کہ کوئی شخص اس کے ساتھ اپنی دنیا بسائے ہوئے تھا۔۔۔۔

کہتے ہوئے شاہ زیب کی آنکھیں نم ہوئیں تھی جس کو اس نے فوراً سے چھپا لیا مگر احمر اس کی نم آنکھیں دیکھ چکا تھا۔۔۔

شاہ زیب تم پریشان نہ ہو میں جانتا ہوں کہ تمہارے لیے یہ فیصلہ آسان نہیں تھا مگر مجھے پوری امید ہے کہ ڈاکٹر ہما ایک بہت اچھی ہمسفر ثابت ہو گی

اور آنے والے وقت میں تمہیں اپنے فیصلے پر بہت پراؤڈ فیل ہو گا۔احمر ڈاکٹر شاہ زیب کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کے تسلی بخش انداز میں بولا۔۔۔۔

اللہ کرے کہ ایسا ہی ہو ڈاکٹر شاہ زیب سنجیدہ مزاج سے بولا۔۔۔ چلو ٹھیک ہے یار پھر ایک کام کرتے ہیں آج رات کو گیدر نگ ارینج کرتے ہیں میرے گھر پر۔۔احمر نے ڈن کرنے والے انداز سے کہا۔۔۔۔۔

پہلے اس نواب سے تو پوچھو کہ وہ آنا چاہتا بھی ہے یا نہیں جب سے شادی ہوئی ہے اس نے تو رابطے ہی توڑ رکھے ہیں۔

۔ابھی تو سالے کی پسند سے شادی نہیں ہوئی۔بھابھی نے زبردستی کی ہے۔ اگر پسند کر کے کرتا تو لگتا ہے گھر کے اندر ہی بند ہو جاتا کبھی باہر ہی نہ آتا۔۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب نے ہنستے ہوئے رومان شاہ کا ذکر کیا تھا۔رومان شاہ کی بات کرتے ہی دونوں قہقہ لگا کر ہنسے تھے۔آخر رومان شاہ میں ان دونوں کی جان بستی تھی۔اس کے ہونے سے ان تینوں کی دوستی مکمل ہو جاتی تو اسے یہ کیسے بھول سکتے تھے۔۔۔۔۔۔

ooooooooo

رومان شاہ اور میرب کھانا کھانے کے فوراً بعد وہاں سے اپنے گھر کے لیے نکل آئے تھے مگر گاڑی میں بیٹھے ہوئے رومان شاہ کی نظریں اور زبان سے میرب کا شرماشرما کر برا حال ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔

۔میرب میری طرف دیکھو۔۔رومان شاہ کی بے باک نظروں سے تنگ آکر میرب نے اپنا رخ مرر کی جانب
کر کے بیٹھ گئی۔۔۔

میں نہیں دیکھوں گی۔کیوں نہیں دیکھو گی؟۔۔گاڑی چلاتے ہوئے ایک ہاتھ سٹیر نگ پر رکھے ہوئے اور دوسرے ہاتھ کو میرب کی ٹھوڑی پر رکھتے ہوئے اس کا رخ اپنی جانب کیا۔۔۔۔۔

کیونکہ شاہ آپ۔۔بہت۔۔۔میرب کہتے ہوئے رک گئی۔۔۔۔۔میں بہت رومینٹک ہوں مجھے پتہ ہے۔اس کے سوا اور کچھ تم میری ہستی کے بارے میں بتانا چاہو تو شوق سے بتا سکتی ہو مجھے بہت اچھا لگے گا۔رومان شاہ مسکرے انداز میں بولا۔۔۔۔۔

شاہ آپ کو پتہ ہے جب آپ مجھ سے ناراض رہتے تھے ناتب بہت اچھے تھے۔اب تو آپ اپنے لفظوں سے میرا آپ کی طرف دیکھنا تک محال کر

دیتے ہیں۔میرب شرم سے سرخ ہوتے ہوئے الفاظوں کو بامشکل بولی۔۔۔۔۔۔

جان شاہ اب اپنا جگرا تھوڑا تگڑا کرو جب رومان شاہ سے عشق کرنے کی ہمت کی ہے تو اس کی جنونی محبت اور بے باک لہجے کو بھی سہنے کا حوصلہ رکھو۔۔۔

۔شوخ لہجے سے کہتا ہوا اپنے ہاتھ کی پشت کی دو انگلیوں سے اس کی گال سہلا رہا تھا۔۔۔۔شاہ پلیز گاڑی سامنے دیکھ کر چلائیں۔رومان شاہ کے ہاتھوں کے لمس سے میرب کے پورے وجود میں سنسنی سی دوڑ گئی۔۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے پھر تم میرے سامنے میری گود میں آکر بیٹھ جاؤ میں گاڑی سامنے دیکھ کر چلالوں گا۔۔۔۔شاہ۔۔۔کچھ بھی بول دیتے ہیں آپ۔میرب نے شرماتے ہوئے اپنے منہ پر ہاتھ رکھ لیا۔۔۔

۔پلیز چپ کر کے گاڑی چلائیں۔اوکے فائن میری طرف دیکھو بالکل تنگ نہیں کروں گا۔ مگر میری ایک شرط ہے اب رومان شاہ کے دماغ میں ایک نئ طوفانی بات آئی۔۔۔

۔ٹھیک ہے آپ کی جو بھی شرط ہے میں ماننے کو تیار ہوں مگر شاہ پلیز اس کے بعد آپ پورا راستہ مجھے بالکل تنگ نہیں کریں گے۔میرب نے بنا رومان شاہ کی شرط کو سنے حامی بھر لی۔۔۔

ہاں ہاں میری جان میرا وعدہ ہے کہ میں پورا راستہ تمہیں بالکل تنگ نہیں کروں گا۔۔۔کیونکہ میری جان اس کے بعد تمہیں تنگ کرنے کی ضرورت ہی نہیں پیش آئے گی۔۔۔

۔وہ مسکرا سا منہ بناتے ہوئے ہنس کر بولا۔۔"مطلب۔۔میرب کو رومان شاہ کا مسکرا چہرہ دیکھ کر اندازہ ہونے لگا تھا کہ اس کے شاہ کے دماغ میں ضرور کوئی کھچڑی پک رہی ہے۔۔

۔مطلب یہ کہ مجھے ایک کس چاہیے تم دے دو تو میں پورے راستے تمہیں تنگ نہیں کروں گا جتنا بھی تنگ کرنا ہے پھر گھر جا کر ہی کروں گا۔۔پرومس اپنی
گردن پر ہاتھ رکھتے ہوئے وعدہ کر رہا تھا۔۔۔۔

۔جی نہیں شاہ ایسا کچھ بھی نہیں ہونے والا آپ چپ چاپ گاڑی چلائیں اور یہ سڑک ہے۔ہمارا بیڈ روم نہیں میرب شاہ کی اس شرط کو سننے کے بعد گھبرا اٹھی تھی۔۔۔۔۔

۔اب اسے اپنی غلطی کا احساس ہوا تھا کہ اس نے رومان شاہ کی شرط تو سنی نہیں اور جلدی بازی میں حامی بھر لی تھی۔۔۔۔۔

سوچ لو میرب رومان شاہ تم مجھے منع کر کے میری ضد کو بھڑکا رہی ہو گہری نظریں اس پر مرکوز کیے ہوئے بولا۔۔

۔شاہ پلیز اس طرح راستے میں تھوڑی ایسے کام کیے جاتے ہیں۔ میرب شاہ کی تیکھی نظروں سے ڈر کر سمجھانے کی بے جا کوشش کر رہی تھی۔۔

۔مگر وہ ٹھہرا رومان شاہ جس کی الٹی کھوپڑی میں اپنے سوا کسی کی بات نہیں گھس سکتی تھی۔اور میرب کے معاملے میں تو آج کل رومان شاہ کا دل بے لگام ہوا پھرتا تھا۔۔۔۔

۔ارد گرد نظریں دوڑا کر دیکھو یہاں پر بالکل بھی ٹریفک نہیں ہے۔۔اور دور دور تک کوئی نظر بھی نہیں آرہا ہے تم فضول کی مزاحمتیں کھڑی کر رہی ہوں۔۔

۔کیوں میرے رومینٹک موڑ کو تباہ کرنے پر تلی ہوئی ہو۔۔۔جان شاہ جب میں تمہیں اپنی قربت میں چاہوں، تو پلیز مجھے منع کر کے میری ضد کو طیش مت دیا کرو۔ کیونکہ ضد میں آکر تو رومان شاہ وہ کر جاتا ہے جس کو کرنے کے بارے میں وہ خود بھی نہیں سوچتا۔۔۔۔۔

۔میری جان مجھے کس چاہیے۔وہ بھی ابھی اور اسی وقت نہ کی گنجائش نہیں ہے۔شاہ سچ مچ ضد پر اتر آیا تھا۔۔۔

ٹھیک ہے آپ اپنی آنکھیں بند کریں میرب ہتھیار ڈالتے ہوئے من منائی ہوئی آواز میں بولی۔۔۔میری جان اگر چلتی ہوئی گاڑی میں آنکھیں بند کروں گا، تو گاڑی کیسے چلاؤں گا۔۔۔

ویسے بھی "آنکھیں بند کر کے کس کا مزہ کیا خاک آئے گا میرب کے پاس کوئی چارہ نہیں تھا سوائے رومان شاہ کی بات ماننے کے۔۔۔کیونکہ رومان شاہ کے تیور دو سیکنڈ میں ہی بدلنے لگے تھے۔۔۔

اور میرب رومان شاہ کا غصہ افورڈ نہیں کر سکتی تھی۔۔۔میرب نے بڑی مشکل اپنا چہرہ رومان شاہ کے قریب لے جاتے ہوئے۔شاہ کے گال پر اپنے لب رکھ کر معصوم سی کسی کر دی۔۔۔

۔رومان شاہ آنکھیں پھاڑے ہوئے حیرت سے میرب کا چہرہ پیچھے جاتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔وہ بڑی بہادری سے ننھی منی کس کر کے واپس اپنی جگہ پر براجمان ہو کر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔

چہرے پر تیور ایسے تھے جیسے بڑا ہی کوئی کارنامہ انجام دے چکی ہوں۔اور شرماہٹ ایسی تھی جیسے شاہ کے بے حد قریب اس کے باہوں کے گھیرے میں ہو۔

۔اب کیوں اس طرح میری طرف دیکھ رہے ہیں۔رومان شاہ کی پھٹی پھٹی نظریں دیکھ کر میرب نے حیرانی سے سوال کیا میرب یہ کیا تھا۔۔۔ایک ہاتھ سٹرنگ پہ رکھے ہوئے ایک آئی برو کو اٹھا کر حیرانی سے پوچھا۔۔

کیا مطلب شاہ کس تھی۔۔۔میرب نے شاہ کی حیرانی کو کم کرنے کے لیے فوراً سے بتایا۔۔۔کیا تھا۔۔۔شاہ نے دوبارہ سے کنفرم کرنا چاہا تھا کہ واقعہ ہی یہ کس تھی۔۔۔۔

۔شاہ بار بار مجھ سے نہیں بتایا جائے گا۔مجھے شرم آتی ہے۔۔میرب نے شرماتے ہوئے نظریں جھکالی۔۔۔۔

رومان شاہ۔۔۔۔۔شرم آنی بھی چاہیے اس بات پر نہیں کہ تم نے کس دی ہے۔۔بلکہ اس بات پر کہ جو تم نے مجھے دی ہے اسے کس تو بالکل نہیں کہہ سکتے ہیں۔۔۔

۔میں تمہیں چار پانچ سال کا چھوٹا سا بچہ لگتا ہوں جو تم مجھے ایسی چنی منی سی گال پر کس دے کر خوش کر لو گی۔۔۔۔شاہ کو اپنے موڈ کے مطابق کس نہ ملنے پر غصہ ہی آگیا تھا۔۔۔۔

اس نے تو میرب کی کس اپنے لپس پر سوچ رکھی تھی مگر یہاں تو میرب جی گال پر کس کر کے بہت آسان جتانے والے انداز میں بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔

۔شاہ پلیز ناراض مت ہوں میں گھر جا کر آپ کو آپ کی مرضی کے مطابق کس دے دوں گی۔۔۔میرب رومان شاہ کا خراب موڈ دیکھ کر جلدی سے بولی۔۔۔۔

تمہیں گھر جا کر اتنی زحمت کرنے کی ضرورت نہیں ہے، مجھے جو کچھ چاہیے ہو گا وہ میں خود لے سکتا ہوں، تم اپنا احسان اپنے پاس رکھو، رومینٹک موڑ کا بڑا غرق کر دیا ہے تم نے۔میرب کی سوچ سے کہیں زیادہ شاہ اس وقت بھڑک اٹھا تھا۔۔۔باقی کا سارا راستہ خاموشی میں کٹا کیونکہ میرب نے ایک

دو بار نظریں اٹھا کر شاہ کے جانب دیکھا۔ مگر وہاں پر سرد تاثرات دیکھ کر وہ بولنے کی ہمت نہیں جھٹلا پائی۔۔۔۔۔

oooooooo

۔میر پلیز سامنے سے ہٹیں مجھے تیار ہونے دے۔ مرہا ڈریسنگ مرر کے سامنے کھڑی ہوئی تیار ہو رہی تھی۔اور شامیر ڈریسنگ مرر کے ساتھ ایک لگائے ہوئے کھڑا اسے محبت بھری گہری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

۔ایک تو شاہ میر نے اسے پہلے ہی پینٹ کے ساتھ کرشرٹ پہنا کر اوپر لمبا کوٹ پہنا دیا تھا مرہا نے ایسی ڈریسنگ کبھی نہیں کی تھی اس لیے وہ پہلے ہی بہت انکمفرٹیبل فیل کر رہی تھی۔اوپر سے شاہ میر کب سے ڈریسنگ کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے کھڑا اس سے گہری نظروں سے دیکھے جا رہا تھا۔

مرہااس کی نظروں سے بہت کنفیوز ہو رہی تھی۔۔۔میری جان میں نے تمہیں تیار ہونے سے روکا تو نہیں ہے۔اگر یہ بندہ ناچیز کھڑا ہوا اپنی بیوی کو دیکھ کر دور سے اپنا دل خوش کر رہا ہے اس میں تمہارا کیا جاتا ہے۔۔۔۔

میری نظریں تمہارے حسن کا صدقہِ اتار رہے ہیں۔وہ بہکی ہوئی نظروں سے دیکھ کر خماری بھری لہجے میں بولتا ہوا اس کے قریب آرہا تھا۔مرہااس کے بڑھتے ہوئے قدموں کو دیکھ کر قدم پیچھے کی جانب اٹھانے لگی۔۔۔

شامیر نے آگے بڑھ کر اس کی کلائی کو مضبوطی سے تھام لیا۔جھٹکے سے اسے اپنی جانب کھینچتے ہوئے اس کی پشت کو اپنے سینے سے لگا کر اپنے لب اس کی نازک سے گردن پر رکھ کر ایک محبت بھرا لمس چھوڑا۔

۔۔مم۔۔میر نہیں۔۔شاہ میر کے یوں کلائی تھام کر کھینچتے ہوئے اسے اپنے ساتھ لگانے سے مرہا کے چہرے پر ڈر کے وہی تاثرات ظاہر ہونے لگے تھے۔۔۔

میرہا میری جان تم میری بیوی ہو، میری عزت میری محبت ہو، اب تو بات محبت سے بڑھ کر عشق کی گہرائیوں تک پہنچ چکی ہے، میری جان میری محبت کو اس درندے کی وحشت سے مت مشابہ دو۔۔۔۔۔

میں تمہارا محرم ہوں اور تم پر حق مجھے اس خدا نے دیا ہے۔ تمہیں چھوءنا تمہارے قریب آنا اور تم سے رشتہ بنانا اس سب کی اجازت مجھے ہمارا خدا دیتا ہے۔۔۔

نکاح کے تین بولوں کی اہمیت کو سمجھو پلیز میرہا ایک قدم میری جانب بڑھا کر تو دیکھو۔۔۔میں تمہیں اپنی محبت سے تھام لوگا۔ صرف ایک قدم میری

محبت کی دہلیز پر رکھو میں تمہیں اپنی چاہت کے تحت پر بٹھالوں گا۔ایک قدم میری جانب بڑھاؤ میں تمہیں اپنے اندر سمالوں گا۔۔۔

۔مگر جب تک تم پورے دل سے میری ہونے کے لیے تیار نہیں میں کوئی زور زبردستی نہیں کروں گا۔

۔میں نے تم سے شادی زبردستی کی مگر اس رشتے کو آگے بڑھانے کا فیصلہ تمہارا ہو گا۔میں محبت میں زبردستی کا قائل نہیں ہوں۔وہ مرہا کے ہاتھ کو چھوڑتے ہوئے دور ہوا۔۔

۔میر میں آپ کو ناراض نہیں کرنا چاہتے میں آپ کو کیسے بتاؤں کہ یہ ڈر مجھے آپ کی جانب قدم بڑھانے ہی نہیں دیتا۔میر ہانے بے چین ہو کر جاتے ہوئے شامیر کا ہاتھ تھام لیا۔۔۔

اس نے اپنی بات کو بڑے شرمندہ انداز کہا۔۔۔کہتے ہوئے اس کی آنکھوں سے بے اختیار آنسوں چھلک کر باہر آ گئے۔جو چیخ چیخ کر میرہا کے دل پر اور روح پر لگے ہوئے زخموں کی گواہی دے رہے تھے۔۔۔۔

۔میری جان صرف ایک بار تھوڑی سی ہمت کر کے میری محبت کی پناہوں میں آ کر تو دیکھو، تمہارے ہر درد کی دوا میری قربت ہے۔میری قربت تمہاری روح پر لگے ہوئے ہر زخم کو دھو دے گی، میری جان ایک بار تو اپنے شوہر پر اعتماد کر کے دیکھو۔۔۔۔۔۔

شاہ میر کی اس قدر محبت بھری میٹھی باتوں سے میرہا کا دل بھر آیا تھا روتے ہوئے معصوم بچوں کی طرح اس کے ہونٹ کانپ رہے تھے۔۔۔۔۔

وہ دل سے شامیر کی محبت کو سمجھ رہی تھی۔اسے شاہ میر کی آنکھوں میں اپنے لیے بے پناہ محبت نظر آرہی تھی مگر چاہ کر بھی اپنے ڈر سے جیت نہیں پارہی تھی۔۔۔۔۔۔

میری جان رو نہیں جب تک تم کمفرٹیبل نہیں ہو گی میں وعدہ کرتا ہوں میں تمہارے قریب نہیں آؤں گا۔۔۔آپ مجھ سے ناراض تو نہیں ہیں۔مرہا جو نہ تو اپنے ڈر سے پوری طرح سے جونچ پارہی تھی اور نہ ہی شاہ میر کو خود سے دور ہوتے دیکھ سکتی تھی۔۔۔

۔میں اپنی جان سے کبھی ناراض ہو ہی نہیں سکتا اس لیے اپنے دماغ سے اس طرح کی باتیں نکال دو۔خوش رہو میں تمہیں یہاں پر گھمانے کے لیے لے کر آیا ہوں۔

۔ہم لوگوں نے یہاں پر بہت سی اچھی یادیں اکٹھی کرنی ہے کل کو ہم اپنے بچوں کو دکھائیں گے کہ ان کے ممی پاپا کتنے رومینٹک ہوا کرتے تھے۔۔۔

بس پلیز تم اپنے سٹریس سے باہر آؤ اور انجوائے کرو۔۔۔بچوں والی بات پر مرہا شرما کر نظریں جھکائے بلش کر رہی تھی۔۔۔

ہائے صدقے جاؤں میرے ہونے والے بچوں کی ماں اتنی خوبصورت ہے میری زرا سی رومینٹک باتوں سے اتنا بلش کرتی ہے لگتا ہے کہ میرے بچے تو گلاب کے جیسے پنک ہی پیدا ہوں گے۔شاہ میر مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔چلو اب جلدی سے تیار ہو جاؤ ہم لوگوں کو نیلم ویلی کے لیے نکلنا ہے۔۔۔۔جس جگہ کا آپ نام بتا رہے ہیں وہاں پر کیا ہے دیکھنے کے لیے۔۔۔

۔مرہا کشمیر پہلی بار آئی تھی تو اس لیے اسے یہاں کے بارے میں کچھ زیادہ پتہ نہیں تھا۔۔۔ویسے تو یہاں پر بہت سے خوبصورت مقامات ہیں دیکھنے کے لیے کشمیر کو جنت کا ٹکڑا کہا جاتا ہے مگر یہاں کی مشہور جگہ میں سے ایک جگہ نیلم ویلی نیل نیلم ویلی کو آزاد کشمیر کی ایک مشہور ترین جگہ سمجھا جاتا ہے۔جو نہایت ہی خوبصورت اور دلکش ہے۔وادی نیلم اپنی خوبصورتی سے سیاحوں میں بہت مشہور ہے. ہر سال پاکستان اور بیرون ملک سے سیاح بڑی تعداد اس وادی میں گھومنے آتے ہیں۔۔یہاں پر گھوم پھر کر لوگ بہت سکون محسوس کرتے ہیں اور اپنا سارا اسٹریس بھول جاتے ہیں یہاں پر قدرت کے بہترین نظارے دیکھنے کو ملتے ہیں۔۔۔

۔میر کیا پہلے بھی یہاں پر آئے ہیں۔۔اس جگہ کے بارے میں اتنی جانکاری سن کر مرہا نے سوال کیا۔۔۔۔ہاں آیا تھا بہت پہلے کالج کے دنوں میں دوستوں کے ساتھ ایک دو بار آیا تھا۔۔۔۔

اس کے بعد مصروفیات اتنی زیادہ ہو گئی کہ کبھی اس طرح گھومنے پھرنے کا موقع ہی نہیں ملا، مگر یہ ٹور میری زندگی کا سب سے خوبصورت ترین ٹور ہو گا کیونکہ اس ٹور میں میری محبت میرے ساتھ ہے کہتے ہوئے شاہ میر نے بڑی محبت بھری نظر مرہا کے چہرے پر ڈالی وہ اپنے ہر انداز سے اسے اپنی محبت کا احساس دلانا چاہتا تھا جس میں کہیں نہ کہیں وہ آہستہ آہستہ کامیاب بھی ہوتا جا رہا ہے۔۔۔۔

شاہ میر کی باتیں مرہا کے دل کو چھونے لگی تھی،اب مرہا خود سے اپنے آپ کو میر کی محبت کے لیے تیار کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔یہ فرق پڑا تھا شاہ میر کے محبت اور کیر نگ انداز سے۔۔۔

ooooooooo

احمر آج نہیں تم کل کا پروگرام فکس کر لو میں آج نہیں آسکوں گا مجھے کچھ ضروری کام ہے۔۔۔۔کیوں آج تم نے کشمیر آزاد کروانے کے لیے جانا ہے رومان شاہ کے گیدرنگ میں نہ آنے کا سن کر احمر نے بھڑک کر کہا۔۔۔۔۔

تو یار اگر کل گیدرنگ کریں گے تو کون سا مسئلہ ہو جائے گا۔رومان شاہ اس وقت کہیں بھی جانے کے موڈ میں نہیں تھا۔۔کیونکہ اسے تو گھر جا کر میرب کے کسبل نکالنے تھے۔۔۔

اسے اپنی کس نہ ملنے کا کی وجہ سے بہت تب چڑھی ہوئی تھی۔راستے میں اس طرح احمر کا فون آنا کہ وہ تینوں گیدر نگ کے لیے اکٹھے ہو رہے ہیں، تو رومان شاہ کو یہ بات بالکل بھی اچھی نہیں لگی۔۔۔

۔اور رومان زیادہ شوخیاں دکھانے کی ضرورت نہیں ہے تم سے پوچھا نہیں گیا کہ تم گیدر نگ میں آرہے ہو یا نہیں میں نے صرف تمہیں بتانے کے لیے فون کیا ہے کہ تم آرہے ہو اور آنے کا مطلب ہے کہ تم ہر صورت آؤ گے۔اپنی باتوں کو کھینچتے ہوئے احمر نے کہا۔۔۔

۔ٹھیک ہے آجاؤں گا، ویسے بھی کون سا تم بغیر توں نہیں مان جانا ہے میرے کہنے سے، تم لوگوں کی ہمیشہ سے یہی گندی عادت رہی ہے کہ تم لوگ پوچھتے نہیں ہو، صرف فیصلہ مجھ پر تھوپتے ہو، اس لیے میرے لیے یہ کچھ شاکنگ بات نہیں ہے، تیاری رکھو کمینوں میں آدھے گھنٹے میں پہنچ رہا ہوں۔۔۔۔

رومان شاہ نے فل غصے میں بولتے ہوئے حامی بھری۔۔۔۔

احمر۔۔۔۔۔تھینک یو سو مچ تم کتنے اچھے دوست ہو قسم سے یار فوراً سے مان جاتے ہو۔چاہے تمہاری مرضی ہو یا نہ ہو احمر کو رومان شاہ کے آنے کی اس قدر خوشی تھی کہ اس کا غصے والا لہجہ بھی اس نے اگنور کر دیا۔۔۔۔۔۔

رومان شاہ۔۔۔۔۔لعنت ہے تم پر بعزتی کروا کر بھی تمہیں مزہ ہی آتا ہے احمر کے جوک پر رومان شاہ نے جواب دیا۔کہتے ہوئے رومان شاہ کی بھی ہنسی نکل گئی۔۔۔

کوئی بات نہیں ہمارے پنجابی یار کی فطرت ہے گالیاں دینااور دوستوں کو بعزت کرنااس لیے ہمیں نااس بات کی عادت ہو چکی ہے احمر نے قہقہہ لگا کر ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

۔جی نہیں میں میرے یاروں کی حرکتیں بھی ویسی ہیں گالیاں کھانے والی اور بعزت ہونے والی جیسے کہ اس وقت بنا پلان کے مجھے تم لوگ بلا رہے ہو، یار شادی شدہ بندہ ہوں میرے خود کے بھی کوئی پلان ہو سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔

۔رومان شاہ نے ایک نظر میرب کے چہرے پر ڈالی جو رومان شاہ کے غصے سے ڈری ہوئی چپ چاپ بیٹھی ہوئی تھی۔ہاں ہاں یار ہم نے کون سا تمہیں ساری رات اپنے پاس رکھنا ہے ایک ڈیڑھ گھنٹہ کی بات ہے اس کے بعد جو تمہارے پلان ہیں جا کر پورے کر لینا۔۔۔

۔احمر نے بات کو کچھ اور رنگ دے دیا تھا، اپنا منہ بند کرو ورنہ اکر ایسی چیپیڑے لگاؤں گا نا کہ تجھے واپس سے نشے میں ہونے والی فیلنگ آئے گی۔۔۔۔

۔مائیک اوپن تھا شاہ زیب اور احمر دونوں رومان شاہ کی بات سن کر قہقہ لگا کر ہنسے تھے اور رومان شاہ نے فون بند کر کے سامنے ڈیش بورڈ پر رکھ دیا۔۔۔

ooooooooo

میں ایک ڈیڑھ گھنٹے تک واپس آجاؤں گا اور خبر دار جو تم نے سونے کی کوشش بھی کی تو۔ میرب کو گاڑی سے اتار کر رومان شاہ سیدھا احمر اور شاہ زیب کے پاس جا رہا تھا مگر جاتے ہوئے میرب کو دھمکی دیکھ کر گیا کہ وہ اس کے آنے سے پہلے سو نہیں سکتی۔۔۔۔

۔شاہ اگر نیند آگئی تو اس میں تو میرا کوئی قصور نہیں ہے میرب جو ذہن میں پلان بنا رہی تھی کہ جیسے ہی شاہ اپنے دوستوں کی جانب جائے گا، تو وہ آرام فرمائے گی مگر اپنے پلان پر پانی پھرتے ہوئے دیکھ کر میرب نے من مناتے ہوئے کہا۔۔۔

۔نہیں میری جان اگر تمہیں نیند آگئی تو اس میں تمہارا کوئی قصور نہیں ہے اور پھر آکر جو میں تمہارا حشر کروں گا اس میں بھی میرا کوئی قصور نہیں ہو گا ۔۔۔وہ گہری نظروں سے دیکھتا ہوا سرد لہجے میں بولا۔۔۔

۔شاہ آپ بہت ظالم ہیں چھوٹی سی بات پر موڈ بنا لیتے ہیں میرب شاہ کی دھمکی کے جواب میں منہ بسورتی ہوئی بولی۔ تم میرے آنے سے پہلے سو کر دکھانا اس ظالم کا مطلب تو تمہیں میں آکر سمجھاؤں گا۔۔۔۔۔

۔اگر تم اپنی ناخیریت چاہتی ہو تو میرب سونامت میں بتا کر جا رہا ہوں پھر مت کہنا کہ میں نے تمہیں آگاہ نہیں کیا۔دھمکی دے کر آنکھوں پر گوگل لگاتے ہوئے گاڑی واپس گیٹ سے بیک کرتا ہوا نکل گیا۔۔۔۔مجھے تو نیند آ رہی ہے میں تو جا کے سوؤں گی جو بھی کرنا ہے کر لینا ہر وقت دھمکیاں دیتے رہتے ہیں اکڑو شاہ کہیں کے۔۔۔میرب شاہ کے جانے کے بعد اپنے منہ میں بڑھاتی ہوئی گھر کے اندر داخل ہوئی اس بات سے بے خبر کہ اوپر کھڑی ہوئی مہک ان کی آپس میں ہونے والی ساری بات چیت کو سن چکی تھی۔۔۔۔

oooooooooo

رومان اب تم دونوں آپس میں بالکل ٹھیک ہو جاؤ یار ایک چھوٹی سی غلط فہمی کو لے کر تم لوگوں نے ایک دوسرے سے دوری بنا رکھی ہے۔۔

جو کہ مجھے بالکل اچھی نہیں لگ رہی ہم آپس میں بیٹھ کر غلط فہمی کو دور بھی تو کر سکتے ہیں۔۔

احمر نے رومان شاہ اور ڈاکٹر شاہ زیب کے بیچ میں میرہا والی بات کو لے کر جو مس انڈر سٹینڈ نگ ہوئی تھی اس کے بارے میں بات کر رہا تھا۔۔

۔نہیں یار ایسی کوئی بات نہیں ہے میرے دل میں شاہ زیب کے لیے کچھ غلط نہیں ہے۔شاید اس وقت میں بھی کچھ زیادہ ہی ری ایکٹ کر گیا تھا۔۔۔۔

اب میرے دل میں کوئی بھی غلط فہمی نہیں ہے شاہ زیب کو لے کر بس پچھلے دنوں کچھ مصروفیات بہت زیادہ رہی جس کی وجہ سے میں تم لوگوں سے مل نہیں سکا۔۔۔

اور نہ ہی اس بات کو کلیئر کرنے کا مجھے موقع ملا۔تم بھی اس بات کو چھوڑ دو رومان شاہ نے تسلی بخش انداز سے کہا۔۔۔

۔تو ٹھیک ہے پھر اٹھ کر ایک دوسرے کو گلے لگاؤ۔۔۔ہاں ابھی لگا لیتے ہیں اس میں کون سی بڑی بات ہے رومان شاہ اور ڈاکٹر شاہ زیب ایک دوسرے کے گلے ملے اور احمرے بھی دونوں کے گرد اپنے بازو پھیلا کر دونوں کے گلے لگ گیا۔۔

۔تینوں دوست بہت دنوں بعد اکٹھے ہوئے تو وقت کا پتہ ہی نہیں چلا وہ پچھلے تین گھنٹے سے بیٹھے ہوئے آپس میں گپے مار رہے تھے۔۔۔

۔اب تو رومان شاہ کو بھی واپس جانا بھول چکا تھا باربی کیو کے مزے اڑاتے ہوئے ساتھ میں گپے ہانک رہے تھے تو وقت کا پتہ کیسے چلتا۔۔۔

۔میرے خیال سے اب مجھے چلنا چاہیے تمہاری بھابھی میرا انتظار کر رہی ہو گی میں صرف گھنٹے ڈیڑھ گھنٹے کا بول کر آیا تھا۔

۔اور کمینوں تم دونوں نے تو اتنا ٹائم لگا دیا ہے۔رومان کو اچانک سے خیال آیا تو وہ اپنا موبائل اٹھا کر جیب میں ڈالتے ہوئے اٹھ کھڑا ہوا گیا۔۔۔

۔ہاں بھئی جاؤ اب تو ہمارا یار شادی شدہ ہے ہو چکا ہے تو اس کے پاس ہمارے لیے ٹائم کم بچتا ہے عنقریب یہ صاحب بھی بیوی بچوں والے ہو جائیں گے بچہ میں بچارا اکیلا بنجارا۔۔احمر رومان شاہ کو جاتے ہوئے دیکھ کر مسکینوں والی شکل بنا کر بول رہا تھا۔۔

اپنی بکواس بند کرو تم بنجارے کا بھی بہت جلد حل نکال دیں گے کوئی ڈھونڈ لیں گے تمہارے لیے۔۔۔

۔فکر نہ کرو تمہیں چھڑا نہیں رہنے دیں گے شاہ زیب کہتے ہوئے ہنسا ۔۔۔۔۔۔۔۔ہاں یار بالکل بہت جلد ہمیں اس کا بھی بندوبست کرنا پڑے گا ورنہ یہ ایسی ہی مسکینوں والی شکل بنا کر روز پارٹیاں رکھے گا اور ہمیں ذلیل کیا کرے گا۔رومان شاہ نے ڈاکٹر شاہ زیب کی ہاں میں ہاں ملائی۔۔۔۔

۔اور شازیب میں تمہارے لیے دل سے بہت خوش ہوں ایک بار پھر سے رومان شاہ شاہ زیب کے گلے لگ کر مبارکباد دیکھتے ہوئے بولا۔۔تم نے ڈاکٹر

ہما کا پروپوزل ایکسپٹ کر کے بہت اچھا کیا اللہ تعالی تمہیں خوش رکھے اور تم دونوں ایک دوسرے کے لیے ایک اچھے ہمسفر ثابت ہو رومان شاہ کی دعا پر شاہ زیب اور احمر نے آمین کہا۔۔۔

رومان شاہ ان سے اجازت لیتا ہوا گاڑی میں بیٹھ کر گھر کی طرف نکل چکا تھا۔۔۔۔

○○○○○○○○○○

میر میں چیئر لفٹ میں نہیں بیٹھوں گی مجھے ڈر لگتا ہے۔۔ میر کی جان ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے تمہارا میر ہے نہ تمہارے ساتھ تمہاری حفاظت کرنے کے لیے۔ میرے ہوتے ہوئے تمہیں ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے شاہ میر نے مرہا کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کے بڑے محبت بھرے لہجے سے کہا۔۔۔۔۔

مگر میر میں نے اکثر فلموں میں دیکھا ہے کہ چیئر لفٹ ٹوٹ جاتی ہے تو پھر انسان کھائیوں میں گر جاتا ہے اور وہاں سے آپ کو کوئی بھی ڈھونڈ نہیں سکتا

۔میر ہانے اپنا معصوم سا ڈر شاہ میر کے گوش گزارا۔۔۔میری جان وہ سب فلموں میں ہوتا ہے وہ سب شوٹ کرنے کے لیے دکھایا جاتا ہے۔۔۔

۔یہاں پر بہت سکیورٹی ہوتی ہے چیئر لفٹس کو باقاعدہ چیک کیا جاتا ہے ان کی سروس کروائی جاتی ہے ایسے تھوڑی لوگوں کی جانوں کے ساتھ کھیلنے کے لیے یہ چیئر لفٹس لگائی ہیں۔۔۔۔۔

۔اور میری جان تھوڑا سا دل بڑا کرو اے سی پی شامیر ملک کی بیوی ہو تم۔۔۔۔اور تمہارا شوہر جو کسی چیز سے نہیں ڈرتا ہے۔۔

۔اور میری پیاری بیوی چھوٹی چھوٹی چیزوں سے ڈر جاتی ہے میری جان ڈرو مت میرے ساتھ بیٹھو کچھ بھی نہیں ہو گا۔دیکھو وہ سامنے دیکھو بچے بیٹھے ہوئے ہیں

وہ دیکھو کتنی لڑکیاں کے چیئر لفٹ کے اندر بیٹھی ہوئی ہیں۔۔۔۔

اور کتنا انجوائے کر رہی ہیں آپ لڑکیوں کی طرف مت دیکھیں انہوں نے کپڑے اچھے نہیں پہنے ہوئے۔۔۔۔

۔ہاہاشاہ میر نے ہلکا سا قہقہ لگایا کیونکہ وہ کافی ماڈرن لڑکیاں تھی۔ان کے کپڑے بھی کافی ٹائٹ تھے۔لڑکیاں کافی فیشن ایبل لگ رہی تھی۔۔۔

۔شامیر کو ہنسی ان پر نہیں اپنی معصوم چھوٹی سی بیوی کی جلسی پر آئی تھی۔

۔جو حکم آپ کہیں تم کہو تو میں اپنی آنکھیں بند کر کے ہی چیئر لفٹ میں بیٹھ جاتا ہوں، شاہ میر نے سینے پر ہاتھ رکھ کر تھوڑا سا سر کو جھکاتے ہوئے حکم بجا لانے والا سٹائل اپنایا تھا۔۔۔۔

۔جی نہیں اب میں نے ایسا بھی نہیں کہا کہ آپ آنکھیں بند کر لیں بس آپ اس طرح کی چیپ لڑکیوں کو نہیں دیکھیں گے۔ مرہا نے پہلی بار بڑے حق سے شاہ میر کو کسی چیز سے روکا تھا جو کہ شاہ میر کو بہت اچھا لگا۔۔۔۔۔

۔ٹھیک ہے ڈن تمہارا میر کسی بھی لڑکی کی طرف نہیں دیکھے گا چیئر لفٹ پر بیٹھتے ہوئے مرہا کا دل بہت گھبرا رہا تھا اس کے دل کی دھک دھک دھک میر کے کانوں تک آرہی تھی۔۔۔۔

۔وہ چیئر لفٹ میں بیٹھے ہوئے شاہ میر کے ساتھ چپکی ہوئی تھی شمیر نے ایک ہاتھ اس کے کاندھے سے گزارتے ہوئے دوسرے کاندھے پر رکھ کر اسے بالکل اپنے ساتھ میچ رکھا تھا۔۔۔۔

شاہ میر تو باہر کے نظارے دیکھ ہی نہیں پا رہا تھا کیونکہ اس کی نظریں تو آنکھیں بند کر کے سانس روکے ہوئے بیٹھی مرہا پر تھی۔۔۔

جواس کے سینے میں سر چھپائے خود کو محفوظ سمجھ رہی تھی۔ میرہا آنکھیں کھول کے دیکھو بھر کتنے خوبصورت نظارے ہیں یار ایسے کیا فائدہ ہے یہاں پر آنے کا اگر تم نے کچھ دیکھا ہی نہیں تو۔۔۔۔

۔ نہیں مجھے کچھ نہیں دیکھنا بس اب جلدی سے مجھے چیئر لفٹ سے اتاریں مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے۔۔۔

اوکے اوکے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے تم جس محفوظ مقام پر سر رکھے ہوئے ہو یہیں پر رکھے رہو۔

میرے خیال سے تو ہمیں چیئر لفٹ میں ہی رہنا چاہیے مجھے تو بہت اچھا لگ رہا ہے تمہارا اس قدر قریب ہونا میرہا نے شامیر کی بات پر شرما کر اس کے سینے

پر ایک مکہ جڑا۔۔۔افففف ظالم لڑکی شاہ میر نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔اب شوہر کے دیکھنے پر بھی پابندی عائد کروں گی۔۔۔

۔جی پابندی ہے۔آپ آرام سے باہر کے حسین نظارے دیکھے جو آپ مجھے دکھانا چاہتے تھے۔۔۔

تیرے چہرے سے نظر نہیں ہٹتی نظارے ہم کیا دیکھیں۔تجھے مل کر بھی"
"پیاس نہیں گھٹتی نظارے ہم کیا دیکھیں

۔شاہ میر نے اپنا چہرہ میرہا کہ بے حد قریب کرتے ہوئے سونگ کا بول گنگنایا۔۔۔شامیر نے اپنا چہرہ مرہ کے اس قدر اوپر جھکایا ہوا تھا کہ شاہ میر کی گرم گرم سانسیں مرہا کے ٹھنڈے ٹھنڈے چہرے سے ٹکرا رہی تھی۔۔۔

۔شاہ میر کی گرم سانسوں نے مرہا کے دل کو زوروں سے دھڑکنے پر مجبور کر دیا تھا۔ گرم سانسوں کی گرمی سے گھبراتے ہوئے مرہا نے شاہ میر کے سینے پر رکھے ہوئے اپنے ہاتھوں سے شاہ میر کی جیکٹ کو کس کے پکڑ لیا۔۔۔۔

۔اب شاہ میر کے لب مرحا کی خوبصورت گالوں کے اتنے قریب تھے تو بنا شرارت کیے تو واپس نہیں پلٹ سکتے تھے۔۔شامیر نے بے اختیاری میں اپنے لب اس کی گال پر رکھ کر زور سے کس کی۔م۔۔مم۔۔۔۔۔میر مت کریں کوئی دیکھ لے گا۔

۔تو دیکھ لینے تو کشمیر کی خوبصورت وادیوں میں رومینس کے لیے اپنی ذاتی بیوی ساتھ لایا ہوں۔۔اگر کوئی دیکھتا ہے تو بڑے شوق سے دیکھے۔کم سے کم لوگوں کو رومانس کرنے کے لیے نیا آئیڈیا ملیں گا۔

۔لوگوں کو پتہ ہونا چاہیے کہ چیئر لفٹ صرف ڈرنے کے لیے نہیں بلکہ رومینس کرنے کے لیے بے حد زبردست قسم کا پوائنٹ ہے۔ مرہا شمیر کی باتوں سے شرمائے ہوئے اس کے سینے کے ساتھ چپکی ہوئی تھی۔۔۔۔ جہاں مرہا شاہ میر کی گرم سانسوں سے خود کے دھڑکنوں کو بے ترتیب ہونے سے روک نہیں پا رہی تھی۔۔۔

۔وہیں شاہ میر بھی مرہا کی چھوٹی چھوٹی سانسیں جن کو اپنے سینے پر محسوس کر رہا تھا وہ سانسیں شاہ میر کے دل کی رفتار بھی بڑھانے کی بجا بن رہی تھی۔۔

۔شاہ میر نے مرہا کو کشمیر کی خوبصورت مناظر دکھائے وہاں کے ٹرڈیشنل کھانوں سے لطف اندوز کرایا۔ مرہا نیلم ویلی کی خوبصورت ندی کو دیکھ کر بہت خوب خوش تھی۔ مرہا نے وہاں پر بہت انجوائے کیا۔۔۔۔۔۔

۔اور خود سے شاہ میر کے ساتھ پکس بنا رہی تھی وہ بچوں کی طرح اچھل اچھل کر اپنی خوشی کا اظہار کر رہی تھی۔اس سارے دورانیہ میں شاہ میر بار بار اس کے کمر پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنے نزدیک کر کے ہی کھڑا ہوا تھا۔ مگر مرہا کے چہرے پر شاہ میر نے کہیں بھی اس ڈر کو محسوس نہیں کیا۔ وہ اس وقت بہت مطمئن ہو کر شاہ میر کے ساتھ چل رہی تھی۔ یہاں تک کہ جہاں وہ پانی یا اونچائی کو دیکھ کر تھوڑا ڈر جاتی تو جلدی سے شاہ میر کے ہاتھ کو تھام کر خود کو محفوظ کر لیتی۔

شاہ میر کے لیے یہ بات بے حد خوشی کا باعث تھی۔آج شامیر کو مرہا کے اندر کی وہ ڈری سہمی ہوئی بچی بہت خوش دکھائی دے رہی تھی۔۔۔۔۔

ooooooo

۔گھر کے اندر والے گیٹ پر مہک کب سے ادھر سے ادھر چکر لگا رہی تھی
۔ایسے لگ رہا تھا جیسے وہ کسی کا بڑی بے چینی کے ساتھ انتظار کر رہی
ہو۔۔۔۔

۔رومان شاہ نے جیسے ہی گھر کا دروازہ کھول کر اندر قدم رکھا تو مہک اسے
سامنے ہی واک کرتی ہوئی نظر آئی۔۔۔
۔رومان شاہ اسے نظر انداز کرتا ہوا پاس سے گزر رہا تھا۔۔۔

۔مہک کی توقع کے مطابق رومان شاہ اس سے اگنور کرتا ہوا گزرا تو مہک نے
آگے بڑھ کر تیزی سے جاتے ہوئے شاہ کا ہاتھ پکڑا۔۔۔

رومان شاہ۔۔۔یہ کیابد تمیزی ہے؟

مہک۔۔۔"شاہ یہ بد تمیزی نہیں ہے یہ میرا پیار ہے جو مجھے یہ سب کرنے پر مجبور کر رہا ہے"۔۔

رومان شاہ۔۔۔"مہک میری نظروں میں پہلے ہی تمہاری کوئی عزت نہیں ہے اب یہ سب کر کے کیوں مزید خود کی توہین کروا رہی ہو"۔۔۔رومان شاہ نے بہت سخت لہجے سے کہا۔۔۔

رومان شاہ نے جھٹک کر اپنا ہاتھ مہک کے ہاتھ سے چھڑا لیا۔"رومان کیوں تم مجھے اس طرح اگنور کر رہے ہو۔۔۔

۔پہلے تم مجھ سے بہت پیار کرتے تھے آج میں تم سے بہت پیار کرتی ہوں۔
مہک نے بات کرتے ہوئے ایک قدم شاہ کی جانب بڑھایا تھا۔شاہ نے اس سے دوری بنانے کے لیے دو قدم پیچھے کو بڑھا لیے۔۔۔۔

۔مہک مت خود کو اتنا گراؤ کہ ایک وقت آئے کہ تم خود کو پہچان ہی نہ سکو۔۔شرم وحیا ایک عورت کا گہنا ہوتا ہے۔

۔اپنا نہیں تو کب سے کم عورت ذات کی عزت کا ہی لحاظ کر لو، تم جو چوری چھپے مجھ سے ملنے کی موقع ڈھونڈتی رہتی ہو۔اس کے پیچھے تمہارا کیا مقصد چھپا ہے۔ تمہیں کیا لگتا ہے کہ میں بے وقوف ہوں مجھے سمجھ میں نہیں آتا

۔۔۔۔۔

۔میرے اور میری بیوی کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کرنا بند کرو تمہیں اس سے کوئی بھی فائدہ نہیں مل سکتا۔

۔مہک ایک بات تو تم میرے بارے میں بہت اچھی طرح سے جانتی ہو میں جس بھی رشتے کو چاہتا ہوں اس کو پورے دل سے نبھانا اپنا فرض سمجھتا ہوں

۔۔۔

۔جب میں تم میں انٹرسٹڈ تھا اس وقت تم نے صرف پیسے کو ترجیح دی اور آج بھی تم پیسے کو ہی ترجیح دے رہی ہو۔۔

۔تمہیں میری طرف میری دولت کھینچ کر لا رہی ہے اب تمہارے سامنے وہ بے وقوف رومیو نہیں کھڑا جس کو تمہارے مقصد سمجھ میں نہیں آتے تھے۔

۔آج تمہارے سامنے شہر کا چھٹا ہوا جانا مانا بزنس مین کھڑا ہے، جس کا واسطہ روز ہزاروں لوگوں سے پڑتا ہے اور ہزاروں لوگوں میں بہت سے چہرے تم جیسے ہوتے ہیں، جنہوں نے اپنے چہرے کو چھپانے کے لیے بہت سے پردے گرا رکھے ہوتے ہیں۔۔۔۔

۔مگر اب رومان شاہ کی نظر اتنا پرکھنا سیکھ گئی ہے کہ کیا کھرا سونا ہے اور کیا پیتل اس لیے تم مجھ پر اپنا ٹائم ویسٹ مت کرو تمہارے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں آنے والا۔۔۔۔۔

۔میری بیوی مجھ سے بے لوث بے حد محبت کرتی ہے اور اس کی محبت کے سامنے تم جیسی ہزاروں مہک بھی آکر ہمارے درمیان بد گمانیاں پیدا کرنے

کی کوشش کرے تو رومان شاہ چٹان بن کر سب بد گمانیوں کو چکنا چور کر دے گا۔۔۔۔۔

۔رومان شاہ نے الفاظ اتنے کڑوے انداز سے بولے تھے کہ کوئی بھی غیرت مند لڑکی ہوتی تو شاید ڈوب مرتی ہے مگر یہ تو مہک تھی۔۔۔

۔مہک کو جب کوئی چیز حاصل کرنی ہوتی ہے تو اس وقت تو نہ اسے اپنے گھر والوں کی عزت کی پرواہ ہوتی ہے اور نہ اپنی عزت کی۔اس وقت بھی وہ یہی کر رہی تھی۔۔رومان شاہ کی اتنی کڑوی باتیں سننے کے باوجود وہ اپنی بات سے ٹس سے مس نہیں ہوئی۔۔۔

رومیو تم میری بات کا یقین کیوں نہیں کرتے مجھے تمہاری دولت سے نہیں تم سے محبت ہے رومیو دولت تو مجھے شادی کر کے مل گئی تھی۔

اگر نہیں ملا تو وہ پیار تھا جو مجھے صرف تم دے سکتے ہو مجھے پتہ ہے کہ میرا ماضی ایسا رہا ہے کہ تم مجھ پر یقین نہیں کر پا رہے مگر یہی سچ ہے کہ میں اب تم سے بہت محبت کرتی ہوں۔۔

۔تم چاہو تو مجھ سے قسم لے لو مجھے تمہاری دولت سے کوئی غرض نہیں مجھے تم چاہیے ہو رومیو میں تمہاری محبت کو نہیں بھول پا رہی پلیز میرا ہاتھ تھام لو۔

۔رومان تم ایک بار بیٹھ کر میری بات سنو میں تمہیں میرب کو چھوڑنے کے لیے تھوڑا کہہ رہی ہوں۔ تم میرب کو رکھو اپنے ساتھ۔

۔مگر رومان ہماری اس محبت کو یاد کرو جو تم سے صرف مجھ سے کرتے تھے میرب سے تمہارا زبردستی کا رشتہ جوڑا ہے مگر رومان تمہارا اور میرا دل کا رشتہ ہے بچپن سے تم نے مجھے پیار کیا ہے۔

۔میں مانتی ہوں کہ میری غلطی ہے کہ میں اس وقت تمہارے پیار کو پہچان نہیں سکی تو ٹھیک ہے نا میری غلطی کی سزا مجھے خدا نے دے دی ہے۔۔۔

۔پلیز میں تمہارے آگے ہاتھ جوڑتی ہوں مجھے ایک موقع دو میں تمہیں وہ مہک بن کر دکھاؤں گی۔ جیسی مہک تم ہمیشہ چاہتے تھے۔ مہک باتیں کرتی ہوئی رومان شاہ کے قریب آگئی تھی۔۔

۔ہاتھ جوڑتے ہوئے اب وہ رومان شاہ کے سینے پر اپنے ہاتھ رکھنا چاہتی تھی رومان شاہ کے وجہہ پر سنیلٹی خوبصورتی اور بھرپور مردانگی مہک کو اپنی طرف کھینچ رہی تھی۔۔۔

۔تمہیں سمجھانا مطلب پتھر کے ساتھ اپنا سر پھوڑنا ہے۔رومان شاہ مہک کے ہاتھ کو جھٹکتے ہوئے پیچھے ہوا۔جو اس کے سینے پر رکھنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔

۔اور غصے سے بڑے بڑے قدم اٹھاتا اپنے روم کی جانب بڑھ گیا مہک نے پیچھے سے روتے ہوئے مدھم سی آواز میں دو تین بار پکارا مگر رومان شاہ بنا پلٹے چلتا ہی گیا۔

oooooooooo

رومان شاہ روم کے اندر داخل ہوا تو مدھم سی روشنی نے اس کا استقبال کیا میرب کروٹ لے کر کمبل اوڑھے ہوئے لیٹی تھی۔۔۔۔

۔رومان شاہ مہک کی بے تکی باتوں کی وجہ سے اس وقت اتنے غصے میں تھا کہ میرب کو سویا ہوا دیکھ کے اس نے اللہ کا شکر ادا کیا۔

۔کیونکہ رومان شاہ اپنا غصے والا موڈ میرب کو نہیں دکھانا چاہتا تھا۔وہ صوفے پر بیٹھا ہوا اپنے شوز اتار کر اب اپنے موزے شوز کے اندر رکھ رہا تھا۔۔

اپنے موڈ کو لائٹ کرنے کے لیے رومان شاہ الماری سے اپنا نائٹ سوٹ نکال کر واش روم کے سامنے رکھی ہوئی چپلیں پہنتے ہوئے واش روم میں چلا گیا۔۔

ooooooooo

شاہ آپ میرے ہیں صرف اور صرف میرے۔ مہک اگر آپ کو مجھ سے چھیننا چاہتی ہے تو میں اسے اس کے مقصد میں کبھی کامیاب نہیں ہونے دوں گی میرب نے بھیگی پلکوں سے آنسوں صاف کرتے ہو سوچا۔۔۔

میرب جو کچن سے پانی لینے کی غرض سے جا رہی تھی اسی وقت رومان شاہ اور مہک کے بیچ ہوئی ساری باتیں وہ سن چکی تھی۔

۔حالانکہ اس نے دیکھا تھا کہ رومان شاہ نے اسے منہ توڑ جواب دیا ہے مگر پھر بھی میرب کا دل بہت دکھ ہوا تھا، اسی لیے وہ رومان شاہ کے آنے سے پہلے کمبل میں لیٹ گئی، کیونکہ وہ اپنے آنسوں رومان شاہ پر ظاہر نہیں کرنا چاہتی۔۔۔۔

رومان شاہ فریش ہو کر اپنے غصے کو کافی حد تک کم کرنے کے بعد ٹاول سے سر کو رگڑتے ہوئے باہر آیا وائٹ کلر کا ٹراؤزر پہنے ہوئے گلے میں ٹاول ڈال رکھا تھا۔۔۔۔

۔وہ ڈریسنگ کے سامنے کھڑا ہو کر سر خشک کرنے کے ساتھ اپنی نظریں بیڈ پر کمپل میں دبک کر لیٹی ہوئی میرب پر رکھے ہوئے تھا۔
۔میرب جو سونے کی بھرپور ایکٹنگ کر رہی تھی اس کی نظر رومان شاہ کے کسرتی سینے پر پڑی جس پر ابھی تک پانی کے قطرے کھڑے تھے۔

۔میرب کی نظر جیسے ہی رومان شاہ کے کسرتی جسم پر گئی فوراً اس نے کمبل اپنے منہ پر کھینچتے ہوئے شرم سے سانس روک لی۔
۔میری ڈرامہ کوائن اٹھ جاؤ کیونکہ میں تمہیں دیکھ چکا ہوں کہ تم جاگ رہے ہو، رومان نے مرر میں دیکھتے ہوئے ہی کہا۔۔۔۔

۔دیکھ چکے ہیں تو دیکھتے رہیں کم سے کم روم میں آتے ہوئے کپڑے تو پہن لیا کریں، میرب نے کمبل کے اندر سے آواز دی، کیونکہ رومان شاہ کا قصرتی جسم دیکھ کر میرب کا دل زور و شور و سے دھڑکنا شروع کر چکا تھا۔۔۔۔

۔پہلی بات تو یہ کہ میں نے کپڑے پہن رکھے ہیں اور دوسری بات اگر میں بنا کپڑوں کے بھی آجاؤں تو مجھے تو نہیں لگتا کہ اس میں کچھ غلط ہے کہ روم میں میری ایک عدد بیوی کے سوا اور کوئی نہیں ہے۔۔۔۔

رومان شاہ ہنستے ہوئے ٹاول کو صوفے پر پھینکتے ہوئے میرب کی جانب قدم بڑھانے لگا۔۔شاہ پلیز پہلے جا کر شرٹ پہنے، شاہ نے میرب کے منہ سے کمبل ہٹایا تو میر نے شرما کر اپنے چہرے پر ہاتھ رکھ لیے۔۔۔۔

۔اپنی بیوی کے پاس آنے سے پہلے میں شرٹ پہن کر آؤں، ماشاءاللہ کافی پردہ نشین خیالات ہیں تمہارے، میری جان بیوی کے پاس آنے سے پہلے شرٹ کو پہنا نہیں جاتا اتارا جاتا ہے۔۔۔

۔رومان شاہ کمبل کا کونا اٹھا کر میرب کے کمبل کے اندر گھس چکا تھا۔۔شاہ پلیز شرٹ۔۔۔ شششش چپ چاپ لیٹی رہو ورنہ تمہاری شرٹ کو بھی وقت سے پہلے غائب کر دوں گا اگر دوبارہ مجھے شرٹ پہننے والی بات کہی تو اس کے لبوں پر انگلی رکھ کر۔اس کی بات کو بیچ میں ہی کاٹتے ہوئے، اتنی بے باقی سے بولا کہ میرب کا منہ کھلے کا کھلا ہی رہ گیا۔

میرب کے خوبصورت مخملی کھلے ہونٹوں کو دیکھ کر شاہ کا دل بے ایمان ہونے لگا تھا۔وہ گہری نظروں سے میرب کے مخملی ہونٹوں کو دیکھتے ہوئے شاہ بے اختیار میرب کے لبوں پر جھک گیا۔۔۔

۔وہ میرب کے سر کے پیچھے سے ہاتھ رکھتے ہوئے اپنے آتشی سلگتے ہوئے لب میرب کے مخملی ہونٹوں پر رکھ کر بڑی شدت سے اس کے مخملی ہونٹوں کو اپنے آتشی لبوں کی قید میں لے گیا۔۔

یہ سب شاہ نے اتنا اچانک سے کیا کہ میرب کو سنبھلنے کا موقع تک نہیں ملا۔ شاہ کے اس اچانک وار سے میرب پوری طرح سے پھڑ پھڑائی مگر وہ معصوم جان یہ بھول گئی تھی، کہ اس وقت وہ پہاڑ جیسے آتشی رومان شاہ کی پکڑ میں آچکی ہے تو پھڑ پھڑانے سے کچھ فائدہ حاصل نہیں ہونے والا۔۔۔

اس کی پھڑ پھڑاہٹ کو شاہ پوری طرح سے روکتے ہوئے اس پر قابض ہو رہا تھا اس کی ٹانگوں کو اپنے ٹانگوں سے پن کر کے ٹانگوں کو اپنی جگہ پر ساکت کر چکا تھا۔

ایک ہاتھ اس کے سر کے نیچے اور دوسرے ہاتھ سے میرب کا ہاتھ پکڑے ہوئے اوپر کی طرف کو پن کر کے اس کی نازک سی انگلیوں میں اپنی سخت مردانہ انگلیاں پھسا کر اسے پوری طرح سے بے بس کر کر کے، اس کے لبوں کی نمی کو بڑی شدت سے پیتے ہوئے مدہوش سا ہو رہا تھا۔۔۔۔

اس کے مخملی ہونٹوں کی نمی کو کچھ اس انداز سے اپنے اندر انڈیل رہا تھا جیسے صدیوں سے پیاسا ہو وہ اتنی شدت سے ہونٹوں کی نمی کو پی رہا تھا کہ میرب کا سانس لینا مشکل ہو گیا۔

مگر شاہ نے اسے کچھ اس طرح سے جکڑ رکھا تھا کہ وہ اپنی جگہ سے ہل بھی نہیں پا رہی تھی۔۔۔

۔جب تھوڑا سا شاہ کو اس کے مخملی ہونٹوں کی نمی پینے کے بعد صبر آیا تو وہ اپنی پھولی ہوئی سانسیں لیے ہوئے اپنا چہرہ اوپر اٹھا کر میرب کے چہرے کی جانب دیکھا۔۔۔

۔جو شاہ کی شدت بھری کس سے اکھڑی ہوئی سانسیں لیے لیٹی تھی اس کی آنکھوں میں نمی اتر آئی تھی۔

سوری مائی بیوٹی فل وائف اب کسی نشا آور کو نشے کی طلب ہو رہی ہو اور پورے ایک دن کے بعد اسے نشہ دستیاب ہو تو اس کا حشر میرے جیسا ہی ہو گا۔۔۔

رومان شاہ کو اپنے کیے پر کوئی شرمندگی نہیں تھی میرب نے تھوڑی سی آزادی پاتے ہی مکہ شاہ کے سینے پر برسا دیا۔۔

۔شاہ کے منہ سے آہ کی آواز نکلی، درد سے نہیں مسکرے پن سے۔۔۔ظالم لڑکی ایک کس لینے پر کوئی اتنی زور سے مکہ مارتا ہے شاہ مصنوعی درد دکھاتے ہوئے اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر بولا۔۔۔۔

آپ مجھے پہلے یہ بتائیں کہ آپ نے کہا تھا کہ آپ ایک ڈیڑھ گھنٹے تک آجائیں گے ،اور پورے چار گھنٹے کے بعد آپ واپس گھر آئے ہیں۔۔۔

مجھے تو دھمکی دے کر گئے تھے کہ اگر میں سوئی تو آپ میرا برا حشر کریں گے اب آپ کے لیے کون سی سزا ہے وہ بھی بتا دیجیے میرب شاہ کے چہرے کی جانب دیکھتی ہوئی غصے سے بولی۔۔۔

۔میری جان میرے لیے بھی وہی سزا ہے جو تمہارے لیے تھی اب تم میرا برا حشر کرو میں تو فل تیار ہوں اپنا حشر برا کروانے کے لیے شاہ بازو پھیلا کر بیڈ پر لیٹ گیا۔۔۔۔

شاہ آپ کو پتہ ہے کہ آپ بہت نہیں بہت۔۔۔۔زیادہ بے شرم ہے میرب شاہ کے الفاظوں سے گھبراتی ہوئی بیڈ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

۔میری ان رومینٹک بیوی اس کو بے شرمی نہیں رومینس کہتے ہیں اتنی موٹی موٹی کتابیں پڑی ہیں تم نے مگر اس چھوٹے سے لفظ کا مطلب تمہیں سمجھ میں کیوں نہیں آتا۔

،رومان شاہ مسکراسا چہرہ بنا کر شوخ لہجے سے بولا اور بیڈ سے اٹھتا ہوا میرب کی جانب آرہا تھا۔۔۔۔

شاہ اگر آپ لیٹ آئے ہیں تو آپ کی سزا میں تجویز کروں گی اور آپ کی سزا یہ ہے کہ آپ چپ چاپ سو جائیں اور مجھے تنگ مت کریں، میرب شاہ کے اپنی جانب اٹھتے ہوئے قدموں کو دیکھ کر تیزی سے بولی۔۔۔۔

۔میری جان ابھی تک تم نے اپنے شاہ کو اچھی طرح سے سمجھا نہیں اتنا شریف نہیں ہوں میں جو تمہاری ایسی سزا کو قبول کر کے چپ چاپ لیٹ جاؤں گا۔۔

۔سزا دینی ہے تو ڈھنگ کی دو جیسی سزا میں تمہارے لیے تجویز کرتا ہوں یہ بے ایمانی والا کام مت کرو وہ کہتے ہوئے میرب کی جانب بڑھا۔میرب شاہ کے تیور دیکھ کر خود کو بچانے کے لیے بھاگتی ہوئی بیڈ کی دوسری جانب جا رکی تھی۔۔۔۔

۔رومان شاہ کی بڑی تائی کی چیخیں اور مہک کی درد سے رونے کی آوازیں انتہائی ماتم کا ماحول بن گیا تھا۔رومان شاہ کے تایا کی ڈیڈ باڈی کو گھر لے کر آیا گیا اور ان کی تدفین کا انتظام کر کے انہیں سپرد خاک کر دیا۔۔۔

۔گھر میں اس وقت بہت افسردہ ماحول تھا رومان شاید اس وقت ان سب کو دلاسہ دینے کے سوا کچھ نہیں کر سکتا تھا۔رومان شاہ کو ایک آدھے دن میں ترکی کے لیے بھی نکلنا تھا اوپر سے میرب کی حالت بھی بہت سینسٹو تھی روان شاہ کو خود بھی سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ اسے کیا کرنا چاہیے۔۔۔۔

ooooo

ہاں بھئی شامیر یہ تم نے بہت اچھا فیصلہ کیا ہے جو تم مرہا کو اپنے ساتھ لے کر جا رہے ہو آخر بھائی تمہارے بنا بچی گھر میں اکیلی بور ہو جاتی۔

۔ملک زبیر ناشتے کی ٹیبل پر بیٹھے ہوئے ناشتہ کرنے کے ساتھ ساتھ بہت خوش ہو کر شاہ میر سے کہہ رہے تھے۔

۔جب کہ شاہ میر کی ماں کا چہرہ تھوڑا اترا ہوا تھا اپنے بہو اور بیٹے کے جانے سے وہ اپنے مگ میں چائے انڈیلتے ہوئے چپ چاپ افسردہ سا چہرہ بنا کر بیٹھی ہوئی تھی۔

۔ماما آپ کچھ نہیں بول رہی کیا بات ہے آپ ہمارے جانے سے خوش نہیں ہیں کیا۔ شاہ میر نے ٹوس اپنے منہ میں ڈالتے ہوئے چائے کا سپ لے کر اپنی ماں کے افسردہ چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔

۔ نہیں بیٹا میں تم دونوں کے ایک ساتھ جانے سے بہت خوش ہوں مگر تم دونوں کے چلے جانے سے میرے گھر سے رونق ختم ہو جائے گی۔ شاہ میر کی ماں کی آنکھوں میں آنسوں آ گئے۔

۔اومیری پیاری ماما آپ پریشان نہ ہوں میں اپنی پیاری ماما کو روز فون کیا کروں گا اور جب میری ماما کا حکم ہو گا میں
ملنے آجایا کروں گا۔ آپ کی آنکھوں میں آنسو مجھے بہت تکلیف دیتے ہیں۔

۔ماما آپ تو میری اس روٹین سے ہمیشہ سے واقف تھی کہ آپ کے بیٹے کو کبھی بھی کہیں پر بھی ٹرانسفر ہو کر جانا پڑ سکتا ہے۔

۔شاہ میر اپنی کرسی سے اٹھ کر اپنی ماں کی جانب چلتا ہوا آیا وہ کرسی کی پشت پر کھڑا ہو کر اپنی ماں کے گلے میں ماہ ڈال کر اپنی ماں کے سر پر پیار سے بوسہ دیتے ہوئے بولا تھا۔

۔بھائی اب تم میری بیگم کو رلانے کے بعد مسکے مت لگاؤ۔ملک زبیر نے اپنی بیگم کو دلاسا دیتے ہوئے شاہ میر کی ٹانگ کھینچی تھی۔

۔جی نہیں میں اپنی ماما کو مسکے نہیں لگا رہا میری ماما کا جو حکم ہو گا میں وہی کروں گا اگر میری ماما چاہتی ہیں کہ میں یہ ٹرانسفر رکوا دوں تو ٹھیک ہے میں ان

غریب لوگوں کو منع کر دیتا ہوں اور کہہ دیتا ہوں کہ بھئی میں اپنی ماما کی آنکھوں میں آنسوں نہیں دیکھ سکتا۔

۔بتائے میری ماما کا کیا حکم ہے شاہ میر اپنی ماما کے حکم کے اگے سر جھکا دے گا۔وہ اب بھی اپنی ماں کے گلے میں باہیں ڈالے ہوئے وہ کھڑا پوچھ رہا تھا۔

نہیں بیٹا تم جاؤ اللہ تعالی تمہیں کامیاب کرے اور تم ان لوگوں کو انصاف دلانے میں کامیاب رہو بس میں کیا کروں ایک ماں ہوں بیٹے کے جانے سے ماں کا دل جتنا مرضی مضبوط ہو دکھی تو ہو ہی جاتا ہے۔

۔اور اب تو تم میری بہو کو بھی ساتھ لے کر جا رہے ہو تو بس تھوڑا سا میرا دل بھر آیا تھا مگر تم بے فکر ہو کر جاؤ وہ اپنے بیٹے کی گال تھپتھپاتے ہوئے پیار سے بولی۔

۔پکاب آپ روئیں گی تو نہیں نا۔ شاہ میر اپنا چہرہ آگے کی جانب جھکا کر اپنی موم کے چہرے کی جانب دیکھتا ہوا بولا۔

۔پکاب میں بالکل نہیں روؤں گی تم دونوں بے فکر ہو کر خوشی خوشی جاؤ۔ وہ مسکراتے ہوئے کہہ رہی تھی۔

۔مرہا چپ چاپ بیٹھی ہوئی سب کچھ دیکھ رہی تھی کہیں نہ کہیں اسے بھی یوں گھر سے جانے کا دکھ تھا اسے پتہ تھا کہ شاہ میر کی ماما ایک دم سے کیلی ہو جائیں گی مگر وہ اپنے دل کا کیا کرتی جو شاہ میر کے بنا رہنے کو تیار نہیں تھا۔

۔اسے تو خود یہ احساس پہلی بار اتنی شدت سے ہوا تھا کہ شاہ میر اس کی زندگی میں کیا مقام رکھتا ہے شامیر کے جانے کے نام سے جس طرح سے مرہا کا دل

تڑپا تھا اس تڑپ نے مرہا پر بہت کچھ واضح کر دیا تھا جس کو بہت جلد وہ اپنی میر پر عیاں کرنے والی تھی۔

اب سب مل کر ناشتہ کرتے ہوئے آپس میں جانے کے بارے میں باتیں کر رہے تھے۔

oooooooo

۔میرب۔۔۔۔جی۔۔میری جان اٹھنے کا ارادہ نہیں ہے آج کیا۔میرب گھر کے ماحول اور کچھ اپنی تبیعت کو لے کر کافی نڈھال سی تھی۔

۔اب صبح وہ اکثر رومان شاہ کے اٹھانے پر ہی اٹھتی تھی گھر کا ماحول ایک دم سے ایسے ہو گیا تھا کہ وہ اپنی خوشی کو بھی اچھی طرح سے سیلیبریٹ نہیں کر سکے تھے۔

۔کچھ دن تو افسوس کے لیے آنے والے لوگوں کی وجہ سے گھر میں کافی آنا جانا لگا رہا۔ جس کی وجہ سے رومان شاہ میرب پر بھی اچھی طرح سے توجہ نہیں دے سکا تھا۔

۔آج بھی رومان شاہ اٹھ کر فجر کی نماز پڑھنے کے بعد میرب کو اٹھا رہا تھا جو کافی نڈھال سے طبیعت لیے ہوئے لیٹی ہوئی تھی۔

۔شاہ نماز میں کتنا وقت باقی رہ گیا ہے مجھ سے اٹھا نہیں جا رہا میرے سر میں درد ہو رہا ہے۔

۔میرب نے رومان شاہ کے اٹھانے پر لیٹے ہوئے مدھم سی آواز میں کہا

رومان شاہ اس کے پاس بیٹھا ہوا اس کے بالوں میں اپنی انگلیاں پھیرتے ہوئے بڑی محبت بھری نظروں سے اس کے نازک سے وجود کو دیکھ رہا تھا۔

اس کے لبوں تلے مسکراہٹ آئی تھی یہ سوچ کر کہ اس کے نازک سے وجود میں اس کا بچہ پرورش پا رہا ہے۔

۔میرب کی طبیعت پہلے سے بہت چینج تھی ایک تو کھانے کے بعد آنے والی ابکائیوں نے اس کے ناک میں دم کر رکھا تھا۔

۔کچھ بھی کھایا پیا اسے ہضم نہیں ہوتا تھا اور کچھ کھانے کو خاص اس کا دل بھی نہیں کرتا تھا۔۔۔شاہ بتائیں نا نماز میں کتنا ٹائم رہ گیا ہے رومان شاہ کا جواب نہ پا کر میرب نے دوبارہ سے پوچھا رومان شاہ جو اپنی سوچ میں گم تھا۔

۔میری جان نماز میں بہت کم ٹائم رہ گیا ہے تم اٹھ کر نماز پڑھ لو اس کے بعد آرام کر لینا۔اس کے ماتھے پر لب رکھ کر عقیدت سے چومتے ہوئے کہا۔

۔شاہ میری طبیعت کب تک ایسی
رہے گی، میرب نے بیزار سا منہ بناتے ہوئے کہا۔

۔میری جان پہلی بات تو میں بھی پہلی بار ہی پاپا بن رہا ہوں، اس لیے مجھے آئیڈیا نہیں ہے کہ کب تک تمہاری طبیعت ایسی رہے گی، مجھے تو اتنا پتہ ہے کہ اس سارے پروسیجر میں ہمارے پیارے بیٹے یا بیٹی کو آنے کے لیے نو ماہ کا وقت چاہیے۔۔۔

۔اس سے زیادہ کے بارے میں ہم ڈاکٹر سے چل کر پوچھیں گے یا پھر امی جان ہمیں اچھا گائیڈ کر سکتے ہیں۔وہ میرب کے سوال پر ہنستا ہوا بولا تھا۔

ویسے بھی میری جان ابھی تو بامشکل دس دن بھی نہیں گزرے اور میری جان اکتا گئی ہے ابھی تو نو ماہ ہمارے شہزادے یا شہزادی نے آپ کو تنگ کرنا ہے۔

۔رومان شاہ نے مسکراتے ہوئے میرب کا سر گود میں رکھتے ہوئے کہا۔شاہ آپ کو ہنسی آرہی ہے میری حالت پر میرب میں منہ پھلاتے ہوئے کہا۔

۔نہیں میری جان میں کب ہنس رہا ہوں شاہ نے اپنی ہنسی کو بامشکل روکتے ہوئے کہا۔

۔شاہ مجھ سے کچھ کھایا نہیں جاتا مجھے بھوک لگتی ہے مگر مجھے کچھ بھی اچھا نہیں لگتا۔ چیزوں کی سمیل سے میرا دل خراب ہونے لگتا ہے۔

میرب اس وقت اپنا دکھ رومان شاہ سے شیئر کر رہی تھی۔ چلو ہم ڈاکٹر کے پاس چلیں گے نیکسٹ وزٹ پر تو ان سے پوچھیں گے کہ ایسا کیوں ہوتا ہے اور اس کا کیا علاج ہے۔۔

۔رومان شاہ نے تسلی دیتے ہوئے کہا۔ چلو ابھی تم اٹھ کر فجر کی نماز پڑھ لو ورنہ قضا ہو جائے گی۔

۔میرب نے بامشکل اپنے نڈھال سے جسم کو اٹھایا اور بیڈ سے اتر کر چپلیں پہنتی ہوئی کچھ دیر بیڈ پر بیٹھی رہی۔

۔اس کے بعد اٹھ کر وضو کے
لیے چلی گئی رومان شاہ گہری سوچ سوچتے ہوئے بیٹھ کے کراؤن سے سر
لگائے ہوئے تھا۔

۔اسے آج ہر صورت ترکی کے لیے نکلنا تھا فلائٹ بھی کنفرم ہو چکی تھی بس
رومان شاہ کی میرب کو بتانے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی۔

۔اوپر سے میرب کی جس طرح کی نڈھال سی کنڈیشن تھی وہ خود بھی چھوڑ
کر میرب کو چھوڑ کر جانا نہیں جا رہا تھا مگر دلاور کے کہنے کے مطابق رومان
شاہ کا ایک دفعہ جانا بے حد ضروری تھا کیونکہ ترکی کے ڈیلر سے جو ڈیل ڈن
ہوئی تھی وہ کسی اور کے ہاتھ میں اتنی آسانی سے جاتے ہوئے تو رومان شاہ
نہیں دیکھ سکتا تھا۔

۔میرب وضو کر کے اسٹڈی روم میں جا کر فجر کی نماز پڑھ رہی تھی۔تو رومان شاہ ٹیکسٹ پر دلاور سے جانے کی بات ڈسکس کرنے لگا۔

۔وہ فون کر کے صبح صبح میرب کا موڈ خراب نہیں کرنا چاہتا تھا۔اسے پتہ تھا جیسے ہی میرب اس کے جانے کا سنیں گی تو اس کا موڈ خراب ہونا تو لازم تھا۔

۔ گرجنے والا رومان شاہ آج خود ڈرا ہوا بیٹھا تھا۔اسے اپنی حالت پر ترس بھی آرہا تھا اور ہنسی بھی۔

۔وہ سوچ رہا تھا کہ پیار انسان کو کس قدر بدل دیتا ہے۔۔

۔خیریت ہے شاہ آپ اتنی گہری سوچ میں میرے سوا کسے سوچ رہے ہیں میرب سر پر حجاب کیے ہوئے دوپٹے کو کھولتے ہوئے رومان شاہ کے پاس آکر بیٹھ گئی۔

۔کسی کو نہیں شاہ کی اتنی جرات کیسے ہو سکتی ہے کہ وہ اپنی میرب کے علاوہ کسی اور کو سوچے۔

۔شاہ نے میرب کی کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے بڑی نرمی سے اپنے سینے پر لیٹا لیا۔

۔تو پھر بتائیں کہ آپ صبح صبح اتنی گہری سوچ میں کیوں تھے۔میرب نے شاہ کے سینے پر ہاتھ رکھ کر بٹنوں سے کھیلتے ہوئے کہا۔۔۔۔

۔میرا اصل میں ہمارے ترکی والے پروجیکٹ میں کوئی ٹانگ اڑا رہا ہے اور ہمارے بزنس کے لیے یہ ڈیل بے حد ضروری ہے۔۔۔۔۔۔۔تو اب آپ کیا کریں گے میرب نے رومان شاہ کی بات کو بیچ میں کاٹتے ہوئے پوچھا۔

۔تو اس کے لیے مجھے ترکی جانا پڑے گا رومان شاہ نے دانتوں تلے زبان کو دباتے ہوئے کہا۔اسے آئیڈیا تھا کہ اب کیا ہونے والا ہے۔۔۔

۔تو کیا آپ مجھے اکیلا چھوڑ کر جانا چاہتے ہیں میرب رومان شاہ کے سینے سے سر اٹھاتی ہوئی جلدی سے بولی۔

۔میری جان مجبوری ہے اگر نہیں جاؤں گا تو بزنس میں بہت گھاٹا ہو جائے گا شاہ نے میرب کے گال پر پیار سے ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔

۔مجھے نہیں پتہ کیا ہو گا اور کیا نہیں مگر آپ مجھے یوں اکیلا چھوڑ کر نہیں جا سکتے۔میں آپ کو جانے نہیں دوں گی۔

۔میرب نے شاہ ہاتھ اپنی گال سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے غصے سے کہا۔

۔میرب۔میرب۔۔میری طرف دیکھو شاہ نے اس کے جھکے ہوئے چہرے کو ٹھوڈی پر ہاتھ رکھ کر اوپر کرتے ہوئے کہا۔۔

۔میری جان اگر تمہاری کنڈیشن سفر کے لائق ہوتی تو میں تمہیں اپنے ساتھ لے جاتا مگر تمہیں پتہ ہے کہ ڈاکٹر نے غیر ضروری سفر سے تمہیں سفر سے منا کیا ہے۔

۔تواب ہم اپنے بچے کی جان کے ساتھ رسک تو نہیں لے سکتے نا۔

۔میرا جانا بھی بہت ضروری ہے میری جان میری بات سمجھنے کی کوشش کرو میں ایک دو دن کے اندر ہی اپنا سارا کام نپٹا کر واپس آجاؤں گا۔

۔ہاتھوں کے پیالے میں میرب کا چہرہ بھرتے ہوئے رومان شاہ نے محبت سے بھرے ہوئے سمجھانے والے لہجے سے کہا۔۔

۔ایک دو دن میں نہیں رہ سکتی آپ کی بنا۔میرب کا اب بھی وہی جواب تھا میرب پلیز۔۔۔۔میری جان سمجھنے کی کوشش کرو۔پلیز کو لمبا کھینچتے ہوئے کہا۔

میرب اٹھ کر کھڑی ہو گئی تھی۔وہ غصے سے شاہ کی کوئی بات سننے کو تیار نہ تھی۔

۔میرب کو غصے سے جاتا ہوا دیکھ شاہ جلدی سے بیڈ سے اٹھ کھڑا ہوا شاہ نے جاتی ہوئی میرب کی کلائی پکڑ کر اسے اپنی باہوں کی سخت گرفت میں لے کر زبردستی اپنے سینے سے لگا لیا۔۔۔

میرا میری جان کیوں میرا جانا تم مشکل کر رہی ہو قسم سے میں تمہیں خود بھی اس حالت میں چھوڑ کر نہیں جانا چاہتا مگر یار مجبوری ہے میری جان سمجھنے کی کوشش کرو ہمارے بچے کا فیوچر سکیور کرنے کے لیے اس کے پاپا کو کام تو کرنا پڑے گا نا میری جان۔۔

شام آپ کیوں نہیں سمجھتے مجھے آپ کے بنا نیند نہیں آتی میرب نے روتے ہوئے شاہ کا سینہ پیٹ کر کہا۔۔۔

ہاہاہا۔او میری جان نیند تو مجھے بھی نہیں آتی تمہارے بناشاہ کھل کھلا کر قہقہہ لگا کر بولا۔۔

۔آپ میرا مذاق اڑا رہے ہیں میرب شاہ کے سینے پر ہاتھ رکھ کر شاہ کو پیچھے کرتے ہوئے منہ بھلا کر روتی ہوئی بولی۔

۔میں بھلا اپنی جان کا مذاق اڑا سکتا ہوں اپنے دل سے پوچھ کر بتاؤ اسے واپس اپنی جانب کھینچتے ہوے اپنی باہوں کی سخت گرفت میں لے چکا تھا۔

۔پلیز۔۔پلیز۔۔اپنے شاہ کا جانا مشکل مت بناؤ۔ایک بار مسکرا کر اجازت دے دو تاکہ میں آسانی سے جا سکوں۔

۔پرومس میں جلد از جلد اپنے سارے کام نپٹالوں گا اور اپنی جان کے پاس واپس آجاؤں گا۔اس کی آنکھوں پر اپنے لب رکھ کر اس کی گھنی کالی پلکوں سے آنسوؤں کو چنتے ہوئے کہا۔

۔تمہیں کیا لگتا ہے کہ وہاں جا کر مجھے بہت پر سکون نیند آئے گی۔بالکل بھی نہیں شاہ کو بھی جب تک تمہارے جسم کی رعنائیوں کی خوشبو اپنے سانسوں میں اترتی ہوئی محسوس نہیں ہوتی۔اس وقت تک نیند تو تمہاری شاہ کو بھی نہیں آتی۔

۔تمہارے ان لبوں سے جب تک مجھے نشہ نہیں ملتا میرا دن شروع نہیں ہوتا۔اس کے مخملی ہونٹوں پر اپنے مضبوط ہاتھوں کے انگوٹھے سے سہلاتا ہوا بہکی ہوئی نگاہوں سے دیکھ کر بولا۔

۔ٹھیک ہے چلے جایئے گا مگر یہ صبح صبح اپنی ٹون خراب کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔میرب روتے ہوئے ہلکا سا مسکرا کر کے پلکیں جھکائے ہوئے بولی ،وہ شاہ کی نظروں کا بہکنا سمجھ رہی تھی۔

۔جان شاہ اب تو ٹون خراب ہو چکی ہے اسے ٹھیک کرنا مشکل ہی نہیں ہے ناممکن ہے شاہ نے اس کی کمر پر گرفت سختی کرتے ہوئے اسے اور بھی اپنے قریب کر لیا۔

۔شاہ صبح صبح کا ٹائم ہے آپ کیا کر رہے ہیں۔شاہ کو بہک کر اپنے اوپر جھکتے ہوئے دیکھ میرب شرما کر بولی۔

۔چلو صبح کا تھوڑا سا ٹائم آگے پیچھے کرنے کی کوشش کر لیتا ہوں۔میں آج آفس نہیں جا رہا کیونکہ میری رات کی فلائٹ ہے۔

۔دلاور ساری تیاریاں کر لے گا میں گھر سے ڈائریکٹ ایئرپورٹ جاؤں گا۔

تو جان شاہ کھاپی کر خود کو تیار کر لو شاہ جانے سے پہلے دو دن کے لیے انرجی" اکٹھی کر کے لے کر جائے گا۔

نو نو شاہ ایسا کچھ نہیں ہو گا کیونکہ میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔میرب شاہ کی شدتوں سے بڑی اچھی طرح سے واقف تھی اور اب تو تقریبا 10 دن ہو گئے تھے کہ شاہ صاحب کو انرجی نہیں ملی تھی کیونکہ گھر کا ماحول ہی ایسا تھا تو اب شاہ اس کا کیا حشر کرنے والا تھا یہ میرب کو اچھی طرح سے پتہ تھا۔

۔یس یس شاہ کی جان ایسا ہی ہو گا بچنے کا کوئی راستہ نہیں ہے۔اپنے شاہ کی نیت سے تم اچھی طرح سے واقف ہو اور اس وقت تمہارے شاہ کی نیت تم پر

خراب ہو چکی ہے۔ تو چپ چاپ خود کو میرے حوالے کرو نہیں تو قسم سے تمہیں کھا جاؤں گا۔ شاہ نے میرب کی مخملی گال پر ہلکے سے دانت کاٹتے ہوئے کہا۔

آہ۔۔ شاہ۔۔۔ شاہ کے دانتوں کی چبن سے میرب کے منہ سے ہلکی سی سسکی نکلی۔ مگر وہ سسکی کو اگنور کرتا ہوا میرب کے گال کے ساتھ اپنی سخت بیرڈ والے گال کو رب کرتے ہوئے مسرور ہو رہا تھا۔

شاہ۔۔۔ ہوں س۔۔ شاہ اب بھی وہ اپنی دھن میں مست اس کی گالوں پر اپنی گال رب کرتے ہوئے گھمبیر آواز میں بولا۔

۔شاہ اب آپ کو مجھ پر تھوڑا ترس کھانا چاہیے کیونکہ اب میری کنڈیشن پہلے جیسی نہیں ہے میرب اپنے جان چھڑوانے کے لیے اپنی کنڈیشن کا حوالہ دیا۔

۔سچ میں آج کل میرب کی طبیعت کافی نڈھال اور تھکی تھکی رہتی تھی ایسے میں وہ شاہ کی قربت کی سختیاں برداشت بالکل نہیں کر سکتی تھی۔۔۔

۔میری جان کے ٹوٹے تمہاری کنڈیشن کے لحاظ سے مجھے کتنی سختی دکھانی ہے اتنی عقل ہے تمہارے شاہ میں اس لیے یہ فضول کی بچکانا مزاحمتیں کھڑی مت کرو۔

۔میں اسی لیے ڈاکٹر سے اوکے کا سائن لے کر آیا ہوں اس کی گردن پر لب رکھتے ہوئے ایک زوردار لو بائٹ کرتے ہوئے ایک بار پھر میرب کو سسکنے پر مجبور کر دیا۔

ٹھک ٹھک ٹھک۔ شاہ بہت بہکے ہوئے انداز سے میرب کو خود کے قریب کیے ہوئے اس کی گردن پر جھکا ہوا تھا جب دروازہ کھٹکنے کی آواز آئی۔۔

۔اوں ہوں یہ صبح صبح کون ڈسٹرب کرنے آگیا ہے رومان شاہ نے ناگواری سے میرب کی گردن سے اپنے لب اٹھاتے ہوئے
کہا۔۔۔۔کون۔۔رومان شاہ نے بیزار سی آواز دی۔۔۔صاحب جی بڑی بی بی جی ناشتے کی ٹیبل پر آپ کو اور بھابھی جی کو بلا رہی ہیں۔۔۔۔۔نوکرانی پیغام پہنچا کر جا چکی تھی۔۔۔

۔چلیے ناشتہ کرنے چلتے ہیں آپ کی ساس کو بہت فکر ہے اپنی بہو کی ان کو پتہ ہے کہ ان کی بہو کی جان تو کھا پی کر بھی ان کے بیٹے کو سہنے کی ہمت نہیں رکھتی تو بنا کھائے پیے تو کہیں بے ہوش ہی نہ ہو جائے۔

۔رومان شاہ میرب کی نازک مزاجی کا مذاق اڑاتے ہوئے اس کا ہاتھ پکڑ کر ناشتے کے لیے ساتھ لے جاتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔

۔میرب نے نفی میں سر ہلاتے ہوئے چپ رہنا ہی مناسب سمجھا کیونکہ شاہ نے کچھ غلط بھی نہیں کہا تھا یہ سچ تھا کہ شاہ کی شدتیں میرب کا حشر نشر کر دیتی تھی۔

oooooooooo

السلام علیکم امی جان رومان شاہ ناشتے کی ٹیبل پر آتے ہی سب سے پہلے ہمیشہ کی طرح اپنی امی جان کے سامنے سر جھکاتے ہوئے ادب سے بولا۔

۔وعلیکم اسلام میرے ٹیبل کی رونق آگئی رومان شاہ اور میرب کی طرف مسکرا کر دیکھتے ہوئے بولی۔

۔اسلام علیکم امی جان میرب نے بھی اپنی ساس کے آگے سر جھکاتے ہوئے ادب کا مظاہرہ کیا۔

و۔۔۔ علیکم اسلام میری پیاری بیٹی اب کیسی طبیعت ہے۔

۔بڑی شفقت سے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کرتے ہوئے بولی۔

۔امی جان طبیعت تو ٹھیک ہے

مگر۔۔۔۔۔میرب کو اپنی کیفیت سمجھ میں نہیں آتی تھی اس لیے نظر جھکائے ہوئے چپ سی کر گئی۔۔

میرب کی شرماہٹ اور چپی دیکھ کر میرب کی ساس اور اس کی دونوں جیٹھانیاں جو پاس ہی ٹیبل پر بیٹھی ہوئی ناشتہ کر رہی تھی ہنسنے لگی۔

۔پریشان مت ہو بیٹا پریگننسی میں اس طرح کی طبیعت ہو جاتی ہے تم گھبراؤ نہیں اور اچھی ڈائٹ لینے کی کوشش کیا کرو میرب کی ساس نے بڑے پیار سے کہا۔ میرب نے ہاں میں سر کو ہلا کر جی کہا۔۔۔ ٹیبل پر بیٹھے ہوئے سب افراد بہت خوش تھے سوائے مہک کے۔۔

۔ناشتہ کرتی ہوئی مہک کے گلے میں ڈبل روٹی کا سلائز پھنسنے لگا تھا میرب کو اس طرح سے خوش دیکھ کر۔

۔اوپر سے رومان شاہ کی نظریں جو میرب پر صدقے واری جا رہیں تھی۔

۔یہ دیکھ کر مہک کے دل میں جو حسد اور جلن تھی میرب کے لیے۔رومان شاہ کی محبت بھری نظریں جلتی ہوئی آگ پر تیل کا کام کر رہی تھی۔

۔رومان شاہ ناشتہ کرتے ہوئے ساتھ بیٹھے ہوئے میرب کو بار بار ایسے دیکھ رہا تھا جیسے کتنے دنوں کے بعد دیکھ رہا ہو۔

۔اور مہک کا بس نہیں چل رہا تھا کہ میرب کو وہاں سے اٹھا کر اس جگہ پر خود براجمان ہو کر بیٹھ جائے اور رومان شاہ کی محبت بھری نظروں کی حقدار وہ ہو۔

۔میرب تم یہ اورنج جوس پیو تمہاری صحت کے لیے بہت اچھا ہے رومان شاہ نے خود میرب کے لیے جوس ڈالتے ہوئے اس کے آگے کیا۔

۔شاہ نہیں مجھ سے صبح صبح نہیں پیا جائے گا۔مجھے فی الحال کچھ بھی نہیں کھانا
میرب نے نامیں سر کو ہلاتے ہوئے ہاتھ سے جوس پیچھے کیا۔

۔میرب جوس تو پینا پڑے گا تم نے رات کو بھی کچھ نہیں کھایا تھا رومان شاہ
نے زبردستی اورنج جوس والا گلاس میرب کے منہ کو لگا دیا میرب نے دو
سپ لینے کے بعد خراب سا منہ بناتے ہوئے نہ کہا کہ وہ اور نہیں پی
سکتی۔۔۔

۔میرب پورا گلاس فنش کرو جب کہا ہے کہ تمہیں جوس پینا ہے تو مطلب پینا
ہے۔رومان شاہ نے تھوڑی سی آنکھیں دکھا کر زبردستی میرب کو پورا گلاس
پلا دیا تھا۔
میرب گندا سا منہ بناتی ہوئی شاہ کے ڈر سے پی گئی شاہ نے اب گلاس واپس
ٹیبل پر رکھ دیا تھا۔

شاہ کے لیے میرب کی اس قدر کیئر دیکھ کر مہک اپنی مٹھیاں بھیچ لی تھی جبکہ باقی ٹیبل پر بیٹھے ہوئے سب لوگ بے حد خوش تھے رومان شاہ اور میرب کی محبت کو دیکھ کر رومان شاہ کی بے حد کیئر کو دیکھ کر۔

سوائے اس جل ککڑی مہک کے

اور آگ تو مہک کے وجود میں غصے کی آگ تو اس وقت لگی جب مہک کی نظر رومان شاہ کے ہاتھ پر پڑی رومان شاہ نے سب کو آپس میں باتیں کرتے ہوئے مصروف پا کر ٹیبل کے نیچے سے میرب کا ہاتھ اپنے مضبوط ہاتھ میں دبا رکھا تھا۔

۔بس پھر تو مہک کی جلن اس کے آپے سے باہر ہونے لگی وہ کرسی کو ایک دم سے پیچھے دھکیلتی ہوئی اٹھ کھڑی ہوئی۔

۔وہ اپنے روم کی جانب تیزی سے
جارہی تھی جبکہ اس کی امی نے پیچھے سے آواز دے کے پوچھا بھی کہ مہک کیا
ہوا ہے تو مہک نے بنا پلٹے اور بنا جواب دیے ہی بد تمیزوں کی طرح چلی گئی
۔ٹیبل پر بیٹھے ہوئے کسی بھی فرد کو یہ پتہ نہیں تھا کہ مہک کیوں اس طرح
سے آگ بگولا ہو کر اٹھ کر چلی گئی ہے۔

۔جبکہ رومان شاہ کو اچھی طرح سے اندازہ تھا کہ مہک کو کیا ہوا ہے مگر اس کی
بلا سے مہک جائے بھاڑ میں اسے کون سا مہک سے کوئی لینا دینا تھا۔وہ تو اپنے
محبوب کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں اس لیے پکڑ کے بیٹھا ہوا تھا کہ یہ ایک دو دن کی
دوری رومان شاہ کے لیے بھی کاٹنی بہت مشکل تھی۔۔۔

۔میرب نے تو اسے رو کر اپنا غصہ اور فیلنگ بتادی۔جب کہ رومان شاہ کو اپنے دل میں دبا کر ساتھ لے کر جا رہا تھا۔

۔یہ تو اس کا دل ہی جانتا تھا کہ وہ اندر سے کتنا تڑپ رہا ہے میرب کی کے دور ہونے سے یہ دو دن کی دوری
اسے دو سال لگ رہی تھی۔

۔اگر میرب پریگننٹ نہ ہوتی تو رومان شاہ اسے اپنے ساتھ لے کر ہی جاتا اس نے تو پتہ نہیں ایک دن کتنی مشکل سے گزارا تھا۔جب وہ اپنی ماں کے گھر پر رکی ہوئی تھی۔

۔اوراب اسے مجبوری کے تحت خود چھوڑ کر دو تین دن کے لیے جانا پڑ رہا تھا۔۔ایسے میں رومان شاہ اپنا آج کا سارا دن صرف میرب کے ساتھ ہی گزارنا چاہتا تھا۔

۔تو اس کی بلا سے مہک جائے بھاڑ میں جو بھی سوچتی ہے سوچتی رہے رومان شاہ اپنے دماغ میں سوچ کر رہ گیا۔۔

۔امی جان میں ضروری کام سے ترکی جا رہا ہوں۔میری صبح چار بجے کی فلائٹ ہے تو میں اپنے روم میں ہی آرام کروں گا۔کیونکہ آنے والے دو تین دن میرے لیے کافی بزی رہیں گے۔تو پلیز آپ کوشش کیجئے گا کہ مجھے کوئی ڈسٹرب نہ کرے۔۔۔۔۔

جی بیٹا آپ جاؤاور آرام کرواور خیریت سے جانا میں صبح چار بجے تمہیں جگادوں گی۔ نہیں امی جان میں چلا جاؤں گا آپ بے فکر رہے۔ میں الارم لگا کر سوؤں گا۔

۔اور دوسرا یہ کہ میں گھر سے تقریبا10 بجے تک چلا جاؤں گا کیونکہ مجھے دلاور کے ساتھ کچھ خاص ڈسکس کرنی ہے تو وہ ہم لوگ مل کر کر لیں گے۔۔۔

۔ٹھیک ہے بیٹا جیسے آپ کی مرضی تو تم آرام کرو جا کر کوئی تمہیں ڈسٹرب نہیں کرے گا رومان شاہ اپنی ماں سے پیار لے کر۔ میرب کو ساتھ آنے کا اشارہ کرتے ہوئے اپنے روم کی جانب چل دیا۔

oooooooo

مرہا پلین میں بیٹھتے ہی کچھ دیر

بعد سو گئی شاہ میر جو مرہا سے باتیں کر رہا تھا۔ مرہا کا جواب نہ پا کر اس کی جانب متوجہ ہوا۔ مرہا کو آرام سے سوئے ہوئے دیکھ کر مسکرا دیا۔۔۔

۔کر لو میری جان اپنی نیند اچھے سے پوری کر لو کیونکہ اب تم اے سی پی شاہ میر کے شکنجے میں خود آ کر پھنسی ہو۔

۔میری نازک سی جان گاؤں کے پر سکون ماحول میں تمہیں خود کے اتنے قریب پا کر تنہائی میں اے سی پی کا بہکنا تو کنفرم ہے۔۔۔

۔وہ شرارتی لبوں سے مسکراتا ہوا مرہا کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اس کے لٹکے ہوئے انکمفرٹیبل سر کو اپنے کاندھے پر آرام دے پوزیشن میں رکھتے ہوئے سوچ کر مسکرا دیا۔۔۔

ooooooo

یہ مر کیوں نہیں جاتی کیوں آگئی یہ میرے اور رومیوں کے بیچ میں
اللہ میاں ہو گئی مجھ سے ایک بار غلطی رومیوں کو چھوڑ کر مگر اس کی سزا مجھے
مل چکی ہے۔

۔مہک کمرے میں آکر بیڈ پر پڑے ہوئے تکیوں کو زمین پر پٹکتے ہوئے اپنا
غصہ نکال رہی تھی۔اور ساتھ میں خود کو بے قصور اور مظلوم سمجھ کر رب
سے شکوے اور شکایتیں کر رہی تھی۔

۔رومیو میرا ہے اور ہمیشہ میرا ہی رہے گا میرب میں بہت جلدی تم سے
رومیوں کو واپس چھین لوں گی۔

۔تم جب میرے رومیوں کے ساتھ اس طرح سے گھومتی ہو اور وہ تمہیں محبت بھری نظروں سے دیکھتا ہے میرا دل چاہتا ہے کہ میں تمہارا منہ نوچ لوں مہک لفظوں کو چبا چبا کر روم میں اکیلی ہی بکواس کر رہی تھی۔

ooooooooo

آآ۔۔شاہ کیا کر رہے ہیں، آپ کو تو روم میں آکر آرام کرنا تھا نا۔

۔شاہ روم میں اندر قدم رکھتے ہی پیچھے آتی ہوئی میرب کی کلائی پکڑ کر بنا جھٹکا دیے۔نرمی سے کھینچ کر اپنی جانب کرتے ہوئے روم کے دروازے کو اپنی ٹانگ سے بند کر چکا تھا۔

۔ہاں تو میں نے کچھ غلط بھی نہیں کہا اب میں آرام ہی تو کرنے لگا ہوں اور میرا آرام اور سکون تم ہو جان شاہ۔

۔وہ میرب کو وہی دروازے کے ساتھ پن کیے کھڑا گہری نظروں سے دیکھ کر آنکھ کو دباتے ہوئے مسکرا رہا تھا۔

۔شاہ آپ کو پتہ ہے آپ ایکٹنگ بہت اچھی کر لیتے ہیں اگر آپ بزنس مین نہ ہوتے تو بہت ہی اچھے ایکٹر ہوتے۔

۔میرب شاہ کے مسکراتے چہرے کی جانب دیکھ کر خود بھی مسکرا کر بولی تھی۔

۔بہت بہت شکریہ آپ کی نوازش ہے کہ آپ نے میری صلاحیتوں کو پہچان کر مجھے بتایا کہ میرے اندر اور کون سی کوالٹی موجود ہے۔

۔اب تم میری صلاحیتوں کو چھوڑو اور مجھے جلدی سے لپ کس دو مجھے بھی تو پتہ چلے کہ میری بیوی کے اندر کون کون سی صلاحیتیں موجود ہیں۔رومان شاہ شوخ انداز سے اپنے آتشی لبوں پر انگلی رکھتے ہوئے بولا۔

۔شاہ یہ کیٹا گری آپ کی ہے تو یہ کام آپ خود ہی کیا کریں میرب نے شرماتے ہوئے نظریں جھکا کر کہا۔

۔کیوں جان من کہاں لکھا ہے کہ یہ کیٹا گری صرف شوہر کی ہوتی ہے رومان شاہ نے میرب کی ٹھوڑی پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس کا چہرہ اوپر کیا۔

۔جواب دو۔۔کیا بیوی کا فرض نہیں ہوتا کہ وہ بھی اپنے شوہر پر اپنا پیار ظاہر کرے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے تھوڑا سا سنجیدہ انداز سے پوچھا تھا۔

۔شاہ آپ چھوٹی سی بات پر مجھ سے ناراض ہو رہے ہیں۔

۔میرب کبھی کبھی چھوٹی سی بات میاں بیوی میں محبت کی کمی کا باعث بھی بن جاتی ہے۔جب شوہر اپنی بیوی کو بہت محبت اور پیار کرتا ہے تو شوہر بھی بدلے میں اپنی بیوی سے محبت کی توقع رکھتا ہے۔

۔تو شاہ میں آپ سے پیار کرتی ہوں بہت زیادہ پیار کرتی ہوں میرب نے جلدی سے اپنی محبت کی وضاحت دی۔

۔مجھے پتہ ہے میری جان کہ تم مجھ سے بہت محبت کرتی ہو مگر اس محبت کو مجھ پر ظاہر بھی تو کیا کرو۔اور آج تو مجھے تم سے لپ کس چاہیے۔جو تم خود مجھے دو گی رومان شاہ سیریس اور ضدی سے انداز میں کہہ رہا تھا۔

۔میرب کو پتہ تھا کہ اب شاہ کی سوئی اس بات پر اٹک چکی ہے اس کے دو ہی حل ہیں یا تو شاہ کی بات مان لی جائے یا بھر شاہ کو ناراض کر کے ترکی بھیج دے۔

۔میرب شاہ کی ناراضگی برداشت نہیں کر سکتی تھی اس لیے اسے دوسرا آپشن بہتر لگا تھا۔۔۔

۔ٹھیک ہے شاہ پھر آپ اپنی آنکھیں بند کریں۔۔۔

۔میں اپنی آنکھیں بند کیوں کروں؟

کیونکہ مجھے شرم آتی ہے۔میرب نے شاہ کو کس دینے کا فیصلہ کر تو لیا تھا مگر

اسے خود کس کرتے ہوئے بہت شرم
آرہی تھی۔شادی کے بعد یہ پہلی بار میرب شاہ کو خود سے کس کرنے والی تھی جو کہ میرب کے لیے بہت مشکل کام تھا۔

۔مگر اب راہ فرار نہیں تھی کیونکہ انکار کا مطلب تھا شاہ کی ناراضگی اور اتنے پیار کرنے والے شوہر کو وہ دو دن کے سفر پر ناراض کر کے تو ہر گز نہیں بھیجنا چاہتی تھی۔

۔میری جان جب شرم تمہیں آرہی ہے تو پھر آنکھیں بھی تم بند کرو مجھے تو بالکل شرم نہیں آرہی اس لیے میں تو ہر گز آنکھیں بند نہیں کروں گا۔انداز شرارتی اور اٹل تھا۔

۔شاہ اب میں آپ کی بات مان تو رہی ہوں پلیز آنکھیں بند کر لے نا

میری خاطر میرب نے بیچارہ سا۔ منہ بنا کر شاہ کی منت کی تھی۔۔

۔شادی کے اتنے مہینوں بعد پہلی کس ملنے والی ہے مجھے تمہاری طرف سے
اوراس کے لیے بھی میں اپنی آنکھیں بند
کرلوں تمہیں شاہ کیا چھوٹا سا بچہ لگتا ہے۔" مسز میرب رومان شاہ۔

۔شاہ آپ کو پتہ ہے آپ بہت ضدی ہیں۔ میرب نے غصے والا منہ بنا کر کہا
تھا۔

۔جب اتنی اچھی طرح سے جانے شاہ تم اپنے ضدی شاہ کو جانتی ہو تو پھر کیوں
فضول کی مزاحمتیں کر کے میرا قیمتی وقت ضائع کر رہی ہو۔

۔اس کی کمر پر اپنے ہاتھ کا دباؤ بڑھاتے ہوئے اسے اور اپنے قریب کرتے ہوئے کہا۔

۔میری ایک چھوٹی سی فرمائش تم پوری نہیں کر سکتی اگر تم نے یہ فرمائش مجھ سے کی ہوتی تو اب تک میں تمہیں دس بار لپ کس دینے کے بعد تمہارے ان مخملی ہونٹوں کو بھی آدھا کھا چکا ہوتا۔

۔شوخ ہوتے ہوئے اس کے ہونٹ پر اپنے دانتوں سے ہلکا سا کاٹتے ہوئے کہا۔

۔شاہہ۔۔۔پلیز یہ مت کیا کریں مجھے درد ہوتا ہے۔شاہ کے دانتوں کے دباؤ سے اس نے سسکتے ہوئے اپنے ہونٹوں پر ہاتھ رکھ کر کہا۔

۔اب مجھے تم یہ بتاؤ کہ تم میری لپ کس دے رہی ہو یا پھر میں ترکی جانے کی تیاری کروں اور ٹائم سے پہلے ہی جا کر ایئرپورٹ بیٹھ جاؤں، شاہ نے اب کی بار میرب کو دھمکی دی تھی۔

۔اوکے کرتی ہوں۔ میرب نے ہار مانتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔ ہمم جلدی کرو میں بالکل ریڈی ہوں اپنی کمر پر دونوں ہاتھ باندھ کر اس کی جانب گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

۔میرب نے شاہ کی نظروں سے بچنے کے لیے آنکھیں بند کر لیں اور اپنی ایڑیوں کو اوپر اٹھایا۔ کیونکہ شاہ اور میرب کی ہائٹ میں کافی فرق تھا میرب کو شاہ کے لبوں تک پہنچنے کے لیے اپنی ایڑیاں اٹھانی پڑ رہی تھی۔۔

۔میرب نے اپنی طرف سے ایڑیاں اٹھا کر آنکھیں بند کیے ہوئے اپنی ہائٹ برابر کی تھی۔ مگر اب بھی اس نے محسوس کیا کے اس کے لب صرف شاہ کی گردن تک ہی آرہے ہیں۔

۔وہ پریشان سی ہو گئی تھی کہ اب کیا کریں کوئی چارہ نہیں تھا اس لیے آنکھیں کھول کر دیکھا کہ آخر اس کے لب شاہ کے لبوں تک کیوں نہیں پہنچ پا رہے۔

۔اب اسے شاہ کی شیطانی دیکھ کر غصہ آیا تھا کیونکہ شاہ اپنی ایڑیاں اوپر کر کے اپنی ہائٹ کو اور بھی اوپر لے گیا تھا جس کی وجہ سے میرب بچاری ایڑیاں اٹھا کر بھی شاہ کے لبوں تک نہیں پہنچ پا رہی تھی۔

۔اب میرب غصے سے پیچھے ہٹنے لگی تھی کہ شاہ نے جلدی سے اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے ہوئے اسے اوپر اٹھالیا۔اس کی کمر کی دونوں جانب ہاتھ رکھ کر جب شاہ نے اسے اوپر اٹھایا تو اب اس کی ہائٹ شاہ سے بھی لمبی ہو چکی تھی۔

اور اب اس کا چہرہ شاہ کے چہرے کے اوپر جھکا ہوا تھا۔آئی برو اٹھا کر بہکی نگاہوں سے دیکھتے ہوئے اشارے سے اپنے ہونٹ باہر نکال کر شاہ اسے کس کرنے کو کہہ رہا تھا۔۔

۔میرب نے پھر سے اپنی آنکھیں بند کی اور ہاتھ شاہ کے کاندھوں پر رکھے ہوئے تھے۔اپنے مخملی ہونٹ نرمی سے اپنے شاہ کے آتشی لبوں پر رکھتے ہوئے۔ایک چھوٹی سی کس کی اور جلدی سے اپنے لب پیچھے کر لیے شاہ اتنے میں ہی بے حد خوش تھا۔۔

۔کیونکہ اسے پتہ تھا کہ میرب جتنا کر چکی ہے اس کے لیے یہ بہت بڑی بات ہے۔اب شاہ کی باری تھی۔

۔شاہ کو کہاں اتنی ننھی منی سی کسی سے صبر آنے والا تھا۔اب وہ میرب کو اسی پوزیشن میں اٹھائے ہوئے دیوار کے ساتھ پن کیے کھڑا تھا۔

۔میرب کی دونوں ٹانگیں شاہ کی کمر پر لپٹی ہوئی تھی جو کہ میرب نے نیچے گرنے کے ڈر سے شاہ کی کمر کے پیچھے پن کر رکھی تھی۔

۔اب شاہ میرب کے مخملی ہونٹوں کو اپنے آتشی لبوں کی قید میں لیے ہوئے پوری شدت سے نمی کا ہر قطرہ اپنے اندر انڈیل رہا تھا۔

۔شاہ نے میرب کی سانسیں مشکل کر رکھی تھی۔ مگر میرب اپنی طرف سے بہت صبر کا مظاہرہ کر رہی تھی کیونکہ اسے اپنے شاہ کو ناراض کر کے نہیں بھیجنا تھا۔

۔شاہ جتنی شدت سے اس کے لبوں سے نمی چوس رہا تھا میرب اتنی ہی سختی سے شاہ کے کاندھوں کو دبوچ رہی تھی۔

۔میرب کے ناخنوں کی چبھن شاہ اپنے کاندھوں پہ محسوس کر رہا تھا۔ مگر شاہ کو وہ چبن بھی میٹھی ہی لگ رہی تھی۔

۔شاہ اپنے دل کی پیاس بجھا کر پیچھے ہٹا تو میرب آنکھیں بند کیے تیز تیز سانسیں لے رہی تھی۔

۔شاہ کو اس کی اکھڑی ہوئی سانسیں دیکھ کر اس پر بہت پیار آرہا تھا۔۔

۔شاہ پلیز مجھے نیچے اتاریں۔۔۔۔اس نے میرب کو دیوار کے ساتھ پن کر کے پوری طرح سے اسے اپنے رحم و کرم پر کر رکھا تھا۔میرب کا پورا وزن شاہ کے اوپر تھا۔وہ گرنے کے ڈر سے شاہ کی کمر کے گرد اپنی دونوں ٹانگیں پن کیے ہوئے تھی۔

۔اور اپنے ہاتھ شاہ کے کاندھوں پر رکھ کر مضبوطی سے پکڑے ہوئے خود کو گرنے سے بچا رہی تھی۔

۔نہیں ابھی مجھے اسی پوزیشن میں اور کس چاہیے۔اس کے مخملی ہونٹوں پر نمی دیکھ کر شاہ کا دل ابھی بھرا نہیں تھا۔

۔اس نے تو صرف میرب کو تھوڑی سی سانس لینے کے لیے آزادی بخشی تھی۔وہ بھی صرف اس کی پریگنسی کی وجہ سے ورنہ تو شاہ اسے سانس لینے کی بھی مہلت نہیں دیتا تھا۔

۔شاہ بس اور نہیں۔ مجھ سے سانس نہیں لیا جا رہا تھا۔پلیز میرب کاندھوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے نفی میں سر ہلا کر منع کر رہی تھی۔

۔میری جان تھوڑی سی سانسیں اپنی مشکل کر لو یہ دو دن تمہارے بنا کاٹنے میرے لیے بہت مشکل ہے۔

۔مجھے کچھ تو انرجی اپنے اندر سیف کر لینے دو۔ جس سے میں تم سے دو دن کی دوری برداشت کر سکوں۔

۔وہ کہتے ہوئے میرب کے سر پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنے چہرے پر واپس جھکا چکا تھا۔

پھر سے اس کے مخملی ہونٹوں کو اپنی قید میں لیے میرب کی سانس سے پیتے جا رہا تھا۔

۔بہت دیر کے بعد جب پیچھے ہوا تو میرب کی سانسیں پہلے سے کہیں زیادہ تیز تھی وہ تیز دھڑکنوں کے ساتھ بڑی بڑی سانسیں لے رہی تھی۔

۔اب شاہ کی نظر اس کی خوبصورت گردن پر آئی لب اس کی گردن پر رکھ کر وہاں پر اپنے لمس چھوڑ رہا تھا۔

۔اتنی شدت بھرے لمس تھے کہ میرب کو اپنی جان نکلتی ہو محسوس ہو رہی تھی کہیں لبوں کی گرمی اور کہیں شاہ کے دانتوں کی چبن میرب کو بے حال کیے ہوئے تھی۔

۔میرب کے منہ سے سسکیاں نکلنے لگی تھی شاہ نے بڑی نرمی اسے نیچے اتارا اور جھک کر اسے اٹھاتا ہوا بیڈ تک لے آیا تھا۔

۔اگلے کچھ سیکنڈ میں میرب کی کرتی اس کے نازک وجود سے الگ کرتے ہوئے زمین پر پھینک چکا تھا۔اپنے مضبوط ہاتھ کی ہتھیلی اس کے پورے وجود پر پھیر رہا تھا۔شاہ کے ہاتھوں کی گرمی سے اسے اپنے پورے وجود میں بجلی کی لہریں دوڑتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔

۔شاہ کے ہاتھوں کی گرمی سے اس کا نازک سا وجود کو جلس رہا تھا۔وہ اب لبوں سے گالوں تک کا سفر کرتے ہوئے گردن سے ہوتا ہوا دل والے مقام پر آن رکا تھا۔۔

۔شاہ کی سختی بڑھنے لگی تھی حالانکہ شاہ اپنی جانب سے بہت کوشش کر رہا تھا کہ وہ میرب کو ایسی کنڈیشن میں سختی نہ دے۔

۔مگر پھر بھی وہ خود کو روک نہیں پا رہا تھا میرب کی سسکیاں تیز ہونے لگی۔

۔وہ اپنے مظبوط ہاتھ اس کی نازک ہتھیلیوں پر رکھ کر انگلیاں اس کی انگلیوں میں پھنساتے ہوئے اسے پر اپنی سے قابض ہوتا جا رہا تھا۔

۔اس کی ٹانگوں تک کو پن کر چکا تھا اب میرب کے پاس کوئی بھی راہ فرار نہیں تھی۔اور اس بار وہ اپنے شاہ کی محبت سے فرار ہونا بھی نہیں چاہتی تھی۔

۔وہ اپنے نازک سے وجود پر شاہ کی شدتوں کو سہتی ہوئی کہیں کہیں اپنی محبت کا احساس بھی اپنے لبوں سے دلا رہی تھی۔

۔جس سے شاہ کا دل مسرور ہو کر اور بھی بہک رہا تھا اپنی محبت کی شدتیں شاہ اس پر لٹاتا جا رہا تھا۔

۔اور میرب کے دل کی دھڑکنیں بڑھتی جا رہی تھی پورے روم میں شاہ کی شدتوں سے کو سہتی ہوئی میرب کی سسکیاں گونج رہی تھی۔

۔شاہ اپنی محبت کی بارش میرب پر پوری طرح سے برسا چکا تھا اب وہ اسے اپنے باہوں میں لیے اسے اپنے اوپر لٹا کر بہت پر سکون انداز سے لیٹا ہوا تھا۔

شاہ۔۔ہوں ں۔۔۔آپ کو پتہ ہے آپ اپنی محبت کے بارے میں بہت ظالم ہیں شاہ کی شدتوں سے ٹوٹی ہوئی میرب نے شاہ کے سینے پر سر رکھے ہوئے شکایت بھرے انداز سے کہا۔۔

ہاہا۔۔میرب سچ میں میں بہت کوشش کرتا ہوں کہ اپنی محبت تم پر نرمی سے برساؤں مگر تمہارے خوبصورت بدن کی رعنائیاں دیکھ کر میں بہک جاتا ہوں۔

۔اور تمہارے وجود سے اڑتی ہوئی تمہارے بدن کی نیچرل خوشبو مجھے ہوش سے بیگانہ کر دیتی ہے اور اسی مدحوشی میں میری محبت کی شدتیں کب سختی میں بدل جاتی ہے مجھے تو خود بھی پتا نہیں چلتا۔

۔وہ میرب کو اپنے سینے پر لٹائے اپنی باہوں کی گرفت میں لے کر اپنی بے گناہی بتا رہا تھا۔میرب کو شاہ کے وضحت پر ہنسی بھی آئی تھی اور پیار بھی۔وہ بنا کچھ بولے شاہ کی کے سینے پر سر رکھے ہوئے پر سکون لیٹی ہوئی تھی

OOOOOOO

۔میرب کو اپنے سینے پر لیٹے ہوئے دیکھ رومان شاہ نے بڑی محبت سے میرب کے ماتھے کو چوم لیا۔

میرب بہت گہری نیند میں تھی اس لیے شاہ نے اسے اٹھانا مناسب نہیں سمجھا اسے بڑی نرمی سے اپنے اوپر سے ہٹا کر بیڈ پر تکیے پر سر رکھ کر لیٹا دیا۔

۔خود اس کے پاس سے آرام اٹھ کر فریش ہونے چلا گیا۔روم میں کسی بھی طرح کے ہلچل اور آواز نہ ہو اس کا اس نے پوری طرح سے دھیان رکھا ہوا تھا۔

۔اسے پوری فکر تھی کہیں زرا سی آواز سے بھی میرب کی آنکھ نہ کھل جائے۔

وہ جانتا تھا کہ اس کی بیوی کے لیے اس وقت آرام کتنا ضروری ہے۔

۔وہ فریش ہو کر ٹاول سے اپنا سر اور بدن پہنچتے ہوئے واش روم سے نکل کر روم میں آیا تھا۔

۔وہ اپنے کپڑے نکالنے کے لیے الماری کی جانب جارہا تھا کہ اس کی نظر صوفے پر رکھے ہوئے اپنے کپڑوں کی جانب گئی۔

۔صوفے پر بہت سلیقے سے اس کی پینٹ شرٹ کوٹ ٹائی اور موزے رکھے ہوئے تھے۔پاس ہی نیچے شاہ کے سوٹ سے میچنگ شوز بھی نکال کر رکھے ہوئے تھے۔

۔شاہ نے مسکرا کر سوئی ہوئی میرب کی جانب دیکھا جسے اپنی شاہ کی اتنی فکر تھی کہ وہ سب کچھ پہلے سے سیٹ کر کے رکھ چکی تھی۔اور یہ اس نے کب کیا یہ تو شاہ کو پتہ بھی نہیں تھا۔

۔اسے اپنی سوئی ہوئی پیاری بیوی پر بہت پیار آیا۔وہ شرٹ پہن کر ڈریسنگ مرر کے سامنے بٹن بند کر رہا تھا۔اس کی نظریں مرر سے میرب کو ہی دیکھ رہی تھی۔

۔جو شرٹ رات کو شاہ نے پہنی ہوئی تھی اس وقت وہ میرب کے زیب تن تھی۔وہ اپنے شاہ کی شرٹ کو پہنے ہوئے تکیے پر سر رکھ کر بے فکر سو رہی تھی۔اس بات سے بے خبر کہ کوئی اس سے بڑی محبت بھری نظروں سے دیکھ رہا ہے۔

۔جس شاہ پر میرب مرتی تھی جس شاہ کے لیے وہ اپنی جان تک دینے کے لیے تیار تھی۔آج وہ شاہ اس کو کتنی محبت بھری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

۔اس کے سلکی بالوں کی لٹیں اس کے خوبصورت چہرے پر بکھری ہوئی شاہ کو جیلس کر رہی تھی۔

۔شاہ اپنی شرٹ کے بٹن بند کرتے ہوئے اس کے پر سکون چہرے کو دیکھ کر چلتا ہوا اس کے پاس آکر بیٹھ گیا۔

۔وہ اپنی انگلی کے پوروں سے بڑی نرمی کے ساتھ اس کے چہرے پر آئی ہوئی لٹوں کو اس کے کانوں کے پیچھے کر رہا تھا۔

۔شاہ کی انگلی کی حدت سے میرب گہری نیند میں ہلکی سی کھسمسائی تھی۔ مگر بہت لیٹ سونے کی وجہ سے نیند سے بیدار نہیں ہو سکی تھی۔

۔شاہ نے بڑی محبت سے اس کے پر سکون کشادہ پیشانی پر اپنے لب رکھ کر عقیدت بھرا لمس چھوڑا تھا۔

۔شاہ کے آتشی لب میرب کی دودھیا گردن پر اپنی محبت مہریں دیکھ کر مسکرا رہے تھے۔اس کی گال پر بھی شاہ کے دی ہوئی محبت کی مہروں کے مدھم سے نشان نظر آرہے تھے۔

۔جن کو دیکھ کر شاہ اپنے نچلے ہونٹ کے کنارے کو دانتوں تلے دبا کر مسکراتا دیا۔ بلینکٹ کے اوپر سے ہی میرب کے پیٹ پر اپنے لب رکھ کر۔۔اس ننھے سے آنے والے وجود کو محسوس کرتے ہوئے شاہ کے دل ایک نئے احساس کو محسوس کیا تھا۔۔۔۔

۔دو پل کو شاہ کو یہی لگا کہ اس کے لب سیج میں سامنے پڑے ہوئے اپنے بچے کہ نازک سے خوبصورت چہرے پر ہیں۔

۔یہ احساس اتنا خوبصورت تھا تو جب وہ سیج دنیا میں آئے گا تو اس وقت وہ کیا محسوس کرے گا شاہ دل میں سوچ کر خوش ہوا تھا۔

۔وہ بڑی احتیاط سے پیچھے ہوا اور اپنی تیاری کر کے بنا آواز کیے کمرے سے نکل گیا۔

۔کیونکہ وہ میرب کو نیند سے بیدار نہیں کرنا چاہتا تھا اور نہ ہی جاتے ہوئے اس کا افسردہ چہرہ دیکھ پاتا۔

۔اس وقت اس کے چہرے پر جتنا سکون تھا شاہ اسی سکون کو اپنی آنکھوں میں سمائے ہوئے ترکی جا رہا تھا۔

۔آنے والے دو دن جتنے میرب کے لیے مشکل تھے اتنے ہی شاہ پر بھی بھاری پڑنے والے تھے۔

۔اسے اپنے دل کے خلاف جا کر دو دن تک اپنی جان شاہ سے دور رہنا تھا شاہ نے کتنی مشکل سے اپنے قدم دروازے کے باہر رکھے تھے یہ تو اس کا دل ہی جانتا تھا۔ شاہ اپنے دل سے ہی جنگ کر رہا تھا اپنے محبوب کو یوں چھوڑ کر جانا کس قدر مشکل ہوتا ہے یہ آج کوئی شاہ کے دل سے پوچھتا۔۔

۔شاہ کو جاتے ہوئے دیکھ کر
میرب اس تکلیف کو میر محسوس نہ کرے اس لیے شاہ نے اس کا سویا رہنا ہی مناسب سمجھا تھا۔

oooooooooo

شاہ میر مرہا کو لے کر گاؤں کی حدود میں داخل ہو چکا تھا اس کی
جیپ کچے پکے راستوں سے ہوتی ہوئی گاؤں کی جانب رواں دواں تھی۔

۔ پیچھے نفری کا ڈالا بھی آ رہا تھا جو
شاہ میر کی سکیورٹی کے لیے تھا ویسے تو شامیر کو گاؤں سے باہر شہر میں ایک
اچھا سرکاری گھر دیا گیا تھا۔

۔ مگر شامیر نے خود ہی گاؤں میں رہنے کا فیصلہ کیا تھا تا کہ وہ غریب کے
کسانوں کی ڈھال بن سکے۔ وہ ہر وقت گاؤں میں رہ کر اچھی طرح سے ان کی
حفاظت بھی کر سکتا تھا۔ شاہ میر ایک بہت ذمہ دار پولیس آفیسر تھا اس لیے
اس کا ٹرانسفر یہاں پر کیا گیا تھا۔

۔وہ جس بھی کیس میں ہاتھ ڈالتا پوری ایمانداری سے اس کے کیس کو پایا تکمیل تک پہنچا کر ہی دم لیتا تھا۔

۔گاؤں میں کسی کا ڈر نہ ہونے کی وجہ سے وہ ذمہ زمیدار زیادہ شوخہ ہو کر لوگوں پر قابض ہو رہا تھا۔اسے لگتا تھا کہ وہ سب سے زیادہ طاقتور ہے اور کوئی اس کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتا۔

۔اس لیے اے سی پی شامیر نے گاؤں میں ہی رہنے کا فیصلہ کیا۔حالانکہ یہاں پر رہنا کافی مشکل تھا۔کیونکہ یہ ایک بہت ہی قدیم اور چھوٹا سا گاؤں تھا۔جہاں پر کچھ خاص سہولتیں موجود نہیں تھی۔

۔یہاں پر لوگ آج بھی ہینڈ پمپ کا استعمال کرتے تھے۔تقریبا سارے گاؤں کے مکانات کچے مٹی سے تعمیر کیے ہوئے تھے۔مگر اس گاؤں میں ایک

چیز بہت اچھی تھی۔ کہ یہاں کے لوگ کافی صفائی پسند اور محبت کرنے والے ہمدرد لوگ تھے۔۔

۔کچے گھروں کو بھی بڑی نفاست سے رکھا گیا تھا جہاں شہر کی دنیا میں گھروں کو رینویٹ کرنے کے لیے پینٹ کا استعمال کیا جاتا تھا۔

۔ مگر یہاں پر آج بھی مٹی کے لیکوڈ سے گھروں کی دیواروں پر پینٹ کیا جاتا تھا۔اور گھروں کو بہت ہی قدیم طریقے سے چھوٹی چھوٹی دیواروں کے ساتھ جاذب نظر بنایا ہوا تھا۔

۔گاؤں میں ہر طرف ہریالی ہی ہریالی تھی یہاں کے کسانوں کی محنت ان کی کھیتی باڑی کی سرسبز وادوں میں نظر آتی تھی۔

۔آج بھی لوگ یہاں پر بیلوں کی مدد سے کنویں سے پانی نکالا کر گھروں میں پینے کے لیے لے کر جاتے تھے۔

۔یہاں پر آج بھی گاؤں کی عورتیں تندور پر روٹیاں لگوا کر لے جاتی تھی۔

۔پورے گاؤں میں ایک میٹھے پانی کا کنواں تھا جہاں سے گاؤں کی عورتیں پینے کا میٹھا پانی مٹکے میں بھر کے اپنے گھروں میں لے جاتی تھی۔

۔گاؤں میں بجلی تو تھی مگر زیادہ تر غائب ہی رہتی تھی مگر گاؤں کی آبوہوا اتنی ٹھنڈی تھی کہ یہاں پر جون جولائی میں گرمی کا احساس نہیں ہوتا تھا۔

۔ہر گھر میں درخت موجود ہونے کی وجہ سے فضا ہر وقت صاف ستھری اور ٹھنڈی تھی۔آج کل تو ویسے ہی بہار کا موسم چل رہا تھا تو موسم ویسے ہی بہت خوشگوار تھا۔

۔شاہ میر اور مرہا جیسے ہی گاؤں کی حدود میں داخل ہوئے چھوٹے چھوٹے
بچے جیپ کو دیکھ کر پیچھے پیچھے بھاگتے ہوئے
آرہے تھے۔

مرہا کو ایک بات بہت عجیب لگی اکسر لوگ پولیس کو دیکھ کر ڈر جایا کرتے تھے
مگر یہاں پولیس کو دیکھ کر لوگوں کے چہروں پر ایک عجیب سی چمک اور خوشی
نظر آرہی تھی۔

۔میر یہ سب لوگ پولیس کو دیکھ کر اتنا خوش کیوں ہو رہے ہیں مرہا نے
حیرانی سے لوگوں کے چہروں کو دیکھ کر کہا۔

۔کیونکہ یہاں پر کوئی بھی پولیس والااس قابض زمیدار کے ڈر سے ٹکتا نہیں ہے۔اور جو ٹکتے ہیں وہ رشوت لے کران کے کتے بن جاتے ہیں اوران بچارے کسانوں کے لیے کچھ بھی نہیں کرتے۔

۔ان لوگوں کو بہت دیر سے حکومت نے یہ لارالگار کھا تھا کہ یہاں پر اے سی پی شامیر ملک کاٹرانسفر کر دیا جائے گا۔ مگر میں عاصم والے کیس میں پھنسا ہوا تھا۔

۔تو میر اٹرانسفر رکا ہوا تھا۔اس لیے آج ان کو میرے آنے کی بہت خوشی ہے

۔

۔مرہا کو یہ جان کر بہت خوشی ہوئی تھی کہ لوگ شامیر کو اس قدر پسند کرتے ہیں اور اس کا شوہر اتنا بہادر ہے کہ لوگ اس کو اپنا مسیحا سمجھتے ہیں اس کے دل نے خوشی سے ایک بیٹ مس کی تھی

۔لوگ ہاتھ ہلا ہلا کر شامیر کو سلام کر رہے تھے۔

۔شاہ میر بھی ان کو بہت خوشی سے ہاتھ ہلاتا ہوا سلام کا جواب دے رہا تھا۔ شاہ میر میں ایٹیٹیوڈ نام کی کوئی چیز نہیں تھی وہ ان غریب لوگوں کو بڑی محبت کی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

۔آج مرہا کو شاہ میر کا ایک نیا روپ دیکھنے کو ملا تھا اور لوگوں کے دلوں میں اس کے لیے کس قدر محبت اور یقین تھا یہ لوگوں کے چہروں پر سجی ہوئی خوشی اور چمک سے مرہا کو پتہ چل رہا تھا۔

oooooooooo

احمر اور شاہ زیب دونوں اپنے فیورٹ کیفے میں بیٹھے ہوئے چائے پی رہے تھے۔

۔بھائی بہت بہت مبارک ہو تمہیں منگنی کی آخر ڈاکٹر ہما نے ہمارے ڈاکٹر صاحب کو پھنسا ہی لیا احمر نے دانت نکالتے ہوئے مذاق کیا تھا۔

۔خیر مبارک مگر یار اس کمینے کے بغیر مجھے تو منگنی کا بھی مزہ نہیں آنے والا

شاہ زیب نے خراب موڑ سے جواب دی تھا۔

یار اس کی بھی مجبوری تھی۔

۔نہیں تو تمہیں بھی پتہ ہے کہ وہ اس طرح تمہاری منگنی کا ریسپشن چھوڑ کر کبھی نہیں جاتا۔

۔احمر نے رومان شاہ کی طرفداری کرتے ہوئے شاہ زیب کو سمجھایا تھا جو اس وقت رومان شاہ کے نہ آنے پر بہت خراب موڑ میں بیٹھا ہوا تھا۔

۔تم اس وقت اس کی طرف داری مت کرو اگر میری جگہ تمہاری منگنی ہوتی اور ہم دونوں میں سے کوئی نہیں آتا تو پھر تمہیں احساس ہوتا کہ اس وقت میں کیا فیل کر رہا ہوں۔احمر کی طرفداری پر شاہ زیب نے غصے سے کہا۔

۔ہائے یار پہلے میری منگنی تو ہونے دو پھر تم دونوں نہ بھی آئے تو کوئی فرق نہیں پڑتا احمر نے شاہ زیب کا موڈ لائٹ کرتے ہوئے کہا تھا۔

۔بتاؤ کوئی لڑکی نظر میں ہے تو پہلے تو تمہاری منگنی کروا دیتے ہیں شاہ زیب نے ہنستے ہوئے اس کی ٹھنڈی ہائے کا جواب دیا تھا۔

۔لڑکی تو ہے یار میری نظر میں مگر اس کے لیے بھی رومان شاہ کا ماننا ضروری ہے اس نے تو فی الحال مجھے کوئی لفٹ ہی نہیں کروائی۔

۔یعنی کہ سچ میں تمہاری نظر میں کوئی لڑکی ہے شاہ زیب نے حیرانی سے پوچھا تھا۔۔۔۔

ہاں یار لڑکی تو ہے احمر نے مسکراتے چہرے سے جواب دیا۔۔۔

۔کون ہے اور رومان اس کو کیسے جانتا ہے ساری بات فٹافٹ بتاؤ کمینے میں تم دونوں کو پل پل کی خبر پہنچاتا ہوں، اور بے غیرتوں تم دونوں نے مجھے بتانا ضروری نہیں سمجھا۔

شاہ زیب نے چٹکی بجاتے ہوئے ساری انفارمیشن فٹافٹ سے بتانے کو کہا تھا۔

۔یار کچھ کنفرم ہوتا تو بتاتا نا اور رومان شاہ اس لیے جانتا ہے کیونکہ وہ اسی کی کزن ہے۔۔

۔آئی تھنک تم اس کے تایا کی بیٹی مہک کی بات کر رہے ہو۔

۔ہاں بالکل صحیح پہچانا مجھے وہ کافی اچھی لگی تھی اور گھر والوں کا بھی شادی کے لیے کافی دباؤ ہے تو میں نے رومان شاہ سے بات کی تھی۔ مگر اس نے کچھ خاص رسپانس نہیں دیا۔

۔یار رومان شاہ کو منانا کون سا مشکل کام ہے اس کو واپس آنے دو مل کر دونوں اس سے بات کریں گے۔بس تم یہ دعا کرو کہ وہ لڑکی راضی ہو جائے

تم نے کون سا رومان سے شادی کرنی ہے جو رومان کا ماننا لازم ہے۔اس کو تو ہم منا ہی لیں گے مسئلہ تو لڑکی کا ہے اس کا ماننا ضروری ہے۔شاہ زیب بہت ایکسائٹڈ ہو کر بولا تھا۔

۔یار میں دل سے تمہارے لیے بہت خوش ہوں آخر تم نے شادی کا اسٹیپ تو لیا۔شاہ زیب نے دوستی والے سٹائل سے شیک ہینڈ کرتے ہوئے کہا۔

۔ہاں یار میں نے بھی سوچا کہ جب وہ مجھے چھوڑ کر پر سکون زندگی گزار سکتی ہے تو پھر میں کیوں اپنی زندگی کو خراب کر رہا ہوں۔

اپنے گھر والوں اور دوستوں کے لیے بھی مشکل بنا ہوا ہوں احمر نے سنجیدہ انداز سے کہا تھا۔

۔بہت اچھا فیصلہ کیا ہے تم نے اور یہی رائٹ فیصلہ تھا کسی کی خاطر زندگی کو روک لینا عقلمندی نہیں ہے۔اور ویسے بھی یار ہم دونوں ہی محبت کے معاملے میں بد قسمت رہے ہیں۔

چلو اب جو ہماری زندگی میں آئیں گی ہم انہی سے محبت کریں گے اور انہی سے محبت کی توقع رکھیں گے۔ڈاکٹر شاہ زیب نے ٹوٹے ہوئے دل سے مسکراتے ہوئے کہا۔۔

ooooooooo

۔گاؤں میں پہنچتے پہنچتے شاہ میر اور مرہا کو شام ہو گئی تھی۔راستے میں کھانا وغیرہ تو کھا کر آئے تھے اس لیے ان کو کوئی خاص بھوک نہیں تھی اور گاؤں والوں نے بہت خوش دلی سے خالص دودھ میں چائے بنا کر بھیجی تھی۔

۔اور ساتھ میں دیسی انڈے بوائل کر کے بھجوائے تھے۔گاؤں والوں نے کھانے کے لیے بہت کہا تھا مگر شاہ میر نے انکار کر دیا کیونکہ شامیر اور مرہا دونوں کو ہی بھوک نہیں تھی۔

۔اور شاہ میر کو اس طرح سے مہمان نوازی کروانا پسند بھی نہیں تھا یہ تو صرف گاؤں والوں کی محبت کے لیے اس نے چائے اور انڈے وغیرہ لے لیے تھے۔

۔گاؤں میں جو گھر ان کو رکنے کے لیے ملا تھا صاف ستھرا چھوٹا سا ایک گھر تھا جس میں ایک ہی کمرہ اور سامنے چھوٹا سا برآمدہ بنا ہوا تھا۔کچا مکان تھا اور صحن میں واش روم اور ہینڈ پمپ لگا ہوا تھا۔

۔کمرے کے اندر دو چارپائیاں رکھی ہوئی تھی جو گاؤں کے سٹائل میں ہی الگ الگ رکھ کر ان پر خوبصورت سی پنجابی دریاں بچھا رکھی تھی۔

دو سفید کلر کے تکیے رکھے ہوئے تھے جن پر بہت خوبصورتی سے ہاتھ کی کڑھائی کی گئی تھی۔

۔بستر بالکل صاف ستھرے اور نیو تھے گاؤں والوں کی نفاظت اور محبت گھر کی صفائی ستھرائی میں نظر آرہی تھی۔

۔قدیم سٹائل کی دو کرسیاں اور ایک ٹیبل رکھا ہوا تھا ٹیبل کے اوپر ہاتھ سے کڑھائی کیا ہوا ایک کپڑا ڈالا ہوا تھا اور کرسیوں کے اوپر ہاتھ سے کڑھائی کیے ہوئے دو کشن رکھے ہوئے تھے۔

۔دیوار کے ساتھ چھوٹا سا مرر لگا ہوا تھا گاؤں والوں نے اپنی طرف سے بہت اچھا انتظام کیا تھا جو شاہ میر اور مرہا کو بہت پسند آیا۔

۔باقی کے پولیس فورس کو رکنے کے لیے الگ کر دیا گیا تھا شاہ میر کا سارا سامان رکھتے ہوئے فورس کے آدمی شاہ میر سے اجازت طلب کرتے ہوئے جا چکے تھے۔

۔شاہ میر باہر کا دروازہ بند کر کے واپس اندر آیا تو مرہا اپنے کاندھوں سے چادر اتار کر اسے فولڈ کرتی ہوئی کمرے کو بڑے غور سے دیکھ رہی تھی۔

۔ہاں جی میری بیوی کو گھر پسند آیا شامیر آہستہ سے چلتا ہوا مرہا کی پشت پر آن کھڑا ہوا اور ہاتھ اس کے پیٹ پر باندھ لیے۔اپنی ٹھوڑی اس کے کاندھے پر ٹکا کر پوچھا۔

۔جی بہت خوبصورت گھر ہے۔شاہ میر آپ کو پتہ ہے کہ میں نے ہمیشہ اس طرح کے گھر صرف کتابوں میں دیکھے ہیں۔جہاں پر پنجابی کلچر دکھایا جاتا تھا

مجھے بہت اچھا لگ رہا ہے یہاں پر آ کر کتنی پیارے لوگ ہیں اور کتنی پر سکون جگہ ہے نا۔ مرہا نے بڑی خوش دلی سے دیکھتے ہوئے کہا۔

۔ مگر میری جان یہاں پر لائف شہر سے بہت زیادہ مختلف ہو گی یہاں پر پانی استعمال کرنے کے لیے ہینڈ پمپ کو چلانا پڑے گا۔ اور باقی سب تم صبح اٹھ کر دیکھ لینا۔ اب تم اپنی خوشی سے یہاں پر آئی ہو مگر پھر بھی میری طرف سے یہ آفر مجود ہے کہ جب بھی تم بور ہونے لگو تو میں تمہیں واپس بھجوا دوں گا۔

۔ آپ نے ابھی سے جانے کی باتیں شروع کر دی ہیں مجھے تو لگتا ہے کہ آپ مجھے یہاں پر رکھنا ہی نہیں چاہتے۔ مرہا نے شاہ میر کے ہاتھ اپنے پیٹ سے ہٹاتے ہوئے ناراضگی کا اظہار کیا۔

۔کیوں جی میں تمہیں اپنے پاس کیوں نہیں رکھنا چاہوں گا مرہا کو واپس اپنی جانب کھینچتے ہوئے اپنے دونوں بازو اس کے کمر پر باندھ کر اسے اپنے قریب کرتے ہوئے پوچھا تھا۔

۔کیونکہ آپ کو آزادی چاہیے آپ چاہتے ہیں کہ آپ آزادی سے گھومے پھریں اور اگر میں ساتھ رہوں گی تو بیوی کی طرح نقطہ چینی کرتی رہوں گی، تو آپ کی آزادی خطرے میں رہے گی۔ مرہا نے منہ کے زاویے بدلتے ہوئے بڑی ادا سے کہا تھا۔

۔پتہ نہیں کون کمبخت آزادی چاہتا ہے میں تو چاہتا ہوں کہ تم مجھے ہمیشہ اپنا قیدی بنا کر رکھو۔اپنی خوبصورت باہوں کا قیدی، اپنی خوبصورت ریشمی زلفوں کا قیدی۔ وہ بہکتی ہوئی نگاہوں سے دیکھ کر اس کے ہاتھوں کو پکڑتے ہوئے اپنے لبوں سے لگا کر چوم رہا تھا۔

۔میں بہت تھک گئی ہوں آپ میرے ساتھ چلیں مجھے منہ ہاتھ دھونا ہے مرہانے شاہ میر کی ٹون خراب ہوتے دیکھ کر اس کا چینل بدلنے کے لیے کہا تھا۔

۔ہاں جی چلو تمہیں ہینڈ پمپ پر منہ دلواتا ہوں۔شاہ میر مرہا کا ہاتھ پکڑ کر اسے باہر صحن میں لے آیا۔ہینڈ پمپ کے پاس نیو صابن رکھا ہوا تھا۔گاؤں والوں نے اپنی طرف سے ہر چیز کا دھیان رکھا تھا۔

۔شاہ میر نے خود ہینڈ پمپ چلاتے ہوئے مرہا کا منہ دھلوایا تھا۔اور اپنی جیب سے رومال نکالتے ہوئے مرہ کے آگے کیا مرہا نے رومال سے اپنا ہاتھ منہ خشک کر لیا۔کیونکہ ابھی تک سارا سامان پیک تھا تو ٹاول اس وقت او یلیبل نہیں تھا۔

۔میر موسم خراب ہو رہا ہے نا آسمان پر گنے بادل دیکھ کر مرہا نے آسمان کی جانب دیکھتے ہوئے کہا تھا۔ہاں موسم تو کافی خراب ہو رہا ہے لگتا ہے بارش ہونے والی ہے۔شاہ میر نے بھی آسمان کی جانب دیکھتے ہوئے پیشنگوئی کی تھی۔

۔ہوائیں بھی کافی تیز چل رہی تھی تو ہینڈ پمپ سے منہ دھونے کے بعد میں مرہا کو سردی کا احساس ہونے لگا تھا۔گاؤں کی آب وہوا کافی ٹھنڈی تھی۔اوپر سے بارش کا موسم اور تیز ہوائیں بہار کے موسم میں بھی دسمبر والی فیلنگ آنے لگی تھی۔

۔میر ہا شاہ میر کے ساتھ جلدی جلدی قدم اٹھاتے ہوئے کمرے میں واپس چلی آئی۔کیونکہ باہر ہلکی ہلکی بوندا باندی شروع ہو چکی تھی۔

۔مگر صحن سے روم میں آتے آتے ایک دم سے شروع ہوئی بوندا باندی سے ان کے کپڑے کافی نم ہو گئے تھے۔

۔شاہ میر نے دونوں کے بیگ اوپن کیے اور اپنے اپنے بیگ سے چینج کرنے کے لیے کپڑے نکالے۔

۔اب مسئلہ تھا چینج کرنے کا کیونکہ یہاں پر واش روم تو تھا نہیں جس میں جا کر وہ چینج کر لیتے۔واش روم تو صحن میں تھا اور وہاں پر بارش ہو رہی تھی اور واش روم پوری طرح سے اوپن تھا۔اس لیے باہر جانے کا مطلب تھا اور بھی بھیگ جانا تو ایسے میں وہ باہر جانے والی غلطی تو نہیں کر سکتے تھے۔بارش میں بھی تیزی آنے لگی تھی۔

میر مجھے کپڑے چینج کرنے ہیں مرہا نے کپڑے ہاتھ میں لیے ہوئے بڑی مدھم سی آواز میں کہا۔۔۔۔۔۔

۔کپڑے تو مجھے بھی چینج کرنے ہیں شاہ میر کو مرہا کی بات کا مطلب تو اچھی طرح سے سمجھ میں آگیا تھا۔ مگر وہ مسکرہ سا منہ بنا کر وہ معصومیت سے بولا۔ جیسے اسے پتہ ہی نہ چلا ہو کہ مرہا کیا کہنے کی کوشش کر رہی ہے۔

۔میر میرا مطلب ہے کہ باہر بارش ہو رہی ہے اور روم میں میں کپڑے کیسے بدل سکتی ہوں۔۔۔۔۔مرہا نے نظر جھکائے ہوئے کہا۔۔۔۔

۔کیوں تم روم میں کپڑے کیوں نہیں بدل سکتی شاہ میر مرہا کی حالت سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔

۔میں۔آپ کے سامنے کپڑے کیسے بدل سکتی ہوں مرہانے نظریں ادھر ادھر کرتے ہوئے کہا۔۔

۔تم روم میں کپڑے بدل سکتی ہو،مجھے تو کوئی پرابلم نہیں ہے تمہارے روم میں کپڑے بدلنے سے،شاہ میر مدے کی بات پر آناہی نہیں چاہتا تھا۔

۔میر سمجھنے کی کوشش کریں میں آپ کے سامنے کپڑے کیسے بدل سکتی ہوں مرہانے شرمائے ہوئے نظریں جھکا کر بڑی مشکل سے الفاظ ادا کیے تھے۔

۔میں تمہارا شوہر ہوں تم میرے سامنے کپڑے چینج کر سکتی ہو سینے پر ہاتھ باندھے ہوئے گہری نظروں سے اس کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔

۔جی نہیں میں آپ کے سامنے کپڑے نہیں بدل سکتی مرہانے آنکھیں دکھاتے ہوئے کہا۔

۔مگر میڈم باہر بہت زیادہ بارش ہو رہی ہے میں بیچارہ بندہ بارش میں کہاں جاؤں تم ہی بتاؤ۔اب کی بار شاہ میر نے مسکراتے ہوئے سیریس کہا تھا سچ میں باہر بہت تیز بارش تھی تو وہ کہاں جاتا۔

۔آپ باہر والے روم میں چلے جائیں مرہا روم کے آگے چھوٹے سے چھتے ہوئے برآمدے کی بات کر رہی تھی۔جس کے چاروں طرف کوئی دیوار نہیں تھی اس لیے سیدھی بارش چاروں طرف سے اندر آ رہی تھی۔

۔وہاں جانے کا مطلب بھی بھیگنا ہی تھا اور اوپر سے ٹھنڈی اور تیز ہوائیں بھی چل رہی تھی شاہ میر کو تو روم میں کھڑے ہوئے کپکپی سی ہو رہی تھی۔ایسے میں باہر جا کر بھیگنے کی تو اس میں بالکل ہمت نہیں تھی۔

۔مرہا تم نے باہر دیکھا ہے وہ روم نہیں ہے کیونکہ روم کے چاروں طرف دیواریں ہوتی ہیں۔ مگر باہر تمہارے کہنے کے مطابق جو روم ہے اس کے چاروں طرف سے بارش کی بوچھاڑ اندر آ رہی ہے۔

۔اور اوپر سے ٹھنڈی اور تیز ہوائیں چل رہی ہیں۔ تم کیا چاہتی ہیں کہ تمہارا شوہر یہاں پر آتے ہی بیمار پڑ جائے۔

غریب کسانوں کی مدد کیا میں نے خاک کرنی ہے آتے ہی میں بیمار ہو جاؤں تو

۔

۔تو ٹھیک ہے میں چینج کیے بنا ہی سو جاتی ہیں مرہا نے اپنا سلیوشن خود ہی نکال لیا تھا۔

۔پاگل لڑکی بیمار ہونے کا ارادہ ہے۔میں چینج کیے بنا ہی سو جاتی ہوں شاہ میر نے اس کی نقل اتارتے ہوئے اسی کے سٹائل میں کہا تھا۔

۔ابھی شاہ میر بات کر ہی رہا تھا کہ لائٹ چلی گئی تھی۔گاؤں میں اکثر ایسا ہوتا تھا جب کبھی بارش آتی تو لائٹ بند کر دی جاتی تھی تا کہ کوئی حادثہ پیش نہ آئے۔

۔لیجئے اب تو کوئی پرابلم نہیں ہے اب تو تم روم میں کپڑے بدل سکتی ہو لائٹ جانے پر شاہ میر نے مرہا کی پرابلم کا حل نکالتے ہوئے کہا۔

۔نہیں میں ایسے ہی سو جاتی ہوں ویسے بھی کپڑے کچھ زیادہ گیلے نہیں ہیں ،مرہا کو بہت جھجھک محسوس ہو رہی تھی شاہ میر کی موجودگی میں کپڑے بدلنے پر۔حالانکہ کمرے میں بہت اندھیرا تھا۔

۔مرہا چپ چاپ کپڑے چینج کرو اگر گیلے کپڑوں کی وجہ سے تمہاری طبیعت خراب ہوئی تو مجھ سے برا کوئی نہ ہو گا۔اب کی بار شاہ میر نے تھوڑا سختی سے کہا تھا۔

۔مگر میر میں آپ کے سامنے کیسے۔۔۔۔۔میری جان روم میں جتنا اندھیرا ہے تمہیں لگتا ہے کہ میں کوئی ایلین ہوں جو مجھے اندھیرے میں کچھ نظر آرہا ہو گا۔شاہ میر نے اس کی بات بیچ میں کاٹتے ہوئے کہا تھا۔پھر بھی تمہاری تسلی کے لیے میں اپنی آنکھیں بند کر کے اپنی منہ پر ہاتھ رکھ لیتا ہوں۔

۔نہیں آپ اپنا منہ بھی دوسری طرف کر کے رکھنا مرہا نے اپنی سکیورٹی تھوڑی اور بڑھادی تھی۔اور آپ کو قسم ہے جو آپ نے آنکھیں کھولی یا منہ ادھر کیا تو۔۔

۔اوکے بابا تم آرام سے کپڑے چینج کرو،اور یقین رکھو کہ تمہارا شوہر بہت ایماندار پولیس آفیسر ہے بے ایمانی نہیں کریں گا۔

۔شاہ میر کو مرہا کی شرم پر ہنسی آرہی تھی۔میری جان کب تک مجھ سے اتنی شرم کرو گی ایک نا ایک دن تو تمہیں میری پناہوں میں آنا ہی ہو گا بھر اپنی اپنی ہر ایک تڑپ کا گن گن کر حساب لوں گا۔

۔وہ دوسری طرف رخ کیے ہوئے مرہا کے حکم کے مطابق بند آنکھیں کر کے اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہوا سوچ کر اندھیرے میں مسکرا رہا تھا۔۔۔

آہ آہ آہ آہ آہ۔۔۔ مرہا کی بہت اونچی آواز میں چیخ پورے روم میں گونجی تھی۔ میر ہار یلیکس کچھ نہیں ہوا شاہ میر نے اونچی آواز میں کہا تھا۔ اور رخ بدل کر مرہا کی جانب اندھیرے میں بھاگ کر آیا۔ اس سے پہلے کہ وہ مرہا تک پہنچتا مرہا بھی بھاگ کر اسی کی طرف آرہی تھی۔

۔ اندھیرے میں دونوں ایک دوسرے کو دیکھ نہیں پارہے تھے۔ دونوں ایک ہی سمت بھاگنے کی وجہ سے ایک دوسرے سے ٹکرائے۔ مرہا زور سے شاہ میر کے فولادی سینے کے ساتھ ٹھاہ کر کے ٹکرائی تھی۔

۔ مرہا زوردار بجلی کڑکنے سے ڈر گئی تھی اسی گھبراہٹ میں اس کے منہ سے بھیانک چیخیں نکلی تھی۔ شاہ میر کو آئیڈیا تھا کہ مرہا ڈر گئی ہے۔ اسی لیے وہ مرہا کی جانب بھاگ کر آیا تھا۔

۔میر مجھے ڈر لگ رہا ہے۔۔۔وہ شاہ میر کے سینے سے لگی ہوئی تھی۔اس نے اپنے دونوں ہاتھ شاہ میر کی کمر پر باندھ رکھے تھے۔اس کی دھڑکنیں اتنی تیز تھی کہ جیسے ابھی دل کی دیواریں توڑ کر باہر
آجائیں گی۔

۔گاؤں کے کھلے علاقے میں آسمانی بجلی کڑکنے کی آواز اس قدر بھیانک ہوتی تھی کہ گاؤں والے خود بھی اکثر آسمانی بجلی کڑکنے سے ڈر جاتے تھے۔

۔تو مرہا کے لیے تو یہ سب کچھ بہت الگ اور نیا تھا اس لیے وہ ضرورت سے کچھ زیادہ ہی ڈر گئی تھی۔باہر اب بھی بہت تیز بارش ہو رہی تھی اور بار بار آسمانی بجلی کڑکنے کی آوازیں آرہی تھی گاؤں کے کھلے علاقے میں رات کے وقت دور کہیں سے کتوں کی بھونکتی ہوئی آوازیں،رات کو اور بھی بھیانک بنا رہی تھی۔

۔میری جان میں ہوں تمہارے پاس ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔وہ اسے اپنی مضبوط باہوں کے گھیرے میں لیے اپنے تحفظ کا احساس دلاتے ہوئے بولا۔

۔وہ شاہ میر کی کمر میں سختی سے ہاتھ ڈالے ہوئے اس کے سینے میں چہرہ چھپائے ہوئے کانپ رہی تھی۔اسے چپ کرواتے ہوئے شاہ میر کو اب احساس ہوا کہ وہ جب ڈر کے اس جانب بھاگی تو اس کے جسم پر شرٹ موجود نہیں تھی۔وہ اپنی شرٹ اتار چکی تھی،اور اسی دوران بجلی کی کڑکڑاہٹ سے وہ گھبرا کر شاہ میر کی جانب بھاگی تھی۔

۔شاہ میر جب اسے ریلیکس کروانے کے لیے اس کی پیٹھ سہلا رہا تھا اس وقت اس کے ہاتھوں نے اس کی نرم و ملائم کمر کو بے لباس محسوس کیا تھا۔پہلے تو

صرف مرہا کا دل زور سے دھڑکتا ہوا پسلیاں توڑ کر باہر آنے کو تھا۔ مگر اب تو شاہ میر کا اپنا دل بھی پسلیاں توڑ کر باہر نکلنے کو بے قرار ہو رہا تھا۔

۔جب مرہا کی تھوڑی سی گھبراہٹ کم ہوئی۔ تو اس سے اپنی غلطی کا احساس ہوا تھا۔ اب وہ سوچ کر شرم سے پانی پانی ہو رہی تھی کہ اس سے کیا غلطی ہو گئی ہے۔

۔اب وہ اندھیرے میں شرم سے لال ہوتی ہوئی شاہ میر سے دور ہونے لگی تھی۔ مگر شاہ میر اس کے نرم ملائم جسم کو محسوس کر کے اب اسے خود سے دور کرنے پر آمادہ نہ ہوا۔ اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر جھٹکے سے اس سے واپس خود کے قریب کر لیا۔۔۔ مم۔۔م۔۔ مم۔۔اس نے تیز دھڑکنوں کے رقص میں اٹکتے ہوئے الفاظوں میں میر کا نام لیا۔

۔میر کی جان اب خود اتنی قریب آکر ایسے موسم میں دور مت جاؤ۔دور جانے سے تو اچھا ہے کہ اپنے ہاتھوں سے میر کی جان لے لو۔

۔میری جان تمہارے میر کا دل اور اس کے منہ زور جذبات اس وقت میر کے بس میں نہیں ہے اور یہ ماحول میری جان تمہاری ایک غلطی نے پیدا کیا ہے۔

۔پلیز اب میرے دسترت میں خوشی سے آجاؤ اس سے زیادہ اپنے میر کی محبت کا امتحان مت لو۔تم پر پورا حق رکھتے ہوئے پچھلے اٹھ مہینوں سے دوری بنا کر رکھنا میرے لیے کس قدر مشکل تھا یہ میں شاید لفظوں میں کبھی بیان نہ کر سکوں۔

۔اور میں آج بھی یہ لکیر کبھی خود سے کراس نہیں کروں گا جب تک میر کی جان تم اپنی ہاں کا اظہار نہیں کرو گی۔

۔شاہ میر نے گھمبھیر آواز میں اس کے کان کی لو کو اپنے انابی لبوں سے چومتے ہوئے سرگوشی کرتے ہوئے کہا تھا۔

۔اس کی آواز میں اتنی شدت اور محبت تھی کہ مرہا اپنے میر سے دور ہو ہی نہیں پائی تھی۔وہ کیسے بتاتی کہ وہ کب سے اپنے میر کی محبت میں گرفتار ہو چکی تھی۔

۔اور اس محبت کی شدت کا احساس مرہا کو تب ہوا جب شاہ میر نے اسے چھوڑ کر گاؤں آنے کے لیے کہا تھا۔

۔اس نے اسی وقت سوچ لیا تھا کہ وہ بہت جلد ہی شاہ میر کو بتادے گی کہ صرف شاہ میر ہی اس محبت نہیں کرتا۔ بلکہ وہ بھی اپنے میر سے بہت بہت زیادہ کرنے لگی ہے۔

۔ مگر آج اپنے میر کو اپنے نازک وجود سونپ کر وہ اپنی محبت کا احساس اسے دلانا چاہتی تھی۔ اس لیے چپ چاپ خود کو اس کی دسترت میں دیتے ہوئے اپنا آپ کے حوالے کر دیا۔ وہ اس کے سینے میں سر چھپا کر اسی کی بازوؤں میں خود کو محفوظ کر کے کھڑی ہو گئی تھی۔

میر کی جان کیا میں تمہاری ہاں سمجھوں مرہا کو اپنے سینے سے ساقت لگی ہوئی کھڑی دیکھ شاہ میر نے پوچھا۔

شامیر کے انابی لب اندھیرے میں مسکرا رہے تھے۔بے شک مرہا نے منہ سے کوئی جواب نہیں دیا۔ مگر اس کے مظبوط کسرتی سینے پر ہاتھ رکھ کر اپنا منہ اس کے سینے میں چھپائے ہوئے اپنی جگہ پر کھڑے رہنے کا مطلب یہی تھا۔

۔تھینک یو سو مچ میر کی جان میں ہماری اس رات کو اتنا خوبصورت بناؤں گا کہ جب بھی ہم یاد کریں گے۔تو ہمیشہ یہ رات ہمارے لیے خوشی کا باعث ہو گی ہلکے سے سرگوشی کرتے ہوئے اسے اپنے مظبوط بازوں کے گرفت میں اور بھی کس گیا تھا۔

۔مرہا کے کانپتے ہوئے وجود کو اپنی باہوں میں بھر کر پاس پڑی ہوئی چارپائی پر بڑے آرام سے اس نے لٹا دیا تھا۔چارپائی پر رکھی ہوئی موٹی چادر اٹھا کر اس نے مرہا کے اوپر ڈال دی کیونکہ سردی سے اس کا وجود آہستہ آہستہ کانپ رہا تھا۔

۔شاہ میر اپنی گیلی شرٹ کے بٹن کھولتے ہوئے شرٹ کو زمین پر پھینک چکا تھا۔اس نے اپنے موبائل کی ٹارچ جلا کر روم میں مدھم سی روشنی کر دی۔

۔ٹارچ کی مدھم سی روشنی سے مرہا نے چادر کھینچتے ہوئے اپنے چہرے کو ڈھانپ لیا۔شاہ میر کی قربت کا سوچ کر ہی
مرہا کا دل دھک دھک کر رہا تھا۔

۔وہ تو اندھیرے میں ہی شاہ میر کی نظروں کو محسوس کرتی ہوئی شرم سے لال ہو رہی تھی۔اب روشنی میں تو وہ شاہ میر کی نظروں کو ہر گز برداشت کرنے کی حالت میں نہیں تھی۔شاہ میر کی نظروں سے خود کو بچانے کے لیے اس نے چادر کا سہارا لیا۔

۔وہ چادر کا کونا اٹھاتے ہوئے میر ہا کے ساتھ لیٹ گیا۔شاہ میر نے مرہا کے گال پر ہاتھ رکھ کر اس کا رخ اپنی طرف کرتے ہوئے اپنا چہرہ اس کے اوپر جھکایا ہوا تھا۔مم۔۔۔میر پلیز لائٹ نہیں لفظوں کو توڑتی ہوئی مدھم آواز میں بولی۔

۔میر کی جان تمہارے چہرے پر اپنی قربت کے رنگ دیکھنے کا پورا حق ہے مجھے۔پلیز مجھے میرے اس حق سے محروم تم نہیں کر سکتی۔اپنی سخت بیرڈ والے گال کو نرمی سے اس کی مخملی گالوں سے باری باری رپ کرتے ہوئے بہکی ہوئی آواز میں بولا۔

۔میر پلیز لائٹ بند کر دے مجھے شرم آ رہی ہے اپنا سر اس کے سینے میں چھپاتے ہوئے آہستہ سے کہا۔

۔میر کی جان تم پر قربان ہو۔ مگر لائٹ بند نہیں ہو سکتی کیسے اپنی اس خوبصورت رات میں تمہارے چہرے پر اپنی تڑپتی ہوئی قربت کے رنگ نہ دیکھوں۔ یہ ممکن نہیں ہے میری جان۔ پلیز آج کی رات یہ مزاحمتیں کھڑی نہ کرو۔

۔مجھے محسوس کرنے دو اپنی محبت کو اپنی باہوں میں۔ آج کی رات شرم وحیا کے سارے پردے گرا کر خود کو میرے حوالے کر دو۔

۔میری جان تمہیں دیکھنے کا تمہیں چھونے کا تمہیں محبت سے چومنے کا پورا حق ہے میرے پاس۔ آج کی رات مجھے سارے خوبصورت حق دے دو پلیز ۔۔۔۔۔وہ اتنی محبت سے میر ہاسے اپنے حق مانگ رہا تھا۔ جن کو زبردستی پانے کا بھی اس کے پاس پورا اختیار تھا۔۔۔

۔میر ہانے اس کی محبت کے آگے گھٹنے ٹیکتے ہوئے آنکھیں بند کر لی وہ آج اپنے میر کو اس کے سارے حق دینا چاہتی تھی۔۔۔وہ حق جس کی اجازت اسے خدا نے دی تھی۔۔

۔جب اس نے سارے حق رکھتے ہوئے کبھی اسکے وجود پر زبردستی حق نہیں جتایا تھا تو آج مرہا نے بھی دل سے خود کو اپنے میر کے حوالے کر دیا۔

اس کے کانوں میں پہنی ہوئی چھوٹی چھوٹی پلین بالیاں کو شاہ میر اپنے لبوں سے کھول رہا تھا اس کے لبوں کی حدت سے مرہا کے پورے بدن میں سنسنی سی دوڑ گئی تھی۔

وہ اپنے ہاتھوں سے بالیاں اتار کر زمین پر پھینک چکا تھا۔وہ اپنے انابی لبوں کو اس کی نازک پنکھڑیوں پر رکھتے ہوئے اپنی قید میں لے گیا تھا۔

۔وہ بڑی شدت سے پنکھڑیوں کو محبت کا احساس دلاتے ہوئے پیچھے ہٹا
۔میرب آنکھیں بند کیے ہوئے تیز سانسیں لے رہی تھی۔
۔وہ اس کی بند آنکھیں شرمائے ہوئے چہرے اور تیز سانسوں کو دیکھ کر انابی لبوں سے مسکراتا ہوا پھر سے اس کی نازک نمی سے بھرپور پنکھڑیوں پر جھک گیا۔

۔اب کی بار شدت پہلے سے کہیں زیادہ تھی نہ جانے کیسی طلب تھی جو اس کے پاس جانے سے اور بھی بڑھتی جا رہی تھی۔

پتہ نہیں کتنی دیر کے بعد اپنی طلب پوری کر کے پیچھے ہٹا اور اس کی نازک سی گردن پر جھک گیا۔اس کی گردن پر اپنے لبوں کے نرم گرم لمس چھوڑتے جا رہا تھا۔

۔لمسوں کی شدت سے مرہا کے منہ سے سسکیاں نکلنے لگی تھی۔ کتنی دیر تک وہ اپنی لمس گردن پر ہے لٹاتا رہا تھا۔

۔ گردن سے اس کے سلگتے ہوئے لب جب دل والے مقام پر کرر کے تو مرہ کی سسکیاں اور بھی تیز ہونے لگی تھی۔دل والے مقام پر لمس چھوڑتے ہوئے وہ اور بھی بہکتا ہوا بے قابو سا ہو رہا تھا۔

۔اس کے ہاتھوں کے لمس میرہا اپنے پورے وجود پر محسوس کر رہی تھی
۔اس کے لمسوں میں اتنی شدت تھی کہ اسے اپنا پورا وجود ٹھنڈ کے موسم میں بھی جلتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔۔

۔وہ اپنی گزری ہوئی تمام راتوں کا بڑی محبت سے حساب کتاب پورا کر رہا تھا۔

۔وہ اپنی محبت کی بارش میر ہا کے پورے وجود پر برسا رہا تھا۔ وہ اپنی محبت کے معاملے میں حساب کتاب کا بہت پکا تھا۔ کہیں پر بھی کوئی کسر نہیں چھوڑ رہا تھا۔۔ وہ اپنی ہر تڑپ اور ہر گزری ہوئی رات کا بڑی اچھی طرح سے حساب برابر کر رہا تھا۔

۔ کہیں اس کی محبت میں بے حد نرمی آجاتی تھی۔ تو کہیں اس کے بے لگام جذباتوں کی سختیاں محسوس کر کے وہ سسک اٹھتی تھی۔۔

۔وہ اس کی محبت کی شدتوں کو بڑی ہمت سے برداشت کرنے کی کوشش کر رہی تھی مگر وہ مضبوط سخت جان اے سی پی شاہ میر ملک تھا۔ اس کو سہنا مرہا جیسی نازک سی جان کے لیے اتنا سا نہیں تھا۔

۔وہ تو مدھم سی روشنی میں اس وقت کے دودھ جیسے گورے اور ریشم جیسے مخملی بدن کی رعنائیاں دیکھ کر بہکتا ہی چلا جا رہا تھا۔اس کے وجود سے اٹھتی ہوئی خوشبو اسے مدہوش سا کر رہی تھی۔۔۔

۔اب پورے روم میں دونوں کی تیز سانسوں کی آوازیں آ رہی تھی۔میر کی شدتوں سے میرہا کے منہ سے سسکیاں اور تیز ہونے لگی تھی۔

۔شاہ میر بار بار اس کی نازک پنکڑیوں پر اپنے انابی لب رکھ کر اس کی معصوم سسکیاں کو دبا دیتا۔۔۔۔

۔وہ گزرتی ہوئی رات کے ساتھ اپنی محبت کے سارے حساب اس کے نازک سے وجود سے بڑی محبت کے ساتھ وصول کر رہا تھا۔

۔مگر اس کی شدتوں میں بھی مرہا تحفظ اور محبت کو صاف محسوس کر رہی تھی۔آج اسے اپنے وجود پر اپنے شوہر کی پاک اور باحفاظت محبت کا کور چڑھتا ہوا محسوس ہوا۔

۔آج وہ خود کو اتنی شدتوں کے بعد بھی بے حد ہلکا پھلکا محسوس کر رہی تھی۔ آج وہ اپنی شوہر کی پاک محبت کو خود پر بچھی ہوئی دیکھ کر اپنے وجود کو اتنے سالوں بعد پاک محسوس کر رہی تھی۔

۔اس کے میر کو اجازت کیا ملی تھی پوری رات شاہ میر نے اپنی محبت سے اسے بے حال کر رکھا تھا۔۔۔

۔ صبح چار بجے کے قریب جا کر بڑی مشکل سے اس نے میرہا کی جان بخشی تھی۔ مرہا اس کی شدتوں سے اس قدر ٹوٹی ہوئی تھی کہ شاہ میر کی محبت سے جان چھوٹتے ہی۔

کب اس کی آنکھ لگی اسے پتہ ہی نہیں چلا تھا۔ اس کی آنکھ تو تب کھلی جب باہر سے آتی ہوئی ہلکی ہلکی روشنی نے اسے خوش آمدید کہا۔

۔ آج وہ اپنے شوہر کی محبت میں پوری طرح سے رنگ چکی تھی۔ مرہا نے جب نیند کی خماری سے جاگتے ہوئے آنکھیں کھولی تو خود پر وزن محسوس کرتے ہوئے اپنے اوپر دیکھا۔۔۔ وہ ہلکے سے مسکرائی تھی۔۔۔

۔ شاہ میر اپنے لمبے چوڑے مضبوط کثرتی جسم کو پوری طرح سے اس کے اوپر براجمان کیے ہوئے لیٹا ہوا تھا۔

۔مرہا نے شرماتے ہوئے ہلکے سے مسکرا کر اپنے میر کے پر سکون اور خوشی سے چمک والے چہرے کو دیکھا تھا۔

۔مرہا کو پتہ تھا کہ اس کے میر چہرے پر یہ خوشی اس کی محبت کو پوری طرح سے پا لینے کی ہے۔

۔بے اختیار میر ہا کا ہاتھ میر کے گال پر گیا اس نے بڑی محبت سے شاہ میر کے گال پر ہاتھ پھیرتے ہوئے ہلکے سے لب ہلا کر آئی لو یو کہا تھا۔۔۔۔

oooooo

۔آئی لو یو ٹو میر کی جان شاہ میر نے مسکراتے ہوئے سر اوپر اٹھا کر اس کے آہستہ سے سرگوشی میں بولے گئے آئی لو یو کا جواب دیا۔۔۔

۔میر آپ جاگ رہے تھے مرہا نے شرماتے ہوئے نظریں اور ہاتھ شاہ میر کے اوپر سے ہٹاتے ہوئے کہا۔

۔نہیں میں تو سو رہا تھا مگر میرے کانوں نے میری بیوی کے میٹھی آواز سنی جو صبح صبح مجھے بڑے پیار سے آئی لو یو کہہ کر جگا رہی تھی۔اووووواں۔۔۔شاہ میر نے اپنے لب اس کی کال پر رکھ کر بڑے زور سے آواز والی کس کی تھی۔

۔آپ نے خواب دیکھا ہے میں نے تو آئی لو یو نہیں کہا۔مرہا اپنی چوری پکڑے جانے پر شرماتے ہوئے صاف مکر گئی۔

۔اچھا جی۔۔۔سوچ لو پولیس والا ہوں ایک منٹ سے پہلے جھوٹ پکڑ لوں گا اور پکڑے جانے پر سزا بھی دے سکتا ہوں۔

وہ مرہا کے اوپر ہی لیٹا ہوا اس کے چہرے سے ریشمی زلفوں کو ہٹاتے ہوئے اسے پیار بھری دھمکی دے رہا تھا۔

۔مجھے پتہ ہے کہ آپ مجھے کبھی سزا نہیں دے سکتے۔اس نے بڑے مان سے کہا۔

۔اور تمہیں ایسا کیوں لگتا ہے کہ میں سزا نہیں دے سکتا۔

۔کیونکہ مجھے پتہ ہے کہ آپ مجھ سے بہت پیار کرتے ہیں۔

۔ہاں تو پیار کا مطلب یہ تو نہیں ہے کہ میں سزا نہیں دے سکتا۔ مگر یہ الگ بات ہے کہ وہ سزا بھی میرے پیار کا ہی حصہ ہو گی، میری سزا دینے کا سٹائل بھی الگ ہو گا بالکل میری منفرد محبت کے جیسا۔وہ آج مرہا کی محبت کو پوری طرح سے پا کر بہت خوش تھا۔

آج اس نے اپنے سارے حق بڑی محبت اور مرہا کی رضامندی سے حاصل کر لیے تھے۔

اور اپنے جائز حقوق لے کر جو خوشی اس کے اندر تھی وہ اس کے چہرے پر بھی صاف نظر آ رہی تھی۔

۔میر پلیز پیچھے اٹھیں آپ بہت بھاری ہیں میرہا کے اوپر شامیر جو پوری طرح سے پھیل کر لیٹا ہوا تھا مرہا کی سانس سے دب رہی تھی اس کے بھاری بھر کم وجود کے تلے۔اوپر سے شاہ میر کی محبت بھری خماری والی باتیں میرہا کو اور بھی شرم سے لال کر رہی تھی۔

مگر میر کی جان اس وزن کو اب تمہیں ہر رات۔۔۔۔اور ہو سکتا ہے کبھی کبھی دن میں بھی برداشت کرنا پڑ جائے۔۔۔

۔کیونکہ بہت تڑپایا ہے تم نے مجھے اپنی محبت اور قربت کے لیے،وہ مسکراتا ہوا اپنے نچلے ہونٹ کو دانتوں تلے کچل کر اس کے اوپر سے ہٹ گیا۔

۔وہ صرف اس کے اوپر سے ہٹا ضرور تھا مگر اپنا مضبوط بازو اس کی کمر میں ڈالے ہوئے اس کو اپنے ساتھ لگا کر لیٹا ہوا تھا۔

۔اوپر سے ایک ہی چارپائی پر دونوں کے لیے جگہ کم تھی اس لیے پہلے شاہ میر مرہا کے اوپر اپنی جگہ بنائے ہوئے تھا۔اور اب مرہا شاہ میر کے ساتھ پوری طرح سے چپکی ہوئی لیٹی تھی۔

۔کچھ تو شاہ میر نے اسے اپنی گرفت میں مضبوطی سے پکڑ رکھا تھا۔اور کچھ چارپائی بھی چھوٹی ہونے کی وجہ سے مرہا کے پاس کوئی بھی راہ فرار نہیں تھی۔

۔میر پلیز مجھے اٹھنے دیں مجھے بھوک لگی ہے۔وہ میر کے بازو کو اپنے اوپر سے ہٹاتی ہوئی اٹھنے لگی۔۔۔

میری جان مجھے بھی بہت زور سے بھوک لگی ہے پہلے مجھے تھوڑی سی بھوک مٹا لینے دو پھر تمہاری بھوک مٹانے کا میں بہت زبردست انتظام کر دوں گا۔

اسے واپس کھینچ کر اپنے اوپر ڈالتے ہوئے اس کے سراپے کو بہت گہری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔اس کے ارادے بالکل بھی اچھے نہیں تھے۔وہ تو کسی اور ہی موڈ میں بول رہا تھا۔اس کی بھوک کھانے سے مٹنے والی تو بالکل بھی نہیں لگ رہی تھی۔

۔مم۔۔میر۔۔پلیز پہلے کھانا شاہ میر کی آنکھوں کے بدلتے ہوئے رنگ دیکھ کر مرہا نے گھبراتے ہوئے کہا وہ زبردستی اٹھنے کی کوشش کر رہی تھی۔

۔ایسے تو نہیں جانے دوں گا۔مجھے اپنی بھوک مٹا لینے دو اس کے بعد تمہاری بھوک کا بہت اچھا انتظام کروں گا۔

۔وہ شرارتی لبوں سے مسکراتا ہوا شوخ لہجے میں بولا۔۔وہ مرہا کے سر کے پیچھے سے ہاتھ رکھ کر دباؤ ڈال کر اسے اپنے چہرے پر جھکا چکا تھا۔اس کے ریشمی بالوں میں خماری سے منہ چھپا رہا تھا۔

۔میر پوری رات آپ نے اپنی بہت بھوک مٹالی ہے اب پلیز میری بات سنیں۔میر کی خراب ہوتی ہوئی ٹون کو دیکھ کر مرہا کی جان نکل رہی تھی۔

۔مگر جان میری بھوک مٹی نہیں ہے نہ مسئلہ تو یہ ہے وہ شرارتی ہوتا ہوا مرہا کی حالت سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔

۔پلیز مجھے سچ میں بہت بھوک لگی ہے شاہ میر نے گزری ہوئی رات مرہا سے اپنی محبت کے ایک ایک منٹ کا حساب بڑی اچھی طرح سے برابر کیا۔

۔اب مرہا میں شاہ میر کی شدتوں کو سہنے کی بالکل بھی ہمت نہیں تھی وہ تقریباً منت کرنے والے انداز میں اسے روک رہی تھی۔

۔شاہ میر کو اس کی چھوٹی سی جان پر ترس آنے لگا تھا وہ جس طرح سے منت کرتے ہوئے بول رہی تھی۔ شاہ میر نے اپنے دل پر جبر کرتے ہوئے اپنے بے لگام جذباتوں کو روک کر میر کی جان کی بھوک مٹانے کا انتظام کرنے کا فیصلہ کیا۔

۔اوکے فریش ہو جاؤ۔ میں ناشتے کا انتظام کرتا ہوں۔اس نے مسکراتے ہوئے اس کی کمر پر گرفت ڈھیلی کر دی۔

۔اپنی جان چھوٹتے ہی میر ہافوراً سے اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔۔وہ چارپائی کے پاس پڑی ہوئی اپنی چپلیں پہنتے ہوئے جلدی سے جا کر سامنے پڑی ہوئی کرسی سے اپنی چادر کو اٹھاتے ہوئے خود کو کور کرنے لگی۔

۔کیونکہ اس کے گلے میں شاہ نے میر کی شرٹ تھی۔وہ گہری نظروں سے میرا کے خلیے کو دیکھ کر اپنے انابی لبوں سے مسکرا رہا تھا۔
اس کی نظر شرٹ کے کھلے دو بٹنوں پر تھی اس سے پہلے کہ اس کی نظر اس کی خوبصورت سراپے پر جاتی مرہا خود کو چادر میں کور کر چکی تھی۔وہ جھٹکے سے چارپائی سے اٹھ کر مسکراتا ہوا اس کی جانب چلتا ہوا آیا۔

میری جان اب تو شرم کے سب پردے گر چکے ہیں اب خود کو یوں چھپا کر کیوں مجھے اور بہکا رہی ہو۔اس کی پشت پر سینہ لگا کر گال کو چومتے ہوئے اس کے حیا کے رنگوں سے لال چہرے کو بڑے غور سے دیکھتے ہوئے

مسکرایا۔ چلو جلدی سے فریش ہو جاؤ بلکہ مجھے ہی ہینڈ پمپ چلانا پڑے گا۔ تو میں ہینڈ پمپ اپنی شرطیں تم پر لاگوں کرتے ہوئے ہی چلاؤں گا۔

۔اور میری شرط یہ ہے کہ ہینڈ پمپ چلانے والے خدمت گزار بندے کو آپ اپنی خوبصورتی سے محروم نہیں رکھیں گی۔ می۔۔۔۔۔۔ر۔۔۔پلیز تنگ مت کریں

شاہ میر کی باتوں سے لال ہوتی ہوئی مرہا نے چیخ کر اسے دروازے سے باہر کی جانب دھکیل دیا۔۔ہاہاہا

۔وہ قہقہہ لگاہنستا ہوا ہینڈ پمپ سے واش روم میں پانی کا انتظام کرنے چلا گیا تھا۔

میر آپ کتنے بے شرم ہیں میر ہاشرماتے ہوئے روم کا دروازہ بند کر کے اپنے کپڑے چینج کر رہی تھی۔

میر ہانے دماغ میں سوچا۔۔

ooooooooo

پیاس کی شدت سے میرب کی آنکھ
فجر کی اذان پر خود بخود ہی کھل گئی۔۔

میرب نیند کی خماری میں آنکھیں ملتی ہوئی بیڈ پر اٹھ کر بیٹھ گئی۔
بے اختیار اس کی نظر شاہ کی جگہ پر گئی جو خالی تھی۔

اس کی نظر جلدی سے سامنے لگی ہوئی گھڑی پر گئی۔جو اس وقت صبح کے چار بجا رہی تھی۔۔۔۔

۔مطلب میں اتنی گہری نیند میں سو رہی تھی کہ مجھے شاہ کے جانے کا پتہ ہی نہیں چلا۔میرب کا چہرہ ایک دم سے مرجھا گیا۔

میرب نے شاہ سے بات کرنے کے لیے جلدی سے سائیڈ ٹیبل سے فون اٹھایا تو

اس کی نظر فون کے نیچے پڑے ہوئے پیپر پر گئی۔

اس نے فون چھوڑ کر پیپر اٹھا لیا جس پر شاہ کی تحریر تھی۔

!!السلام علیکم جان شاہ

مجھے پتہ تھا میری جان اٹھتے ہی سب سے پہلے مجھ سے بات کرنے کے لیے فون اٹھائے گی۔ مگر میں اس وقت فلائٹ پر ہوں تو میں فون نہیں اٹھا پاؤں گا تو جان شاہ تم نے پریشان نہیں ہونا۔

اور سٹریس تو بالکل نہیں لینا۔اپنا اور ہمارے بی بی کا بہت زیادہ خیال رکھنا ہے۔یہ تمہارے شاہ کا حکم ہے۔

میں نے تمہارے لیے ایک ویڈیو ریکارڈ کی ہے تمہارے فون میں سیو ہے ۔اس کو دیکھ لینا کیونکہ تمہارے لیے یہ دو تین گھنٹے بہت مشکل ہوں گے تو تم میری ویڈیو دیکھ کے تم اور بے بی مجھے اپنے پاس ہی محسوس کرنا۔

۔اور اپنے دل کے سکون کے لیے میں تمہارے سوئی ہوئی کی ویڈیو بنا کر لے آیا ہوں جسے دیکھ کر میں اپنے دل کو سکون دوں گا۔اور جیسے ہی پلین لینڈ ہو گا میں تم سے ہی بات کروں گا۔

اور اٹھتے ہی تم نے اورنج جوس پینا ہے اور اچھے سے ناشتہ بھی کرنا ہے اور
میڈیسن لے کر اپنے روم میں ہی اچھے سے آرام کرنا ہے۔
اور مہک سے تو بہت زیادہ دور رہنا ہے۔

(جان شاہ I love your)

میرب پڑھ کر بہت خوش ہو گئی۔ شاہ کی فکر اور محبت بھری باتوں سے اس
کے دل نے ایک زور کی بیٹ مس کی تھی۔ اس نے جلدی سے سائیڈ ٹیبل پر
رکھا ہوا اپنا اٹھا کر شاہ کی ویڈیو اوپن کی۔

۔ہاں جی میرا چہرہ دیکھ کر میری جان کے چہرے پر سمائل آگئی ہے۔ ویڈیو
شروع ہی شاہ کی اس بات سے ہوئی تھی اور سچ میں شاہ کا چہرہ دیکھتے ہی میرب

کا چہرہ کھل اٹھا تھا۔اب تم یہ سوچ رہی ہو گی کہ مجھے کیسے پتہ کہ تمہارے چہرے پر سمائل آگئی ہے؟

۔سچ میں میرب یہی تو سوچ رہی تھی۔

تو میری جان مجھے اپنی جان شاہ کے دل کی ہر بات کا پتہ ہے۔

جیسے میرا میری جان کو دیکھ کر خوش ہو جاتا ہے اور میرے لبوں کی سمائل کی وجہ تم ہو۔

اسی طرح میری جان کے دل میں بھی صرف میں ہوں اس کے لبوں پہ ہنسی کی وجہ بھی اس کا شاہ ہے۔۔آئی لو یو اپنا خیال رکھنا بہت جلد تم سے کال پر بات کرتا ہوں۔۔۔۔۔

شاہ کی ویڈیو کو میرب نے پتہ نہیں کتنی بار دیکھا تھا۔اپنے لب سکرین پر کر سکرین پر لگی ہوئی شاہ کی پکچر کو بڑی شدت سے چوم لیا۔

شاہ آپ کتنے خوبصورت ہیں۔آپ میری جان ہیں۔آپ کو نہیں پتہ کہ میں خود کو کتنی خوش قسمت سمجھتی ہوں کہ اللہ تعالی نے آپ کو میرے نصیب میں لکھا ہے۔

اور آپ کی محبت بھی صرف اور صرف میری ہے شاہ تصویر میں بے حد خوبصورت نظر آرہا تھا۔وائٹ کلر کا کرتا شلوار پہنے ہوئے کھڑا گلے میں بلیک کلر کا سٹالر ڈالا ہوا تھا۔کھلے ہوئے دو تین بٹنوں سے نظر آتی ہوئی اس کی کسرتی چھاتی خوبصورت ہونے کے ساتھ شاہ کے پکچر سیکسی بھی لگ رہی تھی۔

۔شاہ پکچر میں بہت ڈیشنگ نظر آرہا تھا۔

اس خوبصورت مغرور چہرے پر ہلکی سی سمائل قیامت ڈھا رہی تھی۔۔۔پکچر میں وہ اتنا خوبصورت نظر آ رہا تھا کہ کوئی بھی دیکھتا تو اس کی نظر اش اش کر اٹھتی۔

۔جیسے اس کی دیوانی میرب اس وقت شاہ کی پکچر کو اپنے سینے سے لگائے ہوئے آنکھیں بند کر کے اپنے شاہ کو اپنے پاس فیل کر رہے تھے۔۔۔۔۔

oooooooooo

۔فریش ہو کر مرہا روم میں چلی گئی۔اور شاہ میر باہر صحن میں کھڑا ہوا بارش کے بعد نکلے سورج سے نکھرے نکھرے دن کی دھوپ میں خود کو کافی فریش محسوس کر رہا تھا۔اگر مجھے پتہ ہوتا کہ یہ گاؤں مجھے اتنا راس آئے گا تو سچ میں میں عاسم والا کیس چھوڑ کر پہلے ہی مرہا کو لے کر یہاں آ جاتا۔

۔میں نے تو کبھی سوچا ہی نہیں تھا کہ گاؤں میں آتے ہی مجھے اتنا بڑا سرپرائز ملے گا وہ اپنی گزری ہوئی خوبصورت رات کو سوچ کر مسکرا رہا تھا۔۔۔۔

۔وہ اپنے حوالدار کا نمبر ملا رہا تھا تاکہ وہ مرہا اور اپنے لیے ناشتہ منگوا سکے۔اسے احساس تھا کہ وہ مرہا کی نازک سی جان کو وہ بہت ہلکان کر چکا ہے۔

۔اور اب اسے انرجی کے لیے کھانے میں کی سچ میں بہت ضرورت ہے۔۔۔۔

اس سے پہلے کے حوالدار شاہ میر کا فون اٹھاتا گھر کے باہر والے دروازے کی کنڈی کھٹکنے لگی۔شاہ میر نے فون کال کاٹتے ہوئے دروازے کی جانب میں قدم بڑھائے۔۔۔

۔شاہ میر نے دروازہ کھولا تو سامنے

گاؤں کی کچھ عورتیں ناشتہ لے کر آئی تھی۔انہوں نے بڑے ادب سے شاہ میر کو سلام کہا۔شاہ میر نے بھی بڑے اخلاق سے وعلیکم اسلام کہا تھا۔

۔صاحب جی ہم آپ اور آپ کی بیوی کے لیے ناشتہ لے کر آئے ہیں۔

۔ایک عورت نے ٹوٹی پھوٹی سی اردو میں کہا۔گاؤں میں پڑی لکھی عورتیں بہت کم تھی اس لیے لوگوں کو اردو بولنے کا زیادہ شعور نہیں تھا۔مگر ان کے خلوص اور محبت میں کوئی کمی نہیں تھی۔

۔آپ نے کیوں زحمت کی پلیز ہم لوگ کھانا ارینج کر لیتے شاہ میر کو یوں گاؤں کے لوگوں سے اپنی خدمت کروانا مناسب نہیں لگ رہا تھا۔

۔ نہیں سر آپ اتنی دور سے اپنی بیوی کو لے کر ہماری حفاظت کے لیے آئے ہیں تو ہمیں اپنی خدمت کا اتنا موقع تو دے کے ہم آپ کے لیے کھانا بنا کر لا سکے۔

۔آپ لوگوں کی حفاظت کرنا میرا فرض ہے میں آپ پر کسی بھی طرح کا احسان نہیں کر رہا ہوں۔

۔ سر جی آپ کی بیوی اور آپ ہمارے گاؤں میں مہمان ہیں ہمیں اپنی مہمان نوازی کرنے دے ہمیں بہت اچھا لگے گا۔ میں آپ کی مہمان نوازی کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں مگر ہم یہاں پر مہمان نہیں بن کر رہنا چاہتے بلکہ اس گاؤں کو ہم اپنا گھر ہی سمجھیں گے جب تک میرا ٹرانسفر یہاں پر ہے۔

۔آپ بی بی جی سے کہہ دیں کہ ہم گھر کی صاف صفائی بھی کر دیا کریں ان کو کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔یہ اسی عورت نے کہا تھا جو شاید تھوڑی پڑھی لکھی تھی۔جو آتے ہی ناشتے کے لیے بھی بولی تھی۔اس کی اردو کچھ بہتر لگ رہی تھی۔۔

۔ٹھیک ہے جی جب آپ انسسٹ کر رہے ہیں تو لائیے آج دے دیجئے ناشتہ اور بہت بہت شکریہ آپ سب لوگوں کی محبت کا۔مگر پلیز آپ لوگ یہ تکلف روزمت کیا کرنا میں انشاءاللہ گھر میں ہی کھانے کا پورا انتظام کر دوں گا میری وائف خود بنالیا کریں گی۔۔۔ویسے آپ چاہیں تو اپنی بی بی سے روز آکر مل سکتی ہیں تاکہ وہ گھر میں اکیلی بور نہ ہو۔۔۔

جی یہ تو ہماری خوش قسمتی ہو گی اگر ہمیں آپ کی بیوی کے پاس بیٹھنے کا اور باتیں کرنے کا موقع ملے۔۔۔۔

۔ایک عورت نے جواب دیا مگر باقی سب کے خوشی والے چہرے دیکھ کر پتہ چل رہا تھا کہ وہ سب اے سی پی صاحب کی بیوی سے ملنے کے لیے کافی پر جوش ہیں۔

۔شاہ میر نے ان کا شکریہ ادا کر کے ناشتہ لے لیا۔وہ عورتیں سلام کہتے ہوئے جا چکی تھی۔

شاہ میر کنڈی لگا کر اندر آیا تو میر ہا سامنے کھڑی ہوئی مرر میں دیکھ کر اپنے بالوں میں کنگھی کر رہی تھی۔

اس کے خوبصورت ریشمی بال کمر سے نیچے تک جھول رہے تھے۔

۔شاہ میر نے کھانے والی ڈش اور چائے والا تھرمس ٹیبل پر رکھ دیا۔
آپ اتنی جلدی کھانا لے کر آ گئے ہے۔مرہا نے جلدی سے کنگی چھوڑ کر
ناشتے کی خوشبو سونگتے ہوئے شاہ میر کے پاس آ کر کہا۔

۔جی ہاں میں کوئی تمہارے جیسا ہوں جو اپنی بیوی کو بھوک سے تڑپاؤں
گا۔اس نے اپنے دونوں ہاتھ اس کے کاندھے پر رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

۔میر آپ کو پتہ ہے آپ کا پیٹ نہیں بھر سکتا۔اس لیے پلیز مجھے ناشتہ
کرنے دے شاہ میر کے ہاتھ اپنے کاندھوں سے ہٹاتے ہوئے وہ مسکرا کر باہر
جانے لگی۔

۔تم پہلے اپنا ناشتہ ختم کرو پھر بتاتا ہوں تمہیں کہ میرا پیٹ تمہاری محبت سے ایک ہی رات میں کیسے بھر سکتا ہے اتنے مہینے تڑپانے کے بعد تم ایک رات میں حساب برابر کرنا چاہتی ہو میری چالاک بیوی۔

۔وہ بھی مسکراتا ہوا اس کے پیچھے پیچھے آتا ہوا کہہ رہا تھا۔وہ شرماتے ہوئے اس کے آگے چل رہی تھی بنا جواب دیے۔۔۔۔

۔دونوں نے ناشتے کے لئے ہینڈ پمپ سے اپنے ہاتھ دھو رہے تھے۔شاہ میر کی گہری مسکراتی ہوئی نظریں ہینڈ پمپ پر ہاتھ دھوتے ہوئے میر ہا سے ہٹ نہیں رہی تھی۔

۔روم کے اندر واپس آکر دونو اپنے ہاتھ ٹاول سے ہاتھ خشک کر رہے تھے۔ وہ دونوں پرانے ڈیزائن کی کرسیوں پر آکر بیٹھ گئے تھے۔

۔سامنے رکھی ہوئی ٹیبل پر ناشتے والی ڈش سے شامیر نے کپڑا ہٹایا تو اندر گرما گرم پراٹھے اور آملیٹ بنا ہوا تھا۔

اور ساتھ میں بسکٹ اور تھرمس میں گرما گرم خالص دودھ کی چائے تھی۔

۔دونوں کو اس وقت بہت بھوک لگی ہوئی تھی اس لیے اتنا ہیوی ناشتہ دیکھ کر دونوں نے ایک دوسرے کی شکلیں دیکھی۔کیونکہ ان کی ڈائٹ کے حساب سے یہ ناشتہ بہت ہیوی تھا۔

۔میر صبح صبح پراٹھے مرہانے منہ بناتے ہوئے کہا کیونکہ اس کو پراٹھے وغیرہ کھانے کا بالکل ایکسپیرینس نہیں تھا۔

۔میری جان میں نہیں لے کر آیا گاؤں کی کچھ عورتیں ہمارے لیے بہت خلوص سے بنا کر لائی تھی۔تو میں منع نہیں کر سکا آج کھالو۔شام تک میں گھر پر ہی سلنڈر اور کچن کے سارے سامان کا انتظام کر دوں گا۔

تمہیں کھانا بنانا آتا ہے شاہ میر نے نوالہ بنا کر اس کے منہ میں ڈالتے ہوئے پوچھا۔۔

۔ہاں کچھ بیسک سے کھانے بنانے آتے ہیں جو امی جان نے مجھے سکھائے تھے مگر مجھے روٹی بالکل نہیں بنانی آتی۔

۔کیونکہ امی جان مجھے جب بھی روٹی بنانی سکھاتی تھی مجھ سے کبھی بھی گول روٹی نہیں بنتی تھی مرہانے بڑے افسوس سے کہا۔

۔تم جیسی بھی بناؤ گی تمہارا میر بہت خوشی سے کھالیا کرے گا،اگر تمہیں پکانے میں پرابلم نہ ہو تو، ورنہ تو میں روٹیاں بازار سے ارینج کر لیا کروں گا اگر تم ایزی ہو کر کھانا بنا سکتی ہو تو ٹھیک ہے نہیں تو تھوڑی بہت ککنگ تو مجھے بھی آتی ہے۔سالن میں بنالیا کروں گا اور روٹیاں ہم بازار سے لے لیں گے۔شاہ میر نے کسی بھی طرح کا میر ہا پر دباؤ نہیں ڈالا تھا۔

۔نہیں میر میں اتنی بھی پھوہڑ نہیں ہوں۔مجھے امی جان نے بیسک کھانے بنانے سکھائے ہیں اور باقی کے میں یوٹیوب سے دیکھ کر سیکھ لوں گی۔میں آپ کے لیے کھانا بنانا ضرور سیکھوں گی اور مجھے بہت خوشی ہو گی اگر میں آپ کے لیے کھانا اپنے ہاتھوں سے بناؤں گی۔

۔بس کبھی کھانا صحیح نہیں بنے تو آپ مجھے ڈانٹیے گا مت وہ شاہ میر کے ہاتھ سے نوالے کھاتے ہوئے ہنستے ہوئے بولی۔

ہو ہی نہیں سکتا کہ بھی تمہیں کھانے کے لیے ڈانٹوں تم جیسا بھی کھانا بناؤ گی میرے لیے وہ ولڈ کاسب سے بیسٹ کھانا ہو گا۔
اس لیے تم بے فکر ہو کر روز روٹیاں سالن جلا کے پکانا میں کھا لیا کروں گا شاہ میر ہلکا سا قہقہہ لگا کر ہنستے ہوئے بولا۔

۔جی نہیں میں اچھا کھانا بنانے کی پوری کوشش کروں گی آپ میرا مذاق مت اڑائیں۔دونوں ہنستے ہوئے باتیں کرتے کرتے ناشتہ کر رہے تھے۔

oooooooooo

چچی جان میرب ناشتہ کرنے کے لیے ٹیبل پر کیوں نہیں آئی۔آج اس کا میاں گھر نہیں ہے تو کیا وہ بھی ناشتہ کرنے کے لیے روم سے نہیں نکلے گی۔

۔مہک کو صبح اٹھ کر یہ پتہ چلا تھا کہ رومان شاہ دو تین دن کے لیے ترکی کیا ہے۔سب لوگ بیٹھے ہیں آرام سے ناشتہ کر رہے تھے مگر وہ جیلس بلی میرب کو ڈھونڈ رہی تھی۔

۔کیونکہ رومان شاہ کے ہوتے ہوئے تو وہ میرب سے بات تک نہیں کر سکتی تھی اسے تنگ کرنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

۔رومان شاہ کے غیر موجودگی میں اسے ایک زبردست موقع ملا تھا جو وہ ضائع نہیں کرنا چاہتی تھی۔اسے میرب کو ٹارچر کر کے اپنے جلتے ہوئے دل کو سکون پہنچانا تھا۔

۔مہک بیٹا تم میرب کی فکر نہ کرو وہ روم میں رہے یا روم کے باہر یہ اس کا اپنا گھر ہے۔آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔

۔میرب کی ساس نے بڑے اچھے الفاظوں میں مہک کو میرب سے دور رہنے اوراس کی زندگی میں مداخلت کرنے سے منع کیا۔

۔چچی جان آپ مجھے غلط سمجھ رہی ہیں
میں تو صرف اس کی فکر کر رہی تھی کیونکہ رومان گھر پہ نہیں ہے تو کہیں وہ بور نہ ہو جائے،

۔میں نے سوچا کہ چلو میں اس کو کمپنی دینے کے لیے کچھ دیر اس کے پاس بیٹھ جاتی ہوں۔زہر سے بھری ہوئی مہک نے میٹھے لہجے سے کہا۔۔۔

۔نہیں بیٹا وہ بہت بالکل بور نہیں ہو گی۔کیونکہ رومان اسے بور ہونے ہی نہیں دے گا جیسے ہی وہ ایئرپورٹ پر لینڈ کرے گا تو وہ میرب کو فون کر لے گا۔

۔اور جب تک وہ وہاں پر رہے گا وہ مسلسل میرب کو اپنی کمپنی وقتاً وقتاً دیتا رہے گا۔ ویسے بھی میرب کو اس وقت آرام کی ضرورت ہے تو رومان نے خود ہی اسے کہا ہے کہ وہ روم میں آرام کرے۔

۔رومان شاہ نے رات کو اپنی ماں کو بھی یہ تاکید کر دی تھی کہ میرب کو مہک سے دور ہی رکھا جائے۔ اس لیے وہ ہر بات کا دوٹوک جواب دے رہی تھی۔

۔مگر چچی جان وہ ناشتے کے لیے تو ٹیبل پر آئے گی نا۔ مہک کو کہیں چین نہیں آرہا تھا کہ وہ کس طرح میرب تک رسائی حاصل کرے۔۔

۔میں نے اس کا ناشتہ روم میں بھجوا دیا ہے باقی اسے کوئی ضرورت ہو گی تو میں ہوں میں دیکھ لوں گی۔ مہک کی چچی اچھے لہجے سے اس کی بعزتی کر کے اسے میرب سے دور رہنے کا ہی کہہ رہی تھی۔۔۔۔

۔مہک شاید ابھی کچھ اور بولتی مگر اپنی ماں کی آنکھ کی گھوری ڈالنے پر چپ ہو کر ناشتہ کرنے لگی۔ مگر اب بھی اس کے شیطانی دماغ میں کچھ نہ کچھ تو ضرور چل رہا تھا۔

oooooooooo

۔میرب کب سے شاہ کے فون کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔۔وہ اپنے شاہ سے بات نہ ہونے پر بہت بے چین ہو رہی تھی۔

۔وہ شاہ کو سوچتے ہوئے آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر لیٹی ہوئی جب اس کے کان میں موبائل کی رنگ ٹون سنائی تھی۔

۔اس نے جلدی سے ہاتھ بڑھا کر پاس پڑا ہوا موبائل اٹھایا فون سکرین پر شاہ کا نام اور اس کی خوبصورت پک جگمگا رہی تھی۔
میرب کی آنکھوں میں ایک چمک آگئی، اس کے لب مسکرا رہے تھے۔

۔کچھ دیر پہلے مرجھائے ہوئے چہرے پر اب خوشی سے اسکے گال بلش کرنے لگے تھے مانو جیسے شاہ اس کے سامنے آکر بیٹھ گیا۔

۔اسلام علیکم میری جان میرے دل کی دھڑکن مائی لو کیسی ہو ویڈیو کال اٹھاتے ہی شاہ نے ایک ساتھ میرب کی تعریف میں سارے الفاظ کہے۔

۔میں ٹھیک ہوں آپ ٹھیک سے پہنچ گئے کھلکھلاتے چہرے سے مسکرا کر وہ صرف اتنا ہی بولی۔

۔جی میری جان میں بالکل ٹھیک سے پہنچ گیا ہوں اور امی جان سے بات کرنے کے بعد سب سے پہلا فون وعدے کے مطابق میں نے اپنی جان کو ہی کیا ہے۔ابھی تم دیکھ سکتی ہو کہ میں ایئرپورٹ پر ہی کھڑا ہوں۔

شاہ آپ جلدی سے اپنا کام ختم کر کے واپس آجائیں مجھے کچھ بھی اچھا نہیں لگ رہا۔شاہ کو سامنے دیکھ کر میرب کے دل نے اور بھی سرکشی شروع کر دی۔اور دل کے ہاتھوں مجبور میرب نے شاہ کو بڑی تڑپ سے یہ کہا۔

۔میری جان میں جلد از جلد کام ختم کر کے تمہارے پاس آجاؤں گا ابھی تو میں نے لینڈ کیا ہے،اور میری جان مجھے واپس آنے کا بھی بولنا بھی شروع ہو گئی ہے وہ اپنے آتشی لبوں سے بڑے دلکش انداز سے مسکرا کر بولا۔

۔وہ اتنی دلکشی انداز میں مسکرا رہا تھا کہ پاس سے گزرتی ہوئی دو ترکش لڑکیوں نے بڑی گہری نظروں سے شاہ کی جانب دیکھا اور وہ مسکراتے ہوئے گزر گئی۔

۔وہ بیچاری بھی کیا کرتی وہ ظالم بلیک کلر کے تھری پیس میں بلیک ہی شرٹ پہنیں بے حد خوبصورت مغرور شہزادہ لگ رہا تھا اس کا چھ فٹ کو ٹچ کرتا ہوا قد اور گوری رنگت کسرتی سینا لڑکیوں کی توجہ کا مرکز تھا۔

۔اوپر سے میرب سے بات کرتے ہوئے اس کے چہرے پر جو سمائل تھی وہ کسی بھی لڑکی کو مارنے کے لیے کافی تھی۔

شاہ آپ چل کر گاڑی میں بیٹھے میرب کا لہجہ اور تیور ایک دم سے بدل گئے۔کیونکہ وہ پاس سے گزرتی ہوئی لڑکیوں کی نظر شاہ کی جانب دیکھ چکی

تھی اور اسے ہر گز گوارا نہیں تھا کہ اس کے شاہ کو کوئی اور دیکھے اور مسکرائے۔۔۔

۔خیریت جان شاہ مسکراتے ہوئے خوبصورت چہرے پر ایک دم سے کالے بادل کیوں چھا گئے ہیں۔شاہ نے میرب کے بدلتے ہوئے چہرے کے زاویے دیکھ کر سوال کیا۔

کیونکہ یہاں سے گزرتی ہوئی لڑکیاں آپ کو دیکھ کر گھور رہی ہیں اور وہ آپ کو نظر لگا دیں گے آپ چل کر گاڑی میں بیٹھے۔

میری جان تم پریشان مت ہو میں آج ہی اپنے لیے عبایا خرید لوں گا اور کل سے تمہیں میں نقاب میں نظر آیا کروں گا۔لڑکیوں کی کیا جرات کے وہ تمہارے شاہ کو نظر لگائیں۔میرب کے خراب موڈ کو صحیح کرنے کے لیے شاہ نے جوک مارا۔

۔ویری فنی شاہ جب آپ کو مذاق کرنا نہیں آتا تو مت کیا کریں آپ چل کر گاڑی میں بیٹھیں وہ شاہ کو گاڑی میں بٹھا چکی تھی اور اب اپنے سر پہ دوپٹہ لے کر آیت الکرسی تین بار پڑھ کر اپنے شاہ پر دم کرنے کے لیے تصویر پر بھونیں مار رہی تھی۔۔۔

۔اپنی بیوی کی فکر دیکھ کر شاہ اپنے لبوں پر دو انگلیاں رکھے ہوئے فون سکرین پر دم کرتی ہوئی بزرگ اماں کو دیکھ مسکرا رہا تھا۔

۔شاہ اب آپ اپنے ہوٹل پہنچیں میں امی جان سے کہتی ہوں کہ وہ آپ پر دعائیں پڑھ کر پھونکیں تاکہ اللہ تعالی آپ کو لڑکیوں اور حاسدوں کی نظروں سے بچا کر رکھے۔۔

۔شاباش میرے آنے تک تم دونوں ساس اور بہو نے یہی کام کرنا مسکراتے ہوئے کہہ کر فون بند کر چکا تھا۔۔۔

oooooooo

رومان شاہ استنبول کے ایک مشہور ہوٹل میں رکا تھا جہاں پر زیادہ تر مشہور بزنس مین میٹنگز کے لیے آتے تھے۔ جس کا نام

استنبول کا شاندار "Çırağan Palace Kempinski" ہوٹل اور ذائقہ غذائی کا جنت

ہوٹل فخر اور Çırağan Palace Kempinski استنبول کا شانداری کا پیشوا ہے، جہاں سے آپ بزنس میٹنگز کے دوران ہر جوان پہلوانی محسوس کریں گے۔

۔یہاں آپ کو لاکھوں سال پرانی تاریخ ہوا محسوس ہوتا ہے۔جبکہ میٹنگ کے دوران آپ کا مزیدار خوراک او خصوصیات کی دیکھ بھال کا خیال رکھا جاتا ہے۔۔

بزنس میٹنگز ہوٹل بزنس میٹنگز کے لئے مکمل فیسلیٹیز فراہم کرتا ہے، جس میں میٹنگ روم ویڈیو کانفرنس کی سہولتیں اور بزنس ایکسیکیوٹو کلب شامل ہیں۔

ہوٹل،استنبول میں بزنس اور ذائقہ غذائی کے دونوں میں شاندار تجربے کا یقینی مکمل ہے۔۔۔۔۔

۔اور رومان شاہ جب بھی ترکی آتا تھا تو زیادہ تر وہ اپنی میٹنگ اسی ہوٹل میں کرتا یہاں پر اس کا ایک میٹنگ اپارٹمنٹ ہمیشہ بک ہی رہتا تھا۔۔اس لیے اسے یہاں
آکر کوئی دشواری نہیں پیش آتی۔۔۔

۔وہ ابھی ہوٹل میں آکر چیک آؤٹ ہوا تھا کہ کہ شاہ زیب کی کال آ رہی تھی۔

سلام دعا کے بعد شاہ زیب نے رات کے فنکشن کے لیے رومان شاہ کی امی اور میرب بھابھی کو خاص انوائیٹ کرتے ہوئے آنے کا کہا۔۔۔

۔شاہ زیب امی جان تو آجائیں گی مگر میرب کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے اور میں یہاں پر اس کے ساتھ بھی نہیں ہوں تو وہ کمفرٹیبل فیل نہیں کرے گی

۔رومان شاہ میرب کو بھیجنے میں انٹرسٹنگ نہیں تھا۔

۔رومان یار یہ تو کوئی بات نہ ہوئی ایک تو تم خود میری منگنی میں شامل نہیں ہو رہے اور اب تم بھابھی کو آنے سے بھی منع کر رہے ہو شاہ زیب کو برا لگا رومان شاہ کا ایکسکیوز دینا۔۔۔۔

۔شاہ زیب میں تمہاری بھابھی کو منع نہیں کر رہا مگر یار اس کی کنڈیشن ایسی نہیں ہے وہ بہت جلدی گھبرا جاتی ہے شور شرابے سے میں تو صرف اس لیے بول رہا ہوں۔اور میرا یہاں آنا بہت ضروری تھا کیونکہ معاملات کافی خراب ہو رہے تھے آخر رومان شاہ اپنے بیسٹ فرینڈ کو ناراض بھی نہیں کر سکتا تھا۔

۔ہر خوشی ہر غم میں شاہ زیب اور احمر اس کے ساتھ کھڑے رہے تھے تو رومان شاہ ان کی خوشیوں میں پیچھے کیسے ہٹ سکتا تھا۔

۔ہم بھابھی کا پورا خیال رکھیں گے جب مجھے لگے گا کہ بھابھی کمفرٹیبل نہیں ہے میں فوراً سے بھابھی کو گھر بھجوادوں گا۔

۔مگر تمہاری غیر موجودگی میں پلیز یار بھابھی کو تو بھیج دو کیونکہ میری امی جان سے بات ہوئی تھی تو انہوں نے بھی بھابھی کو لانے سے منع کیا اس لیے تو میں نے تمہیں کال کی ہے۔۔۔

۔شاہ زیب اس پہلے رومان شاہ کی ماں سے بات کر چکا تھا اور انہوں نے میرب کو لانے سے انکار کر دیا۔ کیونکہ وہ اپنے بیٹے کے پوزیسو پن سے اچھی طرح سے واقف تھی۔۔

۔اوکے یار ٹھیک ہے مگر پلیز اب اپنی بھابی کا پورا خیال رکھنا جب وہ انکمفرٹیبل فیل کریں تو پلیز انسسٹ مت کرنا اور اسے فورن گھر واپس بھجوا دینا۔

۔رومان شاہ نے شاہ زیب کا دل رکھتے ہوئے حامی تو بھر لی تھی مگر پتہ نہیں رومان شاہ کا دل کیوں اندر سے بہت گھبرا رہا تھا۔میرب کو یوں اپنے بغیر اکیلے بھیجتے ہوئے۔

۔حالانکہ بظاہر اسے کچھ بھی غلط محسوس نہیں ہو رہا تھا کیونکہ ساتھ میں امی جان تھی اور اسے پتہ تھا کہ شاہ زیب اور اس کے گھر والے میرب کی صحت کے لحاظ سے اسے بہترین ماحول فراہم کریں گے مگر رومان شاہ اپنے اندر کی گھبراہٹ کو سمجھ نہیں پا رہا تھا۔۔۔۔

ooooooooo

۔ڈاکٹر ہما کی خوشی کا آج کوئی ٹھکانہ نہیں تھا اس نے تو امید ہی چھوڑ دی تھی کہ اسے شاہ زیب ملے گا۔ مگر اس کی سچی محبت نے آخر شاہ زیب کا دل اس کے لیے نرم کر دیا۔

۔ڈاکٹر ہما پارلر سے تیار ہو کر اپنی امی ابو اور دونوں چھوٹی سسٹرز کے ساتھ حال میں جا رہی تھی جہاں پر منگنی کا فنکشن ارینج کیا گیا تھا۔

۔وہ تیار ہو کر بے حد خوبصورت لگ رہی تھی اس نے سلور کلر کی لونگ میکسی پہنی ہوئی، جس پر بہت ہی نفیس موتیوں اور کورے کا کام کیا ہوا تھا۔ ڈاکٹر ہونے کی وجہ سے وہ میک اپ میں کم ہی نظر آتی تھی۔

۔اس لیے آج پارلر سے تیار ہو کر فل میک اپ میں وہ بے حد حسین لگ رہی تھی۔۔۔۔

oooooooooo

۔میرب تم شاہ زیب کی انگیجمنٹ کے ریسپشن میں امی جان کے ساتھ چلی جاؤ رومان شاہ نے میرب کو فون کیا تھا۔

۔شاہ مجھے نہیں جانا آپ کے بنا،اور میری طبیعت بھی ٹھیک نہیں ہے مجھے کھانوں کے سمیل سے قہ آتی ہے۔
میرب نے ویڈیو کال پر شکل بگاڑتے ہوئے کہا۔۔۔۔

۔ہاہاہا۔۔میری جان شکل تو سیدھی کر کے بتاؤ رومان شاہ اس کی شکل کے بگڑتے ہوئے زاویے کو دیکھ کر قہقہہ لگاتے ہوئے ہنسا۔۔۔۔۔۔میں تو خود تمہیں اکیلے بھیجنے میں انٹرسٹڈ نہیں ہوں مگر یار شاہ زیب بہت زیادہ فورس کر رہا ہے۔

۔اگر بالکل منع کر دوں گا تو وہ ناراض ہو جائے گا کیونکہ میں بھی یہاں پر نہیں ہوں تو پلیز میری جان تم میرے خاطر تھوڑی دیر کے لیے چلی جانا ان کی خوشی میں شامل ہونے کے لیے۔۔۔۔

۔جی نہیں میں نہیں جاؤں گی کیونکہ وہاں پر بہت زیادہ کھانوں کی سمل ہو گی میرب نے ضدی انداز میں ناک سنگوڑتے ہوئے کہا۔۔۔۔

میری جان پلیز میرے لیے۔۔۔

۔شاہ آپ کیوں مجھے زبردستی بھیجنا چاہتے ہیں مجھے نہیں جانا امی جان چلی جائیں گی۔

۔پلیز تھوڑی دیر کے لیے اس کے بعد تم آجانا تمہیں کوئی فورس نہیں کرے گا۔

پکا اگر کسی نے روکا تو میں تب بھی نہیں رکوں گی۔۔۔۔

۔پکا میری جان تمہیں کوئی نہیں رکے گا تم تھوڑی دیر بیٹھنے کے بعد واپس آجانا۔

۔ٹھیک ہے چلی جاؤں گی صرف آپ کے کہنے کی وجہ سے جا رہی ہوں ورنہ وہاں پر جتنے کھانے ہوں گے ان کی سمل سے میرا دل خراب ہونے لگے گا اور میں کھانا کھلنے سے پہلے ہی آجاؤں گی۔۔۔

۔ہاں ٹھیک ہے تم کھانا کھانے سے پہلے ہی آجانا۔رومان شاہ نے بڑی مشکل سے میرب کو جاننے کے لیے راضی کیا تھا۔مگر اس سے پہلے مجھے کس دے دو۔تاکہ میری میٹنگ اچھی ہو وہ اپنے لپس پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولا تھا۔

۔شاہ جب آپ واپس آئیں گے تب آپ کو کس سے ملیں گے وہاں پر آپ کو کچھ بھی نہیں ملنے والا وہ شرارتی ہوتے ہوئے مسکرائی۔

۔سوچ لو جانے مند شاہ سے پنگے لے رہی ہو زرا گزری ہوئی رات کو یاد کر لو ۔اس سے کہیں زیادہ تمہاری جان کو مشکل کر دوں گا واپس آنے پر۔

۔اس لیے بہتر ہے کہ مجھے کس دو مجھے ٹائم سے میٹنگ کے لیے جانا ہے۔ دھمکی آمیز انداز میں بول کر آنکھیں دکھا رہا تھا۔

۔شاہ آپ دور جا کر بھی دھمکیاں دینے سے باز نہیں آ سکتے میرب بھی شاہ کی محبت کے مان سے بھری ہوئی تھی۔

۔اسے بھی اپنے شاہ کی محبت پر بڑا ناز تھا۔اور جب سے وہ ماں بننے والی تھی اسے پتہ تھا کہ شاہ اس کو اپنی پلکوں پر بٹھاتا ہے۔وہ اس کہ ہر نخرے کو اٹھانے کے لیے تیار ہے اور وہ اس پر غصہ نہیں کر سکتا۔اس لیے میرب بھی سامنے سے آنکھیں دکھاتے ہوئے بولی۔۔۔

میری جان کے ٹوٹے یہ دھمکی نہیں ہے مانا کہ اب میں تم پر غصہ نہیں کر سکتا کیونکہ تم پر غصہ کرنے کا مطلب ہے تمہاری اور بی بی کی صحت کا نقصان مگر پیار سے تمہیں بری اچھی طرح ہلکان کر سکتا ہوں یہ حق رائے اب بھی میرے پاس موجود ہے۔۔۔

آرام سے مجھے کس دو ورنہ سزا کے لیے تیار رہنا بات تو صرف تین دنوں کی ہے اس کے بعد آکر ایک کس کو میں ضرب دے کر کتنی بنا دوں گا یہ تو مجھے خود بھی نہیں پتا۔۔۔۔۔

اووووواں 😗😗😗۔یہ لیں ہر کام میں دھمکیاں۔۔۔۔مجھے تو لگتا ہے کل کو آپ کا بے بی بھی مجھے دھمکیاں ہی دیتا رہے گا۔میرب نے ہونٹوں کو گول کر کے لمبی کس دے کر کہا۔۔۔۔

۔بالکل میری اولاد بالکل مجھ جیسی ہو گی۔اور دھمکیاں دینا تو اس کے خون میں شامل ہے۔اور وہ صرف دھمکیاں نہیں دے گا۔اپنے باپ کی طرح دھمکیوں کو سچ بھی کر کے دکھایا کرے گا وہ اپنے بچے کا سن کر مسکرا کر بولا۔۔۔

۔چلواب تم آرام کرو میں ذرا فرش ہو کر میٹنگ میں جارہا ہوں۔رومان شاہ کو میٹنگ کے لیے دیر ہو رہی تھی اس لیے اس نے جلدی سے فون بند کر دیا۔۔۔

oooooooooo

میرب کا بالکل بھی شاہ زیب کی منگنی کے فنکشن میں جانے کا دل نہیں کر رہا تھا مگر رومان شاہ کے بہت مجبور کرنے پر وہ انکار نہیں کر سکی تھی۔

وہ تیار ہو کر اپنی ساس کے ساتھ آکر گاڑی میں بیٹھی تو مہک پہلے سے ہی تیار ہو کر گاڑی میں بیٹھی ہوئی تھی میرب کو اسے دیکھ کر حیرانی ہوئی۔

۔مگر اپنی ساس کے تیور دیکھ کر میرب کو یہ سمجھنے میں دیر نہیں لگی کہ مہک شاید زبردستی ان کے ساتھ جارہی ہے کیونکہ امی جان کا موڑ اور چہرے کے زاویے کافی خراب لگ رہے تھے۔

جبکہ مہک ڈیٹ لوگوں کی طرح دانت نکال کر مسکرا رہی تھی۔

۔میرب بھی چپ چاپ اپنی ساس کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ گئی بنا کوئی سوال کیے کیونکہ اسے ماحول دیکھ کر ہی اندازہ تھا کہ امی جان مہک کو ساتھ لے جانے میں انٹرسٹڈ نہیں ہے اس لیے اس نے سوال کر کے مزید ماحول کو خراب نہیں کیا تھا۔

۔شاہ زیب اور اس کی فیملی نے رومان شاہ کی ماں اور میرب کا بہت اچھے طریقے سے ویلکم کیا۔

۔میرب تھوڑی دیر فنکشن اٹینڈ کرنے کے بعد گھر جانا چاہتی تھی کیونکہ کھانے کی سمل سے اس کا دل مچلنے لگا تھا

اسے قہہ والی فیلنگ محسوس ہو رہی تھی۔

۔امی جان پلیز مجھے گھر بھجوادیں میری طبیعت ٹھیک نہیں۔میرب کے کہنے پر اس کی ساس فوراً سے کھڑی ہو گئی میرب کے ساتھ جانے کے لیے مگر شاہ زیب کی فیملی امی جان کو روکنے کے لیے بہت انسسٹ کر رہی تھی۔

۔خود شاہ زیب نے بھی امی جان اور مہک کو رکنے کا کہا تھا تاکہ وہ کھانا کھا کر جائے۔

امی جان آپ رک جائیں میں ڈرائیور کے ساتھ چلی جاتی ہوں۔

نہیں بیٹا میں تمہارے ساتھ چلتی ہوں تمہارا اکیلے جانا مناسب نہیں ہے رومان کو بالکل اچھا نہیں لگے گا کہ تم یوں گھر میں اکیلی رہو۔

۔کیونکہ مہک کی ماں اور چچی اور چچا دو کو اچانک پنجاب جانا پڑا تھا کیونکہ مہک کی نانی کی طبیعت بہت زیادہ خراب تھی وہ لوگ تو مہک کو بھی ساتھ لے کر جانا چاہتے تھے مگر مہک نے جانے سے انکار کر دیا۔

مگر امی جان اگر آپ یوں میرے ساتھ چلی جائیں گی تو شاہ زیب بھائی کی فیملی کو اچھا نہیں لگے گا کہ ہم ساتھ بنا کھانا کھائے یوں اجنبیوں کی طرح چلے گئے۔

ہاں بیٹا یہ بھی بات ٹھیک ہے۔میرب کے کی ساس کافی کمشمکش میں لگ رہی تھی۔

امی جان آپ پریشان نہیں ہوں میں اپنا خیال رکھ لوں گی ویسے بھی ایک دو گھنٹوں کی بات ہے میرب نے تسلی دیتے ہوئے کہا۔

۔ٹھیک ہے بیٹا پھر تم چلی جاؤ میں ڈرائیور کو بلوا دیتی ہوں۔
چچی جان آپ پریشان نہیں ہوں میں میرب کے ساتھ چلی جاتی ہوں۔

۔نہیں تمہیں جانے کی جانے کی ضرورت نہیں ہے تم سے تو اچھا ہے کہ میرب اکیلی ہی گھر چلی۔میرب کی ساس نے دل میں سوچا۔۔۔۔
مگر وہ مہمانوں کے سامنے اس طرح کے الفاظ بول نہیں سکتی تھی۔

۔میرب کی ساس کے لاکھ روکنے کے باوجود مہک میرب کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ کر گھر جا چکی تھی۔

۔رومان شاہ کی ماں اس وقت میرب کی بہت فکر ہو رہی تھی اور اپنے بیٹے کے غصے سے ان کا دل بھی بہت خراب ہو رہا تھا۔

ان کو پتہ تھا کہ جب رومان شاہ کو پتہ چلے گا کہ میرب کے ساتھ صرف مہک گھر پر گئی ہے تو رومان شاہ کی الٹی کھوپڑی گھومنے میں ٹائم نہیں لگے گا۔۔۔۔

وہ کھانے کے چند نوالے لے کر جلد از جلد شاہ زیب اور اس کی فیملی سے اجازت لینا چاہتی تھی تاکہ وہ میرب کے پاس جا سکیں

oooooooooo

مہک پورے راستے میرب سے بہت ساری گپیں مارتے ہوئے آئی تھی جس کا میرب نے صرف وہاں ہوں میں ہی جواب دیا کیونکہ رومان شاہ کی بات اس کے دماغ میں تھی کہ اسے مہک سے دور رہنا ہے۔۔

میرب آتے ہی سیدھی اپنے روم میں چلی گئی۔۔۔۔۔

۔گھر پہنچتے ہی رومان شاہ کی ویڈیو
کال آرہی تھی۔

۔ابھی روم میں آکر میرب نے ویڈیو کال آن کر کے شاہ سے سلام ہی لیا تھا
کہ باہر کچھ گرنے کی آواز آئی۔

۔میرب روم کا دروازہ کھول کر باہر دیکھنے کے لیے نکل رہی تھی۔رومان شاہ
نے اسے منع بھی کیا کہ میرب تمہیں جانے کی ضرورت نہیں ہے گھر میں
نوکر ہیں وہ خود دیکھ لیں گے۔۔

۔مگر میرب باضد ہو کر قدم اٹھاتے ہوئے روم سے باہر آئی۔میرب کی ایک
بھیانک چیخ کے ساتھ کال بھی
ڈسکنیکٹ ہو گئی تھی۔

○○○○○○

میرب۔۔۔میرب۔۔۔۔میرب۔۔۔۔

ویڈیو کال کٹ جانے پر رومان شاہ پاگلوں کی طرح میرب کو آوازیں دے رہا تھا۔۔۔اس کا دل اسے الرٹ کر رہا تھا کہ میرب کے ساتھ ضرور کچھ غلط ہو گیا ہے۔

۔اور جس طرح کی دردناک چیخ میرب کے منہ سے نکلی تھی وہ رومان شاہ کے کانوں میں گونج رہی تھی۔

۔رومان شاہ نے گھر کا پی ٹی سی ایل نمبر گھمایا تھا مگر گھر میں فون کوئی نہیں اٹھا رہا تھا۔رومان شاہ کے چہرے پر پریشانی سے پسینے کی بوندیں نمودار ہونے لگی تھی۔

اے اللہ میرا دل جو سوچ رہا ہے وہ نہ ہونے دینا۔اے اللہ میری میرب کو اپنے حفظ وامان میں رکھنا وہ لڑکی میری زندگی ہے اسے کچھ مت ہونے دینا۔

۔رومان شاہ ادھر سے ادھر روم میں چلتا ہوا مسلسل نمبر ڈائل کر رہا تھا۔کافی دیر کے بعد گھر کی ایک ملازمہ نے فون اٹھایا۔۔۔۔۔۔

کہاں مر گئے تھے تم لوگ رومان شاہ فون اٹھاتے ہی چلایا۔۔۔۔۔۔۔صاحب جی میرب بی بی سیڑھیوں سے نیچے گر گئی ہیں اور ان کو بہت زیادہ چوٹیں آئی ہیں ہم لوگ بی بی جی کو گاڑی میں ڈال کر ہاسپٹل بھیج رہے تھے اس لیے فون نہیں اٹھایا تو نوکرانی نے ہانپتے ہوئے بتایا۔۔

امی جان کدھر ہیں رومان شاہ کی آواز فون کا سپیکر پھاڑتے ہوئے باہر آ رہی تھی۔۔۔۔۔۔صاحب جی بڑی بی بی جی تو ابھی تک فنکشن سے واپس ہی

نہیں آئی ہیں صرف میرب بی بی اور مہک بی بی گھر آئی تھی۔رومان شاہ کی گرجنے والی آواز سے نوکرانی کی ٹانگیں کانپ رہی تھی۔۔۔۔

۔میرب کے ساتھ گاڑی میں کون ہے۔

رومان شاہ کی سانسیں اکھڑی ہوئی تھی اور چہرے پر پسینے کی بوندیں اب لکیریں بن کر پھسل کر نیچے آنے لگی تھی۔

۔صاحب جی مہک بی بی اور زکیہ دونوں گاڑی میں میرا بی بی کے ساتھ ہے۔۔فون ٹھک سے بند کر دیا گیا تھا۔۔۔۔

واٹ دا ہیل۔۔۔۔۔مجھے اسی بات کا ڈر تھا رومان شاہ نے ٹھک سے فون بند کر دیا۔۔۔۔

oooooooooo

شاہ زیب کی منگنی کا فنکشن اپنے اختتام کو پہنچ چکا تھا۔ شاہ زیب خان خود رومان شاہ کی ماں کو سی آف کر کے گاڑی میں بٹھانے کے لیے ہال سے باہر آیا تھا۔

۔اسی وقت اس کے فون پر رومان شاہ کا فون آ رہا تھا شاہ زیب نے خوش دلی سے فون اٹھایا تھا اسے لگا کہ شاید رومان شاہ نے اسے مبارک باد دینے کے لیے فون کیا ہے۔۔۔۔

اسلام علیکم شاہ زیب نے سلام کیا۔

۔شاہ زیب خان میرب سیڑھیوں پھسل کر سے گر گئی ہے اور اسے ہاسپٹل لے جایا جا رہا ہے۔اس کو وہاں لے جانے سے پہلے تم وہاں پر پہنچو رائٹ ناؤ۔۔۔۔۔

۔رومان شاہ کی درد سے تڑپتی ہوئی گرج ڈاکٹر شاہ زیب کے کانوں تک پہنچ چکی تھی۔۔۔۔

۔واٹ۔۔۔۔بھابھی سیڑھیوں سے ک

یسے گر گئی ڈاکٹر شاہ زیب نے حیرت زدہ لہجے سے اونچی آواز میں کہا تو گاڑی میں بیٹھتی ہوئی رومان شاہ کی ماں نے پلٹ کر دیکھا۔

۔اب تمہیں ساری تفصیل یہی کھڑے کھڑے چاہیے یا تم ہاسپٹل پہنچو گے۔رومان شاہ اس وقت بے حد غصے

اور تکلیف کی کیفیت سے گزر رہا تھا وہ شاہ زیب خان پر پھر سے چلا کر بولا۔۔۔

۔ہاں ہاں میں جا رہا ہوں تم پریشان مت ہو میں سب کچھ سنبھال لوں گا شاہ زیب کان کو فون لگائے اپنی گاڑی کی جانب بڑھ رہا تھا۔

۔رومان شاہ فون بند کر چکا تھا شاہ زیب نے اپنی جانب بہت ٹینشن سے آتی ہوئی رمان شاہ کی ماں کو میرب کے گرنے کا واقعہ بتایا۔

۔شاہ زیب بیٹا مجھے بھی اپنے ساتھ لے کر چلو، میری ہی غلطی ہے مجھے میرب کے ساتھ جانا چاہیے تھا۔

۔وہ مجھے تاکید کر کے گیا تھا یہ مجھ سے کیا ہو گیا۔اے اللہ میرے بچے کی اولاد اور بیوی کی حفاظت کرنا، میرے بیٹے کی جان بستی ہے میرب میں اے اللہ میرے پوتے اور بہو کو اپنے حفظ و ایمان میں رکھنا۔ میرے بیٹے نے اپنی زندگی میں بہت دکھ اور پریشانیاں دیکھی ہیں۔

۔میرب آکر میرے بیٹے کی زندگی کو خوشیوں سے بھر دیا ہے اے اللہ میرے بیٹے کی اس خوشی کو کسی کی نظر مت لگنے دینا۔

وہ ٹینشن سے ہاتھ جوڑتے ہوئے اللہ تعالی سے دعائیں کر رہی تھی۔ان کے چہرے پر اس وقت اتنی ٹینشن تھی کہ شاہ زیب کو ان کی بھی فکر ہونے لگی تھی۔

۔وہ انہیں دلاسہ دیتے ہوئے اپنے ساتھ گاڑی میں بٹھا کر تیزی سے گاڑی ڈرائیو کرتے ہوئے ہاسپٹل کی جانب جا رہا تھا۔اس نے راستے میں ہی ڈاکٹر ہما کو فون کر کے بتایا کہ وہ ایمرجنسی میں نکلا ہے۔

ساری صورت حال سے ڈاکٹر ہما کو جب آگاہ کیا تو،ایک ڈاکٹر ہونے کے ناطے اس نے کسی بھی طرح کا غلط ردعمل ظاہر نہیں کیا۔بلکہ اس نے کہا کہ وہ بھی بہت جلد ہاسپٹل پہنچ جائے گی۔

۔رومان شاہ اور ڈاکٹر شاہ زیب کی دوستی سے وہ بہت اچھی طرح سے واقف تھی اس لیے اسے ڈاکٹر ہونے کے علاوہ بھی احساس تھا کہ رومان شاہ شاہ زیب کے لیے کس اہمیت کا حامل ہے۔

oooooooo

دلاور خان میرا واپس جانے کا انتظام کرو فوراً سے پہلے رومان شاہ نے اپنے سیکرٹری کو فون کر کے اپنے پاس طلب کیا۔جو کہ ترکی میٹنگ کے لیے اس کے ساتھ آیا تھا۔

۔مگر سر میٹنگ روم میں سب آپ کا انتظار کر رہے ہیں رومان شاہ کا یوں اچانک جانے کا سن کر دلاور خان نے یاد دہانی کروائی۔

my wife's تم نے سنا نہیں میں نے کہا میرا پاکستان جانے کا انتظام کرو۔

life is in danger۔۔۔سوری سر مجھے پتہ نہیں تھا۔رومان شاہ کی غصے والی دھاڑ سے دلاور خان اپنی جگہ پر ہل کر رہ گیا۔

۔اب تو پتہ چل گیا ہے تو میرا منہ مت دیکھو میرے پاس ٹائم نہیں ہے مجھے جلد از جلد پاکستان پہنچنا ہے دلاور خان کو سر جھکائے ہوئے کھڑا دیکھ رومان شاہ ایک بار پھر چلایا۔

۔اس کی آواز روم میں خون خوار شیر کی طرح گونج رہی تھی۔

۔آئی ایم سوری سر چھوٹا منہ اور بڑی بات ہے۔ سر اگر آپ یہ میٹنگ اٹینڈ کر لیں تو باقی میں سنبھال لوں گا۔

۔یہ ڈیل اٹینڈ نہ کرنے کا مطلب ہے کروڑوں کا نقصان دلاور خان رومان شاہ کا بہت وفادار بندہ تھا۔اس لیے اسے رومان شاہ کے بزنس کی بہت فکر تھی۔

۔بھاڑ میں جائے کروڑوں کی ڈیل۔۔رومان شاہ اپنی وائف کے لیے ایسی ہزاروں ڈیلز Lost کر سکتا ہے۔

۔جی سر میں ابھی آپ کے جانے کا انتظام کر دیتا ہوں رومان شاہ کے دوبارہ دھاڑنے پر دلاور خان کی ٹانگیں کانپ رہی تھی۔

۔کیونکہ رومان شاہ اپنے ملازمین کے ساتھ اس طرح کا رویہ بہت کم استعمال کرتا تھا اسے فضول میں اپنے ملازمین کو ڈانٹنا بالکل پسند نہیں تھا۔اور جب کبھی وہ اس طرح کا لہجہ اور غصہ استعمال کرتا تھا تو ملازمین کے پیروں تلے سے زمین کھسک جاتی۔

جیسے اس وقت رومان شاہ کا غصہ دیکھ کر دلاور خان کی روح پرواز کرنے کو تھی۔

ooooooo

۔شاہ زیب میرب کو ہاسپٹل لانے سے پہلے ہی ہاسپٹل پہنچ چکا تھا۔اور سارے انتظام مکمل ہونے کو تھے جب وہ لوگ میرب کو لے کر ہاسپٹل پہنچے ۔کیونکہ ہاسپٹل کا راستہ شاہ زیب کی جانب

سے کم تھا اور رومان شاہ کے گھر سے کافی دور تھا۔میرب کو جب ہاسپٹل لے کر آئے تو اس کی حالت کافی خراب تھی۔

اس کے پورے جسم پر چوٹیں آئیں تھیں۔

۔اسے بے ہوشی کی حالت میں لایا گیا تھا۔ڈاکٹر شاہ زیب نے فوراً سے پہلے لیڈی ڈاکٹرز کے ساتھ اسے اپریشن تھیٹر میں بھیج دیا۔

میرب کی حالت دیکھ کر ڈاکٹر شاہ زیب کو اندازہ ہو گیا تھا کہ میرب کی حالت بہت خراب ہے۔اوپر سے رومان شاہ کا بار بار فون آ رہا تھا۔

۔رومان بھابھی کی حالت بہت خراب ہے اور ڈاکٹر تمہارے سائن مانگ رہے ہیں۔ تمہارے سائن کے بنا آپریشن نہیں ہو سکتا۔ڈاکٹر شاہ زیب فون کر کے رومان شاہ کو آگاہ کر رہا تھا۔ابھی اس نے اپنی بات مکمل نہیں کی تھی کہ رومان شاہ بیچ میں ہی بول پڑا۔

۔تمہیں پتہ ہے کہ میں اس وقت آؤٹ آف کنٹری ہوں اگر میں یہاں پر ہوتا تو کب کا پہنچ بھی جاتا اور تمہارا ڈاکٹر ہونے کا کیا فائدہ ہے۔

۔اگر میری بیوی کی جان بچانے کے لیے آپریشن میرے ایک سائن کی وجہ سے رک جائے۔رومان شاہ غصے اور درد کی ملی جولی کیفیت سے بول رہا تھا۔

۔یار تم نے میری پوری بات سنی ہی کہاں ہے۔میرے کہنے کا مطلب یہ تھا کہ میں ابھی کے لئے ہینڈل کر لوں گا۔میں بھابھی کا آپریشن رکنے دوں نہیں گا مگر تم جلد از جلد پاکستان پہنچو۔اور آکر میں تم سارا پروسیجر دیکھ لینا۔شاہ زیب نے اپنی بات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا۔۔

۔جہاں کہو گے آکر سائن کر دوں گا۔ مگر شاہ زیب میرب کو کچھ نہیں ہونا چاہیے۔ یہ سوچ لینا اس لڑکی میں تیرے یار کی جان بستی ہے۔ رومان شاہ اس وقت بہت ٹوٹا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔

۔رومان تم اللہ تعالیٰ سے دعا کرو میں تم سے جھوٹ نہیں بول سکتا کیونکہ بھابھی کی کنڈیشن بہت خراب ہے۔ تم جلد از جلد پہنچو رومان شاہ کو یہ جملے تیر کی طرح لگے تھے۔

۔کیونکہ وہ ڈاکٹر شاہ زیب کے منہ سے کوئی مطمئن جواب چاہتا تھا۔۔۔

شاہ زیب خان اس طرح کے الفاظ مت بولو میں تمہارے منہ سے ہمت بھرے جملے سننا چاہتا ہوں۔ یار اس وقت میری ہمت بنو رومان شاہ کی آواز میں اتنا درد تھا کہ ڈاکٹر شاہ زیب کو خود کا دل پھٹتا ہوا محسوس ہوا۔

۔رومان شاہ میری دل سے دعا ہے کہ اگر میں نے زندگی میں کوئی نیکی کی ہے تو اس کے صدقے اللہ تعالی تمہاری خوشیوں کو نظر بد سے بچائے مگر یار میں تمہیں صرف حقیقت سے آگاہ کر رہا ہوں اس طرح کے جملے بولتے ہوئے مجھے

کتنی تکلیف ہو رہی ہے یہ میں تمہیں بیان نہیں سکتا۔۔۔

۔رومان شاہ کی تڑپ بھری آواز سن کر ڈاکٹر شاہ زیب نے اپنی مجبوری بیان کی۔

۔شاہ زیب تم اس کے لیے بیسٹ ڈاکٹر اور بیسٹ ٹریٹمنٹ کا انتظام کرو میں اگلے چار سے پانچ گھنٹوں میں تمہارے پاس پہنچ جاؤں گا۔

۔میری فلائٹ کا وقت ہو گیا ہے۔چیک آؤٹ کرنے کے لیے رومان شاہ کا فون بند ہو چکا تھا۔۔۔۔

oooooooo

خبر میرب کے گھر والوں تک بھی پہنچ چکی تھی ملک زبیر اور ان کی وائف ہاسپٹل میں بھاگتے ہوئے آئے تھے۔۔۔

میرب کی ماں مسلسل رو رہی تھی اپنی اکلوتی بیٹی کی حالت پر جب کہ رومان شاہ کی ماں روتے ہوئے میرب کی ماں کو دلاسا دے رہی تھی۔

۔صبا اور سارا جو میرب کی بیسٹ فرینڈز تھی ان کو بھی میرب کی ماں نے فون کر کے بتایا تھا کیونکہ وہ سہیلیاں کم اور بہنیں زیادہ تھی۔کافی عرصے سے ان کی ملاقات میرب سے نہیں ہوئی تھی اور آج ملاقات ہوئی تو ان کی دوست

اس حالت میں تھی وہ دونوں ویٹنگ روم میں بیٹھے ہوئے رو کر میرب کی حالت ڈسکس کر رہی تھی۔

میرب اس وقت آپریشن تھیٹر میں تھی اس کا آپریشن جاری تھا نرسز بھاگ کر کبھی کچھ لینے کے لیے باہر آتی تو کبھی بھاگ کر آپریشن تھیٹر کے اندر چلی جاتی تھی۔ مہک بھی کرسی پر بیٹھی ہوئی بہت پریشانی سے آپریشن تھیٹر کی جانب دیکھ رہی تھی۔۔۔

۔ڈاکٹر شاہ زیب ڈاکٹروں کے ساتھ بار بار رابطہ کر رہا تھا مگر ابھی تک اسے کوئی اچھی نیوز نہیں مل رہی تھی۔

۔ڈاکٹر ہما بھی اپنی انگیجمنٹ کا ڈریس چینج کر کے نارمل کپڑوں میں ہاسپٹل پہنچ چکی تھی اور اس وقت وہ کھڑی ہوئی ڈاکٹر شاہ زیب سے میرب کی حالت دریافت کر رہی تھی۔

ooooooooo

شاہ میر کو جب اپنی جان سے پیاری بہن میرب کی حالت کے بارے میں پتہ چلا تو اس کے قدموں تلے سے زمین نکل گئی تھی۔

شاہ میر نے جانے کی اجازت طلب کی تھی مگر اسے اجازت نہیں ملی کیونکہ اس وقت شاہ میر کے آنے کی وجہ سے گاؤں کے حالات اور بھی خراب ہو چکے تھے۔

۔کیوں کہ وہ زمیندار اور بھی طیش میں آ گیا تھا ایسے میں گاؤں والوں کو زمیندار کے رحم و کرم پر چھوڑ کے جانا بے وقوفی کا عمل تھا۔

۔مگر پھر بھی شاہ میر نے اپنی بہن کی محبت میں چھٹی کی درخواست منظور کروانے کی کوشش کی جو کہ نہ ہو سکی تھی۔

۔اب وہ اللہ تعالی سے دعا کرنے
اور تڑپنے کے علاوہ فی الحال کچھ نہیں کر سکتا تھا۔ مگر فون پر وہ اور مرہا دونوں گھر والوں کے رابطے میں تھے۔

۔وہ پل پل کی خبر لے رہے تھے مگر اس وقت میرب کو ہوش نہیں تھا اور اس کا آپریشن چل رہا ہے۔

۔میرب جائے نماز بچھائے ہوئے اپنے بھائی اور بھابھی کی خوشیوں کی دعا مانگ رہی تھی۔۔۔شاہ میر بھی فی الحال تھانے سے گھر آگیا وہ مسلسل اپنی کمر

پر ہاتھ باندھے صحن میں ادھر سے ادھر چکر لگا کر اپنے بہن کے لیے دعا گو تھا۔

۔وہ اپنے رب سے دعا کر رہا تھا کہ اللہ میری بہن کو تندرستی اور صحت والی زندگی عطا فرمائے۔

۔وہ دعاؤں کے ساتھ ساتھ ہر کچھ دیر کے بعد ہاسپٹل فون کر کے پوچھ رہا تھا کہ میرب کا کیا حال ہے۔ مگر فی الحال کوئی اچھی خبر نہیں تھی۔۔

ooooooooo

رومان شاہ نے یہ چار سے پانچ گھنٹوں کا سفر کس طرح طے کیا تھا یہ تو صرف اس کا دل جانتا تھا۔ یہ چار پانچ گھنٹے اسے چار پانچ صدیوں کی طرح طویل لگے ۔ہر ایک منٹ میں وہ کتنی موتیں جیا اور مرا تھا۔

۔اس کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ اڑ کر اپنی میرب کے پاس پہنچ جائے اسے خود پر غصہ تھا کہ وہ کیوں میرب کو چھوڑ کر آیا۔۔۔

۔اسے میرب کی وہ تڑپ اور رونے والی آنکھیں نظر آ رہی تھی۔وہ اپنے شاہ کو خود سے دور نہیں بھیجنا چاہتی تھی۔

۔اب رومان شاہ کو اپنے دل کی وہ کیفیت بھی سمجھ میں آ رہی تھی۔کیوں اس کا دل میرب کو چھوڑ کر جاتے ہوئے ایک انجانے سے خوف میں مبتلا تھا۔

۔کیوں گھر سے جاتے ہوئے اس کا دل اس قدر گھبراہٹ کا شکار ہوا تھا۔اس کی میرب کے ارد گرد اتنا بڑا خطرہ منڈلا رہا تھا۔اور وہ سمجھ ہی نہیں پایا اب اسے اپنی غلطی کا بڑی شدت سے احساس ہو رہا تھا۔۔۔۔

اپنی گاڑی سے اتر کر رومان شاہ بھاگتا ہوا ہاسپٹل کے اندر داخل ہوا تھا وہ ایئرپورٹ سے اترتے ہی مسلسل ڈاکٹر شاہ زیب کے رابطے میں تھا۔اس وقت بھی وہ کان سے فون لگائے ہوئے بھاگتا ہوا آرہا تھا۔

۔ڈاک بلو کلر کی پینٹ کوٹ پہنے ہوئے جس پر گرے کلر کی چیک تھی بیج میں لائٹ گرے شرٹ پہنے پریشان شہزادہ لگ رہا تھا وہ بھاگتے ہوئے۔۔

۔وہ بھاگتا ہوا سیدھا اسی جگہ پہنچ گیا جہاں میرب تھی۔میرب کا آپریشن ہو چکا تھا اور اسے روم میں شفٹ کر دیا گیا میرب کی حالت کی پل پل کی اسے خبر تھی کیونکہ وہ ڈاکٹر شاہ زیب سے رابطہ کیے ہوئے میرب کے لیے ہر سٹیپ خود لے رہا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ بھاگتا ہوا سیدھا شاہ زیب کے پاس پہنچا تھا حالانکہ ویٹنگ ایریے میں سب بیٹھے ہوئے تھے جو اسے دیکھ رہے تھے اور وہ بھی سب کو دیکھ چکا تھا مگر اسے اس وقت صرف شاہ زیب سے مل کر میرب تک جانا۔

۔شاہ زیب نے رومان شاہ کے پریشان چہرے کو دیکھتے ہوئے کوئی سوال جواب نہیں کیا صرف اشارہ کر کے میرب کا روم بتایا۔رومان شاہ فوراً اشارے کی جانب بھاگتا ہوا میرب کے روم کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا۔۔۔۔۔۔

۔وہ سامنے ہی بیڈ پر ساکت لیٹی ہوئی تھی اس کے دونوں جانب ڈرپیں لٹک رہیں تھی۔اس کے ایک ہاتھ پر گلوکوز کی ڈرپ چڑھی ہوئی تھی،اور دوسرے ہاتھ پر بلیڈ والی بوتل چل رہی تھی۔۔

ماتھے پر لگی ہوئی پٹی جو شاید سر پر چوٹ لگنے کی وجہ سے لگائی گئی تھی۔

۔اس کے خوبصورت چہرے پر خراشوں کے نشان لگے ہوئے تھے۔شاہ دھڑکتے دل اور پھولی ہوئی سانس کے ساتھ ہوا میرب تک پہنچا۔

۔اسے اپنی میرب کا مسکراتا چہرہ یاد آرہا تھا۔وہ میرب کے پاس بیڈ پر ٹانگیں لٹکائے ہوئے بیٹھ گیا۔

۔اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پھیلا میرب کی گال پر رکھتے ہوئے اس کی آنکھیں نم ہوئیں جس کو اس نے فوراً سے صاف کر لیا کیونکہ وہ رومان شاہ تھا اپنے دل میں درد سمانے کا حوصلہ تھا اس میں۔

۔اسے پتہ تھا کہ ہوش میں آنے کے بعد میرب کو اس کے حوصلے اور ہمت کی بہت ضرورت ہے اگر وہ ٹوٹ گیا تو میرب کو کوئی سنبھال نہیں سکے گا۔

۔وہ بنا ہاسپٹل کے روم کا سوچے میرب کے چہرے پر جھکا تھا۔وہ ہاتھوں کے پیالے میں اس کا چہرہ بھرے اس کے ماتھے کو چوم رہا تھا۔

اس کی آنکھیں اس کے خوبصورت ہونٹ اس کے گال رومان شاہ یا گلوں کی طرح میرب کے چہرے کو چومتا جا رہا تھا اور یہ اس کی محبت تھی کہ اسے اس وقت کچھ احساس نہیں تھا کہ وہ ہاسپٹل میں ہے۔۔۔۔

۔وہ بے ہوش پڑی ہوئی میرب کو خود کے ساتھ لگائے ہوئے تھا۔وہ میرب کے اوپر کتنی دیر تک وہ جھکا رہا تھا۔اسی دوران کچھ بے لگام آنسوں اس کی اجازت کے بغیر درد سے مچلتے ہوئے اس کی آنکھوں سے نکل کر میرب کے

چہرے کو بھی بگور رہے تھے۔۔۔۔وہ چہرہ اٹھا کر بڑے غور سے میرب کے زرد پڑے ہوئے چہرے کو دیکھ رہا تھا اس کے خوبصورت چہرے پر کتنی ہی خراشیں آئی تھی۔

۔وہ اپنی آنکھوں کو صاف کرتا ہوا جھٹکے سے میرب کے پاس سے اٹھ کر روم سے باہر نکلا۔

۔وہ باہر کھڑے ہوئے شاہ زیب اور ڈاکٹر ہما کے پاس سے بڑی تیزی سے گزر کر وٹینگ روم کی طرف گیا۔۔۔۔

۔ڈاکٹر شاہ زیب بھی رومان شاہ کے پیچھے پیچھے چلتا ہوا آیا تھا۔اسے سمجھ نہیں آیا تھا کہ رومان شاہ بنا اس سے کچھ بات کیے اتنے غصے میں وٹینگ ایریا کی جانب کیوں جا رہا ہے۔۔۔۔۔۔

۔ویٹنگ ایریے کے اندر جاتے ہی سب لوگ رومان شاہ کو دیکھ کر کھڑے ہو گئے تھے۔ مگر رومان شاہ سب کو نظر انداز کرتا ہوا آخری کرسی پر بیٹھی مہک کے پاس آیا۔

۔رومان شاہ نے اس کے منہ پر اتنی زور سے تھپڑ مارا کہ مہک کرسی سے نیچے گر پڑی۔۔۔سارا اور صبا نے اپنے منہ پر ہاتھ رکھ لیا تھا یہ نظارہ دیکھ کر۔

۔جب کہ ملک زبیر اور اس کی بیگم جو اپنی بیٹی کی وجہ سے بہت آبدیدہ حالت میں تھے۔وہ حیرت بھری نظروں سے رومان شاہ کا یہ روپ دیکھ رہے تھے۔

۔رومان شاہ کے پیچھے آتا ہوا ڈاکٹر
شاہ زیب اور ڈاکٹر ہما دروازے پر رک گئے تھے اندر کا تانپان اتنا گرم دیکھ کر۔۔۔

۔کیابد تمیزی ہے یہ۔۔۔ مہک زمین سے کھڑی ہوتی ہوئی اپنے گال پر ہاتھ رکھے ہوئے کھاجانے والی نظروں سے رومان شاہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر پوچھ رہی تھی۔

۔رومان شاہ نے اس کی بات کا جواب دینے کے بجائے اس کی دوسری گال پر اس سے بھی زیادہ سختی والا تھپڑ رسید کیا تھا۔۔

۔رومان شاہ کا تھپڑ کھا کر تو بڑوں بڑوں کے قدم زمین سے ہل جاتے تھے۔تو مہک تو ایک لڑکی تھی وہ لڑکھڑا کر کرسی کے اوپر جا گری تھی۔

۔اس کی دونوں گال پر رومان شاہ کے ہاتھوں کی انگلیوں کے نشان چھپے ہوئے تھے بعزتی اور تھپڑ کی سختی کی وجہ سے مہک کی آنکھوں سے آنسوں نکلنے لگے تھے۔۔۔

۔رومان بیٹا کیا پاگل ہو گئے ہو کیا میں نے تمہاری یہی تربیت کی ہے کہ تم ایک لڑکی پر ہاتھ اٹھاؤ گے۔رومان شاہ کی ماں رومان شاہ کو اس قدر غصے میں دیکھ کر جلدی سے اس کے پاس آکر اس کا ہاتھ پکڑ کر بولی۔۔۔۔


۔جب کہ میرب اپنے شاہ کی کچھ پل کی قربت سے گھبرائی ہوئی دھڑکنوں کو راست پر لانے کے لیے شلف پر ہاتھ رکھے ہوئے آنکھیں موت کر کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

ooooooooo

ٹھک ٹھک ٹھک۔۔۔۔بی بی جی ہن آساں کو اجازت دیو۔۔۔آپ کے شوہر آگئے ہیں۔۔جو عورتیں میرب کے پاس صبح سے رکی ہوئی تھی۔وہ دروازے کی کھٹکھٹ سن کر اپنے دوپٹے کے پلو کو اپنے دانتوں تلے دبا کر مذاق سے بولتے ہوئے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

۔وہ عورتیں دروازہ کھول کر شامیر کو سلام بولتی ہوئی۔ باری باری کر کے دروازے سے باہر نکل گئی۔ جبکہ شاہ میر ایک گہری مسکراتی نظر سامنے کھڑی مرہا پر ڈال کر دروازے کی کنڈی لگادی۔۔

۔میر ہانے بھی مسکراتی ہوئی نظروں سے شامیر کا ویلکم کرتے ہوئے اپنے قدم اس کی جانب بڑھائے۔۔۔۔

۔ہاں جی آج میری جان لگتا ہے کہ بہت خوش تھی۔آج بہت کھلکھلا کر ہنساں

جارہا تھا۔شاہ میر نے صحن میں ہی کھڑے ہوئے پیار سے اس کے گال پر اپنے لبوں کا لمس چھوڑا۔۔۔

۔میر آج میں نے ان عورتوں کے ساتھ بہت ساری باتیں کی انہوں نے مجھے گاؤں کے بارے میں بہت کچھ بتایا جو مجھے پہلے پتہ نہیں تھا۔۔۔

۔ہمم اچھا جی مطلب کہ آج میری بیوی کا عورتوں کے ساتھ بہت اچھا وقت گزرا۔اتنا اچھا کہ میری بیوی نے پورے دن میں ایک بار بھی فون کر کے مجھے یاد نہیں کیا۔۔

۔اس کی قمر میں ہاتھ ڈال کر آہستہ آہستہ اس کے ساتھ چلتے ہوئے روم کی جانب آتے ہوئے کہا۔۔۔

۔سوری سچ میں آج پورا دن آپ کو فون کرنے کا مجھے خیال ہی نہیں آیا۔ بڑی معصومیت سے اپنی غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔۔

۔اتنی بڑی غلطی اور اتنی چھوٹی سی سوری میں اپنے مجرموں کو اتنی آسانی سے معاف نہیں کرتا۔روم میں آکر اس کی کاندھوں پر ہاتھ رکھ کر اس کے گرد حصار بنائے ہوئے کھڑا تھا۔

۔اس کے خوبصورت چہرے کو دیکھ کر نظریں اس کے دل کش سراپے تک گئ۔۔۔

مم۔۔۔مط۔۔۔مطلب۔۔۔وہ لفظوں کو توڑتی ہوئی شاہ میر کی بات کو کچھ زیادہ ہی سیریس لے کر گھبرا کر بولی۔۔

۔مطلب یہ کے تمہاری غلطی کی سزا پوری رات تمہیں اپنی باہوں میں گزارتے ہوئے میں بہت خوب انداز سے دوں گا۔وہ اپنے دہکتے ہوئے انگاروں کے جیسے لب اس کی پنکھڑیوں پر رکھتے ہوئے ان کو قید کر گیا۔اس کے جو سی جو سی نم ہونٹوں کی نمی کو پیتے ہوئے وہ مدہوش سا ہونے لگا۔۔۔

میر۔۔آپ کو بخار ہو رہا ہے شاہ میر اس کی پنکڑیوں کو آزادی بخشتے ہوئے تھوڑا پیچھے ہوا۔تو میر ہا نے نوٹ کیا کہ شاہ میر کے لب انگاروں کی طرح

دہک رہے ہیں۔اس کی گردن پر اور چہرے پر ہاتھ لگاتے ہوئے فکر یا انداز میں بولی۔۔

۔بس میرے سر میں تھوڑا درد ہے تم پریشان مت ہو میں نے ٹیبلٹ کھالی تھی اب تو مجھے اپنے وجود کی گرمی دو گی تو میں ٹھیک ہو جاؤں گا۔۔

۔تم میرا ویٹ کرو میں ابھی یونی فارم چینج کر کے آتا ہوں۔پلیز ذرا میرا نائٹ سوٹ دینا۔۔۔۔خمار دار لہجے سے بولتا ہوا ہلکے سے اس کے نازک لبوں کو چھو کر پیچھے ہوا اور اپنا نائٹ سوٹ لے کر باہر صحن میں بنے ہوئے واش روم میں چینج کرنے چلا گیا۔۔۔

ooooooooo

۔رومان شاہ اپنی امی جان کو مل کر روم میں آکر چینج بھی کر چکا تھا۔مگر میرب ابھی تک روم میں نہیں آئی تھی رومان شاہ کو پتہ تھا کہ میرب کی طبیعت

خراب ہونے کی وجہ سے بہت دن تک جو آزادی ملی تھی۔میرب کو اب وہ آزادی اچھی لگنے لگی ہے۔۔۔۔

رومان شاہ میرب کا ویٹ کرتے ہوئے بیزار ہو کر روم کا دروازہ کھول کر باہر جانے ہی لگا تھا کہ سامنے سے میرب چائے کے دو کپ ڈش میں رکھے ہوئے روم کی جانب آ رہی تھی۔۔۔

۔تھوڑی دیر اور کچن میں رکتی تو میں تمہیں اٹھا کر لے آتا۔اتنی دیر کیوں لگائی آنے میں؟؟

۔میں کب سے تمہارا ویٹ کر رہا ہوں انتظار کرتے ہوئے رومان شاہ کا موڈ تھوڑا خراب ہو گیا۔۔۔میرب تمہیں اچھی طرح سے پتہ ہے کہ مجھے انتظار کرنا بالکل پسند نہیں۔۔۔

۔اور جب میں تمہیں اپنی محبت پیار کی وقت بلاؤں اس وقت تو مجھے انتظار کرنا بالکل نہ پسند ہے۔اور تم اس بات سے اچھی طرح سے واقف ہو پھر بھی اتنی دیر سے کیوں آئی۔۔

۔چائے کی ڈش اس کی ہاتھ سے لے کر ٹیبل پر رکھ کر اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے ہوئے اسے خود کی قریب اور چہرہ جھکا کر اس کے مقابل کرتے ہوئے کہا۔۔

شششش۔۔شا۔۔شاہ وہ میں۔۔آج میرب کو کافی دنوں کے بعد شاہ کا یہ والا روپ دیکھنے کو ملا تھا۔تو میرب کے منہ سے الفاظ بھی صحیح طرح سے نہیں نکل رہے تھے۔اس حادثے کے بعد شاہ بہت زیادہ نرمی کے ساتھ ہی پیش آتا تھا۔

۔مگر آج شاہ اپنے اصلی روپ میں تھا تو میرب بھی کافی گھبرائی ہوئی نظر آرہی تھی۔۔۔

۔مجھ سے بچنے کی کوشش کر رہی تھی میرب کے ٹوٹے ہوئے الفاظوں کی تشریح شاہ نے خود کر دی نئ شاہ وہ میری ٹانگ میں ابھی تھوڑا درد ہوتا ہے تو اس لیے میں۔۔۔۔۔

۔میرب مجھے پتہ ہے کہ تم اس وقت بالکل ٹھیک ہو۔اس لیے یہ فضول کی مزاحمتیں مت کرو۔اور نہ میرا صبر

آزماؤ۔۔۔۔۔

۔اسے اپنی گود میں اٹھاتے ہوئے بیڈ پر لے کر آیا۔۔شاہ۔۔۔۔ ششششش مجھے تمہاری آواز نہیں آنی چاہیے میں خود چیک کر لوں گا کہ تمہاری ٹانگ میں کتنا

درد ہے۔اور کتنے تم بہانے بنا رہی ہو۔آنکھیں دیکھاتا ہوا خمار دار لہجے میں بولا۔

ooooooo

رومان بیڈ پے بیٹھتے ہوئے، میرب کو اپنے تھائس پے بٹھا کر، ایک ہاتھ سے اس کے پیٹ کو پکڑے ہوئے اور دوسرا ہاتھ اس کی شاہ رگ کو سلاتے ہوئے بڑے ہی دلکش انداز سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

ہاں تو جان شاہ کیا کہہ رہی تھی؟؟
شہششش ششاہ! دیکھیں۔دیکھ ہی تو رہا ہوں اپنی جان کو وہ اس کے دل والے مقام کو گہری نظروں کے تقاضے میں دیکھتے ہوئے بولا۔۔

رومان شاہ کو میرب کا وجود آج کچھ زیادہ ہی خوبصورت لگ رہا تھا۔۔ میرب نے پنک کلر کا لائٹ سا فٹڈ سوٹ پہنا ہوا تھا جس سے اس کے جسم کی رعنائیاں نظر
آ رہی تھی جو کہ شاہ کے بہکانے کی مکمل کوشش میں لگی ہوئی تھی۔۔

اوپر سے میرب کا اتنے دن اپنے شاہ سے دور رہنا۔۔ اب شاہ کی تو بس ہو گئی تھی۔۔ میرب بہتر تو کافی دن سے تھی مگر پھر بھی وہ اس کی بیماری کو مد نظر رکھتے ہوئے اس سے دور تھا۔ کیونکہ اسے پتہ تھا اگر وہ میرب کے تھوڑا سا بھی نزدیک ہوا تو وہ بہک جائے گا جو کہ میرب کے لیے فی الوقت ٹھیک نہیں تھا۔۔۔ مگر آج میرب کو دیکھ کے اس اندازہ ہو رہا تھا کہ میرب بلکل ٹھیک ہے۔۔۔

اوراب وہ جواپنی مزاحمتیں دکھارہی تھی وہ سب ڈرامے بازیاں ہیں کیونکہ اسے اچھے سے پتہ تھا کہ شاہ جب بہکتا ہے تو پھر بہک ہی جاتا ہے جو سنبھلنے سے نہیں سنبھال پاتا۔۔

۔شاہ کہاں کھوئے ہوئے ہیں آپ؟؟؟وہ شاہ کی نظروں کو خود پر مرکوز ہوتے ہوئے دیکھ کر بولی۔۔۔۔۔

۔میری جان تمہارا شاہ کہاں کھو سکتا ہے تم نے اسے اس قابل ہی نہیں چھوڑا کہ وہ تمہارے علاوہ کہیں اور کھوئے وہ دلکشی سے مسکراتے ہوئے اس کی آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا۔۔

شاہ میری ٹانگ میں سچی بہت درد ہے میں جھوٹ نہیں بول رہی وہ آنکھوں کو ٹمٹماتے ہوئے بولی۔۔

چلو جی مان لیا تو بتاؤ یہ ٹانگ کتنے دنوں میں ٹھیک ہو جائے گی۔۔

۔ٹھیک وہ میرے خیال میں ون ویک تک تو ہو جائے گی زیادہ ٹائم نہیں کیونکہ تھوڑی سی پین ہے نا تو۔۔

۔اب ظاہر ہے تھوڑا سا اگر آرام ملے گا تو جلدی ٹھیک ہو جائے گی بس آپ مجھے پورا پورا آرام کرنے ون ویک تک میں بالکل ٹھیک ہو جاؤں گی۔۔۔

وہ بالکل معصومنہ انداز میں اپنے شاہ کو بہلا رہی تھی۔۔

میری جان تمہارے شاہ نے پوری دنیا گھومی ہیں۔۔اور ہزاروں لوگوں کو بیوقوف بنایا ہے تمہیں لگتا ہے تمہاری ان بچکانہ باتوں سے تمہارا شاہ بے وقوف بن جائے گا اور وہ اپنا ارادہ بدل دے گا۔۔

اچھا چلو تم مجھے سچ بتادو تمہاری ٹانگ میں درد ہے کہ نہیں۔۔اگر تم نے سچ بتایا تو میں کچھ نہیں کہوں گا۔۔۔کیونکہ مجھے پتہ ہے کہ تم اس وقت بالکل ٹھیک ہو۔۔

شام میں سچ میں بول رہی ہوں۔۔وہ اپنی معصوم سی انکھوں کو ادھر ادھر کر کے بولی۔۔بی بی تم سچ نہیں بول رہی اب اتنا تو تمہارا شاہ اچھا تمہیں جانتا ہے

۔۔۔

ہاں نہیں ہو رہی ٹانگ میں درد مگر جو آپ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں وہ میں آپ کو نہیں کرنے دوں گی کیونکہ میں ابھی پوری طرح ٹھیک نہیں ہوں۔۔

رومان شاہ کے زو معنی باتوں سے تنگ اکم میرب کے منہ سے اخر سچ پھسل ہی گیا۔۔

آہ!!!! یہی تو،، میں بھی تو یہی کہہ رہا ہوں کہ تم بالکل ٹھیک ہو تمہاری ٹانگ میں کوئی درد نہیں۔۔۔۔یہ سب ڈرامے بس مجھ سے بچنے کے لیے ہے۔۔اور تم جو دوسری بات کہہ رہی ہو کہ ابھی تم ٹھیک نہیں ہو تو میں سمجھ گیا کہ تم کیسے ٹھیک ہو گی تو تمہارا وہی علاج اب میں کرنے لگا ہوں ۔۔۔کیونکہ اب تمہیں دوا کی نہیں۔۔۔تمہاری عقل ٹھکانے لگانے کا ٹائم ہو گیا ہے۔۔

اور کہتے ہی میرب کو جھٹکے سے بیڈ پر گرایا۔۔۔اب یہ کیا کر رہے ہیں۔۔رمان شاہ کو شرٹ کے بٹن کھولتے ہوئے دیکھ کر وہ فورا بولی۔۔۔تم بچی ہو تمہیں نہیں پتا۔۔۔۔کم مون میرب شادی کو ایک سال ہونے والا ہے اور تمہیں ابھی تک ننھی کا کی بنی ہوئی ہو۔۔

کبھی کبھی تو تم اتنی بہادر بن جاتی ہو کہ مجھے خود سے محسوس کرواتی ہو کہ تم بہت ہی میچور لڑکی ہو۔۔۔اور کبھی تم اتنی بچکانہ حرکتیں کرتی ہو کہ مجھے شک ہونے لگ جاتا ہے کہ میں نے ایک بچی کو گود لے لیا۔۔

رومان شاہ نے میرب کو انکھیں نکال کر دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

دیکھیں! مار دیا ناطعنہ اپ نے اس لیے میں کوئی بھی پہلے سٹیپ نہیں لیتی۔۔
میرب کو اپنی اس دن والی کسی یاد آگئی تھی۔۔میرب نے انکھوں کو جھکاتے ہوئے شرمندہ سے لہجے میں کہا۔اسی وجہ سے لڑکی پہل نہیں کرتی کسی بھی ایسے کام میں۔

میرب رومان کی اس بات سے کافی زیادہ ہی شرمسار ہو گئی تھی۔۔

اووو!!! پاگل لڑکی ادھر دیکھو۔کیا کیا سوچ رہی ہو اپنے چھوٹے سے دماغ سے۔۔رومان شاہ نے میر کی تھوڑی سی پکڑتے ہوئے اس کا چہرہ اوپر اپنی جانب کیا اور خود اس کے اوپر جھکتے ہوئے بولا۔۔

۔یہ جو تم اپنے خرفاتی دماغ میں عجیب و غریب باتوں کو سوچ رہی ہو میں نے ویسا کچھ بھی نہیں کہا۔۔۔میرے کہنے کا مطلب کچھ اور تھا جس کو تم الگ ہی ٹریک پر لے گئی ہو۔۔۔میں نے نہ تو تمہیں کوئی طعنہ دیا ہے اور نہ ہی میں ایسا سوچ سکتا ہوں۔ہاں مگر میں یہ بھول گیا کہ میرا رندوسا بچہ اس بات کا رخ کسی اور ہی طرف موڑ لے گا۔۔

تم شرمندہ کس وجہ سے ہو میں تمہارا کوئی بوائے فرینڈ ہوں یا تم شادی سے پہلے میرے قریب ائی۔۔۔سویر میرب تم نے جو اس دن چھوٹی سی کوشش کی۔۔۔مجھے اس سے یہ احساس ہوا کہ تمہیں میری ناراضگی سے فرق پڑتا ہے اگر میں ناراض ہو جاؤں تو تم کسی بھی حد تک جا کر مجھے منانے کر رہو گی۔۔۔

اوئے بس کرو اوپر دیکھو۔۔۔ ھممم!! تم اپنی جھکی ہوئی بوجھل آنکھوں سے
اب اپنے شاہ کو بوجھل کر رہی ہو وہ کہتا ہوا اس کے اوپر گر سا گیا۔۔

ہائے اللہ! شاہ اٹھے میرے اوپر سے سارے کا سارا وزن مجھ پر ڈال دیا اپ کو
نظر نہیں اتا اتنی سی ہوں۔۔اپ نے سارا وزن اپنا مجھ پر گرا دیا ہے۔۔
اٹھیں میرے اوپر سے ایک سیکنڈ سے پہلے۔۔۔

میرب غصے سے اپنا سر سائیڈ کی طرف کرتی کہ رومان نے اس کی گردن پکڑ
کر اپنی طرف کی اور اسے کوئی بھی لمحہ دیے بغیر اس کے ہونٹوں پر جھک
گیا۔۔۔۔وہ شدت سے اس کے ہونٹوں کو چوم رہا تھا.۔۔۔۔جب کہ
میرب اچانک ہونے والے حملے کے لیے فی الوقت تیار نہ تھی اور اس کا لمس

پاکر بوکھلا گی۔اپنے اپنا سر پیچھے کرنا چاہا لیکن رومان نے اس کے بالوں پر اپنی گرفت مضبوط کر کے اسے ایسا کرنے سے روکا۔

وہ سانسوں کے لیے تڑپنے لگی۔۔ لیکن رومان جس کے ہر عمل میں شدت اور جنون ہوتا تھا اس کے لمس میں آج بھی آگ جیسی تپش تھی۔ میرب کو اپنا وجود دہکتی آگ میں محسوس ہوا۔رومان نے اسے تڑپتے دیکھا تو اس کے ہونٹ اپنی گرفت سے آزاد کیے۔۔۔۔۔۔

اور وہ لمبے لمبے سانس لیتے ہوئے شکوہ کو نظروں سے دیکھی۔۔۔۔۔۔اس کے ہونٹ کے کنارے پر اس کے پیار کی شدت نظر ارہی تھی۔۔۔۔ بہکی نظروں سے دیکھنے کا خمیازہ بھگتا نہیں ابھی تم نے۔۔۔ لگتا ہے اور اچھے سے سمجھانا پڑے گا۔۔

شاہ اپ نا اپنے پیار میں تھوڑی نرمی لائیں میں انسان ہوں اپ تو مجھے کھانے پہ تل جاتے ہیں۔۔وہ اپنی نم انکھوں سے اشکبار ہوتے ہوئے بولی۔۔۔۔

نہیں تم تو ڈول ہو یار پر تمہیں دیکھ کے میں بھول جاتا ہوں کہ میں انسان ہوں وہ یہ کہتا ہوا دوبارہ اس کے ہونٹوں پر جھکا اور اپنے دیے گے زخم کو اپنے ہونٹوں سے چنا ...

تم مجھے گھور کے کیوں دیکھ رہی ہو۔۔۔۔زرا بتانا پسند کرو گی۔۔وہ بے شرموں کی طرح ہنستے ہوئے اس سے پوچھ رہا تھا۔۔

وہ اس پر ابھی بھی جھکا ہوا تھا۔۔۔اور اس کے خیال میں اس کی کوئی غلطی نہ تھی۔۔۔بس میرب بے وجہ کا غصہ کر رہی ہو۔۔۔

مگر ہنستے ہوئے اس کے گالوں میں گہرے ڈمپل اس کے گھنے سلکی بال!
ماتھے پر بے ترتیب بکھرے ہوئے۔۔۔جو میرب کو اپنی جانب کھینچ رہے تھے۔۔۔وہ انگلی اس کے دائیں گال کے ڈمپل پر رکھتی ہوئی اپنی بڑی بڑی آنکھیں پھیلائے لبوں پر مدھم شرمیلی مسکراہٹ سمیٹے اسے دیکھنے میں مصروف تھی۔تو رومان کا دل یکلخت تیزی سے دھڑکا۔جب اسے میرب کی انگلی اپنے گال پر محسوس ہوئی۔۔۔۔یہ مجھے بہت پیارے لگتے ہیں۔۔۔۔
رومان کے سمجھنے سے پہلے ہی وہ اپنے ہونٹ اس کے رخسار پر رکھ چکی تھی۔۔۔

ماشاءاللہ تو میری بیوی کو یہ اتنے پسند ہے کہ اس نے فورا سے پہلے ہی ان کو چوم لیا۔۔۔رومان کا فل موڈ تھا میرب کو تنگ کرنے کا

بی بی اپ بھی کچھ کم نہیں بس فرق اتنا ہے کہ میں جو ہوں وہ نظر اتا ہوں اور تم۔۔۔اچھا بابا چپ کر جائیں اور مجھے اب جانے دی امی کے کمرے میں وہ مجھے بلا رہی ہیں۔۔۔۔

کب بلا رہی ہے مجھے تو اواز نہیں ائی ان کی۔۔۔۔شاہ وہ بلا رہی ہیں مجھے اوازا رہی ہے ان کی۔۔۔اچھا جی میرا خیال میں ان سائیڈ بلا رہی ہوں گی پھر وہ تمہیں۔۔۔۔ہاں جی یہی سمجھ لیں ہم دونوں ساس بہو میں پیار ہی بہت ہے

ہم ایک دوسرے کی اواز سننے کے لیے بلانے کی ضرورت نہیں۔۔۔ایک ادا سے کہتے ہوئے وہ اٹھنے کی ناکام کوشش کرنے لگی۔۔

😳 شششش!!!اب میں تمہاری آواز نہ سنوں۔

ورنہ مجھے دوبارہ سختی برتنے میں ایک سیکنڈ نہیں لگے گا۔۔۔۔کہتے ہوئے اس کی شرٹ کو کندھے سے کھسکاتے ہوئے اپنے نرم گرم ہونٹوں کا لمس وہاں چھوڑنے لگا۔۔۔۔۔

ششاہ نو و!!!کیا نو منہ بند کر کے لیٹی رہو۔۔۔یقین کرو جو تم نے مجھے نرمی کا اتنا بڑا لیکچر دیا ہے ناوہ میں سختی میں بدل دوں گا۔۔۔میری جان تمہیں بالکل اچھا نہیں لگے گا تانبیہ نگاہوں سے اسے دیکھتے ہوئے

بولا۔۔۔

شاہ میں تو کچھ بول ہی نہیں بس یہ کہہ رہی ہوں لائٹ بند کر دیں

۔۔۔۔۔میرب رومان کی آنکھوں سے واقعی میں ہی

گھبرا گئی تھی اور اسے پتہ تھا اب اس کی مزاحمت کسی کام کے نہیں۔۔۔۔۔

لائٹ تو آن ہی رہے گی جو تم نے میرا اتنا ٹائم ویسٹ کیا ہے اس کا خمیازہ بھی تو بھگتنا پڑے گا نا تمہیں۔۔۔

اچھ۔۔۔اجھا۔۔۔۔دیک۔۔۔دیکھیں نہیں اپ تو اچھے ہیں نا دیکھیں لائٹ اف کر دیں۔۔۔۔میرا کے شرمانے اور گھبرانے سے اس کے الفاظوں نے بھی اس کا ساتھ چھوڑ دیا۔۔۔

نہیں میرے جان لائٹ تواب نہیں بند ہو گی تمہیں شرم ارہی ہیں تم اپنی انکھیں بند کر لو چلواب منہ بند کر لو ورنہ سچی بہت برا پیش اؤں گا۔۔۔۔

۔اور دوبارہ اس کے ہونٹوں پر جھکا۔۔۔۔اور اس کی کمر کے نیچے سے ہاتھ کو کراس کرتے ہوئے اس کی زپ کھولی۔۔۔۔۔اپنے ہاتھوں کا لمس میرب کی کمر پر بکھیرنے لگا۔۔۔۔آہستہ آہستہ اس کی قمیض اس کے کندھوں سے سرکنے لگی۔۔۔۔رومان نے اپنے دہکتے لب میرب کے کاندھے پر رکھے ۔۔۔اس کے چہرے کے بدلتے رنگ اور اس کی بڑھتی سانسیں دل پر رکھا ہاتھ دیکھ کر مسکرایا۔۔۔

۔اور آگے بڑھ کے اس کا ہاتھ پیچھے کرتے ہوئے اس کے دل کے مقام پر اپنے ہونٹ ثبت کر چکا تھا۔آہ۔وہ سسکی جب رومان نے وہاں اپنے دانت

گاڑھے۔۔میرب نے رومان کے بالوں کو اپنے ہاتھوں میں سختی سے پکڑا

۔رومان نے اس کی سسکی پر اپنا سر اٹھا کر اسے دیکھا جو سختی سے آنکھیں بند کیے لیٹی تھی۔۔۔۔وہ جھکا اور اپنے دانتوں کے نشان پر ہونٹ رکھے

کچھ تو وہ یوں بھی حسین ہے بہت پر

اس کی گردن سے تھوڑا نیچے کا تل-افففف۔۔۔۔۔۔

۔ششششاہ میں آپ کا خون کر دوں گی۔۔۔۔رومان نے ہاتھ بڑھا کر کمرے کے لیمپ کو مدھم کیا۔۔

۔اور پھر وہ خود کو روک نہ سکا۔اس کی نرم جلد پر اپنے ہونٹ رکھے وہ سب بھول گیا۔اس کے نرم گرم ہونٹوں کو کبھی اپنے ہونٹوں کبھی کندھوں اور کبھی اپنے دل پر محسوس کر کے میرب کی دھڑکنیں تیز ہو رہی تھی۔اور رومان اپنے ہونٹوں پر اس کی دھڑکنیں محسوس کر کے مسرور ہو گیا۔۔۔

کمرے میں میرب کی دبی دبی سسکیاں اور تیز سانسیں رومان کو اور بھی بہکا رہی تھی۔

اور آہستہ آہستہ چاند کی روشنی میں ان کی ایک اور محبت کی رات گزرنے لگی۔۔۔۔۔رومان شاہ کی بے لوث شدت والی محبت کو دیکھ کر چاند بھی اپنے بادلوں میں شرماتا ہوا چھپ گیا۔

ooooooo

۔مرہا شاہ میر کے لیے باہر برآمدے میں سیٹ کیے ہوئے چھوٹے سے کچن میں سلنڈر پر چائے بنا رہی تھی جب شاہ میر چینج کر کے آیا۔

۔میری جان یہاں کیا کر رہی ہے شاہ میر نے پاس سے گزرتے ہوئے مرہا کو مصروف پا کر پوچھا۔

۔میر میں آپ کے لیے چائے بنا رہی ہوں۔مرہا نے چائے میں پتی ڈالتے ہوئے میر کی جانب دیکھ کر جواب دیا۔۔

۔تھینک یو میرے کہے بنا میری بیوی کو یہ پتہ تھا کہ مجھے چائے کی طلب ہو رہی ہے شاہ میر نے مسکرا کر مرہا کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔

۔جب آپ کو مرہا کے دل کی ہر بات خود سے پتہ چل جاتی ہے تو مجھے کیوں نہیں۔۔اس کی چھوٹے سے کام پر میر کو اس طرح خوش ہوتے دیکھ کر مرہا کو خوشی سے بولی۔۔

۔ہمم!!!! پھر تو تمہیں یہ بھی پتہ ہو گا کہ چائے کے ساتھ مجھے کسی چیز کی بھی بہت شدید طلب ہو رہی ہے خمارانہ انداز سے مسکرا رہا تھا۔

۔مرہا شرما کر لبوں میں مسکراتے ہوئے خود کو چائے بنانے بھی مصروف دکھا رہی تھی۔۔۔

۔میر کی جان اندر آؤ تمہیں شرمانے کا پورا موقع دوں گا۔جلدی آؤ میں ویٹ کر رہا ہوں۔شاہ میر کہتے ہوئے مسکرا کر قدم روم کی جانب بڑھا گیا۔۔۔

ooooooo

۔میر آپ کی چائے بن گئی ہے مرہا جب روم میں چائے لے کر آئی تو میر چارپائی پر اوندھے منہ لیٹا ہوا تھا۔اس کا ایک بازو چارپائی سے نیچے لٹک رہا تھا جبکہ دوسرا بازو اس نے تکیے پر رکھ کر اس پر اپنا سر رکھا ہوا تھا۔۔

۔مرہا نے چائے ٹیبل پر رکھ کر میر کو پھر سے آواز دی۔مگر مرہا نے محسوس کیا کہ میر بہت تیز تیز سانسیں لے رہا ہے اور شاید وہ گہری نیند میں چلا گیا تھا

۔

۔اس لیے میر نے کوئی آواز نہیں دی۔میر!!!!اب کی بار مرہا نے شاہ میر کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر اٹھانا چاہا تو اس کا کچھ دیر پہلے والا شک یقین میں بدل

گیا۔ کیونکہ شاہ میر کا پورا جسم بخار میں تپ رہا تھا۔اور وہ تیز تیز سانسیں بخار کی وجہ سے ہی لے رہا تھا۔۔۔۔

افففف اللہ ! ! ! ! ! میر کو تو اتنا تیز بخار ہے مرہا فکر مندی سے بولی۔۔۔
مرہا نے جلدی سے شاہ میر کے اوپر کمفرٹر ڈال دیا۔

۔میر بہت گہری نیند میں تھا اس لیے وہ مرہا کی فکر مندی نہیں دیکھ پایا۔ مگر وہ مرہا اس وقت شاہ میر کو لے کر بہت فکر مند اور گھبرائی ہوئی تھی۔

۔اسے اپنے میر کی صحت اور زندگی بے حد عزیز تھی کیسے نہ ہوتی اس کی ذرا سی تکلیف پر اس کا میر تڑپ جاتا تھا۔

۔اوراس وقت وہ بخار میں تپتے ہوئے وجود سے نڈھال پڑا ہوا تھا۔وہ جلدی سے باہر بھاگتے ہوئے قدموں سے گئی اور ایک شیشے کے باؤل میں تازہ پانی لے کر آئی کیونکہ ٹھنڈا موسم تھا اس لیے وہ ہینڈ پمپ سے تازہ پانی لے کر آئی تھی۔

۔مرہا شاہ میر کے بھاری وجود کو تھوڑا سا کھسکا کر بامشکل مگر کروٹ بدلنے میں کامیاب ہو گئی۔۔

۔وہ شاہ میر کے تکیے والی سائیڈ پر ٹانگیں نیچے لٹکا کر چارپائی پر بیٹھ گئی۔۔
۔وہ پٹیوں کو باؤل میں بھگو کر شاہ میر کے ماتھے پر پٹیاں کر رہی تھی تاکہ بخار میں کمی آسکے۔۔۔

۔پورا ایک گھنٹہ وہ لگاتار میر کو پٹیاں کرتی رہی تھی اب جا کر شاہ میر کا جسم تھوڑا ٹھنڈا ہونے لگا بخار کا زور ٹوٹنے لگا تو مرہانے پٹیاں کرنی بند کر دی۔

۔وہ باؤل میں پٹی کو رکھتے ہوئے اپنے ہاتھوں کو اپنے دوپٹے سے خشک کر کے شاہ میر کے ماتھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس کے سر کو آہستہ آہستہ دبانے لگی۔

"میر آپ تو مجھے ہمیشہ بڑے آرام سے بول دیتے ہیں کہ آپ مجھ سے بہت پیار کرتے ہیں۔آپ ہمیشہ مجھے میری اہمیت کا احساس دلاتے ہیں۔

۔مجھ پر اپنا حق اور پیار بڑی بہادری سے ظاہر کر دیتے ہیں۔مگر میر آپ کی مرہا بہت کمزور ہے۔

۔آپ کی میرہا آپ کے سوا کچھ بھی نہیں میں آپ کو ہمیشہ بتانا چاہتی ہوں کہ میں بھی آپ سے بہت پیار کرتی ہوں۔ میر آپ میری زندگی ہیں۔ مگر کبھی ہمت ہی نہیں کر پاتی بتانے کی۔۔

۔مرہا شاہ میر کا سر کو دباتے ہوئے شاہ میر کے چہرے کو بڑی محبت اور ناز سے دیکھ رہی تھی۔ وہ اس رب کا شکر ادا کر رہی تھی جس نے اس کی قسمت میں شاہ میر جیسا خوبصورت بہادر نیک اور اس سے بے حد محبت کرنے والا شوہر لکھا تھا۔۔۔

۔وہ خود کو روک نہیں پائی۔ حالانکہ مرہا نیچر وائز بہت شرمیلی تھی۔ مگر اس وقت شاہ میر کو سویا ہوا پا کر مرہا اس کے چہرے پر بے اختیار جھکی اس کے ریشمی بال شاہ میر کے چہرے پر پوری طرح سے پھیل گئے تھے۔۔۔

۔وہ اپنی نازک سی پنکھڑیوں کے انابی لبوں پر رکھ کر آہستہ سے ٹچ کرتی ہوئی شرما کر پیچھے ہوئی۔۔

میرا دل بند ہوتا ہے یہ سوچ کر کہ اگر آپ میرے نہ ہوتے۔میں آپ کو پا کر بہت خوش قسمت محسوس کرتی ہوں۔آپ وہ ہیں جس سے میں بے حد محبت کرتی ہوں۔

!!!۔مجھے عشق ہے آپ کی رعبدار آواز سے

!!۔آپ کی ان خوبصورت آنکھوں سے

!!۔آپ کی اس اونچی ناک سے

۔آپ کے ان (ہونٹ ہونٹوں کا نام نہ لیتے ہوئے مرہانے ہونٹوں پر اپنی انگلی رکھی۔۔۔۔مجھے آپ کی ہر لمحے ہر دن ضرورت ہے۔

۔جس دن آپکو نہ دیکھوں تو میرا دن خوشگوار نہیں گزرتا۔مائے ہینڈسم ہسبنڈ۔۔

مجھے آپ کی بیوی ہونے پر فخر ہے۔میں آپ سے بہت

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پیار کرتی ہوں۔۔۔بہت پر زور دیتے ہوے کھینچ کر

I love you 😘!!!!! بولی۔۔

وہ سب کچھ سرگوشیوں میں بول رہی تھی۔

I love you 😘!!!!! ہمم

سچ آج سے پہلے بتایا کیوں نہیں۔ شاہ میر نے اچانک آنکھیں کھول مرہا کے ہاتھ کو بڑے پیار سے پکڑ کر اپنے لبوں سے لگایا۔۔

۔اس کی بخار اور نیند سے خماری بھری آنکھیں بے حد خوبصورت لگ رہی تھی۔ بخار کی شدت سے اس کی گہری آنکھوں میں لال ڈورے پڑے اس کی آنکھوں کو اور بھی charming بنا رہے تھے۔

۔مرہا کے اظہار محبت سے اس کے انابی لب گھنی مونچھوں تلے بڑے دلکش انداز سے مسکرا رہے تھے۔۔

۔میر آپ جاگ رہے تھے مرہا اپنے دل کی اتنی ساری باتیں بول گئی تھی کہ اچانک میر کو جاگتے ہوئے دیکھ وہ شرما کر لال ٹماٹر کے جیسی ہو گئی۔۔۔

ہمم!!!!میری جان میں توتب سے جاکر اپنی بیوی کی محبت بھری باتیں سن رہاہوں۔جب تم میرے سر کو دبارہی تھی۔

۔شاہ میر کی آنکھ توتب ہی کھل گئی تھی جب مرہااس کے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر آہستہ آہستہ اس کے سر کو دبارہی تھی۔۔

۔آخر پولیس والا تھااتناغافل تووہ کبھی بھی نہیں سو سکتا تھا۔جب مرہاپٹیاں کررہی تھی تب بھی اسے پتہ تھاکہ مرہااس کی فکر میں ہلکان ہورہی ہے۔

۔مگر جب بخار کی تپش کم ہوئی اور مرہااس کے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر دباتے ہوئے اپنے دل کی ساری باتیں کررہی تھی۔

۔وہ جان بوجھ کر آنکھیں موندے ہوئے لیٹا رہا تھا۔کیونکہ وہ مرہا کے دل کی ساری باتیں جاننا چاہتا تھا۔جو کہ اسے جاگتا ہوا دیکھ تو میرہا کبھی نہیں کہہ سکتی تھی۔۔۔

۔میر آپ بہت تیز ہیں آپ جان بوجھ کر ڈرامہ کر کے سوتے رہے۔اور میں آپ کو سوتا ہوا سمجھ کر ساری باتیں بول رہی تھی۔میرہا شرما کر میر کے پاس سے اٹھتے ہوئے بولی۔۔۔۔

آہ آہ!!!!! جاتی ہوئی میرہا کو بازو سے کھینچتے کر شاہ میر ہلکے سے جھٹکے سے اپنے اوپر گرا کر اس کی کمر پر اپنے مظبوط بازؤں کا دائرہ کس چکا تھا۔۔۔

۔اب بھاگ کہاں رہی تھی میری جان اگر آج دل کھول کر اپنی محبت کا اظہار کر ہی لیا ہے تو۔مجھے بھی تو انعام دینے کا موقع تو دو۔وہ شرارتی ہو کر مسکرایا۔

۔وہ ایک ہاتھ مرہا
قمر پر رکھے ہوئے دوسرے ہاتھ سے اس کے ریشمی بالوں کو ہٹا رہا تھا۔۔۔

۔مجھے نہیں آپ سے بات کرنی آپ بہت چلاک ہے۔ مرہا شرما کر شاہ میر کو خود سے دور کرتی ہوئی جلدی سے کھڑی ہو گئی۔ شاہ میر بھی جھٹکے سے چار پائی سے کھڑا ہوا۔

۔اس کی کلائی کو تھام کر اسے واپس کھینچتے ہوئے اپنے قریب کر لیا۔ زور سے کلائی کھینچ کر اپنی طرف کرنے سے میرہا سیدھی اس کے مضبوط سینے سے آ کر ٹکرائی۔۔

۔میر نے اپنے دونوں ہاتھ اس کی پیٹھ پر باندھے ہوئے تھے۔۔۔میر کی جان
میر میر کی پہنچ سے تمہارا دور جانا مشکل ہے۔۔
۔مجھ سے اپنی انمول محبت کا اظہار کر کے میری دل کی تاروں کو چھیڑ کر۔
اب بنا اپنی محبت کا جواب لیے۔بیچ میں چھوڑ کر مجھ سے دور جانا ممکن
نہیں۔۔

" اگر میر تمہارے لیے سب کچھ ہے تو تم بھی میر کے لیے اس کی جان ہو !!

" میر بھی تمہارے سوا کچھ نہیں !!

" میر کے چلتے ہوئے سانسوں کی ضمانت ہو تم !!

" میر کے لبوں کی ہنسی ہو تم میر کے دل کی دھڑکن ہو تم !!

میر اور مرہا ملتے ہیں تب جا کر ایک مکمل داستان محبت بنتی ہے۔وہ سرگوشی" سے لبوں کو ہلاتا ہوا اس کے کان کی لوں کو اپنے دانتوں تلے دبا گیا۔کان کی لوں پر اس کے دانتوں کی سختی سے مرہا کے منہ سے دبھی سی سسکی نکلی۔۔۔۔

مرہا نے بھی شرماتے ہوئے محبت سے بازو اپنے میر کے گلے میں ڈال " دیے۔وہ اپنی محبت کا اظہار جواب اتنا خوبصورت سن کر خود پر رشک کر رہی تھی۔۔

مرہا نے اپنا چہرہ شاہ میر کے سینے پر رکھا ہوا تھا۔شاہ میر نے اپنے لب اس کی" کاندھے پر رکھتے ہوئے لبوں کا ہلکا سا لمس دیا۔تو میر ہا نے شاہ میر کے گلے میں اپنے بازؤں کا دائرہ آنکھیں بند کیے ہوئے تنگ کر لیا۔۔

۔شاہ میر کے لمس سے اس کے پورے وجود میں سنسناہٹ سی
دوڑ گئی۔۔۔۔

شاہ میر نے اپنے ہاتھ اس کی کمر پر اور بھی کستے ہوئے اسے خود میں ہی چھپا"
لیا۔اس کے مظبوط ہاتھوں کے گرمی سے مرہا کی دھڑکنوں نے شور برپا کر
رکھا تھا۔اپنی محبت کا جواب اپنے میر سے اس قدر خوبصورت لفظوں میں
سن کر میرہا کی دھڑکنیں مچل کر اپنی ایک الگ ہی دھن تیار کر رہی تھی اپنے
میر کی محبت کی دھن میں۔۔۔

۔میر۔۔۔۔میر۔۔۔ہمم!!!!خماری سے بھری ہوئی گھمبیر آواز میں اس کی
گالوں سے
اپنے گال رب کرتے ہوے بولا۔۔

آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ "

بہت کم آواز میں میر ہانے شاہ میر کو یاد دلایا وہ اب بھی اس کے سینے سے لگی ہوئی اس کی باہوں کے گھیرے میں قید تھی۔۔۔

میری طبیعت اب ٹھیک ہے اگر تم چاہو تو اس سے بھی زیادہ ٹھیک ہو سکتی "

ہے۔ تمہاری محبت بھری باتیں اور تمہارے منہ سے اپنی محبت کا اعتراف سن کر تو میر کی بند سانسیں بھی چلنے لگے۔۔

۔مجھے تو صرف تھوڑا سا بخار تھا۔اپنے لبوں سے اس کے پورے چہرے پر لمس چھوڑ رہا تھا۔

میر۔۔۔ہمم!!!!آپ کو آرام کی ضرورت ہے۔وہ میر کی سخت بیرڈ کی ہلکی ہلکی چھپن کو برداشت کرتے ہوئے اسے آرام کرنے کو کہہ رہی تھی۔۔

ششششششش!!!!اس نے نظریں اٹھا کر مرہا کی جانب دیکھا جہاں پر اس" کے جذباتوں کا سمندر عروج پر تھا۔۔۔

۔میر کی جان مزاحمتیں مت کھڑی کرو میری محبت کہ اس خوبصورت ٹائم میں۔مجھے محسوس کرو اور خود کو مجھے محسوس کرنے دو۔میری طبیعت ٹھیک ہے اور تمہارے پاس آنے سے مزید ٹھیک ہو جائے گی۔اب میں کوئی بھی مزاحمت نہیں سننا چاہتا۔۔۔

۔اس کی مخملی گالوں سے اپنے سخت بیرڈ والے گالوں کو سختی سے رب کرتے ہوئے اسے مزاحمت کرنے سے منع کیا۔

۔اس کی بیرڈ کی چبھن سے مرہا سی
سی کرتی ہوئی سسک اٹھی تھی۔شاید وہ اپنی سختی سے یہ احساس دلانا چاہتا تھا کہ اگر دوبارہ مزاحمت کی تو اس کی سزا بھی ملے گی۔۔۔

۔مرہا اس کی آنکھوں میں خماری کا جہاں آباد دیکھ کر دوبارہ اس کے سینے میں سر چھپا گئی۔

۔شاہ میر اسے دوبارہ موقع دیے بغیر وہ پھر سے اپنے کام میں مصروف اس کے نازک سی پکڑیاں پر جھک چکا گیا۔۔۔

۔وہ شدت سے اس کے مخملی ہونٹوں کو چوم رہا تھا۔اس کے لب اب بھی گرم انگارا تھے۔بخار کی شدت اب بھی اس کے لب پر تھی۔میر ہا کو اپنی مخملی پنکھڑیاں اس کے انابی لبوں کی حدت سے جلتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی مگر وہ اپنے میر کے سکون کے لیے خوشی خوشی اس کی باہوں کی قید میں کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

اتنے تیز بخار کے بعد جس شدت سے وہ اس کے لبوں پر اپنے لبوں کے لمس چھوڑ رہا تھا۔مر ہا اس کے لمسوں سے دنگ تھی۔۔۔۔وہ اتنی شدت سے اس کی پنکھڑیوں سے نمی چوس رہا تھا کہ۔میر ہا کا سانس مشکل کر رکھا تھا اس نے۔۔

۔وہ اپنا سر پیچھے کر کے سانس لینا چاہتی تھی۔لیکن شاہ میر نے اس کے سر کے پیچھے رکھے ہوئے اپنے مظبوط ہاتھ سے اپنی گرفت مضبوط کر لی۔۔

۔ہاتھ رکھنے کا سٹائل ایسا تھا جیسے یہ کہنا چاہتا ہو کہ منع کیا تھا نا کہ کوئی مزاحمت مت کرنا۔اب اس کی سزا مل رہی تھی میرہا کو۔وہ سانس لینے کے لیے ہانپنے لگی تھی۔۔۔

لیکن شاہ میر بے رحم بنا اپنی شدت کو پوری ایمانداری سے پوری کر رہا تھا۔بنا اس کی اکھڑی ہوئی سانسوں کی پرواہ کیے وہ ظالم نہیں تھا۔مگر اس وقت وہ اپنے جذباتوں کی نشے میں چور بہکا ہوا تھا۔

۔شامیر کے بخار سے درد کرتے ہوئے وجود کو میرہا کی نازک سے سراپے سے بے حد سکون اور سرور مل رہا تھا۔۔

۔وہ خود کو پر سکوں محسوس کر رہا تھا اپنی محبت کی شدتیں اس پر لٹا کر ہر لمحے کے ساتھ وہ زیادہ بہکتا جا رہا تھا۔اپنے لمسوں کی شدت سے وہ میرہا کو سکنے پر مجبور کر رہا تھا۔

اس کے بخار سے تپتے ہوئے لمسوں سے میرا اپنی گردن کو جلتا محسوس کر رہی تھی۔

۔اوپر سے اس کی سخت مردانہ بیرڈ کی چبھن میرہا کو تڑپا رہی تھی۔۔

۔مرہا نے اپنے ہاتھ اس کی کمر پر رکھے ہوئے اس کی شرٹ کو اپنی مٹھیوں میں جکڑا ہوا تھا۔۔

۔وہ پاس پڑی ہوئی پرانے زمانے کی کرسی پر بیٹھ گیا مرہا کو اس نے خود سے الگ نہیں کیا۔اسے اپنی گود میں بٹھاتے ہوئے اس کی گردن پر اپنے لب رکھ کر اپنے نرم اور سلگتے ہوئے ہونٹوں کے لمس اس کی گردن پر چھوڑ رہا تھا۔۔

۔اور مرہا کو پوری طرح سے بے بس کیے ہوئے خود پر چھپائے ہوئے اپنی من مانیا کرتے جارہا تھا۔۔

۔مرہا کو اپنی کرتی کی بیک سائیڈ سے ڈوریوں کو کھلتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔ڈوریوں والی جگہ پر شاہ میر کے سخت انگلیوں کے لمس اس کے پورے وجود

کو کپکپا رہے تھے۔۔۔

۔اس کی انگلیوں کی سختی سے اس کے پورے جسم میں سنسی پھیلائے ہوئے تھی۔۔اس کی کرتی کو کاندھوں سے سرکر وہاں پر اپنے لب رکھ کر لمس چھوڑ رہا تھا۔۔۔

۔آج اس کے میر کی شدتوں میں ایک جنونیت تھی۔مرہا کی سانسیں تیز ہونے لگی تھی۔کہ وہ دل والے مکان پر اپنے لب رکھتے ہو شدتوں کی بھرمار کر چکا تھا۔۔۔

۔اس کے سینے پر ہاتھ رکھتی ہوئی برہانہ وجود کو لیے کھڑی ہو گئی۔پوری کوشش کے باوجود وہ شاہ میر کے لمسوں کی سہہ نہیں پا رہی تھی۔اس کی لمسوں میں آج انگاروں کے جیسی شدت تھی۔۔۔

۔شاہ میر اس کو یوں تڑپ کر کھڑے دیکھ کے انابی لبوں سے مسکرایا۔۔اس نے اپنی شرٹ کے بٹن جھٹکے سے کھولتے ہوئے اتار کر اسی کرسی پر پھینک دیا۔۔۔

۔جہاں سے وہ بھی اٹھ کر کھڑا ہوا تھا میر ہا کو جھٹکے سے اٹھا کر چارپائی پر ڈال کر وہ اس کے اوپر گرا اس نے وہی سے شروع کیا جہاں سے میر ہا اٹھ کر کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

۔لب واپس اس نے اس کے دل والے وہ کام پر رکھ کر اپنے ادھورے کام کو پورا کرتے پھر سے مرہا کو ایک بار سسکنے پر مجبور کر دیا۔۔

۔مرہا اس کے کاندھوں کو زور سے دبائے ہوئے تھی۔شاہ میر کے لب اس کے دل والے مقام سے ہٹنے کا نام نہیں لے رہے۔۔۔۔

میر۔۔۔۔مرہا نے آہیں بھرتے ہوئے

میر کا کا نام لیا۔ جیسے کہنا چاہتی ہو کہ میر بس کریں میری جان لے کر چھوڑیں گے کیا۔۔۔

۔مرہا کا سسک کر نام لینا شاہ میر کو اور بھی بہکا رہا تھا۔اس کے پورے وجود پر شامیر کے لمسوں کی بھرمار ہو رہی تھی۔ مرہا اس کے ہاتھوں میں پوری طرح سے مچل رہی تھی۔۔۔

۔وہ پوری طرح سے میر ہا پر اپنی حکومت دکھا رہا تھا۔ کہیں دانتوں کی سختی ، کہیں سلگتے ہوئے انگارے جیسے لبوں کے لمس، تو کہیں اس کی سخت بیرڈ چبن، مرہا کو بے حال کیے ہوئے تھی۔۔۔

۔اپنی محبت اس پر کبھی سختی تو کبھی نرمی سے نچھاور کرتے ہوئے۔ وہ اپنی محبت کو اس پر پوری طرح سے حاوی ہو چکا تھا۔۔

۔اس کی عشق والی شدتوں سے مرہا کی سسکیوں میں تیزی ہیں آنے لگی تھیں۔ تو وہ دشمن جاں ظالم بنا اس کی سسکیوں کو بھی باہر نہیں آنے نہیں دے رہا تھا۔۔۔

۔اپنے لب اس کی پنکھڑیوں پر رکھتے ہوئے اس کی نازک سی پنکڑیوں کو قید کر گیا۔ دبھی دبھی سسکیاں روم میں آرہی تھی۔۔۔

۔اس نے صحیح کہا تھا کہ میر اور میرہا جب ایک ساتھ ملتے ہیں تو یوں محبت کی ایک مکمل داستان پوری ہوتی ہے۔ وہ اپنی محبت کے دلکش انداز میں اپنی داستان محبت پوری کرتا جارہا تھا۔۔

نشہ کیا ہوتا ہے"

کبھی یار کے لبوں پہ

"لب رکھ کر تو دیکھ

۔اپنی محبت کی شدتوں سے اسے دوچار کر کے اس کی پنکھڑی کو آزادی بخشتے ہوئے۔

۔اس کی نم آنکھوں کو چومتے ہوئے شاہ میر نے اپنی محبت بھرے لہجے میں یہ اشعار کہے تو۔

۔اس کی شدتوں سے ٹوٹی ہوئی میر ہانے اس کے سینے پر مکے مارتے ہوئے اسکی شدتوں کا جواب دیا۔۔۔

۔ہاہاہاہا۔۔وہ اپنے لبوں سے دل کش انداز میں قہقہہ لگا کر ہنساں۔جیسے کہہ رہا ہو کہ پہاڑ کے جیسے مضبوط اے سی پی کو تمہاری نازک کلائیوں سے گدگدی ہو رہی ہے۔۔۔آج بہت دنوں کے بعد وہ مرہا کہ نازک وجود پر اپنے محبت کی داستان لکھ کر پوری طرح سے خوش تھا۔۔۔

ooooooo

بس کرو یار ہنس ہنس کر میرے میرے پیٹ میں درد ہو رہا ہے۔۔

۔شزا کے جو کس پر سب ہنس کے نڈھال ہو رہے تھے۔۔۔شیز اڈاکٹر ہما کے بڑے چچا کی بیٹی تھی۔اس کا مزاج بہت خوشگوار تھا۔۔وہ جہاں بھی بیٹھتی تو محفل لگ جاتی تھی۔۔۔

۔جیسے وہ اس وقت ارد گرد بیٹھی ہوئی کزنوں کی محفل کی جان بنی ہوئی تھی اور ڈاکٹر ہما کی جان کا عذاب بنی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔کیوں کہ اس کے سارے جوکس کا مرکز ہما اور شاہ زیب ہی تھے۔باقی سب مزے لے لے کر اس کی ہاں میں ہاں ملا رہی تھی۔۔

۔ہما کی شامت تو تب آئی جب وہیں پر بیٹھے ہوئے ہما کے نمبر پر شاہ زیب کی کال آرہی تھی۔سب کی سب کھی کھی کر کے اونچی آواز میں ایک ساتھ ہنسی تھی۔۔جب کہ ہما فون لے کر لوں سے باہر نکل گئی۔۔

اووووووووں!!!!!سب نے ایک ساتھ اونچی آواز میں جاتی ہوئی ہما کو تنگ کرنے کے لیے چیخیں ماری تھی۔۔۔۔

وہ تو خوشبو ہے ہواؤں میں بکھر جائے گا۔مسئلہ پھول کا ہے پھول!!!!

!!!!کدھر جائے گا

۔جاتے جاتے بھی شزا باز نہیں آئی تھی اونچی آواز میں شعر بول کر ایک ساتھ تالیاں مارتے ہوئے چیخ رہی تھی۔۔ہما۔شاہ زیب کا فون آن کر چکی تھی اس لیے اس نے بھی یہ ساری آوازیں سنی تھی۔۔۔

ooooooooo

۔یہ کیسی آوازیں تھی۔شاہ زیب نے فون اٹھاتے ہی سوال کیا حالانکہ وہ سب کچھ سن بھی چکا تھا۔اور اسے پتہ بھی تھا کہ سب کزن اکٹھی ہوئی ہیں اور وہ اس وقت ہما کو تنگ کر رہی ہیں۔۔۔۔

۔کیونکہ کچھ دیر پہلے ہی شاہ زیب کی ہما سے بات ہوئی تھی۔۔ہما اسے اپنی تمام کزنز کے بارے میں بتا چکی تھی۔۔۔

۔ہما کی محبت اور خوبصورت نیچر نے آخر ڈاکٹر شاہ زیب کے دل میں اپنی جگہ بنالی تھی۔شاہ زیب کے لیے یہ دوراتیں کاٹنی بہت مشکل ہو رہی تھی۔۔

اس کا دل ہما کو اپنے پاس کی کی تمنا کرنے لگا تھا۔۔۔

۔اپنے دل کے ہاتھوں سے شاہ زیب تھوڑا تھوڑا مجبور ہونے لگا تھا۔اس لیے اب اس نے دوبارہ سے فون کیا۔۔۔۔

۔کیا کہہ رہی تھی تمہاری کزنیں؟؟؟

!!!۔کچھ نہیں بس ایسے ہی

!!!!۔ایسے ہی کیا

!!!!۔کچھ خاص نہیں تھا

۔تو پھر بتایئے کیا کہہ رہی تھی اگر خاص نہیں تھا تو پھر بتانے بھی اتنی ہچکچاہٹ کیوں!!!

!!!!۔آپ کو پوچھ کر کیا کرنا ہے

!!!!۔آپ کو چھپا کر کیا کرنا ہے

۔شاہ زیب جان بوجھ کر اس کو تنگ کر رہا تھا کیونکہ اسے ڈاکٹر ہما کی شرمائی ہوئی آواز اچھی لگ رہی تھی اس کی آواز۔وہ اس کی آواز سننا چاہتا تھا اسی لیے بات کو کھینچتے جا رہا تھا۔۔

۔آپ کا نام لے کر تنگ کر رہی تھی ہما میں بہت کم آواز میں بتایا۔۔۔

۔ہما تم شرما رہی ہو مجھے یقین نہیں آرہا یار ڈاکٹر ہو کر، اتنا پریکٹیکل سوچنے کے بعد تم شرما سکتی ہو۔ شاہ زیب کو سچ مچ یقین نہیں آرہا تھا۔ وہ دبی دبی ہنسی ہنستے ہوئے بولا۔۔

۔شاہ زیب آپ میرا مذاق اڑا رہے ہے۔۔

۔نہیں بالکل نہیں۔۔بس مجھے یقین نہیں آرہا کہ ڈاکٹر ہو کر تم شرما رہی ہو۔۔۔

۔تو کہاں لکھا ہے کہ ڈاکٹرز شرما نہیں سکتی۔۔

۔نہیں لکھاتو کہیں نہیں ہے آئی لائک اٹ مجھے اچھالگا کہ میری ہونے والی بیوی کو شرمانہ بھی آتا ہے۔۔

۔میں نے سنا ہے کہ بیوی کے شرمانے سے زندگی حسین اور انٹرسٹنگ لگنے لگتی ہے۔۔

۔اچھا جی اور کیا کیا سنا ہے آپ نے۔ہما کو شاہ زیب کا یوں خود سے بات کرنا بہت اچھالگ رہا۔شاہ زیب کی نظروں میں خود کی اہمیت نظر آنے پر ہما پھول نہیں سما پا رہی تھی۔۔

۔بہت کچھ سنا ہے مگر وہ سب بتانے کے لیے تم دو دن کا ویٹ کرو اور میں بھی دو دن کا ویٹ کرتا ہوں۔۔شاہ زیب نے بات کو کوئی اور رنگ دے دیا تھا۔۔

۔شاہ زیب مجھے امی بلا رہے ہیں۔شاہ زیب نے پہلی باریوں تھوڑا سا بے باک مذاق کیا تو ہما پوری طرح سے شرما گئی۔۔

۔اس نے گھبراتے ہوئے امی کا بہانہ بنا کر فون جلدی سے بند کر دیا۔اور اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر میں دھک دھک کر کے دل کو کنڑول کرنے لگی تھی۔۔دل کی ڈاکٹر ہو کر اس کا خود ہی دل کیا کرنے والا تھا اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا۔۔

۔وہ شاہ زیب کا فون بند کر کے واپس روم میں آئی تو سب ہنستے ہوئے ایک دم چپ کر گئی تھی۔۔

کیا باتیں ہو رہی تھی۔۔

۔ہما نے روم میں آتے ہی اپنی کزنز سے پوچھا جو کہ اس کے روم آنے پر چپ کر گئی تھی۔۔۔شاہ زیب کا فون سننے کے لیے وہ کچھ دیر اپنی تمام کزنز جو کہ اس کی شادی میں آئی ہوئی تھی۔۔۔

۔ان کو چھوڑ کر شاہ زیب سے بات کرنے گئی تھی ہما کو پتہ تھا کہ اگر وہ یہاں پر بیٹھ کر بات کرے گی تو یہ لوگ مذاق کر کر کے اس کو شرمندہ کریں گی اس لیے وہ اٹھ کر باہر چلی گئی تھی۔۔۔

۔ہما کو پتہ تھا کہ یہ سب بیٹھ کر اسی پر تبصرے کر رہی تھی جب وہ روم میں آئی تو وہ کسکسمائی سے ہنسی ہستے ہوئے سب چپ کر گئی تھی اسی لیے ہما نے سوال اٹھایا تھا۔۔

۔ڈاکٹر صاحبہ ہم لوگ تو یہ سوچ رہے ہیں کہ تم لوگ اپنے ویڈنگ نائٹ میں کیا باتیں کرو۔۔۔

۔دل کے مریض کو کون سی میڈیسن کی ڈوز کتنی لینی چاہیے۔۔۔۔

۔آپریشن میں کون کون سی چیزیں بہت زیادہ ضروری ہوتی ہیں۔۔۔۔

۔نہیں یار ضروری نہیں ہے کہ

بیچارے اس طرح کی باتیں کریں یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ ڈاکٹر شاہ زیب سرجن صاحب اپنی بیوی کو لو کے سائیڈ فیکس بتائیں۔۔ڈاکٹر ہے نا صرف نقصانات کی ہدایت دے سکتا ہے۔۔

۔یہ ہانیہ اور شزا تھی جو دونوں ڈاکٹر ہما کی چچا ذات کزنز تھی۔ایک بڑے چچا کی بیٹی اور دوسری چھوٹے چچا کی اس وقت وہ پوری طرح سے ڈاکٹر ہما کی ٹانگ کھینچائی کر رہی تھی۔۔

۔پورے روم میں کزنوں کھی کھی کی آوازیں باہر آ رہی تھی۔۔ڈاکٹر ہما خود کو بہت پریکٹیکل سمجھتی تھی۔ مگر اس وقت وہ بیچاری خود کو اتنا نروس محسوس کر رہی تھی۔۔۔

۔اس سے کوئی جواب ہی نہیں بن پا رہا تھا جو وہ ان کا منہ بند کروانے کے لیے دیتی۔۔

۔ایک چپ کرتی تو دوسری شروع ہو جاتی تھی انہوں نے تو آج جیسے قسم کھا رکھی تھی کہ ہما مذاق کر کر کے رلا کر ہی چھوڑیں گی۔۔

۔شرم کرو یار کیسے بیچاری کو تنگ کر رہی ہو۔یہ مزلفہ باجی تھی۔۔۔جو ہما کی پھوپھو کی بیٹی کی جو عمر میں ان سب سے بڑی تھی۔وہ اپنے بیٹے کو دودھ کی بوتل ہلا کر دیتے ہوئے۔ہما کی سائیڈ پر بول رہی تھی۔۔۔۔

۔مزلفہ باجی ہم تو ان کی ویڈنگ نائٹ ڈسکس کر رہے ہیں۔ہم ہما کو تنگ نہیں کر رہے بلکہ ہم تو سوچ رہے ہیں۔

۔یہ آپس میں بات کیا کریں گے۔۔۔صرف میڈیسن اور آپریشن کے علاوہ تو ان کے پاس بات کرنے کے لیے مدعا ہی نہیں ہو گا۔۔۔۔۔ہم تو اس کی

ہیلپ کر رہے ہیں۔۔۔۔۔شیزا معصوم شکل بنا کر اپنی صفائی بیان کر رہی تھی اس کے سٹائل پر سب کو ہنسی آگئی تھی۔۔۔

۔ویسے ڈاکٹر صاحب اس وقت کون سے لوکے سائیڈ فیکس بتا رہے تھے آپ کو آپ ہمیں۔ بھی بتانا پسند کریں گی ڈاکٹر صاحبہ۔۔

۔اب تم سب لوگ چپ کر جاؤ میں سچ میں تم سب کو بہت ماروں گی بد تمیز۔۔اس نے مجھے کچھ ضروری ہاسپٹل کے بارے میں بات کرنے کے لیے فون کیا تھا۔ ہمانے ان کے مذاقوں سے بچنے کے لیے بہانہ بنایا۔۔

۔اووووووو۔۔۔کون سی ضروری بات ذرا ہمیں بھی تو پتہ چلے۔۔۔۔۔

۔ہانیہ نے جلدی سے پوچھنا ضروری سمجھا تھا۔۔۔

۔چلو بھائی سب بچے فوراً سے ڈائننگ ٹیبل پر پہنچو۔ کھانا تیار ہے۔اس سے پہلے کہ وہ ہما کی مذاق کر کے اور بھی کھلی

اڑاتی۔۔ہما کی امی کھانے پر سب کو بلانے آگئی تو ہما نے شکر کا کلمہ پڑھا تھا۔۔

oooooooooo

۔رومان شاہ کافی دیر سے میرب سے بات کرنا چاہ رہا تھا مگر آفس میں ایک سے بعد ایک کام نکلتا ہی جا رہا تھا۔

۔آج صبح سے میرب کا بھی کوئی فون نہیں آیا تھا۔اور ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ رومان شاہ اپنے بزی شیڈول میں سے میرب کے فون کے لیے وقت نہ نکال پائے۔۔۔

۔مگر آج کام کافی زیادہ ہونے کی وجہ سے رومان شاہ کتنی بار نمبر ملاتے ملاتے رہ گیا۔

۔رومان شاہ کو کہیں نہ کہیں غصہ بھی تھا کہ اگر اس کا ٹائم آج نہیں لگا تو میرب نے اسے فون کیوں نہیں کیا اور وہی غصہ دلاور خان جو کہ رومان شاہ کا اسسٹنٹ تھا اس پر نکلا۔۔۔۔

۔دلاور خان۔۔۔۔۔جی سر۔۔۔۔اب کوئی بھی فائل سائن کروانے کے لیے اگر تم میرے کیبن میں آئے تو تمہاری خیریت نہیں۔۔۔اور جتنی بھی آج کی میٹنگز ہیں سب کو پوسٹ پون کر دو۔۔۔۔۔رومان شاہ کی آج بہت دنوں کے بعد غصے والی آواز دلاور خان کو سننے کو ملی تو۔۔۔یس سر کے علاوہ اس کے منہ سے کوئی الفاظ نکل ہی نہیں سکا تھا۔۔۔۔۔اس سے پہلے کہ

دلاور خان کچھ پوچھنے کی ہمت کرتا رومان شاہ ٹک کر کے انٹر کام بند کر چکا تھا۔۔۔۔

۔اپنے سامنے ٹیبل پر رکھے ہوئے فون کو رومان شاہ نے گھور کر دیکھتے ہوئے اٹھایا۔۔۔۔کچھ دیر فون کو ہاتھ میں لیے کرسی کو ادھر ادھر گول گھماتا رہا اسے میرب سے بات کرنی تھی۔کیونکہ اس کا دل بہت بے چین تھا اس کی صبح سے میرب سے بات نہ ہو سکی تھی۔۔۔

۔مگر میرب نے اسے صبح سے یاد نہیں کیا یہ بات بھی رومان شاہ کو ہضم نہیں ہو رہی تھی۔کچھ دیر معصوم فون کو بلا فضول میں اپنی آنکھوں کی حدت دیتے ہوئے دیکھتا رہا۔اس کے بعد میرب کا نمبر ڈائل کرنے لگا ٹانگ پر ٹانگ رکھے ہوئے فون کان سے لگا کر تیسری بار میرب کا نمبر ڈائل کر رہا تھا

۔پوری پوری رنگ ہونے کے بعد بھی میرب نے فون نہیں اٹھایا رومان شاہ کے غصے کو اور بھی طیش دلا گیا۔۔

۔چوتھی بار نمبر ڈائل کرتے ہوئے رومان شاہ کا پارہ فل ہائی تھا اس سے پہلے کے رومان شاہ اپنی کرسی سے اٹھ کر اپنی گاڑی کا رخ کرتے ہوئے گھر کی رہہ پکڑتا۔

۔کہ میرب نے فون ریسیو کر لیا۔اس کی آواز سے رومان شاہ کے دل نے اتنے غصے میں بھی ایک بیٹ مس کی۔۔

۔کہاں تھی تم میرب کے فون اٹھاتے ہی رومان شاہ کی گرجدار آواز میرب کے کانوں سے ٹکرائی۔میرب نے فون تھوڑا پیچھے کرتے ہوئے شہادت کی انگلی کان میں ڈال کر توبہ کرنے والے انداز سے کان کو بند کیا۔۔۔۔

۔میرب جواب دو گی کہ تم کہاں تھی میرب کی آواز نہ پا کر رومان شاہ نے دوبارہ سے اس سے والی آواز سے پوچھا۔

۔شاہ میں چھت پر تھی بڑے پر سکون اور آرام سے جواب دیا گیا۔شاہ کی محبت نے میرب کو کافی سر پہ چڑھا رکھا تھا اب وہ شاہ سے ڈرتی کم تھی۔۔۔

۔بتانا پسند کرو گی کہ اوپر تم کیا کر رہی تھی۔۔

۔شاہ بہت دن ہو گئے تھے میں نے نہ پرندوں کو دانہ ڈالا اور نہ ہی میں ان کو ملنے گئی تھی۔آج میں نے پرندوں کو دانہ بھی کھلایا ہے اور ان سے خوب ساری باتیں بھی کی۔اور اپنا فون میں ڈائننگ ٹیبل پر بھول گئی تھی۔اس لیے فون نہیں اٹھایا۔۔۔۔۔

۔ بڑی ایمانداری اور سچائی سے میرب نے اپنی بات رومان شاہ تک پہنچائی بنا یہ جانے کہ شاہ اس کے لیے کس قدر پوزیسو ہے اور اس کا شاہ اس بات سے جیلس بھی ہو سکتا ہے۔۔۔

۔ٹائم دیکھا ہے تم نے صبح سے لے کے ابھی تک تمہیں میری یاد نہیں آئی مگر تمہیں یہ یاد تھا کہ اتنے دنوں سے تمہاری ان جانوروں سے پرندوں سے بات نہیں ہوئی۔۔۔ صبح سے مجھے ٹائم نہیں ملا کہ میں تم سے بات کر سکتا اور تم میں بھی ذرا احساس نہیں تھا کہ تم خود سے مجھے فون کر کے بات کر لیتی۔ میں نے کہا پتہ نہیں میڈم بہت بزی ہوں گی۔

۔مگر ماشاءاللہ تم تو پرندوں کی سیوا میں لگی ہوئی تھی۔۔آج کے بعد اگر میں نے تمہیں چھت پر جاتے ہوئے دیکھا۔۔یا پرندوں کے اس پر بھی دیکھا تو

میرب آج کے بعد تمہاری ٹانگیں سلامت نہیں رہیں گی۔۔۔جن پر چل کر تم چھت پر جا کر اپنی پیار کی چونچ ان پرندوں سے لڑاؤ۔۔۔۔۔

۔حد ہے شاہ اب آپ ان بے زبان پرندوں سے بھی جیلس ہوں گے شاہ کے کی بات پر میرب کو ہنسی آ رہی تھی جس کو وہ روک نہیں پائی اور وہ کیکھی کر کے ہنسنے لگی تھی۔۔

۔تمہاری یہ جو کھی کھی ہے نا اس کو میں آکر بند کرتا ہوں۔دو گھنٹوں کے اندر میں گھر پہنچ رہا ہوں۔ایک تو شاہ زیب کے مہندی کے فنکشن کے لیے تیار ہو جاؤ۔اور دوسرا تیار رہنا یہ جو آج تم نے پیار کے پیچھے جا کے پرندوں سے لڑائے ہیں نا اس کی سزا میں تمہیں آکر دیتا ہوں۔۔

۔اس سے پہلے کہ میرب رومان شاہ کی بات کو سیریس لیتے ہوئے جواب دیتی رومان شاہ ٹک کر کے فون بند کر چکا تھا میرب تو بند فون کو دیکھتی رہ گئی تھی۔

ooooooooo

۔نیچے چلو اماں تمہیں ناشتے پر بلا رہی ہے احمر نے مہک سے آ کر کہا تھا۔اس سے پہلے بھی نوکرانی آ کر مہک کو روم میں ناشتے کا کہہ کر گئی تھی۔ مگر مہک نے انکار کر دیا۔ جس پر احمر ناشتے کی ٹیبل سے شرمندہ ہوتا ہوا اٹھ کر خود اسے لینے آیا۔۔۔۔

۔وہ اب بھی آرام سے بیڈ پر لیٹی ہوئی موبائل کو یوز کر رہی تھی۔اور احمر کی بات پر اس نے ناگواری سے دیکھتے ہوئے کوئی جواب دینا ضروری نہیں سمجھا۔۔۔

۔مہک میں تم سے بات کر رہا ہوں۔۔۔۔اس کے ہاتھ سے فون پکڑ کر سائیڈ ٹیبل پر رکھتے ہوئے احمر نے اپنے غصے کو ضبط کرتے ہوئے اسے کہا۔۔

۔پلیز مجھ سے یہ گھر کی بہو ہونے والے فرائض انجام نہیں دیے جاتے۔ تمہارے اور میرے رشتے کی حقیقت تم بہت اچھی طرح سے جانتے ہو اور جا کر اپنی ماں کو بھی بتا دو۔۔اس کے ہاتھ سے فون لینے پر وہ غصے سے بیڈ پر اٹھ پر بیٹھ گئی۔۔۔

۔پہلی بات تو گھر کے بہو ہونے والے کون سے فرائض تم سے انجام دلوائے جا رہے ہیں۔ صرف تمہیں نیچے آ کر اماں کے ساتھ ناشتہ کرنے کے لیے کہا ہے۔۔۔

اس میں ایسی کون سی محنت کرنی پڑے گی جس کے لیے تم یہ فضول کی ضد لگا کر بیٹھی ہوئی ہو۔۔۔۔اور دوسرا تمہارے اور میرے رشتے کی جو بھی حقیقت ہے مہک اگر وہ کمرے سے باہر گئی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔۔۔۔اماں کے سامنے تمیز سے پیش آنا۔میں ان مردوں میں سے نہیں ہوں جو یہ کہوں کہ تم میری پابند ہو مگر ہماری باتیں ہماری حد تک رہیں تو اچھا ہے۔۔۔۔

۔اٹھو اور چل کر نیچے ناشتہ کرو وہ اس کی کلائی سے پکڑ کر اسے بیڈ سے اٹھاتے ہوئے بولا۔۔

۔مجھے نیچے ناشتہ کرنے نہیں جانا مجھے کوئی شوق نہیں ہے۔گھر کی بہو بننے کا اپنے ہاتھ کو جھٹک کر احمر کے ہاتھ سے چھڑاتے ہوئے نظر گھما کر بیٹھ گئی۔۔۔

۔مہک بس کرو اس سے زیادہ صبر میں نہیں دکھا سکتا۔تم اس گھر کی بہو ہو انکار مجھ سے منسوب ہونے سے پہلے کرتی تو ٹھیک تھا۔۔۔اب تمہارے پاس کوئی چارہ نہیں چپ چاپ میرے ساتھ نیچے چلو۔۔۔ہر بات پر ضد کرنا خود پر فرض مت سمجھا کرو مہک۔۔اس طرح رشتے خراب ہو جاتے ہیں۔وہ اب بھی اس کو سمجھانے والے لہجے سے بول رہا تھا۔۔۔

۔میں تمہاری پابند نہیں ہوں اتنی سی بات تمہاری سمجھ کیوں نہیں آتی۔۔۔

۔تم میری پابند ہو یہ بات تمہاری الٹی کھوپڑی میں کیوں نہیں آتی اب کی بار وہ بھی چلایا تھا۔۔۔

احمر نے غصے سے اس کا ہاتھ پکڑ کر کھینچ کر اس کو بیڈ سے کھڑا کیا تھا۔۔

۔تمہیں کیا لگتا ہے کہ تم ہر بات پر میرے ساتھ زبردستی کروگے اور میں چپ چاپ برداشت کرتی رہوں گی وہ چلاتے ہوئے بولی۔۔۔۔میں آج کی زمانے کی پڑھی لکھی لڑکی ہوں اپنے حقوق اچھی طرح سے جانتی ہوں۔وہ احمر کو انگلی دکھاتے ہوئے بولی۔۔

۔۔آواز نیچے رکھ کر بات کرو۔زبان کھولنے سے پہلے یہ یاد رکھا کرو کہ میں شوہر ہوں تمہارا۔اور میں تمہارے ساتھ ہر طرح کی زبردستی کرنے کا حق رکھتا ہوں۔۔۔۔

۔صرف اس صورت میں جب تم اس طرح بدتمیزی کرنے پر اتر آؤ گی۔اگر بیوی بن کر تمیز کے دائرے میں رہو گی تو۔میری محبت تمہارے لئے ہے پوری دنیا کی خوشیاں لا کر تمہارے قدموں میں رکھ دوں گا۔اور اگر بدتمیزی

پر اتر و گی تو اچھی طرح سے واقف ہو کہ میں بھی حدوں کو توڑنا جانتا ہوں اور یہ میں نے تم سے ہی سیکھا ہے۔۔۔۔۔

۔جب تم بیوی ہو کر حقوق اور فرائض کی حدودیں توڑ سکتی ہو، تو میں شوہر ہو کرنے حق اور حقوق حاصل کرنے کے لیے سرحدیں توڑ سکتا ہوں۔۔۔

۔اگر میں اس دھمکی کے بعد بھی نیچے نہ جاؤں تو۔۔۔۔

۔تو ٹھیک ہے۔ بھر مجھے برداشت کرنے کے لیے تیار رہنا۔اگر تم ایک اور رات میرے ساتھ محبت بھری گزارنا چاہتا ہوں تو ٹھیک ہے۔ کیونکہ جب جب تم میری حکم ادولی۔ کرو گی تو۔ میرے پاس بھی
جو حق ہے۔ میں بھی اسی کو استعمال کرتے ہوئے تمہاری جان کو مشکل کروں گا۔۔۔۔۔

۔مہک نے کھا جانے والی نظروں سے احمر کی جانب دیکھا تھا۔بہت ہی بے شرم ہو۔۔۔۔۔

تھوڑا مومن ہوں، تھوڑا منافق ہوں!!

!!میں بھی حالات کے مطابق ہوں

۔غصے سے اس کے آگے آگے پاؤں پٹکتی ہوئی روم سے باہر آگئی۔جس کا مطلب تھا کہ اس کی شدتوں برداشت کرنے سے اچھا تھا کہ وہ جا کر ٹیبل پر گرم گرم ناشتہ کر لیتی۔۔۔احمر کی آخری دھمکی کام کر جانے پر وہ اپنے لبوں میں مسکراتا ہوا۔اپنی پینٹ کی پاکٹ میں ہاتھ ڈال کر اس کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے بولا

میری جان فرق بہت ہے تمہاری اور ہماری تعلیم میں۔۔تم نے !!!
!!!اُستادوں سے سیکھا ہے اور ہم نے حالاتوں سے

وہ جان بوجھ کر اس کے پیچھے پیچھے چلتا ہوا اسے اپنے لفظوں سے ٹارچر کر رہا
تھا۔۔۔

۔بڑا آیا شاعر کی اولاد منہ میں اونچی آواز سے بڑبڑاتے ہوئے پاؤں پٹختی ہوئی
سیڑھیاں اتر کر نیچے جا رہی تھی۔۔۔

۔جب کہ اسے اس طرح چڑتا ہوا دیکھ وہ ہنستا ہوا اس کے پیچھے پیچھے آ رہا
تھا۔۔۔

oooooooo

مجھے پیار دو مجھ پیار دو!!

!!دل بے قرار مجھے پیار دو

۔تمہیں پیار کیسے دوں اپنا سارا پیار تم جا کر ان پرندوں پر ویسٹ کر کے آئی ہو۔۔۔

۔اچانک سے رومان شاہ کی آواز سن کر میرب نے چونک کر دیکھا۔۔رومان شاہ پتا نہیں کب دبے قدموں میں روم میں آیا تھا۔۔۔۔

۔میرب مصروف انداز میں تیار ہو کر کھڑی ہوئی خود کو آئینے میں دیکھ کر آج بہت دنوں کے بعد ایک بالی وڈ کا سونگ گنگنا رہی تھی۔۔اس وقت رومان شاہ روم کا دروازہ کھولتے ہوئے روم کے اندر داخل ہوئے۔۔۔

افففف۔۔۔۔شاہ آپ تو قسم سے ڈرا کر جان ہی نکال دیتے ہیں۔۔ایسے کوئی اچانک چوروں کی طرح روم میں آتا ہے۔۔

۔میرب نے جب گھبرا کر پلٹتے ہوئے رومان شاہ کی جانب دیکھا تو اس کے ہاتھ میں پکڑی ہوئی لپسٹک نیچے لگ گئی تھی۔۔۔

۔جان تو تمہاری ابھی میں نے نکالنی ہے۔اپنے کوٹ کو صوفے پر پھینکتے ہوئے۔دو ہی قدموں میں فاصلہ طے کر کے اس کی قریب آیا۔۔

۔اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر جھٹکے سے اپنے قریب کیا جو اس وقت سراپہ قیامت بنی ہوتی۔۔

۔پنک اور یلو کلر کی میکسی پہنے ہوئے تھی۔۔ جس پر بے حد خوبصورت اور نفیس ہینڈ امبرائڈری کا کام کیا ہوا تھا۔۔

۔ساتھ میں میچنگ بڑے بڑے جھمکے جو اس کی گالوں کو چھوتے ہوئے شاہ کے دل کو بے قرار کر کے دھڑکنے پر مجبور کر رہے تھے۔۔

۔بالوں کو سٹریٹ کر کے کمر پر کھلا چھوڑا ہوا تھا۔۔

۔ہائی ہیل پہن کر ہائٹ شاہ کے لبوں کے برابر کر رکھی تھی۔۔

۔ہاتھوں کی ہتھیلیاں مہندی سے رچی ہوئی تھی۔۔

۔موٹی موٹی آنکھوں پر لگا ہوا لائنز اور مسکارا ففففف شاہ تو اس کی آنکھوں میں ڈوبنے لگا تھا۔۔

۔اس کے سر کے پیچھے ہاتھ رکھتے ہوئے بنا اسے سنبھلنے کا موقع دیئے اس کی پنکھڑیوں پر اپنے آتشی لب رکھ کر ان کو پوری طرح سے اپنی قید میں لے گیا تھا۔۔۔

۔آیا تو وہ کسی اور موڈ میں تھا اسے تو اس وقت میرب پر کافی غصہ تھا۔۔اپنا فون نہ اٹھانے اور چھت پر جا کر اسٹریلین طوطوں پر جا کر اپنا پیار نچھاور کرنے پر۔۔۔۔

۔مگر یہاں تو نظارہ ہی بدل گیا تھا میرب کو دیکھ کر شاہ کا غصہ تو ہوا میں اڑ چکا تھا وہ الگ بات تھی کہ وہ اس وقت میرب کی سانسوں کو تنگ کیے ہوئے کھڑا تھا۔۔۔

۔اس کو سانس لینے کے لیے پوری طرح سے تڑپا رہا تھا۔شاید یہ بھی اس کا سزا دینے کا ایک طریقہ ہی تھا۔۔۔اپنی من مانی کر کے پیچھے ہٹا تو میرب کا منہ غصے سے پھول چکا تھا۔۔۔

۔کیونکہ اس کی لپسٹک کا شاہ حشر نشر کر چکا تھا۔۔میرب نے کھا جانے والی نظروں سے شاہ کی جانب دیکھا کیونکہ میرب کے خوبصورت لپسٹک شیڈ جو اس نے ٹائم لگا کر دو تین کلر ملا کر بنایا تھا۔۔۔

۔وہ سب اس وقت شاہ کے اتتشی لبوں پر جا چکی تھی۔میرب کو میٹ لپسٹک پسند نہیں تھی۔اس لیے وہ میٹ لپسٹک کم ہی لگاتی تھی۔اور گلوسی لپسٹک کا شاہ نے پوری طرح بیڑا کر دیا تھا۔۔۔۔

۔کچھ تو میرب کے خود کی پکڑیوں کی سائیڈوں پر تھی۔باقی کی شاہ کے لبوں پر شاہ بھی اپنے ہونٹوں کا حشر سامنے مرر کے اندر دیکھ کر ہنسا تھا۔۔۔

۔شاہ۔۔۔۔۔یہ آپ نے یہ کیا میری ساری لپسٹک آپ نے خراب کر دی ۔پتہ ہے آپ کو پچھلے آدھے گھنٹے سے میں نے اتنے سارے شیڈ میں لا کر یہ والا شیڈ بنایا تھا۔۔۔۔

وہ غصے سے احتجاج کرتے ہوئے بولی۔۔۔

۔چپ چاپ کھڑی رہو آج جو تم نے میرے حصے کا ٹائم جا کے اوپر پرندوں کو دیا ہے نا یہ اسی کی سزا ہے۔ شکر کرو اتنے میں تمہاری جان چھوٹ گئی ہے ورنہ میں تو بہت کچھ سوچ کر آیا تھا۔ تمہاری سزا کے لیے۔۔۔

۔کیا کرنے والے تھے کیا پرندوں سے پیار کرنا کوئی جرم ہے۔ میرب کو اس وقت کا بہت غصہ تھا اس لیے اس نے تڑک سے جواب دیا۔۔۔

۔ہاں سوائے اپنے شاہ کے تم پر کسی سے بھی پیار کرنا جرم ہے۔۔

۔اور صبح تمہارے سب پرندوں کی اگر میں نے منڈیاں مروڑ کر چیل کوؤں کے آگے نہ ڈالا نا تو پھر نہیں کہنا۔۔۔۔

۔نہیں شاہ پلیزان معصوموں کو کچھ مت کرنا میں آج کے بعد ان کے پاس نہیں جاؤں گی۔۔۔۔۔

۔میرب نے جلدی سے ان کی زندگی کی بھیک مانگتے ہوئے شاہ کی بات مان لی تھی۔۔۔کیونکہ اسے پتہ تھا کہ شاہ جیلسی اور غصے میں کچھ بھی کر سکتا ہے۔ اس سے پہلے کہ شاہ سچ میں ان کی گردنے مروڑتا۔۔۔یاان کو ایسے ہی کھلے آسمان میں اڑا دیتا میرب نے ہار ماننے میں ہی اپنی عافیت سمجھی تھی۔۔

۔۔۔ہمممم۔۔گڈ۔۔شاہ نے اسے شاباشی دی تھی اپنی بات ماننے پر۔۔۔

۔اب میں اپنی لپسٹک کا کیا کروں میرب نے اپنے ہونٹوں کا حشر واپس ڈریسنگ مرر میں دیکھتے ہوئے غصے سے پوچھا۔۔۔

۔لو جو تمہاری لپسٹک میرے ہونٹوں پر آگئی ہے، میں اس کو میں واپس لگا دیتا ہوں۔۔۔شاہ واپس میرب کے قریب ہوتے ہوئے بولا۔۔۔۔

۔۔۔شش۔۔۔۔۔۔شاہ۔۔پلیز آپ مجھ پر مہربانی نہ کریں میں دوبارہ سے لگالوں گی اور جلدی سے پیچھے ہٹتے ہوئے بولی۔۔۔

۔وہ واپس سے شاہ کو اپنی سانسوں کو روکنے کی کوشش کرتے ہوئے دیکھ کر۔ چلاتے ہوئے پیچھے ہٹی تھی۔۔۔۔۔۔ہاہاہا

۔شاہ کا قہقہہ پورے روم میں گونج اٹھا۔۔میرب کی جان کو بنتے ہوئے دیکھ کر میرب جب اس کے لمسو سے سانسوں کے لیے تڑپتی تھی۔۔۔۔۔

۔شاہ کو اس وقت اس کی حالت دیکھ کر بہت محظوظ ہونا بہت اچھا لگتا تھا۔۔

۔وہ میرب کوئی یوں ہی ہر بار سانسوں کے لیے تڑپاتا ہے تھا۔۔۔اسی لیے میرب شاہ کے اس کس والے سٹائل سے بہت تنگ تھی۔۔۔مگر شاہ کا یہ سب سے فیورٹ کام تھا جس وہ بہت شوق سے جب بھی وقت ملتا سر انجام دینا شروع کر دیتا۔۔۔۔۔۔

۔ادھر آؤ میں تمہارے لیے کچھ لایا ہوں کوٹ کے پاس رکھے ہوئے اخبار میں ریپ کیے ہوئی گجرے نکالے اور بڑے پیار سے میرب کی دونوں کلائیوں میں ڈال دیے۔۔۔۔شاہ آپ کو یاد تھا کہ مجھے گجرے بہت پسند ہے۔۔۔۔

۔میرب سب کچھ بھلا کر بڑی محبت سے پوچھا تھا۔۔۔۔جان شاہ مجھے تمہاری ہر بات یاد ہوتی ہے۔۔۔بس تم ہی مجھے اپنی خوبصورت پنکڑیوں کے لیے ترساتی رہتی ہو۔۔۔۔۔۔۔

۔شاہ کی اب بھی وہی ٹون تھی۔۔۔

شاہ آپ کا کچھ نہیں ہو سکتا آپ ایک دن مجھے کھا بھی جائیں گے نا پھر بھی کہیں گے کہ میں کم پڑ گئی تھی۔۔۔۔

۔جا کر چپ چاپ تیار ہوں ہم شاہ زیب بھائی کی مہندی کے لیے لیٹ ہو رہے ہیں۔۔۔۔۔

۔شاہ کی کمر پر ہاتھ رکھ کر دھکیلتی ہوئی واش روم تک چھوڑ کر آئی تھی۔۔۔۔میرب میں تو کہتا ہوں کہ لپسٹک تو خراب ہو گئی ہے۔۔۔

۔آجاؤ دوبارہ سے فریش ہو کر تیار ہو جانا شاہ نے واش روم سے آواز دی تھی۔۔

۔شاہ چپ کر کے فریش ہوں۔ورنہ میں باہر سے آپ کو لاک کر دوں گی۔۔۔

۔میرب نے ہنستے ہوئے دھمکی دی۔۔۔۔

۔ظالم بیوی شوہر کو تھوڑے تھوڑے پیار کے لیے اتنا ترساتی ہو ایک بار پھر سے اس نے اندر سے آواز دی۔۔۔

۔کل رات جو اتنا پیار کیا تھا وہ کہاں۔۔

وہ تو رات گئی اور بات گئی۔۔۔۔۔

۔شاہ آپ کو پتہ ہے آپ بہت بڑے بھکڑ ہیں اپنے پیار کے معاملے میں آپ کا پیٹ کبھی نہیں بھر سکتا۔۔۔۔

۔تم کوشش کر کے تو دیکھو ہو سکتا ہے میری نیت تھوڑی بہت بھر جائے۔۔۔

۔تیار ہو کر نیچے آجایئے گا میں کچھ دیر امی جان کے پاس جا رہی ہوں ۔۔۔مجھے ایسی کوشش کرنے کا کوئی شوق نہیں ہے۔۔۔

۔اگر تم میرے آنے سے پہلے نیچے گئی نا تو سوچ لو۔۔۔۔لپسٹک دوبارہ سے بھی لگانی پڑ سکتی ہے۔۔۔

۔رومان شاہ میرب کو دھمکی دے کر آرام سے فریش ہو رہا تھا۔اسے پتہ تھا اب میرب نیچے جانے کے بارے میں تو بالکل نہیں سوچے گی۔۔۔۔۔

ooooo

۔رومان شاہ ٹاول سے سر پونچھتے ہوئے روم میں آیا تو میرب سامنے ہی کھڑی ہوئی اپنی لپسٹک کو دوبارہ سے ریفریش کر کے لگا چکی تھی۔ہونٹوں کو ایک دوسرے سے ملاتے ہوئے ڈریسنگ کے مرر میں دیکھ کر لپسٹک کو بالکل ٹھیک کر رہی تھی۔۔۔

۔میرب کو اپنے میک اپ میں سب سے زیادہ لپسٹک پسند تھی اس لیے وہ لپسٹک لگانے پر بہت محنت کرتی اور بار بار اسے مرر میں دیکھ کر خود ہی او کے اور نو او کے کا سائن دیتی رہتی۔۔جو کہ وہ اس وقت بھی کر رہی تھی۔۔۔

۔یہ جو تم اپنے ہونٹوں کو ایک دوسرے سے کسیاں کر کر کے لپسٹک ٹھیک کرتی ہو۔۔۔۔اگر یہ تم مجھ سے کروالو تو میں بھی خوش اور تمہارا کام بھی ہو جائے گا۔۔۔۔۔ٹاول کو گلے میں ڈالے ہوئے واش روم سے نکل کر میرب پر جو نظر پڑی۔۔۔اپنی میرب کو دیکھ کر ہمیشہ بہکنے والا رومان شاہ جس ٹون میں واش روم کے اندر گیا۔۔اسی رومینٹک ٹون میں ہی باہر آتے ہی میرب کے پیٹ پر ہاتھ باندھے پشت اس کی اپنی چھاتی سے لگا کر سامنے مرر میں دیکھتے ہوئے۔اس کی لپسٹک میں اس کی ہیلپ کرنے کا طریقہ اسے بتا رہا تھا۔۔۔

۔شاہ میں اپنے ہونٹوں کو کسیاں
نہیں کرتی میں اپنی لپسٹک ٹھیک کر رہی تھی۔۔رومان شاہ کے جوک پر میرب شرمندہ سی ہوتے ہوئے مسکرادی۔۔۔

۔ہاں تو میں بھی تو یہی بول رہا ہوں کہ تمہیں میرے ہوتے ہوئے خود سے محنت کرنے کی کیا ضرورت ہے۔۔۔۔۔لاؤ میں لپسٹک ٹھیک کر دیتا ہوں۔۔

۔اس کی ٹھوڑی پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس کا چہرہ تھوڑا سا پیچھے کی جانے گھما کر اپنے لب اس کی پنکھڑیوں پر رکھتے ہوئے اپنے ارادے میں کامیاب ہونے ہی والا تھا۔کہ میرب نے چلاکی سے اسے پیچھے دھکیل کر خود کی لپسٹک کی حفاظت کی۔۔

۔جان شاہ تم بہت چالاک ہو گئی ہو واپس آؤ۔شاہ انگلی کا اشارہ کرتے ہوئے اسے واپس اپنے پاس بلا رہا تھا۔۔۔

۔گلے میں ٹاول ڈالے ہوئے کسرتی سینے پر پانی کی بوندیں اور افففف اس کے ماتھے پر بکھرے ہوئے اس کے ڈاک براؤن گیلے بال دشمن جاں عام سی حالت میں بھی قہر ہی ڈھاتا تھا۔۔۔

۔وہ اس وقت اتنا جاذبے نظر لگ رہا تھا اگر میرب کو اپنی لپسٹک کا خیال نہ ہوتا تو وہ کبھی بھی اس وقت اپنے شاہ سے دور ہونے کا سوچ نہ سوچتی ہے ۔مگر اسے پتہ تھا کہ نزدیک ہونے کا مطلب ہے کہ شاہ بنا اس کی محنت کا خیال کیے اس کی لپسٹک کا بیڑا غرق کر دے گا۔۔۔

۔اس لیے میرب شاہ کی پکڑ سے بھاگ کر دور جا کر کھڑی ہوئی بچ جانے پر مسکرا رہی تھی۔۔

۔نونو۔۔۔شاہ پلیز اب نہیں۔۔آپ تیار ہو جائیں میں نے بہت مشکل سے واپس لپسٹک کے شیڈ ڈھونڈ کر اتنی محنت سے اپنی لپسٹک ٹھیک کی ہے۔۔۔

۔میرب شاہ کے اٹھتے ہوئے قدم اپنی جانب دیکھ کر ہاتھ کے اشارے سے منت گوانداز سے بول رہی تھی۔۔۔

۔جان شاہ میری عادت نہیں ہے یوں ہر کسی پہ مر مٹنے کی۔پر تجھے دیکھ کر دل تو مجھے نے سوچنے تک کی مہلت بھی نہیں دیتا میں کیا کروں۔۔۔۔

۔وہ قدم بڑھاتا ہوا میرب کی جانب آرہا تھا اور میرب اپن دونوں ے ہاتھ اپنی پنکڑیوں پر رکھے ہوئے دیوار سے لگی نفی میں سر کو ہلا رہی تھی۔۔۔

۔اسے صرف اس وقت شاہ سے اپنی لپسٹک بچانی تھی اب دیکھتے ہیں کہ میرب کس حد تک کامیاب ہوتی ہے۔۔۔

۔جان شاہ بہت غلط بات ہے صرف دل کا حقدار بنایا تھا تمہیں۔۔

۔حد ہو گئی تم نے تو جان بھی لے لی ہے میری۔اب ان اداؤں سے اپنے شاہ کو مارنے کا ارادہ ہے۔دیوار پر اس کے دونوں جانب ہاتھ رکھے ہوئے اسے گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے لب اس کے ماتھے پر عقیدت سے رکھ کر واپس سیدھا ہو گیا۔۔۔۔

۔ہاتھ ہٹاؤ مجھے لپسٹک کا کلر دیکھنا ہے۔

۔شاپ پلیز اب اگر آپ نے میری لپسٹک خراب کی تو میں سچ میں دوبارہ سے ٹھیک نہیں کروں گی اسی حالت میں آپ کے ساتھ جاؤں گی۔۔۔۔

۔میرب نے اپنے ہاتھ ہٹاتے ہوئے شاہ کو دھمکی دی کیونکہ اس سے بھی پتہ تھا کہ ہاتھ تو اسے ہر صورت میں ہٹانے پڑیں گے۔۔۔۔

۔اس کا شاہ جب کسی ضد پر اڑ جائے تو جب تک وہ ضد کو پورا نہیں کر لے اس سے سکون نہیں ملتا۔۔

۔ہمم!!!!لائک اٹ اپنے شاہ کو دھمکی دے رہی ہو۔۔۔اس کے لپسٹک سے سجے ہوئے ہونٹوں کو دیکھ شاہ کا دل سچ میں پھر سے بے ایمان تو ہو رہا تھا۔۔۔۔

۔مگر یہ بھی سچ تھا کہ اس وقت میرب کی رو دینے والی شکل کو دیکھ کر شاہ اپنے آور ادل کو سمجھانے کی پوری کوشش کر رہا تھا۔۔۔

۔اب شاہ اس میں کس حد تک کامیاب ہوتا ہے دیکھ لیتے ہیں۔۔۔

۔ایک شرط پر تمہارے لپسٹک کو مجھ سے بچایا جا سکتا ہے دونوں ہاتھ دیوار پر رکھے ہوئے مسکرے انداز سے بولا۔۔شاہ میں آپ کی نا کوئی بھی شرط نہیں ماننے والی۔۔

۔مہک خوشی خوشی اپنی چیزوں کو دیکھتی ہوئی اپنے روم کی طرف چل دی۔ روم میں جاتے ہی اس کی نظر بیڈ پر پڑے ہوئے شاپنگ بیگ پر گئی۔ابھی وہ دیکھ ہی رہی تھی کہ احمر واش روم سے فریش ہو کر باہر آیا۔۔۔

۔

مہک نے تجسس سے احمر کی طرف دیکھا۔

۔احمر نے ایک آئی بروز اٹھا کر دیکھا۔۔۔۔کیا۔۔۔۔۔وہی تو میں پوچھ رہی ہوں کہ یہ سب کیا ہے مہک نے جواب دیا۔خود ہی کھول کے دیکھ لو احمر نے مسکراتے لبوں سے کہا۔۔۔۔

۔مہک نے اپنے ہاتھ میں پکڑے ہوئے کپڑے بیڈ پر رکھتے ہوئے شوپنگ بیگ کو کھولنا شروع کیا جن میں مختلف کلر کے خوبصورت ڈریسز تھے۔۔۔۔

۔مہک کو سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کون سا ڈریس زیادہ خوبصورت ہے وہ ایک پکڑتی تو دوسرا رکھ دیتی تھی۔۔۔

۔احمر یہ سب کس کے لیے ہے تجسس بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھا

۔یہ سب میرے لیے مجھے یہ کلر بہت پسند ہے۔۔۔احمر نے مسکرا کر اپنی زبان کو دانتوں تلے دباتے ہوئے کہا۔۔۔

۔۔۔ چھی۔۔ سیریزلی یہ پہن کر آپ کیسے لگیں گے۔۔ مہک پہلی بار احمر کی بات پر یوں کھلکھلا کر ہنسی تھی۔۔۔

۔یہ لڑکیوں والا کپڑے میں تو نہیں ناپہنوں گا ظاہر سی بات ہے کہ تمہارے لیے یار۔احمر نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

۔

اب بتاؤ یہ تمہیں کیسے لگے کپڑے۔احمر نے مہک کے چہرے کی خوشی دیکھ کر پوچھا۔۔۔۔

۔بہت زیادہ خوبصورت ہیں مہک نے خوشی سے احمر کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔

۔خوبصورت تو یہ تب ہوں گے جب تم ان کو پہنو گی احمر ٹاول گلے میں ڈالے ہوئے سر کو پہنچتا اس کے قریب آکر دلکش نگاہوں سے دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔

۔مگر میں تو آج ان میں سے کوئی بھی نہیں پہنوں گی۔۔

۔کیوں۔۔۔۔احمر نے حیرانگی سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔ابھی تو تم نے کہا کہ تمہیں یہ سب ڈریسز پسند ہیں اور اب تم کہہ رہی ہو کہ ان میں سے کوئی بھی نہیں پہنو گی۔۔۔۔

۔آپ ناراض نہ ہو میں نے آج یہ ڈریس پہننا ہے۔جو اماں جی نے میرے لیے سلیکٹ کیا ہے۔۔۔بیڈ پر رکھے ہوئے ڈریس کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔

۔اچھا جی تو اس کا مطلب ہے کہ آج شوہر پر اپنی اماں جان کو ترجیح دی جا رہی ہے۔۔ ٹھیک ہے بھائی ساس اور بہو اب مل کر روز میرے ساتھ ایسا ہی کیا کریں گی۔۔۔۔۔

۔اعکے جی پہن لو اب تم نے ایسے بندے کی چیز کو سلیکٹ کیا جس کو تو میں کبھی نہ کر ہی نہیں سکتا۔۔۔۔احمر کو خوشی ہوئی تھی یہ سوچ کر کہ مہک اس کی ماں کو احترام اور عزت دے رہی ہے۔۔۔

۔مہک نے کھلے ہوئے چہرے سے اپنا جوڑا اور جولری احمر کو دکھائی

۔۔۔بیوٹی فل بہت خوبصورت ہے اور جب تم اس کو پہنو گی۔تو اس سے بھی زیادہ خوبصورت لگے گا۔۔احمر نے جوڑے کے ساتھ مہک کی دل کشی کی بھی تعریف کی۔۔۔۔

۔اپنی کلائیوں کو ہلاتے ہوئے دکھایا کہ یہ کنگن مجھے اماں جی نے دیے ہیں۔۔۔۔

۔مگر یہ کنگن تو اماں جان اپنے بہو کو پہنانا چاہتی تھی۔احمر نے بناتاثرات کے چہرہ لیے۔اس کے چہرے کے تاثرات دیکھنے چاہے۔۔۔۔

۔ہاں تو میں ان کی بہو ہی ہوں۔اس لیے کنگن پہ حق تو میرا ہی بنتا تھا۔۔۔۔

۔اچھا جی میں بس یہی سننا چاہتا تھا مجھے یہ سن کر بہت خوشی ہوئی کہ تم نے دل سے خود کو اس گھر کی بہو مان لیا۔۔۔

۔اس کی دونوں کلائیوں کو اپنے ہاتھوں سے پکڑتے ہوئے باری باری کنگ والی جگہ کو چوم لیا۔۔۔

۔مہک نے شرماتے ہوئے اپنے ہاتھ پیچھے کر لیے۔۔۔پیچھے ہٹے یہ کیا کر رہے ہیں۔۔۔۔

۔کرنے کو تو بہت کچھ کر سکتا ہوں ذرا شادی والا قصہ نپٹا لینے دو۔ محترمہ ویسے بھی کل رات کچھ وعدے ہوئے تھے ہم دونوں کے درمیان آج رات وہ پورے کرنے کا ٹائم آگیا ہے۔۔۔۔

۔اس کی کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے دباؤ بڑھا کر اپنے ساتھ لگا لیا۔۔احمر پلیز ہم لیٹ ہو جائیں گے اور پھر شاہ زیب بھائی آپ سے ناراض ہو جائیں گے۔۔

۔احمر کو بہکتا ہوا دیکھ مہک شرما کر نظروں کو ادھر ادھر کر رہی تھی۔۔وہ اپنی دونوں کنگن والی کلائیوں کو اس کے سینے پر رکھے ہوئے تھی۔۔۔۔

۔شاہ زیب بھائی کی ایک بار شادی ہو جانے دو اسے بھی پتہ چل جائے گا کہ اپنی بیوی کے ساتھ روم میں ہوتے ہوئے ٹائم کا پتہ نہیں چلتا۔۔۔

۔پلیز آپ تیار ہو جائیں اور مجھے بھی تیار ہونے دے مہک مسکراتے ہوئے احمر کے سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے پیچھے کر کے مسکراتی ہوئی واش روم میں جا کر بند ہو گئی تھی۔۔۔

۔کوئی نہ میری کتاب میں یہ بھی لکھ دیا گیا ہے۔اس کا بھی برابر حساب لیا جائے گا۔وہ اونچی آواز میں کہتا ہوا مر رکے سامنے تیار ہونے لگا۔۔۔۔۔

۔مہک کے بدلے ہوئے انداز نے احمر کو پر سکون کر دیا تھا۔مہک کا واضح بدلاؤ احمر کو نظر آ رہا تھا۔۔۔۔وہ دل ہی دل میں خدا کا شکر کر رہا تھا کہ اس کی بیوی کا دماغ لائن پر آنے لگا ہے۔۔۔

oooooooooo

جان شاہ اٹھ جاؤ امی جان ناشتے پر ہمارا ویٹ کر رہی ہیں۔۔شاہ کے سینے پر سر رکھے ہوئے۔گہری نیند میں سو گئی تھی۔رات کو بھی مہندی سے لیٹ آئے تو نیند نہیں پوری ہوئی۔۔۔

۔اٹھتی ہوں شاہ میں بہت تھکا ہوا فیل کر رہی ہوں۔۔۔۔میرب واپس سے آنکھیں بند کرتے ہوئے شاہ کے سینے پر سر رکھ کے سو گئی۔۔۔

۔اگر کہو تو میں تھکن اتارنے کا انتظام کروں۔۔شاہ نے میرب کے کان میں سرگوشی کی تو میرب نے نیند سے بھری ہوئی آنکھیں اٹھا کر شاہ کی جانب غصے سے دیکھا۔۔

۔یہ تھکن بھی آپ کی دی ہوئی مہربانی ہے۔۔۔۔

۔ہاں تو میں نے تو کہا ہے کیا حکم ہے میرے لیے۔۔اگر کہو تو دبا دیتا ہوں کہو تو۔۔۔شاہ نے ادھوری بات منہ میں رکھتے ہوئے مسکرا منہ بنا کر مسکرایا۔۔

۔آہ آہ۔۔۔ظالم لڑکی۔۔۔میرب نے شاہ کے ننگے سینے پر اپنے دانت کاٹ دیے۔۔

۔اور جو آپ میرے ساتھ کرتے ہیں وہ ظلم نہیں ہوتا۔۔۔اب تو میں روز آپ کو اسی طرح سے کاٹ کاٹ کر کھائی جاؤں گی۔۔اپنے بالوں کا جوڑا بناتے ہوئے اٹھ کر بیٹھ گئی۔۔۔۔

۔سوچ لو میں اس سے بھی ڈبل کروں گا میری جنگلی بلی۔۔۔۔اس کے گالوں کو لبوں سے ٹچ کرتے ہو بیڈ سے اٹھ کر چپلیں پہن رہا تھا۔۔۔

۔آپ پہلے کون سا مجھے کم ہلکان کرتے ہیں۔۔اب تو میرا دل چاہتا ہے آپ کا نام رکھ دوں ظالم شاہ۔۔۔رومان شاہ آپ پر بالکل سوٹ نہیں کرتا۔۔

۔میری جان شاہ جو دل میں آئے وہ نام رکھو۔۔شاہ نے جب سارے حق ہی تمہارے ہاتھ پہ رکھ دیے ہیں تو جو چاہو شاہ کے ساتھ سلوک کرو۔۔۔۔

۔وہ مسکراتے ہوئے واش روم میں جا کر بند ہو چکا تھا۔۔۔

۔میرب اپنے لبوں میں مسکراہٹ دی ہلکان کرنے کے بعد بھی رومان شاہ کے پیار سے بھری ہوئی میرب کس قدر مطمئن نظر آ رہی تھی۔۔۔۔

۔بے شک شوہر کا پیار عورت کے لیے تحفظ بھی ہوتا ہے اور صبر کا پیمانہ بھی۔ جیسے میرب روما شاہ کی محبت کا جام پی کر ہمیشہ مطمئن ہی نظر آتی تھی۔۔

oooooooooo

۔امی جان اگر آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے تو ہم بھی نہیں جائیں گے۔۔
میرب جو اپنی ساس کے روم میں ان کی تیاری دیکھنے اٹئ تھی۔۔ مگر اپنی ساس کو تیار نہ دیکھ کر وہ فکر مند ہوتے ہوئے خود بھی جانے سے انکار کر رہی تھی۔۔۔

۔ نہیں بیٹا تم اور رومان دونوں جاؤ
شاہ زیب کی زندگی میں اتنی بڑی خوشی ہے۔۔۔ جا کر اس کو خوشی خوشی مناؤ میری طبیعت آج کچھ ٹھیک نہیں ہے اس کی بیٹا میں نہیں جا سکوں گی۔۔

۔ مگر امی جان آپ کو ایسے چھوڑ کر۔ ہیں جا سکتے۔۔ رومان شاہ بھی روم کے اندر داخل ہوتے ہوئے اپنی ماں کی بات سن چکا تھا۔۔۔۔۔

۔اور اٹھیں میں آپ کو ڈاکٹر کے پاس لے کر چلتا ہوں رومان شاہ فکر مندی سے اپنی ماں کے پاس بیٹھ کر ان کا ہاتھ پکڑ کر چوم رہا تھا۔۔۔۔۔رومان شاہ اپنی ماں سے بہت محبت کرتا تھ۔یوں کہو کہ رومان شاہ کی ساری دنیا اپنی ماں کے ارد گرد گھومتی تھی۔۔۔۔

۔اپنی ماں کی زرا سی تکلیف سے بھی رومان شاہ تڑپ اٹھتا۔۔دنیا کا کوئی کام بھی رومان شاہ کو اپنی ماں کی صحت سے زیادہ ضروری نہیں لگتا تھا۔۔

۔پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے رومان بس تمہیں پتہ ہے کہ تھکاوٹ مجھے سوٹ نہیں کرتی۔۔۔۔۔۔رات کو ہم لوگ مہندی کے فنکشن سے بھی لیٹ آئے ہیں۔۔۔۔۔اس لیے بیٹا آج میں نہیں جا سکوں گی۔۔۔اور

پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔۔۔۔۔۔میرے پاس سکینہ زکیہ اور باقی لڑکیاں سب موجود ہیں۔۔۔۔

۔اور تمہاری دونوں تائیاں بھی تو ہیں اگر کوئی پریشانی کی بات ہوئی تو تمہارے چچا بھی گھر میں موجود ہیں۔۔۔۔۔رومان شاہ کی ماں نے پوری تسلی دیتے ہوئے ساری بات کہی تھی۔۔۔۔۔

۔آپ کو لگتا ہے کہ اپ کی خراب طیبیت میں میں آپ کو یوں دوسروں کے رحم وکرم پر چھوڑ کر جا سکتا ہوں۔۔

۔میری جان تم دونوں جاؤ میں بالکل ٹھیک ہوں بس تھکاوٹ ہے اس لیے مجھ سے نہیں جایا جائے گا۔۔

۔رومان اور میرب کا دل تو نہیں مان رہا تھا۔ مگر امی جان کے بہت اصرار پر وہ جانے کے لیے تیار ہو گئے۔۔۔

۔اور یہ بھی سچ تھا کہ شاہ زیب کی خوشی ان کے بنا ادھوری تھی۔۔رومان شاہ اور میرب گھر کے ملازمین کو تاکید کرتے ہوئے شادی کے لیے نکل گئے تھے۔۔۔

oooooooooo

۔گلاب کے پھولوں سے سجا ہوا سٹیج جس پر شاہ زیب ہما کے انتظار میں بیٹھا ہوا تھا۔ شاہ زیب نے بلیک کلر کی شیر وانی پہنی ہوئی تھی۔اور اوپر سکن کلر کے کلے میں وہ بے حد خوبصورت لگ رہا تھا گورا چٹا پٹھان بلیک کلر میں دمک رہا تھا۔۔

کچھ ہی دیر میں ہما کو خوبصورت پھولوں سے بنی ہوئی چادر کے نیچے لایا جا رہا تھا۔ ہما پر روپ نور کی مانند چھایا تھا۔۔ڈیپ ریڈ کلر کے لہنگے اور کرتی میں وہ چلتی ہوئی کوئی ماڈرن گڑیا لگ رہی تھی۔۔۔

۔باریک باریک نین نقشوں کو پارلر والی نے میک اپ سے نکھار کر چار چاند لگا دیے تھے۔۔شاہ زیب کی نظریں سامنے آتی ہوئی ہما سے ہٹ نہیں سکی۔۔۔

۔وہ تیری ہی ہے بس کر کتنا گورے گا بے شرم انسان۔۔۔۔۔پاس بیٹھے ہوئے احمر اور رومان شاہ کی نظروں کا فوکس احمر پر تھا۔۔۔۔کیوں نہ ہوتا یہی

تو موقع تھا کہ وہ اپنے یار کے ٹانگیں کھینچ کر اسے مذاق سے بے حال کر دیتے

۔چپ کر کے بیٹھے رہو تم بے غیرتوں کا مجھے سب پتہ ہے۔۔خود تو اپنے گھروں سے نکلنے کے لیے تیار نہیں ہوتے۔

۔میری باری آئی ہو ہیں تو تم لوگوں کو بڑی تبلیغ سوجھ رہی ہیں۔۔خود لانتی انسانوں ہر جگہ لیٹ پہنچتے ہو آج بھی رومان شاہ اور احمر گھر سے لیٹ نکلے تھے شاہ زیب کا پارہ آج بھی ان دونوں پر گرم تھا۔۔

۔واہ بھائی ہمارے گونگے ڈاکٹر کے منہ میں زبان آگئی ہے۔اللہ خیر کرے۔۔۔

۔احمر نے بجائے اپنی غلطی تسلیم کرنے کے مذاق کر کر کے شاہ زیب کی جان مشکل کر رکھی تھی۔۔۔۔

۔سٹیج پر شاہ زیب نے ہما کے آگے ہاتھ بڑھاتے ہوئے اسے سٹیج پر چڑھنے میں مدد کی۔۔دونوں کی چوڑی بے حد خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔

۔شادی بہت خوبصورت سے انجام پائی تھی نکاح کے بعد رنگ برنگے لذیذ کھانوں کا دور شروع ہو چکا تھا کھانوں میں کچھ افغانی ڈشز بھی رکھی گئی تھی آخر شاہ زیب پٹھان تھا۔۔۔۔

۔کچھ نہ کچھ تو اس نے ٹریڈیشنل کرنا تھا کھانا بے لزیز تھا سب مہمانوں نے بہت لطف اندوز ہو کر کھایا۔۔

۔کھانے کے بعد اب دلہن کی رخصتی کی باری آگئی تھی۔۔۔اشک بار آنکھوں سے ہما کے والدین اور رشتہ داروں نے ہما کو ڈاکٹر شاہ زیب کی پھولوں سے لدی ہوئے گاڑی میں بیٹھا دیا۔۔

۔ڈاکٹر ہما بھی نم آنکھوں سے اپنی ماں سے ملتی ہوئی گاڑی میں بیٹھی تھی
۔جہاں اسے ڈاکٹر شاہ زیب کو پانے کی بے حد خوشی تھی۔۔۔۔

۔وہی اپنے والدین کو چھوڑنے کا غم جو ہر لڑکی کے لیے ہوتا ہے۔آج ڈاکٹر ہما بھی اسی کیفیت سے گزر رہی تھی کہیں خوشی تو کہیں دل کونے میں ماں باپ کے گھر کو چھوڑنے کا غم بھی تھا۔۔۔۔۔۔

ooooooo

شاہ میر کی سات بجے کے آس پاس آنکھ کھلی تو اسے احساس ہوا کہ مرہا اس کے ساتھ لیٹی ہوئی۔

بستر پر لیٹے لیٹے ہی شاہ میر نے اپنی آنکھوں کو چاروں طرف کمرے میں گھمایا مگر مرہا پورے روم میں کہیں بھی نظر نہ آئی۔۔

شاہ میر بستر سے اتر کر چپلیں پہنتا ہوا باہر کی طرف چلا۔باہر سے کھٹپٹ کی اور پانی کے شور کی آوازیں آرہی تھی۔جس سے اندازہ لگایا جا سکتا تھا کہ مرہا باہر کچھ کام کرنے میں مصروف ہے۔۔

مرہاتم یہ سب کچھ کیوں کر رہی ہو؟؟؟ مرہاجو بڑے ہی مصروفانہ انداز میں شاہ میر کے کپڑوں کو دھو رہی تھی اچانک شاہ میر کی آواز سے دبک کر پیچھے ہوئی۔۔

ہائے اللہ میر!! اچانک آ کے ایسے نہیں بولتے۔ کوئی دل کا کمزور بھی ہوتا ہے مرہااپنی آنکھوں کو ادھر ادھر گھما کر گھبرائی ہوئی بولی۔

اچھا جی! مجھے نہیں پتہ تھا میری بیوی دل کی کمزور ہے۔ تم مجھے یہ بتاؤ تم یہ سب کچھ کیوں کر رہی ہو ٹھنڈ دیکھی ہے۔ بیمار پڑ جاؤ گی تم۔ ویسے اتو سی تمہاری صحت ہے۔ آخر میں لہجہ تھوڑا شرارتی سا ہوا۔

۔ کوئی اتو سی نہیں ہوں۔ شادی ہو گئی ہے اب میں بڑی ہو گئی ہوں اور آپ کے کام کرنا میرا فرض ہے۔

میں یہ سب کام خود اپنے ہاتھوں سے کرنا چاہتی ہوں۔۔۔

اس کو شاہ میر کی یہ بات ذرا پسند نہ آئی اور وہ اپنے ہاتھوں کو ابھی بھی شاہ میر کے کپڑوں پر رگڑ کر دھوتے ہوئے اور ساتھ ساتھ شاہ میر کو جواب بھی دے رہی تھی۔۔۔

۔اوہو میری جان غصہ کر گئی میرا یہ مطلب نہیں تھا یار۔۔۔میرا مطلب تھا کہ موسم ٹھنڈا ہے تم بیمار پڑ سکتی ہو بس اس وجہ سے میں نے منع کیا کپڑے تو مجھے دے دیتی سارے اکٹھے کر کے میں لانڈری بجوا دیتا۔۔ تمہیں میں اپنے ساتھ ان کاموں کے لیے نہیں لایا۔

کیا مطلب ان کاموں کے لیے نہیں لے کے آئے۔۔۔۔۔تو ان کاموں کے لیے آپ کسی اور کو لے کے آئیں گے۔۔

آج مرہا کا بھی فل موڈ تھا شاہ میر کے ساتھ لڑنے کا۔۔دونوں ہاتھ اپنی کمر پر رکھتے ہوئے وہ بھی گاؤں کی عورتوں کی طرح لڑاکو عورت بن کر اس کے ساتھ لڑ رہی تھی۔۔۔

اوہو!!میری بیوی تو گاؤں کے رنگ میں رگنے لگی ہے۔یار میرا ایسا کوئی مطلب نہیں تم بات کو کہاں سے کہاں لے کے جا رہی ہو۔میں تو بس۔۔ دھو بھئ تم کپڑے ہی دھو میں تو اپنی بات میں خود ہی پھنستا جا رہا ہوں۔ شاہ میر نے آخر ہار مانتے ہوئے میرہا سے کہا۔۔۔۔

۔جب بیوی پیار سے کوئی کام کرتی ہے تو اس کی تعریف کرتے ہیں اس طرح منع نہیں کرتے۔ مرہا کپڑوں کو واپس سے دھونے لگی۔۔

اوئے میرا بچہ مجھے معاف کردو غلطی
ہو گئی۔ آئندہ ایسی گستاخی کبھی نہیں ہو گی جب بھی تم کام کرو گی میرے یہ معصوم لب صرف تمہاری تعریف کے لیے ہی کھلیں گے۔ شاہ میر نے مسکراتے ہوئے کہہ کر مرہا سے جان چھڑوائی۔۔

۔میرے لیے کوئی حکم تمہارے کام میں میں تمہاری کوئی مدد کر سکتا ہوں، یا اس میں بھی میری پیاری بیوی کو اعتراض ہے۔۔۔
مرہا کو اس طرح کام کرتے ہوئے دیکھ کر شاہ میر کو دل سے بالکل اچھا نہیں لگ رہا تھا۔۔۔

مگر مرہا کی لڑائی کا سوچ کر شاہ میر نے اسے اپنے کام سے منع کرنے کا ارادہ ترک کر دیا مگر وہ کام میں مرہا کی ہیلپ کروانا چاہتا تھا۔

نہیں آپ جا کر آرام کریں میں آپ کے کپڑے دھو کر آپ کے لیے ناشتہ بنا دیتی ہوں۔ مرہا اس وقت پوری طرح سے گھریلو لڑکی بن کر اپنے میر کے سارے کام کرنا چاہتی۔۔۔

میں آرام نہیں کر سکتا کیونکہ آج سنڈے ہے اور تم اپنا سارا دن اگر کام میں برباد کر دو گی۔ تو میرے لیے ٹائم نہیں بچے گا۔ اس لیے میں تمہاری ہیلپ کرتا ہوں کام میں۔ تم دھوتی جاؤ میں کپڑوں کو سکھانے کے لیے ڈالتا جاؤں گا۔ اس طرح کام جلدی ہو جائے گا۔ میر کو مرہا اپنے پاس روم میں چاہیے

تھی مگر مرہا کو آج کام کا جنون چڑھا ہوا تھا۔ میر کا اپنا سر پیٹنے کو دل کر رہا تھا۔۔۔

جی نہیں میں سارے کپڑے خود ہی دھو کر سکانے کے لیے ڈالوں گی۔ اچھی بیویاں اپنے شوہروں سے کام نہیں کرواتی۔ اٹھ کر شاہ میر کے کپڑوں کو سکھانے کے لیے ڈالتے ہوئے برابر جواب دے رہی تھی۔۔

میری جان پلیز آج صبح صبح تمہیں کون سا بخار چڑھ گیا ہے۔ مجھے نہیں کروانے تم سے کام اچھی بیویاں اپنے شوہر کی بات مانتی ہیں۔ شاہ میر اس کے ہاتھوں پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہو گیا۔ جو رسی کے اوپر کپڑے ڈال رہی تھی۔۔۔

۔میرا ہاتھ چھوڑے مجھے کپڑے ڈالنے دیں اور میں آپ کی ہر بات مانتی ہوں اس لیے میں اچھی بیوی ہوں اپنی پشت پر کھڑے ہوئے میر کی جانب نظریں کرتی ہوئی بولی۔۔۔۔

۔میری بیوی اچھی نہیں بہت اچھی ہے مگر میری جان تمہارے یہ ہاتھ ان کاموں کے لیے نہیں ہے۔ان کاموں کو ہم پیسے دے کر کروا سکتے ہیں۔۔ مگر محبت تو پیسے دے کر نہیں کروائی جاسکتی۔۔اس لیے میری پیاری بیوی یہ کام کا غصہ چھوڑو اور میرے ساتھ روم میں چلو اور اپنے ان خوبصورت ہاتھوں سے مشقت کروانے کے بجائے ان کے محبت بھرے لمسوں سے مجھے خوش کرو۔۔۔

۔میر۔۔۔ پیچھے ہٹیں آپ کی سخت بیر ڈ مجھے بہت چبتی ہے۔ایسے مت کیا کریں۔شاہ میر نے سختی سے اپنے گال مرہا کے مخملی گال پر رب کیے تو سخت بیر ڈ سے مرہا منہ بسورتے ہوئے اپنی گال پر
ہاتھ رکھ کر بولی۔۔

۔میں تو ایسے ہی کروں گا میری شاہ میر نے اپنے گال اور بھی زور سے رب کرتے ہوئے ہاتھ اس کے پیٹ پر باندھ رکھے تھے۔۔۔

۔شکایتی نظروں سے مرہا نے گردن گھماتے ہوئے شاہ میر کی جانب دیکھا۔
میر پلیز چھوڑیں ہم لوگ صحن میں کھڑے ہوئے ہیں۔۔

۔مرہا نے شرماتے سے لہجے سے کہا تھا۔

تو!!!بھائی صحن میں کھڑا ہوں تو اپنی بیوی کے ساتھ رومانس کرنے میں کیا دقت ہے۔شاہ میر نے سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے اس کی گالوں پر لب ٹچ کرتے ہوئے کہا۔۔۔۔

۔میر گاؤں کے عورتیں اور مرد اس طرح رومینس نہیں کرتے کھلے میں۔۔۔

۔اچھا جی گاؤں کی عورتیں اور مرد کیسے رومانس کرتے ہیں۔شاہ میر کا تجسس بڑھنے لگا تھا گاؤں کی عورتیں اور مرد اپنے روم میں لائٹس آف کر کے رومینس کرتے ہیں۔۔۔

۔ہمم یہ کس نے بتایا۔شاہ میر نے حیرانی سے گہری نظریں مرہا کے چہرے پر ڈالتے ہوئے پوچھا۔

۔آپ ہٹیں مجھے یوں آپ باتوں میں لگا کر کام کرنے سے مت روکیں۔۔ اور آپ بتائیں آج آپ کیا کھائیں گے۔اپنے پیٹ سے شاہ میر کے ہاتھ ہٹاتے
ہوئے شاہ میر کی بات کو اگنور کر کے تار پر واپس کپڑے ڈالنے لگی تھی۔۔۔۔

۔میں تو تمہیں کھاؤں گا میری سب سے فیورٹ ڈش تم ہو۔شاہ میر کہاں اسے کام کرنے دے رہا تھا اس کی کلائی سے پکڑ رکھ کر اپنے قریب کرتے ہوئے نظر
دل کش انداز سے مسکراتی ہوئی اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

۔میر چھوڑے مجھے کام کرنے دے مجھے ابھی آپ کے لیے کھانا بھی بنانا ہے
مرہا کا یہ بدلہ بدلہ انداز شاہ میر کو حیرانی میں ڈال رہا تھا۔۔۔

۔بتائیں آپ کو کیا پسند ہے ابھی میر حیرانی سے مرہا کی جانب دیکھ رہا تھا کہ
مرہا نے پھر سے سوال کر دیا۔۔۔

۔میر کی جان مجھے تم پسند ہو اور مجھے تمہیں ہی کھانا ہے اور یہ کھانے والا کون
سا نیا جنون تم نے پال لیا ہے۔جو کچھ بھی بنے گا میں کھالوں گا۔۔

۔شاہ میر تو کسی اور ہی موڈ میں تھا وہ کچھ اور ہی کرنا چاہتا تھا اپنے سنڈے کے
سارے پلان جو اس نے پچھلے آٹھ دنوں سے بنائے تھے۔مگر مرہا کو دیکھ لگتا
تھا کہ آج وہ سارے پلان مٹی میں ملانے والی ہے۔۔۔

۔اس کے سر پر تو کام کا جنون چڑھ کر بول رہا تھا۔ مرہا تم مجھے ایک بات بتاؤ یہ سب آئیڈیا اچانک سے تمہارے دماغ میں کہاں سے آئے ہیں۔ شاہ میر نے اپنے دماغ میں جو سوچا اس سے زبان تک لے آیا۔۔۔

۔کیا مطلب میں نے کچھ غلط سوچا ہے میر ہا تو آج سیدھا سیدھا جواب دینے کے موڈ میں ہی نہیں تھی۔۔۔

۔بتاؤ یہ سب مشورے تمہیں کس نے دیے ہیں شاہ میر کو پکا یقین تھا کہ مرہا کا یہ خود کا دماغ نہیں ہے۔۔۔

۔مجھے کسی نے کوئی مشورہ نہیں دیا یہ سب کچھ میں نے خود سے سوچا ہے خود کو مصروف دکھاتے ہوئے رسی پر کپڑے ڈالے ہوئے رسی پر کپڑوں کو بار بار سیدھا کر رہی تھی۔۔

۔اے سی پی کی نظر تھی دھوکہ نہیں کھانے والی مرہا میں نے پوچھا یہ سب مشورے تمہیں کس نے دیے ہیں تمہارا دماغ کتنا چلتا ہے مجھے بہت اچھی طرح سے پتہ ہے۔۔۔۔

۔اس لیے میر کی جان جھوٹ بولنا بند کرو مت بھولو کہ تمہارا شوہر ایک پولیس والا ہے۔ جھوٹ اور سچ میں فرق کرنا مجھے بہت اچھی طرح سے آتا ہے۔

۔شاہ میر بھی اپنی عادت سے مجبور بات کی تہہ تک پہنچے بنا کہاں پیچھے ہٹنے والا تھا۔۔۔۔کیا میر آپ بھی ہر بات کے پیچھے پڑ جاتے ہیں۔میر ہا جھنجھلا سی گئی تھی۔۔۔۔

۔جب پتہ ہے کہ پیچھے پڑ جاتا ہوں تو پھر بتا دو میری جان کہ میری معصوم سی بیوی کو یہ سب کام والے مشورے کس نے دیے ہیں۔کون ہے میرے سنڈے کا دشمن۔کیونکہ میری بیوی اتنی معصوم ہے کہ اپنا جھوٹ بھی اچھے سے نہیں بول سکتی۔تو اتنے سارے آئیڈیا تمہارے دماغ میں نہیں آ سکتے۔۔۔

۔رسی پہ کپڑے ڈالتی ہوئی نظریں چراتی مرہا کو شامیر تنگ کرتے ہو یہ اس کے سامنے آن کھڑا ہوا۔۔۔

۔میر مجھے بہت کام ہے مرہا شاہ میر کی نظروں سے گھبراتی ہوئی رسی کو چھوڑ کر روم کی جانب جا رہی تھی۔اب تو شاہ میر کو پکا یقین تھا کہ مرہا کے دماغ میں یہ خرافاتی آئیڈیا کہیں اور سے ہی آئے ہیں۔۔۔۔

۔وہ بھاگتا ہوا مرہا کے پیچھے آکر دونوں ہاتھ اس کی کمر پر باندھے ہوئے اس کا رخ اپنی جانب کر کے کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

۔بتاؤ!!!!!اس کی نظروں میں
نظر گاڑے آئی برو اٹھا کر بول رہا تھا۔۔۔

۔میر گاؤں کی عورتیں کہتی ہیں کہ اچھی بیویاں اپنے شوہروں کا کام کرتی ہے ورنہ شوہر ہاتھ سے نکل جاتے ہیں۔۔۔مرہا سمجھ چکی تھی کہ میر اب جانے بنا اس کی جان نہیں چھوڑے گا۔۔۔

۔ہمم۔۔۔اور کیا کیا کہا ہے گاؤں کی عورتوں نے۔۔

۔میں آپ کے لیے اچھے اچھے کھانے روز بنایا کروں گی کیونکہ شوہر کے دل کا راستہ پیٹ سے ہو کر گزرتا ہے۔ محبت سے اپنے بازوؤں شاہ میر کے گلے میں ڈالتی ہوئی اپنی ساری جرنل نالج شاہ میر کو بتا رہی تھی۔۔۔

۔جو اس نے گاؤں کی عورتوں سے اکٹھی کر رکھی تھی۔ شاہ میر مسکراتی ہوئی نظروں سے اس کی جانب دیکھ اس کی ساری باتوں کو بڑی غور سے سن رہا تھا۔۔۔۔پاگل لڑکی کھانا بناؤ یا نہ بناؤ یہ کپڑے دھو یا نہ دھو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔۔۔

۔میر کے سارے راستے تم سے شروع ہو کے تم پر ہی ختم ہو جاتے ہے اس لیے فضول میں خود کو مت تھکاؤ۔

ooooooooo

۔آہ آہ۔۔۔چپ چپ میں ہوں کتنا چلاتی ہو یار تم۔۔

۔اپنے روم کی جانب شاہ زیب کی شادی کے فنکشن کے بارے میں سوچتی ہوئی مہک کو پیچھے سے آکر جب احمر نے پکڑ کر اپنے سینے سے لگایا تو ڈر کے مارے مہک کے منہ سے چیخ نکلی۔۔جسے جلدی سے احمر نے اپنی ہاتھ سے روک لیا۔۔

۔احمر آپ نے تو میری جان ہی نکال دی تھی ڈری ہوئی مہک نے اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔بے بی ارادہ تو جان نکالنے کا ہی لے کر آیا تھا۔مگر یار تم تو پہلے ہی چیخنا شروع ہو گئی ہو۔۔چہرہ آگے کی جانب جھکاتے ہوئے قربتوں کے

وصل سے سلگتے ہوئے لبوں سے اس کی پکڑیوں کو چومتے ہوئے پیچھے ہوا

احمر ہم کمرے سے باہر ہیں اور امی جان آسکتی ہیں اپ کیا کر رہے ہیں۔؟؟

امی جان سے مل کر آیا ہوں۔وہ اپنے روم میں چلی گئی ہیں۔ تمہیں لگتا ہے اتنی دیر سے آنے کے بعد اور اتنی تھکن زیادہ جسم سے باہر آئیں گی یار وہ بالکل نہیں آئیں گی۔۔

اور اگر وہ تھکی ہوئی نہ بھی ہوتی تب بھی انہیں پتہ۔۔۔کہ ان کی بہو کا حسن آج کتنا ہی سراپہ خیز لگ رہا تھا وہ اپنے بیٹے کی نائٹ کو سپورٹ نہیں کرنے آئیں گی۔۔وہ اس کے پورے جسم کو نظروں سے ہی جائزہ لیتے ہوئے بولا۔

اور رہی بات روم سے باہر کی تو چلو روم کے اندر چلتے ہیں وہ کہتا ہوا کمرے کا لوگ گھماتا ہوا مہک کو اندر کی جانب کرتے ہوئے خود بھی اس کے پیچھے گیا۔۔

مہک اس کے ارادے بھانپتے گی۔۔۔۔خود کی جان چھڑاتے ہوئے جلدی سے واش روم کی طرف بڑھی۔

مگر وہ تیز اندھی کی طرح اس سے پہلے وہاں پہنچتے۔۔۔اس کا ہاتھ پکڑتے ہوئے دروازے کے ساتھ پن اپ کیا۔

کہاں بھاگ رہی ہو بیوی؟؟ کیا رات کا اپنا کیا ہوا وعدہ بھول گئی ہو۔۔۔میں نے اپنا وعدہ نبھایا اور تمہیں اتنی محلت دی اب تم چپ چاپ خود کو میرے حوالے کر دو۔

شرارتی لہجے میں بولا۔

احمر کیا کر رہے ہیں اپ مجھے نیند آ رہی ہے میں تھک گئی ہوں پلیز وہ من مناتے ہوئے بولی۔۔

میری جان اپ کی نیند بہانے کا میرے پاس طریقہ ہے۔۔دو سیکنڈ سے پہلے اپ کی نیند بھاگ جائے گی اور۔۔یہ بولتا ہوا اس کی گردن میں اپنا من چھپایا

۔۔

اور اپنی ہونٹوں کے لب سے اس کی گردن کو جگہ بس جگہ بھگونے لگا۔۔

احححم۔۔احمرر۔۔۔۔ ششششششش!!!! بالکل چپ آج تم کچھ نہیں بولو گی ۔۔۔تمہاری بڑھتی سسکیاں اور میری تیز سانسوں کا آج مقابلہ ہو گا تمہاری اب مجھے اوازنہ آئے۔۔

میں تھک گ۔۔۔۔۔اس کی بات کو درمیان میں کاٹتے ہوئے ہی وہ ہونٹوں پر جھک گیا۔۔اس کے نرم لبوں کو محسوس کرتے ہوئے وہ اتنی شدت پکڑ گیا کہ اسے محسوس ہی نہیں ہوتا اس کا سسکنا۔۔۔مہک اپنے دونوں ہاتھوں سے اس کو پیچھے کرنے کی کوشش کر رہی تھی مگر وہ پہاڑ جتنا سخت اس کے آگے کھڑا۔۔۔۔ہوا سے ایک انچ نہ پیچھے کر سکی اور اس کی آنکھوں سے آنسو نکلنا شروع ہو گئے۔

اس کی آنکھوں کو اپنے منہ پر محسوس کرتے ہوئے احمر تھوڑا سا پیچھے ہوا ۔۔مہک نے شکوہ کو نظروں سے اسے دیکھا جو اس کے اوپر جھکا ہوا تھا۔۔

سوری بیوی مگر کیا کروں ! ! جب جب تمہارے پاس آتا ہوں۔۔۔میں خود سے بھی بیگانہ ہو جاتا ہوں مجھے نہیں پتہ چلتا۔۔

وہ اپنے ہاتھوں سے اس کے آنسوں کو چنتے ہوئے محبت بھرے لہجے میں بولا۔۔

اس کے ہاتھوں کے لمس کو محسوس کرتے ہوئے مہک پھر سے دو قدم پیچھے ہوئی۔

میں چاہتاہوں تم مجھے خود اپنی خوشی سے یہ سب کرنے کی اجازت دوں۔

تو میری جان میں تمہارے ساتھ پیار بھری باتیں کروں۔اور تمہیں اپنی محبت بھری گستاخیوں سے پریشان کروں گا،اسکاہاتھ سے کھینچ کر خود کے قریب مواوہ جذب کے عالم میں بولتاہوااس کی پیشانی پر محبت کی مہر ثبت کرتا مسکرایا تھا۔

اس کی اپنے پاس موجودگی ہوش وحواس کو مفلوج کر رہی تھی،وہ پہلی جسارت پر سمجھ گیا تھاکہ یہ لڑکی اس پر حاوی ہونے والی ہے۔۔۔ تبھی اسکی

آنکھوں میں مزید جسارتیں کرنے کی منہ زور امنگیں سر اٹھانے لگیں، دل میں جذبات مچلنے لگے۔

تمہاری ان نشیلی آنکھیں نے جال بچھا رکھا ہے، اس پر جھکے ہوئے دونوں آنکھوں کو چوما۔۔

مہک کا آہستہ آہستہ سانس لینا، احمر کے دل میں حشر برپا کر رہا تھا، اسکے سرخ عارض پر شوخ سی نگاہ ڈالے آخر جھک کر اسکے رخسار کو چوما، اتنی محبت اور نرمی سے کہ مہک خود اس کے نرم لمس پر حیران ہوئے ساکت کھڑی تھی۔

احمر کی شیو کی چبھن چہرے پر محسوس ہونے پر مہک زرا سی کسمائی۔۔۔

تمہاری اور میری زندگی دونوں کی ایک جیسی ہے عشق کے پنجرے میں"
"قید

اور اس پنجرے سے نکلنے کے لیے ہم دونوں کو ایک دوسرے کی قربت کی ضرورت ہے۔۔۔اگر تمہاری خواہش نہیں ہے تو میں تمہیں کچھ نہیں کہوں گا ٹھیک ہے تم میری عزت ہو۔اب جب تمہاری خواہش ہو گی تب ہی ہم اس رشتے کو آگے بڑھائیں گے۔۔

یہ آپشن تو میری زندگی میں کبھی نہیں رہا
کہ میں اپنی زندگی کا فیصلہ اپنی خواہش سے
کروں۔تو یہ سوال اب بھی بے معنی ہے۔"میرے لیے وہ بھری آنکھوں سے بولی۔۔

مگر میں تمہاری خواہش کا بہت احترام کرتا ہوں۔۔۔جو کچھ ہوا ہمارے درمیان وہ غلط تھا مجھے بھی اس بات کا علم ہے۔۔مگر تم مجھے سمجھ نہیں رہی تھی۔۔مگر اب اگے ایسا کچھ نہیں ہو گا تم میری عزت ہو محبت کرتا ہوں میں تم سے۔۔۔محبت کی بات تو آپ رہنے دیں احمر صاحب آپ اپنے ماضی سے ہی اتنی جلدی نہیں نکل سکتے۔۔

عورت تو پھر بھی اپنے ماضی سے جلدی نکل جاتی ہے۔اور اس شخص کو قبول کر لیتی ہے جو اس کے نکاح میں ہو۔مگر مرد اپنے پہلے عشق کو کبھی نہیں بھولتا۔۔۔اور ایسی عورت کے ساتھ کبھی زندگی بسر نہیں کر سکتا جو ایک طلاق یافتہ ہو اور اس کے ماضی میں کوئی اور رہا ہو۔کیا آپ پوری زندگی ایسے ان چاہے شخص کے ساتھ گزار سکتے ہیں؟؟؟؟

مہک نے بھی دل کھول کر اپنے شکوے شکایت، سوال احمر کے سامنے رکھے جن کی اب وہ جواب طلب تھی۔

تمہارے ماضی سے مجھے کوئی لینا دینا نہیں مہک تمہارے حال میں میں موجود ہوں۔۔اور کہاں لکھا ہے ایک طلاق یافتہ لڑکی کے ساتھ زندگی بسر نہیں کر سکتی۔اگر محبت سچی ہو تو ایسی کوئی بھی چیز درمیان میں نہیں آتی اور میں تم سے بے حد محبت کرتا ہوں۔۔

اور تمہارا ماضی تمہارا حال تمہارا مستقبل اب مجھ سے جڑا ہے تو بھول جا تم اپنی پرانی اجڑی ہوئی زندگی کو۔

میں وعدہ کرتا ہوں تمہاری اس نئی زندگی کو میں خوشیوں سے بھر دوں گا۔اور میں تم سے وعدہ کرتا ہوں میں اپنے ماضی کو آج اسی وقت بھول گیا۔۔ میری زندگی میں تم ہو اور آنے والا کل میں تمہارے ساتھ گزارنا چاہتا ہوں ۔چینج کر لو ان کپڑوں میں تم انکمفرٹیبل ہو گی۔۔

پیار سے اس کے ماتھے پر مہر ثبت کرتا ہوا وارڈ ڈراپ کی طرف چل پڑا۔

oooooooooo

السلام علیکم لالہ کیسے ہیں آپ؟؟

ماہ نور اپنے ہوسٹل سے نکلتے ہوئے باہر خرم کو گاڑی کے ساتھ ٹیک لگائے کھڑے ہوئے سلام کیا۔۔

میں ٹھیک ہوں گڑیا تم کیسی ہو وہ بڑے ہی پیار سے اس کے سر پر ہاتھ پھیرتا ہوا بولا۔

میں بھی بالکل ٹھیک فٹ فاٹ آپ کے سامنے۔ہاں وہ تو نظر آرہا ہے چلو بیٹھو گاڑی میں باقی کی باتیں گاڑی کے اندر کرتے ہیں۔

لالہ امی جان اور ابا جان کیسے ہیں۔۔امی جان بالکل ٹھیک ہیں گڑیا تم بتاؤ تم کیسی ہو تمہاری پڑھائی کیسی جارہی ہے۔۔

لالا میری پڑھائی ایک دمس کلاس جارہی ہے اور اپ نے ابا جان کا نہیں بتایا کہ وہ کیسے ہیں وہ ٹھیک ہے نا۔۔؟؟

ماہ نور خرم کے اباجان کے حال نہ بتانے پر گھبرا گئی کہ اباجان ٹھیک تو ہیں ان کا بلڈ پریشر ہائی رہتا تھا اس کے دل میں عجیب عجیب سی وسوسے ارہے تھے۔۔

اج ویسے بھی اپ مجھے لینے کے لیے ائے ہیں ڈرائیور بابا نہیں لینے کے لیے ائے تو اپ مجھے بتائیں اباجان تو ٹھیک ہے نا۔۔

اور ٹھیک ہے اباجان ان کو کیا ہونا ہے میرا خون پیتے ہیں ان کو کچھ ہو سکتا ہے

۔۔۔

ہائے لالا ! کیا ہو گیا ہے اپ ایسا کیوں بول رہے ہیں اپ کی اباجان کے ساتھ پھر لڑائی ہوئی ہے کیا۔۔

تم یہ پوچھو گڑیا کہ میری اور ابا کی لڑائی کب نہیں ہوتی ان کو تو ہمیشہ میرے اندر کیڑے ہی نظر آتے ہیں۔۔

ایسی بات نہیں ہے لالا وہ اپ سے بہت محبت کرتے ہیں اپ کی فکر ہوتی ہے ان کو اس لیے وہ اپ پر تھوڑی سی سختی کرتے ہیں۔

کوئی محبت شہبت نہیں کرتے وہ ہم سے ان کو بس ہمارے ساتھ سختی ہی کرنی ہوتی ہے محبت تو صرف ہماری اماں جان ہم سے کرتی ہیں۔۔۔ خیر تم ان سب باتوں کو چھوڑو بتاؤ تم گڑیا کچھ کھاؤ گی۔۔؟؟

بالکل لالا جان ہم کھائیں گے اپ ہمیں پانی پوری کھلا دیں سامنے پانی پوری کھاٹھیلا دیکھتے ہوئے ماہ نور چہکتی ہوئی بولی۔۔۔

توبہ یہ بھی کوئی کھانے کی چیز ہے نرا گلا خراب کرنے کا گھر ہے یہ تو۔۔لالا نہیں ہوتا گلا خراب اپ مجھے کھلا دیں مجھے بہت اچھی لگتی ہے ہاسٹل میں بھی نہیں کھانے دیتی سب لڑکیاں کہتی ہیں گلا خراب ہو جاتا ہے۔۔۔پلیز نا اپ مجھے کھلا دیں۔۔

اچھا تم بیٹھو میں لے کر آتا ہوں تمہارے لیے۔۔کھٹا زیادہ پانی رکھیے گا اور مرچی بھی تھوڑی تیز وہ پیچھے سے آواز دیتی ہوئی بولی۔ہمم!!

oooooooooo

السلام علیکم ہاں رومان کیسے ہو؟؟

وعلیکم السلام میں بالکل ٹھیک ! شامیر تم بتاؤ تم کیسے ہو مرہا کیسی ہے ؟
ہاں الحمدللہ ہم بھی ٹھیک اور بتاؤ میرب کیسی ہے امی جان کی طبیعت کیسی ہے ؟؟

میراب بالکل ٹھیک ہے امی جان کی طبیعت تھوڑی سی اپ سیٹ ہے۔۔اچھا کیا ہوا انہیں۔۔شاید ویدر چینج ہونے کی وجہ سے تھوڑا موسمی بخار وغیرہ باقی تم بتاؤ کیا مصروفیات چل رہی ہیں تمہاری۔

اللہ پاک صحت دے انہیں۔۔ہاں یار بس مصروفیات وہی کسانوں والا کیس ختم ہونے والا ہے. انشاءاللہ ! پھر دیکھتے ہیں آگے کی مصروفیات کا تم بتاؤ تم نے فون کیا تھا میں اس وقت اٹھا نہیں سکا تھوڑا بزی تھا یار۔

ہاں میں نے تمہیں اس لیے فون کیا تھا کہ عاصم کی سزا کتنی رہ گئی ہے؟
کیونکہ یار مہک اپنے گھر چلی گئی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ اب چچی جو ہیں وہ
بھی اپنے گھر جائیں مگر اس طرح سے ان کو بھیجا مناسب نہیں تو بہتر یہ ہے
کہ اسن کی سزا کا پتہ چل جائے تو ان کو میں ان کے گھر روانہ کروں۔

اس کی سزا تو ابھی ہے مگر جس طرح اس کی اتنی خاص کوئی غلطی نہیں تھی
اور اس کا بیہیویئر بھی کافی اچھا ہے تو اس کا کیس ہم چھ ماہ سے تھوڑا کم کروا
سکتے ہیں میں پوری کوشش کروں گا۔۔۔ہاں یار اگر ایسا ہو سکتا ہے تو ٹھیک
ہے کیونکہ ان سب میں اس کی اتنی زیادہ غلطی نہیں تھی۔۔بس اس کی اتنی
غلطی تھی وہ ان کا بیٹا ہے۔۔اور اس کی پرورش میں تھوڑی کمی رہ گئی تھی۔

ہمم!!! چلو میں دیکھتا ہوں پھر تمہیں بتاتا ہوں اس بارے میں کیا ہو سکتا ہے

--

چلو ٹھیک ہے یہ اتنا شور کیوں ہے تم باہر ہو؟؟

گاڑیوں کے مسلسل ہارن اور الو پیاز کی پیچھے سے مسلسل آوازیں آتی ہوئی آخر رومان نے پوچھ ہی لیا۔۔۔

ہاں یار!! مارکیٹ آیا ہوں گروسری خریدنے۔۔اج میری بیوی کچھ سپیشل کھلانے والی ہے مجھے اور ہنستے ہوئے بولا۔۔

اواچھا!!!!تو کام کروایا جارہا ہے میری بہن سے۔۔۔آہا غلط تمہاری بہن سے نہیں اپنی بیوی سے کام کروارہا ہوں۔۔

اچھا۔۔۔چلو پھر بات ہوتی ہے تم سے دلاور کی کال اٹینڈ کرلوں۔۔۔اس کا فون پہ فون آرہا ہے۔

مرہا کو سلام کہنا بات ہوتی ہے پھر تم سے ٹھیک ہے اللہ حافظ۔

ہاں تم بھی گھر میں سب کو سلام کہنا اللہ حافظ۔۔۔

جان میر ! ! کہاں پھنسا دیا ان آلو پیاز میں مجھے تم نے۔۔۔ کہاں تمہارے میر کو انکاؤنٹر کرنا آتا تھا۔۔ تم نے تو یار مجھے سبزی خریدنے والا بھی بنا دیا واہ

۔۔۔۔

سنا تھا عشق میں ہو جاتے ہیں لوگ نکمے۔۔۔ مگر تمہارے عشق نے تو ہمیں " کسی کام کا نہیں چھوڑا "۔

چلیں میر صاحب خریدیں آلو پیاز اپ کی جان آپ کا انتظار کر رہی ہو گی۔۔۔ وہ بڑے ہی دلکشی سے مرہا کا معصوم چہرہ یاد کرتے ہوئے مسکراتا ہوا سبزی کی طرف پلٹا۔

oooooooooooooo

نہیں بھائی جی ایسے اپ اندر نہیں جا سکتے اگر اپ نے اپنی بیوی کا دیدار کرنا ہے تو پہلے ہماری ہتھیلی گرم کریں۔

شاہزیب کی چند کزنیں اس کا راستہ روکے ہوئے کھڑی تھی۔۔اوبھائی یہ کیا بات ہوئی اب اپنی ہی بیوی کا منہ دیکھنے کے لیے تم جیسے چمچیوں کو میں پیسے دوں کیوں؟؟؟؟؟

ہاں ں ں ں ں ں ں ں ! ! ! چمچیاں ٹھیک ہے اب ہم بھی پوری رات اپ کے کمرے کے اگے ہی بیٹھی رہیں گی نہیں جانے دیں گے اپ کو کمرے کے اندر۔۔

ایسے کیسے نہیں جانے دو گی۔۔ یار ایسا نہ کرو پہلے سالیوں نے لوٹا اب بہنیں لوٹیں گی۔ دیکھو بہنیں پیاری پیاری میری معصوم پریاں چلی جاؤ اپنے اپنے کمروں میں۔۔۔ نہیں تو میں تم سب کو ایک ایک کر کے نیند کا انجکشن لگا دوں گا۔۔ تم لوگوں نے کیا میری زندگی کو عذاب بنایا ہوا ہے اپنی ہی بیوی کو دیکھنے کے لیے کبھی مجھے اپنی سالیوں کے اگے ریکویسٹ کرنی پڑتی ہے کبھی اپنی بہنوں کے اگے جا رہی ہو تم لوگ کہ نہیں۔۔۔

نہیں جائیں گے نہیں جائیں گے جب تک اپ ہمیں پیسے نہیں دے دیتے ہم نہیں جائیں گے۔۔۔

لو بھائی شاہزیب کو تو اب یہ نہیں چھوڑنے والی جب تک وہ ان کو پیسے نہ دے کر اپنی جان نہ چھڑوالے۔ کمرے میں بیٹھی شاہزیب کی ماما ہمہ کے ساتھ سرگوشیاں کرنے لگی۔

لیکن چاند جیسی بہو ہے تو اتنا تو ان کی بہنوں کا بنتا ہے تنگ کرنا شاہزیب کی مما کے ہمہ کے چہرے تھوڑی سے پکڑتے ہوئے بڑے ہی محبت بھرے انداز میں بولی۔۔۔ ہمہ نے شرما کر اپنی پلکیں نیچے جھکائیں۔۔۔

تم ذرا بیٹھو آرام سے میں ان کا مسئلہ سلو کر کے آتی ہوں۔۔ نہیں تو یہ میرے بیچارے بیٹے کو اندر نہیں آنے دیں گی وہ ترستا رہے گا میری جان جیسی بہو کا مکھڑا دیکھنے کے لیے۔

ہاں بھائی لڑکیو کیا تم نے میرے بیچارے بیٹے کو اکیلا سمجھ کے پکڑ رکھا ہے۔۔

۔دیکھیں نا پھپھو جان شاہزیب بھائی ہمیں ہماری پیسے نہیں دے رہے
۔۔ہم نے کہا ہے بھابھی کا فیس اب تب دیکھ سکیں گے تب جب اپ ہمیں اندرانٹر ہونے کے پیسے دیں گے مگر وہ شاید چاہتے ہی نہیں کہ اپنی بیوی کا

چہرہ دیکھیں۔۔ک وہ ہمیں پیسے نہیں دے رہے اور لہذا ہم انہیں نہیں جانے دیں گے۔۔۔

مما یہ کیا بات ہوئی بھائی یہ کہاں لکھا ہے اپنی بیگم کا منہ دیکھنے کے لیے اب میں ان چمچوں کو پیسے دیتا پھروں۔۔۔سی پھپھو دیکھیں بھائی کو ایک تو ہمیں پیسے نہیں دے رہے اوپر سے ہمیں چمچیاں بھی کہہ رہے ہیں۔۔۔۔۔

اچھا اچھا میری پیاری بچیوں میں تم لوگوں کا کام حل کر دیتی ہوں۔۔تم لوگ اپنی ڈیمانڈ بتاؤ مجھے۔۔۔

ڈیمانڈ مما سیریسلی اپ میرے ساتھ ہیں کہ ان کے ساتھ ہیں۔؟؟؟

دیکھو شاہزیب بیٹا میں تو اپنی ان بچیوں کے ساتھ ہوں بھئی شادی بھیاہ میں ان کو تنگ کرنے کا موقع ملتا ہے تم اگے پیچھے کہاں ان کے ہاتھ آؤ گے۔۔

ممانا ٹ فیئر شاہزیب اپنی ماں کو مصنوعی آنکھیں دکھاتا ہوا بولا۔۔۔بھائی جان فیر بھی اینڈ فیئر اینڈ لولی بھی۔۔۔ چلیں جی اب تو ہماری ممانی جان بھی ہمارے ساتھ ہیں تو جلدی سے پیسے ہمارے حوالے کریں اور جائیں اپنی بیگم کا خوبصورت چاند جیسا مکھڑا دیکھنے کے لیے۔۔شاہزیب کی ایک اور کزن بولی۔۔

تو تم چمچیاں میری ایسے جان نہیں چھوڑنے والی بتاؤ چمچیو کتنے پیسے چاہیے تم لوگوں کو وہ ایک ایک لفظ کو پیستے ہوئے بولا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نہ کم نہ زیادہ صرف ایک لاکھ۔۔۔۔ایک لاکھ شکل دیکھیں تم لوگوں نے اپنی ایک لاکھ کی سپیلنگ بھی نہیں آتے ہوں گے تم لوگوں کو۔۔۔

سپیلنگ کی اگر بات کریں تو ہمیں بلینز کے زیادہ آتے ہیں سنائیں اگر آپ سپیلنگ کی بیس پر پیسے دے رہے ہیں۔۔۔عائشہ تم تو اپنا منہ بند ہی رکھو یہ سب خرفاتی تمہارے دماغ کے ہیں وہ اپنی پھپھو ذات بہن سے بولا۔۔۔۔ہاں تو اپنے بھائی کی کلوتی بہن ہوں تو میرا ہی ائیڈیا ہو گا ناوہ چہکتے ہوئے بولی۔۔

عائشہ شاہزیب کی پھپھوزات بہن تھی جو کہ اس کی پھوپوں کی اکلوتی بیٹی تھی اور شاہ زیب کو اپنا بڑا بھائی سمجھتی۔۔۔۔اور شاہزیب بھی اسے اپنی بہنوں سے بڑھ کر سمجھتا تھا کیونکہ شاہزیب کی بھی کوئی بہن نہیں تھی۔۔۔

تمہیں تو میں دیکھ لوں گا۔۔۔فلحال آپ ہمیں چھوڑیں بھابھی جان کا سوچیں لیٹ ہو رہے ہیں اپ۔۔۔۔کوئی بات نہیں بیٹا ہمارا ٹائم بھی آئے گا۔۔کہتا ہوا جیب کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے والٹ نکالا۔۔۔۔

ہووووووووووووووووں!!!!!!شاہزیب کے والٹ سے پیسے نکلتے ہوئے دیکھ کر سب یکجان ایک ساتھ چیخیں۔۔۔۔یہ لو چمچے اور اب نظر نانا مجھے تم اس کمرے کی اس پاس بھی اس نے پیسے عائشہ کے ہاتھ پر رکھتے ہوئے بولا۔۔۔

تھینک یو تھینک ! ! ! یو یوار داور لڈ بیسٹ بر در اینڈ یوار ویری لکی بھا بھی جان۔۔۔بس بس اب بڑ نگ نہ کرواور جاؤارام کروسب اپنے اپنے کمروں میں تھک گئی ہو گی تم لوگ بھی وہ سب کے سر پر پیار دیتا ہوا بولا۔۔۔ جی۔۔۔

جاؤبیٹا تم بھی اندر جاؤ ہما کب سے انتظار کر رہی ہے تمہارا تم لوگ بھی ذرا ارام کرو شاہزیب کی مما اس سے بولتے ہوئے خود بھی اپنے کمرے کی طرف چل دی۔

ہمہ اپنی زندگی کے آنے والے لمحات کو یاد کرتے ہوئے ڈرے سہمی ہوئی بیٹھی تھی۔

آہں آہں السلام علیکم ڈاکٹر صاحبہ ! کس گہری سوچ میں مصروف ہیں۔

شاہزیب باہر کا معاملہ حل کر کے اندر دبے پاؤں آیا اور بیڈ پر ڈری سہمی ہما کو کسی گہری سوچ میں مبتلا پا کر آہستہ سے اس کے پاس آ کر بولا۔۔۔

oooooooooo

میر فریش ہو جائیں کھانا بن گیا ہے میں لے کر آ رہی ہوں مرہا کچن سے ہونک لگاتے ہوئے بولی۔

ہمم ! ! خوشبو تو بہت اچھی آ رہی ہے۔ شاہ میر کچن میں اکر لمبی سانس کھینچتے ہوئے بولا۔۔

کھانا بھی بہت اچھا ہو گا مرہا کندھے اچکاتے ہوئے بولی۔۔اس میں تو کوئی شک نہیں میری جان نے اپنے نازک ہاتھوں سے بنایا ہے تو کھانا تو 100 پرسنٹ بہت اچھا ہو گا۔

چلو بھائی جلدی کرو اب تو مجھ سے بھوک برداشت نہیں ہو رہی اتنے اچھی خوشبو کے بعد۔۔۔میر یہ اپ کیا کر رہے ہیں میں لے جاؤں گی اپ بیٹھیں جا کر شاہمیر جو برتنوں کو ہاتھ میں اٹھائے ہوئے کھڑا تھا۔۔۔بھائی مجھ سے بھوک نہیں برداشت ہو رہی تم بار بار اؤ گی۔میں برتن اٹھاتا تم جلدی سے کڑاہی اٹھاؤ اور چلو میرے آگے میں باقی میں لے کر آتا ہوں بس جلدی سے تم نکالو کھانا۔۔

چلیں ٹھیک ہے وہ مسکراتے ہوئے کمرے کی جانب گئی اور شاہ میر بھی جلدی سے پلیٹوں اور چمچوں کو لیتا ہوا کمرے میں آیا۔۔۔

واہ بیگم یار تم اتنی مزے کی ککنگ کرتی ہو۔۔ شاہ میر نے بریانی کے اوپر رائتہ سلاد سے پھرا ہوا چمچ اپنے منہ میں ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔۔ میر سچی میں مزے کی بنی ہے یا میرا دل رکھنے کے لیے بول رہے ہیں۔۔۔۔

نہیں میری جان بہت مزے کی بنی ہے ان فیکٹ میں یہ کہوں کہ میری لائف سب سے مزے کی بریانی ہے تو یہ غلط نہ ہو گا۔۔۔ سچیی!!!!! مچیییی شاہمیر نے بھی اس کو اسی کی زبان میں جواب دیا۔۔۔

دونوں کھانے کو بھرپور مزے کے ساتھ کھاتے ہوئے درمیان میں اپنی سرگوشیاں بھی جاری رکھی اور کھانے کو ختم کیا۔۔

میر آپ چائے پیئیں گے مرہاد ستر خوان سے برتن سمیٹتے ہوئے بولی۔۔۔۔یار بس کر دو ترس کھالو اپنے میر پر۔۔اجاؤ کمرے میں اج کیا تم اپنے میر کو کھلا کھلا ٹرخاؤ گی۔۔۔۔۔

شاہ میر بڑا ہی معصومانہ منہ بنا کر مرہا کو بول رہا تھا۔۔۔کہ مرہا کی ہنسی نکل گئی کیا ہو گیا ہے اپ کو میں آرہی ہوں کمرے میں اپ بتائیں چائے پیئیں گے۔؟؟؟ کیونکہ اس وقت میں تو چائے پینا چاہتی ہوں۔۔پلا دو بھئی ہمیں بھی چائے اگر تم نہیں رک رہی تو پر اس کے بعد اگر تم کمرے میں نہ ائی تو میں سیریسلی باہر چلا جاؤں گا۔۔۔

اور یہ میں اب تم سے سچی کہہ رہا ہوں شاہ میر اپنی انکھوں گول گول گھوماتے ہوئے بولا۔۔۔

نہیں نہیں اپ کہیں نہیں جائیں کہ میں بس دو منٹ میں چائے بنا کے آرہی ہوں۔۔

کیونکہ مرہا کو اب شاہ میر کی ٹون سمجھ میں آرہی تھی کہ اگر اب وہ روم میں نہ گئی تو شاہ میر واقع ہی کہیں چلا جائے گا اور ایسا وہ بالکل نہیں چاہتی تھی۔۔۔

oooooooooo

شاہ ہما اور شازیب بھائی کی جوڑی کتنی پیاری لگ رہی تھی نا۔۔۔ماشاءاللہ کافی پیاری لگ رہی تھی اللہ پاک ان کے نصیب بھی بہت پیارے کرے اور وہ خوش رہیں دونوں ایک ساتھ۔۔۔۔

میرب اور رومان شاہ ہما کی بارات کے بعد گھر واپس آتے ہوئے کار میں تبصرے کر رہے تھے۔۔۔۔امین۔۔۔۔۔۔شاہ

ہمم۔۔۔اپ کی جب شادی ہوئی تھی مجھ سے تو اپ بھی اتنے ہی خوش تھے جتنے شاہزیب بھائی۔۔۔۔۔ویسے مجھے اس کا جواب پتہ ہے پر پھر بھی میں اپنے دل کی تسلی کے لیے پوچھنا چاہتی ہوں۔۔۔۔

آج اچانک تمہیں کیا بنا جو پرانی بات کو کریدرہی ہو۔۔بس اپ بتائیں نا۔۔۔اور اگر میں نہ بتانا چاہوں تو۔۔

پھر بھی بتائیں جس طرح سے آپ کسی بھی صورتحال میں مجھے نہیں چھوڑتے اپنا جواب لیے بغیر تو مجھے بھی اپ سے اپنے سوال کا جواب چاہیے بتائیں۔۔۔وہ اٹل لہجے میں بولی۔

اچھا جی اپنے شاہ کے ساتھ شرطیں مہنگی پڑیں گی میری جان
تمہیں۔۔۔۔اپ بات کو نہ گھمائیں بتائیں جلدی سے۔

اگر میں یہ کہوں کہ میں خوش نہیں تھا تو یہ سراسر جھوٹ ہو گا۔ کیونکہ ہر
کوئی اپنی شادی پر خوش ہوتا ہے۔

ہاں مگر میرے اور شاہ زیب میں تھوڑا سا ڈسٹنس یہ ہے۔ کہ اس کی شادی
اس کی مرضی اور سوچنے کے بعد ہوئی۔ پر میری اچانک سے اور جس
حالاتوں میں شادی ہوئی تھی تم جانتی ہو۔۔۔۔

مطلب اپ کو کوئی خاص خوشی نہیں ہوئی تھی میرب نے ان ساری باتوں میں اپنے مقصد کی بات کو اٹھاتے ہوئے بولا۔۔۔

اور اپنا فیس شیشے کی جانب موڑ کر بیٹھ گئی۔۔اوہ پاگل نہیں میں بہت خوش تھا اتنا خوش تھا،،اتنا خوش تھا کہ تمہیں بتا نہیں سکتا،،کہ میں کتنا خوش تھا وہ میرب کا اداس چہرہ اپنی طرف مڑتے ہوئے بولا

بس رہنے دے شاہ مجھے سب پتہ ہے وہ اداسی سے بولی۔

گھر چلو تمہیں فرصت سے بتاؤں گا کہ میں اپنی شادی کی رات کتنا خوش تھا وہ میرب کے سراپے کو گہری نظروں سے دیکھتا ہوا خمارہ نہ لہجے میں بولا۔۔۔

شاہ!!!!! میں نے رات کی بات نہیں کی میں نے کہا شادی کے دن۔۔۔۔۔۔۔میرب اس کی ڈبل میننگ والی بات کو سمجھتے ہوئے ہلکی آواز میں چیختی ہوئی بولی۔

ہاہاہاہاہاہاہاہاہاہا!!!! مجھ سے شادی کرنے کے بعد میری جان بہت سمجھدار ہو گئی ہے۔۔۔میں پہلے بھی بہت سمجھدار تھی۔۔

ہاں بالکل وہ تو مجھے اندازہ ہو گیا تھا جب تم نے میری خاطر اپنی نسیں کاٹی تھی

۔۔

ہاں تو مجھے کیا پتہ تھا اپ کو میری ویلیو نہیں ہونی میں کبھی بھی اپنی ویز نہیں کاٹتی۔۔میرے معصوم ہاتھوں کو میں نے اتنی تکلیف دی وہ اپنے دونوں ہاتھوں کو دیکھتے ہوئے بولی۔۔۔۔

اب تو کاٹ لیا نا میری جان کے ٹوٹے۔۔اور تمہارے شاہ نے اس کو اپنے پیار کے لمس سے بھر بھی دیا۔۔۔

وہ اس کے ہاتھ کو اپنے ہونٹوں کے ساتھ لگاتے ہوئے بولا۔۔

بس یہی تو اپ میں کلاکاری ہے کہ اپنی ان بڑ سے لپٹی ہوئی باتوں سے مجھے بڑنگ لگاتے ہیں۔

میرب تمہیں زیادہ کچھ نہیں کہوں گا۔۔

نہ ہی اپنی محبت میں صفائیاں پیش کروں گا۔۔تم خود سمجھو اپنے شاہ کو کہ تمہارا شاہ تمہارے بارے میں کیا سوچتا ہے اور تم کتنی خاص ہو اپنے شاہ کے لیے۔۔۔

بس تمہیں ایک جملہ بولوں گا کہ تمہارے اندر تمہاری شاہ کی جان ہے اس کے۔۔۔دونوں ہاتھوں سے اس کا فیس پکڑا اور ماتھے پر محبت بھرا اپنا لمس چھوڑا اور پھر۔۔

رومان کے اس جملے پر میرب کی انکھوں میں ہلکی سی نمی آئی اور مسکراتے ہوئے اس نے اپنا سر رومان کے کندھے پر رکھا۔۔۔۔

رومان نے بھی پوری محبت کے ساتھ اس کے سر کو اپنے کندھے پہ لگاتے ہوئے اس کی کمر کو سہلایا۔دوسرا ہاتھ سٹیر نگ پر مضبوط کرتے ہوئے گھر کی Eip53 طرف روانہ ہوئے۔۔۔۔

oooooooo

۔زکیہ امی جان کی طبیعت کیسی ہے رومان شاہ نے گھر کے اندر داخل ہوتے ہی سب سے پہلا سوال کیا۔۔۔

۔صاحب جی زیادہ ٹھیک نہیں ہے مگر آپ کو بتانے سے بی بی جی نے منع کیا ہے وہ کہہ رہی تھی کہ آپ پریشان ہو جائیں گے۔۔۔

۔رومان شاہ کو زکیہ نے حقیقت سے آگاہ کیا کیوں کہ حقیقت سے آگاہ نہ کرنے پر رومان شاہ کا غصہ گھر کے نوکر افورڈ نہیں کر سکتے تھے۔۔

۔توزکیہ اگرامی کی طبیعت زیادہ خراب تھی تو تمہیں فون کر کے بتانا چاہیے تھا۔صاحب جی ہم نے کوشش کی تھی مگر

بی بی جی نے کہا میں ٹھیک ہوں ہمیں فون کرنے کی اجازت نہیں دی زکیہ نے نگاہیں نیچے کرتے ہوئے رومان شاہ کو جواب دیا۔۔

۔شاہ ہم چل کر خود امی جان کو دیکھتے ہیں۔میرب نے زکیہ کی جان چھڑواتے ہوئے رومان شاہ کے ساتھ اپنے قدم امی جان کے روم کی طرف بڑھائے۔

۔امی جان روم میں کمبل میں لپٹی ہوئی شاید سو رہی تھی رومان شاہ بڑی تڑپ کے ساتھ اپنی ماں کے پاس جا کر بیٹھ گیا۔۔۔

۔رومان بیٹا تم دونوں آ گئے ؟؟؟

۔جی امی جان ہم آ گئے اثپ کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی اور آپ نے ہمیں فون نہیں کیا اور سب کو منع کر دیا کہ مجھے فون کر کے کوئی نہیں بتائے۔

۔امی جان بہت غلط بات ہے آپ اٹھے میرے ساتھ میں بھی آپ کو ڈاکٹر کے پاس لے کر چلتا ہوں۔۔

۔نہیں بیٹا اب میری طبیعت ٹھیک ہے اب تو میں آرام کر رہی ہوں اپنے بیٹے کے چہرے پر اس قدر پریشانی دیکھ کر رومان شاہ کی ماں نے تسلی دیتے ہو کہا۔۔

۔میرب بھی آگے بڑھ کر فکر مندی کی نظروں سے دیکھتے ہوئے اپنی ساس کا حال چال پوچھ رہی تھی۔۔۔

۔رومان شاہ کی نظروں میں اپنی ماں کے لیے بے حد فکر تھی کیونکہ انہیں اپنی امی جان بالکل ٹھیک نہیں لگ رہی تھی اور ان کی امی جان کی ہمیشہ سے یہ عادت تھی کہ اپنی بیماری کو وہ کم ہی ظاہر کرتی۔۔

۔امی جان اگر آپ نہیں جاسکتی تو ٹھیک ہے میں گھر پر ڈاکٹر کو بلالیتا ہوں۔
۔رومان بیٹا ہے اس کی ضرورت نہیں ہے اور پھر بھی تم اپنی تسلی کے لیے اگر لے کر جانا چاہتے ہو تو صبح لے جانا ابھی جا کر تم دونوں آرام کرو بہت تھکے ہوئے وہ اپنے بچوں کو پریشان کرنے والی ماں نہیں تھی۔۔

۔اس لیے اپنی درد کو نہ ظاہر کرتے ہوئے اپنے بچوں کو آرام کرنے کو کہا حالانکہ ان کے طبیعت سچ میں ٹھیک نہیں تھی۔۔

۔مگر زبردستی وہ یہ ظاہر کر رہی تھی کہ وہ بالکل ٹھیک ہے کافی دیر تک میرب اور رومان شاہ دونوں بیٹھے رہے مگر امی جان کے بار بار کہنے پر وہ اپنے روم کا رخ لیتے ہوئے چل پڑے تاکہ امی جان بھی آرام کر سکیں۔۔

oooooooo

گڈ مارننگ۔۔۔۔ ہمم گڈ مارننگ۔۔۔۔ مہک جو احمر سے پہلے اٹھ گئی تھی بنا آواز کیے روم میں احمر کے کے آفس جانے کی تیاری کر رہی تھی۔ کہ ہمیشہ کی طرح آفس کے ٹائم پر احمر کی خود سے آنکھ کھلی تو کروٹ لیتا ہوا وہ سیدھا ہو گیا۔۔۔۔

۔مہک نے بہت پیارے لہجے سے احمر کو گڈ مارننگ کہا جس کا جواب میں احمر نے بھی مسکراتے لبوں سے دیا نیند سی خماری سے بھری ہوئی آنکھوں مہک کے اچھے لہجے کو دیکھ کر چمک اٹھی تھی۔۔

۔آپ کے کپڑے نکال دیے ہیں آپ فریش ہو جائیں میں ناشتہ لگواتی ہوں
۔ مسکراتی ہوئی نظر احمر کے چہرے پر ڈال کر روم سے باہر کی جانب قدم لے جا رہی تھی۔ کہ دروازے کے ہینڈل پر ہاتھ رکھا تھا کہ پیچھے سے آتی احمر کی آواز سے اس کے قدم رک گئے۔۔۔

۔اے میری دلکش شریک حیات جب نظر مسکرا کر دیکھ سکتی ہو تو لبوں پر پہرہ کیوں لگا رکھا ہے۔ذرا پاس آئے دیدار تو دیجیے نہ تڑپایئے اس دیوانے کو اس طرح سے۔۔

۔احمر مسکراتی ہوئی نظروں سے مہک کی جانب دیکھ رہا تھا۔

۔کس شاعر کا یہ چیپ شعر آپ نے چوری کیا ہے۔ صبح صبح احمر کے شعر پر مہک کو ہنسی آگئی۔ وہ پلٹ کر دیکھتے ہوئے سوال گو نظروں سے بول رہی تھی۔۔

۔ایسا مت کہو یار میرے دل کے خوبصورت جزباتوں کو چیپ کہہ رہی ہو وہ ہنستے ہوئے بیڈ سے چپلے پہن کر اس کی جانب قدم بڑھاتا ہوا اس کے قریب آکر کھڑا ہو گیا نظروں میں محبت کی جھلک دیکھی جاسکتی تھی۔۔

۔میرے پیارے شوہر جی میں نے آپ
کے خوبصورت جزباتوں کو چیپ نہیں کہا میں نے یہ پوچھا کہ یہ جیپ شعر آپ نے کس کا شاعر کا چرایا ہے۔۔

۔بیوی صاحبہ تم شاعر پر مٹی ڈالو بس میرے خوبصورت جذباتوں کی جانب غور فکر کرو اس کی کمر پر ہاتھ باندھے کر اپنے مضبوط باہوں کے حصار میں لیے گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے اسے اپنے قریب کر لیا۔۔۔

۔جبکہ مہک نے نظروں کی حدت سے شرماتے ہوئے پلکیں جھکائے آنکھیں اس کے سینے پر مرکوز کر رکھی تھی۔۔۔

۔جی ڈال دی شاعر پر مٹی بتایئے میرے شوہر صبح صبح مجھ سے کیا چاہتے ہیں۔۔۔

۔مہک دل سے احمر کو اپنا چکی تھی۔رات کی اس کی کہی ہوئی باتیں پوری رات مہک کے دماغ میں گونجتی رہی۔دماغ اس نتیجے پر پہنچا کہ زندگی نے اسے ایک بار پھر سے جینے کا موقع دیا ہے۔

۔ایک باعزت زندگی بہت کم لوگوں کی نصیب میں ہوتی ہیں اگر قسمت نے اسے یہ موقع دیا ہے تو وہ اس سے ضائع نہیں کرے گی۔۔

۔رات کو احمر کے جملوں نے پہلی رات کی زبردستی کی قربت پر بھی مرہم لگا دی تھی۔۔

۔بس کچھ زیادہ نہیں ایک اجازت چاہیے بندہ ناچیز کی صبح حسین ہو جائے اگر لبوں کو لبوں کا لمس مل جائے تو۔۔۔

۔پہلے جب بھی آپ مجھ پر حق جماتے ہیں تو کیا آپ مجھ سے میری اجازت طلب کرتے ہیں مہک نے پلکے جھکائے ہی جواب دیا۔۔

۔نہیں مگر رات کو میں نے تم سے وعدہ کیا کہ اب تو تم پر حق تمہاری اجازت کے بنا نہیں جماؤں گا۔اب اپنے دل کے ہاتھوں مجبور ہوں جو صبح صبح اپنی بیوی کے لبوں کا لمس چاہتے ہیں۔۔۔۔

۔مگر اس کے لیے مجھے تمہاری اجازت درکار ہے۔مہک نے پلکیں اٹھا کر احمر کی آنکھوں میں دیکھا جہاں خماری کا ایک جہاں آباد تھا۔جہاں محبت کی حسین وادیاں مہک کے ایک اجازت کی طلب رکھتی تھی۔۔۔

۔آپ کو مجھ سے کسی بھی اجازت کی ضرورت نہیں۔مجھے اچھا لگے گا اگر آپ مجھ پر وہی حق جمائے گے تو۔۔۔

بہت کم آواز میں کہہ کر اپنا سر احمر کے سینے میں چھپا گئی اس کا یوں شرما کر اپنے دل کی بات بیان کرنا احمر کو سرخرو کر گیا تھا۔۔

۔سچ دل سے کہہ رہی ہو اپنی باہوں کی گرفت اس کی کمر پر کستے ہوئے احمر نے کچھ تصدیق بھرے جملے سننا چاہتے تھے۔۔

۔آپ اپنے دل سے پوچھ لیں آپ تو بہت سمجھدار ہیں۔۔۔

۔ہمم یعنی کہ میری بیوی سیدھے الفاظوں میں مجھے جواب نہیں دینا چاہتی ۔اب نتیجے پر مجھے خود ہی پہنچنا پڑے گا۔۔۔

۔مہک کے دل کی بات تو احمر بنا کہے ہی سمجھ گیا تھا۔وہ جس انداز سے اس کے سینے سے لگ کر کھڑی ہوئی تھی یہ کافی تھا۔اس کے دل کی بات جاننے کے لیے کہ وہ پوری طرح سے اپنے شوہر کی ہو چکی ہے۔۔۔

۔آئی لو یو اینڈ تھینک یو سو مچ تمہارے مان کو میں کبھی ٹوٹنے نہیں دوں گا

۔اس سے محبت سے اپنے سینے کے اندر ہی سما لینا چاہتا تھا باہوں کی گرفت مضبوط کر گیا۔۔

۔مہک بس یوں ہی میری ہو کر رہنا قسم سے پوری زندگی تمہیں اپنے پلکوں پر بٹھا کر رکھوں گا۔ تمہیں میرے ساتھ جڑے ہوئے رشتے پر کبھی شرمندہ نہیں ہونا پڑے گا۔۔۔

۔اور آج کے بعد اپنے دماغ سے یہ بات نکال دینا کہ تمہارا رشتہ پہلے کسی اور سے منسوب تھا میں دوبارہ سے ہمارے درمیان کسی کو سوچنا بھی نہیں چاہتا کل کی حقیقت کیا تھی مجھے اس سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔۔۔۔

۔وہ تمہارا ماضی تھا جو گزر گیا اور میری زندگی میں جو ماضی تھا وہ بھی گزر گیا۔۔

۔آج کی حقیقت یہ ہے کہ تم میری بیوی ہو اور احمر صرف تمہارا ہے اور یہی حق میں تجھ پر رکھتا ہوں۔ تم صرف میری ہو۔ آج کے بعد نہ تو کبھی تم ماضی کو یاد کرنا نہ میں کروں گا۔۔

۔اور ایک بات ہمیشہ یاد رکھنا مہک تم مجھ پر تھوپی نہیں گئی میں نے پورے دل سے تمہاری طرف قدم بڑھائے تھے تم میری پسند تھی ہو اور ہمیشہ رہو گی۔۔۔۔

۔یہ وہ الفاظ تھے جو مہک کے روح پر لگی ہوئی ضربوں کو بھر رہے تھے۔ بے شک مہک نے وہ زخم خود جان بوجھ کر ہی لیے تھے۔۔۔۔

۔ مگر آج ایک شوہر کا تحفظ اور مان کیسا ہوتا ہے یہ اسے احمر کی محبت ملنے کے بعد احساس ہو رہا تھا۔۔۔۔

۔ زبردستی کسی پر مسلط ہونا اور کسی کی محبت بن کر اس کی زندگی میں شامل ہونا۔۔۔ دونوں میں بہت فرق ہے۔۔

۔ جس محبت کو وہ رومان شاہ کی نظروں میں ڈھونڈتی تھی۔ وہ محبت اسے احمر کی ہر لفظ سے محسوس ہو رہی تھی۔ کتنی دیر تک وہ دونوں آنکھوں بند کیے ہوئے ایک دوسرے کی محبت میں کھڑے سرشار ہوتے رہے۔۔۔ محبت کی وادیوں میں گم احمر ہوش کی دنیا میں واپس آتے ہی اس کی پنکھڑیوں کو قید کرتے ہوئے بڑی محبت سے نمی کے قطروں کو چوس کر اپنے اندر انڈیل رہا تھا۔

۔آج مہک نے اس سے روکنے کی کوئی مزاحمت نہیں کی۔جب مقابل اپنی تشنگی مٹانے کے لیے محبت کے دربان کو لے کھڑا تھا۔تو مہک نے بھی صبر کا مظاہرہ کرتے ہوے پنکھڑیوں کو آزاد کروانے کی کوئی کوشش نہیں کی۔

۔آج مہک صحیح معنوں میں وہ محبت کی اہمیت کو جان چکی تھی۔مہک کو آج محبت کا مفہوم سمجھ میں آیا گیا۔آج اسے یہ سمجھ آگئی تھی کہ جو لوگ اپنے محبوب سے سچا پیار کرتے ہیں۔وہ آپ کو خامیوں سمیت ہی قبول کر لیتے ہیں جیسے احمر نے مہک کو قبول کیا۔۔۔محبت کرنے والوں کو اس بات سے کچھ فرق نہیں پڑتا کہ دنیا آپ کے محبوب کو کس نظر سے دیکھتی ہے۔

ایسے ہی تو نہیں کسی نے رانجھے سے کہا تھا"کہ یار تیری ہیر تو کالی !!!!! ہے!!!جس کا جواب رانجھے نے مسکراتے لبوں سے دیا تھا کہ جا اوے تیری آنکھ نہیں ویکھن والی ہے!!!!

ooooooo

میر۔۔۔۔ہوں ں ں۔۔۔

آپ مجھے ٹی وی لا کر دیں میں گھر میں بہت بور ہو جاتی ہوں۔ سارا دن نہ کوئی کام کرنے کو ہوتا ہے۔اور گاؤں کی عورتوں سے باتیں کر کر کے بھی میں بور ہونے لگ جاتی ہوں۔۔۔۔

۔شاہ میر کے سینے پر سر رکھے ہوئے لیٹے میر ہا کو اچانک سے یاد آیا تھا۔۔۔

۔میری جان یہاں پر کیبل سسٹم نہیں ہے تو ٹی وی پر تم کیا دیکھو گی۔۔۔

۔اور میری جان تمہیں جو کچھ دیکھنا ہوتا ہے تم موبائل پر دیکھ لیا کرو۔۔۔

۔نہیں میر انٹرنیٹ کی دنیا مجھے ایسے لگتی ہے جیسے بندہ اس میں قید ہو جاتا ہے۔ جیسے کہ ایک خوبصورت گھر ہو اس میں ہر چیز ہو مگر آپ اس سے باہر نہ نکل سکیں۔۔۔۔

۔اس لیے مجھے نیٹ پر زیادہ دیر جڑے رہنا اچھا نہیں لگتا۔ ویسے تو مجھے ٹی وی بھی کچھ خاص پسند نہیں۔ مگر نیٹ سے تو ٹی وی بہتر ہے۔ شاہ میر کے بٹنوں سے کھیلتی ہوئی اس کے سینے پر سر رکھ کر لیٹے مرہا بچوں کی طرح اپنی فرمائش اپنے میر کے سامنے رکھ رہی تھی۔

۔اب وہ میر سے شرماتی بھی کم تھی اور دل کی باتیں جلدی ہی اپنے میر پر حق سے ظاہر کر دیتی۔۔۔

۔اوکے میری جان کوانٹرنیٹ بھی نہیں پسند تو میری جان شادی سے پہلے تمہاری کیا مصروفیات ہوتی تھی۔شاہ میر اس کی باتوں کو بہت توجہ سے سنتا تاکہ مرہا ہر وقت اپنے میر کے ساتھ کمفرٹیبل رہے۔۔۔

۔وہ جب گھر ہوتا تو مرہا کو ذرا سا بھی بور ہونے کا موقع ہی نہیں دیتا تھا۔مرہا کی ہر بات شاہ میر کے لیے بہت خاص تھی۔جیسے اس وقت اس کی فرمائش کو بڑے غور سے سن رہا تھا۔۔

۔میر شادی سے پہلے میں بہت سارے ناول پڑھتی تھی۔مجھے ناول بہت پسند ہے۔اتنے پسند اتنے پسند کہ میں آپ کو بتا نہیں سکتی۔۔۔۔

۔اس کے سینے سے سر کو اٹھا کر شاہ میر کے چہرے پر نظریں مرکوز کیے ہوئے چہک کر بول رہی تھی۔اس کی چہچہاہٹ بتا رہی تھی کہ یہ اس کا سب سے فیورٹ مشغلہ تھا۔۔

۔ہمم۔۔تو ناولوں میں کیا ہوتا ہے مجھے بھی بتاؤ۔۔۔میر کو اس کی باتیں اچھی لگ رہی تھی کیونکہ اپنا فیورٹ مشغلہ بتاتے ہوئے مرہا کے چہرے پر ایک الگ ہی چمک تھی۔۔

۔میر اس میں بہت سارے خوبصورت کردار ہوتے ہیں۔ہیرو ہوتے ہیں۔ وہ اپنے خوبصورت ہیرون سے بہت پیار کرتے ہیں۔اور بہت کچھ ہوتا ہے میں آپ کو کیسے بتاؤں۔۔

۔چلو مجھے بتاؤ تمہارا فیورٹ ناول کون سا ہے۔۔میرے دل کا سکون ہو تم وہ مجھے بہت پسند ہے۔۔

۔کیوں اس میں ایسا کیا خاص تھا شاہ میر نے بات کو اور کھینچتے ہوئے کہا۔۔

۔اس میں جو ہیرو تھے وہ مجھے بہت پسند تھے اس میں جو ہیرو تھا نا اسفند شہریار اس کا کردار مجھے بالکل آپ کے جیسا لگتا ہے۔۔۔

آپ کو پتہ ہے وہ ایک آرمی آفیسر تھا۔اور اس کو گولی لگ جاتی ہے اسفند بہت دیر تک ایک آئی لینڈ پر رہتا ہے۔کیونکہ اس کی جان خطرے میں ہوتی ہے۔۔دل کو پتہ چلتا ہے کہ اسفند مر چکا ہے۔۔

۔پھر دل بہت روتی ہے دل اس غم میں پاگل ہو جاتی ہے۔کیونکہ وہ اپنے اسفند سے بہت پیار کرتی ہیں نااس لیے مرہا کہتے ہوئے رونے لگی تھی۔۔۔

۔ارے پاگل لڑکی کیوں رو رہی ہو وہ کہانی کے کردار ہوتے ہیں سچ میں تھوڑی تھا جو تم رو رہی ہو۔۔ نہیں میر آپ کو نہیں پتہ جب آپ ایک اچھا ناول پڑھتے ہیں تو اس کے کردار آپ کو سامنے نظر آتے ہیں۔۔۔

۔آپ کو نہیں پتہ مجھے دل کے لیے کتنا برا لگتا تھا جب وہ اسفند کے غم میں پاگل ہو گئی تھی۔۔اللہ نہ کرے آپ کو کبھی ایسا کچھ ہو۔۔

۔شاہ میر کو اب سمجھ آئی تھی کہ مرہا اسفند کے کردار کو شاہ میر سے جوڑ کر کے خود کو دل کی جگہ پر رکھتے ہوئے سوچ رہی ہے۔۔

۔اسی تڑپ تھے اس کی خوبصورت آنکھوں میں آنسوں آ گئے۔۔

۔اس کا لڑکی کا نام عجیب نہیں ہے دل۔ شاہ میر نے مرہا کا دھیان رونے سے ہٹانا چاہا تھا۔۔۔

۔میرا اس کا نام دل آویز تھا۔ مگر جو اسکا ہسبینڈ تھا۔ وہ اسے بہت پیار کرتا تھا تو اس لیے اس نے اس کا نام دل رکھ دیا تھا۔۔۔۔

۔وہ اس کو اپنا دل سمجھتا تھا وہ اتنا پیار کرتا تھا کہ اس نے کبھی اس کو ڈانٹا نہیں تھا۔ ہمیشہ سے پیار سے سمجھاتا تھا۔ دل اسفند کو بہت تنگ کرتی تھی۔ مگر اسفند کہتا تھا کہ تم میرا دل ہو اور میں تم پر کبھی سختی نہیں کر سکتا۔ اگر میں تم پر سختی کروں گا تو پھر مجھے ہی تکلیف ہو گی۔۔

۔مرہا بڑی گہرائی میں جا کر ان کریکٹرز کے بارے میں بتا رہی تھی کہ شاہ میر بھی تصوراتی دنیا میں ان کریکٹرز کو دیکھتے ہوئے سوچ رہا تھا۔۔

۔اور کیا تھا تمہاری اس کہانی میں اس میں۔۔

۔ایک اور کریکٹر تھا اسد میر خان کا دیکھیں میر آپ کا نام بھی آ گیا نا اس ناول میں تب تو میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ میرے ہسبینڈ اتنے پیارے ہوں گے۔۔اور بالکل اسفند کی طرح ہوں گے۔

۔اچھا جی تو میرا کریکٹر اسفند کے جیسا ہے یعنی کہ میں بھی تم سے بہت پیار کرتا ہوں تمہاری کیئر کرتا ہوں شاہ میر عنابی لبوں تلے مسکراتے ہوئے بولا۔

۔ہاں آپ بالکل اسفند کے جیسے ہیں آپ بھی مجھے ڈانٹتے نہیں ہے۔بہت پیار کرتے ہیں۔۔

۔تو کیا اسد میر خان اپنی بیوی سے پیار نہیں کرتا تھا۔

۔شاہ میر نے سوال کیا۔۔ نہیں وہ بھی اپنی بیوی سے بہت پیار کرتا تھا اس کی بیوی کا نام مسکان تھا جو کہ اسفند کی بہن تھی۔۔

۔اور جو دل تھی وہ اسد کی بہن تھی۔۔

۔اسد بھی مسکان سے بہت پیار کرتا تھا مگر اس کا پیار افففف مرہا کہتے ہوئے شاہ میر کے سر سینے میں سر چھپا گئی۔۔

۔یہ اف سے میری جان مجھے کیا سمجھ آئے گا۔مجھے بتاؤ کہ اسد میر خان کا کریکٹر کیسا تھا شامیر کو مرہا کے ناول میں انٹرسٹ ہونے لگا تھا۔۔

۔اسد کا کریکٹر رومان بھائی کے جیسا تھا وہ بہت غصے والا تھا۔۔

۔تو اس کا مطلب کہ رومان بھی میری بہن سے پیار نہیں کرتا کریکٹ۔۔

۔نہیں میر میں نے ایسا تھوڑی کہا ہے کہ اسد اپنی بیوی سے پیار نہیں کرتا تھا۔ وہ بہت پیار کرتا تھا مگر میں آپ کو کیسے بتاؤں۔۔۔

۔جیسے باقی سب کچھ بتایا ہے ویسے بتاؤ کہ اسد میر خان اپنی بیوی سے کس طرح سے کہا پیار کرتا تھا۔۔۔

۔مرہا نے دبے دبے لفظوں میں میر کو یہی بتایا کہ وہ اپنے پیار سے مسکان کو ہلکان کیے رکھتا تھا۔ مرہا کی معصومیت پر شاہ میر کو ہنسی آنے لگی تھی۔۔

۔پاگل لڑکی اپنے بھائی کے کریکٹر کو اسد سے کمپیئر کر کے کیا بول گئی اسے خود بھی اندازہ نہیں تھا۔ مگر شاہ میر کو پتہ تھا کہ اس کی بیوی بہت معصوم اتنی گہرائی سے اس نے سوچا ہی نہیں۔۔

۔کہ جس کریکٹر کو وہ اسد سے ملا رہی ہے اس کریکٹر کی بیوی شاہ میر کی بہن ہے۔اس کی بے وقوفی والی بات پر میر مسکرا کر چپ کر گیا۔ مرہا پتہ نہیں کتنی دیر تک شاہ میر کو اپنے ناول کی باتیں سناتی رہی۔۔۔

۔شامیر بچارہ جو اپنے سنڈے کے پورے دن رومینس کے موڈ میں رہا اس کے نصیب میں رات کا رومانس بھی نہیں ہوا۔کیونکہ میرہا جی باتیں کرتی کرتی کب سو گئی۔۔

شاہ میر کو خود بھی نہیں پتہ چلا شاہ میر بھی اسے سینے پہ لٹائے ہوئے اپنی مظبوط باہوں کے دائرے میں لیے نیند کی وادیوں میں جا چکا تھا۔۔

۔شامیر کے پورے سنڈے کے پلاننگ کا اختتام مرہا کے خوبصورت ناول کرداروں پر ہوا۔اب دونوں پر سکون نیند سو رہے تھے۔۔۔

oooooooooo

۔السلام علیکم اماجان کیسی ہیں آپ۔ماہ نور نے اپنی ماں کے گلے میں آتے ہی بڑی محبت سے باہیں ڈالتے ہوئے بچکانہ انداز سے سلام کہا۔۔۔

۔بسم اللہ بسم اللہ کراں میری دھی رانی آئی اے، چارپائی پر بیٹھی ہوئی چودرن نے بڑی محبت سے اپنی بیٹی کو گلے لگا کر ماتھا چوم لیا۔۔۔

۔اماں سائیں آپ لوگوں کو میری یاد نہیں آتی کتنے دنوں کے بعد لالہ کو شہر بھیجا ہے مجھے لانے کے لیے۔ماہ نور نے پاس بیٹھتے ہوئے ماں کو شکوہ گن نظروں سے دیکھا۔۔

۔مجھے تو اپنی دھی رانی کی بہت یاد آتی ہے۔پر تیرے اس لالہ کے پاس ٹائم کہاں ہوتا ہے جانے کے لیے۔۔۔

۔پچھلی ہفتے بھی اس کو کہتی رہ گئی کہ جا کر بہن کو شہر سے لے آ۔پاس بیٹھے ہوئے اپنے فون میں مصروف خرم کی جانب دیکھتے ہوئے اس کی ماں نے شکوہ کیا۔۔۔
۔میری جان کو زحمت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔میں جب تمہیں گود میں اٹھا کر لا رہا ہوں تو تمہیں اپنے قدم مبارک زمین پر رکھنے کی ضرورت نہیں۔اسے بیڈ پر پٹختے ہوئے جبڑے سے پکڑ کر لفظوں کو چباتے ہوئے کہا۔۔

۔کتنی بار منع کیا ہے کہ تمہیں میں ان پرندوں کے ساتھ نہیں دیکھوں تمہیں میرا اثر کیوں نہیں ہوتا۔

۔شاہ کتنے دنوں کے بعد گئی تھی قسم سے، وی جبڑے کو چھڑاتی ہوئی ناکام کوشش کر رہی تھی۔

۔جانے کا ریزن پوچھ رہا ہوں گئی کیوں تھی۔بہت یاد آرہی تھی ان کی یا تمہاری محبت کا جام بھر گیا تھا۔جو تم مجھ پر انڈیلنے کے بجائے پرندوں کے پاس پہنچ گئی۔۔۔

۔مجھے کیا پتا کہ جب میں نہیں ہوتا تو میری غیر حاضری میں تم اپنی توجہ کا مرکز ان پرندوں کو بنائے رکھتی ہو وہ بے یقینی سے بول رہا تھا۔۔

۔شاہ سچ میں آج ہی گئی تھی۔کیا آپ کو مجھ پر یقین نہیں ہے۔میں آپ سے جھوٹ کیوں بولوں گی۔بامشکل جبڑے کو چھڑاتے ہوئے شاہ کو یقین دلانے کی کوشش کر رہی تھی۔۔

۔کیسے کروں یقین آج کتنے دنوں کے بعد میں نے یہ سوچا کہ چلو آفس میں کوئی کام نہیں، تو میں گھر چلتا ہوں اور مرہانے بھی فون کر کے بتا دیا تھا کہ وہ آج اپنے گھر رکنے چلی گئی ہے۔

۔میرا اتنا اچھا موڈ تھا، جو کہ تم نے تہس نہس کر دیا۔۔آتے ہی زکیہ سے پوچھا تو پتہ چلا کہ میڈم چھت پر طوطوں کے ساتھ رومینس فرما رہی ہے

۔۔۔

آہ آہ!

!!! شاہ درد

ہونے دو!! اس کی بات کو بیچ میں ہی کاٹتے ہوئے بولا تھا۔ میرب کے نچلے ہونٹ کے کنارے کو دانتوں تلے دباتے ہوئے کاٹا۔ تو میرب کے منہ سے درد کے مارے آہ نکلی۔ جب بتانے کی کوشش کی تو شاہ نے بات کو بیچ میں ہی کاٹ دیا۔

۔ تیار ہو جاؤ آج رات کی فلائٹ سے ہم لوگ ترکی جا رہے ہیں۔ وہاں چل کر تمہارے ہوش اچھی طرح سے ٹھیکانے لگاؤں گا۔۔

۔اس کی پنکھڑیوں پر دانتوں سے کاٹتے ہوئے اپنا غصہ اتارتے ہوئے بولا تھا۔ شاہ کا غصہ میرب پر اسی طرح سے ہی اترتا تھا۔ اسی لیے تو میرب جان چھڑا کر کچھ دیر کے لیے بھاگ کر روم سے گئی تھی۔ تاکہ شاہ کا غصہ ٹھنڈا ہو سکے۔۔

۔شاہ ہم ترکی کیسے جا سکتے ہیں ابھی تو مرہا یہاں پر ہے۔ہمارے پاس وہ شاہ کا دھیان بٹانے کے لیے بولی تھی۔۔

۔تمہیں فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔میری شاہ میر سے بات ہو چکی ہے میرہا اس کی ذمہ داری ہے وہ خود دیکھ لے گا۔تم پیکنگ کرو باتیں کرتے ہوئے بیچ میں میرب کی جان کو تنگ کیے ہوئے تھا۔۔

۔شاہ سوری معاف کر دیں دانتوں کی چبن سے سسکتے ہوئے سوری بول کر جان چھڑانا چاہ رہی تھی۔۔

۔میں فی الحال معاف کرنے کے موڈ میں نہیں ہوں چپ کر کے لیٹی رہو اگر دوبارہ تمہاری آہ کی آواز مجھے سنائی دی تو جان لے لوں گا۔۔

۔ہونٹوں پر انگلی رکھتے ہوئے فل سٹاپ لگا کر اسے چپ کہنے کا بول چکا تھا
۔میرب دشمن جان کی ہاتھ میں خود کو سپرد کرتے ہوئے صبر کے گھونٹ پیتی ہوئی لیٹی رہی۔۔۔۔

۔وہ رومان شاہ تھا اپنی مرضی کا مالک میرب سے جتنا مرضی پیار کر لے مگر جو کچھ اس کے دماغ کو غلط لگتا تھا۔اس پر سمجھوتا کرنا شاہ کی فطرت میں ہی نہیں تھا۔۔۔

۔اب میرب نے پرندوں سے پیار جتا کر جو پل گزارے تھے۔اب شاہ اس کا حساب لیے بنا میرب کو کیسے چھوڑ سکتا تھا۔۔۔وہ جتنی مزاحمتیں کرتی اس کو پتہ تھا کہ شاہ اتنا ہی اسے ہلکان کرے گا۔

۔تو بہتر تھا جب حلال ہونا اس کا مقدر تھا، تو آسانی سے ہی کسائی کے ہاتھ میں خود کو سونپ دے۔ وہ جانتی تھی کہ رات کا کھانا کھانے سے پہلے شاہ اسے کھا کر اپنی بھوک مٹائے گا۔

۔اس کے بعد ہی کہیں اس کا غصہ ٹھنڈا ہو گا۔ اس کی سانسوں کو اس پر تنگ کیے ہوئے۔ سارا حساب کتاب نپٹا رہا تھا۔۔

۔وہ سختی سے اپنے لب اس کی پنکھڑیوں پر رکھے ہوئے۔ غصے سے اس کی سانسوں کو اپنے اندر شامل کر رہا تھا۔ وہ اپنی ہی سانسیں لینے کے لیے شاہ کی محتاج تھی۔

۔آہ آہ شاہ۔۔۔ پلیز۔۔ اس کے اوپر لیٹا ہوا اس کے دل والے وہ کام پر دانت کاٹ چکا تھا۔ وہ سسک کر اس کا نام لیتے ہوئے التجا کر رہی تھی۔۔۔

۔کیا!!!میری جان کو درد ہو رہا ہے گمبھگیر آواز میں چہرہ اٹھا کر اس کی جانب دیکھا تھا۔۔۔

۔شاہ آپ تو میرے پیارے شاہ ہیں نا پلیز معاف کر دیں۔میں نے آپ کے لیے آپ کی فیورٹ مٹن کڑاہی بنوائی ہے۔چلیں میں آپ کو اپنے ہاتھوں کھلاؤں گی۔۔۔

۔مٹن کڑاہی کے ساتھ میں آپ کی پسند کی الو کی ترکاری بھی بنی ہے۔۔۔شاہ کے دونوں گال پر ہاتھ رکھتے ہوئے بڑی محبت سے التجا کر رہی تھی۔۔

۔شاہ تمہیں بچہ لگتا ہے جس تم کھانے کا جھانسہ دے رہی ہو۔ٹھیک ہے کھانا کھلانا چاہتی ہو تو پھر مٹن کڑاہی کی جگہ اپنی ان پرندوں کی کڑاہی بنا کر دو آج تو میں وہی کھاؤں گا۔لبوں کے جلتے ہوئے لمس اس کی گردن پر چھوڑتے ہوئے کچھ پل کے لیے رکا تھا۔۔

۔ہائے بیچارے معصوم اتوں اتوں سے تو ہیں۔ان سے آپ کا کیا بنے گا شاہ آپ کتنے ظالم ہیں۔آپ ان کے بارے میں ایسا سوچ بھی کیسے سکتے ہیں۔۔۔۔

۔پرندوں کی کڑاہی کا سن کر میرب کی جان ہی نکل گئی تھی۔کچھ دیر پہلے ڈری سہمی ہوئی میرب پرندوں کے نام سے تڑپ تڑپ کر جواب دینے لگی۔۔۔۔

۔شاہ آپ ان پرندوں سے اتنا جیلس کیوں ہوتے ہیں۔ کیوں چڑتے ہیں آپ ان معصوم پرندوں سے۔۔۔اتنے پیارے تو ہیں وہ۔ شاہ اپنے طریقے سے اس پر اپنا غصہ نکال بھی رہا تھا۔ مگر پھر بھی میرب باز نہیں آئی تھی ۔پرندوں کی وکالت کرنے سے۔۔

۔تم یہ جوان کو ہر وقت بے چارہ معصوم کیوٹ اتوں ساشونو مونو بولتی ہو نہ ان سب سے مجھے بہت چڑ ہے۔ تمہارے پیار پر صرف میرا حق ہے اتنی سی بات تم نہیں سمجھتی ہو۔۔۔

۔ابھی تم میرا دماغ خراب کر رہی ہو۔۔۔ تم اٹھ کر تیاری کرو تمہیں تو میں پرندوں سے کچھ دن دور ہی لے کر چلا جاتا ہوں۔۔۔۔یہ پرندے نہ ہو گئے میری تو جان کا عذاب بن گئے۔۔۔۔ نفرت ہو گئی ہے مجھے ان سے۔۔۔۔

اگر یہ امی جان نے نہ پالے ہوتے تو میں کب سے ان کی کڑاہی بنا چکا ہوتا۔۔۔

۔اب ان کا تو میں کچھ کر نہیں سکتا مگر تمہارا ضرور کر سکتا ہوں۔اگر تمہارا میں نے حشر کر کے تمہارے ہوش ٹھکانے لگائے نا تو۔میرب میرا نام بھی رومان شاہ نہیں۔

۔یہ جو تم محبت کی چونچ جا کر پرندوں سے لڑا کر محبتوں کو ان پر نچھاور کرتی ہو میں تمہارا ایسا حال کروں گا۔کہ قسم سے تم ان پرندوں سے بھی اپنا چہرہ چھپاتی پھرو گی۔۔۔۔

۔ایک ایک لفظ کو چباتے ہوئے غصے سے شاہ ایسے جیلس ہو کر بول رہا تھا جیسے وہ پرندے نہیں چلتے پھرتے خوبصورت نوجوان تھے۔۔۔جن کے ساتھ میرب جا کے محبت کے پیچے لڑا رہی تھی۔۔اور شاہ کو غصہ آرہا تھا۔۔۔

۔میرب کو اتنی کڑی سچویشن میں بھی ہنسی آرہی تھی شاہ نے کھا جانے والی نظروں سے اس کی جانب دیکھ کر بیڈ سے اوٹھ کر کھڑا ہو گیا تھا۔۔

۔جی تمہارے دانت نکل رہیں۔اگر میں نے تمہاری سسکیوں میں نابدلے تو پھر کہنا واش روم میں جاتے ہوئے غصے سے بولا تھا۔۔۔

۔کیا کرنے والے ہیں آپ وہاں جا کر یہاں کون سی آپ رات کرتے ہیں۔ جو مجھے دھمکیاں سنا رہے ہیں۔وہ شاہ کو جاتا ہوا دیکھ کر شیر بن کر بیڈ پر بیٹھتے ہوئے بولی تھی۔۔

۔یہ تواب میں تمہیں وہاں پر چل کر ہی بتاؤں گا۔تم جتنے دانت نکال سکتی ہو نکال لو۔بہت محبت سے مجھ سے وعدہ لیا ہے نا تم نے کہ میں پہلے والا شاہ بن جاؤں۔تو بن گیا شاہ پہلے والا۔اب تیار رہنا۔جب اپنی قربتوں سے تمہاری ان ہڈیوں کو توڑوں گا تو پتہ چل جائے گا کہ میں کیا کرنے والا ہوں اور آج سے پہلے تم سے کتنی رایت برت رہا تھا۔۔۔

۔وہ بھی جاتے ہوئے اچھی والی دھمکی دے کر واش روم میں جا کر بند ہو گیا۔ جبکہ میرب اب سوچ رہی تھی کہ شاہ کو چیلنج کر کے پنگا تو نہیں لے لیا۔۔۔۔

ooooooooo

۔وہ کانسٹیبل علی سے ضروری بات کر رہا تھا جب ٹیبل پر رکھا ہوا اس کا موبائل جگمگاتے ہوئے ٹون بجا رہا تھا۔ سکرین پر نام دیکھتے ہی اے سی پی شاہ میر کے لب مسکرائے تھے۔۔

۔کیونکہ اس کی جان کا فون آ رہا تھا آنکھ کے اشارے سے کانسٹیبل کو جانے کو کہہ چکا تھا۔کانسٹیبل بھی آنکھ کا اشارہ پاتے ہی دفتر سے نکل گیا تھا۔۔

۔کیسی ہو میر کی جان اور کیسے اپنے میر کی یاد آ گئی۔فون اٹھاتے ہی سر کو پشت سے ٹکائے ہوئے وہ مسکراتے ہوئے بولا تھا۔۔

۔آپ کو پتہ ہے میں کہاں ہوں وہ فون کرتے ہی سلام لینے کے بعد سیدھا سوال ہی کر رہی تھی۔۔

۔بالکل پتہ ہے۔۔

۔تو بتائیں میں کہاں ہوں۔

۔تم ہمارے گھر پر ہمارے روم میں ہو۔

۔ہاں ں س۔۔۔آپ کو کیسے پتہ کہ میں ہمارے گھر پر ہوں اور ہمارے روم میں ہوں وہ حیرانی والی آواز میں بولی تھی۔۔

۔اس بات کے بہت سارے جواب ہیں مگر میں فی الحال چند ایک دے دیتا ہوں اس کے معصوم حیرانی پر اس کو ہنسی آرہی تھی۔۔

۔پہلی بات کہ تمہارا شوہر پولیس آفیسر ہے۔اس لیے کسی کا پتہ لگانا میرے لیے کوئی مشکل کام نہیں۔دوسری بات مجھے رومان کا فون آیا تھا کہ تم اپنے گھر پر رکنے جارہی ہو۔۔۔

۔اور تیسری اور سب سے اہم بات یہ کہ ہر وقت میرا موبائل تمہاری لوکیشن مجھے بتاتا ہے کہ میری جان اس وقت کہاں پر ہے۔۔۔۔

۔تو جب تم گھر سے نکلی تھی اسی وقت ہی مجھے پتہ چل گیا تھا کہ تم گھر پر آ رہی ہو۔۔میری چھوٹی سی جان تم نے نوٹ نہیں کیا۔تمہاری گاڑی کے پیچھے دو پولیس کی گاڑیاں تھی، جو کہ میں نے ہی بھجوائی تھی، تمہاری حفاظت کے لیے۔۔۔

۔اچھا میں تو آپ کو سرپرائز کرنا چاہتی تھی کہ آج میں ہمارے گھر پر رکی ہوں۔ مگر آپ کو تو سب کچھ پتہ ہے۔پولیس والا شوہر ہو تو اس کے بھی نقصان ہی ہوتے ہیں بندہ سرپرائز بھی نہیں کر سکتا۔۔

۔سرپرائز تو تمہیں میں کروں گا کچھ دن میں جب تمہیں لینے آؤں گا۔اور تم میری جان اپنے سرپرائز بچا کر رکھو یہاں پر آکر مجھے سرپرائز کر لینا ہے۔۔

۔میر تمہارے سرپرائز کا بے صبری سے انتظار کرے گا۔۔۔اور اپنا بہت خیال رکھنا گھر سے جب بھی نکلو گی۔بنا سکیورٹی کے نہیں جاؤ گے۔اب تو فی الحال تمہیں کچھ دن یہی رکنا پڑے گا۔کیونکہ رومان اور میرب ترکی جا رہے ہیں۔۔۔

۔کب جا رہے ہیں میں تو جب آئی تھی تو بھائی کا ایسا کوئی ارادہ نہیں تھا نہ ہی مجھے میرب نے کچھ بتایا۔۔

۔مجھے رومان کا فون آیا تھا۔کہ اچانک اسے بزنس کے سلسلے میں جانا پڑ رہا ہے ۔شاید وہ رات کی فلائٹ سے ہی چلے جائیں۔اور وہ میرب کو ساتھ لے کر

جانا چاہتا ہے۔ تمہاری وجہ سے فکر مند تھا مگر میں نے کہہ دیا ہے کہ تم میری ذمہ داری ہو۔۔۔۔وہ بے فکر ہو کر جائے۔ ویسے بھی کچھ دنوں تک میں تمہیں اپنے ساتھ یہاں لے آؤں گا۔۔۔۔

۔یہ کیا بات ہوئی۔ میں آج ہی آئی ہوں اور آج ہی بھائی اور میرب ترکی جا رہے ہیں۔ میں تو بھائی سے ایسے مل بھی نہیں پاؤں گی۔ وہ اداس سی ہو کر بولی تھی۔۔

۔اتنے دن بھائی کے پاس رہ کر تمہارا دل نہیں بھرا، ابھی بھی بھائی اور بھابھی کے لیے اداس ہو رہی ہو۔ شوہر کی فکر نہیں ہے۔ جس کو تقریباً دو مہینے ہونے والے ہیں تم سے دور ہوئے، پتہ بھی ہے کیسے یہ دن تمہارے بغیر گزار رہا ہوں۔۔

۔گھر جاتا ہوں تو کاٹنے کو دوڑتا ہے۔ سوتا ہوں تو بستر اچھا نہیں لگتا۔ کھاتا ہوں تو کھانا اچھا نہیں لگتا۔اور جب سے تمہارے پاس سے ہو کر آیا ہوں ۔تمہاری خوشبو میری سانسوں کو مہکائے ہوئے میرے دل کو سکون نہیں لینے دیتی۔ میرا محبت سے بھرا دل جو ہر وقت یہ کہتا ہے کہ میں تمہیں فوراً سے پہلے اپنے قریب لے آؤں۔۔۔۔

۔اور ایک تم ہو ظالم بیوی کہ تمہیں اپنے بھائی اور بھابھی کی یاد آ رہی ہے۔

۔میر میں نے ایسا تو نہیں کہا کہ مجھے آپ کی یاد نہیں آ رہی مجھے آپ کی بہت یاد آتی ہے۔اسی لیے تو فون کیا ہے۔آپ مجھے جلدی سے اپنے پاس لے جائیں۔۔۔۔۔

۔بھائی کا تو میں نے اس لیے کہا تھا کہ جب تک وہ واپس آئیں گے تب تک تو میں آپ کے پاس آجاؤں گی۔ تو ایسے میں میرب اور بھائی سے مل ہی نہیں سکوں گی۔ ورنہ میرا تو اور کوئی مطلب نہیں تھا۔۔

۔بس میری جان کچھ دن تھوڑا سا انتظار کر لو ایک دو دن کے اندر ہی میں چھٹی لے کر تمہیں لینے آجاؤں گا۔

۔ویسے بھی گاؤں میں کچھ مسائل زیادہ چل رہے ہیں۔ جس کی وجہ سے میں جان بوجھ کر چھٹی لے کر ایک دو دن تک آنے میں انٹرسٹڈ نہیں ہوں۔

۔وہ چوہدری کا بیٹا بڑا ہی بے غیرت ہے وہ غریب کسانوں کے ساتھ پنگے لینے سے باز نہیں آرہا۔ مرے گا سالا میرے ہاتھوں سے۔ شاہ میر غصے سے بولا تھا۔۔

۔اچھا میر ہامیں تمہیں گھر چل کر فون کرتا ہوں۔بس یہ تھوڑا سا کام ہے نپٹا لوں۔۔ویڈیو کال کروں گا سونا مت۔۔۔۔

اوکے نہیں سوؤں گی۔

ہمم گڈ۔۔اللہ حافظ۔۔۔اللہ حافظ خیال رکھنا اپنا کہتے ہوئے شاہ میر نے فون بند کر دیا۔۔۔۔وہ پھر سے کانسٹیبل علی کو بلا کر کسی خاص مسئلے پر بات کرنے لگا تھا۔۔۔

ooooooooo

اندھے ہو گئے ہو۔ عجیب بد تمیزی ہے راستے میں کھڑا ہوا ہوں۔ تمہیں نظر نہیں آیا یا کوئی طوفان آنے والا ہے۔ جس کی زد سے بچنے کے لیے یوں پاگلوں کی طرح بھاگ رہے ہو۔شاہ میر نے غصے سے چیختے ہوئے کہا تھا۔۔۔

۔معافی معافی سر جی معافی غلطی سے ہو گیا۔وہ آدمی شاہ میر کے آگے ہاتھ جوڑ رہا تھا۔ عجیب سا فقیروں جیسا حلیہ شکل سے کوئی نیم پاگل سا لگ رہا تھا۔

۔شاہ میر جو آج کسانوں کے ساتھ ان کی زمینیں دیکھتے ہوئے ان کے کاغذات ان تک پہنچا رہا تھا۔اور باقی کے کچھ اہم باتیں تھیں کہ ان کو سمجھانے کے بعد شاہ میر نے واپس تھانے پہنچنا تھا۔

۔شامیر ایک سائیڈ پر ہی کھڑا ہوا کسانوں سے باتیں کر رہا تھا جب ایک آدمی پاگلوں کی طرح بھاگتا ہوا شاہ میر سے آکر ٹکرایا تھا۔۔

۔شاہ میر کے ہاتھ میں پکڑا ہوا موبائل سڑک پر گرا اور گرتے ہی اس کی سکرین ٹوٹ گئی تھی۔

جس کو اٹھاتے ہوئے شاہ میر اس شخص پر چلایا تھا۔اسے غصہ آگیا تھا اپنے فون ٹوٹنے پر۔اب وہ شخص معافی مانگ رہا تھا ٹھیک ہے ٹھیک ہے جاؤ یہ سب کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔وہ شخص پیروں میں گر رہا تھا۔تو شاہ میر نے ہاتھ کے اشارے سے روک دیا۔۔۔

۔شاہ میر ایسی نیچر کا مالک تو ہر گز نہیں تھا جو غریبوں پر اپنی دہشت دکھاتا، مگر یہ بھی سچ تھا کہ فون ٹوٹنے کا اسے بہت زیادہ غصہ تھا۔ نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے ہاتھ کے اشارے سے اس باولے شخص کو جانے کو بول دیا۔۔۔

۔کسانوں سے باتیں ختم کرنے کے بعد وہ اپنی جیب میں آکر بیٹھ گیا۔فون کی سکرین پوری طرح سے ٹوٹ چکی تھی۔آن کرنے کی کوشش بھی کی مگر فون آن نہیں ہوا۔۔

۔گاڑی شہر کی جانب موڑو کانسٹیبل علی کو شاہ میر نے کہا تھا۔وہ اپنا نیا فون لینا چاہتا تھا۔یا اس کو ٹھیک کروانا تھا۔اسی لیے وہ شہر کا رخ کرتے ہوئے شہر کی جانب چلا گیا۔

۔شہر گاؤں سے کافی دور تھا تو اس لیے کافی ٹائم لگ گیا تھا انہیں شہر تک پہنچنے میں۔فون دکھایا تو دکان والے نے کہہ دیا کہ ٹھیک ہو جائے گا، مگر اس میں چار سے پانچ گھنٹے لگیں گے۔۔

۔شاہ میر اتنی دیر تو ویٹ نہیں کر سکتا تھا اس نے فون ٹھیک کرنے کے لیے دے دیا۔مگر ساتھ ہی ساتھ لگے ہاتھ اپنی سمس نکال کر پاس ہی ایک بڑی شاپ تھی۔جہاں سے اس نے ایک فون خریدا اور اس میں اپنی سم ایکٹو کر کے واپس گاؤں کی طرف روانہ ہو گیا تھا۔۔۔۔

oooooooo

۔سر آپ کے لیے کچھ منگواؤں کانسٹیبل علی نے شاہ میر کے ساتھ آفس میں آتے ہی پوچھا تھا۔۔۔

۔ہاں یار میرے لیے اچھی سی چائے منگواؤ۔آج تو خواہ مخواہ اس آدمی نے سر کا درد بنا دیا۔فضول میں اتنا لمبا سفر طے کر کے ہمیں شہر جانا پڑا۔۔۔

۔اپنا سر کرسی سے ٹکاتے ہوئے شاہ میر نے آنکھیں بند کر لی۔کانسٹیبل فورن سے شاہ میر کے لیے چائے لینے جا چکا تھا۔

۔دیکھوں ذرا میر کی جان کیا کر رہی ہے اس نے جیب سے فون نکالا تھا۔جو وہ ابھی ابھی نیا خرید کے لایا تھا۔نمبر ڈائل کرنے سے پہلے شاہ میر نے ہمیشہ کی طرح مرہا کی لوکیشن چیک کی تھی۔مگر وہ پریشان سا ہو کر فون پر کچھ چیک کرنے لگا تھا۔۔۔

۔چہرے پر پریشانی تھی واضح نظر آنے لگی۔کیونکہ مرہا کی لوکیشن ٹریس نہیں ہورہی تھی۔سیٹنگ وغیرہ چیک کی اسے لگا شاید نیا فون ہے تو کوئی پرابلم نہ ہوگی ہو۔۔

مگر کوئی پرابلم نہیں تھی مرہا کی لوکیشن

آ ہی نہیں رہی تھی۔جلدی سے میرہا کا نمبر ڈائل کیا تو نمبر آف جارہا تھا۔۔۔

۔شاہ میر کا دل بند ہونے لگا تھا دونوں ہی اشارے اچھی جانب نہیں جارہے تھے شاہ میر کا دل تو پہلے ہی کتنی دنوں سے مرہا کی جانب سے ڈرا ڈرا سا تھا ،ایسے میں فون بند ہونا لوکیشن کا پتہ نہ چلنا شاہ میر کو کسی خطرے کی گھڑی لگا مگر وہ اپنے خیالات کو جھٹکتے ہوئے بار بار نمبر ڈائل کر رہا تھا۔مگر ہر پاور آف کی ریکارڈنگ سن کر وہ مزید پریشان ہوا۔اپ۔ے سر کو تھام کر کھڑا ہو گیا

۔۔۔

۔اب نمبر اس نے اپنی مما کا ملایا تھا کیونکہ رات کو مرہا وہیں پر تھی۔اور وہ جانتا تھا کہ رومان شاہ اور میرب اس وقت ترکی جا چکے ہوں گے۔کیونکہ کل انہوں نے کہہ دیا تھا کہ وہ آج رات چلے جائیں گے۔۔۔

۔کچھ دیر بعد شاہ میر کی ماما نے فون اٹھا لیا تھا۔۔۔ماما مرہا کہاں ہے؟؟

۔سلام کے بعد پہلا سوال شاہ میر نے یہی کیا تھا۔پتہ نہیں بیٹا شاید اپنے کمرے میں ہی ہو گی۔ہم لوگ رات کو ایک شادی اٹینڈ کرنے گئے تھے اور میں ہم لوگ کافی لیٹ آئے۔میری مرہا سے ملاقات نہیں ہوئی۔۔۔۔

۔اس کی ماما شاید لیٹ آنے کی وجہ سے ابھی تک سو رہی تھی۔ماما پلیز اگر آپ کو زحمت نہ ہو تو آپ جا کر میری مرہا سے بات کروا دیں۔۔۔۔

۔اس کا فون آف جا رہا ہے۔بہت کوشش کی تھی شاہ میر نے اپنی گھبراہٹ کو چھپانے کی۔ مگر پھر بھی نہیں چھپا سکا۔۔۔۔

۔شاہ میر بیٹا کیا بات ہے اتنا پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔میں ابھی بات کروا دیتی ہوں، ہو سکتا ہے فون کی چارجنگ ختم ہو گئی ہو اور وہ لگانا بھول گئی ہو۔۔۔۔

۔وہ جلدی سے اپنے روم سے نکلی تھی اور کچھ ہی دیر میں مرہا کے روم تک پہنچ گئی۔۔۔دروازہ کھٹکھٹایا مگر دروازہ نہ کھولا گیا، نہ ہی اندر سے کسی نے آواز دی تھی۔۔۔۔

۔پریشان تو شاہ میر کی ماں بھی ہو گئی دروازے کا ہینڈل گھمایا تو دروازہ آسانی سے کھل گیا تھا۔کیونکہ دروازہ لوگ نہیں تھا۔۔۔

۔اس کی ماما گھبرائی ہوئی کمرے میں داخل ہوئی اور نظریں دوڑانے پر میرہا اسے کہیں نظر نہیں آئی تھی۔۔

۔واش روم کا دروازہ کھول کر دیکھا وہ وہاں پر بھی نہیں تھی۔۔۔

۔ماما متہارو م میں نہیں ہے۔۔وہ گھبراہٹ سے چلاتا ہوا بولا تھا۔۔۔بیٹا پریشان نہیں ہو کمرے میں نہیں ہے تو گھر میں ہو گی میں ابھی دیکھ کر بتاتی ہوں۔۔

۔

۔وہ بھی گھبرا گئی تھی کچن میں دیکھا نوکروں سے پوچھا کسی کو بھی نہیں پتا تھا کہ مرہا کہاں گئی ہے۔ماما آپ چوکیدار کے پاس جائیں اور میری اس سے بات کروائیں پلیز۔۔۔۔شاہ میر نے کہا تھا

۔ہاں ہاں بیٹا میں جا رہی ہوں اب تو وہ بھی بہت پریشان ہو گئی تھی کہ آخر مر ہا گئی۔۔۔اس کا ماما نے جلدی سے گیٹ پر جا کر فون چوکیدار کو دے دیا۔۔۔

۔کل احمد خان۔۔۔۔۔۔جی سر۔۔۔۔ تمہاری بی بی جی کہاں ہے۔وہ چیخا تھا۔۔سر بی بی جی تو اللہ بخش کے ساتھ اپنے بھائی کے گھر گئی تھی تو وہ واپس نہیں آئی۔۔۔

۔کیا بکواس کر رہے ہو۔اس کا بھائی تو یہاں پر ہے ہی نہیں۔تو وہ اپنے بھائی سے ملنے کیسے جا سکتی ہے۔۔۔اللہ بخش سے بات کرواؤ وہ چیختے ہوئے بولا۔ اپنا ہاتھ زور سے ٹیبل پر اس نے مارا تھا۔۔

۔شاہ میر بابا اللہ بخش تو ابھی واپس ہی نہیں آیا۔مجھے تو لگا کہ وہ بی بی جی کے ساتھ وہی رک گیا ہو گا۔۔۔بی بی جی کو اپنے ساتھ لے کر ہی آئے گا۔۔

۔جب وہ گئی تو گھبرائی ہوئی تھی یا نارمل تھی۔۔شاہ میر کی چیختی ہوئی آواز سن کر گل احمد خان کی ٹانگیں کانپ رہی تھی۔

۔شاہ میر بابا۔بی بی جی بہت گھبرائی ہوئی تھی جب گئی تھی میں نے پوچھا تھا مگر انہوں نے کچھ بھی نہیں بتایا۔۔

۔جب تم نے دیکھ لیا تھا کہ وہ گھبرائی ہوئی ہے تو پھر بھی تم نے بتانا ضروری نہیں سمجھا تم مجھے یا ماما بابا کو انفارم کر سکتے تھے۔۔

۔بی بی جی سو رہی تھی۔تو میں ان کو کیسے بتاتا۔اور مجھے نہیں پتہ تھا کہ بی بی جی گھر پر کسی کو بتا کر گئی ہیں یا نہیں۔۔

۔مجھے فضول کی دلیل مت دو گل احمد خان۔۔۔۔چوکیدار کی دلیل پر شاہ میر کو مزید غصہ آیا تھا۔۔

کس وقت گئی تھی وہ۔۔۔۔سر یہی تقریباً 11 ساڑھے گیارا بجے۔شاہ میر نے اندازہ لگایا تقریبا یہ وہی ٹائم تھا جب اس کا فون سڑک پر گر کر ٹوٹ گیا تھا۔۔

۔اس کا مطلب کہ فون ٹوٹنا کوئی حادثہ نہیں تھا وہ شخص جان بوجھ کر مجھ سے ٹکرایا تھا۔۔۔تاکہ میں مرہا کی لوکیشن چیک نہ کر سکوں۔۔۔۔

۔اس کے پولیس والے دماغ نے فوراً سے یہ بات کلک کرتے ہوئے سوچا تھا
۔شاہ میر کا پہلا دھیان خرم کی جانب ہی گیا تھا۔
۔فون بند کر کے شاہ میر اپنی جیب ڈالتے ہوئے خرم کی حویلی جا پہنچا مسلسل
راستے میں وہ اپنا فون چیک کر رہا تھا کہ شاید مرہا کی لوکیشن آجائے۔۔۔۔

۔شاہ میر کی سانسیں رک رہی تھیں مرہا کہ بارے میں یہ سوچ سوچ کر کہ
اس کے ساتھ کچھ غلط نہ ہو جائے۔۔۔

۔جیپ جا کر بڑی سی شاندار حویلی کے سامنے رک گئی تھی۔شاہ میر بنا
اجازت لیے چوکیدار کو دھکا دیتے ہوئے گھر کے اندر داخل ہوا تھا۔

۔سامنے ہی چوہدری بیٹھا ہوا حقہ پیتے ہوئے اپنی بیوی کے ساتھ باتیں کر رہا
تھا۔۔حویلی بہت بڑی اور خوبصورت تھی۔مگر چوہدری صاحب زیادہ تر

اسی جگہ پر بیٹھتے درختوں کے سائے تلے گزارتے۔۔۔۔درختوں کی سائے میں بیٹھنا چوہدری صاحب کو بہت پسند تھا۔۔۔۔

۔چوہدری اور اس کی بیوی پر آنے خیالات کے لوگ تھے۔تو اس لیے زیادہ تر کھلی ہوا میں یا دھوپ میں ہی بیٹھتے۔۔۔۔خیریت تو ہے اے سی پی صاحب اس طرح بنا اجازت میرے گھر میں داخل ہونے کی وجہ پوچھ سکتا ہوں۔۔۔

۔چوہدری صاحب شاہ میر کو یوں دھندناتے ہوئے آتا دیکھ کھڑے ہو گئے تھے۔ان کی بیوی بھی کھڑی ہو گئی تھی۔۔۔

۔بیٹا کہاں ہے آپ کا۔۔وہ غصے سے دھاڑتے ہوئے پوچھ رہا تھا۔۔۔سو رہا ہے خیریت تو ہے اب کیا کر دیا میرے بیٹے نے چوہدری صاحب نے سوال کیا تھا۔۔۔

۔اپنے بیٹے کو باہر لے کر آؤاس سے پہلے کہ میں ساری تہذیب بھول کر گھر کے اندر داخل ہو جاؤں۔۔۔چوہدری صاحب کا جواب دینے دیے بجائے وہ بولا تھا۔۔۔۔

۔کچھ ہی دیر میں خرم کو باہر بلوالیا گیا تھا۔وہ آنکھیں ملتا ہوا باہر آیا شاید وہ گہری نیند میں سو رہا تھا۔اس کی حالت سے ہی نظر آرہا تھا کہ وہ سو کر ہی اٹھا ہے۔۔۔

۔خیریت تو ہے اے سی پی اب تو میں نے کچھ کیا بھی نہیں پھر بھی آ گئے ہو میرے گھر پر منہ اٹھا کر۔۔وہ باہر آتے ہی بولا تھا۔۔۔

۔بکواس بند کر اور مجھے بتا میری بیوی کہاں ہے۔۔اس کا گریبان پکڑ کر جھنجوڑتے ہوئے بولا تھا۔۔

۔حد میں رہ اے سی پی بیوی تیری تو تجھے پتہ ہونا چاہیے۔۔۔۔ عجیب پاگل آدمی ہے اپنی بیوی کا مجھ سے پوچھنے آیا ہے، وہ اپنا گریبان چھڑاتے ہوئے غلط الزام پر چلایا تھا۔۔۔۔

۔زبان بند رکھ صرف جتنا پوچھا ہے۔اس کا جواب دے۔۔۔

۔اگر اس بار تو اس کیس میں ملوث ہوا تو میں تجھے اپنے ہاتھوں سے شوٹ کروں گا۔۔اب تجھے سزا نہیں ملے گی۔سیدھا تجھے گولی مار کر تیرا کام تمام کروں گا۔

۔اس کے منہ پر تھپڑ مارتے ہوئے اے سی پی نے کہا تھا۔۔

۔ خرم بھی دھاڑتے ہوئے اس کے گریبان کو پکڑنے ہی لگا تھا کہ بیچ میں چوہدری نے آکر بیچ بچاؤ کر دیا۔۔

۔ خرم کو آگ لگ گئی تھی اے سی پی کے یوں تھپڑ مارنے پر، جبکہ اس وقت اس کا کوئی قصور نہیں تھا۔۔۔

۔اے سی پی صاحب آرام سے بات کریں۔اگر کیس اس پر ثابت ہوا تو اس بار اس کی میں جان اپنے ہاتھوں سے لوں گا۔۔۔۔

۔یہ بہت غلط کاموں میں ملوث ہے پر اے سی پی صاحب میں ایک بات کی آپ کو تسلی دے سکتا ہوں کہ اس نے آپ کی عزت پر ہاتھ نہیں ڈالا۔۔۔

۔مانتا ہوں کہ یہ کھوتے کا پتر سیدھے کام نہیں کرتا۔ مگر یہ کسی کی دھی بہن کی عزت اس طرح نہیں رولے گا۔اتنا میرے کو یقین ہے۔۔۔۔

۔بس کریں چوہدری صاحب بس کریں اس سے پہلے جب اس نے حرکت کی تھی۔۔۔اسی وقت مجھے اس کو شوٹ کر دینا چاہیے تھا۔۔پتہ نہیں میں نے کیسے خود کو روکا اور گاؤں والوں کی زمینوں کے مطالبے پر تم لوگوں سے صلح صفائی کر لی۔۔۔۔

۔اور اب آپ کہہ رہے ہیں کہ یہ کسی کی بہو بیٹی کی عزت کے ساتھ نہیں کھیل سکتا۔۔شاہ میر کا غصہ کسی صورت کم نہیں ہو رہا تھا۔۔۔

۔مگر فی الحال اس کے پاس کوئی ثبوت بھی تو نہیں تھا۔ جس کی بنا پر وہ خرم کو پکڑ کر لے جاتا۔۔۔

۔خرم کو چوہدری صاحب نے زبردستی اندر بھیج دیا تھا اور خود انہوں نے اے سی پی سے بات کرنی شروع کی تھی۔اے سی پی صاحب میں اپنے بیٹے کو جانتا ہوں میں آپ کو اس بات کا یقین دلا سکتا ہوں کہ اس بار اس کا کوئی گناہ نہیں ہے۔۔۔

۔اور دھیان سے دیکھیں ہو سکتا ہے ہم دونوں کی دشمنی میں کوئی تیسرا فائدہ اٹھا رہا ہو۔۔بے فکر رہیں اگر اس بار خرم کی غلطی نکلی تو آپ کی عزت پر اس نے ہاتھ ڈالا تو میں اس کو اپنے ہاتھوں سے سزا دوں گا۔۔۔یہ وعدہ ہے میرا ۔۔

۔زبان دے رہا ہوں پلٹوں گا نہیں اے سی پی دانت پیستے ہوئے وہاں سے واپس آ گیا تھا۔۔۔اسے کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی وہ کیا کرے بار بار مرہا کی

لوکیشن ٹریس کر رہا تھا۔۔ بار بار نمبر ملا رہا تھا جو کہ بند تھا۔۔۔ گھر پر فون کرنے پر بھی یہی پتہ چل رہا تھا کہ وہ واپس نہیں آئی۔۔

۔نہ وہ آئی ہے نہ ڈرائیور آیا تھا۔ رومان شاہ کے گھر سے بھی پتہ کروایا مرہا وہاں پہنچی ہی نہیں تھی۔ مرہا۔۔۔۔ وہ چلایا تھا۔ تمہیں منع کیا تھا کہ اس طرح مت جانا کہیں ن۔ کیوں نہیں تم نے میری بات مانی۔۔۔ کتنی تاکید کر کے آیا تھا وہ غصے سے دیوار کے پاس کھڑا ہوا اپنے آفس میں مکے مار مار کر اپنا غصہ ضبط کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔۔

۔وہ سوچ رہا تھا کہ یہ حرکت کس کی ہے میر ہا کہاں گئی ہو گی۔ مرہا کی معصومیت سے ہمیشہ شاہ میر کو ڈر لگتا تھا۔ آج وہی ڈر حقیقت بن کر اس کے سامنے آن کھڑا ہوا۔۔۔۔

۔اس کے فون کی بیل بج رہی تھی جس نے اسے ہوش کی دنیا میں واپس لایا۔۔

۔ہائے اے سی پی سناؤ کیسے ہو ایک نیو نمبر سے کال آئی تھی۔۔۔فون اٹھاتے ہی لہجہ بہت عجیب سا تھا۔۔

۔کون کون بول رہا ہے؟؟

۔کون بول رہا ہوں اس کو چھوڑو کیا بول رہا ہوں یہ بات غور سے سنو۔۔۔

!!! ۔بہت خوبصورت ہے تیری بیوی

ایک کون ہے تو!!!!پوری بات سننے سے پہلے ہی چلایا تھا۔۔

وہ مرہا کا نام سنتے ہی آگ بگولا ہو گیا۔

۔اے سی پی ٹھنڈ رکھ ٹھنڈ اور میری بات غور سے سنو میں نے تو صرف صرف تیری بیوی کی تعریف کے لیے فون کیا ہے۔بہت خوبصورت ہے تیری بیوی افففف قیامت لگ رہی ہے قیامت۔۔۔

۔اور جو اس نے ہائے اپنی قمیض کے نیچے بلیک پہنا ہے ہائے ہائے ہائے ہائے گورے بدن پر چمک رہا ہے۔۔۔۔

۔شاہ میر کے گلے میں تھوک گلٹی سی بن کر اٹک گئی تھی۔غصے سے دماغ کی نسیں پھٹنے والی ہو رہی تھی۔۔وہ اتنے گندے الفاظوں سے اس کی بیوی کے بارے میں بات کر رہا تھا۔۔۔

۔شاہ میر کا دل کر رہا تھا اگر وہ شخص سامنے ہو تو اس کو ابھی کے ابھی شوٹ کر کے اس کی جان لے لے۔ مگر وہ مجبور تھا اسے یہ تک تو نہیں پتہ تھا۔ یہ کال کہاں سے آ رہی ہے۔۔

۔دیکھو تم جو بھی ہو اگر تمہاری دشمنی مجھ سے ہے تو پلیز میری بیوی کو کوئی نقصان مت پہنچانا تم اپنی دشمنی مجھ سے پوری کرو۔۔۔ تم جو کہو گے میں وہ کر دوں گا مگر پلیز میری بیوی سے دور رہنا پہلی بار شاہ میر اپنے کسی دشمن کے سامنے سر خم کیے ہوئے ہے بول رہا تھا۔۔

۔اے سی پی اتنا کہنا چاہتا ہوں اگر بچا سکتے ہو تو بچا لو اپنی بیوی کو۔ مدہوش سا ہو رہا ہوں میں اسے دیکھ کر اگر تیرے آنے سے پہلے کچھ کر بیٹھوں تو پھر گنہگار مت سمجھنا مجھے۔ اتنی خوبصورت چیز اگر سامنے ہو تو کون کمبخت خود کو سنبھال سکتا ہے۔۔۔

اووووووووے۔۔۔۔۔اگر اسے ہاتھ بھی لگایا تو تمہاری جان لے لوں گا کتے تو جو کوئی بھی ہے۔تو چاہے پتال میں بھی چھپ لے میں تجھے ڈھونڈ نکالوں گا۔۔

۔اگر اپنی زندگی چاہتا ہے تو میری بیوی سے دور رہنا۔۔بہت معصوم ہے وہ۔اگر تیری مجھ سے کوئی دشمنی ہے تو اس میں اس کا کوئی قصور نہیں ہے۔۔

۔شاہ میر جانتا تھا یہ جو بھی شخص ہے وہ اسے بہت اچھی طرح سے جانتا ہے۔مگر یہ کون تھا شاہ میر اس بات سے بالکل ناواقف تھا۔ہزاروں لوگوں کو سزائے دیتے ہوئے بہت سی دشمنیاں تھیں۔۔

۔اب یہ کون تھا دشمن تھا جو اس کے دل اور عزت پر وار کر رہا تھا شاہ میر پاگل سی کیفیت لیے کھڑا تھا۔۔

۔ہاہاہاہا۔۔۔۔۔ایک بات تو ماننی پڑے گی قسمت بہت تیز ہے اس لڑکی کی بھائی بھی جان چھڑکتا ہے۔۔اور شوہر بھی جان چھڑکتا ہے۔۔۔اس پر جان تو میں بھی چھڑکتا ہوں۔۔۔ہزاروں جسم کی خوشبو اپنے اندر بسائی، ہزاروں کو اپنے بستر تک لے کر آیا ہزاروں کے وجود کو نوچا مگر قسم سے جو مزہ تیری بیوی میں ہے وہ مجھے کہیں نہیں ملا۔۔۔

۔کتے کی اولاد گندگی سے پلے ہوئے شخص میں تیری جان لے لوں گا۔اگر میری بیوی کے بارے میں بکواس کی تو تمہارے اتنے ٹکڑے کروں گا کہ تیری سات پشتے بھی گنتی رہے تو گن نہ سکے گی۔۔۔

۔شاہ میر دماغ غصے سے بھٹا جا رہا تھا اس کی گندے الفاظ سن کر۔۔

۔پہلے ڈھونڈ کر تو دکھا دھمکیاں بعد میں دے لینا۔۔۔میں ذرا اس کی جسم کی خوشبو سونگ لوں۔۔۔باقی کا کام تمہاری دوسری کال کے بات کروں گا۔۔۔بہت اچھا لگ رہا ہے اے سی پی تجھے اس طرح تڑپتے ہوئے دیکھ ۔۔۔۔بہت سارے حساب کتاب تھے۔۔۔چلو ایک ہی بار میں میں نپٹا رہا ہوں۔۔۔۔اتنا تڑپ مت تجھ سے پہلے کی نظر رکھی تھی میں نے اس پر۔۔۔۔وہ کہتے ہوئے فون بند کر چکا تھا۔۔۔۔

۔جبکہ شاہ میر پل پل مر رہا تھا۔۔اس کی جان نکل رہی تھی سانسیں رک رہی تھی دل درد سے بند ہو رہا تھا۔۔۔شاہ میر کو ہر لمحہ موت سے زیادہ بدتر لگ رہا تھا۔۔۔۔اسے کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کہاں سے شروعات کرے ہزاروں بڑے بڑے کیس نپٹانے والا اے سی پی شامیر ملک آج اس کا دماغ کام کرنا بند کر چکا تھا۔۔۔

۔مسئلہ اتنا نازک تھا کہ وہ کسی کو بتا نہیں سکتا تھا اسے نہیں گوارا تھا کہ کوئی اس کی بیوی کے بارے میں یہ سب جانے۔۔۔اسے آج اپنی ساری پاور فضول لگ رہی تھی۔۔۔

۔اے اللہ اس کی حفاظت کرنا اس کو اپنے حفظ و ایمان میں رکھنا۔اے اللہ تیرا یہ بے بس بندہ تیرے آگے سجدہ ریز ہے۔ تیرے عظمتوں کے آگے میرے حقیر سے بندے کی کوئی اوقات نہیں۔۔

۔اے اللہ اس کی عزت کو اپنے اپنے حفظ و ایمان میں رکھنا۔اللہ درندہ صفت شخص سے بچا لینا اس کو۔۔اے اللہ وہ بہت معصوم ہے۔۔اے میرے رب تو جانتا ہے کہ میں اس لڑکی کو اپنی سانسوں سے زیادہ پیار کرتا ہوں۔۔۔اسے کچھ ہوا تو میں مر جاؤں گا۔۔۔۔۔۔۔اے اللہ مجھے راستہ دکھا میں کیا کروں۔ میری سوچیں سمجھنے کی صلاحیت ختم ہو چکی ہے۔۔۔

۔میرے رب آج اپنی رحمت کے دروازے کھول دے مجھ پر۔۔۔کوئی اشارہ دے میں ڈھونڈ سکوں اپنی بیوی کو۔۔۔جب کچھ سمجھ نہیں آیا تو وہ بے بس ہو کر وضو کرتے ہوئے اپنے آفس میں ہی جائے نماز بچھا کر عصر کی نماز ادا کرتے ہوئے سجدہ ریز تھا۔۔۔

oooooooo

۔وہ آنکھیں ملتی ہوئی ہوش میں آئی تھی۔میں کہاں ہوں یہ کون سی جگہ ہے وہ سوچ رہی تھی۔کہ اسے سب کچھ فلش بیک میں یاد آنے لگا تھا۔کیسے اسے ایک انجان نمبر سے فون آیا تھا کہ اس کے بھائی کا رومان شاہ کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔اس کی حالت بہت سیریس ہے اس فون کرنے والے شخص نے یہ بھی بولا تھا۔اس نے روتے ہوئے میر کو فون کیا تھا مگر اس کا بھی فون بند جا رہا تھا۔

۔پھر وہ گھر میں کسی کو بتائے بنا گھبرا کر اپنی چادر سر پہ لپیٹتے ہوئے اللہ بخش ڈرائیور کے ساتھ گھر سے نکلی تھی۔بنا کسی کو انفارم کیے۔

۔بی بی جی ہم نے کہاں جانا ہے اللہ بخش ڈرائیور نے مرہا کا گھبرایا ہوا چہرہ دیکھ کر پوچھا تھا مرہا نے اسی ہاسپٹل میں جانے کو کہا تھا جو انجان نمبر سے آنے والی کال سے اسے بتایا گیا۔۔

۔اسے یاد تھا کہ وہ گھر سے کچھ ہی دور تھے جب ان کے پیچھے دو گاڑیاں لگی ہوئی تھی۔ڈرائیور بہت گھبرایا ہوا تھا اس نے بتایا تھا کہ بی بی جی ہمیں کوئی ٹریک کر رہا ہے۔۔

۔اس سے پہلے کہ وہ سنبھلتے وہ گاڑیاں بالکل دونوں طرف سے ان کی گاڑی کو کور کیے ہوئے تھی۔ بائی پاس سے ایک ویران سائیڈ پر جانے پر مجبور کر رہی تھی۔۔۔

۔ویسے بھی جس ہاسپٹل کا نام بتایا گیا تھا وہ شہر سے دور تھا اس سائیڈ پر ٹریفک بھی بہت کم تھی۔ مرہا کو آخری وقت یاد تھا کہ جب وہ ہاتھ جوڑے ہوئے ڈری ہوئی سیٹ پر بیٹھی۔ اللہ سے دعا کر رہی تھی۔۔۔۔

۔اسے وہ بھی یاد آ گیا تھا جب ڈرائیور کو گولی مار کر مار دیا گیا تھا۔ اس کے بعد کا مرہا کو کچھ یاد نہیں کیونکہ وہ شاید بے ہوش ہو گئی تھی۔ اور اب اس کی آنکھ کھلی تو اس نے خود کو ایک نیم روشنی والے بند کمرے میں پایا، جو کہ شاید کوئی بیس منٹ تھی۔۔۔

۔ڈر سے اس کا دل دھک دھک کر رہا تھا خاموشی کی وجہ سے اپنے دل کی آواز وہ اپنے کانوں میں صاف سن سکتی تھی۔

۔پسینے سے ہاتھ اور چہرہ بھیگا ہوا تھا خوف اتنا تھا کہ وہ اپنی جگہ پر ساکت بیٹھی کانپ رہی تھی۔کمرے میں اس وقت کوئی بھی موجود نہیں تھا۔اس نے اٹھ کر دروازہ کھولنا چاہا تھا۔ مگر اسے کہیں کوئی دروازہ نظر ہی نہیں آرہا تھا۔۔

۔میر آپ کہاں ہیں مجھے بچالے مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے۔وہ رو رہی تھی کانپتے ہوئے اپنے میر کو یاد کر رہی تھی۔اور خود کو کوس رہی تھی کیوں وہ گھر سے اس طرح نکلی اسے میر کی جانے سے پہلے نصیحتیں یاد آرہی تھی۔۔

۔کیسے وہ بار بار اسے اپنا خیال کرنے کے لیے کہہ رہا تھا۔کیسے وہ اسے جانے پہلے پاگلوں کی طرح پیار کر رہا تھا۔کیا میں اب کبھی میر سے نہیں مل سکوں گی۔۔۔

۔کیا میں ہمیشہ کے لیے اپنے میر سے الگ ہو گئی ہوں۔کون لے کر آیا ہے مجھے یہاں پر وہ روتے ہوئے اپنے دماغ میں سوالوں کا بھونچال لیے ہوئے تھی کہ اس سے کچھ قدموں کی آتی ہوئی آواز سنائی دی تھی۔۔

۔وہ اپنی جگہ پر گھٹنوں میں سر دیے ہوئے بیٹھی ہوئی کانپ رہی تھی۔اس میں ہمت ہی نہیں تھی کہ وہ اٹھ کر خود کے بچاؤ کے لیے کچھ کرتی۔

۔وہ ایسی ہی تھی بے حد کمزور ڈری ہوئی۔اس لیے میرا اس کے لیے اتنا خوف زدہ تھا۔۔۔آنے والا شخص بھاری قدموں کے ساتھ چلتے ہوئے اس کے قریب آکر کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔

۔اس کے پیروں کو میرہا بخوبی دیکھ رہی تھی اتنی ہمت نہیں تھی کہ وہ نظریں اٹھا کر اس چہرے کی جانب دیکھتی اس کا وجود کانپ رہا تھا۔۔

۔ہائے رے تم تو جوان ہو کر قیامت کی حد تک خوبصورت نکلی۔مجھے تو تیرا بچپن کا وجود نہیں بھولا تھا۔اب تو تم نشے کی پڑیا ہو پڑیا۔۔اس کے الفاظوں پر مرہا نے اپنی آنسوؤں سے بھاری پلکوں کو مشکل اٹھایا تھا۔۔۔

۔تم۔۔۔اس شخص کا چہرہ دیکھ کر خوف کے مارے مر جانا چاہتی تھی۔یہ وہی چہرہ تھا جس کی وجہ سے کئی راتیں مرہانے اپنی آنکھوں میں روتے ہوئے گزاری تھی۔۔۔

۔یہ وہی مانوس شخص تھا جو ایک چھوٹی سی معصوم بچی کے وجود کو اپنی حوس کا نشانہ بنا کر اسے کئی راتوں ذلت دیتا رہا تھا۔۔۔

۔یہ وہی شخص تھا جس کی وجہ سے میرہا خود کو اتنے سال ناپاک سمجھ کر خود سے نفرت کرتی رہی تھی۔۔

۔ہاں میری جان میں۔۔۔یاد ہوں میں تمہیں۔۔۔۔وہ نیچے بیٹھ کر اپنے ناپاک ہاتھوں سے اس گال پر رکھ کر سہلاتے ہوئے گندی نظریں اس کے سراپے پر مرکوز کیے ہوئے تھا۔

۔میں نے تجھے کہاں کہاں نہیں ڈھونڈا۔ تیرے جسم کی خوشبو آج تک نہیں بھولا میں۔۔اس کے نزدیک ہوتے ہوئے اس کے جسم کی خوشبو کو سونگتے ہوئے آنکھیں بند کر کے وہ اندر کو سانس لے رہا تھا۔۔

۔ہاتھ مت لگانا مجھے وہ روتے ہوئے ہمت کر کے اس کے ہاتھ کو جھٹک کر پیچھے کرتے ہوئے بولی تھی۔۔۔واہ تمہارے منہ میں تو زبان آگئی ۔۔۔شیرنی بن گئی ہو تم۔۔۔پہلے تو تیرے بھائی نے تیرے ارد گرد اتنا سخت کورج بنا رکھا تھا کہ میں جاہا کر بھی اتنے سالوں تک نہیں توڑ سکا۔۔۔

۔آخر تو میں نے تجھے پانے کی چاہ ہی ختم کر دی تھی۔۔۔میں نے شادی کر لی بچے پیدا کر لیے مگر پھر بھی تو میرے حواسوں پر سوار رہی۔۔۔

۔جب بھی بیڈ پر جاتا مجھے ہمیشہ تیری یاد ستاتی تھی۔ہائے کیا نشا ہے تیرے وجود میں تیرے چھوٹے سے جسم اتنا نشہ تھا۔اب تو کتنی رسیلی ہو گئی ہے۔چکنا پڑے گا۔۔۔

۔وہ اس کے بارے میں اتنی گندی باتیں کر رہا تھا کہ میرا کا مر جانے کو دل کر رہا تھا۔۔۔پوچھو گی نہیں اتنے سالوں بعد میں نے تمہیں ڈھونڈا کیسے ہائے۔۔

۔بد قسمتی سے تیرا شوہر میرا بہت قریبی دوست ہے نام کا۔۔ویسے تو وہ ہر جگہ سچائی کی مورت بن کر مجھے نقصان ہی دیتا ہے۔۔۔

۔بہت حساب کتاب تھے تیرے شوہر کے ساتھ آج ایک ہی جھٹکے میں دیکھو پورے ہو جائیں گے۔۔۔انگلی اس کی گردن پر رکھتے ہوئے لکیر کھینچتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔

۔شراب کی بو اس کے منہ سے اٹھ کر مرہا کے ناک سے ٹکرا رہی تھی۔مرہا کا سانس لینا تک دشوار ہو رہا تھا۔۔

۔اس دن جب تجھے میں نے تیری شادی کے دن دلہن بنے دیکھا اس دن سے تو میں پاگل ہو گیا تھا۔میرا دل کرتا تھا کہ تو میرے پاس ہو۔۔۔تجھے بے لباس دیکھنے کا اتنے سالوں سے میرا دل کر رہا تھا۔۔۔

۔اس دن تم نے مجھے دیکھا تھا۔۔دیکھا تھا ناوہ جاہلوں کی طرح ہنستے ہوئے بولا۔۔۔پھر تم مجھے دیکھ کر بے ہوش ہو گئی تھی پھر وہ تیرا بھائی اور تیرا عاشق شوہر تجھے ہاسپٹل لے گئے تھے۔۔۔

۔ایک بار پھر منصوبہ ناکام رہا تھا تجھے دیکھنے کا۔۔اس دن سے میں نے تیرا پیچھا کرنا شروع کر رکھا تھا۔۔بہت محنت کی اور جب مجھے پتہ چلا کہ گاؤں میں تیرے شوہر کی دشمنی خرم چوہدری سے چل رہی ہے تو مجھے لگا کہ اب تو راستہ صاف ہے۔۔۔۔

۔اب میں اگر تجھے اپنی رکھیل بنالوں گا تو تیرا شوہر چاہ کر بھی تجھے نہیں ڈھونڈ سکے گا۔۔اس کا شک تو سیدھا اسی خرم پر جائے گا۔جو صرف بے وقوفیاں کر سکتا ہے۔۔۔

۔اس میں اتنی تپ نہیں کہ وہ ایسے خوبصورت بدن کا رس چوس سکے۔۔اس شخص کے الفاظ اور نظریں اتنے گندی۔ مرہا سے سنے نہیں جارہییں تھے۔۔۔۔

۔میرے شوہر مجھے ڈھونڈلیں گے تمہیں پتہ نہیں ہے ان کی پاور کا۔۔۔وہ اتنے سارے گندے الفاظ سنتے ہوئے ہمت کر کے بولی تھی۔۔

۔ہاہاہاہا۔۔۔کیسے ڈھونڈیں گے ہر راستہ تمہیں بند کر چکا ہوں اگر تم اس خوش فہمی میں مبتلا ہو کہ وہ تمہیں ٹریس کر لے گا تو نہیں کر سکے گا۔۔۔۔

۔کیونکہ اپنے ہاتھ کو غور سے دیکھو۔ مرہا نے اپنے ہاتھ کی جانب دیکھا تھا ۔اس کا پریس بریسلٹ غائب تھا۔ جسے کو میرا اپنے موبائل سے ہمیشہ اٹیچ رکھتا تھا تاکہ میرہا کی لوکیشن ہر وقت اسے پتہ ہوتی۔۔۔

۔اس کا فون اپنے آدمیوں سے کہہ کر سمندر میں پھینکوا چکا تھا۔۔۔

۔کوئی راستہ نہیں تھا میر کا اس تک پہنچنے کا وہ اسے ہنس ہنس کر ذلیل کرتے ہوئے بتا رہا تھا۔۔وہ رو رہی تھی اور صرف اپنے رب سے دعا کر رہی تھی۔کہ اللہ اس درندے سے اس کی حفاظت کریں۔۔۔۔

۔چل کیا یاد کرے گی۔تیرے میر سے تیری بات کروا دیتا ہوں آخری بار ۔۔میں بھی تو تجھے تڑپتا ہوا دیکھنا چاہتا ہوں۔۔اتنے سال تیرے جسم کی بھوک میں میں بھی تو تڑپا رہا ہوں۔۔۔

۔اس نے نمبر ڈائل کیا تھا اور مائک کھول کر فون اس کے آگے کر دیا۔جیسے ہی شامیر کی آواز مرہا کے کانوں میں آئی میر ہانے تڑپ کر فون پکڑ لیا۔۔۔۔

!! ۔میر۔۔۔۔میر۔۔پلیز مجھے بچالیں

۔وہ روتی ہوئی میر کا نام پکار رہی تھی میری جان تم کہاں ہو۔پلیز مجھے گلو دو تم کہاں ہو۔مجھے نہیں پتہ میں کہاں ہوں۔۔۔یہ کوئی بند جگہ ہے۔۔شائید کوئی بیسمنٹ ہے وہ ارد گرد دیکھتے ہوئے بولی تھی۔۔۔۔

۔میر یہ وہی شخص۔۔۔۔۔۔اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتی وہ ہاتھ پہ پکڑی ہوئی ٹیپ اس کے منہ پر لگا چکا تھا۔۔۔۔پوکٹ سے رسی نکال کر اس کے دونوں ہاتھوں کو باندھ دیا۔۔۔۔فون نیچے گر چکا تھا شاہ میر کی مائک سے آواز سن کر میر ہا تڑپ رہی تھی۔۔وہ مر ہا مر ہا پکار رہا تھا۔۔اس کا منہ تو وہ گھٹیا شخص ٹیپ لگا کر بند کر چکا تھا وہ کیسے جواب دیتی۔۔۔

۔واپس فون اٹھا کر کان کو لگالیا۔اس کو بے باک نظروں سے دیکھ کر شیطانی مسکراہٹ ہنسا تھا۔۔

۔اے سی پی ہو گئی اپنی بیوی سے آخری بار بات۔۔۔آج کے بعد اسے بھول جانا۔آج کے بعد تم اس کی آواز کو بھول جانا۔۔۔۔۔

۔ویسے بھی تو اتنا خوبصورت ہے شادی کر لینا۔میرا مشورہ ہے اس کو چھوڑ دے میرے لیے۔۔۔اس کے جسم کی خوشبو نے مجھے پاگل کر رکھا ہے۔وہ کہتے ہوئے فون بند کر چکا تھا۔۔۔۔

oooooooooo

۔ہیلو۔۔۔ہیلو۔۔شاہ میر کے منہ پر ہی وہ کمینہ انسان فون بند کر چکا تھا

۔۔۔شاہ میر تو جیسے اپ۔ے حوش حواس سے بیگانہ ہو گیا تھا۔۔۔اس کا دل

کر رہا تھا کہ وہ اس ساری دنیا کو آگ لگا دے۔۔ مر ہا خود کو بچا لینا ورنہ تمہارا میر جیتے جی ہی مر جائے گا۔۔۔

۔اے مجھے کوئی راستہ دیکھا دے۔ مجھے نہیں پتہ کہ کون ہیں میرا دشمن۔ میرے رب میری بیوی میری عزت کی حفاظت کرنا۔۔۔

۔ خرم کے بارے میں وہ سب پتہ لگا چکا تھا۔۔ شاہ میر کے مقبر نے بتایا تھا کہ خرم پچھلے دو مہینوں سے گاؤں سے باہر نہیں گیا۔۔۔

۔اب شاہ میر کو پتہ تھا کہ اس کا دشمن کوئی اور ہے۔۔ خرم نہیں۔۔۔۔

مگر کون یہی بات اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی۔۔

۔وہ کراچی جانے کی تیاری کر رہا تھا، اسے کچھ پتہ نہیں تھا کہ مر ہا ہے اور وہ اسے کیسے ڈھونڈیں گا۔۔۔۔

oooooooooooo

۔مجھے ہاتھ مت لگاؤ کتے۔۔ وہ اپنا چہرہ ادھر ادھر کرتے ہوئے اس کے غلیظ ہاتھوں سے خود کو بچا رہی تھی۔۔ جب اس گھٹیا شخص نے معصوم سی مر ہا کی

روح کو چھلنی کیا تھا۔اس وقت اس شخص کی عمر تقریباً26سال تھی۔۔اور مرہا آٹھ سال کی معصوم سی بچی تھی۔۔۔

اس وقت اس شخص کی عمر42 تھی۔اس شخص کی اگر کو بیٹی ہوتی تو مرہا سے بامشکل چار پانچ سال کا فرق ہوتا۔۔۔۔

۔وہ درندا صفت انسان اسے اپنی جانب کھینچتے ہوئے اسے درندوں کی طرح نوچ رہا تھا۔۔۔آج کے اندر بچپن والا ڈراُجاگر ہو گیا تھا۔۔۔ہائے تیرا حسن شراب ہے تو۔۔اس کے گلے سے دوپٹہ اتار کر دور پھینک دیا۔۔۔وہ کانپتے ہوئے سسکیوں سے رو رہی تھی۔۔مرہا کا دل اپنے میر کو پکار رہا تھا۔۔۔۔

۔وہ درندگی بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے اس کی شرٹ کو اس کے وجود پر سے ہٹانا چاہتا تھا۔۔۔مگر اللہ نے اس کی حفاظت کی۔۔۔۔اسی وقت اس کا بجنے لگا تھا۔۔۔وہ ناگواری سے جیب سے فون نکالتے فون کان پر لگتے ہوئے

ایک دم سوفٹ لہجے سے بات کرنے لگا۔ مگر کچھ ہی دیر میں اس کے چہرے کے زاویے بدلنے لگے تھے۔۔۔

۔کیا بکواس کر رہے ہو۔اپنے کپڑے درست کرتے ہوئے کھڑا ہو گیا۔۔شائد فون پر کوئی بری خبر اسے سنائی گئی تھی۔۔

۔اگر میرے بیٹے کو کچھ بھی ہوا تو میں تمہاری جان لے لوں گا۔۔وہ چیختے ہوئے اسے وہی پر اسی حالت میں چھوڑ کر چلا گیا۔۔۔

۔مرہا نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا تھا۔وہ رو رہی تھی اس کے ہاتھ اور پاؤں وہ باندھ کر گیا تھا وہ جا کر بھی اپنی مدد نہیں کر سکتی تھی۔۔۔اس کے منہ پر ٹیپ لگی ہوئی تھی۔وہ کسی کو مدد کے لیے بھی نہیں پکار سکتی تھی۔۔۔۔کمرے میں روشنی نا ہونے کے برابر تھی۔۔اسے تو اندھیرے سے ویسے ہی بہت زیادہ ڈر لگتا تھا۔۔۔۔

۔وہ اپنے رب سے روتے ہوئے دعائیں مانگ رہی تھی۔۔۔وہ اپنے میر کا انتظار کر رہی تھی۔۔اسے لگتا تھا جیسے ہر بار اس کا میر اسے ہر پریشانی سے بچا لیتا تھا۔

۔ہر دکھ کے سامنے وہ ڈھال بن کر کھڑا ہو جاتا تھا۔۔آج بھی اس کا میر آئے گا۔اور بچا لے گا اسے اس درندہ صفت انسان سے۔۔۔اب مرہا کا یقین کتنا سچ ثابت ہوتا ہے۔یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا۔۔

ooooooooo

۔شاہ میر نے سارے سفر میں اپنے پولیس والے دماغ سے سوچتے ہوئے کچھ کلوا کٹھے کیے تھے۔۔۔

۔مرہا نے کہا تھا کہ شاہ میر یہ وہی شخص ہے۔۔۔اس سے آگے تو اسے بولنے کی موقع ہی نہیں دیا گیا۔۔۔اس کا مطلب کہ مرہا مجھے بتانا چاہتی تھی کہ

میں اس شخص کو جانتا ہوں۔۔۔کون ہے جس کے بارے میں وہ مجھے بتانا چاہتی تھی۔۔۔وہ اپنے ذہن پر زور دیتے ہوئے سوچ رہا تھا۔۔۔۔

۔وہ جو بھی ہے وہ رومان شاہ کو بھی بہت اچھی طرح سے جانتا ہے۔کیوں کہ اس شخص نے کہا تھا کہ پہلے اس کا بھائی جان چھڑکتا تھا۔اور اب اس کا شوہر ۔۔۔اس مطلب صاف تھا کہ یہ جوبی تھا صرف شاہ میر کا نہیں وہ رومان شاہ کا بھی دشمن تھا۔۔۔۔

۔اس یہ بھی کہا تھا کہ یہ تو پہلے سے بھی زیادہ خوبصورت ہو گئی ہے۔اس کا مطلب وہ مرہا کو بھی پہلے سے جانتا تھا۔۔۔

۔اتنے کلو کے بعد بھی وہ نہیں سمجھ پا رہا کہ وہ کون ہے۔۔۔

۔وہ اپنے گھر گیا اور سب کچھ تفصیل سے پوچھ کر سب یہ ہی بتایا کے مرہا بلکل ٹھیک۔اس کہا کے اس کی دشمنی کی وجہ سے مرہا پر جان لیوا حملہ کیا گیا تھا۔

۔اس نے یہ بھی بتایا کہ اللہ بخش ڈرائیور کو گولی لگی اور اس کی ڈیتھ ہو گئی ہے ۔۔۔اسل میں شاہ میر کو آتے ہی خبر مل گئی تھی کہ لانڈھی والی ویران سی سائٹ پر اس کے ڈرائیور کو کسی نے گولی مار کر ہلاک کر دیا ہے۔۔۔

۔شاہ میر نے مرہا کی کڈنیپنگ والی بات سب سے چلا کی تھی۔۔وہ کیسے اپنی بیوی کی عزت پر حرف آنے دیتا۔۔۔

۔بیٹا مرہا ٹھیک تو ہے۔۔اس کی ماں نے اپنے بیٹے کی زرد رنگت کو دیکھ کر سوال کیا تھا۔۔۔۔

۔جی ماما وہ بلکل ٹھیک ہے ابھی خطرہ لاحق ہے تو اس لیے میں اسے ابھی گھر نہیں جا سکتا۔۔۔اور آپ کو مرہا پر ہونے والے اٹیک کے بارے میں کسی سے بھی کچھ نہیں کہو گے وعدہ کرے۔۔۔۔

۔ہاں بیٹا۔۔ے فکر رہو ہم کسی سے کچھ نہیں کہیں گے۔۔۔۔اس ماما اور بابا نے اسے تسلی دیتے ہوئے کہا۔۔۔

۔ماما میر اٹرانسفر اسلام آباد میں ہو گیا ہے اور کچھ دن میں مرہا کو لے کر انڈر گراؤنڈ رہوں گا۔۔آپ لوگ پریشان مت ہونا۔۔۔۔

۔س میری جان اپنا اور مرہا کا بہت خیال رکھنا۔۔شاہ میر کے ماما ایموشنل ہو کر روتے ہوئے اپنے بیٹے کے ماتھے پر ممتا سے بھرے ہوئے انداز میں چومتے ہوئے رو رہی تھی۔۔۔۔۔

۔میری پیامانا رونا نہیں ہے سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔۔آپ نے ہمارے لیے بہت سی دعائیں کرنی ہے۔۔۔۔وہ اپنی ماں کا تسلی دے رہا تھا۔۔۔۔

۔سچ میں تو شاہ میر کے دل حالت اس زخمی شیر کے جیسی تھی۔۔۔ماما اللہ بخش کے گھر والوں کی ہر طرح سے مدد کریں۔۔۔اس کے بیوی بچوں کو کسی بھی طرح کی کوئی تکلیف نہیں ہونی چاہیے۔۔۔وہ اللہ بخش کی فیملی کے بارے میں تاکید کرتے ہوئے۔وہاں سے انجان راستے پر اللہ کی ذات کا آسرا لیے اپنی جان کو تلاش کرنے کے لیے نکل پڑا تھا۔۔۔۔

۔تُجھ سے بچھڑے ہیں تو حُسن اِتفاق تو دیکھ سارے شہر میں جُدائی کی وبا پھیل گئی۔۔۔۔شاہ میر کو پورے شہر میں ہر طرف ویرانیوں کے ڈیرے نظر آرہے تھے۔۔۔۔۔

۔یہ روشنیوں کا شہر آج اسے اپنی جان کے پاس جانے والا راستہ دیکھانے سے قاصر تھا۔۔

۔میں تصّور بھی جُدائی کا بھلا کیسے کروں
میں نے قسمت کی لکیروں سے چُرایا ہے تُجھے۔۔اس کی تصویر کو موبائل سکرین پر دیکھتے ہوئے لبوں سے عقیدت سے چومتے ہوئے اپنی آنکھوں سے آنسوں صاف کیے تھے۔۔۔

۔وہ اپنے ویران دل کو لیے اپنی جان اپنی زندگی کو پاگلوں کی طرح تلاش کر رہا تھا۔۔۔

۔وہ پل پل مر رہا تھا اسے تلاش کرتے ہوئے۔وہ کہاں تھی۔اسے کچھ خبر نہ تھی۔۔۔۔ مگر وہ جہاں بھی تھی زندہ تھی۔۔۔۔۔کیونکہ اس کا دل دھڑک کر اس بات کے گواہی دے رہا تھا۔کہ وہ بھی سانس لے رہی ہیں۔۔۔

۔۔انجان راستوں پر اکیلا اسے تلاش کرنے لگا تھا۔۔۔

۔وہ سوائے رومان شاہ کے کسی کو بتانے کی ہمت نہیں رکھتا تھا۔۔اس ایک وہی شخص تھا جس کے لیے مرہا کے آبرو اتنی ہی عزیز تھی۔ جتنی کے اس اپنے لیے تھی۔۔۔۔

۔مگر رومان شاہ اس وقت آؤٹ آف کنٹری تھا۔۔۔اس کے بزنس میں کوئی بہت بڑی پرابلم تھی۔ جس کے لیے وہ ترکی گیا تھا۔۔اس جانے سے پہلے تایا تھا کہ اس نہیں پتہ کہ کتنے دن اسے وہاں پر لگ سکتے ہیں۔۔۔۔

۔اور اب تو شدید سردی اور دھند کی شدت سے فلائٹ اگلے چار سے پانچ دنوں کے لیے بند تھی۔۔۔

۔اس نے آج صبح ہی تو نیوز میں دیکھا تھا۔۔۔اب ایسے میں وہ رومان شاہ کو مرہا کے بارے بتا کر پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔اسے پتہ چلتا تو فوراً واپس آنے کی کوشش کرتا مگر فلائٹس کے پابندی کی وجہ سے وہ وہی پر تڑپا تا رہتا

۔۔۔

۔اس نے رومان شاہ کو بتانے کا بھی ارادہ ترک کر دیا۔۔۔اور اللہ کو یاد کر کے اکیلا ہی چل پڑا تھا۔۔۔۔۔اسے ہر حال میں مرہا تک پہنچنا تھا۔۔اگر مرہا کو کچھ ہو گیا تو میں خود کو شوٹ کر لوں گا۔کیا فائدہ ہے شاہ میر تمہاری بہادری کا جب تم اپنی بیوی کو ہی حفاظت نہیں دے سکے اسے خود پر غصہ آرہا تھا۔۔۔

۔میری جان کہاں کچھ تو کلوز چھوڑ دو جس سے میں تم تک پہنچ سکوں۔اے اللہ مجھے راستہ دکھادے میں نہیں اس لڑکی کو کھو سکتا۔۔۔اس کی آبرو کی حفاظت کرنا۔۔۔۔تو چاہے تو اس کے بدلے میری جان لے لے مگر اس کی

حفاظت کرنا میرے رب۔۔۔وہ وہ ویران دل کے ساتھ سوچتا ہوا اپنے رب سے دعائیں کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔پاگلوں کی طرح گاڑی کو سڑکوں پر بھگاتے ہوئے سارے کلوا پنے دماغ میں اکٹھے کیے جا رہا تھا۔۔

oooooooooo

۔آآآ!!۔۔وہ دبھی دبھی سسکیاں لے کر رو رہی تھی۔۔۔وہ کانپتے ہوئے وجود سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔وہ آہستہ آہستہ اس کے قریب آتا جا رہا تھا۔۔۔

۔مرہا کی ڈر سے جان نکل رہی تھی۔۔وہ موٹا تازا چوہا اپنی مونچھوں کو ہلاتے ہوئے اس کے قریب آکر کھڑا ہوا اسے بڑے غور سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

۔مرہاڈر کر پیچھے کی طرف کھسکنے لگی تھی۔۔۔اہ اہ اہ اوہ!!درد کی شدت سے اس منہ پر ٹیپ ہونے کے باوجود بھی اس کی منہ دبھی دبھی آواز باہر کوئی سن کر غور کرنے لگا۔۔۔

ooooooooooo

ڈاکٹر میرے بیٹے کو کچھ ہوا تو میں تمہاری جان لے لوں گا۔سلار سائیگل" پاگلوں کی طرح ڈاکٹر کے ساتھ چیختے ہوئے اپنی اکلوتے بیٹے کی زندگی بچانے کے لیے لڑ رہا تھا۔۔۔۔

۔سب لوگ اس شخص کی بے بسی دیکھ رہیں تھیں۔۔۔سلار سائیگل کی جان بستی تھی اپنے بچوں میں وہ دنیا کا سب سے گندہ انسان تھا مگر اپنی اولاد کو بہت زیادہ پیار کرتا تھا۔۔۔۔

۔اس کے بیٹے کا آج ایک کار ساتھ ہیوی بائیک ٹکرانے سے ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا۔ سلار سائیگل کے بیٹے احمد سلار سائیکل کو بائیک چلانے کا بہت شوق تھا

۔۔۔۔

۔اس کی عمر ابھی ایسے شوق پالنے والی نہیں تھی مگر اپنے باپ شہ پر احمد سلار سائیگل اکسر بائیک کی ریس لگاتا تھا۔۔آج بھی وہ یہی کر رہا تھا کہ سامنے آنے والی کار کی زد میں آکر وہ بہت بری طرح سے زخمی ہو کر ہاسپٹل میں پہنچ گیا تھا۔۔۔۔۔

۔سر ہمت رکھے اور سچائی کا سامنا کریں۔آپ کے بیٹے کی حالت بہت خراب ہے۔ہم آپ کو کو جھوٹا دلاسہ نہیں دینا چاہتے۔۔۔۔اگر آپ کے بیٹے کی زندگی بچ بھی گئی تو وہ نا تو ساری زندگی چل سکے گا اور نا ہی بول سکے گا۔۔۔۔

۔ڈاکٹر بکواس بند کرو۔اگر میرے بیٹے میرے کچھ ہوا تو میں تمہیں زندا گاڑ دوں گا۔۔جتنا پیسا لگتا ہے لگاؤ مگر میرے بیٹے کو پہلے جیسا کرو۔۔۔وہ اپنے سینسز میں نہیں تھا۔۔۔سلار صبر کریں اور اس رب کے سامنے پیش ہو کر اپنے گناہوں کی معافی مانگیں۔۔۔

۔شائد خدا آپ کو معاف کر دیں اور ہمارے بیٹے کی جان بچ جائے۔اس بیوی جو اس بلکل پاس ہی بیٹھی ہوئی تھی۔ڈاکٹر کے جانے کے باد وہ اس کی پیٹھ تھپتھپاتے ہوئے بولی تھی۔۔

۔سلار نے اک اٹھا کر روتی ہوئی سرخ آنکھوں سے اپنی بیوی کی جانب دیکھا تھا۔۔آج پہلی بار اسے اپنی کی بات پر غصہ نہیں آیا تھا۔۔۔

۔اس کے اندر کے انسان نے اسے جھنجوڑتے ہوئے کہا کہ اس کی بیوی سہی بول رہی ہیں۔۔۔وہ وضو کر جا کر جائے نماز پر ہاتھ باندھے کھڑا اللہ سے طوبہ کر رہا تھا۔۔اسے خود یاد نہیں تھا کہ آخری بار اس نماز کب پڑی تھی

۔۔۔

۔جب سے ہوش سنبھالا تھا گناہ ہی گناہ کرتا رہا۔۔۔۔

۔وکالت پاس کی تو اس پیشے کو سہی طرح استعمال ہی نہیں کیا۔پیسے کے نشے میں سہی اور غلط کا فرق مٹا کر بس پیسے کے پیچھے لگا انسان سے جانور بن گیا۔۔۔آج اپنے بیٹے کی زندگی مانگتے ہوئے وہ اپنے گناہوں پر بہت شرمندہ تھا۔۔۔

۔اللہ کب کسی گناہ گار بندے کو سیدھے راستے پر گامزن کر دے کسی کو نہیں پتہ ہوتا۔۔۔آج وہ اپنے ہر عمل کی اپنے رب سے معافی مانگ رہا تھا۔۔

۔آپریشن تھیٹر میں اس کے بیٹے کا آپریشن چل رہا تھا۔۔۔ڈاکٹرز کی جانب کوئی اچھا رسپانس نہیں تھا۔۔۔پاس بیٹھی ہوئی اس کی بیوی بھی جائے نماز پر رو رہی تھی۔۔۔وہ جانتی تھی کہ آج اس کے شوہر کے گناہوں کی سزا ان کی اولاد کو مل رہی ہے۔۔۔

۔بیٹی جو اتنی نفرت کرتی تھی اپنے باپ سے کہ بہت کم عمر میں ہی اس نے اپنی جان لینے کی کوشش کی تھی۔۔جب اس نے دیکھا تھا کہ اس کا باپ ہر دن ایک نئی عورت کو اپنے گھر میں لاتا ہے۔اتنی ناسمجھ نہیں تھی کہ اسے یہ سمجھ نہ آتا کہ وہ کس طرح کا شخص ہے۔۔۔اس کی زندگی بچانے کے لیے اسے اپنے بھائی کے گھر چھوڑ دیا تھا۔۔۔وہ اپنا گھر ہوتے ہوئے بھی نہیں آتی تھی۔۔۔۔

۔اور بیٹا جو زندگی اور موت کے بیچ میں جھول رہا تھا یہ سب اس شخص کے گناہوں کی سزا تھی جس کو اس بچے اور اس کی بیوی بھگت رہے تھے۔۔

oooooooooo

۔وہ روتی ہوئی آنکھوں کو صاف کرتے ہوئے کالج سے باہر جا رہی تھی۔۔کہ سامنے سے آتے ہوئے کسی شخص سے وہ ٹکرائی تھی۔۔۔وہ لڑکھڑاتے قدموں سے گرنے لگی تھی کہ مقابل نے اس کی قمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے گرنے سے بچالیا۔۔۔۔

۔شفا آپ ٹھیک ہو!!نیو پروفیسر کی بھاری مردانہ آواز سے شفا نے اپنی آنکھوں کو صاف کرتے ہوئے خود کو سنبھالتے ہوئے پیچھے کیا تھا۔۔۔

۔میں نے پوچھا شفا کیا آپ ٹھیک ہو!اس کو مسلسل روتے ہوئے دیکھ پروفیسر نے اپنا سوال دہرایا تھا۔۔۔

۔سر میرے بھائی کا ایکسیڈینٹ ہو گیا ہے۔وہ ہاسپٹل میں ہے۔وہ روتے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔آؤ مائی گاڈ۔پروفیسر نے بہت افسوس سے کہا

۔۔۔۔

۔کس ہاسپٹل ہے آپ کا بھائی؟؟

!سر سید ہاسپٹل میں

چلے میرا گھر بھی اسی طرف ہے میں آپ کو چھوڑ دو گا اور آپ کے بھائی سے بھی مل لوں گا۔۔۔

!۔نہیں سر میں چلی جاؤں گی

میری گاڑی آ گئی ہے۔۔

۔اوکے آپ چلے اپنی گاڑی میں میں بھی آپ کے پیچھے پیچھے آرہاہوں۔۔
آپ پریشان نہیں ہوں انشاءاللہ آپ کا بھائی ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔۔
پروفیسر نے تسلی دیتے ہوئے کہا۔۔

۔جی سر تھینک یو وہ کہتی ہوئی کالج گیٹ سے باہر نکل آئی تھی۔۔سامنے ہی اس باپ کی بڑی سے خوبصورت گاڑی اس کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔کوئی اور وقت ہوتا تو شاید وہ کبھی اس گاڑی میں سوار نہیں ہوتی۔۔مگر اس وقت اسے اپنے اکلوتے بھائی کے پاس جانا تھا۔جو زندگی اور موت کے بیچ جھول رہا تھا

۔۔۔

۔اسے نفرت تھی اپنے باپ کی جائیداد سے۔دولت شہرت سے۔۔وہ اپنے ماموں کے پاس ہی رہتی تھی۔۔۔کچھ دن پہلے جب اس کے ماموں کے بیٹے کی شادی تھی۔۔اس کی ملاقات ہوئی تھی۔۔۔

اپنے بھائی سے احمد کتنا خوش لگ رہا تھا وہ بھی اپنی بہن سے بہت پیار کرتا تھا ۔۔ مگر اس کے باپ کے حد سے زیادہ لاڈ پیار نے اسے صحیح اور غلط کا فرق نہیں سمجھایا تھا۔۔۔

۔آج اسی شخص کے وجہ سے اس کا بھائی زندگی اور موت کے بیچ لڑ رہا تھا وہ کلاس میں تھی جب اسے فون آیا کہ اس کے بھائی کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔۔۔

۔اس کی حالت بہت زیادہ سیریس ہے شفا کی جان نکل گئی تھی یہ سن کر، ماہی بھی نہیں تھی جس کے ساتھ رو کر اپنا دل ہلکا کر لیتی۔۔۔۔ماہی اس دن کے بعد ابھی تک کالج نہیں آئی تھی۔۔۔جب سے پروفیسر نے اسے ڈانٹ کر بھیجا تھا۔وہ اپنے گھر گئی ہوئی تھی۔۔۔۔

ooooooo

۔شاہ میر نے اب تک جتنے بھی ثبوت اکھٹے کیے تھے۔اس سب کے حساب سے یہی ایریا لگ رہا تھا جہاں پر مرہا کو ہونا چاہیے۔۔یہ لانڈی کورنگی کی ایک ویران سی سائیڈ تھی۔۔۔جہاں پر تقریباً آبادی نہ ہونے کے برابر تھی۔۔۔

۔پاس سے ریلوے کی پٹڑی کچھ ہی دوری پر تھی۔۔۔شاہ میر سے جب اس آدمی نے فون پر بات کی تھی تو شاہ میر نے سنی تھی۔پیچھے سے آتی ہوئی ریلوے کی آواز۔۔۔۔

۔اور جب دوبارہ کال کی تو اس وقت دور کہیں سے کسی مسجد میں اعلان ہو رہا تھا جنازے کا اعلان کرتے ہوئے قاری صاحب نے جس مسجد میں نماز جنازہ ادا کرنے کا بتایا تھا۔۔۔شاہ میر نے جب پتہ لگایا تو وہ مسجد بھی یہاں پر پاس ہی تھی۔۔۔۔اس کا مطلب کہ مرہا کو اس شخص نے اسی جگہ پر رکھا ہوا تھا ۔۔۔مگر کہاں یہ بات بالکل اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی۔۔۔۔یہاں پر تو دور دراز چند ایک گھر تھے اور وہ بھی کافی غریب غربہ لوگوں کے۔۔۔

وہ پچھلے دو گھنٹوں سے اپنی جیپ لیے اسی ایریے میں گھوم رہا تھا۔اس نے صبح سے کچھ نہیں کھایا تھا۔۔۔آج دوسرا دن ختم ہونے والا تھا۔ مگر اسے نہیں پتہ کہ میرہا کہاں تھی۔۔۔۔۔۔جیپ کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے کھڑا خالی نظروں سے سوچ رہا تھا۔۔۔۔۔

۔بھوک اور تھکن سے سر میں شدید درد کی لہریں دوڑ رہی تھیں۔۔اس وقت اسے نہ کچھ کھانے کا ہوش تھا نہ پینے کا، بس اسے تو ہر حال میں مرہا تک پہنچنا تھا۔۔۔

۔اے اللہ مجھے تیرے سوا کوئی آسرا نہیں ہے مجھے راستہ دکھا مجھے پچادے اس تک۔ کوئی تو اشارہ دے میرے رب وہ اکیلا کھڑا ہوا گاڑی کے ساتھ ٹیک لگائے رو رہا تھا۔۔۔۔

۔اپنے آنسوں صاف کرتے ہوئے وہ خالی نظروں سے اس کالی سیاہ بلی کو دیکھ رہا تھا جو کب سے ایک ہی جگہ پر بیٹھ کر اپنے پنجوں سے مٹی کو کرید کر پیچھے کر رہی تھی۔۔۔۔۔

۔ایک پلاسٹک بیگ تھا جو مٹی کے اندر دبا ہوا تھا جو اس کے پنجے کے ساتھ وہ اٹک گیا۔وہ پلاسٹک شاپنگ بیگ سے خود کو چھڑوانے کی کوشش میں اچھل رہی تھی۔۔شاید وہ ڈر رہی تھی کہ یہ اس کے پاؤں سے کیا لگ گیا ہے۔۔۔۔

۔شاہ میر خالی نظروں سے اس کالی سیاہ بھیانک بلی کو بڑے غور سے دیکھ رہا تھا۔جب اسے کچھ عجیب سا محسوس ہوا وہ چلتا ہوا اسی جگہ پر آ گیا جہاں پر وہ بلی کچھ دیر پہلے مٹی کرید رہی تھی۔کیونکہ وہ تو شاہ میر کو دیکھ شاپنگ بیگ سمیت ہی بھاگ چکی تھی۔۔۔۔

۔ایک چھوٹے سے سوراخ سے سے ہلکی سی روشنی نظر آئی تھی جس کو وہ دور سے محسوس کرتے ہوئے یہاں تک آیا تھا۔۔۔رات ڈھلنے لگی تھی اس لیے ہلکی سی روشنی بھی اندھیرے میں واضح محسوس ہوئی تھی۔۔۔

۔صرف روشنی ہی نہیں تھی شاہ میر نے جب اس جگہ پر جھک کر اپنا کان رکھا تو کسی کی دبی دبی سی سسکیوں کی آواز آرہی تھی۔ جیسے کوئی بہت تکلیف میں ہو، آواز بہت کم تھی۔ کبھی تو شاہ میر کو ایسے لگا کہ یہ اس کا وہم ہے۔۔۔

۔مگر پھر اس کے دل نے جس رفتار سے دھڑکنا شروع کیا تھا اس کے دل سے یہ آواز آئی کہ اس کی مرہا یہیں کہیں پر ہے۔۔۔

۔اس نے اپنے ہاتھوں سے پاگلوں کی طرح گھٹنوں کے بل بیٹھتے ہوئے ہاتھوں سے مٹی کو کرید کرید کر سائیڈ پر کرنا شروع کر دیا۔۔۔

۔پولیس والا تھا تو اس کا اندازہ بالکل ٹھیک نکلا کیونکہ کافی ساری مٹی ہٹانے کے بعد نیچے ایک کھڑکی تھی۔ جس کو شاہ میر نے کھولا تو نیچے شاید کوئی بیسمنٹ تھی کیونکہ سیڑھیوں سے نیچے اترنے کا راستہ نظر آرہا تھا۔۔۔۔

۔اسے مٹی کریدنے میں زیادہ مشکل نہیں ہوئی کیونکہ مٹی بالکل نرم تھی ۔کسی نے بس اس کھڑکی کو چھپانے کے لیے ہی اوپر ڈالی تھی۔۔۔

۔شاہ میر آہستہ آہستہ قدموں سے اپنی پسٹل کو سامنے کی طرف تانے ہوئے سیڑھیوں سے سنبھل سنبھل کر ایک ایک قدم نیچے اتار رہا تھا۔۔۔۔

۔اسے اندازہ نہیں تھا نیچے کیا ماحول ہے کتنے لوگ ہیں کیا خطرہ ہے۔وہ محتاط انداز سے نیچے اتر رہا تھا۔۔۔۔بیسمینٹ منٹ میں روشنی تقریباً نہ ہونے کے برابر تھی۔۔۔

۔مگر اب وہ جو سسکیاں تھی وہ اسے واضح سنائی دے رہی تھی۔کوئی تھا اندر جو شاید درد سے کرا رہا تھا۔اندر کوئی اور موجود نہیں تھا اس بات کا احساس اسے اندر آتے ہی اندازہ ہو گیا کیونکہ اگر کوئی ہوتا تو اس پر حملہ ضرور کرتا۔۔۔۔۔

۔اس کے آنے کی کسی کو کوئی خبر نہ تھی۔۔۔۔اب اس کے قدم آتی ہوئی سسکیوں کی جانب بڑے تھے۔۔اسے یہ پہچاننے میں دیر نہیں لگی تھی، کہ وہ اس کی جان تھی۔۔۔۔وہ مرہا تھی جس کے ہاتھ اور پاؤں بندھے ہوئے تھے منہ پر ٹیپ لگی ہوئی تھی۔۔۔۔۔

۔اس کے کپڑوں کی حالت ایسی تھی کہ شاہ میر کا دل پھٹنے کو تھا بازو پھٹے ہوئے تھے دوپٹہ گلے میں نہیں تھا کھلے ہوئے بال اور نازیبہ حالت کو دیکھ کر شاہ میر خود میں ہی مر گیا تھا۔۔۔۔۔۔

۔مگر پھر اسے اتنی تکلیف میں دیکھتے ہوئے بھاگ کر اس کے قریب گیا۔وہ ایک بڑا سا چوہا جو اسے پاؤں پر بار بار کاٹ رہا تھا۔۔۔۔جس کی وجہ سے وہ درد سے دیوار کے ساتھ لگی ہوئی رو رہی تھی۔۔۔۔

۔پاس پڑا ہوا ڈنڈا اٹھا کر شاہ میر نے اس چوہے کو مارا وہ بھاگا تھا مگر شاہ میر کی پکڑ سے بچ نہیں سکا۔دو ہی سیکنڈ میں شاہ میر نے اس کا خاتمہ کر دیا۔۔۔۔۔

۔وہ ایک ٹھنڈی آہ بھرتا ہوا مرہا کے پاس گھٹنوں کے بل بیٹھ کر اپنے سینے سے لگا گیا۔۔۔۔وہ رو رہی تھی۔وہ بھی رو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔مرہا کی اس

وقت جو حالت تھی ایک مرد کے لیے اپنی بیوی کو ایسے حال میں دیکھنا مرنے سے کہیں زیادہ تکلیف دہ تھا۔۔۔

۔پیچھے ہٹ کر اس کے ماتھے پر لب رکھ کر ماتھے کو چومتے ہوئے شاہ میر اس کے ہاتھ کھولنے لگا۔۔۔وہ بنا وقت ضائع کیے یہاں سے نکلنا چاہتا تھا۔۔۔ اسے نہیں اندازہ تھا کہ خطرہ اس سے کتنی دوری پر ہے۔۔۔۔۔

۔اس کے منہ سے ٹیپ ہٹائی میر مجھے پتہ تھا آپ مجھ تک پہنچ جائیں گے وہ روتے ہوئے شاہ میر کے گلے میں باہیں ڈال کر اونچی آواز میں سسکیوں سے رونے لگی تھی۔۔۔۔

۔شاہ میر نے اس کے پاؤں کھولے اور بنا جواب دیے اسے جھک کر اپنے کاندھے پر اٹھالیا۔۔۔۔ایک ہاتھ سے پسٹل کو تھامے وہ بہت محتاط انداز

سے سیڑھیوں کے اوپر چڑھتا ہوا تیزی سے اپنی گاڑی کی جانب آیا
۔۔۔۔۔مرہا کو گاڑی کی فرنٹ سائیڈ کا دروازہ کھول کر بڑے آرام سے اندر
بٹھایا اور دروازہ بند کرتے ہوئے دوسری جانب سے تیزی سے ہوتا ہوا جیپ
میں بیٹھ گیا۔۔۔۔۔

۔وہ فوراً سے پہلے یہاں سے نکلنا چاہتا تھا۔۔۔میر آپ مجھ سے بات کیوں
نہیں کر رہے۔کافی دیر کی خاموشی کے بعد جب وہ کافی دور آ گئے تو مرہا نے
روتے ہوئے میر کی گال پر ہاتھ رکھ کر پوچھا۔۔۔۔

۔مرہا خاموش ہو کر بیٹھی رہو اور میں نہ ہی بولوں تو زیادہ بہتر ہے۔۔گہر آلود
نظروں سے دیکھتے ہوئے شاہ میر نے اپنی خاموشی توڑی اور مرہا کا ہاتھ جھٹک
کر پیچھے کر دیا۔۔۔

۔میر آپ ایسا کیوں بول رہے ہیں ! ! اسے یقین نہیں آرہا تھا کہ میر اس کا ہاتھ جھٹک سکتا ہے وہ بھی جب وہ اتنی تکلیف میں تھی۔۔۔۔

۔تم میں نہیں پتا کہ میں ایسا کیوں بول رہا ہوں۔۔۔ تمہیں میں نے سمجھایا تھا کہ مر ہا تم اکیلی گھر سے نہیں نکلو گی۔اور اپنا خیال رکھو گی۔۔۔۔۔

۔اللہ نہ کرے آپ کو کچھ ہو اللہ آپ کو میری بھی عمر لگا دے۔۔ایسا دوبارہ مت بولیے گا۔۔۔۔محبت بھری نظروں سے دیکھ واپس سینے سے لگ گئی،وہ تڑپ گئی تھی میر کی اس بات سے۔۔

۔میری جان یہی حقیقت ہے۔جس طرح کی میں جاب کرتا ہوں۔موت ہر وقت میری ارد گرد رہتی ہے۔ایسے میں میرے ساتھ کبھی بھی کچھ بھی ہو

سکتا ہے۔۔میں چاہتا ہوں کہ میری بیوی اتنی مضبوط ہو کہ وہ اپنی حفاظت کر سکے۔

باہوں کے گھیرے میں لیے ہوئے سر پر لب رکھ کر پیار سے چومتے ہوئے بولا۔۔

۔مجھے نہیں بننا مضبوط میں جیسی ہوں ٹھیک ہوں۔۔اللہ آپ کو ہمیشہ میرے سر پر سلامت رکھے۔۔ایسی گندی باتیں مت کریں میرے ساتھ۔۔اس سے تو اچھا ہے کہ آپ میرے منہ پر اور تھپڑ مار لیں۔۔وہ ڈر گئی تھی میر کی ایسی باتوں سے۔۔

۔میر ایسی غلطی کبھی دوبارہ نہیں کرے گا۔اور تم بھی ایسی بات کبھی دوبارہ مت کرنا۔۔۔تم میر کی ہو اور ہمیشہ رہو گے۔۔۔۔۔ہم دونوں کو صرف زندگی کی ڈور ٹوٹ کر ہی الگ کر سکتی ہے۔۔۔جیتے جی ہم دونوں کبھی ایک

دوسرے سے الگ نہیں ہوں گے۔۔۔میرا یہ بات ذہن نشین کر لو۔۔
محبت کی پناہوں میں لیے ہوئے کھڑا تھا۔۔۔

ooooooo

کیا کر رہی ہو؟؟شاہ زیب نے فون پر ہما سے کہا تھا جو اس وقت بیٹھی ہوئی مریضوں کی قطار کو چیک کر رہی تھی۔

۔لڈو کھیل رہی ہوں مریضوں کے ساتھ۔آہستہ سے سرگوشی کرتے ہوئے فون پر جواب دیا۔

۔اچھا مریضوں کے ساتھ بیٹھی ہوئی لڈو کھیل رہی ہو۔۔ذرا ہم غریبوں کا بھی خیال کر لو۔کچھ دیر ہمارے پاس بھی تشریف لے کر آئیں۔۔۔اور بھی کافی انٹرسٹنگ گیمز ہیں جن کے بارے میں، میں آپ کو بتا سکتا ہوں شرارتی ہو کر بولا تھا۔۔۔

۔میرے مریضوں کو میری بہت ضرورت ہے اس لیے مجھے آپ کی نئ نئ گیمز میں کوئی انٹرسٹ نہیں ہے۔۔۔وہ کچھ دیر کے لیے اپنی سیٹ سے اٹھ کر سائیڈ پر آکر کھڑی شاہ زیب سے بات کرنے لگی تھی۔اسے شاہ زیب کے ترسے ہوئے انداز پر ہنسی آرہی تھی۔

۔جناب ہم بھی آپ کے مریض ہیں۔۔فرق اتنا ہے کہ باقی مریضوں کا علاج سارے ڈاکٹرز کر سکتے ہیں۔۔جبکہ اس مریض عشق کا علاج صرف آپ کر سکتے ہیں۔۔تو مہربانی کر کے لنچ بریک پر مجھ سے آکر مل لیجئے گا۔صبح سے آپ کا دیدار نہیں ہوا مریض عشق تڑپ رہا ہے۔۔۔

۔ہائے اللہ شاہ زیب آپ کو ڈاکٹر نہیں قسم سے شاعر ہونا چاہیے تھا۔وہ اپنے ہونٹوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے بامشکل اپنے کہہ کے والی ہنسی کو روک رہی تھی۔

۔میری حالت کے مزے بعد میں لے لینا پہلے ظالم بیوی آجاؤ تھوڑی دیر کے لیے۔۔۔لنچ بریک ہے مجھے بہت بھوک لگ رہی ہے۔۔۔ صبح بھی ظالم لڑکی مجھے سوتا ہوا چھوڑ کر چلی گئی تھی۔

۔رات کو شاہ زیب ہما کو اکثر اپنے کیمپ میں لے جاتا تھا۔ مگر آج صبح شاہ زیب بہت گہری نیند میں سو رہا تھا۔۔رات کو اس کے سر میں بہت درد تھا۔ اس لیے ہما اسے پر سکون سویا ہوا دیکھ بنا اٹھائے ہی اپنی ڈیوٹی پر آگئی تھی۔۔۔

۔شاہ زیب اور ہما کی الگ الگ جگہ پر ڈیوٹی لگی تھی۔اس لیے ان کی ملاقات کافی کم ہو ہی ہو رہی تھی۔ڈاکٹرز کے پانچ گروپس بنائے گئے تھے۔۔

۔دو گروپ گاؤں کے ایک طرف تھے۔اور اور تین دوسری جانب تھے۔

۔یہاں پر مریضوں کی تعداد بہت زیادہ تھی۔اچھا میڈیکل نظام نہ ہونے کی وجہ سے لوگ الگ الگ بیماریوں میں مبتلا تھے۔

۔غریب غربا لوگ اپنا علاج نہیں کروا سکتے تھے۔اسی لیے یہاں پر کیمپ لگایا گیا تھا۔۔گاؤں کے ایک طرف آبادی تھوڑی کم تھی تو اس طرف ڈاکٹرز دو گروپ بھیجے گئے تھے۔۔

۔جبکہ دوسری طرف آبادی کافی زیادہ ہونے کی وجہ سے ڈاکٹرز کے تین گروپ اس طرف بھیجے گئے تھے۔جن کے رہنے کا انتظام بھی گاؤں کے دونوں الگ الگ سائیڈوں پر کیا گیا۔

۔شاہ زیب اور ہما ایک ساتھ آکر بھی زیادہ ٹائم ایک دوسرے کو نہیں دے پا رہے تھے۔اسی لیے شاہ زیب اسے لنچ پر بلا رہا تھا۔

۔دس منٹ تک آپ مجھے لینے آجایئے میرے پیارے عاشق شوہر ! ہنستے ہوئے بولی تھی۔۔۔

۔ہائے ڈاکٹر صاحبہ عاشق تو بنا دیا ہے آپ کی محبت نے ہمیں۔۔۔گہری سانس لیتے ہوئے بولا تھا۔۔۔

تجھے نہ دیکھوں تو چین مجھے آتا نہیں ! ! اک تیرے سوا کوئی اور مجھے بھاتا"

! ! نہیں کہیں مجھے پیار ہوا تو نہیں

۔بس کریں ڈاکٹر صاحب اگر کسی مریض نے آپ کو یوں عاشقوں کی طرف سونگ گاتے ہوئے سن لیا تو ان کا تو مر ہی ہو جانا ہے۔کچھ دیر اسی طرح باتیں کر کے دونوں ہنستے رہے اور پھر فون بند کر چکے تھے۔۔

oooooooooo

میرب۔۔۔میرب۔۔۔۔ہوں ں ں ں ! ! ! گہری نیند میں بامشکل میرب نے کہا تھا۔۔۔

ہوں ں ں ں ں۔ کی بچی اٹھ جاؤ میں تمہیں یہاں پر سونے کے لیے نہیں لایا! ! اٹھو میرے ساتھ ناشتہ کرو مجھے میٹنگ کے لیے جانا ہے۔ میرے جانے کے بعد پھر سو جانا اس پر سے کمبل کو کھینچتے ہوئے زبردستی بازو سے پکڑ کر اٹھا کر بٹھا دیا تھا۔۔۔۔

۔شاہ کیا ہے ! ! رات کو کوسا آپ سونے نہیں دیتے ہیں۔۔

۔کون سی میٹنگ ہے آپ کی صبح صبح۔۔۔ وہ بچوں کی طرح منہ کے زاویے بناتے ہوئے اپنی نیند خراب ہونے کا ڈنڈورا رو رہی تھی۔۔

۔ہاں تو میں تمہیں یہاں پر سونے کے لیے نہیں لایا شاہ کی جان ! ! اس کی گود میں سر رکھتے ہوئے لیٹ گیا۔

۔اس کی گردن میں ہاتھ ڈال کر تھوڑا سا اپنے سر کو اوپر اٹھا لیا۔۔ اس کی پنکڑیوں سے لبوں کا ملاپ کروا کر آنکھ کو ونگ کرتے ہوئے واپس گود میں سر رکھ لیا۔۔۔

۔شاہ!!!!آپ بہت تنگ کرنے لگے ہیں مجھے بہت نیند آرہی ہے۔ساری رات آپ نے مجھے سونے نہیں دیا۔اوراب صبح صبح زبردستی اٹھاکر بیٹھادیا ہے آپ کو مجھ پر ترس نہیں آتا۔۔وہ نیند کی شدت سے رودینے والی ہورہی تھی۔۔

۔شاہ کی جان!!شاہ بھی توساری رات نہیں سویامیں تو نہیں رورہاوہ اس کی حالت کودیکھ مسکرادیاتھا۔اس کی کے ہاتھوں کو پکڑ باری باری لبوں سے لگا اس کی آنکھوں میں دیکھ کربول رہاتھا۔وہ منہ سوجھاکر بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔

۔شکل سیدھی کرو!!جارہاہوں مجھے چارسے پانچ گھنٹے لگ جائیں گے۔اچھی طرح اپنی نیندپوری کرلیناہونٹوں پراپناانگوٹھارب کرتے ہوئے محبت برساتی نظروں سے دیکھ رہاتھا۔۔ابھی اٹھواورمیرے ساتھ ناشتہ کرو۔۔

۔شاہ مجھے ابھی ناشتہ نہیں کرنا شاہ مجھے بھوک نہیں ہے۔

۔میرب تمہیں اچھی طرح سے پتا ہے میں تمہارے بغیر ناشتہ نہیں کرتا۔ ڈرامے مت کرو اور اٹھ جاؤ تھوڑا سا ناشتہ کر لو اس کے بعد سو جانا۔۔۔

۔شاہ آپ بہت ظالم ہیں۔۔آپ کو بس ہر کام اپنی مرضی سے چاہیے۔۔ آپ کا سونے کو دل نہ کرے تو مجھے بھی سونے نہیں دیتے۔۔۔۔۔۔ بھر زبردستی صبح صبح اٹھا کر بیٹھا دیتے ہیں۔۔۔ کسی غریب کو بھوک نہ ہو تو زبردستی کھانا کھلاتے ہیں۔۔۔۔۔وہ بڑبڑ کرتی ہوئی شاہ کے سر کو اپنی گود سے نکال کر بیڈ پر رکھتے ہوئے بیڈ سے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

۔جوتے پہن کر دھن دھن کرتی ہوئی پاؤں پٹخ پٹخ کر واش روم میں جا کر بند ہو گئی۔ جبکہ شاہ بیڈ پر پڑا ہنس کر اس کی نیند سے بے حالی والی حالت دیکھ محظوظ ہو رہا تھا۔۔

ooooooooo

آئی ہیٹ یو بابا آئی ہیٹ یو!! میں بہت نفرت کرتی ہوں آپ سے، میں کیوں ہوں آپ کی اولاد۔ میرا دل نہیں چاہتا کہ میں آپ کو بابا بھی کہوں۔۔۔

۔آج آپ کی وجہ سے میں بنا گناہ کیے سزا بھگت رہی ہوں۔ پتہ نہیں یہ شخص میرے ساتھ کیا کرے گا۔۔۔شفا ایک کونے میں بیٹھی ہوئی سب سوچ کر رو رہی تھی۔

۔بھاری قدموں کی آواز پر وہ خود میں ہی سمٹ کر ڈری ڈری نظروں سے دروازے کی جانب دیکھنے لگی۔۔

۔لڑکی اٹھ کر کھانا کھاؤ شاہ میر کھانے کی ٹرے مجرموں کی طرح اس کے آگے فرش پر دھکیلتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

۔پل۔۔پلیز مجھے جانا دیں۔۔کانپتے ہوئے لبوں سے لفظوں کو توڑتے ہوئے بولی۔۔

۔چپ کر کے کھانا کھاؤ تمہاری بکواس سننے نہیں آیا میں۔ جتنی سزا کی تم مستحق ہو ابھی تو میں نے کچھ کیا ہی نہیں۔اور تم مجھ سے یہ امید لگائے بیٹھی ہو کہ میں تمہیں جانے دوں اتنا بے وقوف لگتا ہوں تمہیں۔یا تمہارے باپ نے ایسے کوئی اعلیٰ کارنامے سرانجام دیے ہیں جس کی وجہ سے میں تمہاری

معصوم شکل پر ترس کھا کر تمہیں چھوڑ دوں۔۔۔اس کے پاس ایڑیوں کے بل بیٹھ کر خون خوار نظروں سے دیکھتے ہوئے دھاڑتے ہوئے بولا تھا۔۔۔۔

۔اس کی آواز کی دہشت تھے وہ خود میں ہی ڈر کر سمٹ گئی تھی نفی میں سر کو ہلا کر پتہ نہیں کیا کہنا چاہ رہی تھی۔شاید یہ کہہ رہی تھی کہ وہ اب جانے کا نام نہیں لے گی۔۔

۔میر کون ہے یہ لڑکی؟؟کی وہ حیرانی سے شفا کو دیکھتے ہوئے میر سے مخاطب تھی۔۔

۔مرہا کی آواز پر دونوں نے چونک کر دروازے کی جانب دیکھا تھا۔پاؤں میں چوٹ کی وجہ سے بامشکل دروازے کی دہلیز کو پکڑ کر کھڑی تھی۔۔وہ شاہ میر کے غصے سے بھری اونچی آواز کو سن کر ہی نیند سے جاگی تھی۔

۔مرہامیری جان تم کیوں آئی ہو یہاں ! ! تمہارے پاؤں میں بہت زیادہ انفیکشن ہو چکا ہے تمہاری لاپرواہی کی وجہ سے۔شاہ میر اسے یوں بامشکل کھڑے دیکھ کر تیز قدموں سے اس کے پاس جا کر بولا تھا۔

۔میر میں نے پوچھا یہ لڑکی کون ہے اور یہاں کیا کر رہی ہے۔اور یہ رو کیوں رہی ہے۔مرہا شاہ میر کی بات کو نظر انداز کرتے ہوئے ایک ساتھ بہت سے سوال کر گئی۔۔

۔مرہا یہ جو کوئی بھی ہے تم اس کو چھوڑو اور چلو میرے ساتھ مرہا کو زبردستی اپنی گود میں اٹھا لیا۔۔۔

وہ روم کو کھینچ کر کر رہا تھا۔میر پلیز مجھے بتائیں یہ کون ہے ؟ وہ میر کے گلے میں باہوں ڈالے اس کے چہرے کی جانب دیکھ رہی تھی۔۔

۔وہ اپنے روم میں داخل ہوا تھا۔۔اس سے بڑی نرمی سے لا کر بیڈ پر بیٹھا دیا۔۔۔اس کے پیر کو غور سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔جہاں پر اب بھی کافی انفیکشن تھا۔۔۔اس جراثیم سے بھرے چوہے کے کاٹنے کی وجہ سے۔۔۔حالانکہ شاہ میر اسے ریگولر میڈیسن اور ٹریٹمنٹ دے رہا تھا۔۔

۔بھی آپ میری بات اگنور نہیں کر سکتے۔مجھے بتائیں وہ لڑکی کون ہے۔۔۔ اب کی بار مرہا تھوڑا اونچی آواز میں بولی تھی۔

۔مرہا ویسے تو تمہیں اس کے بارے میں جاننے کی ضرورت نہیں ہے۔پھر بھی تمہاری جانکاری کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ یہ لڑکی اپنی سزا کے تحت ہمارے گھر میں ہے۔۔۔پاؤں کی ڈریسنگ کرتے ہوئے نارمل سے انداز میں بتا رہا تھا۔۔

۔کیسی سزا۔۔وہ کس طرح سے لڑکی رو رہی تھی۔۔ معصوم سی بچی ہے وہ
۔جو مجھ سے بھی کہیں چھوٹی ہے۔۔آپ اسے کیوں سزا دے رہے ہیں۔۔
اس نے ایسا کیا کیا ہے۔۔۔ سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھ رہی تھی۔۔

۔مرہا تم میرے معاملات سے دور رہو۔جان تمہارا ان سب سے کوئی لینا دینا
نہیں ہے۔خاموش کرا دینے والے انداز سے بول کر پھر سے ڈریسنگ کرنے
لگا تھا۔۔

۔میر آپ بدل گئے ہیں۔آپ کہ یہ راز مجھے سمجھ نہیں آتے۔آپ چاہیں تو
مجھے تھپڑ مار سکتے ہیں۔۔ مگر مجھے اس بات کا جواب چاہیے۔۔وہ لڑکی کون
ہے اور ہمارے گھر پر کیا کر رہی ہے۔۔آپ کیا کرنے والے ہیں اس کے
ساتھ وہ ضدی انداز میں بول رہی تھی۔۔

آج کے بعد اگر مجھ سے یہ کہانا کہ میں تمہیں تھپڑ مار سکتا ہوں۔ تو مر ہا میں تمہاری جان لے لوں گا۔۔ شر مندہ ہوں میں اپنی اس غلطی کے لیے تمہیں کیا لگتا ہے کہ تمہیں تھپڑ مار کر مجھے بہت خوشی حاصل ہوئی تھی۔۔۔ اور رہی اس لڑکی کی بات تو اسے سزا کے لیے یہاں لے کر آیا ہوں۔

۔ تم چاہو تو اسے اپنی نوکرانی بنا کر اپنی خدمت کروا سکتی ہو۔۔ پورے گھر کا اس سے کام کروایا کرو۔۔۔ وہ مر ہا کے پاس بیٹھتے ہوئے اس کے خوبصورت چہرے کو محبت بھری نظروں سے نہارتے ہوئے بولا تھا۔۔

۔ وہ اتنی پیاری معصوم سی بچی ہے اور میں کیوں اس کو اپنی نوکر بناؤں اور اس سے اپنی خدمت دے کر واؤں وہ حیرانی سے بول رہی تھی۔۔

۔وہ بچی ہے اور تم دادی اماں ہو۔۔ تم تو خود ابھی تک بچی ہو پاگل لڑکی وہ اس کی بات پر مسکرا دیا تھا۔۔۔

۔میر آپ اسے چھوڑ کر آئیں اس کے گھر وہ کتنا رو رہی تھی۔۔ پلیز میر۔۔۔ وہ میر کے سخت بیر ڈوالے گالوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے منت گو انداز سے بول رہی تھی۔

۔اس کے باپ نے تمہاری معصومیت کو دیکھا۔۔۔ تم پر ترس کھایا نہیں نہ۔ تو مجھے بھی اس لڑکی پر ذرا برابر بھی ترس نہیں آرہا۔

۔مطلب کون ہے اس کا باپ!!! متلاشی نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھ رہی تھی۔۔

۔یواسی کتے سلارسلائیگل کی بیٹی ہے جس نے میری معصوم بیوی کو وہ کہتے ہوئے جبڑے بھینچ کر چپ کر گیا۔۔

۔یہ اس کی بیٹی ہے مجھے یقین نہیں آرہا۔۔۔وہ تو اتنا گھٹیا اور درندہ صفت انسان ہے۔۔۔ مگر میر یہ بہت معصوم ہے۔۔۔اس کی آنکھوں میں آپ نے ڈر دیکھا تھا۔۔۔اس کی آنکھوں میں وہی ڈر تھا میر جو اس گندے شخص کو دیکھ کر میری آنکھوں میں ہوتا تھا۔۔۔میر امیر کسی کے ساتھ کچھ غلط نہیں کر سکتا۔۔

وہ اس لڑکے کی ہمدردی میں اپنے نرم دل کے ہاتھوں مجبور رونے لگی تھی۔

۔کر سکتا ہے تمہارا میر بھی سب کچھ کر سکتا ہے۔۔میں اس شخص کو کبھی معاف نہیں کر سکتا۔۔۔ جس نے میری معصوم محبت کو روندنے کی جرأت کی ہے۔۔

۔میں نے اپنی زندگی میں آج تک کبھی کسی عورت کی عزت پر ہاتھ نہیں ڈالا۔۔ہمیشہ میں عورتوں کی عزت کے لیے لڑتا رہا۔۔۔اور میں اپنی بیوی کی حفاظت نہیں کر سکا۔یہ بات مجھے جینے نہیں دے گی۔۔۔اس لیے تم اس لڑکی کی ہمدردی میں مت بولو۔۔۔۔۔لہجہ تلخ ہونے لگا تھا ماتھے پر غصے سے نسیں ابھر آئی تھی۔۔

۔وہ جھٹکے سے اٹھ کر روم کا دروازہ کھول کر باہر نکل گیا تھا۔

۔نہیں میر نہیں۔۔ کبھی نہیں جو کچھ میرے ساتھ ہوا وہ میں کسی اور معصوم کے ساتھ کبھی نہیں ہونے دوں گی۔۔۔۔اور میر امیر ایسا نہیں کر سکتا۔۔۔ میں کبھی آپ کو اس طرح کے گناہ کی دلدل میں نہیں دھسنے دوں گی۔۔وہ فیصلہ کن انداز سے سوچ رہی تھی۔۔۔

oooooooo

۔شفا پہلی نظر میں ہی یہ سمجھ چکی تھی کہ یہ لڑکی اس شخص کے لیے بہت اہمیت رکھتی ہے۔وہ جو دیکھنے میں اتنا کھڑوس اور سخت لگ رہا تھا۔۔وہ اپنی بیوی سے بے حد پیار کرتا تھا۔۔۔دونوں کی آپسی دو سیکنڈ کی ملاقات سے ہی وہ سمجھ چکی تھی کہ یہ شخص اپنی بیوی پر جان چھڑکتا ہے۔۔۔

۔کیسے وہ اس کے پاؤں میں زخم دیکھ کر تڑپ کر اس کے پاس جا کر اسے گود میں اٹھا کر لے گیا تھا۔۔

۔وہ مسلسل اسی لڑکی کے بارے میں سوچے جا رہی تھی۔جو شکل سے ہی بے حد ہمدرد لگ رہی تھی۔۔کیا وہ میری مدد کرے گی۔۔۔کیا وہ یہاں سے جانے کے لیے اپنے شوہر کو منا لے گی۔۔کیا میں کبھی اپنے بھائی اور ماما سے

مل سکوں گی۔۔سارے سوال اس کے دماغ میں کہرام مچائے ہوئے تھے۔۔۔

۔اس کی زندگی کا کیا فیصلہ ہونے والا تھا اسے کچھ نہیں پتا تھا۔
۔وہ خالی نظروں سے بیٹھی ہوئی سامنے پڑی کھانے والی ڈش کو دیکھ رہی تھی ۔۔

۔اسے بہت بھوک لگ رہی تھی۔۔انسان جتنی بڑی مشکل میں ہو چاہیں سولی پر کیوں نہ لٹکا ہو۔بھوک تو آخر بھوک ہے۔ڈش کو اپنی جانب کھینچتے ہوئے ہڑ بڑائے ہوئے انداز سے کھانا کھا رہی تھی۔۔۔
۔جب روم کا دروازہ آہستہ سے کسی نے کھولا تھا۔۔۔شفا نے نوالہ منہ کے سامنے روکتے ہوئے روم کے دروازے کی جانب دیکھا۔۔جب مرہا

لڑکھڑاتے ہوئے چھوٹے چھوٹے قدم بھرتے ہوئے روم کے اندر داخل ہوئی۔۔

۔کھاؤ کھاؤ پلیز کھانا کھاؤ!! میں آپ کو کچھ نہیں کہوں گی پریشان مت ہوں۔اس کا گھبرایا ہوا چہرہ دیکھ میرہانے ہاتھ کے اشارے سے اسے ریلیکس رہنے کو کہا۔۔

۔اٹھ کر بیڈ پر بیٹھ کر کھانا کھائیں اسے زمین پر بیٹھے ہوئے کھانا کھاتے دیکھ میرانے اسے کہا تھا۔۔

۔پلیز آپ میری یہاں سے جانے میں مدد کر دیں۔میں آپ کا احسان کا بھی نہیں بولوں گی۔میری کوئی غلطی نہیں ہے۔میں تو خود اپنے باپ سے بہت نفرت کرتی ہوں۔۔۔میں بہت چھوٹی تھی جب اپنے ماموں کے پاس جا کر

رہنے لگی تھی۔۔۔اپنے باپ کی عیاش فطرت سے واقف ہو کر اپنا گھر ہوتے ہوئے میں گھر سے دور رہی۔۔۔

۔وہ کھانا چھوڑ بھاگ کر مرہا کے قریب آئی اور مرہا کے دونوں ہاتھ پکڑتے ہوئے التجائی نظروں سے دیکھ اپنی کہانی خود ہی بتا رہی تھی۔۔

۔پریشان نہیں ہوں۔۔۔آپ کا نام کیا ہے۔۔مرہا اس سے کہ آنسوں صاف کرتے ہوئے اسے اپنے ساتھ لگا کر چپ کروا رہی تھی۔۔

۔شی۔۔شفا!!وہ تھوڑی سی ہمدردی پاتے ہی بے اختیار رونے لگی۔۔

۔شاہ میر جب غصے سے روم سے نکلا تو وہ شاید گھر سے چلا گیا تھا۔شفا نے گھر میں دیکھا تو اسے شاہ میر کہیں نظر نہیں آیا۔

۔تو وہ اس لڑکی کے روم میں آگئی۔اس کا معصوم چہرہ میں مرہا کی آنکھوں کے سامنے سے جا ہی نہیں رہا تھا۔۔

۔شاہ میر نے جب اسے اپنی گود میں اٹھایا تو مرہانے بڑی چالاکی سے دو انگلیاں اس کی پاکٹ میں ڈالتے ہوئے روم کی چابی نکال لی تھی۔۔

۔دیکھو شفا تم پریشان نہیں ہو اور یہاں بیٹھو تم مجھے اپنی بڑی بہن ہی سمجھو۔۔۔اور آرام سے کھانا کھاؤ میں تم سے یہ وعدہ تو نہیں کر سکتی کہ تم یہاں سے جا سکتی ہو یا نہیں۔یا کب جاؤ گی مگر میں تم سے ایک وعدہ ضرور کر سکتی ہوں کہ میں تمہارے ساتھ کچھ غلط نہیں ہونے دوں گی۔۔۔

۔اسے بیڈ بیٹھاتے ہوئے تھوڑی دوری پر پڑی کھانے کی ڈش کو جھک کر بڑی مشکل سے مرہانے اٹھایا تھا۔پاؤں میں درد کی وجہ سے اس سے جھکا نہیں جا رہا تھا۔۔۔ڈش کو بیڈ پر پاس رکھتے ہوئے اس لڑکی کو کھانے کا بول رہی تھی۔۔

۔تمہارے باپ نے جو کچھ میرے ساتھ کیا اس کی وجہ سے، میرے ساتھ ساتھ میرے میر نے بھی بہت کچھ برداشت کیا ہے۔۔شفا تمہارا باپ بہت گندا انسان ہے تم نہیں جانتی کہ اس نے میرے ساتھ کیا۔کیا ہے مرہا اس کے پاس ہی بیٹھ گئی تھی۔۔۔مرہا نے بچپن سے جوانی تک کے سارے پس منظر کو اپنی زبان سے شفا کو سنایا تھا۔۔

شفا شرم سے مر رہی تھی اپنے باپ کی کرتوتیں سن ک، روہ حیران تھی کہ وہ اس شخص کو جتنا گندا سمجھتی تھی وہ تو اس سے بھی کہیں زیادہ گندا اور غلیظ تھا۔۔۔

۔مرہا کی زبان سے اس کی روح کو چھلنے کر دینے والی کہانی سن کر شفا روتے ہوئے اس کے گلے لگ گئی۔۔۔

آپی آپ کے شوہر میرے ساتھ جو کر رہے ہیں بالکل صحیح کر رہے ہیں۔
میں اسی سزا کے مستحق ہوں۔بے شک میری کوئی غلطی نہیں مگر وہ میرا
باپ ہے میں اس بات کو نہیں جھٹلا سکتی۔۔۔

۔اپنے شوہر کو کہیں جو بھی سزا دینا چاہتے ہیں وہ مجھے دے سکتے ہیں۔مرہا کی
رو پڑا تنے زخم لگے سن کر۔۔ سر خم کیے اپنی سزا کو تسلیم کرتے ہوئے بولی
تھی۔۔

۔پاگل ہو گئی ہو!! میں نے تمہیں یہ سب اس لیے نہیں بتایا! اور نہ ہی میں
تمہارے ساتھ کچھ غلط ہونے دوں گی! میں نے تمہیں میر کے درد کی وجہ
بتائی ہے۔۔۔

۔میر امیر ایسا نہیں ہے جو کسی عورت کے ساتھ غلط کرے۔وہ کبھی تمہارے ساتھ کچھ غلط نہیں کرے گا۔اس وقت اس کے دماغ پر جتنا غصہ حاوی ہے۔ وہ میری بات بھی نہیں سنے گا۔۔

۔مگر تم میرے میر کے بارے میں کچھ بھی غلط مت سوچو۔اور یہاں پر تم آرام سے رہہ سکتی ہو۔۔

۔تمہیں کسی بھی چیز کی ضرورت ہو تو تم مجھ سے کہہ سکتی ہو۔۔

۔میر جب سے تمہیں یہاں پر لائے ہیں مجھے نہیں پتہ تم کب آئی ہو۔مگر میرا دل بنا پوچھے اس بات کی گواہی دے سکتا ہے کہ اس نے تمہارے ساتھ کچھ غلط نہیں کیا۔اور نہ ہی وہ کبھی کرے گا وہ یہ سب کچھ اپنے غصے آگ کو ٹھنڈا کرنے کے لیے کر رہا ہے۔۔

۔تم کھانا کھاؤاور فریش ہو کر آرام سے کچھ دیر سو جاؤ۔میں تمہیں کپڑے دیتی ہوں۔

۔مرہااسے تسلی دے کر آہستہ آہستہ دیوار کا سہارا لے کر اپنے کمرے میں آئی۔۔اور وہاں سے اپنے دو تین ڈریس نکال کر شفاوالے روم میں واپس آگئی تھی۔۔۔

۔تم فی الحال یہ کپڑے رکھ لو پھر میں تمہارے لیے کپڑوں کا انتظام کر دوں گی۔۔اسے کپڑے تھماتے ہوئے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر دلاسا دیتے ہوئے روم سے کیا چکی تھی۔

۔اتنی اچھی لڑکی کے ساتھ کیا، کیا آپ نے ! کیوں کیا ایسا۔۔۔۔جو اپنے ساتھ اتنا کچھ غلط ہونے کے باوجود آپ کی بیٹی کو تحفظ دینے کی کوشش کر

رہی ہے۔۔۔وہ دونوں ہاتھ اپنے چہرے پر رکھے ہوئے سسکیاں لے کر رونے لگی تھی۔

oooooo

وہ دلہن کے جوڑے میں اپنے سائیں کے بیڈ پر بیٹھی ہوئی تھی۔یہ بیڈ اس کے لیے نیا نہیں تھا نہ ہی سائیں۔۔ مگر جو آج جذبات تھے وہ بالکل مختلف تھے۔۔آج وہ پوری عزت کے ساتھ اپنے بڑوں کی دعائیں لے کر پورے حق سے اس روم میں بیٹھی تھی۔۔

۔بڑی سادگی سے بیا کی رخصتی ہوئی تھی صرف اس کے ننیال والوں کو ہی بلوایا گیا تھا۔چوہدری صاحب کا کوئی بہن بھائی نہیں تھا۔۔

۔ایک بھائی تھا جو بہت پہلے دنیا سے چلا گیا۔اس لیے صرف گھر کے افراد اور بیا کے ننیال والوں کے سامنے ایک چھوٹی سی تقریب میں بیا کو رخصت کر کے دلہن کے جوڑے میں اس کے کمرے میں بٹھا دیا گیا تھا۔۔

۔وہ دھڑکتے دل میں ہزاروں جذبات لیے اپنے سائیں کا انتظار کر رہی تھی۔۔کچھ انتظار کے بعد روم کا دروازہ کھلا دروازے سے آتے جانے مانے پرفیوم کی خوشبو کو محسوس کرتے۔بنا پل کے اٹھائے وہ سمجھ گئی تھی کہ یہ اس کا سائیں ہے۔اس خوشبو کو اب تو اس نے کئی بار بہت نزدیک سے محسوس کیا تھا۔۔

۔اسلام علیکم۔۔وہ پاس بیٹھتے سر جھک گئے ہوئے بیا کو دیکھ معنی خیز انداز سے مسکرایا تھا۔۔

۔وعلیکم اسلام ! ! بڑے ادب سے گھونگٹ کے اندر سے سلام کا جواب دیا گیا۔

۔سائیں کی جان شرمار ہی ہے ! مسکراتے لبوں سے اپنی کہنی کو میٹرس پر ٹکائے ہوئے لیٹ گیا۔۔

۔ہمم تو آج جواب بھی نہیں دو گی۔جواب نہ آنے پر سائیں نے دانتوں تلے نچلے ہونٹ کے کنارے کو دبا کر چھوڑتے ہوئے سوال کیا۔۔

۔شاباش تو ایسے ہی شرماتی رہ اور دیکھ میں تیری جان کیسے مشکل کرتا ہوں۔۔

گھونگٹ کو نرمی سے دونوں ہاتھوں سے اٹھا کر پیچھے کی جانب فولڈ کر دیا۔۔

۔ہائے قربان جاؤں میرا مکھن لگ تو قیامت رہی ہے۔اس کے سجے سنورے کمسن سراپے کو گہری نظروں سے دیکھا۔۔اپنے مونچھوں کو تاؤ دیتا ہوا

گہرے نظروں سے دیکھ دل کش انداز سے مسکرایا تھا۔اس کی ٹھوڑی پر ہاتھ رکھ انگلی سے اس کے چہرے کو اوپر کیا۔۔

۔ماشاءاللہ بے اختیار سائیں کے لبوں سے نکلا تھا۔۔

اب میں سمجھا تیرے"

رخسار پہ تِل کا مطلب

دولتِ حُسن پہ

دربان بٹھار کھا ہے!!اس کی گال پر گہرے کالے دل پر انگلی رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔دلہن بنے ہوئے اس کے سراپے کو سر سے پاؤں تک دیکھتے ہوئے وہ بے قابو سا ہو رہا تھا۔۔

سلور کلر کی میکسی جس پر ریڈ کلر کا دوپٹہ لیا ہوا تھا۔دوپٹے اور میکسی پر بہت نفیس سلور نقشی اور موتیوں سے جڑا کام جوڑے کی خوبصورتی کو چار چاند لگا رہا تھا۔۔۔سلور میچنگ جولری اس کی خوبصورتی کو اور بھی نکھار رہی تھی۔

۔باریک سی پنکھڑیوں پر گہری ریڈ لپسٹک چوہدری کے دل پر بجلیاں گرا رہی تھی۔وہ پلکیں جھکائے ہوئے بیٹھی تھی۔اس کے ناک میں پہنی ہوئی نوز بن والی بالی پنکڑیوں سے ٹکرا کر سائیں کو بہکا رہی تھی۔۔

۔ٹھوڑی پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس کا چہرہ اوپر کیا۔۔۔بیانے پلکیں اٹھا کر سائیں کے خماریوں میں ڈوبے ہوئے چہرے کو دیکھا۔وپس پلکیں جھکالی۔۔

۔جیب سے ایک چھوٹی سی ڈبیا نکال کر کھولی تھی۔خوبصورت سی رنگ کو نکال کر۔اس کی ہاتھ کو نرمی سے پکڑ کر لبوں سے لگالیا۔۔۔رنگ پہنا کر اس کی مسکراتے چہرے کی جانب دیکھا۔۔

۔رنگ پہنی ہوئی انگلی پر لب رکھ کر چوم لیا۔۔۔وہ شرما گئی تھی۔۔۔

۔بیانا کر قسم سے اتنا شرمائے گی تو تیری جان کو بڑی مشکل کر دوں گا۔اس کی گال پر ہاتھ رکھتے ہوئے بے اختیار اس پر جھک گیا۔۔

۔نازک سی پنکھڑیوں پر لب رکھتے ہوئے انداز شدت سے ان کو قید میں لے گیا۔اس ہونٹوں سے نمی چوستے سانسوں کو کڑا امتحان دے رہا تھا۔وہ اس کے نازک سے وجود پر گر کر اس کے اوپر ہی براجمان ہو چکا تھا۔

۔اس کے ہونٹوں کی نمی کا جام پی کر تو وہ پہلے سے زیادہ بہک چکا تھا۔۔خماری سے بھری ہوئی آنکھوں سے دیکھ مسکرایا دیا۔۔آہستہ آہستہ پنوں سے آزاد کر کے اس کے دوپٹے کو اتار کر سائیڈ پر رکھ دیا۔۔

جیولری سے آزادی دلاتے ہوئے اس کے، سراپے کو نہار گہری نظروں سے دیکھ دل فریب انداز سے مسکرا رہا تھا۔

۔وہ شرما کر کروٹ بدل کر چہرہ تکیے میں چھپا گئی۔ہائے بیا میری جان کیوں میرے منہ توڑ جذباتوں کا امتحان لے رہی ہو۔۔۔اس کی بال ہٹا کر بیک گلے پر اپنے لب رکھ دیے۔۔لبوں چومتے ہوئے دانتوں کی چپن دی وہ سسک اٹھی تھی۔۔اس کی میکسی پر لگی زپ کو دانتوں میں دبا کر نیچے کی جانب لے جاتے ہوئے پوری کھول چکا تھا۔۔

۔اس کی خوبصورت دودھیا رنگت والی قمر اس کے سامنے تھی۔وہ بے قابو ہوتا وہاں پر اپنی لب رکھ چکا تھا۔۔وہ تکیے کو اپنی مٹھیوں میں چکڑ لمسوں کی شدت سے تڑپ سی گئی تھی۔۔

۔آآآہ۔۔۔۔!سائیں کک۔کیا کر رہے ہیں!پلیز چھوڑو مجھے اچانک سے اسکے اس عمل پہ وہ تڑپ اٹھی تھی۔سائیں نے قمر پر لمس چھوڑتے ہوئے جب اس کی نازک سی کمر پر اپنے دانت گاڑے تو وہ بلبلا اٹھی تھی۔۔

۔۔۔اسکے حصار سے خود کو آزاد کرانے کی ایک ناکام سی کوشش کی۔اس کے کاندھے پہ ہاتھ رکھ کر کروٹ سیدھی کر کیے اس کے اوپر لیٹ گیا۔۔وہ اس پر پورے حق سے براجمان ہو کر اس کی کوشش ناکام بنا چکا تھا۔۔

۔سائیں ایسا ہی ہے اور ایسی ہی ہے سائیں کی محبت۔۔۔تڑپنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔سائیں کی جان محبت کی ہے تو سائیں کو برداشت کرنا بھی سیکھو، ہر باریوں میرے پہلے لمس پر مرمت جایا کرو۔جذباتوں سے چور گھمبگیر آواز میں بولتا ہوا اس کی گردن پر جھک گیا۔۔

۔وہ ہاتھ پاؤں بھی نہیں ہلا پا رہی تھی سائیں نے اتنی سختی سے اس ہاتھ اس کی نازک انگلیوں میں جکڑے ہوئے تھے۔ٹانگوں کو اپنی ٹانگوں کی لپیٹ میں لے کر پن کر رکھا تھا۔۔

۔اسکے فرار ہونے کا کوئی راستہ نہ تھا۔۔بے تحاشہ لمس مل کر گردن پر آگ لگائے ہوئے تھے۔۔ گردن سے نیچے وہ ایک جھٹکے سے آیا تھا۔دل والے مقام پر لب رکھ کر چومتے ہوئے اس کی جان نکال رہا تھا۔سائیں کی ہونٹ انگاروں کی طرح اپنے منہ توڑ جذباتوں سے سلگ رہے تھے۔۔

۔کمرے میں اسکی سسکیوں کی آوازیں گونج رہی تھیں۔۔۔اور سائیں کو تو جیسے کچھ سنائی ہی نہیں دے رہا تھا۔۔۔وہ بیا کو مضبوطی سے پکڑے ہوئے اسی پوزیشن میں جھٹکے سے اپنے اوپر لے آیا۔

۔اس کی سلکی بالوں میں چہرہ چھپائے گردن کو چومتے ہوئے۔لب واپس دل والے مقام پر لا کر رکھ دیے۔دھڑکنوں کو ہونٹوں پر محسوس کرتے ہوئے وہ مدحوش سا ہو گیا۔۔بیا کی جان نکالنے پر تلا ہوا تھا۔۔۔بیا کی سسکیاں روم میں تیز ہونے لگی تھی۔۔

۔سائیں اپنی تیز سانسوں سے مت ہوش ہوابیا کے وجود پر اپنی مدحوشیاں لٹا رہا تھا۔سائیں کی شدتوں میں اضافہ ہوابیا نے تڑپ کر سائیں کے کاندھے میں
ناخن گھونپ دیے۔۔

۔سائیں کی لب مسکرائے تھے اتنا تھا تو اس نازک جان کا حق تھا۔۔جتنی شدت سے اس کے نازک وجود کو اپنے مظبوط وجود کی سختیاں دیے شدتوں سے توڑ رہا تھا۔۔۔

oooooooooo

۔میں تو کبھی بھی ایک اچھا انسان نہیں تھا۔۔مگر تم نے کیا کیا اپنی بیٹی کو اس جلاد کے ہاتھوں میں جان بوجھ کر دے دیا۔وہ سر پکڑے ہوئے بیٹھا رو رہا تھا۔

۔نہ تو وہ شخص جلاد ہے اور نہ ہی بے غیرت اتنی پرکھ ہے مجھے ایک مرد کی۔۔ تمہارے ساتھ اتنے سال گزارے ہیں اس لیے اس باکردار شخص کی نظر پہچان سکتی ہوں۔۔ تنز برساتی ہوئی نظروں سے دیکھتے ہوئے بول رہی تھی۔۔

۔جانتا ہوں۔بہت اچھی طرح سے جانتا ہوں کہ وہ بہت باکردار ہے ! مگر جو کچھ میں نے اس کی بیوی کے ساتھ کیا ہے وہ نوچ کھائے گا ہماری بیٹی کو ۔۔آج اس گھٹیا شخص کے اندر کا باپ تڑپ تڑپ کر رو رہا تھا۔۔

۔جو کچھ تم نے اس کی بیوی کے ساتھ کیا ہے سالار سائیگل اصول تو یہی ہے کہ تمہاری بیٹی کے ساتھ بھی وہی سلوک ہو۔۔۔ مگر وہ شخص کبھی ایسا نہیں

کر سکتا۔۔۔ساری دنیا تمہارے جیسی درندہ سے صفت نہیں ہے۔۔اس دنیا میں آج بھی اے سی پی شاہ میر ملک جیسے نیک لوگ ہیں۔۔۔

۔تم جتنے مرضی مجھے طعنے مار لو میں کچھ نہیں کہوں گا۔میں کچھ کہنے کے قابل رہا نہیں۔جتنے زندگی میں، میں نے گناہ کیے ہیں۔ان سب کی سزا میرے رب نے مجھے ایک ہی بار میں دے دی ہے۔۔

۔جس بیٹے کی جوانی کو دیکھنے کا مجھے ارمان تھا۔۔خدا نے وہ ارمان مجھ سے چھین لیا۔ایک معذور بیٹا جو نہ بول سکتا ہے نہ چل سکتا ہے۔اسے جب تک زندہ رہوں گا دیکھ دیکھ کر میں ہر روز مروں گا۔۔۔

۔ایک بیٹی جو بچپن سے مجھ سے نفرت کرتی تھی۔۔یہاں تک کہ خود کی جان لینی چاہیے۔۔۔جس ڈر سے میں نے اسے اپنے گھر سے دور کر دیا۔۔۔مگر خود سیدھے راستے پر نہیں آیا۔۔

آج وہ بیٹی میرے گناہوں کی سزا لے رہی ہے۔۔اس سے بڑی سزا میرے لیے اور کیا ہو گی۔۔مگر پھر بھی میں کہوں گا کہ تم اس شخص کے قدموں میں گر کر بچالو ہماری بیٹی کو۔۔۔وہ اپنی بیوی کے آگے ہاتھ جوڑ رہا تھا۔۔

!!!۔بچا ہی تو لیا ہے اپنی بیٹی کو

!!۔مطلب سوالیہ نظروں سے دیکھا تھا
تم نے کتنے گناہ کیے ہیں تمہیں تو خود پتہ نہیں۔۔۔کتنے دشمن پال رکھے ہیں تم نے۔۔۔کل کو کوئی اور تم جیسا درندہ تم سے بدلہ لینے کے لیے میری بیٹی کو

نوچن نہ کھائے۔۔۔اسی ڈر سے میں نے اپنی بیٹی کو ایک باحفاظت ہاتھ میں سونپ دیا ہے۔۔۔جو اس کی حفاظت کر سکے۔۔

۔تمہیں یقین ہے کہ وہ شخص ہماری بیٹی کو تحفظ دے گا۔پاگل عورت وہ اسے میرے گناہوں کی سزا دینے کے لیے لے کر گیا ہے۔۔

۔کیا سزا دے گا نہ تو وہ ایسا شخص ایسا لگ رہا تھا۔جو عورتوں پر ہاتھ اٹھاتا ہو تمہاری طرح۔

۔نہ تو وہ ایسا شخص لگ رہا تھا جو تمہاری طرح درندگی والی نیت لے کر کسی عورت کے جسم کو نوچ سکے۔۔

۔اور نہ ہی وہ بے رحم لگ رہا تھا جو میری بیٹی کو کھانا نہ دے۔ تو پھر میری بیٹی کو اس شخص کے ہاتھوں کوئی ڈر نہیں ہے اتنا میں جانتی ہوں۔۔

۔کیا کرے گا زیادہ سے زیادہ وہ ہماری بیٹی کو کبھی ہم سے ملنے نہیں دے گا ۔اس کے بدلے میں نے تمہاری جان بچائی ہے۔۔۔تاکہ تم اس کے ہاتھوں آسان موت مر کے اتنی آسانی سے گناہوں سے آزاد نا ہو سکو۔۔۔

۔ تمہیں تو ابھی ہمارے اس معذور بیٹے کو دیکھنا ہے ساری زندگی۔۔۔اور رونا ہے۔۔۔ جس کی مزدوری کی وجہ بھی تم ہو۔۔۔۔۔۔ہاسپٹل کے بیڈ پر اپنے بیٹے کو لیٹے ہوئے دیکھ اشارہ کرتے ہوئے بولی تھی۔۔

۔۔جو کبھی اپنے سامنے کھڑے ہوئے وکیل کو بولنے کا موقع تک نہیں دیتا تھا۔وہ شرم سے نظر جھکائے کھڑا تھا۔آج سلار سائیگل کے پاس کہنے کو کچھ نہیں تھا۔۔آج اسے اپنے وجود پر شرمندگی ہو رہی تھی۔۔۔

oooooooo

شاہ زیب ہر چیز کو ہمیشہ فائدے اور نقصان کے حساب سے نہیں سوچا جاتا۔ کبھی کچھ بنا غرض کے بنا فائدے کے بھی زندگی میں کرنا چاہیے۔۔وہ شاہ زیب کا ہاتھ تھامے ہوئے شاہ زیب کے ساتھ اس کے کیمپ میں لیٹی ہوئی پورا امید نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔

۔یار میں دل سے رسپیکٹ کرتا ہوں تمہارے ان خوبصورت جذبات کی۔ مگر یار ہماری شادی کو بھی ٹائم ہی کتنا ہوا ہے۔۔۔کل کو جب ہمارے خود کے بچے ہوں گے تو کیا ہم اس بچی کو وہ پیار دے سکیں گے۔۔جس کی وہ حقدار ہو گی۔۔

یہ ایک دو دن کا فیصلہ نہیں ہے اس کو ساری زندگی ہمیں لے کر چلنا ہو گا اسے اپنے سینے پر لٹائے سمجھانے والے انداز سے بول رہا تھا۔۔

۔شاہ زیب کیوں نہیں ہم اس بچی کے ساتھ انصاف کر سکیں گے۔انسان گھر میں اگر کوئی جانور بھی پالتا ہے تو آپ کو اس سے بھی لگاؤ ہو جاتا ہے۔۔

یہ تو اتنی پیاری خوبصورت بچی ہے پھر ہم اس کو کیوں پیار اور انصاف نہیں دے سکیں گے۔۔۔ چھوٹے سے کاٹ میں پاس پڑی ہوئی بچی کو محبت بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔

۔یہ بچی ایک ایسی لڑکی کا تھا جس نے ایک ایسے لڑکے سے شادی کی جو کہ شرابی اور نشے کی دھت رہتا تھا۔لڑکی اور لڑکے کا ماں باپ نہیں تھے اور نہ ہی کوئی بہن بھائی۔۔

۔اس بچے کو پیدا کرتے ہوئے اس لڑکی کی حالت بہت زیادہ خراب ہو گئی تھی۔ تو گاؤں والوں نے یہی بتایا کہ یہ لڑکی کو ہمیشہ مارتا تھا۔اور نشے کا ع دی کئی کئی راتوں گھر نہیں آتا تھا۔۔۔

۔وہ لڑکی جاتے ہوئے اپنا بچہ ڈاکٹرز کو دیتے ہوئے یہ بول کر گئی تھی کہ اس کے بچی کو اس ظالم شخص کے حوالے نہ کرے ورنہ یہ اس کو بیچ کر بھی نشہ کر لے گا۔۔۔

۔بچی بہت خوبصورت تھی کیونکہ اس بچے کی ماں جو اتنی غربت میں بھی خوبصورتی کی مورت تھی۔۔تو بیٹی بالکل اپنی ماں پر گئی تھی۔۔رات کو ڈاکٹر ہما اسے اپنے ساتھ کیمپ میں لے آئی اب وہ اسی بچی کو گود لینے کی بات کر رہی تھی۔۔

۔پلیز شاہ زیب دیکھیں نا کتنی پیاری بچی ہے۔اس کا باپ شرابی ہے اور ماں مر گئی اس میں اس کا تو کوئی قصور نہیں ہے۔۔

۔ہما میری جان میں سمجھ رہا ہوں مجھے اس بچی سے کوئی پرابلم نہیں ہے

۔۔بس میں آنے والے وقت سے ڈرتا ہوں۔۔کل کو اگر ہم اس کے ساتھ انصاف نہیں کر سکے تو۔ہم اللہ تعالی کی بارگاہ میں کیا منہ دکھائیں گے۔۔

۔شاہ زیب ہم اس کے ساتھ انصاف کریں گے۔۔یہ ہمارے ساتھ رہے گی تو ہم اس کے ماں باپ ہوں گے۔۔ہم کیوں فرق کریں گے اس میں اور اپنی باقی اولادوں میں۔۔ہما اپنی ضد پر اڑی ہوئی تھی۔۔

۔شاہ زیب پلیز پلیز مجھے یہ بچی گود لینی ہے آپ میرے اس فیصلے میں میرا ساتھ دے دیں۔۔میں زندگی میں آپ سے کبھی کچھ نہیں مانگوں گی۔شاہ زیب کے ساتھ لیٹی ایک ہاتھ اس کے سینے پر رکھے ہوئے سر کو اٹھا کر التجا کرتے ہوئے بول رہی تھی۔۔

۔ٹھیک ہے اگر تمہارا یہی فیصلہ ہے تو میں کیا کہہ سکتا ہوں۔۔۔بس ہمادل سے اس بات کا عہد کر لو کہ اس بچی کے ساتھ ہم کبھی ناانصافی نہیں کریں گے۔۔۔اپنی اولاد سے بھی زیادہ اس کو محبت دیں گے۔اور اس کی جگہ ہماری اولاد بھی نہیں لے سکے گی اور یہ ہمیں کرنا ہو گا۔

۔فیصلہ کن انداز سے فیصلہ سناتے ہوئے اس نے نظر بھر کر پاس پڑے چھوٹے سے کاٹ میں لیٹی ہوئی معصوم پری کی جانب دیکھا تھا۔جوں بے فکر اپنی زندگی میں آنے والی خوشی اور غم سے آزاد گہری نیند کی آغوش میں سو رہی تھی۔۔

۔تھینک یو تھینک یو سو مچ!! شاہ زیب کے گال پر لب رکھ کر چومتے ہوئے وہ خوشی سے پاگل سی ہو گئی تھی۔۔

۔تمہاری بات مان کر جتنی بڑی تمہیں خوشی دی ہے۔۔یہ بچوں والی لپیاں چمیاں دے کر مجھے خوش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔یہاں پر سٹرانگ

والی کس چاہیے مجھے۔۔۔اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھتے ہوئے گہری نظروں سے دیکھ شوخ انداز سے مسکرایا دیا۔۔۔

۔ڈاکٹر صاحب شرم کریں رشوت مانگ رہے ہیں شرماتے ہوئے پیچھے ہونے لگی تھی۔

۔یہ ڈاکٹر رشوت نہیں لیتا۔۔۔جان لیتا ہے۔۔۔جو میں ابھی تمہارے لوں گا ۔۔۔۔وہ کہتے ہوئے دور ہوتی ہما کو کھینچ کر کمر کی دونوں جانب سے اٹھا کر اپنے پیٹ پر بیٹھا چکا تھا۔۔۔

۔شاہ زیب پلیز نہیں۔۔۔شاہ زیب کے ارادے بھانپتے ہوئے نفی میں سر کو ہلایا۔۔۔وہ ننھی پری کے ساتھ کچھ ٹائم گزارنا چاہتی تھی۔۔۔مگر یہاں تو ڈاکٹر صاحب کی نیت پوری طرح سے خراب ہو چکی تھی۔۔

۔نہیں۔۔۔کیا کہا تم نہیں۔۔۔تمہیں اپنے خان پر ترس نہیں آتا ظالم ڈاکٹر ۔۔۔اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر اس کے چہرے کو اپنے اوپر جھکاتے ہوئے بولا تھا۔۔

۔دل کی ڈاکٹر ہو کر خان کے دل سے کھیلتی ہو شرم نہیں آتی۔۔۔سارا دن مریضوں پر محبت برساتی ہو۔۔۔اور اب رات کو بھی تمہیں مجھ سے دور رہنا ہے۔۔۔خماری سے دیکھ لبوں کو اس کی پنکھڑیوں سے ٹکرا کر چومتے ہوئے بولا۔۔

۔کتنی مشکل سے تمہارے ڈیپارٹمنٹ سے لے کر آیا ہوں تمہیں۔۔اب تم مجھے انکار کر رہی ہو۔۔ہوں ں س۔۔بتاؤ۔۔

۔شاہ زیب انکار نہیں کر رہی مگر آج نہیں۔۔

آج کیوں نہیں!!اینی ریزن آنکھیں دکھاتے ہوئے بولا۔۔

۔آج میں بہت تھک گئی ہوں۔۔آپ کو پتہ ہے مریضوں کی کتنی لمبی لائن تھی۔۔۔آپ بہت ظالم ہیں۔میں اس وقت آپ کو برداشت نہیں کر سکتی چھوڑ دیں پلیز۔۔۔شرم سے لال چہرہ لیے بامشکل کے الفاظوں کو بولتی ہوئی۔اس کے اوپر سے اٹھ کر پیچھے ہونے لگی تھی۔وہ پیچھے ہوتے ہوئے خود کو بچانے کی ناکام کوشش کر رہی تھی۔۔

۔میں ظالم ہوں تو ٹھیک ہے پھر چپ چاپ ڈاکٹر صاحبہ میرا ظلم برداشت کرو۔۔۔جتنی مرضی تم تھکی ہوئی ہو خان کی جان بستر پر پر اپنے خان کو سکون دینا تم پر فرض ہے۔۔کروٹ لے کر اسی پوزیشن میں اس کے اوپر آ گیا

۔۔

۔شاہ زیب قسم سے آپ اپنی محبت کے معاملوں میں آج بھی جاہل پٹھانوں جیسے ہیں۔۔۔وہ انگلی دکھاتے ہوئے اس کے لبوں کے لمس سے تڑپ اٹھی تھی۔۔

میں تو جانتا ہوں خانم تمہیں واقف کروانا چاہتا ہوں کہ مجھے انکار کر کے میری جذباتوں کی لو کو بھڑکایا مت کرو۔۔لب لبوں پر رکھتے ہوئے نمی کو پیتے اس کی سانسوں کو پوری طرح سے روک چکا تھا۔۔۔

۔ہاتھوں کو ہاتھوں میں مضبوطی سے پکڑتے اوپر کی جانب پن کیے اس پر اپنے بھاری وجود کے ساتھ لمسوں کی لو برسا رہا تھا۔۔

۔اتنے دنوں سے آزادیاں مار کر گاؤں کی دوسری کونے پر آرام سے نیند کے مزے لوٹتی رہی۔۔اور ابھی بھی کہہ رہی ہو کہ میں ظالم ہوں۔۔۔یہی کہانا

۔۔اس کے کان لوپر نرمی بھرا لمس جوڑتے ہوئے۔ سرگوشی کرتے ہوئے اس کے پورے وجود میں بجلی کی لہریں سی دوڑا گیا۔۔

ہما کچھ نہیں بولی تھی۔اسے کچھ بولنے دے ہی کہاں رہا تھا۔اس کے ظالم ہونٹوں کے لمس تو اس کی جان لینے پر تلے ہوئے تھے۔۔
اس کے ٹیپ گلے پر اپنے لب رکھے ہوئے مدحوش ہوسا ہو کر جھکا ہوا تھا۔

۔بہت تیز سانسوں کے ساتھ آنکھیں بند کیے ہوئے لیٹی ہوئی تھی۔۔اس کی انگلیوں میں شاہ زیب کی سخت انگلیاں تھی۔ جن کو ہما نے لمسوں کی حدت سے جلتے ہوئے سختی سے دبا لیا تھا۔۔

ڈیپ گلے کی سلٹ کے بٹنوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے۔اس کی جانب دیکھ کر دل کش انداز سے مسکراتے ہوئے۔ شرٹ پر لگے تینوں بٹن کھل چکا تھا۔۔

۔اس کا خوبصورت سراپا اس کی نظروں کے سامنے تھا۔پہلے سے ہی بہکا ہوا خان اس کے خوبصورت جسم کی رعنائیوں کو دیکھ جیسے ٹوٹ ہی پڑا تھا۔۔ لب کھلی سلٹ پر رکھتے ہوئے سیدھے دل والے مقام پر گئے تھے۔۔

۔اس کے لمس دل پر محسوس کرتے ہوئے اس کے منہ سے سسکی ابھری تھی۔۔جسے مزید بڑھانے کے لیے وہ اپنے دانت کی چبن دیتے ہوئے سختی دکھا گیا۔۔

۔اس سے پہلے کہ وہ پوری طرح بہکتا وہ ننھی پری رونے لگی تھ۔۔ی جس کی آواز سے چونک کر ایک غیرت مند پٹھان باپ کی طرح پیروں کی جانب رکھے ہوئے کمبل کو جلدی سے کھینچ کر اپنے اور ہما کے اوپر اوڑ لیا تھا۔۔۔۔

۔وہ بچے اتنی چھوٹی تھی جو ابھی نہ کچھ سمجھ سکتی تھی اور نہ سوچ سکتی تھی۔ مگر شاہ زیب کے لیے اس وقت وہ اس کی بیٹی تھی۔ جس سے اسے بہت شرم سی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔

۔جائیں پیاری مورے ہماری بیٹی ہمارے رومینس کے لیے خطرے کی گھنٹی بن کر اٹھ چکی ہے۔۔۔ تم تو بہت خوش ہو۔۔۔ دانت مت نکالو توڑ دوں گا۔۔۔ وہ جو گڑیا کے جاگنے پر شاہ زیب کی حالت پر مسکرا رہی تھی۔۔۔

اس کے اوپر سے ہٹتے ہوئے مصنوعی غصہ دکھا رہا تھا۔۔ اپنی شرٹ کے بٹن بند کرتے کپڑے ٹھیک کر کمبل سے نکلتی ہوئی گڑیا کو گود میں اٹھا کر چپ کروانے لگی تھی۔۔

آپ اس کو پکڑے میں اس کے لیے فیڈر بنا کر لاتی ہوں۔ شاہ زیب جو اپنے کپڑے اور ہوا اس ٹھیک کر کے اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔۔اس کی گود میں گڑیا کو ڈالتے ہوئے اٹھ کر اس کے لیے فیڈر تیار کرنے لگی تھی۔۔

۔اس ننی سی پری کو پہلی بار اپنے ہاتھوں میں اٹھا کر شاہ زیب کے دل نے ایک بہت خوبصورت احساس کو محسوس کیا تھا۔۔۔۔شاید وہ یہ وہی احساس تھا جو ایک باپ اپنی بیٹی کے لیے کرتا ہے۔۔۔

۔وہ اس کے معصوم سے چہرے کو دیکھ کر مسکرا رہا تھا۔۔جب کہ تھوڑی دور کھڑی ہما جو اس کے لیے دودھ کی بوتل بنا رہی تھی۔۔۔۔وہ شاہ زیب کے چہرے پر خوشی کے رنگوں کو بخوبی دیکھ رہی تھی۔۔۔

۔وہ بھی خوش تھی کہ شاہ زیب نے اس پیاری سی گڈیا کے وجود کو پورے دل سے ایکسیپٹ کر لیا ہے۔۔۔ایک ہی رات میں وہ اتنا بلند مرتبہ پا چکے تھے ماں اور باپ بننے کا۔۔۔یہ خوشی ہر کسی کے نصیب میں نہیں آتی۔۔۔شاہ زیب آپ صبح سارے ڈاکومنٹس سائن کر کے گاؤں والوں کے سامنے اسے پوری طرح سے ہماری بیٹی بنالیں گے نا۔۔فیٹر گڈیا کے منہ میں ڈالتی ہوئی۔ پوچھ رہی تھی۔۔

۔بیٹی تو یہ ہماری بن چکی ہے اور اس نے چارج بھی سنبھال لیا ہے۔وہ مسکراتے ہوئے بول کر ہما کے کاندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے بھی اپنے ساتھ لگائے ہوئے تھا۔۔گود میں پڑی اس خوبصورت ننھی سی جان کو دیکھ رہا تھا۔۔

۔چارج سنبھالنے سے شاہ زیب کا مطلب تھا کچھ دیر پہلے اس کے رومینس کی ایسی تیسی مارنا۔۔۔۔بے فکر ہو جاؤ میں صبح سب دیکھ لوں گا تم بس ہماری بیٹی کی پرورش پر دھیان دو۔۔اس نے آخر وہ بول دیا تھا جس کو سننے کے لیے وہ کب سے بے قرار تھی۔۔۔۔وہ شاہ زیب کے منہ سے سننا چاہتی تھی کہ وہ ان کی بیٹی ہے۔۔اب ہما کے بے چین دل کو سکون آگیا تھا۔۔

۔وہ ننھی پری اپنے ماں باپ سے خوب خدمتیں کروا رہی تھی۔۔۔کتنی دیر وہ چھوٹی چھوٹی آنکھوں کو جگمگائے ہوئے کھیلتی رہی۔۔۔۔

۔گڑیا شاہ زیب کے سینے پر لیٹی ہوئی تھی۔اور ہما اس کے بازو پر سر رکھے ہوئے سو چکی تھی۔۔۔جبکہ شاہ زیب اللہ کی اس رحمت کو دیکھ کر شکر ادا کرنے لگا۔۔۔۔

دونوں کے ماتھوں پر لب رکھتے ہوئے سوچ رہا تھا کہ یہ دونوں میڈ موں نے ایسے ہی راتوں کو اسے اسٹینڈ بنا کر سونا ہے وہ خود سوچ کر خود ہی مسکرا دیا تھا

---

oooooooo

مس ماہی!!! جی سر ماہی نیو پروفیسر کی آواز پر حیران ہوئی تھی کہ اس نے کیسے آج اپنے لبوں کو زحمت دی کہ وہ ماہی کا نام پکار سکے۔۔

۔لیکچر کے دوران اچانک سے پروفیسر نے ماہی کو مخاطب کیا تھا جب ماہی نے کھڑے ہو کر جی کہا تھا۔۔اسے لگا کہ اب بھی اس کی کوئی بے عزتی ہی ہونے والی ہو گی۔۔

ماہی آپ بتا سکتی ہیں کہ شفا بہت دنوں سے کلاس اٹینڈ کیوں نہیں کر رہی۔۔پروفیسر نے بہت نارمل سے انداز کے ساتھ وائٹ بورڈ پر سبجیکٹ لکھتے ہوئے پوچھا تھا۔۔۔

۔نوسر مجھے نہیں پتہ کہ وہ کیوں نہیں آرہی میری کافی دنوں سے اس سے بات نہیں ہوئی۔۔ماہی کو غصہ آگیا تھا اس بات پر کہ اتنے دنوں بعد وہ کالج میں آئی ہے۔پروفیسر کو یہ ہدایت تو نہیں ہوئی کہ وہ اس کے بارے میں پوچھتا۔ مگر مس شفا پچھلے دس بارہ دن سے نہیں آئی تو اس کو فکر ہونے لگی تھی۔۔

۔اس لیے اس نے نہیں بتایا تھا کہ شفا کی مامی سے اس کی بات ہوئی تھی۔ جس نے یہ بتایا تھا کہ شفا کی اچانک سے اس کے ماں باپ نے شادی کر دی

ہے۔۔زیادہ لمبا چوڑا اس کی مومانی نے بتانے کی زحمت نہیں کی تھی۔۔اور ٹھک سے فون بند کر دیا اور شفا کا فون مسلسل اب جا رہا تھا۔۔۔

۔اوکے ٹھیک ہے آپ بیٹھ سکتی ہیں اسے کھڑا دیکھ کر پروفیسر نے بنا دیکھے ہی کہا تھا۔۔

۔آخر وہ لڑکی کیوں نہیں آ رہی کالج کیا ہوا ہے اس کی زندگی میں

۔۔۔پروفیسر وائٹ بورڈ پر لکھتے ہوئے سوچ رہا تھا۔اس کی نظر کے سامنے وہ سارا منظر آ رہا تھا جب وہ اس کے بھائی کا پوچھنے ہاسپٹل پہنچا۔۔۔اور جس طرح سے وہ اپنے باپ سے بول رہی تھی۔۔۔جیسے کہ اس کو بہت سی ناراضگی ہو اپنے باپ سے۔۔۔اس لڑکی کی آنکھوں سے اپنے باپ کے لیے نفرت چھلکتے اس نے دیکھی تھی۔۔

۔کیا ہوا ہو گا اس کے بعد جو وہ اتنے دنوں سے نہیں آ رہی کیا اس کے بھائی کی کنڈیشن زیادہ خراب ہے۔۔وہ مسلسل سوچ رہا تھا۔۔اور کیوں سوچ رہا تھا یہ

تووہ خود بھی نہیں جانتا تھا۔۔۔ایک الگ سا احساس تھا جس کو پروفیسر کوئی نام نہیں لینا چاہتا تھا۔۔۔

۔کسی سٹوڈنٹ نے سبجیکٹ کے حوالے سے سوال پوچھا تووہ خیالوں کو جھٹک کر کر سٹوڈنٹ کا جواب دینے لگا تھا۔۔۔

ooooooooo

وہ کب سے پرنسپل کے آفس میں بیٹھا ہوا تھا۔۔ جبکہ سوال یہی پوچھنا چاہتا تھا کہ اس کی سٹوڈنٹ کافی دنوں سے نہیں آرہی۔۔اسے شفا کے گھر کا ایڈریس چاہیے تھا۔۔۔جواس نے تھوڑا گھوما

بھیرا کر رجسٹر سے دیکھتے ہوئے نوٹ کر لیا تھا۔۔

۔پرنسپل سے سلام لیتے ہوئے وہ کالج گیٹ سے نکلا تھا۔کیونکہ چھٹی ہو چکی تھی سڑک پر زیادہ تر اسٹوڈنٹ اپنے ریلیٹو کے ساتھ گاڑیوں میں بیٹھ کر جا رہے تھے۔۔

۔وہ سڑک کراس کرتا ہوا پارکنگ ایریے میں آکر گاڑی کو چابی سے کھول کر اندر بیٹھ گیا۔۔وہ سیدھا شفا کے گھر جانے کا ارادہ رکھتا تھا۔۔۔

ooooooo

وہ کھانا پیک کروا کر گھر کے لیے جلدی سے نکلا تھا۔۔۔آج کافی لیٹ ہو گیا تھا۔اسے اپنے کچھ سرکاری کاغذات کو اشو کروانا تھا۔۔جو کہ بہت ضروری تھے لاہور پوسٹنگ کی وجہ سے یہ کب سے رکے ہوئے تھے۔۔

۔اوپر سے سٹرک آڈرز تھے کہ اپنے کاغذات درست کروائیں۔۔تو آج جب وہ غصے سے گھر سے نکلا تو وہ یہی کام کرنے آیا تھا۔۔ویسے تو اس نے اپنے کام سے زبردستی چھٹی لے رکھی تھی۔۔۔

۔اے سی پی شاہ میر اپنے کام کو لے کر بہت زیادہ سیریس رہتا تھا۔کام کے حوالے سے اس کے اپارٹمنٹ کو کبھی اس سے کوئی شکایت نہیں تھی۔اس بار زبردستی چھٹیاں لینے پر بھی اسے کچھ زیادہ سختی کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔۔

۔وہ کھانے کھانا لے کر لفٹ میں کھڑا سوچ رہا تھا کہ آج وہ کافی لیٹ ہو گیا ہے۔مرہا اور اس لڑکی کو بہت بھوک لگی ہو گی۔۔۔ناچاہتے ہوئے وہ لڑکی بھی اس کے دماغ میں آگئی تھی۔۔

۔ہمیشہ کی طرح چابی سے دروازہ کھولتا
ہوا گھر کے اندر داخل ہوا تھا۔کھانا تو ڈشز میں ڈال کر رکھ دیا۔۔

۔انابی لبوں سے مسکراتا ہوا اپنے روم کی جانب آرہا تھا اپنی چور بیوی سے ملنے کے لیے۔۔روم کا دروازہ کھولا میڈم روم میں نہیں تھی۔۔واش روم سے

گرتے ہوئے پانی سے سمجھ چکا تھا کہ محترمہ اپنے آپ کو یہ کسانے میں مصروف تھی۔۔شاور کی آواز آرہی تھی۔۔۔وہ جس کام کے لیے روم میں آیا تھا اسے کر کے واپس کچن کا رخ لیتے ہوئے باہر چلا گیا۔۔۔وہاں سے ایک کھانے کی ڈش اٹھائی اور شفا کے روم کا لوک کھول کر اندر گیا۔

۔بنا کچھ بولے کھانا سائیڈ ٹیبل پر رکھتے ہوئے ایک نظر اس کی جانب دیکھا تھا۔جو پہلے جیسی ڈری ہوئی نہیں لگ رہی تھی۔بیڈ پر نا ظریں جھکائے بیٹھی تھی۔اس نے بھی ایک نظر شامیر کی جانب دیکھا تھا۔۔

۔شاہ میر بنا کچھ کہے دروازہ واپس لوک کر کے اپنے روم میں آگیا۔۔

۔وہ واش روم سے شاید ابھی ہی نکل کر باہر آئی تھی۔اور ٹاول سے اپنے گیلے بالوں کو خشک کر رہی تھی۔۔شاہ میر پر نظر پڑتے ہی مسکرائی تھی۔۔

۔آپ کب آئے ٹاول کو سوفے پر جھک کر رکھتے ہوئے شاہ میر کی جانب آنے لگی تھی۔۔۔اس سے پہلے شاہ میر اس تک پہنچ چکا تھا۔۔۔

جان منع کیا ہے نا۔۔پاؤں پر زیادہ وزن مت ڈالا کرو۔۔تمہاری لاپرواہی کی وجہ سے انفیکشن ہو گیا ہے۔۔اس کے پاس آکر باہوں کے دائرے میں بھرتے ہوئے اپنے سینے سے لگا کر بول رہا تھا۔۔

۔میر بہت دن ہو گئے تھے پاؤں کی وجہ سے میں نہائی نہیں تھی۔۔۔میر کے سینے سے لگی بہت لاڑ سے بول رہی تھی۔۔

۔اور اپنی ہمدردیاں دکھالی تم نے!! میں نے کس سے ہمدردیاں دیکھائی ہیں۔ پیچھے ہوتے ہوئے حیرانی سے بولی۔۔

۔اس سے جس کے لیے اپنی شوہر کی پاکٹ سے بڑی چالاکی کے ساتھ تم نے چابی نکالی تھی۔۔سینے پر دونوں ہاتھ باندھے معنی خیز نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔

۔اس کا مطلب آپ جانتے تھے جب میں نے آپ کی پاکٹ سے چابی نکالی۔اس کی جانب دیکھ کر شرمندہ سی ہو گئی۔۔

۔کیا لگتا ہے کہ میں اتنا بدھو پولیس والا ہوں کہ۔تم میری پاکٹ سے آرام کے ساتھ۔چابی نکال لو گے اور مجھے پتہ بھی نہیں چلے گا۔آئی بروا چکاتے ہوئے اسے شرمندہ دیکھ مسکرایا تھا۔۔

۔تم نے اسے اپنے کپڑے کیوں دیے قمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے نرمی سے اسے واپس اپنے ساتھ لگا لیا۔۔

۔کیامیر کتنے فاسٹ ہیں آپ نے اس کے کپڑے بھی دیکھ لیے۔مگر کیسے چابی تو میرے پاس تھی اس نے حیرانی سے پوچھا تھا۔۔۔

۔میر کی جان تم اپنے پولیس والے شوہر کو چکمہ دے کر چابی نکال سکتی ہو تو میں روم سے چابی کیوں نہیں لیجا سکتا۔وہ بھی جب میڈم خود کو گھس گھس کر صاف کر رہی تھی۔۔

۔مرہا کا نہا کر نکھرا نکھرا روپ میر کو بہکا رہا تھا۔۔مرہا کے گیلے بالوں کی خوشبو میر کو ہمیشہ کی طرح میر کے حواسو پر چھانے لگی تھی۔۔

میر سوری۔۔میں نے آپ کے خلاف کچھ بھی نہیں کیا۔۔۔بس میں نے اس لڑکی کو کپڑے دیے۔۔اس کی حالت بہت خراب ہو رہی تھی۔۔۔پتہ نہیں کتنے دنوں سے اس نے وہ کپڑے پہنے ہوئے تھے۔۔۔اور بس میں نے اس کو کھانا کھانے کو بولا تھا۔اسے بتایا کہ میر امیر کتنا اچھا انسان ہے وہ کبھی

اس کے ساتھ کچھ غلط نہیں کرے گا۔۔۔میر کے مظبوط سینے میں سر چھپائے ایک ہی سانس میں ساری بات بتا گئی۔۔۔۔وہ اپنے میر کو ناراض نہیں کرنا چاہتی تھی کتنی مشکل سے تو وہ واپس پہلے والا میر بننے جا رہا تھا۔۔

۔جو اپنی مرہا کو دیکھ بہک سا جاتا تھا۔ جیسے وہ اس وقت سر جھکائے اس کے بالوں میں منہ چھپائے بالوں کی خوشبو سونگتے ہوئے مدہوش سا ہو رہا تھا ۔۔اس کی کمر پر میر کے ہاتھوں کی سختی کو محسوس کر مرہا کا دل دھک دھک کر رہا تھا۔۔

۔اور لب مسکرائے تھے۔میر جب بھی اسے اس طرح کیلے بھیگے روپ میں دیکھتا تو ہمیشہ اس کی کمر کو کچھ اسی طرح کی سزا ملتی تھی۔۔جو آج بہت دنوں کے بہت میر اسے دے رہا تھا۔۔

۔میر آپ نے مجھے معاف کر دیا! ! فلحال تو تم مجھے معاف کر دو اور جلدی سے کھانا کھالو۔۔جانتی ہو تمہارا یہ والا روپ دیکھ میر اپنے آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔۔

اب تم ایسا حلیہ لے کر مجھے جان بوجھ کر پاگل کر رہی ہو۔ کھانا کھاؤ اس کے بعد آج تمہارے پیر کا کوئی لحاظ نہیں کیا جائے گا۔۔۔بہت بے چین ہوں تمہارے وجود کی رعنائیوں کو دیکھنے اور محسوس کرنے کے لیے۔۔

میر کی آواز میں خماری واضح ہونے لگی تھی۔ مرہا کو میر کا بہکنا بہت سکون دے رہا تھا۔۔وہ کتنے دنوں بعد مرہا کو یوں پاس کیے بہک رہا تھا۔۔

مگر میر میرے پاؤں میں ابھی بہت درد ہے۔۔وہ اپنے میر کو تنگ کرنے کے لیے بول رہی تھی۔۔۔جو بڑی مشکل سے اپنے منہ زور جذباتوں کے سمندر کو روک کچن سے کھانا لینے جا رہا تھا۔۔

کوئی بات نہیں میرے دل میں بھی بہت درد ہو رہا ہے۔ جس نے اتنے دنوں سے اپنی جان کو قریب سے محسوس نہیں کیا۔۔۔وہ بنا پلٹے بول کر چلا گیا ۔۔مرہالبوں میں مسکرا رہی تھی میر کی بے قراریاں دیکھ۔۔

ooooooooo

دیکھیں ناشاہ میں یہ لے لوں یہ رنگ مجھ پر اچھا لگے گا۔۔میرب شاہ کے ہاتھ سے پکڑ کر اسے مال میں اپنی پسند کا ایک ڈریس دکھا رہی تھی۔۔شاہ اسے ایک بہت مشہور مال میں لے کر آیا تھا۔جہاں پر پاکستانی سٹائلش ڈریسز کی بھرمار تھی۔۔

شاہ کی جان تم پر تو سب کچھ ہی اچھا لگتا ہے کچھ بھی لے لو جان چھڑتی نظروں سے دیکھ کر بولا۔۔

۔شاہ پلیز بتائیں نا۔۔۔ایسا تھوڑی ہوتا ہے آپ ہر بات اسی طرح کی بات بول کر جان چھڑا لیتے ہیں۔۔آپ میرے لیے ڈریس سلیکٹ کریں ہاتھ سے پکڑ کر ضد کرنے لگی تھی۔۔ہمم۔۔تو تمہیں میری پسند سے ڈریس لینا ہے؟؟؟

!!ہوں ں ں ں

۔کم ہیر!!!کچھ سوچتے ہوئے شاہ نے سیل گر کو اپنے پاس آنے کو کہا۔۔

!!پلیز پیک آل داڈریسز

جہاں سے میرب ڈریس سلیکٹ کر رہی تھی۔۔۔اس سٹینڈ میں لگے ہوئے تقریباً1615 خوبصورت منفرد ڈریس لگے ہوئے تھے۔شاہ سیل گھر کو سب پیک کرنے کو بول رہا تھا۔۔۔

شاہ میں نے ایسا تو نہیں کہا تھا آپ نے تو سارے ڈریسز پیک کروا دیے ہیں میرب نے منہ بسورتے ہوئے کہا تھا۔

ہاں تو میری جان پر سب کلر اور سب ڈریس اچھے لگیں گے تو میں کسی ایک کا انتخاب نہیں کر سکتا تھا۔بنا مال کا لحاظ کیے میرب کی کمر میں ہاتھ ڈال اسے اپنے قریب کر لیا۔۔

شاہ کیا کر رہے ہیں ہم مال میں ہیں۔لوگ ہمیں دیکھ رہے ہیں۔میرب کسمسا کر تھوڑا دور ہونے لگی تھی۔۔

دیکھ رہے ہیں تو دیکھنے دو!! میری اپنی زاتی بیوی ہے جس کو میں پاکستان سے اپنے ساتھ لے کر آیا ہوں۔۔اور دوسری بات یہاں پر کوئی کسی کو نہیں دیکھتا۔۔یہاں پر تو اگر ہم کھلے عام کسی بھی کر لے تب بھی کوئی نہیں دیکھے گا۔۔۔شاہ شرارتی ہوتے ہوئے اسے واپس کمر پر ہاتھ رکھ پہلے سے زیادہ اپنے قریب کر چکا تھا۔۔

کیا خیال ہے کر لیں ایک لپ کسی اور ڈال دیں وہ کیا کہتی ہو تم تمہاری ٹک ٹاک پر فینس ہو جائیں گے ہم دونوں ترکی میں کسیاں کرنے والے جوڑے کے نام سے۔۔شاہ میرب کی شرمائی ہوئی حالت سے محظوظ ہوتے ہوئے مسکرا رہا تھا۔۔

تنگ مت کریں اور چلیں یہاں سے میں نے تھک گئی ہوں۔۔اب ہم ہوٹل چلیں گے۔۔آج شاہ نے اسے استنبول کے بہت سی مشہور مالز میں

شاپنگ کروائی۔۔۔اور ساتھ میں پورا استنبول گھمایا تھا۔۔۔شب کے اندر بیٹھ کر استنبول کی سمندر کا نظارہ دیکھ کر میرب بہت خوش تھی۔۔

اب میرب کی تھکن سے بری حالت ہو چکی تھی وہ جا کر ہوٹل روم میں آرام کرنا چاہتی تھی۔۔۔۔اس بات سے بے خبر کہ شاہ ایسا کوئی ارادہ نہیں رکھتا تھا۔۔

۔وہ شاپنگ کا سامان گاڑی میں رکھ ہوٹل کی طرف نکل چکے تھے۔۔۔۔۔

ooooooo

وہ کب سے سلار سائیگل کے نام کی تختی لگے بڑے سے بنگلے کے سامنے کھڑا تھا۔۔چوکیدار دو بار اندر سے واپس ہو کر واپس آ چکا تھا۔۔شاید وہ لوگ اس سے ملنا ہی نہیں چاہتے تھے اسی لیے بہانے بنا رہے تھے۔۔

پلیز آپ جا کر ان سے کہیں کہ مجھے ان سے ضروری بات کرنی ہے۔اور میں ان سے بات کیے بنا یہاں سے نہیں جاؤں گا۔اس لیے یہ بہانے مت بنائیں میں ان کی آوازیں سن چکا ہوں۔جب وہ آپ سے کہہ رہے تھے کہ جا کر بول دو ہم لوگ سو رہے ہیں۔۔اب کی بار چوکیدار جب نیا بہانہ لے کر باہر آیا تو پروفیسر سخت لہجے میں بول رہا تھا۔۔

اس سے پہلے کہ وہ کچھ اور کہتا اس کے پیچھے ایک خاتون آ کر کھڑی ہو گئی۔ پروفیسر کو پہچاننے میں دیر نہیں لگی کہ وہ شفا کی ماں تھی جسے اس دن شفا کے ساتھ ہاسپٹل میں اس نے دیکھا تھا۔۔

جی بتائیں کیا کہنا چاہتے ہیں ناگوار نظروں سے دیکھتے ہوئے بولی تھی جیسے کچھ چھپا رہی ہوں۔۔

دیکھیں میں آپ کا زیادہ ٹائم نہیں لوں گا مجھے شفا کے بارے میں ضروری بات کرنی ہے۔تو آپ پلیز مجھے اندر آنے

دیں تاکہ میں آپ سے آرام سے بات کر سکوں۔۔پروفیسر نے ادب سے بولا تھا۔۔کیونکہ خاتون عمر میں بھی اس سے بڑی تھی کچھ سوچتے ہوئے خاتون نے اندر آنے کو کہہ دیا۔۔

جی فرمائیں کیا کہنا چاہتے ہیں۔گھر کے اندر ڈرائنگ روم کے صفحوں پر بیٹھے کو کو اشارہ کرتے ہوئے کہا تھا۔۔جہاں پر سلار سائیگل بھی آکر بیٹھ گیا۔۔۔

پلیز میم میں جاننا چاہتا ہوں کہ شفا اتنے دلوں سے کالج کیوں نہیں آرہی وہ ایک بہت ہونہار بچی ہے۔۔میں جانتا ہوں کہ آپ کے بیٹے کا ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا۔مگر اب تو اس بات کو بہت دن گزر چکے ہیں۔تو اس کا ٹیچر ہونے کی وجہ سے مجھے پریشانی سی ہونے لگی میں پوچھے آیا ہوں پرابلم کیا ہے۔۔

۔پروفیسر نے بہت فارمل سے انداز سے پوچھا۔۔

شفا کی شادی ہو گئی ہے اب وہ اگئے نہیں پڑے گی۔اس کی ماں نے سپاٹ اور ٹھوس انداز سے جواب دیا۔۔

واٹ!!!ایسے کیسے آپ نے اس کی اچانک شادی کر دی۔جب اس کے ایگزام اتنے نزدیک تھے۔پر فیسر نے حیران کن نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

کیوں ہمیں اپنی بیٹی کی شادی کرنے کے لیے آپ کی اجازت لینی چاہیے تھی اس کی ماں نے غصے سے دیکھا۔۔ میم میں نے ایسا نہیں کہا بس میں حیران ہو گیا تھا۔اپنے لہجے کی سختی کو خود محسوس کر کے وہ معاملے کو خراب نہیں ہونے دینا چاہتا تھا اس لیے فوراً تصدیق کرتے ہوئے بولا۔۔

تو پھر ٹھیک ہے آپ کو جواب مل گیا اب آپ جا سکتے ہیں۔۔

اس کی ماں دوٹوک الفاظ سے بول رہی تھی جبکہ پاس ہی صوفے پر اس کا باپ چپ بیٹھا تھا جس کی نظریں کچھ اور ہی کہنا چاہتی تھی۔۔

سر پلیز اگر کچھ ایسا ہے جو آپ مجھے بتادیں تو شاید میں آپ کی کوئی مدد کر سکوں۔۔

میری بیٹی جس کے ہاتھوں میں ہے وہاں پر آپ ہماری مدد نہیں کر سکتے آخر اس نے اپنی چپ توڑتے ہوئے کہا۔۔

کہاں ہے آپ مجھے بتائیں تو سہی پروفیسر کا شک صحیح نکلا تھا۔یعنی کہ شفا کے ساتھ کچھ غلط ہوا۔۔

۔شفا کی ماں نے بیچ میں بہت بار اپنے شوہر کو روکنے کی کوشش کی مگر وہ ایک مجبور اور بے بس باپ کی طرح اپنے بیٹی کو کسی بھی حال میں بچانا چاہتا تھا۔۔۔

جس نے اپنے گناہوں کو ایک اجنبی پروفیسر کے سامنے قبول کرنے میں بھی دیر نہیں لگائی تھی۔۔

۔کیا کہا سر آپ نے وہ اے سی پی شاہ میر ملک کے پاس ہے ! شاہ میر کا نام سن کر وہ پروفیسر چونک گیا تھا۔۔

۔جی اور میرے خیال سے آپ اے سی پی شامیر کو جانتے ہوں گے کہ وہ کتنا ناڈر پولیس آفیسر ہے جو کسی سے نہیں ڈرتا۔۔۔میں نے تو اس کی عزت پر ہاتھ ڈالا ہے تو وہ کبھی پیچھے نہیں ہٹے گا۔۔۔

۔سلار سائیگل کے لہجے میں شرمندگی بے بسی ندامت نہ جانے کیا کیا تھا یہ بولتے ہوئے۔۔

۔میرے خیال سے اب آپ کو تسلی ہو گئی ہے۔تو اب آپ جا سکتے ہیں کیونکہ اے سی پی شاہ میر سے ٹکرانے کی تو نہ ہماری اوقات ہے نہ آپ کی۔۔۔

تو اس لیے اب آپ مزید یہاں پر بیٹھ کر ہماری بے بسی کا مذاق مت اڑائیں۔ آپ یہاں سے تشریف لے جا سکتے ہیں شاید اس کی بیوی کو یہ غصہ تھا کہ اس کے شوہر نے اس کی بیٹی کے بارے میں کیوں بتایا ہے۔۔۔

۔اس لیے وہ اپنے شوہر کو گھورنے کے بعد پروفیسر پر بھڑک اٹھی تھی۔ پروفیسر گہری سوچ سوچتا ہوا ان گھر سے نکل چکا تھا۔۔۔۔۔۔

ooooooo

شاہ۔۔۔شاہ۔۔۔شاہہہہ۔۔۔۔۔میرب چلائی تھی۔۔۔افففف پاگل لڑکی کیوں چلا رہی ہو۔شاہ جو گہری نیند میں سو رہا تھا میرب کے چلانے سے ہڑبڑا کر کانوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے اٹھا تھا۔۔

تو اور کیا کرو آپ یہ میرے اوپر اتنا بھاری جسم ڈال کر سو رہے ہیں میں لڑکی ہوں بیڈ نہیں۔شاہ کو اپنے اوپر سے دھکیلتے ہوئے بولی تھی۔جواب بھی شرٹ لیس اس کے اوپر براجمان ہوا پڑا تھا۔۔

میرا تو تم بیڈ ہی ہو!اس لیے چپ چاپ پڑی رہو ورنہ صبح صبح ہوش ٹھکانے لگانے میں مجھے کوئی مسئلہ نہیں ہو گا۔نیند کی خماری سے بھری ہوئی آنکھوں سے ایک نظر دیکھا۔۔

۔اس کی جھنجھلاد یکھ کر شاہ کے آتشی لب مسکرائے۔ نیند کی خماری سے بھری آنکھوں میں پڑتے لال ڈورے اس کی آنکھوں کو اور بھی خوبصورت بنارہے تھے۔ذراسا مسکرانے سے اس کی گالوں کے ڈمپل گڑھوں کی طرح گہرے ہوگئے۔

۔ساری رات آپ نے کون سی میرے پاؤں دبائے ہیں جو ابھی مجھے ہوش ٹھکانے لگانے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔

شاہ نے پوری رات میرب کی نیند حرام کرر کھی تھی۔اور ایک وہ شاپنگ کرتے ہوئے بہت تھک چکی تھی۔۔ساراد ن انہوں نے استنبول کی خوبصورت جگہوں کو دیکھتے ہوئے گھوم کر گزارا تھا۔۔

رات میں شاہ نے اسے اپنی محبت بھری شدتوں سے ہلکان کیا تھا۔۔میرب اس وقت فل غصے سے بھری ہوئی تھی۔۔اب شاہ اس کے اوپر اپنے بازو

پھیلائے لمبا چوڑا وجود لیے گہری نیند میں سو رہا تھا۔۔۔اسی لیے میرب اس سے جگا رہی تھی۔۔ مگر شاہ جو جان بوجھ ڈھیٹ بن کر آواز نہیں دے رہا تھا۔۔

اچھا تو تم چاہتی ہو کہ میں تمہارے پاؤں دباؤں مجھے کوئی مصلہ نہیں ہے۔لاؤ دبا دیتا ہوں۔اس کے موڈ کو خراب دیکھ شاہ کو ہنسی آ رہی تھی۔۔اٹھ کر پاؤں پکڑ کر دبانے لگا تھا۔۔۔

کیا کر رہے ہیں چھوڑے۔۔۔یہ اچھا ہے رات کو سونے مرنے نہیں دو ۔اور صبح اٹھ کر پیروں کو ہاتھ لگا کر اللہ کی ذات کے سامنے بھی شرمندہ کرواؤ۔۔

کہ میں اتنی بری بیوی ہوں جو اپنے شوہر سے اپنے پیروں کو ہاتھ لگوا رہی ہوں۔۔۔اپنے پیروں کو پیچھے کھینچتی ہوئی وہ تقریباً اٹھ کر ہی بیٹھ گئی تھی۔۔

نہیں اللہ تم سے ناراض نہیں ہو گا میں اللہ تعالی سے کہوں گا کہ میں اپنی خوشی سے اپنی پیاری بیوی کے پیارے پیارے پاؤں دبا رہا ہوں اور کہاں لکھا ہے کہ بیوی کے پیروں کو ہاتھ لگانا گناہ ہے وہ پھر سے میرب کے پاؤں اپنی جانب کھینچتے ہوئے دبانے لگا تھا۔۔

پلیز شاہ چھوڑیں۔۔اگر نہیں بھی لکھا تب بھی مجھے اچھا نہیں لگ رہا کہ آپ میرے پاؤں کو ہاتھ لگائے۔۔۔وہ پھر سے اپنے پیر کھینچتی ہوئی شرمندہ سے انداز سے بول رہی تھی۔۔

چلو پیروں کو ہاتھ نہیں لگانے دینا تو منہ لگالو۔۔۔اسے پاؤں سے کھینچا تو وہ بیڈ پر گھسیٹتے ہوئے لیٹ گئی تھی۔شاہ پھر سے اس کے اوپر آ گیا،اس کی پنکھڑیوں کو قید کرنے کی کوشش میں لگ گیا۔۔

شششاہ۔۔۔ چھوڑے مجھے۔وہ چلاتے ہوئے شاہ کے بالوں سے پکڑ پیچھے کر رہی تھی۔۔

بد تمیز لڑکی شوہر سے بد تمیزی کر رہی ہو۔اب تمہیں اللہ گناہ نہیں دے گا۔ بنا اپنے بالوں کو چھڑوا اس کی جانب دیکھا آتشی لبوں سے دلکش انداز سے قہقہہ لگا کر ہنسا تھا۔۔۔

نہیں اس بات کا مجھے کوئی گناہ نہیں ملے گا میرے شوہر کو اور کوئی کام ہے ہی نہیں سوائے مجھے ہلکان کرنے کے !دیدہ دلیری سے مقابلہ کرتے ہوئے بول رہی تھی۔

کیا ہلکان کیا ہے میں نے تمہیں،اتنا پیار کرنے والا شوہر ملا ہے۔جان شاہ قدر کیا کرو۔۔اس کی جبڑے کو محبت والی سختی سے پکڑتے ہوئے زبردستی اپنے ہونٹ اس کی پنکھڑیوں سے ٹکراتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

۔اسے محبت کرنا نہیں کہتے۔۔اگلے کی جان لینا کہتے ہیں۔۔۔اور ویسے بھی آپ تیاری کریں۔۔آپ کا کام کتنا رہ گیا ہے مجھے واپس لے کر چلیں۔۔۔ میں آپ کو اس سے زیادہ افورڈ نہیں کر سکتی۔۔سارا دن آپ اپنی میٹنگز کرتے ہیں۔۔۔۔۔اور رات میں مجھے ذلیل کرتے ہیں۔۔

۔اب ان کو میرے نزدیک مت لائیے گا۔دھمکی آمیز لہجے سے آنکھیں دکھائی۔انگلی شاہ کے لبوں پر رکھ کر پوائنٹ کرتے ہوئے بولی تھی۔۔

اچھا جی رومان شاہ کو دھمکی دے رہی ہو!!!جو خود چلتی پھرتی ایک دھمکی ہے!!

میں تو انہیں نزدیک بھی لاؤں گا! ان سے ان کی مرضی کے مطابق من پسند کام بھی کرواؤں گا! تمہاری جان کو راتوں کو ہلکان بھی کروں گا! اور اپنا پیار !! بھی جتاؤں گا!! تمہاری سانسوں کو پی کر اپنی پیاس بھی بجھاؤں گا

تم جو کر سکتی ہو کر لو۔۔اور پلیز دھمکی مت دیا کرو مجھے۔۔۔جان شاہ تمہارے دھمکی دینے سے پھر میرا وہ کام ضرور کرنے کو دل چاہتا جس سے تم مجھے منع کرتی ہو۔۔۔۔

کہتے ہوئے اس کی دونوں کلائیوں کو اپنے مضبوط ہاتھوں میں پکڑ بیڈ کی دونوں جانب بن کر چکا تھا۔۔۔لاکھ اس کے سر ہلا کر ادھر ادھر کرنے کے باوجود اپنے لب پنکھڑیوں پر رکھ کر اس کی معصوم سانسوں کو بند کر گیا۔۔

رات کی شدتوں سے ٹوٹی ہوئی میرب اب پچھتا رہی تھی کہ کیوں اس نے شاہ کو دھمکی دینے والی غلطی کی۔۔۔۔میرب کیا ضرورت تھی صبح صبح سوئے ہوئے شیر کو اٹھانے کی۔۔۔اگر اوپر لیٹا تھا تو لیٹا رہنے دیتی۔۔۔اب تو نکال رہا ہے صبح صبح تمہاری جان وہ خود کے دماغ میں سوچ کر خود کو کوس رہی تھی۔۔

افففف جان شاہ قسم سے مزہ آگیا بہت اچھا کیا جو تم نے مجھے جگا دیا ورنہ تو میں ایسے ہی محبت سے محروم سویا رہتا۔۔

۔احسان رہا تمہارا مجھ پر۔۔۔اس کی لبوں پر منمانیاں گزارتے ہوئے اپنی مرضی سے پیچھے ہوا تھا۔۔۔

اتنا ضدی شخص میں نے اپنی لائف میں نہیں دیکھا۔۔ جس کو ذرا سی بات بھی دھمکی لگتی تھی۔۔۔۔ب

ات کو دھمکی بنا کر پھر میری جان کو ہلکار کرنے پر تل جاتا تھا۔۔ وہ سوچ کر رہی گئی تھی۔۔

منہ سوجھانے کی ضرورت نہیں ہے ! جتنا ظلم میں نے تم پر کیا ہے ! جو کہ ظلم ہے نہیں ! صرف تمہیں لگتا ہے ! اتنا ظلم تم مجھ پر کر سکتی ہو مجھے کوئی مسئلہ نہیں ہے ! ! تکیے پر سر رکھ کر سیدھا ہو کر بیڈ پر بازوں پھیلا کر لیٹ گیا۔۔ آنکھیں بند کر کے اب خود پر ظلم کروانے کے لیے تیار لیٹا تھا۔۔۔

مجھے نہیں کوئی شوق نہیں آپ پر ظلم کرنے کا۔۔ چپ کر کے لیٹے رہیں۔ وہ دوسری طرف رخ کرتی ہوئی سونے کی ناکام کوشش کر رہی تھی۔

اور سوچ رہی تھی کہ اس کا شاہ کتنا ضدی اور اڑیل ہے۔۔ سوچتے ہوئے اس کے لب غصے میں بھی مسکرائے تھے۔

وہ یہی تو چاہتی تھی کہ پہلے والا شاہ مل جائے۔۔ جو اس کی جان کو ہلکان تو کرتا ہے۔۔ مگر اس کا وجود اس کے شاہ کو سکون دیتا ہے۔۔ یہ سوچ کر دل سے میرب کو خوشی ہوتی تھی۔ اسی خوشی کو محسوس کرتے ہیں۔۔ میرب کے لب مسکرائے تھے۔۔

ویسے جان شاہ تم میری طرف منہ کر کے بھی مسکرا سکتی ہو۔۔ چوری چوری مسکرانے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔۔ شاہ اس کے اوپر سر جھکائے اسے مسکراتا ہوا دیکھ رہا تھا۔۔

کیا ہے شاہ سونے دے پلیز۔۔ سچی آپ جتنا مجھے تنگ کرتے ہیں۔۔ میں نے ایک دن مر جانا ہے۔۔۔ایسے ہی میرب کے منہ سے نکل گیا تھا۔۔

میرب آج کے بعد ایسا لفظ اپنے منہ سے مت نکالنا۔۔اگر تم میری محبت کی شدتوں سے مر جاؤ گی تو شاہ کو قسم کھانے میں دیر نہیں لگے گی۔کہ میں کبھی تمہیں چھوں گا بھی نہیں۔۔۔

۔میرب تمہیں یہ بولیں کا حق نہیں ہے۔تم ہمیشہ شاہ کے ساتھ رہو گی اگر کسی کو موت آئے گی تو پہلے شاہ کو آئے گی۔۔۔میرب تمہارے بنا زندگی سوچ کر میں کانپ جاتا ہوں۔۔۔اس کے چہرے کو پاگلوں کی طرح چومتے ہوئے بولے جا رہا تھا۔۔۔

۔ مجھ میں اور ہمت نہیں ہے۔۔اپنے سب عزیز رشتوں کو میں کھو چکا ہوں۔ بابا سے اتنی محبت کرتا تھا کہ بابا میری دنیا ہے۔۔ مگر بابا مجھے اس بے رحم دنیا میں اکیلا چھوڑ کر چلے گئے تھے۔۔

امی جان سے اتنا پیار کرتا تھا کہ امی جان کے سوا مجھے کچھ نظر ہی نہیں آتا تھا۔ امی جان بھی چھوڑ کر چلی گئی۔۔۔اب تم کیا چاہتی ہو۔۔۔ صرف میری زندگی میں تم اور میرہا بچی ہو۔۔تو تم لوگ ایک دعا کرو نا میں ہی مر جاؤں۔۔۔

شاہ پتہ نہیں کیوں اتنا بے قابو سا ہو کر بولے جا رہا تھا۔میرب کو شاہ کی گھبراہٹ سے ڈر لگنے لگا تھا۔۔

شاہ۔۔شاہ آئی ایم سوری میں اب ایسا کبھی دوبارہ نہیں بولوں گی۔۔پلیز شاہ کیا ہو گیا ہے۔۔۔میں نے تو ایسے ہی بول دیا تھا۔۔۔میرب شاہ کے چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھرتے ہوئے شاہ کو پر سکون کرنے کی کوشش کی۔۔

میرب پلیز ایسے یا ویسے کبھی بھی دوبارہ ایسا نہیں بولنا۔۔۔تم میری جان ہو۔ شاہ کے جینے کی وجہ ہو تم۔۔۔۔تیزی اور گھبراہٹ سے بولتے ہوئے شاہ کے لفظ کب کپکپانے لگے تھے۔۔

نن۔۔نہیں بولوں گی پلیز آپ نارمل ہو جائے۔شاہ مجھے ڈر لگ رہا ہے آپ کی گھبراہٹ سے۔۔۔شاہ نے اپنا گھبریا ہوا چہرہ جھکاتے ہوئے اپنا سر میرب کے دل والے مقام پر رکھ کر آنکھیں بند کر لی۔اس وقت شاہ ایک ڈرے ہوئے بچے کی مانند لگا۔۔

۔جو اپنے پیاروں کو کھونے سے بہت خوفزدہ تھا۔ میرب شاہ کے ہوئے بالوں میں انگلیاں پھر رہی تھی۔۔ میرب کی محبت بھرے ہاتھوں کے لمس شاہ کو پر سکون کیے نیند میں لے گئے۔۔۔

میرب نے دل عہد کیا تھا کہ وہ کبھی مذاق میں بھی ایسا لفظ نہیں کہے۔ جس کی وجہ سے اس کا شاہ تکلیف میں چلا جائے۔۔ اپنے سینے پر سوئے ہوئے شاہ کے پر سکون چہرے کو دیکھ رہی تھی۔

جو اپنے پراپرٹی پر پورے حق سے پر براجمان ہو کر گہری نیند سو رہا تھا۔ شاہ کے وزن کی وجہ سے میرب کو سانس لینے میں مشکل ہو رہی تھی۔۔۔ مگر اب اس نے اففف بھی نہ کرنے کا عہد کیا تھا۔۔۔

اس کا شاہ اور اس کے وجود پر سر رکھے اتنا پر سکون سو رہا ہے تو میرب اب ایسی گستاخی کبھی نہیں کرے گی جس سے شاہ کی آنکھ کھل جائے۔۔۔اس نے دل میں سوچتے ہوئے شاہ کے بالوں پر نرمی سے لب رکھ چوم لیا تھا۔۔

oooooooo

سائیں پلیز مجھے جانے دیں !تائی جان کیا سوچتی ہو گی کہ میں اتنی بے شرم ہوں اتنا دن چڑھا یا ہے اور میں ابھی تک اپنے کمرے سے باہر نہیں نکلی۔۔۔ خرم جو اسے اپنی مضبوط باہوں کی گرفت میں کس کے ہلنے تک نہیں دے رہا تھا۔۔۔

بیا کب سے اس کی منتیں کر رہی تھی باہر جانے کے لیے۔۔۔ نہیں تیری تائی جان ناراض بالکل نہیں نہ ہو گی۔۔اسے پتہ ہے کہ اس کی بہو اس کے بیٹے کی خدمت کر رہی ہے۔۔۔ گرفت کو مضبوط کرتے ہوئے وہ نیند میں ہونے کی ایکٹنگ کرتے ہوئے مسکرا دیا۔۔۔

سائیں اللہ کا خوف کریں آپ مجھ سے خدمت تو نہیں کروا رہے۔۔

ہاں تو سائیں کی جان سائیں نے کب منع کیا کہ تو میری خدمت مت کر۔۔ چل شروع ہو جا۔۔۔اسے اپنے اوپر کھینچتے ہوئے خماری بھری لہجے سے بولا۔۔

چھوڑے مجھے۔۔سائیں بڑے بے شرم ہیں آپ!! چھوڑو مجھے جانے دیں ۔سائی کی بے باک حرکت پر وہ شرما کر لال ٹماٹر ہو گئی۔۔

سائیں کی کمسن شہزادی!! تیرا سائیں تو ایسا ہی ہے۔۔۔اور ایسا ہی رہے گا ۔۔۔ کبھی بدل نہیں سکتا۔۔۔ایسے ہی مجھے قبول کرنا پڑے گا۔۔۔۔وہ اپنی بے باکیوں کو جاری رکھے ہوئے۔۔اس کے چہرے پر لمسوں کی ہلکی پھلکی سی بارش برسا رہا تھا۔۔

سائیں جانے دونا۔۔مجھے سچ میں تائی جان کے سامنے بڑی شرم آئے گی وہ کیا سوچیں گی میرے بارے میں۔۔روز تو میں فجر کی نماز کے بعد ان کے کمرے میں گھس جاتی تھی اور اب دیکھ لیں 10 بجنے والے ہیں۔۔مجھے شرم آرہی ہے۔۔

بیا صبح صبح دماغ مت کھا میرا۔۔جا پہلے فریش ہو لے۔۔۔اور بھر مل آنا اپنی تائی جان کو۔۔ تیرے سینے کو ٹھنڈ پڑ جائے گی۔۔کب سے تڑپ رہی ہے اپنی ساس کو ملنے کے لیے۔۔۔اپنی باہوں کی گرفت کو ڈھیلا کرتے ہوئے آخر اسے آزادی بخش دی۔۔

جی نہیں وہ میری تائی جان ہے ساس نہیں۔۔اور آج کے بعد ساس کہیے گا بھی مت۔۔۔۔وہ بہت تیزی سے بیڈ سے اتر کر واش روم میں جا کر بند ہوتے ہوئے بولی تھی۔۔۔۔اسے ابھی بھی ڈر تھا کہ کہیں سائیں کا موڈ

بدل نہ جائے۔سائیں کروٹ لے کر بیڈ پر الٹا لیٹا مسکراتے ہوئے پھر سے سو گیا۔۔۔۔

ooooooo

آہ!!!!۔۔۔کیا ہو گیا ہے جان!! مرہا کی چیخ پر شاہ میر جلدی اس سے دور ہو گیا۔۔۔۔میر آپ میرا زخم دکھا دیا ہے۔وہ رونے لگی تھی۔۔۔سس ۔سوری میری جان مجھے پتہ نہیں چلا۔

اس کے پاؤں کو اپنی گود میں رکھ کر گھبرا کر بول رہا تھا۔۔۔

ہوں ں ں! ہوں ں ں ں! مجھے بہت درد ہو رہا ہے۔وہ بچوں کی طرح اونچی آواز میں رونے لگی تھی۔۔۔میری جان سوری میں دوا لگا دیتا ہوں۔۔۔ پلیز یار ایسے اونچی آواز میں تو مت روؤ۔ساتھ والے کمرے میں لڑکی ہے کیا سوچے گی کہ آدھی رات کو میں اپنی بیوی پر کون سا ظلم کر رہا ہوں جو بچاری آوازیں نکال کر رو رہی ہے۔۔۔

شامیر مرہا کی آوازوں سے تقریباً گھبرا کر اسے چپ کروانے کے لیے منتیں کر رہا تھا۔۔

کیا لگتا ہے آپ کو کہ میں ڈرامہ کر رہی ہوں۔۔مجھے درد نہیں ہو رہا۔میں جان بوجھ کر رو رہی ہوں۔۔شاہ میر کی جانب غصے سے دیکھتے ہوئے بول رہی تھی۔۔

نہیں نہیں میری جان میں نے ایسا نہیں کہا کہ تم جان بوجھ کر کر رہی ہو ۔میں تو بس یہ کہہ رہا تھا کہ پلیز اپنا والیم تھوڑا کم رکھو۔۔وہ مرہا کے غصے اور چلانے سے ڈرتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

کتنی مشکل اس کے پاؤں کی ڈریسنگ سیٹ کی۔۔اسے پین کلر کھلایا اور پھر اپنے گود میں سر رکھ کر پچھلے تین گھنٹوں سے بچوں کی طرح لوریاں سنا کر اسے سلانے کی کوشش کر رہا تھا۔اب جا کر وہ سوئی تھی۔۔

تیرا وجود انتہائی

عزیز ہے مجھے

تیرے سوا نہیں

آتا کسی پہ پیار مجھے۔۔وہ سوچ کر لبوں میں مسکرایا تھا۔۔

میری جان ایک بار تمہارا پیر ٹھیک ہو جائے۔۔اس کے بعد یہ جو تم نے پیر کی ڈرامے بازی آج کی ہے نا۔۔اس کا بدلہ تو تمہارا میر تم سے ضرور لے گا۔۔۔

شاہ میر کو اچھی طرح سے پتہ تھا کہ اس کے پیر میں جتنا درد تھا اس سے کہیں زیادہ اس نے ڈرامہ کیا ہے۔۔وہ جانتا تھا کہ مرہا کو بہت اچھا لگتا ہے میر سے

اپنے نخرے اٹھوانا۔۔اور بہت دن ہو گئے تھے اس نے اپنے نخرے اٹھوائے نہیں تھے۔۔۔۔

اور آج موقع ملنے پر اس نے یہ موقع ضائع نہیں جانے دیا تھا۔۔زرا سا میر کا پیر اس کے پیر پر آ گیا تھا۔۔مرہانے پورے تین گھنٹے کی فلم چلا کر اس کے اچھے خاصے رومینٹک موڑ کی ایسی تیسی پھیر دی تھی۔۔۔

۔اب میر کی ڈراما کوئین اس کی گود میں سر رکھے آرام سے سو گئی۔۔۔

شاہ میر کی شرٹ کے کھلے بٹنوں ولی جگہ سے بچوں کی طرح اپنا ہاتھ اندر گھسائے ہوئے بڑے آرام سے سو رہی تھی۔۔

اس کی ایکٹنگ دیکھ کر شاہ میر کو ہنسی

آ رہی تھی۔۔۔

شاہ میر اس کے ساتھ آرام سے لیٹ گیا۔ بازو اس کے اوپر سے گزرتے ہوئے قریب کر لیا۔۔

سونے کی کوشش کرنے لگا تھا۔۔کیونکہ میڈم سو چکی تھی۔۔اور اس غریب کی نیند اور رومنیس کا بڑا غرق کر چکی تھی۔۔اب اس کے پاس سوائے سونے کی کوشش کرنے کے اور کوئی چارہ نہیں تھا۔۔

ooooooooo

تمہارا اس بات سے کوئی لینا دینا نہیں ہے کہ میں اس لڑکی کے ساتھ کیا کروں گا۔۔تم یہاں سے جا سکتے ہو شاہ میر نے جبڑے میچتے ہوئے ٹیبل زور سے پر ہاتھ مارا تھا۔۔

پلیز آپ میری بات تو سنیں ہم اس
مدے پر آرام سے بیٹھ کر بھی بات کر سکتے ہیں۔۔پروفیسر نے سمجھانے والے انداز سے شاہ میر کو بڑے ادب سے بیٹھنے کو کہا تھا۔۔
نہ تو مجھے بیٹھنا ہے اور نہ مجھے اس مدے پر کوئی تم سے بات کرنی ہے اور نہ ہی میں تمہیں کوئی صفائی دینا ضروری سمجھتا ہوں۔۔۔

غصے سے اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ سامنے ٹیبل پر رکھے ہوئے موبائل کو اٹھا کر شامیر وہاں سے تیز تیز قدموں سے نکل آیا۔۔۔

اے سی پی شاہ میر کو پروفیسر نے کیفے میں بلوایا تھا۔ شفا کے ماں باپ کے بتانے پر کہ ان کی بیٹی اے سی پی شاہ میر ملک کے پاس ہے۔۔۔ پروفیسر اے سی پی کو سمجھانے آیا تھا کہ شاید اس لڑکی کو بچایا جا سکے۔۔

مگر دو ہی باتوں میں شاہ میر کا دماغ بہت زیادہ گرم ہو چکا تھا۔۔ اور وہ بنا پروفیسر کی کوئی اور بات سنے وہاں سے نکل سیدھا اپنی جیپ میں بیٹھ گیا ۔۔۔ جیپ کو اڑانے والے انداز میں لے کر گیا تھا۔۔۔ جبکہ پروفیسر وہیں پر سر تھامے ہوئے ٹیبل پر بیٹھا ہوا گہری سوچ میں مبتلا تھا۔۔۔۔

ooooooooo

شاہ سب ٹھیک تو ہے نا!! ہم اتنی جلدی تیاری کیوں کر رہے ہیں۔ کل رات تک تو آپ کا کوئی ایسا پلان نہیں تھا۔ میرب بہت پریشان تھی یوں اچانک صبح صبح پاکستان واپس جانے کی تیاری کرنے پر۔

میری جان سب کچھ ٹھیک ہے بس یہاں سے ہمارا کام وائنڈاپ ہو گیا ہے تو اب ہمیں واپس جانا ہے۔ اور میرے آفس میں کام کا بنڈل بہت زیادہ ہے اس لیے وہاں پر میری بہت زیادہ ضرورت ہے۔۔۔۔ دلاور کا فون بار بار رہا ہے آرہا ہے۔۔ شاہ مرر کے سامنے کھڑا ہوا اپنی شرٹ کے بٹن بند کر رہا تھا۔۔ وہ میرب کو کلیئرلی کوئی جواب بھی نہیں دے رہا تھا۔۔ کچھ ایسا تھا جو شاہ میرب کو بتا کر پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔

میرب میری جان تم کیوں پریشان ہو مجھے سمجھ نہیں آرہا میرے ہوتے ہوئے تمہیں دماغ پر پریشانی سوار کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

جب کہہ رہاہوں کہ تیاری کرو آفس میں کام ہے۔تو تم یہ گہری سوچ میں کیوں ہو۔میرب جو پیکنگ کرتے ہوئے گہری سوچ میں تھی کہ آخر شاہ اتنی جلدی جانے کی تیاری کیوں کر رہاہے۔۔

شاہ اس کے اداس اور کشمکش والے چہرے کو مرر سے دیکھتے ہوئے اس کے پاس
آکر کاندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے سینے سے لگا کر بول رہا تھا۔۔
جان تھی وہ شاہ کی اس کے چہرے پر ذرا سی اداسی بھی شاہ کی دھڑکنوں کو بے چین کر دیتی تھی۔

جیسے اس وقت شاہ اپنی ڈریسنگ سیٹ کرتے ہوئے چھوڑ مرر سے ہٹ گیا۔
اور میرب کو پیار سے سمجھانے لگا تھا۔

نہیں شاہ میں پریشان تو نہیں ہوں میں تو بس یہ سوچ رہی تھی کہ ہم اتنی جلدی کیوں جا رہی ہے۔۔

وہ اداسی بھرے لہجے سے بولتے ہوئے شاہ کے سینے پر ہاتھ رکھ کر شرٹ کے بٹنوں سے چھیڑ چھاڑ کر رہی تھی۔۔

کیا میری جان ابھی اور یہاں پر رکنا چاہتی تھی۔۔ کل ہی تو تم کہہ رہی تھی کہ مجھے گھر واپس لے کر چلو۔۔ تو ایک طرح سے تو جو تم چاہتی تھی وہی ہو رہا ہے۔

شاہ سمجھ تو رہا تھا کہ میرب ابھی جانا نہیں چاہتی تھی۔ بس اس نے رات اپنی نیند نہ پوری ہونے کی وجہ سے غصے میں بول دیا تھا۔

ہاں میں ابھی نہیں جانا چاہتی تھی مجھے آپ کے ساتھ یہاں پر بہت اچھا لگ رہا تھا۔

۔پہلی بار تو میں آپ کے ساتھ کہیں آئی ہوں۔اداس سا منہ بنائے بڑی دھیمی آواز میں بول رہی تھی۔

ایسا ہے تو پھر پہلے کیوں نہیں بتایا۔ نظریں جھکا کر شاہ نے میرب کے چہرے پر مرکوز کر رکھی تھی۔

مجھے لگا کہ آپ سمجھ جائیں گے مگر آپ تو سمجھے ہی نہیں اور مجھے واپس لے کر جا رہے ہیں۔

وہاں جا کر آپ کام میں مصروف ہو جائیں گے۔اور میں پھر پہلے کی طرح اکیلی پور ہوتی رہا کروں گی۔

شکوہ گو لہجے سے بول رہی تھی۔۔

پہلی بات میں جا کر جتنا بھی مصروف ہو جاؤں اپنی جان کو بور نہیں ہونے دوں گا۔ وہ ایک مشکل دور تھا مجھ پر امی جان کی جانے کے بعد میں خود کو سنبھال نہیں سکا۔۔۔

میرے اندر بہت کچھ ٹوٹ گیا تھا۔ امی جان کے جانے سے۔ مگر تمہاری محبت مجھے زندگی کی خوبصورت راہوں پر واپس لے آئی۔

اب واپس جا کر تمہارا شاہ پہلے والا شاہ بن جائے گا۔ جو آفس جا کر بھی تمہیں اپنا پورا ٹائم دیتا تھا۔۔۔

اب تم بور نہیں ہو گی۔ اپنے اس لٹکے ہوئے چہرے کو ٹھیک کرو۔ مجھے سمائل کر کے دکھاؤ۔ تمہارا یہ مرجھایا چہرہ مجھے زندگی سے دور کر دیتا ہے۔۔

ہمیشہ ایک بات یاد رکھنا میرب تمہارے چہرے کی خوشی مجھے جینے کی وجہ دیتی ہے۔ اور مجھے ہمیشہ زندگی سے منسلک رکھنے کے لیے تمہارے چہرے کو

مرجھایاہوانہیں ہوناچاہیے۔۔اوکے فیصلہ انداز سے حق جتاتے ہوئے بول رہاتھا۔۔

شاہ آپ مجھ سے بہت پیار کرتے ہیں؟

میرے خیال سے اس سوال کوئی جواز نہیں ہے۔

کیامیراہر انداز تمہیں یہ نہیں بتاتا کہ میں تم سے کتنا پیار کرتاہوں۔۔

پھر بھی اگر میری جان نے آج میرے منہ سے ہی سننے کاارادہ کر لیاہے تو ۔ہاں شاہ تم سے بہت پیار کرتاہے۔

شاہ کی جان ہو تم۔۔۔رومان شاہ کے دل پر صرف اور صرف تمہاری حکومت ہے۔۔

ماتھے پر لب رکھ بڑی محبت بھرا بوسہ دیتے ہوئے کہا۔۔

اب جلدی سے ریڈی ہو جاؤ باقی کی پیکنگ میں کر لوں گا۔۔۔ہماری فلائٹ کا ٹائم ہونے والا ہے۔

کہتے ہوئے مرر کے سامنے خود تیار ہونے لگا تھا اور میرب کپڑے لے کر واش روم میں جا کر بند ہو چکی تھی۔۔۔۔۔

ooooooo

سارے ڈاکٹر جو کراچی سے ایک ساتھ آئے تھے۔۔آج ایک بار پھر اکٹھے تھے اور تقریباً سارا گاؤں بھی اس خوشی میں شامل ہونے آیا تھا۔کہ اس غریب لڑکی کی بیٹی کو اتنے اچھے جوڑے نے گود لیا ہے۔۔۔

سب ہی ہما اور شاہ زیب کے فیصلے سے بہت خوش تھے۔۔ان کی خوشی کو سب مل کر سیلیبریٹ کر رہے تھے۔۔

اور تقریباً سب ڈاکٹر بچی کے لیے گفٹ لائے۔۔۔اور کئی تو گاؤں کے لوگ بھی ایسے تھے جو اپنی حیثیت کے مطابق بچی کے لیے تحفے لے کر آئے تھے

۔۔

آج سب ڈاکومنٹس کمپلیٹ ہو چکے تھے بچی کو قانونی کاروائی کرنے کے بعد ڈاکٹر شاہ زیب کے حوالے کر دیا گیا۔۔ ہما کی تو خوشی کی کوئی انتہا ہی نہیں تھی۔۔ وہ تو ننی پری کو اپنے سینے سے لگائے ہوئے گھوم رہی تھی۔۔

اور اس کی ساتھی ڈاکٹرز بھی ہما کے ساتھ بہت زیادہ کوپریٹ کر رہی تھی یہ کہہ رہی تھی کہ وہ ڈیوٹی کے دوران اپنی بیٹی پر اچھی توجہ دے وہ اس کی جگہ ڈیوٹی چارج سنبھال لیا کرے گی۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب جہاں اتنی پیاری بیٹی کو پا کر خوش تھا۔۔ وہی ہما کے چہرے پر جو چمک اور خوشی تھی اسے دیکھ کر بھی بہت خوش تھا۔۔ یہ سچ تھا کہ یہ فیصلہ ہما کا تھا۔ بس اس نے تو اس کے اس فیصلے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا تھا۔۔

مگر اب اسے لگ رہا تھا کہ یہ فیصلہ بالکل ٹھیک تھا۔۔سب ڈاکٹرز کو شاہ زیب اور ڈاکٹر ہما کی طرف سے ٹریٹ دی گئی تھی۔۔

ایک الگ ہی گہما گہمی اور خوشحالی کا ماحول سجا ہوا تھا گاؤں کے بیچ میں۔۔شاہ زیب کے گھر والوں کو بھی اس ننھی پری کے آنے کی خوشخبری سنادی گئی تھی۔۔۔

ان کو بھی اپنی بہو اور بیٹے کے اس فیصلے سے کوئی اعتراض نہیں تھا۔

شازیب کی فیملی کافی پڑی لکھی اور باشعور تھی۔۔

وہ بھی بہت خوش تھے اور بہت بے صبری سے ان کی واپسی کا انتظار کر رہے تھے۔۔کب وہ ننی پری کو لے کر گھر آجائیں۔اور گھر میں رونق لگ جائے۔

ہماری پیاری سی بیٹی کی پیاری مورے چلیں!! شاہ زیب نے ہما کو اپنی بیٹی کے ساتھ باتیں کرتے ہوئے مصروف پا کر کھانستے ہوئے ہوئے متوجہ کیا

۔۔

شاہ زیب مورے کا مطلب کیا مجھے بتائیں تو صحیح آپ نے کل رات کو بھی مجھے مورے کہا تھا۔۔ مسکرا کر شاہ زیب کی جانب دیکھتے ہوئے ہما نے مسکرا کر سوال کیا۔۔

مورے کا مطلب ہوتا ہے ماں امی ماما موم جیسے ہر زبان میں ماں کو الگ الگ زبان سے بلایا جاتا ہے اسی طرح پشتو زبان میں ماں کو مورے کہتے ہیں۔۔ تم ہماری بیٹی کی مورے ہما کے پیچھے کھڑے ہو کر ننی گڑیا کی چہرے کو نرمی سے چھوتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

تھینک یو تھینک یو سو۔۔۔۔۔۔مچ

شاہ زیب مجھے اتنا پیار ارتبہ دلانے کے لیے۔۔۔آپ ورلڈ کے بیسٹ ہسبینڈ ہیں بے اختیار شاہ زیب کے سینے سے سر لگا گئی۔۔

کنڑول میری پیاری سی ڈاکٹر صاحبہ ہم اس وقت اپنے کیمپ میں نہیں ہیں ۔۔ باہر کھڑے ہیں۔اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھ ساتھ لگاتے ہوئے مذاق کیا تھا۔۔۔

سوری۔۔۔وہ تھوڑی سی شرمندہ ہو کر مسکرا کر پیچھے ہو گئی تھی۔
سوری بولنے کی ضرورت نہیں ہے کیمپ میں چلو اچھی طرح گلے مل کر لبوں کو چوم کر کسیاں شسیاں لینے کے بعد ہم اپنی بیٹی کے آنے کی خوشی کو سیلیبریٹ کریں گے۔۔۔

رات کو بھی میری پیاری بیٹی نے اپنے بابا کی رومینس کی بینڈ بجادی تھی ۔اب وہی سے کانٹینوں کرتے ہیں۔
ہما کے کان میں اتنی کم آواز میں سرگوشی کی کہ کچھ دوری پر کھڑے ہوئے ڈاکٹرز نے بالکل نہیں سنا تھا۔۔۔

مگر ہما شرم سے لال ٹماٹر ہو گئی۔۔ڈاکٹر صاحب اب آپ تھوڑے سے سدھر جائیں۔۔ایک بیٹی کے باپ بن گئے ہیں۔۔۔

وہ بھی سرگوشی کرتے ہوئے ہی بولی تھی۔۔۔

ایسا کچھ نہیں ہونے والا اگر تمہارے دماغ میں یہ چل رہا ہے کہ میں سدھر جاؤں گا۔۔اور مجھ میں کچھ بدلاؤ آجائیں گا۔تو ایسا کچھ نہیں ہونے والا۔۔

اگر میں دس بچوں کا باپ بھی بن گیا تو میں تو ایسا ہی رہوں گا۔۔ڈاکٹر ہما صاحبہ یہ مت بھولا کریں کہ تمہارا شوہر پٹھان ہے۔۔۔۔۔اور ہمیں کوئی فرق نہیں پڑتا کہ ہماری کتنی اولادیں ہو گئی ہیں۔۔۔بلکہ ہر اولاد کے بعد ہم خود کو پہلے سے زیادہ فٹ محسوس کرتے ہیں۔۔۔۔۔اتنے بے باکی سے ہما کے چہرے پر نظریں گاڑے تھوڑا سا اس پر جھک کر آہستہ سے بول رہا تھا

۔۔۔

ہما کو تو اپنی سانسیں گلے میں ہی گھٹتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔۔اس کی حالت دیکھ تھوڑا پیچھے ہو کر کھلکھلا کر ہنسا تھا۔۔۔

اسے اپنے کیمپ کی جانب چلنے کو اشارہ کرتے ہوئے ساتھ چل پڑا

۔۔۔۔۔دونوں مسکراتے ہوئے اپنے کیمپ میں جا رہے تھے۔۔اپنی پیاری بیٹی کو ساتھ لیے ہوئے

۔

ooooooo

اسلام علیکم کیسے ہو رومان ! شاہ میر نے بالکل نارمل انداز سے سلام کا جواب دیا تھا۔۔

اے سی پی صاحب ہم تو بالکل ٹھیک ہیں آپ کیسے ہیں اور کہاں ہیں رومان شاہ نے بھی نارمل سے انداز سے پوچھا تھا۔۔

میں اسلام آباد ہوں اس وقت۔ تمہارے جانے کے بعد میری پوسٹنگ یہاں پر ہو گئی تھی۔۔

اوکے تو پھر میں بھی اسلام آباد آیا ہوا ہوں۔ بتاؤ کہاں پر ہو تم! میں تم سے آکر مل لیتا ہوں چلو اسی بہانے ملاقات ہی ہو جائے گی۔۔۔

نہیں میرے پاس تو فی الحال ٹائم نہیں ہے۔ میں کسی ضروری کام سے سائیڈ ایریا پر ہوں۔ تو بعد میں مل لوں گا جیسے ہی ٹائم ملتا ہے میں تمہیں انفارم کر دوں گا۔۔

اوکے تم سائیڈ ایریا پر ہو مگر میرا تو گھر پر ہی ہو گی میں اس سے مل لیتا ہوں

۔۔

تم ترکی سے واپس کب آئے ہو تم نے بتایا ہی نہیں۔۔۔۔اور میرب کیسی ہے۔ شاہ میر نے بات کا رخ بدلتے ہوئے کہا تھا۔۔

شاہ میر میری بات کو اگنور کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔میں بہت اچھی طرح سے جانتا ہوں کہ تم کراچی میں ہو۔۔

اور کہاں پر ہو یہ جاننا میرے لیے کوئی زیادہ مشکل کام نہیں ہے۔۔۔اگر تم اے سی پی ہو تو۔۔۔مجھے بھی لوگ رومان شاہ کہتے ہیں۔اس لیے بہتر ہے کہ تم مجھے خود بتاؤ کہ تم کہاں پر ہو۔میں تم سے ملنا چاہتا ہوں۔۔سپاٹ لہجے اور روعبدار آواز سے بولا تھا۔۔

ٹھیک ہے مجھے تم عرفہ کیفے میں آکر ملو میں وہیں پر تمہارا ویٹ کر رہا ہوں۔۔۔شاہ میر کے جواب نہ آنے پر رومان شاہ نے خود ہی فیصلہ سناتے ہوئے کہا تھا۔۔

رومان میرے پاس اس وقت سچ میں ٹائم نہیں ہے تم سے ملنے کا۔۔

ملنے کا ٹائم نہیں ہے یا۔۔میرا سامنا نہیں کرنا چاہتے۔۔میری اکلوتی بہن کے ساتھ اتنا کچھ ہو گیا۔۔اور تم نے مجھے بتانا ضروری نہیں سمجھا۔۔۔رومان شاہ کی بھاری رعبدار آواز فون سے باہر آ رہی تھی۔۔

!اوا چھا تو تمہیں سب کچھ پتہ چل چکا ہے

ہاں کیوں نہیں چلنا چاہیے تھا۔کیونکہ تم نے تو بتانا ضروری نہیں سمجھا۔رومان شاہ نے تنزیہ لہجے سے کہا۔۔

میں کیفے میں آ رہا ہوں وہیں بیٹھ کر ساری بات کرتے ہیں۔اللہ حافظ۔شاہ میر نے کہہ کر فون بند کر دیا۔۔

oooooooo

شاہ میر بہت بے چینی کے ساتھ کیفے میں بیٹھا ٹیبل پر رومان شاہ کا انتظار کر رہا تھا۔بے شک مرہا کی کیڈنیپگ والی بات چھپانے میں شاہ میر کی نیت اچھی

تھی۔ مگر حقیقت یہی تھی کہ اس نے بہت بڑی بات رومان شاہ سے چھپائی تھی۔

جسے جاننے کا اسے پورا حق تھا۔۔وہ مرہا کا سگا اور اکلوتا بھائی تھا۔۔۔۔ایسا بھائی جس نے اپنی بہن کو بیٹیوں کی طرح پالا ہو۔۔۔اس وقت شاہ میر عجیب سی کشمکش میں گرفتار تھا۔۔

اسلام علیکم شامیر اپنی سوچوں میں گم تھا جب رومان شاہ کی بھاری آواز اس کے کانوں سے ٹکرائی تھی۔۔وہ اپنی سیٹ سے اٹھ کھڑا ہوا۔۔اور رومان شاہ سے مصافہ کرتے ہوئے گلے ملا تھا۔۔

میرب کیسی ہے شامیر نے بات بڑھانے کے لیے سوال کیا تھا۔۔آنے کے کچھ دیر بعد تک دونوں میں خاموشی طاری رہی تھی۔۔

میرب بالکل ٹھیک ہے اور اگر خدانہ خواستہ کو کچھ ہوتا تو میں تمہیں ضرور بتاتا۔۔ کیونکہ تم اس کے بھائی ہو اور تمہیں جاننے کا پورا حق ہے رومان شاہ نے سیدھا سیدھا تنز کیا۔۔

رومان میں بھی تمہیں بتانا چاہتا تھا۔۔اگر تم یہاں ہوتے تو میں ضرور بتاتا۔۔ اور بتانے کے بعد شاید میری تکلیف میں کوئی کمی آجاتی۔۔۔

تمہیں تو اندازہ بھی نہیں کہ میں نے اس وقت خود کو کتنا اکیلا محسوس کیا۔ مجھے بھی کوئی ایسا چاہیے تھا۔۔

جس کے لیے میرے بعد مرہا کی عزت اتنا ہی نازک مصلہ ہوتی جتنا میرے لیے تھی۔۔

تم نے مجھ سے پوچھا کہ اس وقت میں کس تکلیف سے گزر رہا تھا۔ تم نہیں تھے۔۔مجھے تمہاری بہت ضروت تھی۔

شاہ میر نے درد زدہ لہجے سے ساری باتیں کہی تھی۔۔

شاہ میر یہی تو دکھ ہے کہ تم نے سب کچھ اکیلے برداشت کیا تم مجھے فون کر سکتے تھے بتا سکتے تھے۔۔۔آخر میں زندہ تھا۔۔۔اس دنیا میں تھا۔۔۔اور تم تک پہنچنے میں مجھے کتنا ٹائم لگتا۔۔۔۔شاہ میر کی تکلیف کو سمجھتے ہوئے رومان شاہ کا لہجہ نارمل ہو گیا۔۔

فلائٹس بند تھی۔تم جانتے ہو کہ تمہارے جانے کے بعد میں نے نیوز سنی تو اس میں صاف صاف بتایا گیا تھا کہ اگلے 48 گھنٹوں تک فلائٹس بند رہیں گی۔۔۔

میں تمہیں بتا کر صرف تکلیف دیتا نہ تو تم آ سکتے تھے۔اور نہ تم وہاں سکون سے رہ سکتے تھے۔۔۔بتاؤ میں نے کیا غلط کیا ہے۔۔اس کے بعد جب میں مرہا کو صحیح سلامت واپس لے آیا تھا۔

تو پھر میں نے اس لیے نہیں بتایا کہ تم نے مجھے جاتے ہوئے کہا تھا کہ تمہارے بزنس میں بہت زیادہ پرابلم ہو گئی ہے۔۔۔

جس کی وجہ سے تمہیں اچانک یوں جانا پڑا۔اور مجھے یاد ہے اس سے پہلے بھی جب تم ترکی گئے تھے۔۔اپنے بزنس کے سلسلے میں اس وقت میرب کے ساتھ وہ گرنے والا حادثہ پیش آگیا تھا۔۔۔

تب بھی تم سب کچھ چھوڑ اچانک سے واپس آگئے تھے۔۔مجھے لگا کہ اس بار مجھے تمہیں ڈسٹرب نہیں کرنا چاہیے۔۔

رومان تمہیں لگتا ہے کہ میں تمہاری بہن کا خیال نہیں رکھ سکتا۔۔اگر ایسا سوچتے ہو تو صحیح سوچتے ہو۔۔

وہ نظریں جھکائے شرمندہ ہو کر بول رہا تھا۔۔

واقعی میں تمہاری بہن کا خیال تو نہیں رکھ سکا۔۔اگر رکھ سکتا تو اس پر یہ مصیبت کبھی نہیں آتی۔۔میں ایک بہت غیر زمیدار شوہر ہوں۔۔جو اپنی بیوی کی حفاظت نہیں کر سکا۔۔ایک بہت ہی فلاپ شوہر ہوں میں۔۔وہ ندامت سے نظریں جھکائے بیٹھا تھا۔۔

بول دیا جو تم نے بولنا تھا اب میری بات غور سے سنو۔ تم ایک بہت اچھے شوہر ہو۔ نظریں اٹھا کر میری طرف دیکھو۔ تمہیں کس نے کہا کہ تم ایک فلاپ شوہر ہو۔۔۔

ایک باشعور پڑھے لکھے انسان ہو کر تمہیں اپنے بارے میں ایسا سوچتے ہوئے دیکھ مجھے حیرانی ہو رہی ہے۔۔۔

رومان شاہ نے اپنا مضبوط ہاتھ اس کے ہاتھ پر رکھتے ہوئے تسلی بخش انداز میں کچھ کہنا چاہا تھا۔۔۔

میں تو اللہ تعالی کا جتنا بھی شکر ادا کروں وہ کم ہے۔۔ میں تو اگر خود ساری زندگی بھی ڈھونڈتا تو کبھی اپنی بہن کے لیے تم سے بہتر ہمسفر نہیں ڈھونڈ سکتا تھا۔۔

اللہ کا شکر ہے کہ اللہ نے مجھے خود سے ہی تو تم سے ملوا دیا۔۔۔ اور میری بہن کے نصیب کی لکیروں میں تمہیں لکھ دیا گیا۔۔۔۔

میں بہت خوش ہوں اور مجھے فخر ہے تم پر اس لیے شاہ میر یوں نظریں مت جھکاؤ۔۔۔ قسمت میں جب جو لکھا ہوتا ہے وہ ہو کر رہتا ہے۔۔۔ مرہا کی قسمت میں یہ لکھا تھا۔ جو ہو گیا۔۔۔۔ کیسے ہوا مجھے نہیں جاننا۔۔

تم نے مرہا کو کیسے بچایا مجھے یہ بھی نہیں جاننا۔۔۔ تم نے اس درندہ صفت کمینے شخص کے ساتھ کیا سلوک کیا۔۔۔ مجھے وہ بھی نہیں جاننا۔ کیونکہ مرہا کہ صحیح اور غلط پر مجھ سے کہیں زیادہ حق تمہارا ہے۔۔۔

تم اس کے شوہر ہو۔۔ جس دن تم نے مجھ سے یہ کہا تھا کہ آج کے بعد وہ شخص تمہارا دشمن ہے۔۔۔ میں نے اپنے قدم پیچھے لے لیے تھے۔۔۔

تم نے اسے جو بھی سزا دی وہ اسی کے قابل تھا یا ہو گا۔۔۔۔ مگر شاہ میر تم جو اس کی بیٹی کو لے کر آئے ہو وہ تم نے بہت غلط کیا ہے۔۔۔

اگر تم اس کی بیٹی کے ساتھ وہی سلوک کرو گے تو اس میں اور ہم میں کوئی فرق نہیں۔۔۔

وہ بھی ایک گھٹیا انسان تھا اور ہم بھی اسی کے برابری پر اتر کر بدلہ لیں گے تو اس میں اور ہم میں کوئی فرق نہیں رہ جائے گا۔۔

ہم اس لڑکی کے ساتھ غلط کر کے اپنے رب کو کیا منہ دکھائیں گے۔۔۔
تمہیں کیا پتا کہ ہو سکتا ہے میں اس لڑکی کے ساتھ غلط کر چکا ہوں۔اور وہ لڑکی اسی کے لائق ہے۔۔۔
شامیر بے شک ہم دونوں میں ایک وقت ایسا تھا جب بہت دشمنی تھی۔۔ مگر ایک بات میں اس وقت بھی تمہارے بارے میں پورے یقین کے ساتھ کہہ سکتا تھا۔۔

کہ تم ایک باضمیر اور باکردار انسان ہو اس لیے مجھے 100 پرسنٹ یقین ہے کہ تو کبھی بھی اس لڑکی کے ساتھ غلط نہیں کرستے۔۔ مطمئن لہجے سے رومان شاہ کہتے ہوئے ہلکے سے مسکرایا تھا۔۔

مت کرو مجھ پر اتنا یقین۔۔اگر نہیں کیا تو ضرور کروں گا۔۔مرہا کے گنہگار کی بیٹی کو میں اتنی آسانی سے نہیں چھوڑ سکتا۔۔

۔اس شخص کی تڑپ اس دن جو میں نے اپنی بیٹی کے لیے دیکھی تھی۔۔اس کو دیکھنے کے بعد تو چاہے مجھے اپنے ضمیر کو ہی کیوں نہ مارنا پڑے۔۔میں مار کر بھی مرہا کا بدلہ ضرور لوں گا۔۔۔

اس گھٹیا شخص کو تکلیف دینے کے لیے۔اس کی بیٹی کو تکلیف دینا ضروری ہے۔اس کی بیٹی کے ساتھ غلط ہونا ضروری ہے۔۔غصے سے جبڑے بھینچتے ہوئے فیصلہ کن انداز سے بولا تھا۔۔

نہیں شاہ میر مجھے پتہ چلا ہے کہ اس کی بیٹی کا اس میں کوئی قصور نہیں ہے۔ بچی ہے وہ۔۔ عمر ہی کیا ہے اس کی بامشکل 17 سال کی ہے۔ تم اس کے ساتھ ایسا کچھ نہیں کر سکتے۔۔۔

رومان شاید تم بھول رہے ہو مرہا تو اس سے کہیں زیادہ معصوم اور چھوٹی تھی۔۔اس نے احساس کیا رحم کھایا تھا میری مرہا پر۔۔۔

شاہ میر کی آنکھوں میں غصے سے خون اتر آیا تھا۔۔

رومان شاہ اس کی تکلیف اور درد کو بہت اچھی طرح سے سمجھ رہا تھا۔۔ کیونکہ وہ خود بھی اسی درد سے گزر رہا تھا۔۔

مگر اس وقت اسے ہر حال میں شاہ میر کے غصے کو اس پر حاوی نہیں ہونے نہیں دینا تھا۔۔۔

اسے شاہ میر کے قہر اور غضب سے اس بچی کو بچانا تھا۔۔۔وہ اسی مقصد کو لے کر ہی تو تر کی سے اتنی جلدی واپس آیا تھا۔۔۔۔

تو ٹھیک ہے مت کھاؤ ترس میں نہیں کہوں گا تمہیں کہ تم اس پر ترس کھاؤ۔۔۔جو بھی ظلم اور قہر تم نے اس پر ڈھانا چاہتے ہو۔۔

اس کے لیے رب کی بارگاہ میں گنہگار مت بنو۔۔تم اس لڑکی سے تم نکاح کرو گے۔۔۔۔رومان شاہ نے کچھ سوچتے ہوئے کہا تھا۔۔

نہیں میں ایسا کبھی نہیں کروں گا نکاح کر کے میں مرہا کے ساتھ کبھی بے وفائی نہیں کر سکتا۔۔شاہ میر نکاح کے نام سے تڑپ اٹھا تھا۔۔

اور جو تم بنا نکاح کے اس کے ساتھ کر کے اس کے باپ کو سزا دینا چاہتے ہو۔۔۔وہ کر کے کیا تم مرہا کے ساتھ وفاداری کرو گے۔۔۔

رومان شاہ نے آنکھیں دکھاتے ہوئے کہا تھا۔۔

رومان تم جتنی مرضی مجھے دلیلیں دو۔۔۔مگر میرا فیصلہ نہیں بدلے گا۔۔

میں اس لڑکی کو کسی صورت نہیں جانے دوں گا۔۔

ٹھیک ہے مت چھوڑو اس لڑکی کو۔۔۔تم اس کے ساتھ نکاح کرنے کی ہمت بھی نہیں رکھتے۔۔۔کیونکہ تم مرہا کے ساتھ ناانصافی نہیں کر سکتے۔۔۔۔تو اس ساری باتوں کا میرے پاس ایک سولیوشن ہے۔۔۔رومان شاہ نے بہت ٹھہراؤ سے بولتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔شاہ میر نے نظریں اٹھا کر رومان شاہ کے چہرے کی جانب دیکھا۔۔

وہ کیا!!شاہ میر نے سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔۔

اب جو رومان شاہ نے کہا تھا۔۔وہ بات تو دور دور تک بھی اس کے دماغ میں نہیں تھی۔۔

وہ تو سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ رومان شاہ اسے ایسا بھی کرنے کو کہہ سکتا تھا ۔۔۔اور حیرانی تو اسے تب ہوئی جب رومان شاہ نے کہا کہ وہ یہی سوچ کر ہی ترکی سے واپس آیا ہے۔۔۔

دونوں میں اس فیصلے کو لے کر بہت بحث ہوئی۔۔۔ مگر جیت تو رومان شاہ کی ہونی تھی۔۔۔

رومان شاہ نے اپنا فیصلہ شاہ میر سے منوا کر ہی دم لیا۔۔۔۔ تو پھر ڈن ہو گیا جو میں نے کہا ہے اب تم ویسا ہی کرو۔۔۔ اس طرح مرہا سے بے وفائی بھی نہیں ہو گی اور اس شخص کو سزا بھی مل جائے گی۔۔۔

ویسے بتانا پڑے گا میرب کو کہ اس کے شوہر میں بہت شاطر دماغ ہے۔۔۔

۔۔ شاہ میر نے غصے سے نظریں شاہ کے چہرے سے ہٹا کر دوسری جانب کرتے ہوئے کہا۔۔۔

تمہیں بتانے کی ضرورت نہیں ہے میری بیوی میرے شاطر دماغ سے بہت اچھی طرح سے واقف ہے۔۔۔

تم کل تیاری رکھنا میں گواہ ہوں اور مولوی کو لے کر تین بجے پہنچ جاؤں گا۔۔۔رومان شاہ اپنا فیصلہ سناتے ہوئے کھڑا ہو گیا۔۔۔

جبکہ شاہ میر غصے سے بھری ہوئی نظروں سے رومان شاہ کو جاتے ہوئے دیکھ رہا تھا جو شاہ میر پر اپنا فیصلہ تھوپ کر چلا گیا تھا۔۔۔۔

ooooooo

ہلکی ہلکی دھوپ بیٹھی بیا بڑے مزے لے کر گنا چوس رہی تھی۔۔۔اپنے کھیتوں سے لائے گئے میٹھے گنے کے ساتھ بہت اچھی طرح سے انصاف کر رہی تھی۔۔ مجال ہے کہ کہیں چھلکوں میں تھوڑا سا بھی رس باقی ہو۔۔۔

آج اس کے تایا اور تائی شہر گئے ہوئے تھے۔۔کچھ دن پہلے جو رپورٹس آئی تھی ان میں کافی سارے مسئلے سامنے آ گئے۔ان کو ہفتہ 10 دن لگ سکتے تھے وہاں پر علاج کروانے میں۔۔

اب تو وہ ویسے بھی بے فکر تھے کیونکہ بیا کی پریشانی ان کے سر سے اتر چکی تھی۔۔اب وہ بے فکر ہو کر وہاں پر جتنے دن چاہے رہ سکتے تھے۔

۔اور ماہ نور بھی وہی شہر میں پڑتی تھی۔۔تو اسی بہانے وہ کچھ دن اپنی بیٹی کو بھی اپنے ساتھ رکھ سکتے تھے۔۔

ہوٹل روم خرم نے وہاں پر پہلے سے بک کروا دیا تھا۔۔۔

خرم بھی زمینوں پر گیا ہوا تھا۔اس لیے آج بیا گھر میں اکیلی تھی۔۔ خرم شادی کے بعد کافی چینج ہو چکا تھا اب وہ تقریباً اپنے کام کو بہت سنجیدگی سے کرتا تھا۔۔

اسی لیے تو آج اس کے ابا سائیں بے فکر ہو کر اس کی ماں کو علاج کے لیے شہر لے کر گئے تھے۔۔

!!تو جو میرے ہمیشہ کول رویں

تے میں دنیانوں کہہ دواں

پرے پرے

دل دے کے دنیا توں

کون ڈرے

کول تیرے آ گئی آں

لگیاں نبھاں گئیاں

!!دس مینوں ہن میں کی کراں

بیا گنا چوستے ہوئے بڑے آرام سے آنکھیں بند کیے ہوئے۔۔دھیمی دھیمی آواز میں سونگ گنگنا رہی تھی۔۔

میری ملکہ ترنم نور جہاں میں تجھے سارے گھر میں ڈھونڈ کر آیا ہوں۔۔اور تم یہاں پر بیٹھی ہوئی سر لگا رہی ہو۔۔۔۔ خرم کان کی لو کے پاس آ کر والا تھا۔۔ بیاڈر کرا چھلتی ہوئی دور جا کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

ہائے اللہ جی سائیں آپ نے تو مجھے ڈرا ہی دیا وہ دل پر ہاتھ رکھتے ہوئے لمبی لمبی سانسیں لے رہی تھی۔۔

ایک تو سائیں کی جان تم ڈرتی بہت ہو دو ہی کام آتے ہیں تجھے۔۔۔۔ایک ڈرنا اور دوسرا شرمانا۔۔۔

آج گھر پر کوئی نا ہے۔۔۔تو مجھے کوئی اپنا نیا فیچر متعارف کرواؤ۔۔۔۔وہ قدم بڑھاتے اس کے پاس جا کر کھڑا ہو گیا۔۔۔دونوں ہاتھ اس کی کمر پر باندھ کر اپنے قریب کرتے ہوئے بولا تھا۔۔

سس۔۔سائیں کیا کر رہے ہیں ہم چھت پر کھڑے ہیں کوئی دیکھ لے گا ۔۔سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کسمسا کر پیچھے ہو گئی۔۔سائیں کی پکڑ کچھ زیادہ سخت نہیں تھی۔اس لیے وہ با آسانی پیچھے ہو گئی۔۔

کوئی دیکھتا ہے تو دیکھ لے اب تو تم میرے ساتھ رخصت ہو چکی ہو اب تو ڈرنا چھوڑ دو بیارانی۔۔۔اس کی کلائی کو تھام چھت پر بنے ہوئے چھوٹے سے سٹور نما کمرے کے اندر اسے لے آیا تھا۔۔۔

سٹور میں تائی جان کی بیٹیاں اور اٹیچی کیس رکھے ہوئے تھے۔۔ جن میں وہ گرمی اور سردی کے بستر وغیرہ رکھ دیا کرتی تھی۔۔۔

اس کی کمر کی دونوں جانب ہاتھ رکھ

اسے بچوں کی طرح اوپر اٹھا کر پاس پڑی ہوئی پیٹی پر بٹھا دیا۔۔۔

سائیں کیا کر رہے ہیں کوئی آجائے گا۔اس کی کمر پر دونوں ہاتھ باندھ کر اپنے قریب کر کے خود نیچے کھڑا ہو گیا تھا۔۔

کوئی نہیں آئے گا بے فکر رہو آتے ہوئے سیڑھیوں کی کنڈی لگا کر آیا ہوں۔۔۔ایسے ڈر ڈر کے میرے موڈ کی ایسی تیسی مت کرو۔۔۔

سرگوشی کرتے ہوئے خرم کے لب اس کانوں کی لو کو لگے تو پیا کے
پورے وجود میں سنسناہٹ سی دوڑ گئی تھی۔۔

بیا۔۔۔گھمبیر آواز میں بیا گالوں پر اپنی سخت بیرڈ والے گال رب کرتے
ہوئے سے چبن محسوس کرواتے ہوئے مدہوش سا ہو کر بیا کا نام پکارا تھا۔۔

ہوں ں س۔۔اس کی چپن اور محبت بھرے لمس کو محسوس کرتے ہوئے وہ
تڑپ رہی تھی۔۔۔
سائیں کے کاندھوں پر دونوں ہاتھ رکھے ہوئے۔۔خود کو اس کے سپرد کیے
مشکل بولی تھی۔۔
میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ میں کبھی تم سے اس طرح پیار کر سکتا ہوں
۔۔تجھے پتہ ہے کہ تمہارے پاس آنے کے لیے میں کتنا بے چین ہو جاتا
ہوں۔۔۔

تمہیں پتہ ہے ابھی بھی میں سارے کام چھوڑ کر تیری طرف کھینچا چلا یا آیا ہوں۔۔

وہ مدحوش سا ہو کر اس کی گردن پر اپنے لبوں کے گرم گرم لمس چھوڑ رہا تھا۔۔۔

اس کے جلتے ہوئے لمسوں کی شدت سے اکھڑی ہوئی سانسیں
لیے۔۔۔ خرم کے کاندھوں پر ہاتھ رکھ کر بیٹھی تھی۔۔۔

تیرے وجود سے آتی یہ خوشبو قسم سے مجھے پاگل سا کر دیتی ہے۔۔۔اس کے دل والے مقام پر اپنا سر رکھے ہوئے تھا۔۔۔ہاتھ اس کی کمر پر باندھ کر اس سے ہلنے کی آزادی نہیں دے رہا تھا۔

اس کی کمر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے خرم کے ہاتھ اس کی زپ پر جا کے رک گئے

۔۔

وہ بن پانی مچھلی کی طرح تڑپ گئی تھی جب اس نے ایک ہی جھٹکے سے زپ کو کھینچا اور کرتی کاندھوں سے سرکا دی۔۔

۔سائیں دن دہاڑے تو کچھ شرم کر لیا کریں۔۔وہ شرم کے مارے منمناتے ہوئے اپنی کرتی کو کاندھوں پر واپس کھینچ کر اپنے دونوں ہاتھ کرتے پر رکھے ہوئے۔سائیں کی بے باک نظروں سے خود کو بچا رہی تھی۔۔

ہاہا۔۔۔سائیں کی جان بیوی ہے تو سائیں کی۔۔۔۔سائیں کو تو اس وقت شرم نہیں آتی تھی۔۔۔جب صرف تو میرے نکاح میں تھی۔۔

اب تو سائیں پورے حق سے تجھے رخصت کروا کر تیرے تایا سے لے آیا ہے۔۔۔

تواب بھی اگر تو مجھ سے ایسی امید رکھ رہی ہے تو پھر اس میں تیری غلطی ہے۔۔۔۔

میرا کوئی قصور نہیں ہے۔۔وہ قہقہہ کا لگا کر ہنستے ہوئے نرمی سے اس کے دونوں کلائیوں کو سائیڈ پر کر کے اس کی کرتی کو کاندھوں سے کسکا کر وہاں پر اپنے لب رکھ چکا تھا۔۔۔

لبوں سے چومتے ہوئے اس کی جان نکال رہا تھا۔۔۔وہ تڑپ رہی تھی سائیں کے جلتے ہوئے لمسوں کو محسوس کر کے۔۔اس کی تیز سانسوں کو محسوس کرتے ہوئے سائیں اور بھی بہکتا جا رہا تھا۔۔

۔سائیں کے بے باک لب اس کے دل والے مقام سے ہٹ نہیں رہے تھے۔۔وہ بن جل کے مچھلی کی طرح تڑپ رہی تھی۔۔

۔اس کی معصوم سسکیوں کو نظر انداز کرتے اس سے اٹھا کر پاس پڑی چارپائی پر ڈالتے ہوئے اس پر جھک گیا۔۔۔اور گھٹا بن کر اس پر چھا گیا تھا۔۔۔

ooooooo

میر آپ کس کے ساتھ شفا کا نکاح کروانے والے ہیں۔پلیز مجھے بتائیں۔مرہا بڑے تجسس بھری نظروں سے دیکھ کر پوچھ رہی تھی۔۔۔

صبح سے وہ میر کے منہ سے نکاح کا نام سن کر بہت بے چین تھی۔وہ جاننا چاہتی تھی کہ آخر شفا کا نکاح میر کس سے کروا رہا ہے۔۔۔

اپنے ساتھ کروانے لگا ہوں۔۔بے حد خراب موڈ سے بیڈ پر بیٹھا ہوا موبائل یوز کر رہا تھا۔۔۔بنا مرہا کی جانب دیکھے بولا تھا۔۔

حد ہے۔۔۔مجھے پتہ ہے آپ ایسا کبھی نہیں کر سکتے۔۔۔پلیز بتائیں کہ آپ شفا کا نکاح کس سے کرنے والے ہیں۔۔شاہ میر کی بات کو اگنور کرتے ہوئے اپنے سوال پر زور دیتے ہوئے بولی تھی۔۔

بہت تیز دماغ ہے تم دونوں بہن بھائی میں۔۔۔ تنز بھرے لہجے سے ایک نظر اٹھا کر دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔

مطب!!! ستائشی نظروں سے دیکھتے ہوئے مرہانے پوچھا تھا۔۔
تھوڑی دیر میں تمہارا بھائی صاحب آجائے گا۔۔ مولوی اور گواہوں کو لے کر تو بہتر ہے تم یہ سوال اپنے بھائی صاحب سے ہی پوچھ لینا۔۔۔ میرا دماغ بہت گرم ہے اس وقت بہتر ہے کہ تم مجھ سے کوئی سوال مت کرنا۔۔۔۔
اور جاؤ جا کر اس کو نکاح کے لیے تیار کرو۔۔۔ جس پر تم کل بہت مہربان ہو رہی تھی۔۔۔ ایک ایک لفظ کو چباتے ہوئے اپنے غصے کو ضبط کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔ وہ رومان شاہ کے فیصلے سے بالکل خوش اور مطمئن نہیں تھا۔۔

رومان بھائی آرہے ہیں۔۔مرہاسب کچھ بھول کر اپنے بھائی کا نام سنتے ہی چہک اٹھی تھی۔۔

جی رومان بھائی آرہے ہیں۔۔اور یہ محترمہ تمہاری ہی بھابھی بننے والی ہے۔۔ اس خوشی کو بھی اپنے ساتھ ہی لے کر آئیں گا۔۔۔وہ صرف اپنے دماغ میں ہی سوچ نفی میں سر ہلا کر چپ کر گیا تھا۔۔۔

oooooooo

رومان شاہ مولوی اور گواہوں کے ساتھ اپنے دیے گئے وقت پر آچکا تھا۔۔

رومان شاہ نے مرہا سے ملنے کے بعد۔

شفا کے نکاح کے لیے وائٹ کلر کا مدار لونگ فراک ساتھ میں ریڈ کلر کا کامدار دوپٹہ اور ساتھ میں گلاب کے پھولوں کی گجھرے لا کر مرہا کو تھما دیے تھے۔

میرہابیٹا جلدی سے جاکر اس کو تیار کرو۔۔میرے پاس زیادہ ٹائم نہیں ہے۔ میرب کی تبعیت ٹھیک نہیں مجھ اسے ڈاکٹر کے پاس لے کر جانا ہے۔

اسے ساتھ میں لے آتے تمہارا ایک عظیم فیصلہ دیکھ کر اس کی طبیعت ٹھیک ہو جانی تھی۔۔

شاہ میر نے رومان شاہ کی بات کو بیچ میں کاٹتے ہوئے تنز کیا تھا۔شامیر مرہا اور رومان شاہ اس وقت شاہ میر کے کمرے میں کھڑے تھے۔۔

جبکہ باقی لوگ باہر ٹی وی لاؤنج میں بیٹھے ہوئے تھے۔۔

پہلے میرے خیال سے نکاح کر لیتے ہیں اس کے بعد تم فری ہو کے مجھ سے ملنا بیٹھ کر اچھی طرح تنز کے تیر برسا لینا۔رومان شاہ اپنی رعبدار آواز سے بولا تھا۔۔

وہ جانتا تھا کہ اس وقت اس اگر اس نے ذرا سی بھی نرمی دکھائی تو شاہ میر یہ نکاح کبھی نہیں ہونے دے گا۔۔

مگر اس لڑکی کی زندگی بچانے کے لیے اور شاہ میر کا بدلہ بھی پورا ہو جائے اس کے لیے یہ نکاح ہونا بے حد ضروری تھا۔۔

مرہا بیٹا آپ جاؤ اس کو فوراً سے تیار کرواو اور اس کو سمجھاؤ کہ سوائے اپنے ماں باپ سے ملنے کے اس پر اور کسی بھی طرح کی کوئی سختی نہیں ہو گی۔۔

اتنی سی سختی کرنے کی بھی کیا ضرورت ہے جانے دینا چاہیے آخر وہ اس کے ماں باپ ہیں۔۔اور ہمیں ظلم کر کے اسے اس کے ماں باپ سے دور نہیں کرنا چاہیے۔۔۔شاہ میر نے غصے سے بھری نظروں سے رومان شاہ کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔۔

مرہا بیٹا تم جاؤ اس کو بولنے دو رومان شاہ نے شاہ میر کی بات کو نظر انداز کرنے کو کہا تھا۔۔۔رومان شاہ ایک بات اچھی طرح سے جانتا تھا کہ اس وقت شاہ میر نہ تو اس کی کوئی بات سمجھے گا اور نہ ہی سنے گا۔ باتیں کرنے سے مزید معاملات خراب ہو جانے تھے۔۔

بھائی آپ اگر اس معاملے میں پڑے ہیں تو پھر آپ کو یہ نکاح والا قصہ نہیں چھیڑنا چاہیے تھا۔۔۔

آپ لڑکی کو اس کے ماں باپ کو واپس کر دیں۔۔۔اپنی باپ کے گناہوں کی سزا بچی کو آپ کیوں دے رہے ہیں۔۔بھائی وہ بہت معصوم اور چھوٹی ہے۔۔۔

میرہا کے لہجے میں اس لڑکی کے لیے بہت ہمدردی تھی۔۔۔

ماشاءاللہ ماشاءاللہ بھائی سیر ہے اور بہن سوا سیر۔۔مجھے تو یہ سمجھ نہیں آرہا کہ تم دونوں کو اس لڑکی کے ساتھ اتنی ہمدردی کیوں چڑھی ہوئی ہے۔۔۔

شاہ میر کا پارا ہائی ہو گیا تھا وہ بھڑک اٹھنے والے انداز سے بول رہا تھا۔۔

مرہا بیٹا آپ اس معاملے سے دور رہیں یہ میرا شاہ میر کا مسئلہ ہے اور آپ جا کر اس کو تیار کریں۔۔۔

ساری بات میں آپ کو بتا چکا ہوں اس لڑکی کو چھوڑا نہیں جا سکتا۔۔۔ مگر اس لڑکی کے ساتھ کچھ بھی غلط نہیں ہو گا یہ میری گارنٹی ہر تم بے فکر ہو جاؤ۔۔ مرہا کو ساری بات بتا کر روم سے مطمئن کر کے رومان شاہ نے بھیج دیا تھا۔۔

OOOOOOOO

پلیز آپی اپنے شوہر کو سمجھائیں وہ میرے ساتھ ایسا نہیں کرے۔۔ کیوں میرا زبردستی نکاح کروا رہے ہیں۔۔ وہ بچوں کی طرح سسکیاں لے لے کر آنسوں سے رو رہی تھی۔۔

پلیز شفا تم پریشان نہیں ہو۔ تمہارے ساتھ کچھ بھی غلط نہیں ہو گا۔۔۔ وہ میرا بھائی ہے اور ہماری پرورش میں ایسا نہیں ہے کہ وہ کسی عورت کو اذیت

دے سکے۔۔بس فی الحال شفا تمہیں تمہارے ماں باپ سے نہیں ملنے دیا جائے گا۔۔اس کے علاوہ تم پر کسی طرح کا کوئی تشدد یا سختی نہیں ہو گی۔۔رومان بھائی نے مجھے گارنٹی دی ہے۔۔

مرہا کو اس پر بہت ترس آرہا تھا وہ اسے اپنے گلے سے لگا کر بیڈ پر بیٹھی سمجھا رہی تھی۔۔بالکل ایک بڑی بہن کی طرح۔۔

پلیز آپی مجھے اپنے گھر میں اپنے پاس نوکر بنا کر رکھ لیں۔۔مگر میرا نکاح نہیں کروائیں۔۔۔آپ بہت اچھی ہیں میں آپ کے ساتھ رہ لوں گی۔۔۔آپ نہیں ملنے دینا مجھے میرے ماں باپ سے۔۔مگر مجھے اس اجنبی شخص کے ساتھ مت بھیجے۔۔۔میں تو اس کو جانتی تک نہیں ہوں۔۔وہ ہچکیوں کے ساتھ روتی ہوئی مرہا کے آگے ہاتھ جوڑ رہی تھی۔۔

شفاوہ اجنبی نہیں ہے۔وہ میرے بھائی ہیں کیوں پریشان ہو رہی ہو تمہارے ساتھ کچھ غلط نہیں ہو گا۔۔۔اگر رومان بھائی نے وعدہ کیا ہے تو وہ کبھی اپنے وعدے سے پیچھے نہیں ہٹیں گے تمہیں کوئی تکلیف نہیں ہو گی۔۔

شاہ میر اس وقت بہت غصے میں ہیں اور ان کے غصے سے تمہیں بچانے کے لیے ہی رومان بھائی نے یہ فیصلہ لیا ہے۔۔

شفا رو رو کر بے حال ہو رہی تھی اسے اتنا شدت سے روتے ہوئے دیکھ۔مرہا خود بھی رونے لگی تھی۔۔۔

وہ وائٹ کلر کی پیروں کو چھوتی ہوئی فراک کے اوپر ریڈ دوپٹے میں وہ ایک معصوم پیاری سی گڑیا جیسی لگ رہی تھی۔۔۔

اوراس کی روئی ہوئی آنکھیں اس کی خوبصورتی کو چار چاند لگا رہی تھی۔اس کے ہاتھوں میں پھولوں کے گجرے پہناتے ہوئے مرہانے ماشاءاللہ بول کر اسے اپنے گلے سے لگالیا۔۔

وہ اپنے بھائی کے فیصلے کے خلاف نہیں جاسکتی تھی ورنہ جس طرح شفارو رہی تھی مرہااس نکاح کو روک دیتی۔۔۔

رومان شاہ مولوی اور گواہوں کو لے کر مرہا کے بلانے پر روم کے اندر آگیا تھا۔ نکاح کے تین بول قبول کرتے ہی شفاسائیگل سے وہ شفاشاہ بن چکی تھی۔۔

اس نے روتے ہوئے ہچکیوں میں اس نکاح کو قبول کر لیا۔۔ جس خوبصورت لمحے کا ہر لڑکی کو اپنی زندگی میں انتظار ہوتا ہے۔اس کی زندگی میں یہ لمحہ بھی ایک سزا بن کر ہی آیا تھا۔۔

اسے ایک ایسے گناہ کی سزا مل رہی تھی جس میں اس کا کوئی قصور نہیں تھا۔ آنے والی زندگی اس کے لیے کون سا نیا موڈ لے کر آنے والی تھی۔وہ نہیں جانتی تھی۔۔

مرہا اس کو بہنوں کی طرح گلے لگا کر مل رہی تھی جبکہ پاس ہی کھڑے شاہ میر کو بہت غصہ آ رہا تھا۔۔۔

میں نے اپنی اتنے سال کی سروس میں تم جیسے نمونے نہیں دیکھے۔۔رومان شاہ اور مرہا کی جانب دیکھ کر شاہ میر نے گہر آلود نظروں سے دیکھ کر کہا تھا ۔۔جب سب گواہ اور مولوی صاحب تقریبا دروازے سے باہر جا چکے تھے۔۔

غصے سے بول کر وہ جا کر اپنے روم کا دروازہ پٹک کر بند کر چکا تھا۔۔

ہائے بھائی اب میں نے ایسا کیا کہہ دیا ہے جو یہ غصے سے چلے گئے ہیں۔۔ میرہا حیران نظروں سے بند دروازے کو دیکھ اپنے بھائی سے مخاطب تھی۔۔

اس کا خیال رکھنا۔اس وقت وہ بہت غصے میں ہے۔۔اس کا غصہ غلط نہیں ہے۔۔۔ مرہا اس لڑکی کو جو سزا وہ دینا چاہتا تھا جو کہ میں نے نہیں دینے دی یہ بات اسے بالکل پسند نہیں آئی۔۔۔

اور ہماری ہمدردیاں اسے اس وقت زہر لگ رہی ہیں۔۔وہ بھی اپنی جگہ پر وائٹ ہے۔۔۔وہ تمہارا شوہر ہے اور تمہارا فرض ہے کہ تم اس کو ٹھیک کرو اور اس کے غصے کو بھی برداشت کرنا۔۔

تمہاری ہی جنگ کو اس نے خود پر مسلط کر رکھا ہے۔۔۔اب تم ہی جا کر اس کو ٹھیک کرو۔۔۔میں چلتا ہوں میرب کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں لگ رہی تھی تو مجھے جا کر اسے ڈاکٹر کے پاس لے کر جانا ہے۔۔۔

اپنی بہن کے سر پر پیار سے ہاتھ پھیر کر وہ اپارٹمنٹس تھے نکل آیا تھا۔۔۔۔

ooooooo

وہ گاڑی کی فرنٹ سیٹ پر بیٹھی ہوئی گھونگھٹ کے نیچے ہچکیوں سے رو رہی تھی۔۔اس نے ابھی تک اس شخص کا چہرہ تک بھی نہیں دیکھا تھا جس کو اس کی زندگی کا حاکم بنا دیا گیا۔۔۔

پتہ نہیں اب میرے ساتھ یہ کیا کرے گا مجھے مارے گا یا کھانا نہیں دے گا۔۔یا پھر میرے باپ کی سزا کو مجھ پر جاری کرتے ہوئے میرے وجود کی بوٹیوں تک کو نوچ ڈالے گا۔۔۔وہ روتے ہوئے سوچ رہی تھی اس کی ہچکیوں میں اضافہ ہونے لگا تھا۔۔

کتنا ظالم شخص ہے ایک بار بھی مجھے چپ کروانے کی کوشش نہیں کی
۔۔اپنے ہاتھوں کو مروڑتے ہوئے گھونگھٹ سے نظریں اپنی گود پر جما کر
درد سے بھرے دل سے سوچ رہی تھی۔۔۔

کتنا بے حس شخص ہے کتنی خاموشی سے گاڑی چلا رہا ہے۔۔ تھوڑی سی آنکھ
کو گھوما کر گھنگٹ سے اس کے ہاتھوں کو دیکھتے ہوئے سوچا تھا۔۔۔

وہ بلکل سنجیدہ بیٹھا ہوا سٹیر نگ پر ہاتھ جمائے ہوئے تھا۔۔۔ جیسے ذرا سا بھی
سٹیر نگ سے ہاتھ اٹھایا تو گاڑی نے سڑک پر الٹی ہو جانا ہے۔۔۔۔شفا تم
کیوں اس شخص کے بارے میں سوچ رہی ہو۔اپنے دل میں کوئی ارمان لے
کر مت جانا تم۔یہ سزا کے طور مجھ سے نکاح کر کے ساتھ لے کر جا رہا
ہے۔۔۔کیوں یہ میرا حال چال پوچھے گا۔۔مجھے تو خود کو آنے والے سزاؤں

کے لیے تیار کرنا ہے خود کو۔۔بنا احتجاج کیے ہر ظلم کو برداشت کرنا ہے۔۔وہ روتے ہوئے سوچنے لگی تھی۔۔

گاڑی ایک بلڈنگ کے سامنے آکر کھڑی ہو گئی تھی۔۔۔وہ شخص گاڑی سے اتر کر اس کی جانب آیا اس کی سائیڈ کا دروازہ کھول دیا۔۔

شفا بنا کچھ بولے اپنے گھونگٹ کو سنبھالتے ہوئے اس کے ساتھ ساتھ چلنے لگی تھی۔۔

گراؤنڈ فلور پر ہی سامنے والا اپارٹمنٹ شاید اس کا تھا۔۔اپنی جیب سے چابی نکال کر گھماتے ہوئے دروازہ کھول دیا۔۔۔

ہاتھ کے اشارے سے بنا کچھ بولے اسے اندر جانے کو کہا تھا۔۔

شفا کا دل 100 کی سپیڈ سے دھڑک رہا تھا۔۔ایک انجان سا ڈر خوف اور گھبراہٹ اس پر طاری تھی۔۔۔ڈر سے اس کا وجود آہستہ آہستہ کانپ رہا تھا ۔۔اکیلے اپارٹمنٹ میں ایک انجان شخص کے ساتھ سوچ کر اس کی روح تک

کانپ رہی تھی۔۔۔جب اس شخص نے دروازہ بند کیا تو شفا کو لگا جیسے اس کی جسم سے جان ہی نکل رہی ہے۔۔

وہ بنا کچھ بولے اس شخص کے پیچھے پیچھے چل رہی تھی۔۔کیونکہ اس کے علاوہ اس کے پاس کوئی آپشن نہیں تھا۔۔

ایک روم کا دروازہ کھولا اور ہاتھ کے اشارے سے اسے شاید بیڈ پر بیٹھنے کو کہا تھا۔۔بیڈ کو دیکھ کر تو شفا کو اور بھی خوف آنے لگا تھا۔۔

وہ شخص خود دروازے سے ہی واپس چلا گیا تھا۔۔۔شفا نے ڈرتے ڈرتے بیڈ کی جانب قدم بڑھائے۔۔اور پاؤں لٹکا کر بیٹھ گئی تھی۔۔

شفا تم ریلیکس ہو کر بیٹھ جاؤ۔اور اس گھونگھٹ کو بھی ہٹا دو۔۔۔وہ شخص روم میں واپس آیا تو اس کے ہاتھ میں شاید کھانے والی ڈش تھی جس کو وہ سائیڈ ٹیبل پر رکھ چکا تھا۔۔دونوں ہاتھوں سے شفا کے گھونگٹ کو پیچھے کی جانب فولڈ کر دیا۔۔۔۔

اس شخص کی جانب پہچانی آواز سے چونک کر شفا نے نظریں اٹھا کے اس شخص کے چہرے کی جانب دیکھا تھا۔۔۔۔

آپ!!!!!!وہ حیرانی سے بولتے ہوئے کھڑی ہو گئی تھی۔۔

جی میں!!!شفا کی حیرت کو دیکھ وہ دلکش انداز سے مسکراتا ہوا بولا تھا۔۔وہ جانتا تھا کہ جب شفا اس کو دیکھے گی تو اس کا ری ایکٹ ایسا ہی ہو گا۔۔

سر آپ یہاں کیا کر رہے ہیں؟؟
پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھتے ہوئے حیرانی سے پوچھ رہی تھی۔۔

سچ میں تمہیں ابھی تک سمجھ نہیں آئی کہ میں یہاں کیا کر رہا ہوں۔۔ویسے سمجھ کیسے آتی سارا راستہ تو تم نے رو رو کر گزارا ہے۔۔۔

آنکھوں سے پانی کا دریا صاف ہو گا تو میرا چہرہ نظر آئے گا۔۔۔پروفیسر مسکراتے لبوں سے اس کی جانب دیکھتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

پلیز سر سسپنس مت کریٹ کریں مجھے بتائیں کہ آپ یہاں کیا کر رہے ہیں۔۔پروفیسر بہت اچھا انسان تھا اور پہلے سے ہی شفا اس کو جانتی تھی۔اس لیے تھوڑا سا ڈر سے باہر نکل کر اس نے کھل کر سوال کیا تھا۔۔

شفا تمہارا نکاح مجھ سے ہوا ہے اب ہمارا رشتہ یہ ہے کہ تم میری بیوی ہو اور میں تمہارا شوہر۔۔۔دونوں ہاتھ سینے پر پر باندھے بہت پر وقار انداز سے جواب دیا۔۔

مگر سر مجھے مرہا آپی نے بتایا تھا کہ میرا نکاح اس کے بھائی سے ہو رہا ہے تو کیا آپ۔۔۔۔وہ بہت حیرانی سے پوچھتے ہوئے چپ کر گئی۔۔

میرے خیال سے پہلے کھانا کھا لیتے ہیں اس کے بعد آپ اپنے سوال جاری رکھنا۔۔میں ہر سوال کا پوری ایمانداری سے جواب دوں گا۔۔وہ مسکراتے ہوئے کھانے کی ڈش کو ٹیبل پر رکھنے لگا تھا۔

۔

پلیز شفا ہاتھ دھو کر آئے کھانا کھا لیتے ہیں۔۔مجھے بھی بہت بھوک لگی ہے۔

کم سے کم تم مجھے اتنا تو جانتی ہو کہ ہم بیٹھ کر کھانا کھا سکیں۔۔۔۔میں تمہارے لیے اجنبی تو بالکل نہیں ہوں۔۔۔اسے پتھر کی طرح ساکت کھڑے دیکھ۔۔۔ٹیبل پر کھانے کی پلیٹس لگاتے ہوئے پروفیسر نے کہا تھا۔۔

نہیں پلیز مجھے بھوک نہیں ہے آپ کھانا کھا لیں۔۔۔پلیز میرے سوالوں کے جواب دے دے۔۔۔میرے دماغ کی نسیں پھٹ رہی ہیں۔۔۔وہ چل کر تھوڑا سا پاس آکر کھڑی ہو گئی۔۔۔

مرہا آپی نے کہا تھا کہ میرا نکاح اس کے بھائی سے ہوا ہے۔۔تو کیا آپ مرہا آپی کے بھائی ہیں۔۔۔۔وہ تجسس بھری نظر سے دیکھتے ہوئے پوچھ رہی تھی۔۔۔

جی میں مرہا کا بھائی ہوں اس کے تایا کا بیٹا عاصم شاہ۔۔۔میرے لیے مرہا میری سگی بہن کے جیسی ہے۔۔۔

پلیز باقی کے سوال آپ بعد میں پوچھ لینا پہلے کھانا کھالیں۔۔۔۔التجائی ہوئی نظروں سے دیکھ کر کھانے کو بول رہا تھا۔۔۔

عاصم شاہ کو اس وقت سچ میں بہت بھوک لگی ہوئی تھی۔۔۔اتنی بھاگ دوڑ میں اس نے صبح سے ناشتہ بھی نہیں کیا تھا۔۔۔

مجھے بھوک نہیں ہے۔۔۔وہ اپنے قدم واپس بیڈ کی جانب لے جانے لگی تھی۔جب پیچھے سے عاصم شاہ نے اس کی کلائی تھام کر روک لیا۔۔

شفا زندگی میں بہت سے ایسے موڑ آتے ہیں۔۔جن میں ہم خود کو اکیلا محسوس کرتے ہیں۔۔ہر شخص کبھی نہ کبھی ایسے وقت سے گزرتا ہے۔۔تم بھی زندگی کے اسی دور سے گزر رہی ہو۔۔۔مگر پلیز خود کو اکیلا مت سمجھو ۔۔میں ہوں تمہارے ساتھ۔۔ہر وقت ہر قدم پر۔۔۔اپنائیت سے بھرے لہجے سے بولا تو۔۔گھبرائی ہوئی شفا نے جلدی سے اپنا ہاتھ پیچھے کرتے ہوئے اس کی جانب دیکھا تھا۔۔

آپ مجھے میری امی کے پاس لے جا سکتے ہیں۔۔امید سے بھری نظروں سے پہلا سوال ہی بہت بھاری کیا تھا۔۔

نہیں فی الحال نہ تو میں نہیں ملوا سکتا۔
ناہی تمہیں اس بات کا یقین دلا سکتا ہوں کہ کبھی ملواؤں گا بھی یا نہیں۔۔۔

مگر صرف اس ایک دکھ کے علاوہ تم سے وعدہ کر سکتا ہوں کہ تمہیں
پھولوں کی طرح رکھوں گا۔۔۔ کوئی تکلیف نہیں آنے دوں گا۔۔ واپس سے
ہاتھ تھامتے ہوئے محبت بھرے لہجے سے بولا تھا۔۔

آپ ایسا کیوں کریں گے ؟؟
ایک اور بھاری سا سوال کیا گیا۔۔

!کیونکہ تم میری بیوی ہو
!!ہاں زبردستی کی
!!ایسا تو تمہیں لگتا ہے

!!مطلب

کھانا کھالوں پھر بتاؤں چلے گا اس کی کلائی کو تھامے زبردستی اسے اپنے سامنے والے صوفے پر بٹھا یا دیا۔۔۔

کھانے کی پلیٹ میں کھانا نکالتے ہوئے اس کے اداس اور سوالوں سے کشمکش والے چہرے کو دیکھ لبوں تلے مسکرا دیا تھا۔۔۔

oooooooo

مہک پلیز ہنسو مت پلیز مجھے بتاؤ کہ مجھے کیا ہو رہا ہے۔۔ کیا میں جو سوچ رہی ہوں وہی ہے۔۔

جس طرح کی تم اپنی کیفیت بتا رہی ہو اس سے تو یہی لگ رہا ہے کہ تم پریگنیٹ ہو۔۔

آمین مہک اللہ تمہاری زبان مبارک کرے۔۔۔ مگر پلیز مجھے بتاؤ مجھے کنفرم کیسے پتہ چلے گا کہ میں پریگننٹ ہوں۔۔ میرب نے اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے بہت خوشی سے مہک سے پوچھا تھا۔۔

زکیہ کو بھیج کر پریگنسی سٹک منگوالو اس سے کنفرم ہو جائے گا۔۔

اوکے تم فون بند کرو میں ابھی زکیہ کو بھیج کر منگواتی ہوں۔

اس کے بعد تمہیں کال کر کے بتاؤں گی ابھی شاہ گھر پر نہیں ہے تو میں جلدی سے کنفرم کر لیتی ہوں۔۔۔

بنا مہک کی بات سنے میرب نے خوشی سے فون ٹھک کر کے بند کر دیا تھا۔۔۔

oooooooooo

اودوں!!!اووو!!مہک سے بات کرنے کے بعد میرب نے زکیہ کو پریگنسی سٹک لانے کے لیے بھیج دیا تھا۔۔اور خود کچن میں جا کر شاہ کے لیے اسپیشل
مٹن کڑاہی بنانے لگی۔رومان شاہ مٹن کڑاہی بہت پسند تھی۔اور میرب کے ہاتھ کی کڑاہی کا تو شاہ دیوانہ تھا۔۔

گوشت کی خوشبو سے اسے الٹیاں آنے لگی۔۔۔اور وہ بھاگتی ہوئی روم میں آئی

تھی۔۔ پچھلے دس منٹ سے وہ واش روم میں الٹیاں کر رہی تھی۔۔۔۔بے تحاشہ الٹیوں کی شدت سے وہ پوری طرح سے پسینے میں بھیگی ہوئی تھی۔۔ چکر تھے کہ رکنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے۔

وہ پسینے میں بھیگی ہوئی تھی۔۔ چکر تھے کہ رکنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے۔۔

وہ بیسن پر ہاتھ رکھ کر جھکی ہوئی تھی اس کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھانے لگا تھا۔۔۔اس کے بعد اس کی آنکھ جب کھلی تو وہ بیڈ پر تھی۔۔۔اور شاہ اس پر پانی کی چھٹینے مارتا ہوا گھبراہٹ سے اس کی گال کو تھپتھپا رہا تھا۔۔

اللہ تیرا شکر ہے کہ تمہیں ہوش آگیا۔

!! جان کیا ہوا تھا تمہیں

شاہ میرب کو حوش میں آتا دیکھ اس کے چہرے پر جھک کر دیوانوں کی طرح چومتے ہوئے پوچھ رہا تھا۔۔

پتہ نہیں کیا ہوا تھا میری آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا گیا مجھے بہت چکر آرہے تھے۔۔۔میرب خود اپنی کیفیت سے اس وقت بہت گھبرائی ہوئی تھی۔۔۔

چکر تو آنے ہی تھے ہیلدی کھانا تو تم کھاتی نہیں ہو۔۔یہ جنک فوڈ کھا کھا کر تم نے اپنا بیڑا غرق کر رکھا ہے۔۔

ابھی ڈاکٹر آرہی ہے وہ بھی یہی آکر بتائے گی کہ اپنی بیوی کو کھلایا پلایا کرے۔۔اگر ڈاکٹر نے آکر مجھ سے یہ کہا تو میرب قسم سے میں بہت برا پیش آؤں گا۔۔۔

کیا ہے شاہ میں بے ہوش ہو گئی تھی اور آپ مجھے ڈانٹ رہے ہیں۔۔۔۔

پلیز کبھی تو اپنے ناک سے غصے کو نیچے اتار دیا کریں۔۔میرب نے بچوں کی طرح منہ سجا کر سائیڈ پر کر لیا۔۔

شاہ کی جان ڈانٹ نہیں رہا۔۔جان نکل جاتی ہے میری جب تمہیں کچھ ہوتا ہے۔۔۔شکر ہے کہ میں ٹائم پر پہنچ گیا ہوں تم زمین پر گرنے والی تھی جب میں واش روم میں آیا تھا۔۔

اور تم۔۔۔۔۔ٹھک ٹھک ٹھک ابھی وہ کچھ اور کہہ رہا تھا کہ روم کا دروازہ کھٹکا اور زکیہ نے آکر بتایا تھا کہ ڈاکٹر صاحبہ تشریف لائی ہیں۔۔۔

رومان شاہ بیڈ سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور اشارہ کیا کے ڈاکٹر کو اندر بھیج دے۔۔

۔ڈاکٹر نے آکر پہلے بی پی چیک کیا۔

اور شوگر چیک کرنے کے لیے پن نکالی تو میرب تو ڈاکٹر کے آگے ہاتھ کرنے کے لیے تیار نہیں تھی۔۔۔

میرب کی ڈر والی ایکٹنگ سے ڈاکٹر اور شاہ کا ہنس ہنس کے برا حال ہو رہا تھا۔

شاہ پلیز ہنسے نہیں مجھے نیڈل سے بہت ڈر لگتا ہے میرب نے شاہ کی جانب غصے سے دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔

میرب یار کیا ہو گیا ہے اتنی چھوٹی سی پن ہے اتنی سی پن سے تو بچے بھی نہیں گھبراتے۔۔۔شاہ نے میرب کو سمجھانے کی کوشش کی مگر میرب تو ڈاکٹر کو ہاتھ تک لگانے نہیں دے رہی تھی۔۔

رومان شاہ نے زبردستی میرب کا بازو پکڑ کر شوگر کا ٹیسٹ کروایا۔۔۔نیڈل سے بلڈ لیتے ہوئے میرب کے آنسوں اس کے گالوں سے پھسل کر اس کا چہرہ بھگو رہے تھے۔۔۔

وہ ایک چھوٹی سی بچی لگ رہی تھی جس کو سرنج سے بہت ڈر لگ رہا تھا۔۔

شاہ میرا ہاتھ چھوڑیں اور مجھ سے بات مت کیجیے گا۔۔۔ایسے کوئی جلادوں کی طرح اپنی بیوی کو پکڑ کر ذبح کرتا ہے۔

۔استغفراللہ میرب کیسی باتیں کر رہی ہو جان ایک نیڈل سے کبھی تم نے بکری کو ذبح ہوتے ہوئے دیکھا ہے شاہ مزاق کے موڈ میں تھا۔۔

ڈاکٹر دونوں کی پیار بھری نوک جو دیکھ مسکرا رہی تھی۔۔یہ وہی ڈاکٹر تھی جس نے میرب کا کیس پہلے بھی ہینڈل کیا تھا۔۔۔

سر پلیز آپ تھوڑی دیر باہر جائیں مجھے ان سے کوئی ضروری بات کرنی ہے ڈاکٹر نے اچانک سے گھبرائے ہوئے انداز میں میرب کی جانب دیکھ کر کہا۔۔

ڈاکٹر ایوری تھنگ اوکے۔۔۔رومان شاہ نے ڈاکٹر کی گھبراہٹ کو دیکھتے ہوئے پوچھا تھا۔۔

سر میں بہت کنفیوز ہوں کے ایسا کیسے ہو سکتا ہے۔مجھے لگتا ہے کہ آپ کی وائف پریگننٹ ہے۔۔۔

واٹ۔۔۔۔رومان شاہ نے تقریباً چیخنے والے انداز میں کہا تھا۔۔

اسی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔۔ڈاکٹر نے symptous سر سارے گھبراہٹ اور ڈرے ہوئے چہرے سے کہا تھا۔۔

ڈاکٹر مجھے لگتا ہے آپ کا دماغ خراب ہو گیا ہے۔۔۔آپ نے شاید کوئی نشہ کر رکھا ہے۔۔۔رومان شاہ نے بہت غصے سے کہا۔۔

آپ کو اچھی طرح سے پتہ ہے کہ میرب جو میڈیسن کھا رہی ہے اس میں ایسا کچھ نہیں ہو سکتا۔۔۔

اور اگر آپ بھول گئی ہیں تو میں یاد دلا دوں کہ وہ میڈیسن آپ نے ہی ریکمنڈ کی تھی۔۔

اور مجھے اس بات کی تسلی بھی دی تھی کہ اگر میرب یہ میڈیسن ریگولر کھائے گی تو میرب کبھی پریگننٹ نہیں ہو سکتی۔۔

سر مجھے سب یاد ہے۔۔۔اسی لیے تو میں پریشان ہوں کہ ایسا کیسے ہو سکتا ہے ۔ڈاکٹر رومان شاہ کے غصے سے ڈری ہوئی تھی۔۔

سر کیا آپ کو پکا یقین ہیں کہ یہ روزر یگولر اپنی میڈیسن کھاتی رہی ہیں۔۔ایسا بھی تو ہو سکتا ہے کہ کسی دن میڈیسن مس ہو گئی ہو اور اسی دوران یہ پریگننٹ ہوئی ہوں۔۔۔

سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کیونکہ میں خود اپنے ہاتھوں سے روزان کو دوا کھلاتا تھا۔۔اس لیے یہ کیس ہم پر تھوپنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔جو بھی مسٹیک ہوئی ہے۔وہ آپ سے ہوئی ہے۔رومان شاہ نے کہرا لود نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔

سر میں آپ کی بات کو جھٹلا نہیں رہی۔۔ایسا بھی تو ممکن ہے کہ آپ اپنی وائف سے بہت پیار کرتے ہیں۔وہ آپ کی بہت لاڈلی ہیں۔۔۔۔

اسی چیز کا فائدہ اٹھاوہ ٹیبلٹ منہ کے اندر رکھ لیتی ہوں اور بات میں آپ سے نظر بچا کر پھینک دیتی ہوں۔۔

رومان شاہ نے ایک نظر میرب پر ڈالی تھی۔جو بڑے معصوم بچے کی طرح بیڈ پر چپ چاپ بیٹھی ہوئی تھی۔۔

پہلی بات کہ یہ اس میڈیسن کے بارے میں کچھ نہیں جانتی تھی میں اس کو ملٹی وٹامن بول کر وہ ٹیبلٹ دیتا تھا۔۔۔

اور دوسری بات وہ ٹیبلٹ میں سر پر کھڑے ہو کر اس کو کھلاتا ہوں اور ہمیشہ میں اس کا منہ چیک کر لیتا تھا۔

۔اس کے بچپنے سے میں بہت اچھی طرح سے واقف ہوں۔۔۔آپ کا یہ جواب بھی آپ کو مل چکا ہے۔۔اب آگے کا بتائیں۔۔۔

رومان شاہ میرب کی پریگنسی کا سن کر بہت پریشان ہو گیا تھا۔۔

سر پھر تو یہ خود ہی بتا سکتی ہیں کہ ایسا کیسے ہو سکتا ہے۔ یا پھر جو محترمہ ان کے ساتھ آئی تھی وہ بتا سکتی ہیں۔ میری سمجھ سے تو باہر ہے۔۔
میں نے ان کو صاف صاف بتا دیا تھا کہ پریگنسی ان کے لیے جان لیوا ثابت ہو سکتی ہے۔۔۔اور آپ بالکل رسک نہیں لینا چاہتے۔۔۔

ڈاکٹر کی بات پر رومان شاہ نے چونک کر ڈاکٹر اور میرب کی جانب دیکھا تھا۔۔۔

یہ آپ کے پاس گئی تھی کب۔۔اور کون تھا ان کے ساتھ رومان شاہ کی نظروں میں اتنا شدید غصہ تھا کہ میرب کا دل چاہ رہا تھا کہ جلدی سے کمبل میں منہ چھپائے اور شاہ کی نظروں سے خود کو بچا لے۔۔۔
جو اس وقت کھا جانے والی نظروں سے اس کی جانب دیکھ رہا تھا۔۔۔

آئی ڈونٹ نو سر مجھے نہیں پتا کے وہ کون تھی۔۔ان کے ساتھ جو ایک تو آپ کی سسٹر تھی اور دوسری شائد ان دوست تھی۔وہ بتا سکتی ہیں کہ انہوں نے کیا کیا ہے۔۔

مگر آپ کی مسز آئی تھی میرے پاس اور میں نے ان کو بتا دیا تھا کہ آپ ان کی جان پر کوئی رسک نہیں لینا چاہتے۔

اور پریگنسی ان کے لیے بہت زیادہ کمپلیکیشنز پیدا کر سکتی ہے۔۔

ہمم۔۔ڈاکٹر آپ فلحال تشریف لے جا سکتی ہیں میں آپ سے کلینک پر آ کر ملتا ہوں۔۔۔لہجے میں اتنی زیادہ سختی اور نظروں میں اس قدر قہر تھا کہ ڈاکٹر تو دوست سیکنڈ میں وہاں سے غائب ہو گئی۔۔

مگر میرب کو اپنی سانس رکتی اور محسوس ہو رہی تھی شاہ کے ڈر سے۔۔۔

کس کے ساتھ گئی تھی تم اور کب گئی تھی۔۔۔ڈاکٹر کے جاتے ہی دو ہی قدموں میں اس کے پاس بیڈ پر بیٹھ گیا۔

اس کے جبڑے کو سختی سے دبایا ہوا تھا۔۔

میں جانتا تو ہوں کہ وہ کون تھی! مگر میں تمہارے منہ سے سننا چاہتا ہوں جس دیدادلیری سے تم اس کے ساتھ گئی تھی، اسی دلیری سے اب مجھے بتاؤ، لفظوں کو چباتے ہوئے بولا تھا۔۔۔

مم۔۔۔مہک۔۔کے ساتھ گئی تھی اور ساتھ میں میر ہا بھی تھی۔۔۔شاہ کے غصے کو دیکھ میرب کے منہ سے صحیح سے الفاظ بھی نہیں نکل رہے تھے۔۔۔ جبڑا تو اتنی سختی سے اس نے دبا رکھا تھا کہ میرب کو لگا آج تو شاہ نے اس کو توڑ کر ہی دم لینا ہے۔۔۔

میری اجازت کے بغیر تم اس لڑکی کے ساتھ گئی جو مجھے زہر لگتی ہے اگر کسی ایک کو مارنے کا گناہ معاف ہو تو میں اس کی جان لے لوں۔۔

تمہاری جرأت کیسے ہوئی میری اجازت کے بغیر اس کے ساتھ جانے کی اور پلاننگ کرنے کی، لفظوں کو چباتے ہوئے کہر برساتی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔

شاہ میں نے ان کے ساتھ مل کر کوئی پلاننگ نہیں کی اور ان کو تو پتہ بھی نہیں ہے۔۔۔۔

ہاں وہ دونوں میرے ساتھ ضرور گئی تھیں مگر ڈاکٹر کی بات پر انہوں نے مجھے منع کر دیا تھا کہ میں ایسا کوئی رسک نہیں لوں۔۔۔

اس کے بعد جو کچھ کیا ہے اس کی ذمہ دار میں ہوں۔اس لیے آپ کسی اور کو بیچ میں مت گھسیٹیں۔۔جبڑے کی درد سے اس کی آنکھوں سے آنسوں آ گئے تھے۔۔۔

باقی تو تمہاری جان میں بعد میں نکالوں گا۔۔پہلے تو مجھے یہ بتاؤ کہ تم نے یہ سب کیا کیسے۔۔۔ گولی تو تم روز کھاتی تھی اس بات کا میں خود گواہ ہوں پھر یہ پریگنسی کیسے ہوئی۔۔۔

شاہ آپ کو تو خوش ہونا چاہیے کہ اللہ تعالی نے ہمارے گھر میں یہ خوشی دی ہے۔۔۔اور آپ اس چیز پر آ کر اڑ گئے ہیں کہ یہ پریگنسی ہوئی کیسے۔۔۔

میرا بکواس بند کرو میری بات کا سیدھی طرح سے جواب دو۔۔۔
بیوقوف لڑکی تمہیں اندازہ بھی ہے یہ پریگنسی تمہارے لیے کتنی خطرناک ہے۔تمہاری جان جا سکتی ہے۔۔

تمہارے لیے یہ سب ایک مذاق ہے۔میں تمہیں بے وقوف لگتا ہوں جو اولاد نہیں چاہتا۔۔۔وہ اتنی زور سے چیخا تھا کہ میرب نے ڈر کر اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ لیے۔۔۔شاہ کی غصے سے بھری ہوئی چیختی آواز سے میرب کانپنے لگی تھی۔۔۔۔

شاہ اتنی سی بات آپ کی سمجھ میں کیوں نہیں آتی مجھے اولاد چاہیے۔۔۔میں بھی چاہتی ہوں کہ ہمارے بچے ہوں۔۔۔
جو ہمارے رشتوں کو مضبوط کریں۔۔۔

آپ سے اتنی بار میں نے کہا آپ نے میری بات کا کوئی رسپانس نہیں دیا۔۔
وہ روتے ہوئے لفظوں کو توڑ پھوڑ کر بول رہی تھی۔۔۔

احمق لڑکی تمہاری جان کو خطرہ ہو سکتا ہے ڈاکٹر نے رپورٹس کے لحاظ سے مجھے کلیئر لی کہا تھا۔۔۔

تم نے یہ کیا، کیا میرب شاہ کی غصے سے دماغ کی نسیں تن گئی تھیں۔۔اپنے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے شاہ بے بسی سے اپنی مٹھیاں بھیچ کر رہ گیا۔۔

شاہ آپ پریشان نہیں ہو مجھے کچھ نہیں ہو گا شاہ کو اتنا پریشان دیکھ کر میر میں دونوں ہاتھ شاہ کے گالوں پر رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

تم اپنا منہ بند رکھو اور اٹھو میرے ساتھ ڈاکٹر کے پاس چلو۔۔مجھے بچہ نہیں چاہیے۔۔مجھے تمہاری زندگی چاہیے۔۔

تمہیں میری آنکھوں میں محبت نظر نہیں آتی۔۔۔میں صرف تم سے محبت نہیں کرتا میں عشق کرتا ہوں۔۔۔دیوانگی ہو تم میری۔۔۔۔جنون ہو رومان شاہ کا۔۔

مجھے یہ ساری دنیا نہیں چاہیے اولاد تو ایک چھوٹی اور ماموںلی سی بات ہے۔۔
مجھے تم چاہیے ہو میرب کو کھینچ کر اپنے سینے سے لگالیا۔۔۔
اپنی باہوں کا دائرہ تنگ کرتے ہوئے شاہ نے ٹھنڈی آہ بھر کر چھوڑی تھی۔۔

ڈاکٹر کے پاس چلو میرے ساتھ۔۔

شاہ پلیز ایسا مت کریں میں نے بہت دعائیں مانگی ہیں۔ہماری اولاد کے لیے ہمارے بچے کو کچھ مت کرنا۔۔شاہ کے سینے میں سر چھپائے وہ تڑپ کر رو رہی تھی۔۔

میرب میرا سوال بیچ میں رہ گیا۔۔مجھے بتاؤ تم نے یہ سب پلان کیسے کیا۔۔

وہ میں نے انٹرنیٹ پر دیکھا تھا کہ اس ٹیبلٹ کو کھانے کے بعد ہم اس کے اثرات کیسے کم کر سکتے ہیں۔۔۔

تو انٹرنیٹ پر ایک ٹیبلٹ او یلیبل تھی جو کہ اس گولی کے اینٹی ڈوز تھی۔۔ اس کھانے سے اس کا اثر ختم ہو جاتا تھا۔۔ڈرتے ڈرتے میرا اپنے ساری بات بتائی۔۔۔

تمہارا دماغ بہت زیادہ چلنے لگا ہے ایک بار تو میرے ساتھ ڈاکٹر کے پاس چلو اس تماشے کو ختم کرتے ہیں۔۔۔

اس کے بعد تمہارے ہوش ٹھکانے ایسے لگاؤں گا کہ تم یہ جو اپنے دماغ کو ضرورت سے زیادہ چلاتی ہو یہ کبھی نہیں چلاؤ گی۔۔۔

اس کے بازو سے پکڑ کر اپنے ساتھ زبردستی ڈاکٹر کے پاس لے جا رہا تھا۔ جبکہ میرب منتیں کر رہی تھی وہ نہیں جانا چاہتی تھی۔۔۔

شاہ پلیز آپ ایسا کیسے کر سکتے ہیں۔اپنے اولاد کو اپنے ہاتھوں سے مار دیں گے۔وہ گاڑی میں اسے زبردستی بٹھا رہا تھا۔۔میرب روتے ہوئے بول رہی تھی۔۔

تمہاری جان بچانے کے لیے میں اپنی جان تک لے سکتا ہوں اس سے زیادہ میں تمہیں کچھ نہیں سمجھاؤں گا۔۔۔

اپنا منہ بند کر کے بیٹھے رہو۔۔۔تم نے جو کچھ کیا ہے۔اس کے لیے میرا دل چاہتا ہے کہ میں تمہاری جان لے لوں۔۔

میرے ضبط کو مت آزماؤ۔چپ کر کے بیٹھ جاؤ۔۔۔

وہ دھاڑتے ہوئے بول کر اسے چپ کروا کر دوسری جانب سے ہوتا ہوا

سیٹ پر

آ کر بیٹھ گیا۔۔۔میرب ہچکیوں کے ساتھ رو رہی تھی۔۔۔مگر وہ پتھر بن کر بیٹھا گاڑی کے سٹیرنگ کو تھامے نظر ہوئے سامنے سڑک پر نظریں جمائے بیٹھا تھا۔۔۔جیسے وہ میرب کی سسکیاں سن نہ رہا ہو۔۔

oooooooooo

!! شفا اٹھ کر چینج کر لیں

میں تمہارے لیے چائے لے کر آتا ہوں وہ برتن ڈش میں سمیٹتے ہوئے اٹھ کھڑا ہوا تھا۔۔

سر پلیز آپ مجھے بتائیں آپ مجھ پر یہ احسان کیوں کر رہے ہیں؟؟

جب کہ میں جانتی ہوں کہ میں سزا کی مستحق ہوں۔۔اور آپ مجھے بطور سزا نکاح کر کے لائے ہیں۔۔۔

اپنے ہاتھوں کو مروڑتے ہوئے سوالیہ نظروں سے عاصم شاہ کی جانب دیکھتے ہوئے کھڑی ہو گئی۔۔۔

اسے اپنے سوالوں کے جواب چاہیے تھے جو سوائے اس وقت عاصم شاہ کے اور کوئی نہیں دے سکتا تھا۔

لگتا ہے شفا تمہیں بہت جلدی ہے اپنے سوالوں کے جواب جاننے کی۔۔تو ٹھیک ہے آؤ بیٹھو میرے پاس تمہارے سب سوالوں کے جواب دے دیتا ہوں۔۔

مگر ایک بات ابھی سے ذہن نشین کر لو، میری ایک ایک بات سچ ہو گی اور اس پر تمہیں یقین کرنا ہو گا۔۔اس کی کلائی کو بڑی نرمی سے پکڑ کر اسے اپنے ساتھ وہی صوفے پر بیٹھا لیا تھا۔۔۔۔

شفا میں نے تم سے نکاح سزا دینے کے لیے نہیں کیا۔۔۔میں نے تم سے نکاح اس لیے کیا کہ تم مجھے پسند تھی اور میں تمہیں پیار کرنے لگا تھا۔۔

میری پہلی ملاقات تمہارے ساتھ کالج میں نہیں ہوئی تھی۔۔۔میں اس سے پہلے بھی تمہیں دیکھ چکا تھا۔۔اور پہلی نظر میں ہی عاصم شاہ تم پر اپنا دل ہار بیٹھا تھا۔۔۔۔

جھوٹ آپ کی اور میری پہلی ملاقات کالج میں ہی ہوئی تھی، میں نے اس سے پہلے آپ کو کبھی نہیں دیکھا تھا۔۔عاصم شاہ کی پہلی بات کو ہی اس نے جھٹلا دیا تھا۔۔

شفا میں ہر بات کا جواب دوں گا مگر پلیز یہ نہیں کہنا کہ میں جھوٹ بول رہا ہوں۔ میں نے پہلے ہی ایک بات تم سے کلیئر کہی ہے کہ میں ہر بات کا ہر با ہرف اور سچ جواب دوں گا۔۔۔

بس تمہیں اس پر یقین کرنا ہے۔۔۔

فرقان کون ہے بہت نرمی سے عاصم شاہ نے سوال کیا تھا۔۔

میرے ماموں کا بیٹا میرا بھائی ہے۔۔

ہمم۔اسی اسی تمہارے بھائی کی شادی میں میں بھی آیا تھا۔۔۔ تمہارا بھائی میرا بہت اچھا دوست ہے۔۔

جب تم مسٹر ڈکلر کی فراک میں سٹیج پر اپنے بھائی کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی اس وقت میں نے تمہیں پہلی بار دیکھا تھا۔۔۔

پوری شادی میں میری نظر تم پر تھی اور میں تمہیں بھول نہیں سکا۔اس کے بعد میں تمہارے بارے میں انفارمیشن اکٹھی کر ہی رہا تھا کہ میں نے کالج جوائن کیا تو وہاں پر میں نے تمہیں دوسری بار دیکھا۔۔۔

اس کے بعد میں تھوڑا ریلیکس ہو گیا مجھے پتہ تھا کہ اب میں بآسانی تم تک پہنچ جاؤں گا۔

مگر اس سے پہلے، کہ میں تمہیں کچھ بتاتا اس سے پہلے ہی تمہارے ساتھ یہ والا حادثہ پیش آ گیا۔۔

جب تم بہت دن تک کالج نہیں آئی تو میں پریشان ہو گیا تھا مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ میں تم تک کیسے پہنچوں۔۔

جب مجھے پتہ چلا تھا کہ شاہ میر بھائی تمہیں لے گیا ہے۔ میں شاہ میر بھائی سے ملنے گیا تا کہ میں ان سمجھا سکوں کہ اس سب میں تمہارا کوئی قصور نہیں۔۔

میں ان کو اپنے دل کی بات بتانا چاہتا تھا۔۔۔ مگر وہ تو میری کوئی بات سننے کو تیار ہی نہیں تھے۔۔

وہ بہت غصے میں تھے انہوں نے میری کوئی بات نہیں سنی تھی۔ اور مجھ سے صاف صاف کہہ دیا تھا کہ میں سارے معاملے سے دور رہوں۔۔۔

مجھے کوئی راستہ نظر نہیں آرہا تھا۔ مگر شفا میں تمہیں کسی حالت میں کھو نہیں سکتا تھا۔۔

یار دل سے پیار کرنے لگا تھا تم سے۔۔ پھر میں نے رومان بھائی کو فون کیا رومان بھائی کو میں نے اپنے دل کی ساری کیفیت بتادی تھی۔۔۔

رومان بھائی میرے لیے ہی ترکی سے اتنی جلدی واپس آ گئے تھے۔۔رومان بھائی ہمیشہ میرے ساتھ بھائیوں کی طرح رہے ہیں۔۔۔

ہمارے گھر کی طرف سے ان کے ساتھ بہت ساری ناانصافیاں ہوئیں۔ مگر ان سارے معاملات میں نہ تو میرا کوئی قصور تھا اور نہ میں نے کبھی رومان بھائی سے کسی طرح کی کوئی دشمنی رکھی تھی۔۔۔

رومان بھائی اور میرے درمیان ہمیشہ بھائیوں جیسا ہی رشتہ رہا۔۔رومان بھائی نے مجھ سے صاف صاف پوچھا تھا کہ کیا میں تم سے پیار کرتا ہوں ۔۔۔۔

تو جب میں نے بتا دیا تھا کہ میں تم سے بہت پیار کرتا ہوں تو رومان بھائی نے شاہ میر بھائی کو میرے لیے ہی منایا تھا۔۔۔

میں جانتا تھا کہ رومان بھائی کے علاوہ شاہ میر بھائی کسی کی بات نہیں مانیں گے

۔۔

بے شک شاہ میر بھائی پولیس آفیسر ہے مگر رومان بھائی بھی کسی افسر سے کم نہیں۔اور ویسے بھی شاہ میر بھائی بہت عزت کرتے ہیں رومان بھائی کی۔۔

اگر اس کے بعد بھی اور کوئی سوال ہے تو تم مجھ سے پوچھ لو۔۔۔اس کی کلائی کو پکڑ اس کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ دونوں ہاتھوں کے درمیان رکھ کے بڑی محبت بھری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

مگر سر آپ سے ماہی بہت پیار کرتی ہے اور ماہی میری بہت اچھی دوست ہے میری اکلوتی دوست ہے میں اس کے ساتھ کچھ بھی غلط نہیں کر سکتی۔۔

معصوم بچوں کی طرح وہ اپنی دوست کا دفاع کر رہی تھی۔۔

آپ نے تو اپنے دوست کے ساتھ کچھ بھی نہیں کیا۔۔۔آپ میری پسند ہو۔

آپ نے مجھے پسند نہیں کیا میں نے آپ کو پسند کیا ہے۔۔اس لیے اس سارے معاملے میں آپ کی تو کوئی غلطی نہیں ہے آپ ماہی کو بتا دینا۔۔

نہیں سر آپ نہیں سمجھ رہے وہ میری بیسٹ فرینڈ ہے اور وہ مجھ سے ناراض ہو جائے گی۔۔۔

کہے گی کہ مجھے پوری دنیا میں شادی کرنے کے لیے صرف ایک آپ ہی ملے تھے۔۔۔

وہ نہیں سمجھیں گی وہ غصے کی بہت تیز ہے سارے معاملے کو چھوڑ کر شفا اپنی دوست کی فکر میں ہلکان ہو رہی تھی۔۔

دیکھو شفا اگر تم میری زندگی میں نہیں بھی آتی تب بھی میں ماہی سے کوئی رشتہ نہیں بناتا۔۔کیونکہ میرے اور ماہی کے مزاج میں بہت فرق ہے۔۔

وہ بہت اچھی لڑکی ہے۔۔۔وہ بہت شوخ اور چنچل مزاج لڑکی ہے۔۔جبکہ میں بہت مختلف ہوں مجھے ہمیشہ سے تم جیسی لڑکی کی تلاش تھی۔۔

مگر سر آپ نے ہماری دوستی خراب کر دی۔وہ اب مجھ سے کبھی دوستی نہیں کرے گی۔۔اور نہ ہی مجھے معاف کرے گی۔۔

شفا پلیز تم ماہی کو ایک بار چھوڑ دو اس کی بات بعد میں بھی ہو سکتی ہے۔۔

میں نے آپ کو ایک ایک بات پوری ایمانداری اور سچائی سے بتا دی ہے۔۔۔

میرے خیال سے ایک بار تو تمہیں میرے بات کا جواب دینا چاہیے کہ تم میرے بارے میں کیا رائے رکھتی ہو۔۔

بار بار ماہی کو بیچ میں لانے سے عاصم شاہ کا موڈ تھوڑا اپسیٹ ہو گیا تھا۔۔

سر میں آپ کے بارے میں کیا کہہ سکتی ہوں۔۔میں نے تو آپ کو کبھی اس نظر سے دیکھا ہی نہیں۔۔

میرے لیے تو آپ میرے پروفیسر ہو اور میں آپ کی سٹوڈنٹ۔۔
آپ کو اس نظر سے تو صرف ماہی دیکھتی تھی۔۔۔

پھر ماہی ! ! پلیز شفا تم ہمارے درمیان سے فیحال ماہی کو ہٹا سکتی ہو۔۔مجھے کوئی انٹرسٹ نہیں تھا ماہی میں۔۔نہ ہی کبھی ہو سکتا ہے۔۔۔

تم چینج کر کے آرام کرو ہم بعد میں بات کریں گے۔۔جب آپ کے دماغ سے تھوڑی دیر کے لیے ماہی نکل جائے تو بتا دیجئے گا۔۔۔

ہم بیٹھ کر پھر بات کریں گے۔عاصم شاہ خراب موڈ لیے برتن ڈش میں سمیٹتا ہوا اٹھ کر کچن کی جانب چلا گیا تھا۔۔۔

۔جبکہ شفا پریشان ہو گئی تھی وہ اپنے پروفیسر کو اس طرح ناراض نہیں کرنا چاہتی تھی۔۔۔

مگر جو کچھ بھی اس نے کہا وہ حقیقت تھی اس نے کبھی بھی پروفیسر کو اس طرح سے نہیں دیکھا تھا۔۔

اسے تو ماہی کا بھی دیکھنا بھی اچھا نہیں لگتا تھا۔۔شفا اور پروفیسر میں 10 سال کا ڈفرنس تھا۔۔

عاسم شاہ 27 سال کا ایک سمجھدار مرد تھا۔۔۔

جبکہ شفا ایک 17 سال کی لڑکی تھی جس کی سوچ عاصم شاہ سے بہت مختلف تھی۔۔۔۔

ooooooooo

دیکھیے سر میں آپ کی بات سمجھ رہی ہوں۔۔ مگر آپ بھی میری بات سمجھنے کی کوشش کریں۔۔۔

جتنا خطرہ ان کو ڈلیوری کے وقت ہو سکتا ہے۔۔۔اتنا ہی خطرہ اس وقت اگر ہم ان کا ابشوشن کرتے ہیں تو اس میں ہو گا۔۔

اس وقت بچے کو ضائع کرنا بہت مشکل ہے۔۔ان کی جان جا سکتی ہے

۔۔ابشوشن کے لیے جتنی سخت میڈیسن ان کو دینی پڑے گی وہ یہ برداشت نہیں کر سکیں گی۔۔۔

کیونکہ یہ اندرونی طور پر بہت زیادہ ویک ہیں۔۔ڈاکٹر پریشانی سے رومان شاہ کو سمجھانے کی کوشش کر رہی تھی۔۔

رومان شاہ بہت پریشان کیفیت کے ساتھ ڈاکٹر کے سامنے بیٹھا ہوا تھا۔
میرب کی جان پر مڈلاتا خطرہ رومان شاہ کی جان نکالا رہا تھا۔۔۔
میرب کو کھو دینے کا ڈر رومان شاہ کے چہرے پر صاف دیکھائی دے رہا تھا
۔۔۔

اس کے ماتھے پر پسینے کی بوندیں نمودار ہو رہی تھی۔۔میرب کی کریٹیکل کنڈیشن کا سن کر رومان شاہ کا دل بند ہو رہا تھا۔۔۔یہ وہ ڈر تھا جس کے لیے رومان شاہ نے اولاد لینے کا رسک ہی نہیں لیا تھا۔۔۔
ڈاکٹر پلیز کوئی تو راستہ ہو گا۔۔میں اپنی وائف سے بہت پیار کرتا ہوں۔۔۔
پلیز کوئی ایسا راستہ بتا دیں جس سے ان کی جان پر کوئی خطرہ نہ آئے۔۔

آپ مجھے بتائیں جہاں کہیں گی میں دنیا کے اس ہونے میں اس کو لے جاؤں گا۔۔۔اگر آپ کہیں تو میں ڈاکٹرز کی بہترین ٹیم پاکستان میں منگوا سکتا ہوں پلیز آپ مجھے بتائیں میں کیا کروں۔۔

پلیز ڈاکٹر۔۔۔۔رومان شاہ التجا کرنے والے انداز سے ڈاکٹر سے بول رہا تھا۔۔رومان شاہ جیسے اکڑو کو اپنے لیے یوں منتیں کرتے دیکھ میرب کی آنکھوں میں آنسوں آنے لگے تھے۔۔

سر آئی ایم سوری آپ ان کو کہیں بھی لے جائیں ان کا ابشوشن کوئی بھی ڈاکٹر کرنے کے لیے تیار نہیں ہو گا۔۔کیونکہ یہ ان کے لیے بہت رسکی ثابت ہو سکتا ہے۔۔۔بس اب تو آپ اللہ تعالی سے دعا کر سکتے ہیں۔۔اور ان کا بہت خیال رکھ سکتے ہیں۔۔

ان کو مکمل بیڈ ریسٹ کروائیں ان کی ڈائٹ کا خیال رکھیں۔۔اور اس چیز کا بہت دھیان رکھیں کہ یہ کسی بھی طرح کا وزن نہیں اٹھائیں۔۔۔اور بہت بہترین ڈائٹ لیں۔۔

میں ان کے لیے میڈیسن لکھ کر دے رہی ہوں یہ میڈیسن ان کو ریگولر کھلانی ہے۔۔۔انشاءاللہ اللہ تعالی سب بہتر کرے گا۔۔۔

ہمارا علاج اور آپ کے احتیاط سے انشاءاللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔

آپ پریشان نہیں ہو۔ڈاکٹر نے رومان شاہ کو اتنا پریشان دیکھ کر تسلی دیتے ہوئے کہا تھا۔۔

رومان شاہ دوائیوں والی پرچی لے کر میرب کی کلائی کو تھامے کلینک سے نکل آیا تھا۔۔۔

پورے راستے نہ تو میرب کی ہمت ہوئی تھی کہ وہ رومان شاہ سے کوئی بات کرتی،اور نہ ہی رومان شاہ نے کچھ کہا تھا۔

رومان شاہ کے چہرے پر ایک عجیب سا ڈر اور خوف طاری تھا جسے میر بار بار چور نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔

oooooooo

ہما۔۔ہما۔۔ہوں ں س۔۔گہری نیند میں ہمانے بامشکل ہوں کہا تھا۔۔۔ ہما یار خدا کے لیے ترس کھاؤ مجھ پر! یہ تم آرام سے ماں بیٹی جپھیاں ڈال کر سو جاتی ہو۔میری طرف بھی دیکھ لیا کرو۔۔

شاہ زیب اپنا دکھڑا سنا رہا تھا۔۔جبکہ ہما ہوں ں س کرنے کے بعد پھر سے گہری نیند میں جا چکی تھی۔۔

آہہہہ!! شششش آواز نہ نکلی تمہاری اگر گڑیا اٹھ گئی تو جان لے لوں گا۔شاہ زیب نے اس کی گردن پر لب رکھ کر زور سے دانت کاٹ دیے تھے۔۔

وہ گہری نیند میں درد سے چلا اٹھی تھی۔ شاہ زیب نے اس کے منہ پر ہاتھ رکھ آنکھیں دکھاتے ہوئے چپ رہنے کو کہا تھا۔۔

کیا شاہ زیب کوئی ایسے گہری نیند میں کسی کو اٹھاتا ہے۔۔ منہ سے ہاتھ ہٹنے پر وہ شکوہ گو نظروں سے دیکھتے ہوئے بولی تھی۔۔۔

ایسے ہی اٹھاتے ہیں جب بیوی کو اپنے شوہر پر ترس نہیں آئے تو۔۔۔

وہ ہما کو گڑیا کے پاس سے گود میں اٹھاتا ہوا۔ صوفے پڑھ لے آیا تھا۔۔

گڑیا کے نیند بہت کچی تھی۔ وہ ذرا سا بھی بیڈ ہلنے پر اٹھ جایا کرتی۔۔

اور اس وقت شاہ زیب اپنے بے لگام جذباتوں سے لبریز ہوا۔ کسی بھی طرح کا کوئی رسک نہیں لے سکتا تھا۔۔

کتنے دن ہو گئے ہیں تمہیں یہ ڈرامے کرتے ہوئے۔۔۔آج تمہاری آواز نہیں آنی چاہیے مجھے۔۔۔آج میں تمہیں سانس لینے کا بھی موقع نہیں دوں گا۔۔

اس کی پنکھڑیوں کو لبوں میں قید کرتے ہوئے نمی کو شدت سے پینے لگا۔۔ نمی کو چوسنے کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ ہما نے تڑپ کر شاہ زیب کے سینے میں اپنے ناخن گھونپ دیے تھے۔۔

وہ اتنے دنوں کا بدلہ ایک ہی بار میں پورا کر رہا تھا۔۔۔جان نکال رہا تھا اس کی اپنے لبوں کے لمس سے۔۔

شش۔۔۔میں نے کہا تمہاری آواز نہیں آنی چاہیے۔۔تم پھر سے بولنے لگی۔۔وہ شاید شاہ زیب کہہ کر کچھ شکوہ کرنے والی تھی۔۔۔

مگر شاہ زیب نے ذرا سے اپنے لب ہٹائے اور واپس اس کی پنکھڑیوں پر رکھ کر اتنی زور سے نمی کو پیا کہ وہ تڑپ اٹھی تھی۔۔۔

لبوں پر جلن کا احساس اسے تڑپا رہا تھا۔اس کے دونوں ہاتھوں کو اوپر کی جان پن کر کے اسے خود کے آگے بے بس کیے ہوئے تھا۔۔

وہ ایک ایک سانس کے لیے آج شاہ زیب کی محتاج تھی۔۔بہت دنوں سے وہ ہما کی قربت کے لیے مچل رہا تھا۔۔

مگر ہما صبح سے شام تک مریضوں کے ساتھ بزی رہ کر تھک جاتی تھی۔۔۔ اور اب گڑیا کا بھی اسے بہت خیال رکھنا تھا۔۔۔یہ ایک بہت بڑی ذمہ داری تھی۔۔۔

ایسے میں وہ شاہ زیب کو کافی دنوں سے ٹائم نہیں دے پا رہی تھی۔۔رات کو جلدی سو جاتی تھی۔۔اور شاہ زیب بھی اس کی تھکن کا لحاظ کرتے اسے اٹھاتا نہیں تھا۔۔۔۔

مگر آج تو وہ اپنے آپے سے باہر ہو رہا تھا۔۔۔سچ میں ہما کو سانس تک لینے کی اجازت نہیں دے رہا تھا۔۔

اپنی مرضی سے اس پر احسان کرتے ہوئے پنکھڑیوں کو آزاد کر چکا تھا۔شاہ زیب کے لب ہما کے چہرے کا طواف کر رہے تھے۔۔

اس کے لمس ہما کو بن جل کے مچھلی کی طرح تڑپنے پر مجبور کر رہے تھے۔

۔شاہ زیب پلیز۔۔اس کے لمسوں کو دل والے مقام پر محسوس کرتے ہوئے سسک کر شاہ زیب کا نام پکارا تھا۔۔۔

آج کے دن تم شٹ اپ اور پلیز دونوں رہو۔۔ جتنا تم نے مجھے اپنی قربت کے لیے ترسایا ہے۔۔۔ آج اتنا ہی تڑپا کر میں تمہاری جان نکال لوں گا۔۔۔ اس لیے مجھ سے رحم کی امید نہیں کرنا۔ پناہ مانگو گی مجھ سے۔ گھمبیر آواز میں سرگوشی میں کہتے ہوئے واپس دل والے مقام پر جھک گیا۔۔۔

بے رحم بنا کہیں دانتوں کی چبن دے رہا تھا۔ تو کہیں لمسوں کی حدت۔ وہ اس کے رحم و کرم پر خود کو چھوڑ اس کے حوالے کر چکی تھی۔۔۔

جانتی تھی کہ آج اس کا سامنا پڑھے لکھے ڈاکٹر شاہ زیب سے نہیں بلکہ اپنی محبت کے معاملے میں بے رحم بنے پٹھان سے تھا۔۔۔

جو کہ اس وقت نا تو کچھ کہنے کے موڈ میں نہ تھا اور نہ ہی کچھ سننے کے موڈ میں ۔جانتی تھی جتنی وہ مزاحمت کرے گی اتنا ہی وہ اس کی جان کو مشکل کر کے ہلکان کرے گا۔۔

وہ اس کی نازک سی کمر پر جھکتے اس کے کمر پر بکھری بالوں کی ابشار کو نرمی سے ہٹاتے اس کی دودھیا چمکتی کمر پر اپنے دہکتے تپش زدہ لب رکھ کر چوم لیا۔۔

اس کے وجود کی رانائیوں کو چومتے ہوئے بے قابو سا ہو رہا تھا۔۔

اس کے جسم کی خوشبو اسے مدہوش سا کر رہی تھی۔۔اس کی نازک سی کمر پر انگلیوں کی سختی سے وہ سسک اٹھی تھے۔۔۔

شاہ زیب کے جان لیوا لمس اس کی کمر پر سختی سے اوپر سے نیچے محو رقص تھے۔

شاہ زیب کے جسم سے آتی ہوئی مردانہ رومینٹک کلون کی جان لیوا خوشبو وہ اپنی سانسوں میں گھلتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔

اس کے پورے وجود پر وہ اپنی گہری نظریں گاڑے ہوئے تھا۔۔

اس کے وجود پر کپڑے نہ ہونے کے برابر تھے۔

اپنے وجود پر اس کے ہاتھوں کی بے باکیا محسوس کر کے وہ بن جل مچھلی کی طرح تڑپ رہی تھی۔۔

وہ بے حس بنا اس کی جان نکال رہا تھا۔آج بہت دنوں کے بعد شاہ زیب پہلی رات کے جیسا بے رحم بنا ہوا تھا۔۔۔

ہما کی سسکیوں کی آوازوں میں تیزی آنے لگی تھی۔۔۔گڑیا کے اٹھ جانے کے ڈر سے شاہ زیب نے ہما کے منہ پر اپنا مضبوط ہاتھ رکھ کر سسکیوں کو بے رحمی سے روک رکھا تھا۔۔۔

شاہ زیب آپ بہت ظالم ہیں۔اس کی شدتوں سے ٹوٹ کر اس کے سینے میں سر چھپائے شکوہ کن لہجے سے بولی تھی۔۔

ہمم پتہ ہے مجھے ! مگر ظالم بننے پر بھی ڈاکٹر صاحبہ مجھے خود اکساتی ہو۔۔اگر شیر کے منہ میں آرام سے اس کا شکار دے دو تو۔۔۔میں قسم سے تمہیں اتنا

ہلکا نہیں کروں۔۔ محبت کی بارش برسا کر اسے اپنی گرفت میں لیے لیٹا تھا۔۔

شاہ زیب اب ہماری بیٹی ہے تو میں اپنی جاب کے ساتھ ہماری بیٹی کو سنبھالتے ہوئے تھک جاتی ہوں۔۔
آپ تھوڑا سا کمپرومائز کر لیا کریں پلیز۔۔

دیکھو ڈاکٹر صاحبہ سیدھی سی بات ہے تم مجھ سے میری بیٹی کے سارے کام کروالیا کرو۔۔۔
کہو تو میں تمہاری خدمت گزاری کے لیے تمہارے ہاتھ پاؤں سر سب کچھ دبا دیا کروں گا۔۔

لیکن اگر تمہارے لیے کمپرومائز کا مطلب یہ ہے کہ میں اپنے جذباتوں پر کنٹرول رکھوں اور محبت کے لمحوں میں کمی پیشی کرلوں۔۔۔

تو ایسا کچھ نہیں ہونے والا ہے۔۔اتنا صابر بندہ میں بالکل نہیں ہوں

۔۔صاف ستھرا ڈاکٹر شاہ زیب نے انکار کر دیا تھا۔۔۔

آؤں آؤں۔۔۔لو جی ہماری بٹیارانی اٹھ گئی۔۔مگر آج میری بیٹی نے اپنے بابا کا بھرپور ساتھ دیا ہے سو کر۔۔۔

کتنی پیاری بیٹی ہے میری۔اسے اپنے بابا کا احساس ہے۔۔

گڑیا کی آواز سن کر ڈاکٹر شاہ زیب کے لب مسکرائے تھے۔۔خود کو جلدی سے کور کرتے ہوئے کمبل کے اندر کر چکا تھا۔۔۔

جبکہ بڑے ادب سے ہما کے ہاتھ میں اس کے کپڑے تھما دیے۔۔۔

ہما کو ہنسی آ رہی تھی شاہ زیب کی گھبراہٹ سے۔۔۔

اس کی جان کو ہلکان کرتے ہوئے وہ الگ ہی شاہ زیب ہوتا تھا۔ مگر جیسے ہی اس کی بیٹی کی آنکھ کھلتی تو خود کو ایسے چھپالیتا تھا کہ ہما کو ہنسی آنے لگتی تھی۔۔ ہما اس کو اکثر کہتی تھی کہ شاہ زیب وہ تو اتنی چھوٹی ہے اس سے ابھی کیا پتہ ہے۔۔ مگر شاہ زیب ہمیشہ اس سے کہتا تھا کہ۔ بیٹی چھوٹی ہو یا بڑی باپ کے لیے وہ ایک عزت کا مقام رکھتی ہے۔۔۔اس لیے اسے اپنی بیٹی سے بہت شرم آتی ہے۔۔۔

ہما نے جلدی سے خود کو کپڑے پہن کر کور کرتے ہوئے اپنی بیٹی کی جانب رخ لیا۔۔

کیونکہ اس کا شرمیلہ پٹھان تو کمبل میں دبک کر بیٹھا ہوا تھا۔۔اور جب تک گڑیا سو نہیں جاتی۔۔وہ باہر نہیں آئے گا اس کا اسے پورا یقین تھا۔۔

oooooooo

وہ کب سے بیٹھی ہوئی عاصم شاہ کا انتظار کر رہی تھی۔۔ مگر وہ شفا کو چائے دے کر گیا تو، واپس نہیں آیا شاید وہ ناراض تھا۔۔ بار بار ماہی کا ذکر کرنے سے۔۔

وہ اب ڈری سہمی ہوئی بیٹھی تھی۔۔

کیا ضرورت تھی مجھے ماہی کی طرفداری کرنے کی۔۔ پہلے خود کی تو طرفداری کر لیتی۔۔ مجھے تو خدا کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ مجھے میرے باپ کے کیے کی سزا نہیں مل رہی۔۔

اور وہ شخص مجھے عزت سے اپنی بیوی بنا کر لے آیا ہے۔۔ پتہ نہیں کب عقل آئے گی مجھے۔۔ وہ اپنے آپ کو اکیلی بیٹھی کوس رہی تھی۔۔۔

کافی دیر کے بعد روم کا دروازہ کھلا۔۔اور عاصم شاہ اندر داخل ہوا۔۔چہرے پر اب بھی ناراضگی کے تاثرات تھے۔جن کو چھپانے کی کوشش بھی کر رہا تھا۔۔

شفا تم ابھی تک سوئی نہیں اپنے ہاتھ میں پکڑا ہوا موبائل ڈریسنگ پر رکھ کر ہاتھ میں پہنی ہوئی واچ اتار کر رکھتے ہوئے بنا دیکھے مخاطب کیا تھا۔۔

نہیں میں آپ کا انتظار کر رہی تھی۔

کیوں کوئی سوال باقی رہ گیا تھا یا ماہی کے بارے میں بات کرنی ہے۔

تنزیہ لہجے سے بولتا ہوا۔۔صوفے پر بیٹھ کر اپنے موزے اتارنے لگا موزوں کو شوز کے اندر ڈال رہا تھا۔۔

سوری آپ کو برا لگا میں آئندہ ماہی کا ذکر نہیں کروں گی۔ سہمے ہوئے لہجے سے مناتے ہوئے بولی۔۔

شفا بات برا لگنے کی نہیں ہے میں نے آپ کو ساری کنڈیشنز کلیئر کر کے بتائی ہے۔۔تاکہ کوئی بھی شک وشبہ کی گنجائش نہ رہے۔۔۔

مگر آپ ہمارے رشتے کے بارے میں تو شاید بات ہی نہیں کرنا چاہتی۔۔
آپ بار بار ماہی کو بیچ میں لا رہی تھی۔

شفا کسی کو پسند کرنا کسی سے پیار کرنا یہ ایک قدرتی عمل ہوتا ہے۔۔نہ تو آپ زبردستی کسی کو پسند کر سکتے ہیں۔اور نہ ہی زبردستی کسی سے پیار کر سکتے ہیں

۔۔۔

ماہی کو اگر مجھ سے اٹریکشن ہوئی یا میں اسے پسند آیا یہ اس کا مسئلہ ہے۔۔مجھے تم پسند آئی میں نے تمہیں پیار کیا اور خدا نے ہمیں ایک رشتے میں جوڑ دیا

۔۔۔

حالات چاہے جیسے بھی ہوں مگر میرے لیے یہ رشتہ بہت خاص ہے۔اور میں نے اس کو پورے دل اور محبت سے قبول کیا ہے۔۔

اس لیے پلیز میں آپ سے بھی گزارش کروں گا۔میری طرف سے کوئی سختی نہیں ہو گی۔۔مگر ہمارے رشتے کو زبردستی کا نام مت دیجئے گا۔۔۔

یہ رشتہ آپ کی طرف سے زبردستی کا ہو سکتا ہے۔۔میری طرف سے نہیں کیونکہ میں نے تو آپ سے نکاح کرنے کے لیے پوری جان لگائی دی ہے

۔۔۔

وہ بولتے ہوئے اپنی کبرڈ سے ٹراؤزر اور شرٹ نکال کر واش روم میں جا کر بند ہو گیا تھا۔۔

شفا تمہیں بھی عزت راس نہیں آ رہی کتنے پیار سے بات کر رہا تھا۔۔۔۔
مگر تمہیں تو ماہی کے دوستی کا بخار چڑھ گیا۔۔ذرا سا سوچوں اگر یہ بندہ مجھ سے نکاح نہیں کرتا تو وہ اے سی پی میرا کیا حشر کرتا۔۔۔
پتا نہیں مجھے کیا سزا دیتا میرے باپ کے گناہوں کی۔وہ خود کو گوستے ہوئے سوچ رہی تھی۔۔

بلو کلر کی ہاف بازوؤں والی ٹی شرٹ اور سیم کلر کا ٹراؤزر پہن کر وہ باہر نکلا ۔۔شفا نے پلکیں اٹھا کر پروفیسر کی جانب دیکھا تھا۔۔
جو ٹراؤزر شرٹ میں کمال کا ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔۔

اس کا گورا رنگ بلو کلر میں دھک رہا تھا۔اس کے بازوں پر گھنے مردانہ بال۔ بہت پر کشش لگ رہے تھے۔۔

چہرے کی جانب تو دیکھنے کی ماہی کی ہمت نہیں ہوئی تھی مگر دل نے یہ سوچ کر ایک بیٹ مس کی کہ یہ اس کا شوہر ہے۔۔یہ وہ رشتہ تھا جسے وہ چاہ کر بھی جھٹلا نہیں سکتی تھی۔۔یہ شخص اس کا محرم تھا۔۔

شفا تم بھی اٹھ کر چینج کر لو اور آرام کرو۔ صبح تمہیں میرے ساتھ کالج چلنا ہے۔۔

کیا آپ مجھے اپنے ساتھ کالج لے کر جائیں گے۔ مطلب آپ میری پڑھائی بند نہیں کریں گے۔۔

وہ خوشی سے اٹھ کر اس کے پاس آکر کھڑی ہ وہ گئ تھی۔جو مرر سے کے سامنے سے اپنا فون اٹھا کر بیڈ کی جانب آرہا تھا۔۔

نہیں میں تمہاری پڑھائی کیوں بند کروں گا تم جتنا اور جب تک پڑھنا چاہتی ہو پڑ سکتی ہو۔۔

سپاٹ سے لہجے سے بولتا ہوا بیڈ کی جانب بڑھ گیا۔۔ تھینک یو سر وہ خوشی سے بولی تھی۔۔

سر میں چینج کر کے کیا پہنوں اور جب میں کالج جاؤں گی تو کیا پہن کر جاؤں گی۔

کیونکہ میرے پاس تو کپڑے ہی نہیں ہیں۔ وہاں پر بھی مجھے مرہا آپی نے اپنے کپڑے دیے تھے۔۔۔

وہ بچوں کی طرح سب باتیں بھول کر اپنے کپڑوں کے بارے میں سوچنے لگی تھی۔۔۔

وہ اتج کے لحاظ سے بچی ہی تھی۔ وہ ہمیشہ سے ایک بہت لائق سٹوڈنٹ تھی جس کی وجہ سے جلدی جلدی پاس آؤٹ کرتے ہوئے۔ وہ فرسٹ ایئر تک بہت جلدی پہنچ گئی۔۔۔

نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے پروفیسر کے لبوں تلے ہلکی سی مسکراہٹ ابھری تھی۔۔ جسے شفا نے دیکھ لیا تھا۔۔۔

سر آپ اس لیے ہنس رہے ہیں کہ میں کتنی بے وقوف ہوں۔۔ بچوں کی طرح مون لٹکائے ہوئے سوال کیا۔۔

!! نہیں میں نے تو ایسا کچھ نہیں سوچا

الماری کھولو اور اس میں سے جو پسند ہے پہن لو۔۔بیڈ پر تکیا سیدھا کرتے ہوئے لیٹ گیا۔۔

مطلب کہ آپ نے میرے لیے کپڑے خریدے ہیں۔۔سوال کرتے ہوئے وہی بچوں کے جیسی ہلچل تھی اس کے اندر۔۔

اس نے الماری کا دروازہ کھول کر دیکھا جہاں پر تقریبا 15 سے 16 مختلف ڈریسز کھڑے تھے۔۔

یہ سب میرے ہیں اس کے چہرے پر ایک چمک سی آگئی تھی۔۔

جی سب آپ کے ہیں!! کیونکہ میں اس طرح کے کپڑے نہیں پہنتا۔۔وہ مذاق کرتے ہوئے اس کی جانب محبت بھری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔

یہ سب آپ میرے لیے کب لائے۔نئے ڈریسز کو کبڈ میں دیکھتی ہو گئی خوش ہو کر سوال کیا۔۔

جب رومان بھائی نے مجھے کہہ دیا تھا کہ میں بے فکر ہو جاؤں، وہ شاہ میر بھائی سے بات کر لے گا۔۔

بھر میں نے تمہارے لیے شاپنگ کی۔۔تاکہ میری بیوی کو یہاں پر آ کر کچھ بھی انکمفرٹیبل فیل نہ ہو۔۔

اس 17 سال کی لڑکی کو اس وقت سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ خوش ہو یا اداس۔۔ ایک طرف مائیکہ بھائی ماں چھوٹ جانے کا غم تھا۔۔۔

دوسری جانب یہ خوشی تھی کہ اسے اپنے باپ کیے کی سزا جس طرح کی ملنی چاہیے تھی۔ویسی تو دور دور تک کوئی چیز نہیں تھی۔۔۔

ایک طرف وہ دوست تھی جو اس کی اکلوتی بیسٹ فرینڈ تھی۔۔جو پروفیسر پر اپنی جان نچھاور کرتی تھی۔۔۔۔

اس دوست کے لیے دکھی ہو جائے یا اس شخص کی محبت پر خوش ہو جو ہر الفاظ میں اسے جتا رہا تھا کہ وہ اسے کتنا پیار کرتا ہے۔۔۔

اس ملی جلی کیفیت کو شفا سمجھ نہیں پا رہی تھی۔۔ایک سمپل سا کرتا اور ٹروزر کو اتار کر واش روم میں جا کر بند ہو گئی تھی۔۔

ooooooooo

شاہ پلیز آپ اتنے پریشان نہیں ہوں مجھے کچھ نہیں ہو گا!!رومان شاہ کے پاس بیٹھے ہوئے دھیمے لہجے سے کہا۔۔

رومان شاہ جب سے گھر آیا تھا غصے سے سٹڈی روم کے صوفے پر آنکھوں پر ہاتھ رکھ کے لیٹا ہوا تھا۔۔۔

میرب پلیز تم اس وقت یہاں سے چلی جاؤ! میں تم سے کوئی بات نہیں کرنا چاہتا۔۔

رومان شاہ نے اپنے چہرے سے ہاتھ ہٹا کر میرب جانب دیکھا تھا۔۔اسکی آنکھوں کو دیکھ کر میرب کو خوف محسوس ہونے لگا تھا۔۔

شاید وہ بہت رویا تھا۔یا غصے سے میں تھا۔میرب کو سمجھ نہیں آئی تھی۔۔

شاہ کی آنکھوں میں لال سرخ کلر کے ڈورے ابھرے ہوئے تھے۔۔جو چیخ چیخ کر بتا رہے تھے کہ شاہ دماغی طور پر بہت زیادہ ڈسٹرب ہے۔۔

شاہ ڈاکٹر نے آپ کو واپس بلا کر کیا بات کی تھی۔۔آخر میرب کے لبوں پر وہ سوال آگیا۔جس کو پوچھنے کی وہ کب سے کوشش کر رہی تھی۔۔

کیوں بتاؤں تم نے جو کارنامہ سرانجام دیا ہے مجھے بتایا تھا۔۔جو میں تمہیں بتاؤں کہ ڈاکٹر نے مجھے کیا کہا ہے۔

اتنا ضبط کے باوجود رومان شاہ کا غصہ اس کے آپے سے باہر ہو گیا۔۔

رومان شاہ کے زور سے چیخنے سے، وہ روتی ہوئی اس کے پاس سے اٹھ کر تیزی سے روم میں چلی گئی۔۔

رومان شاہ پاگل ہو گیا ہے جس بات کے لیے ڈاکٹر نے سختی سے منع کیا ہے تم وہ غلطی کیسے کر سکتے ہو۔۔۔اپنے ماتھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے وہ صوفے سے اٹھ کر پاؤں زمین پر لٹکا کر بیٹھ گیا تھا۔۔

ڈاکٹر نے رومان شاہ کو واپس اپنے کلینک کے اندر اکیلے بلوایا تھا۔جب میرب کے دوسرے روم میں بلڈ ٹیسٹ ہو رہے تھے۔۔

ڈاکٹر نے صاف صاف کہا تھا کہ میرب کو ہر طرح کے سٹریس سے دور رکھنا ہے۔۔

ڈاکٹر نے کہا تھا کہ اس کو وہ ماحول دینا جو وہ چاہتی ہے۔۔۔اس کا خوش رہنا 75 فیصد اس کیس کو کمپلیکیشن سے بچا سکتا تھا۔۔

اور ذرا سا ذہنی دباؤ اس کی جان کے لیے خطرہ ثابت ہو سکتا ہے۔۔۔رومان شاہ کو خود پر غصہ آ رہا تھا کہ اس نے پہلے قدم پر ہی غلطی کر دی۔۔۔۔

میرب جان میری طرف دیکھو۔۔اس کے پاس بیڈ پر بیٹھتے ہوئے بولا تھا۔ وہ بچوں کی طرح تکیے پر منہ رکھے چھوٹی چھوٹی سسکیاں لیتے ہوئے رو رہی تھی۔۔

مجھے نہیں دیکھنا آپ کی طرف ! ! آپ نے پھر سے مجھے ڈانٹنا ہے۔۔اب تو ہر روز یہی ہو گا کہ میری اس غلطی کو آپ میری سزا بنا کر روز مجھے ڈانٹا کریں گے۔۔۔

آپ کو کوئی خوشی نہیں ہے ہمارے بچے کی ہے۔میرب میرا بچہ میری طرف دیکھو میں تمہیں نہیں ڈانٹوں گا۔تم رونا بند کرو۔۔
پاس بیٹھ کر اس کی خوبصورت آنکھوں پر اپنے آتشی لب رکھ کر چومتے ہوئے نرمی سے سارے آنسوں پی گیا تھا۔۔

جان تم میری محبت کا بہت ناجائز فائدہ اٹھاتی ہو۔ایک تو خود اتنی بڑی غلطی کی اوپر سے اب رو رو کر میری جان نکال رہی ہو۔۔
ماتھے پر آئی بالوں کی لٹوں کو سائیڈ پر کرتے ہوئے،اس کے خوبصورت چہرے کو اپنی محبت سے بھری لال ڈوروں والی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

میں نے کوئی غلطی نہیں کی شاہ آپ نے اکیلے ہی ہمارے بچے کے بارے میں فیصلہ کیسے لے لیا۔۔

آپ نے اس میں میری رائے ہی نہیں پوچھی تھی۔۔رومان شاہ کے تھوڑے سے نرمی والے لہجے کو محسوس کرتے ہی میرب نے ہمت باندھتے ہوئے کہا،اور وہ اٹھ کر شاہ کے سامنے بیٹھ گئی تھی۔۔۔

تم سے اس لیے نہیں پوچھا کیونکہ رومان شاہ اپنے فیصلے خود کرتا ہے۔۔

ہاں مجھے تو کچھ بھی کرنے کا حق نہیں ہے۔۔میرب نے ناراض منہ بنا کر سائیڈ پر رخ پھیر لیا۔۔

نہیں فیصلہ کرنے کا حق نہیں ہے باقی سب کچھ کرنے کا ہے! ہلکے سے مسکرا کر جھک کر اس کی گال پر لب رکھ کر محبت جتاتے ہوئے کہا۔۔

میرب اب تم نے جو کچھ کرنا تھا تم کر چکی ہو۔ مگر پلیز اب تم میری بات دھیان سے سنو، تمہیں اپنا پورا خیال رکھنا ہے۔۔۔میں ہوں ہر موڑ پر تمہارے ساتھ تمہارا خیال رکھنے کے لیے۔۔۔

مگر تم نے میرے ساتھ پورا تعاون کرنا ہے۔۔پلیز یہ بچگانہ حرکتے چھوڑ دینا۔ تمہاری پریگنسی کوئی نورمل پریگننسی نہیں ہے۔اوپر سے تم نے یہ جو اینٹی ڈوز والی حرکت کی ہے اس سے تمہارا کیس اور بھی زیادہ پیچیدہ ہو گیا ہے۔۔

تم نے اپنی ڈائٹ کا بہت خیال رکھنا ہے میں خود تمہاری ڈائٹ کا خیال رکھوں گا۔ مگر تمہیں کھانے میں لاپرواہی نہیں کرنی۔ اچھل کود تو بالکل نہیں کرنی۔۔۔ڈاکٹر نے واضح لفظوں میں کہا ہے وزن تو تم میں بالکل نہیں اٹھانا۔۔

تمہیں مکمل بیڈ ریسٹ کرنا ہے مانو گی نا میری سب باتیں۔۔رومان شاہ نے بڑی محبت کے ساتھ اسے اپنے سینے سے لگاتے ہوئے کہا تھا۔۔

میں آپ کی سب باتیں مانوں گی بس آپ مجھ سے وعدہ کریں۔ کہ آپ مجھے ڈانٹیں گے نہیں۔۔۔اور مجھ پر چلائیں گے بھی نہیں۔۔۔

بچوں کی طرح شاہ کے سینے میں سر چھپائے اب بھی اسے لگ رہا تھا کہ وہ اپنی جگہ رائٹ ہے اور اسے اپنی بات شاہ سے منوانی چاہیے۔۔

اپنی جان کے سر کی قسم نہ تو تمہیں ڈانٹوں گا اور نہ چلاؤں گا، مگر تمہیں بھی میرے سر کی قسم میرب تم اپنے ساتھ کوئی بھی لاپرواہی مت کرنا۔

ہر چیز تم مجھ سے پوچھ کر کرو گی۔اس کے سر پر لب رکھ کر آنکھیں بند کرتے ہوئے شاہ نے ایک ٹھنڈی آہ بھری تھی۔۔۔

پرومس میں ہر کام آپ سے پوچھ کے کروں گی۔۔کوئی لاپرواہی بھی نہیں کروں گی۔۔میرا دل چاہے یا نہ چاہے پھر بھی میں اچھی طرح سے کھانا بھی کھاؤں گی۔۔۔۔

او چھل گود تو بالکل نہیں کروں گی۔اور وزن کے تو میں نزدیک بھی نہیں جاؤں گی۔۔آپ جیسا کہیں گے شاہ میں وہ سب کروں گی۔۔۔

بس مجھے ایک بات بتائیں آپ خوش ہیں نا ہمارا بے بی آنے والا ہے یہ سن کر!

میرب نے اتنی معصومیت اور جستجو سے پوچھا کہ شاہ کے لب بے اختیار مسکرا دیے تھے۔۔

شاہ کی جان یہ کیسا سوال ہے ایک عورت جتنا خوش ہوتی ہے اپنی اولاد کے لیے۔۔ایک مرد اس سے کہیں زیادہ خوش ہوتا ہے۔۔۔میرب میں کیسے خوش نہیں ہوں گا۔۔میری وجود کا حصہ ہے یہ بچہ۔۔میرے خون سے سینچی ہوئی میری اولاد تو میں کیوں خوش نہیں ہوں۔۔میں بہت خوش ہوں

۔۔۔

مگر یہ خوشی کمپلیٹ تب ہو گی جب تم اور بچہ دونوں تندرست اور ٹھیک ہو کر میرے ساتھ ہو گئے۔۔

میرب تمہارے بنا میری ہر خوشی ادھوری ہے۔۔۔رومان شاہ ادھورا ہے۔۔

میرب ہمیں یہ جنگ جیتنی ہے۔شاہ کے دل کا ڈر اس کے چہرے پر واضح نظر آرہا تھا۔۔

شاہ آپ کو پتہ ہے میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ آپ مجھ سے اتنا پیار کریں گے۔۔۔میں تو آپ کے لیے پاگل تھی۔

آپ تو میری طرف دیکھتے نہیں تھے۔مگر آپ مجھے اتنا پیار کریں گے۔اتنا پیار کریں گے۔شاہ میں نے کبھی نہیں سوچا تھا۔۔۔میرب نے محبت سے شاہ کے گلے میں باہیں ڈالی اور اپنے ٹانگیں پیچھے کی جانب فولڈ کرتے ہوئے میٹرس پر بچوں کی طرح بیٹھی ہوئی تھی۔۔

اسی لیے کہتے ہیں نا کہ لڑکی کے چکروں میں نہیں پڑنا چاہیے۔اب دیکھو تمہارے چکروں میں میں پڑھ کر شاہ کیا سے کیا ہو گیا ہے۔۔۔
اوراب تم اپنی حرکتیں چیک کرو یہ بچوں والے طریقے سے بیٹھنے سے پرہیز کرو۔۔۔شاہ نے اس کو ٹوکا تھا جس انداز سے وہ بیٹھی ہوئی تھی۔۔

سوری سوری شاہ اب میں ایسے نہیں بیٹھوں گی۔آپ جیسا کہ یہ میں ویسا کروں گی۔۔بس آپ ہمارے بے بی سی بہت سارا پیار کرنا۔پیچھے ہو کر بیٹھتے ہوئے بے حد خوشی سے چہک رہی تھی۔۔

پاگل لڑکی بہت پیار کروں گا بے بی سے!!اوراپنے اس بڑے بے بی سے بھی اوراس بے بی کو تو میں کھا ہی جاؤں گا۔۔نرمی سے اسے تکیے پر لٹا کر لبوں پر لب رکھتے ہوئے محبت سے نمی کے قطروں کو اپنے اندر انڈیل کر اپنے دل کے ڈر کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔

وہ میرب سے کتنا پیار کرتا تھا اس کا تو شاید میں میرب نے ابھی ایک حصہ بھی کمپلیٹ نہیں دیکھا تھا۔۔۔

اور وہ اتنی خوش تھی۔۔۔اس پاگل لڑکی کو کیا پتہ کہ شاہ کے اندر اس کی محبت عشق جنونیت کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔۔

اسی لیے تو وہ میرب کی جان کے لیے اس طرح سے تڑپ گیا تھا۔۔اور اب بھی وہ میرب کو ہیپی کرنے کے لیے خود کو نارمل دکھانے کی کوشش کر رہا تھا۔۔جب کہ ایسا بالکل بھی نہیں تھا۔۔

مگر میرب کو خوش رکھنا بے حد ضروری تھا یہ بات ڈاکٹر کلیئر بول چکی تھی۔۔

ooooooooo

سر میں کہاں پر سوؤں ! وہ چینج کر کے واپس آئی تو بہت نروس تھی شاید ہاتھوں کی انگلیوں کو مروڑتے ہوئے بیڈ سے دوری پر ہی کھڑی ہو گئی۔۔

شفا ظاہر سی بات ہے بیٹھ کر سو گئی اتنا بڑا بیڈ ہے۔ایک سائیڈ پر آپ سو جاؤ اور ایک سائیڈ پر میں سو جاتا ہوں عاصم شاہ نے ایک سائیڈ پر ہوتے ہوئے ہاتھ کے اشارے سے بیڈ پر سونے کو کہا۔۔۔

سر نہیں میں کسی اور کمرے میں سو جاتی ہوں۔اور بھی تو کمرے ہیں۔وہ نظریں جھکائے کھڑی تھی۔۔شفا بیڈ پر سونے میں انٹرسٹڈ نہیں تھی۔۔۔

ہاں شفا گھر میں دو اور کمرے ہیں۔ مگر آپ کسی اور کمرے میں نہیں سو سکتی۔ یہیں پر سونا ہے بیڈ پر میرے ساتھ اور بے فکر رہو میں کوئی ایسی حرکت نہیں کروں گا جس سے تم انکمفرٹیبل فیل کرو۔

بہت پیار کرتا ہوں آپ سے مگر اپنے لمٹس کبھی کراس نہیں کروں گا۔
جب تک آپ کی اس میں مرضی شامل نہ ہو۔

عاصم شاہ نے بہت تحمل بھرے انداز سے اس کو تسلی دی۔عاصم شاہ ایک میچور اور سلجھا ہوا انسان تھا۔ جس نے زندگی میں بہت سی غلطیاں کرنے کے بعد خود میں بہت زیادہ بدلاؤ پیدا کیا تھا۔۔

اس لڑکی اور عاصم شاہ کی ایج میں تقریباً 10 سال کا ڈفرنس تھا۔عاصم شاہ اس پر کسی بھی طرح کی زور زبردستی کر کے اس رشتے کو اس پر مسلط نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔

اس کے لیے تو اتنی خوشی ہی کافی تھی کہ وہ اب اس کی ہے اور ہمیشہ اس کی رہے گی۔۔۔

عاصم شاہ کی تسلی دینے پر وہ بہت نروس تو تھی مگر چھوٹے چھوٹے قدم بڑھاتی ہوئی بیڈ کی دوسری جانب سے آکر تکیے پر لیٹ گئی۔۔۔

اپنا رخ دیوار کی جانب کرتے ہوئے اپنی پیٹھ عاصم شاہ کی طرف کر کے سو گئی تھی یا سونے کی ایکٹنگ کر رہی تھی۔ مگر وہ چپ چاپ لیٹی ہوئی تھی۔۔۔

اس کے اندر اٹھتے ہوئے طوفان کو عاصم شاہ بہت اچھی طرح سے سمجھ رہا تھا ۔ایک لڑکی کے لیے بہت مشکل ہوتا ہے اکیلے میں کسی مرد کی نظروں کا سامنا کرنا۔اور جن حالات میں یہ نکاح ہوا تھا ایسے میں شفا کی گھبراہٹ اور بے چینی سی بات تھی۔۔۔

وہ بھی دوسری جانب رخ موڑتے ہوئے لیٹ گیا۔ صبح اسے کالج جانا تھا اور وہ بہت زیادہ تھکن محسوس کر رہا تھا۔۔۔

ooooooo

ساری پیکنگ ہو گئی۔۔۔جی۔۔شازیب نے کیمپ کے اندر داخل ہوتے ہی پوچھا تھا۔۔آج سب ڈاکٹر واپس اپنے گھروں کو لوٹ رہیں تھے۔۔

گاؤں کے لوگ بہت خوشی خوشی سب کو رخصت کر رہیں تھے۔آخر سب ڈاکٹرز نے یہاں پر آکر گاؤں کے لوگوں کی بہت مدد کی تھی۔۔۔

لوگوں کی کیئر کی لوگ بہت حد تک بیماریوں سے نکل کر صحت یابی کی طرف آگئے تھے۔۔

اب حکومت کی طرف سے اس کیمپ کو کلوز کر کے واپس بلوایا جا رہا تھا شاید کوئی نیا کیمپ یہاں پر منعقد ہونے جا رہا تھا۔۔

سب ڈاکٹرز بھی بہت خوش تھے ان کو بھی اپنے گھروں سے دور آئے چار مہینے ہو گئے تھے۔۔

وہ بھی اپنے گھر والوں سے ملنے کے لیے بہت بے تاب تھے۔ جیسے کہ اپنے گھر جانے پر اس وقت ہما اور ڈاکٹر شاہ زیب بہت خوش تھے۔۔۔

ایک ننھی پری تھی جو پہلی بار جا کر اپنے گھر کو دیکھے گی۔ یہ خوشی بھی ان کے لیے بہت الگ اور نئی تھی۔۔ شاہ زیب کے گھر والے بے صبری سے وہاں پر ان لوگوں کا انتظار کر رہے۔۔

ہاں جی میری بیٹی بھی تیار ہو گئی ہے اپنے بابا کے ساتھ جانے کے لیے۔۔ شاہ زیب ہما سے بات کرنے کے بعد اپنی بیٹھی کے پاس آ کر اسے جھک کر گود میں اٹھا کر کھڑا ہو گیا تھا۔۔

شاہ زیب کو اس کم سے ٹائم میں گڑیا سے بہت زیادہ اٹیچمنٹ ہو گئی تھی شاہ زیب کا دل ہی نہیں لگتا تھا گڑیا سے دور ہو کر۔۔

وہ جیسے ہی اپنے کیمپ میں قدم رکھتا تھا تو گڑیا کے ارد گرد ہی گھومتا رہتا۔اور ڈیوٹی پر جا کر بھی پتہ نہیں وہ کتنی بار ہما سے فون کر کے گڑیا کا پوچھتا تھا۔۔

اور آج تو شاہ زیب کی خوشی کی کوئی انتہا نہیں تھی۔وہ اپنی گڑیا کو لے کر اپنے گھر جا رہا تھا۔اور آج گڑیا نے پہلے بار اپنے بابا یہ گھر کو دیکھنا تھا۔۔

ہما میں نے ہماری بیٹی کا نام پلوشہ سوچا ہے۔۔اپنی بیٹی کو پیار بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے شاہ زیب نے کہا۔۔

ہما جو جو شاہ زیب اور اپنے کپڑے پیک کر رہی تھی شاہ زیب کے ایک دم سے کہنے پر اس نے شاہ زیب کی جانب دیکھا تھا۔۔

نہیں شاہ زیب ہم اپنی گڑیا کا نام کوئی ماڈرن سا رکھیں گے۔پلوشہ بہت پرانا سا لگ رہا ہے۔ کہہ کر واپس پیکنگ کرنے لگی تھی۔۔

نہیں پرانا تو نہیں ہے اور ویسے بھی مجھے اس نام سے بہت زیادہ اٹیچمنٹ ہے ایک تو یہ نام پٹھانوں میں بہت رکھا جاتا ہے اور دوسرا یہ نام میرے بچپن کا کرش ہے۔۔۔

ہما کو پہلے والی بات سے تو کوئی پرابلم نہیں ہوئی تھی مگر یہ دوسری بات پر پیکنگ چھوڑ کر شاہ زیب کی جانب دیکھا تھا۔۔

آپ کے کتنے کرش ہیں آپ ایک ہی بار بتا دیں۔اور ویسے بھی آپ کے جو کرش ہیں۔وہ نام میں اپنی بیٹی کا ہر گز نہیں رکھوں گی۔۔

ہما کا لہجہ ایک دم سے چینج ہوا تھا ماتھے پر پڑتے ہوئے بل بتا رہے تھے کہ اسے شاہ زیب کی بات بالکل اچھی نہیں لگی۔۔

یار یہ کیا بات ہوئی اب دیکھو کوئی کسی کو پسند ہوتا ہے اس کا کرش ہوتا ہے تو اس کا نام بھی اس شخص کو بہت عزیز ہوتا ہے تو میں چاہتا ہوں کہ میں اپنی بیٹی کا نام پلوشہ رکھوں۔۔

اس میں غلط کیا ہے وہ جان بوجھ کر ہما کی حالت سے محظوظ ہو کر اسے چڑا رہا تھا۔۔

شاہ زیب پلیز میں اس ٹاپک پر کوئی بات نہیں کرنا چاہتی، اور نہ ہی ہماری بیٹی کا نام پلوشہ رکھا جائے گا۔

اور بھی پٹھانوں میں بہت سارے نام ہیں جو ہم رکھ سکتے ہیں وہ ناراض ہو چکی تھی۔ گڑیا کی چیزوں کو جلدی جلدی سمیٹ کر اس کا بیگ تیار کرنے لگی تھی۔۔

ویسے ایک بات ہے تم غصے میں اور بھی زیادہ پیاری لگنے لگتی ہو اس کے قریب جا کر کھڑا ہو گیا تھا۔ارادہ کچھ اور کرنے کا رکھتا تھا۔۔

مگر گود میں گڑیا کو اٹھا رکھا تھا جس کی وجہ سے شرمیلے پٹھان کو اپنی بیٹی کی چھوٹی چھوٹی آنکھوں سے دیکھنے پر بہت شرم آ رہی تھی۔ارادہ ترک کرتے ہوئے صرف باتوں کی حد تک ہی تنگ کرنے لگا تھا۔۔۔

چلو ایک کام کرو تم بتاؤ ہم اپنی گڑیا کا کیا نام رکھیں۔دو مہینوں کی ہو گئی ہے اور اب بھی ہم اسے گڑیا اور پری کہہ کر ہی بلاتے ہیں۔۔

اب کوئی نام تو رکھنا ہے نا۔ہما کے سخت تیوروں کو دیکھ شاہ زیب نے مذاق کو وہیں پر ترک کر دیا۔۔۔

جو دل چاہے رکھ لیں بس یہ پلوشہ نہیں رکھ سکتے آپ۔۔۔ہما کی سوئی اس کی کرش والی بات پر اٹکی ہوئی تھی۔جو کہ شاہ زیب نے ایسے ہی اسے تنگ کرنے کے لیے بول دیا تھا۔۔۔

یار کتنی جلدی جیلس ہو جاتی ہو تم ! ! میں نے تو ایسے ہی کہہ دیا پلوشہ میری چھٹی کلاس کی ٹیچر کا نام تھا۔ شاہ زیب نے ہنستے ہوئے کلیئر کیا تھا۔۔۔

میں پھر بھی پلوشہ نہیں رکھوں گی اگر آپ کی ٹیچر کا نام تھا تو پھر آپ کو یہ نہیں بولنا چاہیے تھی کہ وہ آپ کیا کرش ہے۔۔۔

منہ کے زاویے بناتے ہوئے بول کر گڑیا کو زبردستی اس کے ہاتھ سے لے کر پیار کرنے لگی تھی۔۔۔

شاہ زیب کا تو اب ایک ہی کرش ہے اور وہ ہے ڈاکٹر ہما شاہ زیب خان تھوڑا سا کان کے پاس جھک کر سرگوشی کی تو ہما کہ لب مسکرا اٹھے تھے۔۔۔

بلش کرتے ہوئے گال کو دیکھ ڈاکٹر شاہ زیب قہقہہ لگا کر ہنسا تھا۔۔۔پٹھان کی جان اسی طرح اسی طرح سے مسکراتی رہا کرو۔۔۔

پٹھان محبت کے معاملوں میں بہت ایماندار ہوتے ہیں۔۔ڈاکٹر صاحبہ جس دن آپ سے نکاح کیا تھا۔۔۔

اسی دن یہ عہد بھی کیا تھا کہ اس دل پر اور اس خان پر سارے حق صرف اور صرف ہما شاہ زیب خان کے ہیں۔۔
اور مرتے دم تک خان اپنی بات اور اپنے عہد سے کبھی پیچھے نہیں ہٹے گا۔۔

ہماری بیٹی کے ساتھ خوشحال زندگی جیو اس ڈر کو اپنے چہرے پر مت لایا کرو۔خان تمہارا ہے اور تمہارا ہی رہے گا۔۔
اب تو خان کو تم نے اپنی محبت کے پلو میں اتنا کس کے باندھ لیا ہے کہ اگر خان خود بھی اس پلو سے کھل کر جانا چاہے تو نہیں جا سکتا۔۔۔۔

خان کی ہر رات کا سکون ہو تم اور ہر دن کی خوبصورت صبح ہو تم۔۔۔اب تو
ہمارے رشتے میں ایک ننھی اور مضبوط کڑی آگئی ہے۔۔
جو ہم دونوں کو ایک ساتھ ہمیشہ باندھے رکھے گی۔۔

گڑیا کے ہاتھ کو باپ کی محبت سے بھری ہوئی نظروں سے دیکھ کر ہما کو تسلی
دیتے ہوئے اپنے ساتھ لگالیا۔۔۔

جانتی ہوں کہ آپ مجھ سے بہت پیار کرتے ہیں۔۔
خان صاحب مذاق سے بھی اپنے منہ سے کسی کو اپنا کرش مت بولا کریں۔۔
مجھ سے برداشت نہیں ہوتا۔۔
آپ نہیں جانتے دواؤں میں مانگا ہے میں نے آپ کا ساتھ۔۔
اور میرے رب نے مجھے آپ کی محبت سے نواز دیا۔

میں مذاق میں بھی آپ کے منہ سے کسی کا نام نہیں سن سکتی۔شاہ زیب کے سینے سے لگ کر بڑی سچائی سے اپنا سچ بتایا تھا۔۔۔

کیا کروں جب تمہارے چہرے پر جیلسی کے رنگ دیکھتا ہوں تو مجھے بہت خوشی ہوتی ہے تمہاری جیلسی مجھے احساس دلاتی ہے کہ میں تمہارے لیے کتنا اہم ہوں۔۔

بس کبھی کبھی اسی احساس کو جینے کے لیے۔مزاق میں بول دیتا ہوں۔مگر تم بے فکر ہو جاؤ خانم جب کہہ دیا کہ خان تمہارا ہے۔تو پھر کسی ڈر کو اپنے قریب نہ آنے دیا کرو۔۔۔

دونوں مسکراتے ہوئے گڑیا سے پیار کرنے لگے تھے اگلے دو گھنٹوں میں ان لوگوں نے کراچی کے لیے روانہ ہونا تھا۔۔۔

oooooooo

شفا۔۔شفا۔۔عاصم شاہ جو ناشتہ تیار کر کے روم میں واپس آیا تھا۔۔شفارات کو بہت انکمفرٹیبل فیل کر رہی تھی ایک انجانے سے ڈر نے اسے ساری رات سونے نہیں دیا تھا۔۔۔

زیادہ دیر سے آنکھ لگنے کی وجہ سے صبح اس کی آنکھ نہیں کھل رہی تھی۔۔یہ تیسری چوتھی بار عاصم شاہ شفا کو اٹھانے کے لیے اس کے پاس کھڑا ہوا آواز دے رہا تھا۔۔۔

اب کی بار اس کی گال کو ہلکے سے تھپتھپاتے ہوئے پیار سے اٹھایا تھا۔جس سے وہ بری طرح سے ڈر گئی اور دبک کر اٹھ کر بیٹھ گئی تھی۔۔

یہ کیا کر رہے تھے آپ میرے ساتھ سہمی سی پیچھے کو سکرول ہو کر بیڈ کراؤن سے جا لگی تھی۔۔

کچھ نہیں کر رہا تھا بس اپنی چھوٹی سی معصوم گہری نیند میں سوئی ہوئی بیوی کو ناشتے کے لیے اٹھانے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔اس کے لہجے کو نظر انداز کرتے ہوئے اس کے ڈر کو سمجھ کر مسکرا دیا تھا۔۔

!!آپ نے میری گال پر ہاتھ کیوں لگایا

کیونکہ میری بیوی میری آوازوں سے اٹھ نہیں رہی تھی۔۔تو گال پر ہاتھ لگا کر تھپتھپانا مجبوری بن گیا تھا۔۔۔

مگر آپ مجھے اتنی صبح صبح اٹھا کیوں رہے تھے؟؟

مسز عاصم شفا شاہ میں نے آپ کو صبح صبح نہیں اٹھایا۔گھڑی پر نظر دوڑائیں ہمارے کالج میں پہنچنے کے لیے صرف ہمارے پاس 30 منٹ درکار ہیں۔۔

جس میں ہمیں تیار بھی ہونا ہے ناشتہ بھی کرنا ہے اور راستہ بھی طے کرنا ہے۔اور آج تمہارے فائنل ایگزام کا پہلا پیپر ہے۔۔۔

ہاں میں تو بھول ہی گئی تھی اب میں کیا کروں ٹائم اتنا کم رہ گیا ہے اب میں پہلے تیار ہوں یا ناشتہ کروں۔ کیا کروں۔ وہ بکھلائی ہوئی سی بڑبڑاتے ہوئے بیڈ سے نیچے اتری۔۔

ریلیکس شفا پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے تم آرام سے ناشتہ کرو۔ میں نے تمہاری یونیفارم پریس کر دی ہے تیار ہونے میں زیادہ ٹائم نہیں لگے گا

سب سے پہلی ترجیح ناشتے کو دینی چاہیے شفا نے حیران نظروں سے عاصم شاہ کی جانب دیکھا تھا۔ جس نے کتنے آرام سے کہا تھا کہ اس نے شفا کی یونیفارم کو استری کر کے رکھ دیا ہے۔۔

آپ نے میرے لیے یونیفارم کا بھی انتظام کر دیا ہے۔۔شفا عاصم شاہ کے ہر انداز پر حیرانی ہو رہی تھی۔جو اسے بالکل بچوں کی طرح ٹریٹ کر رہا تھا۔۔

کیوں نہیں کرنا چاہیے تھا مانا کہ اب تم پروفیسر عاصم شاہ کی بیوی ہو مگر اس کا ہر گز یہ مطلب نہیں کہ تم کالج یونیفارم پہن کر نہیں جایا کرو گی۔۔

رولز تو سب سٹوڈنٹ کے لیے ایک جیسے ہی ہوتے ہیں۔اس لیے تمہیں بھی کوئی رعایت نہیں ملے گی۔نہ سٹڈی میں اور نہ ہی یونیفارم میں۔۔

بالکل نارمل سے لہجے سے بات کر رہا تھا جیسے کہ وہ اس ٹاپک پر پہلے بھی کئی بار بات کر چکے ہوں۔وہ اپنے انداز سے شفا کو بالکل بھی کمفرٹیبل فیل نہیں کروا رہا تھا۔۔

شاباش اب تم جلدی سے فریش ہو کر

آجاؤ!! میں باہر ڈائننگ ٹیبل پر ناشتہ لگا رہا ہوں اسے بول کر خود روم سے نکل گیا۔۔

اس وقت شفا کو سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ اپنی قسمت پر افسوس کرے یا رشک!!

ایک طرف اس کا سیاہ ماضی تھا اور دوسری جانب یہ ہمسفر جو اتنا خوبصورت پڑھا لکھا تھا۔۔

اس کی نظروں سے شفاء کے لئے چھلکتا پیار دیکھ شفا حیران تھی کہ کبھی کبھی قسمت اس طرح بھی کسی پر مہربان ہو جاتی ہے۔۔

وہ اپنے خیالوں کو جھٹکتی ہوئی واش روم میں گئی۔ جہاں پر اس کی ضرورت کا سب سامان رکھا گیا تھا۔ نیو برش رکھا ہوا تھا۔ جسے کھول کر وہ دانت برش کرنے لگی۔۔

وہ فریش ہو کر ٹیبل پر پہنچی جہاں پر عاصم شاہ ناشتہ لگا کر بیٹھا ہوا اس کا ویٹ کر رہا تھا۔۔وہ موبائل میں خود کو بزی کیے ہوئے کچھ دیکھ رہا تھا۔۔

وہ کرسی کو کھینچتے ہوئے بیٹھ گئی۔عاصم شاہ نے شفا کو دیکھتے ہی موبائل بند کر ایک سائیڈ پر رکھ دیا تھا۔شفا کی پلیٹ میں اس کا ناشتہ رکھ کر کپ میں چائے ڈال کر اس کے آگے رکھ دی۔۔

!!تھینک یو

موسٹ ویلکم مائی بیوٹی فل وائف عاصم شاہ نے سلائس کی بائٹ لیتے ہوئے مسکرا کر اس کی جانب دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔

میرے پاس بکس بھی نہیں ہیں ناشتے کی جانب دیکھتے ہوئے آہستہ سے بولی تھی۔۔

میں آپ کی بکس لے آیا تھا۔۔

آپ کی کبرڈ کے اندر رکھی ہوئی ہے جاتے ہوئے لے لیں گے!! وہی پر سکون بااعتماد لہجہ جیسے کہ وہ سالوں سے ایک دوسرے کے ساتھ رہ رہے ہوں۔۔۔

وہ اپنی کسی بھی بات سے اسے فیل ہی نہیں کروا رہا تھا کہ یہ گھر اس کے لیے نیا ہے یا وہ خود شفا کے لیے اجنبی ہے۔اس کی ہر بات میں ہر انداز میں اپنائیت ہی اپنائیت تھی۔۔۔

دونوں نے ناشتہ کیا اور واپس روم میں آ گئے تھے۔شفا پہلے روم میں آ کر تیار ہونے لگی۔۔جبکہ عاصم شاہ ٹیبل سے برتن اٹھا کر سنگھ میں اکٹھے کرنے کے بعد روم میں آیا تھا۔۔

شفا یونیفارم پہن کر مرر کے سامنے کھڑی ہوئی بال بنا رہی تھی۔یوں عاصم شاہ کی موجودگی میں روم میں تیار ہونا اس کے لیے بہت مشکل تھا۔۔وہ بہت نروس اور گھبرائی ہوئی سی تھی۔۔۔

عاصم شاہ جو آرام سے اپنے کپڑے لے کر روم سے نکل کر دوسرے روم میں چلا گیا۔شاید وہ سمجھ گیا تھا کہ شفا اس کی موجودگی میں انکمفرٹیبل فیل کر رہی ہے۔۔۔

شفا تیار ہو کر قبر کی جانب بڑی تھی۔جہاں پر اس کی کورس کی سب بکس رکھی ہوئی تھی۔

اور ساتھ میں ایک خوبصورت سا کالج بیگ اور کالج میں لے کر جانے والا تمام سامان پڑا ہوا تھا۔جسے دیکھ کر وہ بچوں کی طرح کھلکھلا اٹھی تھی۔۔

ساتھ میں ایک چھوٹا سا لیٹر پڑا ہوا تھا۔ جسے اٹھا کر اس نے پڑھا جس پر یہ تحریر کیا ہوا تھا کہ اگر کسی اور چیز کی ضرورت ہو تو آپ مجھے بلا جھجک کہہ سکتی ہیں۔۔۔

تمہاری ہر چیز کا خیال رکھنا میرا فرض ہے۔۔ میں کوئی بھی کام کر کے تم پر احسان نہیں کر رہا۔۔

اگر تمہیں کو بتانے میں جھجک محسوس ہو تو تم بھی اسی طرح سے تحریر میں مجھے بتا سکتی ہو۔۔ آپ کا پروفیسر شوہر عاصم شاہ۔۔

شفا اتنی کیوٹ تحریر کو پڑھ کر مسکرا دی تھی۔۔ اپنی چیزیں سمیٹتی ہوئی وہ روم سے باہر آئی جہاں عاصم م شاہ اسی کا ویٹ کر رہا تھا۔۔

تھری پیس پینٹ کوٹ میں وہ ہمیشہ کی طرح بہت ہینڈسم لگ رہا تھا۔ ڈارک براؤن پینٹ اور کوٹ میں لائٹ سکن کلر کی شرٹ کے ساتھ میچنگ ٹائپ پہنی ہوئی تھی۔۔

چھوٹی چھوٹی بیرڈ میں اس کا گورا رنگ دمک رہا تھا۔۔
نفاست سے بنے ہوئے بال۔۔شفا نہیں نظر اٹھا کر آج پہلی بار عاصم شاہ کو ایک الگ نظریے سے دیکھا تھا۔۔۔

بے شک وہ ہر لحاظ سے ایک پرفیکٹ اور خوبصورت پرسنلٹی کا مالک تھا۔۔
ایک ایسا خوبصورت مرد جو کسی بھی لڑکی کا آئیڈیل ہو سکتا تھا۔۔

چلیں دیوار پر لگی ہوئی چابی کو اتارتے ہوئے شفا سے پوچھا تھا! جو اسی کو سوچنے میں گم تھی۔۔۔
جی چلیں شفا اس کے پیچھے پیچھے چل پڑی تھی۔۔
گھر کو لاک کرتے ہوئے وہ دونوں باہر کھڑی عاصم شاہ کی گاڑی کے پاس آ گئے تھے۔۔۔

عاصم شاہ نے خود شفا کے لیے گاڑی کا فرنٹ گیٹ کھولا۔۔اس کے بیٹھتے ہی دروازہ بند کر کے دوسری جانب سے آکر اپنی سیٹ پر بیٹھ گیا۔۔

شفا کو ایسا لگ ہی نہیں رہا تھا کہ وہ کل رات ہی اس اجنبی شخص کے ساتھ یہاں پر روتی ہوئی آئی تھی۔۔
اور آج وہ کتنے نارمل انداز سے اسکے ساتھ بنا کسی ڈر کے جا رہی تھی یہ کیا تھا وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی۔۔۔وہ اپنی سوچوں میں گم تھی۔۔

جبکہ عاصم شاہ نے نظر اس کی جانب گھما کر اسے گہری سوچ میں دیکھا کر سوچا تھا۔۔۔

ابھی تو ایک رات ہی گزری ہے۔تم تو ابھی سے پریشان ہو گئی ہو۔۔۔

!!مسز عاصم شاہ

آنے والے کچھ دنوں میں اگر میں نے تمہیں اپنی محبت کے آگے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور نہ کر دیا تو میرا نام بھی عاصم شاہ نہیں۔۔۔

نظریں واپس سڑک پر جماتے ہوئے گہری مسکراہٹ مسکرایا تھا۔۔۔

ooooooo

میرب میں کچھ دیر کے لیے جا رہا ہوں تم اپنا پورا دھیان رکھو گی کہیں پر ذرا سی بھی لاپرواہی نہیں ہونی چاہیے ورنہ میرا میں بہت سختی سے پیش آؤں گا

اب تمہیں ذرا سی بھی غلطی کرنے کی اجازت نہیں ہے۔اسے تاکید کرتے ہوئے رومان شاہ گیا تھا۔۔۔

oooooooooo

تھینک یو تھینک یو سو مچ اللہ جی آپ نے میری دوا قبول کر لی اور شاہ خود ہی گھر سے کچھ دیر کے لیے چلے گئے ہیں۔۔۔

اور مجھے شاہ کو سرپرائز دینے کا موقع مل گیا۔آج رومان شاہ کی برتھ ڈے تھی جس کو رومان شاہ بھول چکا تھا۔اور میرب آج رات 12 بجے شاہ کو سرپرائز دینا چاہتی تھی۔۔۔

شاہ کے گھر پر مجود ہوتے ہوئے میرب کو سمجھ نہیں آرہی تھی کہ وہ سرپرائز کی تیاری کیسے کریں۔۔

مگر اب اسے موقع ملا تو اس نے شاہ کے جاتے ہی زکیہ سے کہہ کر تیاری شروع کروادی تھی۔۔۔

اس نے پورے سٹڈی روم کو بے حد خوبصورتی سے سجھوانا شروع کر دیا تھا۔وہ خود آرام سے بیٹھی ہوئی صرف آرڈر زدے رہی تھی۔۔۔

کیونکہ وہ غلطی سے بھی غلطی نہیں کرنا چاہتی تھی۔ایک تو اسے شاہ کا ڈر تھا دوسرا وہ خود بھی اپنے بچے کے لیے بہت بہت کیئر فل تھی۔۔۔

میرب نے زکیہ سے کہا کہ وہ چوکیدار سے اسے یہ سب چیزیں منگوا کر دے۔ تقریبا آدھے گھنٹے میں زکیہ نے چوکیدار سے لسٹ میں لکھی گئی سب چیزیں منگوا کر سٹڈی روم کو بھی ریڈی کروا دیا تھا۔۔

شاہ تقریباً رات ساڑھے 10 بجے کے قریب شاہ گھر واپس آیا تھا

oooooo

شاہ آپ نے آنے میں اتنی دیر کر دی! سرسری سے انداز سے میں میرب نے شاہ سے پوچھا تھا۔۔

ہاں مجھے دلاور سے کچھ ضروری فائلز لینی تھی اور کچھ اہم باتیں ڈسکس کرنی تھی اس لیے زیادہ ٹائم لگ گیا۔۔۔رومان شاہ موبائل میرب کے ہاتھ میں تھماتے ہوئے واچ اتار کر سائیڈ ٹیبل پر رکھتے ہوئے بولا تھا۔۔

میں فریش ہو کر آتا ہوں تم زکیہ کو بولو کہ وہ کھانا روم میں لے آئے۔۔کہتے ہوئے جا کر واش روم کا دروازہ بند کر چکا تھا۔۔

میرب نے انٹر کام پر نیچے زکیہ کو انفارم کیا کہ وہ روم میں شاہ کے لیے کھانا لگا دے۔کیونکہ میرب کا کچھ کھانے کا دل نہیں کر رہا تھا۔۔۔

شاہ روم میں واپس آیا تو زکیہ کھانا لگا رہی تھی۔۔

!!زکیہ

!!جی

آپ کل نیچے مرہا باجی والا کمرہ میرے اور اپنے بھابھی کے لیے سیٹ کروا دینا کل لوگ نیچے شفٹ ہو جائیں گے۔۔۔

آپ کی بھابھی کو ڈاکٹر نے بیڈ ڈریس کے لیے بولا ہے۔ تو اس لیے آپ کی بھابھی بار بار سیڑھیاں نہیں چڑھ سکتی۔ کھانے کے لیے صوفے پر بیٹھتے ہوئے رومان شاہ نے زکیہ سے کہا تھا۔۔

جی میں صبح کروادوں گی زکیہ نے ادب کہا تھا۔۔

چلو میرب آجاؤ کھانا کھائیں شاہ نے پلیٹ میں سالن ڈالتے ہوئے میرب کو آنے کو کہا تھا۔۔

شاہ مجھے بھوک نہیں ہے میرب نے منمناتے ہوئے کہا تھا۔۔

زکیہ آپ جائیں اور فروٹس روم میں بھیج دیں۔۔ زکیہ رومان شاہ کے ایک سیکنڈ میں بدلے ہوئے تیور کو دیکھتے ہی فوراً وہاں سے چلے گئی۔۔۔

میرب کیا کہا تم نے تمہیں بھوک نہیں ہے۔۔زکیہ کے جاتے ہی رومان شاہ نے گھورتے ہوئے دیکھ کر پوچھا تھا۔۔

تمہارے ابھی سے یہ ڈرامے شروع ہو گئے ہیں۔ تم نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ تم اپنی ڈائٹ کا پورا خیال رکھو گی۔۔۔

ایک منٹ سے پہلے میرے پاس آؤ رومان شاہ کی آنکھیں دکھانے کی دیر تھی کہ میرب منہ بسورتے ہوئے پاس آکر بیٹھ گئی تھی۔۔
جبکہ گوشت کی ہیک سے میرب کا دل کچا پکا ہو کر قے کرنے کو تیار تھا۔۔

اووووووووں۔۔اووووں۔۔شاہ پلیز اس کو پیچھے کر لیں۔۔میرب اپنے منہ پر ہاتھ رکھتے ہوئے بھاگ کر واش روم میں گئی تھی۔۔

شاہ نے نیوالہ بنا کر اس کے منہ کے آگے کیا تو گوشت کی ہیک سے میرب خود پر کنڑول نہیں رکھ سکی۔۔اور اس کو الٹیاں آنی شروع ہو گئی تھی۔۔

شاہ کی جان کو بن گئی تھی اسے کھانا کہاں حلق سے اترنے والا تھا۔وہی نیوالے کو پلیٹ میں چھوڑ کر شاہ اس کے پیچھے جا کر کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔اسے یوں الٹیاں کر کے بے حال ہوتے دیکھ شخص اس کی پیٹھ کو سہلا لگا تھا۔۔

میرب کو شرم آ رہی تھی۔وہ بیسن میں سر جھکائے شاہ کو ہاتھ کے اشارے سے جانے کا بول رہی تھی۔۔

شاہ نے صبح کا ناشتہ کیا ہوا تھا۔اور اب جا کر کہیں وہ کھانا کھانے لگا تھا۔۔اور اب شاہ کو یوں کھانا چھوڑ کر اس کے فکر میں ہلکان ہوتے دیکھ میرب کو بالکل اچھا نہیں لگ رہا تھا۔۔

اب بیٹر فیل ہو رہا ہے۔ میرب نے ہاں میں سر کو ہلایا تھا۔۔اس کے ماتھے سے پسینہ صاف کرتے ہوئے شاہ نے سنک کی نل کو کھول دیا۔۔

ہاتھ گیلا کر کے اس کے منہ کو صاف کرتے ہوئے ٹشو سے اس کے چہرے آئے پسینے کو صاف کیا۔۔

اسے اٹھا کر روم میں لے آیا۔

شاہ آپ جا کر کھانا کھائیں۔۔شاہ نے میرب کو لا کر بڑے آرام سے بیڈ پر تکیے پر سر رکھ کر لٹا دیا تھا۔۔

میری جان اس وقت تمہاری ایسی حالت دیکھ کر تمہیں لگتا ہے کہ میرے حلق سے کھانا اترے گا۔۔وہ میرب کے پاس ہی بیٹھ گیا۔اس کے سر کو آہستہ سے دباتے ہوئے بول رہا تھا۔۔

آئی تھنک میرب تمہیں کھانے کی خوشبو سے اولٹیاں ہو رہی ہیں۔شاہ نے سوالیہ نظروں سے میرب کو دیکھتے ہوئے پوچھا تھا۔۔

شاہ مجھ سے گوشت کی خوشبو برداشت نہیں ہوتی اس سے میرا دل مچلانے لگتا ہے۔۔

تو جان تمہیں گوشت بنوانے کی کیا ضرورت تھی تم سبزی بنوا لیتی سے۔۔

شاہ آپ کو کھانے میں گوشت مٹن پسند ہے اس لیے میں نے آپ کے لیے بنوایا تھا۔۔

آج کے بعد جب تک تمہاری طبیعت نہیں سنبھلتی کوئی ضرورت نہیں ہے میرے لیے بنوانے کی۔۔

تمہاری الٹیوں سے جو حالت ہو رہی ہے اسے دیکھ کر تو میری جان نکل جاتی ہے۔ تم صرف وہ کھانا بنواؤ گے جو تمہیں پسند ہے جو تم کھا سکتی ہو میں بھی وہی کھاؤں گا۔۔۔

رومان شاہ اسکے پاس سے اٹھ کر کھڑا ہوا گیا۔اس نے انٹر کام پر زکیہ کو روم میں بلوایا تھا۔۔

اور اسے سارا کھانا لے جانے کا کہہ دیا۔

شاہ پلیز آپ تو کھانا کھائیں آپ نے صبح سے ناشتہ کیا ہے۔۔

زکیہ آپ فروٹس اور اورنج جوس لے کر آؤ میں بھی وہی کھوں گا۔۔

جی میں ابھی لے کر آتی ہوں زکیہ کھانا سمیٹ کر لے جاتے ہوئے بولی تھی۔۔

منہ لٹکانے کی ضرورت نہیں ہے میں بھی تمہارے ساتھ فروٹس کھاؤں گا جوس پیوں گا۔۔۔

آخر بے بی کا بابا بھی صحت مند ہونا چاہیے۔۔میرب کے لٹکے ہوئے منہ کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر پیار سے بولا تھا۔۔

مجھے پتہ ہے آپ کو بھوک لگی تھی اور آپ کھانا کھانا چاہتے تھے۔میری وجہ سے آپ کی بھوک خراب ہو گئی شرمندہ سا ہو کر بول رہی تھی۔۔

تمہاری وجہ سے نہیں ہمارے اس انٹے والے پیارے سے بچے کی وجہ سے ۔اور صرف میری بھوک نہیں اس کی ماما کی بھوک بھی خراب ہو گئی ہے۔ اس لیے سر پر سوار کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔

ابھی فروٹ کھائیں گے اور جوس پیئیں گے۔ کوئی بات نہیں آج ہم ہیلدی کھانا کھا لیتے ہیں۔۔

اگر پھر تمہیں مجھ پر پیار آرا ہو تو تھوڑا سا اپنے آپ کو کھا لینے دینا۔ میرا پیٹ بھر جائے گا۔

شوخ ہوتا ہوا اس کے اوپر جھکنے لگا تھا۔

اوں ! ! کیا کر رہے ہیں دروازہ کھلا زکیہ فروٹ لے کر آنے والی ہے۔ وہ مسکراتے ہوئے شاہ کے چہرے پر ہاتھ رکھ اسے پیچھے کرنے لگی تھی۔۔

چلو کوئی بات نہیں زکیہ ی آکر چلی جائے گی۔ اس کے بعد پرو گرام بنا لیتے ہیں۔۔

شاہ گہری نظروں سے دیکھ ٹھنڈی آہ بھرتے ہوئے سائیڈ پر ہو کر بیٹھ گیا۔۔

زکیہ فروٹ اور جوس دے کر جا چکی تھی۔

چلو جی منہ کھولو شاہ نے انار کے دانوں سے چمچ بھر کر میر کے منہ میں ڈالا۔
میرب کو ان کا ذائقہ اچھا لگ رہا تھا کچھ کچھ کھٹا کچھ کچھ میٹھا وہ مزے سے کھانے لگی تھی۔۔

شاہ آپ بھی کھائیں میرب نے شاہ کے ہاتھ سے چمچ لے کر انار کے دانوں سے بھرتے ہوئے شاہ کے منہ میں کے آگے کیا۔۔

نہیں میرب یہ مجھ سے نہیں کھائے جائیں گے۔ تمہیں پتہ ہے کہ مجھ سے تھوڑی سی بھی کھٹی چیز نہیں کھائی جاتی۔۔ شاہ نے زور سے آنکھیں بند کر کے سر کو جھٹکا دیتے ہوئے کہا تھا۔۔

میں ایپل کھالوں گا بنانا کھالوں گا مگر میں یہ نہیں کھا سکتا۔۔۔

نہیں آپ بھی یہ کھائیں گے مجھے دیکھنا ہے جب آپ آنکھیں بند کر کے بچوں کی طرح یوں یوں کرتے ہیں۔۔

میرب نے کھٹی چیزوں سے شاہ جس طرح سے منہ بنایا کرتا تھا۔اس کی نکل کرتے ہوئے منہ بنا کر دکھایا تو شاہ کی ہنسی نکل گئی تھی۔۔

میرب کے منہ کا ڈیزائن دیکھ کر شاہ کی آنکھوں میں ہنس ہنس کر پانی آگیا تھا۔۔

وہ شاہ کے ہاتھ کی سختی سے تڑپ کر سسکنے لگی تھی۔۔ شاہ ہمیشہ کی طرح بے قابو سا ہو کر اپنی دھن میں مست میرب پر محبت کی بارش زور و شوروں سے برسانے لگا تھا۔۔۔

اپنی طرف سے وہ پوری کوشش کر رہا تھا کہ وہ سختی سے نہیں نرمی سے پیش آئے۔ مگر رومان شاہ کی محبت تھی میرب کو تڑپنا تو پڑھنا ہی تھا۔۔

اپنی من مانیاں کرتے ہوئے۔ شاہ نے اس کے وجود پر کپڑے نہ ہونے کے برابر چھوڑے تھے۔۔

اس کو چادر کے اندر لپیٹے ہوئے لمسوں کی بارش اس کے خوبصورت جسم کی رانائیوں پر بکھیر رہا تھا۔۔

وہ سسک رہی تھی۔۔آج اس نے سسکنے کے باوجود شاہ کے لیے کوئی مزاحمت کھڑی نہیں کی۔۔وہ اپنے شاہ کو برتھڈے پر اس کی من مانیوں کا سپیشل تحفہ دینا چاہتی تھی۔۔

وہ آنکھیں بند کیے ہوئے دونوں ہاتھ چادر پر رکھے چادر کو مٹھیوں میں میچے ہوئے تھی۔۔۔

شاہ نے اپنے ہاتھ اس کی ہتھیلیوں پر رکھتے ہوئے چادر سے چھڑا کر اپنے ہاتھوں کے نیچے دبا لیے۔۔۔۔

اس کے دل والے مقام پر اپنے لب رکھتے ہوئے چوم کر اسی سسکنے پر مجبور کر رہا تھا۔۔

کبھی نرمی تو کبھی سختی کرتے ہوئے اپنی محبت کی بارش اس پر برساتا جا رہا تھا ۔ایک اور خوبصورت رات داستان رومان شاہ کی محبت میں لکھ رہی تھی۔۔

ooooooo

ڈاکٹر ایوری تھنگ اوکے کوئی سیریس ملا تو نہیں ہے! احمر مہک کو لے کر اس کی ڈاکٹر کے پاس آیا تھا۔ بہت فکر مندی سے ڈاکٹر کے سامنے بیٹھا پریشان کن لہجے میں ڈاکٹر سے پوچھ رہا تھا۔۔

دیکھیے مسٹر احمر بظاہر تو سب کچھ ٹھیک ہے مگر شاید ان کو کسی بات کا سٹریس ہے۔ جس کی وجہ سے یہ مینٹلی طور پر بے چین رہتی ہیں۔ ڈاکٹر نے سوچتے ہوئے نظروں سے مہک جانب دیکھتے ہوئے کہا۔۔ جو احمر کے ساتھ والی کرسی پر بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔

تو آپ کے کہنے کے مطابق ان کی بے چینی گھبراہٹ ان کے ذہنی سٹریس کی وجہ سے ہے۔۔۔ جی بالکل کیونکہ اور تو کوئی پرابلم مجھے نظر نہیں آ رہی۔ ان کے سب ٹیسٹ کلیئر ہیں ان کا بے بی بالکل ٹھیک ہے۔۔ یہ خود بالکل صحت مند ہیں۔ تو میرے خیال سے یہی وجہ ہے جو یہ بے چین رہتی ہیں۔۔ اب ان کو کیا سٹریس ہے یہ تو آپ لوگ ہی جانتے ہو۔۔۔ پلیز آپ لوگ کوشش کریں کہ یہ ذہنی پریشانی کا شکار نہیں رہے۔۔۔

جو بھی معاملات ہیں یا گھر میں کوئی پریشانی ہے آپ اس کو آپس میں بیٹھ کر سلجھائیں۔ کیونکہ ان کا پریشان رہنا ماں اور بچے کے لیے آگے چل کر پرابلم کریییٹ کر سکتا ہے۔

اور میں ان کے لیے یہ میڈیسن لکھ رہی ہوں یہ ان کو روز بلاناغہ دیتے رہیں۔ اور یہ آرام کریں باقی اللہ تعالی سب بہتر کرے گا۔۔

ڈاکٹر دوائیوں کی لسٹ احمر کی جانب بڑھاتے ہوئے بولی تھی۔۔ تھینک یو سو مچ ڈاکٹر۔ احمر ڈاکٹر کے ہاتھ سے فائل لیتے ہوئے بولا تھا۔۔ مینشن ناٹ بی کیر فل ڈاکٹر نے مسکراتے ہوئے دونوں کی جانب دیکھ کر کہا۔۔

احمر لسٹ لے کر مہک کا ہاتھ پکڑے ڈاکٹر کے کلنک سے باہر نکل آیا۔ احمر آپ پریشان نہیں ہوں میں انشاءاللہ ٹھیک ہو جاؤں گی۔ اور میں کوشش کروں گی کہ میں کسی بھی طرح کا سٹریس نہ لوں۔۔ گاڑی میں بیٹھتے ہوئے مہک نے احمر کے اترے ہوئے چہرے کو دیکھ کر کہا۔۔۔

تھینک یو مہک تم خود کو ٹینشن سے دور رکھنے کی کوشش کرو گی تو مجھے بہت اچھا لگے گا۔۔

سپاٹ سے لہجے میں احمر نے مہک کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔۔اور گاڑی گھر کی جانب موڑ دی۔۔احمر آپ مجھ سے ناراض ہیں۔۔۔احمر کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے جھک کر کے چہرے کو دیکھتے ہوئے بولی۔۔

نہیں ناراض نہیں ہوں بس تم سے یہ کہنا چاہتا ہوں۔کہ تم سب پریشانیوں کو خود سے دور رکھو۔ہمارے بچے کا اور خود کا خیال رکھو۔۔

میں تم دونوں کے بغیر خود کو ادھورا محسوس کرتا ہوں۔بہت سے خواب سجا لیے ہیں میں نے ہماری آنے والی زندگی کے لیے۔وہ گاڑی کا سٹرنگ سنبھالے ہوئے اس کی جانب دیکھ کر بولتے ہوئے واپس سٹیرنگ پر نظر جما چکا تھا۔۔

میں پوری کوشش کروں گی کہ آپ کو میری جانب سے کوئی شکایت نہ ملے

اب آپ اپنے چہرے سے اداسی ہٹا کر خوش ہو کر دکھائیں۔۔

مجھے آپ کا یہ لٹکا ہوا چہرہ اچھا نہیں لگتا احمر نے مسکرا کر اس کی جانب

دیکھا۔ہاں تو تم اپنا خیال رکھو احمر کا چہرہ ہمیشہ مسکراتا ہی تمہیں ملے گا۔۔

!! کچھ کھاؤ گی

!!! ہوں

کیا؟؟

!! گول گپے

!! مہک کچھ ہیلدی کھالو یار

نہیں مجھے گول گپے ہی کھانے ہے۔

آپ مردوں کو بالکل سمجھ میں نہیں آتا کہ عورتوں کا ایسی حالت میں کھٹی

چیزیں کھانے کو کتنا دل کرتا ہے۔۔

ہاں بھئی ہمیں کیسے پتہ ہو گا ہم کبھی پریگننیٹ تھوڑے ہوئے ہیں۔۔

احمر قہقہ لگا کر ہنستے ہوئے بولا تھا۔احمر نے مہک کی فیورٹ پانی گول گپے والی دکان کے سامنے گاڑی روکی۔

وہ جانتا تھا کہ مہک کو گاڑی میں بیٹھ کر ہی تازے گول گپے کھانے ہی۔۔ں وہ پارسل کیے ہوئے گول گپے نہیں کھاتی تھی۔۔

بیٹھو میں ابھی لے کر آتا ہوں احمر نے مہک کے لیے دو پلیٹ تیار کروائی تھی ۔جن کو مہک نے ہمیشہ ترہاں چٹم کر دیا۔۔۔ہیلدی چیزیں تو مہک سے کھائی نہیں جاتی تھی۔ مگر گول گپو جیسی چیزیں مہک کھانے میں منٹ لگاتی تھی۔۔ مہک تم یہ کھٹا پانی مت پیو یار میرے بچے کا گلا خراب ہو جائے گا۔۔ مہک کو کھٹے پانی کے گھونٹ لیتے ہوئے دیکھ احمر نے آنکھیں بند کر کے کہا تھا۔۔۔

کوئی نہیں آپ یہ بچے کا گلا خراب ہوتا وہ بھی چٹخارے لے کر کھا رہا ہے مہک کے کہنے پر۔۔دونوں ہنسنے لگے تھے۔

ooooooo

اباسائیں میں ذرا یعقوب کی زمینوں کے حوالے سے دو دن کے لیے ملتان جا رہا ہوں تو ادھر کے سارے معاملات آپ دیکھ لینا۔۔

ناشتہ کرتے ہوئے ٹیبل پر ہی خرم نے چوہدری کو آگاہ کرتے ہوئے کہا۔۔۔

کیا سائیں آپ دو دن کے لیے جا رہے ہیں آپ نے یہ بات مجھے تو بتائی ہی نہیں۔۔ بیا جو سب کو ناشتہ دے رہی تھی۔۔ خرم کی بات پر چونک کر اداس سا منہ بنائے بولی تھی۔۔ خرم کی ماں اور باپ نے مسکراتے ہوئے بیا کی جانب دیکھا۔۔۔

خرم لبوں کے اندر مونچھوں تلے مسکرا دیا۔ وہ جانتا تھا کہ اس پاگل نے بنا ارد گرد دیکھے ایک دم سے بول دیا ہے۔ بہوش یں آنے پر خود ہی شرمائی شرمائی پھرے گی۔۔۔

اور وہی ہوا بیا نے نظر گھوما کر پاس بیٹھے اپنے تایا تائی کی جانب دیکھا اور ناشتہ وہی ٹیبل پر رکھ کر وہاں سے تقریبا بھاگتی ہوئی اپنے کمرے کی جانب چلی گئی۔۔

ویسے تو بڑا خوش قسمت ہے۔تجھے اتنا پیار کرنے والی بیوی ملی ہے۔چوہدری صاحب نے بیا کی جانب دیکھتے ہو کہا۔۔۔جو بھاگتے ہوئے غائب ہو چکی تھی۔۔

خرم نے مسکرا کر نظریں اپنی ناشتے والی پلیٹ پر جمالی خرم نے دل سے یہ بات قبول کی تھی کہ بیا سے اچھی بیوی اسے نہیں مل سکتی تھی۔۔۔

خرم بیٹا اب تو، تو ہمیں جلدی سے دادی بنادے ایک دم سے خرم کی ماں نے کہا تو خرم کو دھچکا سا لگا تھا یہ سن کر کیونکہ اس کی نظر میں تو ابھی اس قابل نہیں تھی کہ وہ بچے کی ذمہ داری سنبھال سکے۔۔۔۔مگر ہاں میں سر کو ہلا کر مسکرا دیا۔۔۔وہ اپنی ماں کے دل کے ارمانوں کو ٹھیس نہیں پہنچانا چاہتا تھا۔۔۔جیتا رہہ میرا پتر اللہ تجھے ڈھیر ساری خوشیاں دے اس کی ماں نے خوشی سے دعائیں دیتے ہوئے اپنے بیٹے کی جانب دیکھا۔۔۔

چوہدری صاحب اور خرم آپس میں زمینوں کے بارے میں کافی دیر تک سوچ وچار کرتے رہے۔۔ناشتے کے بعد خرم اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔۔

ویسے ایک بات ہے خرم کی ماں بیا کی رخصتی کے بعد خرم بڑا بدل گیا ہے۔ بڑا سمجھدار ہو گیا ہے اپنی ذمہ داریوں کو بڑی اچھی طرح سے سنبھال رہا ہے۔۔ تو صحیح کہتی تھی۔۔ کہ شادی کے بعد بڑے بڑے سدھر جاتے ہیں جیسے کہ میں سدھر گیا اور اج تیرا پتر بھی سدھر گیا چوہدری صاحب بول کر۔۔ قہقہ لگا کر ہنسے تھے۔۔ قہقہے میں اس کی بیوی نے بھی بھرپور ساتھ دیا۔۔۔

ooooooo

بیا سائیں دی جان میری طرف دیکھ تو صحیح۔۔۔ بیا بیڈ پر الٹی لیٹی تکیے پر سر رکھیں ہچکیوں سے رو رہی تھی جب سے شادی ہوئی تھی چوہدری کہیں بھی اسے دو دن کے لیے چھوڑ کر نہیں گیا تھا۔۔

اس طرح اچانک خرم کے دو دن کے جانے کا سن کر بیا یاد دل برداشتہ ہو کر رو رہی تھی۔۔۔ مجھے نہیں دیکھنا مجھے بتائے بنا دو دن مجھ سے دور رہنے کا پلان بنا لیا اور مجھے بتانا ضروری نہیں سمجھا۔۔ اپنے سر کو تکیے پر رکھے الٹا لیٹی رونے کو برقرار ہوئے بولی۔۔۔۔ قسم سے بیا تیرے اسی رونے سے مجھے

ڈرلگ رہا تھا اسی لیے نہیں بتا رہا تھا میں نے سوچا کہ چلو تجھے اچانک پتہ چلے گا تو میں تجھے یوں روتا ہوا نہیں دیکھوں گا۔۔۔اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اس کا چہرہ اپنی جانب کی رخ پلٹا۔۔۔دیکھ اتنی خوبصورت آنکھوں کا رو رو کر کیا حال کر لیا ہے۔ جھک کر اس کی آنکھوں پر لب رکھ دیے۔۔چومتے ہوئے آنسوؤں کے قطروں کو پینے لگا تھا۔۔۔

مجھے نہیں پتہ آپ مجھے اپنے ساتھ لے کر چلیں۔۔۔مجھے نہیں رہنا آپ کے بغیر سائیں کے کالر کی دونوں جانب سے پکڑتے ہوئے کھینچ کر اپنے چہرے کے قریب رکھے ہوئے بولی۔۔۔سائیں کی جان میں نے وہاں جا کر ڈیرے پر آدمیوں کے ساتھ رہنا ہے۔تجھے وہاں کیسے لے جاؤں لب اس کی ہونٹوں سے ٹکرا کر چومتے ہوئے مسکرایا تھا وہ جس طرح بچوں کی طرح ضد کر کے رو رہی تھی۔۔۔

مجھے نہیں پتہ کہیں بھی رکھ لینا مجھے آپ کے ساتھ رہنا ہے۔۔سائی مجھے آپ کے بغیر نیند نہیں آتی۔۔وہ بچوں کی طرح ہچکیاں لے کر رو رہی تھی آنکھوں میں آنسوں کی باڑ لگا رکھی تھی اس نے۔۔

ہائے سائیں دی نکی جئ جان۔۔۔سائیں کو بھی تیرے بغیر نہیں آتی۔۔پر کام دھندے بھی دیکھنے پڑتے ہیں۔۔ورنہ تجھے تیرے سسر کا پتہ ہے اس کو مجھ پر ویسے بھی گھوتا نام بہت اچھا لگتا ہے۔۔

تو نہیں چاہتی کہ تیرے شہر کی تعریف ہو۔۔اس کے چہرے پر جھکا اپنی گال اس کی گال سے رب کرتے ہوئے اسے منا رہا تھا۔۔۔۔

سائیں میں چاہتی ہوں کہ آپ کی بہت عزت ہو سب آپ پر خوش ہوں۔ مگر آپ میری بات سمجھ نہیں رہے۔۔سائیں میں دو دن کیسے رہوں گی آپ کے بغیر۔۔سائیں دی جان رونا بند کرو۔میں تجھے وہاں جا کر فون بھی کروں گا اور جب تک تو سوئے گی نہیں ویڈیو کال پر آن بھی رہوں گا۔۔۔

تو میرے ساتھ باتیں کرتی ہوئی میری موجودگی کو محسوس کر کے سو جانا۔۔

اور باقی پپیاں اور جپھیاں ڈالنے کا کوٹا میں

آ کر پورا کر دوں گا سورب دی۔۔۔ سائیں قسم سے کتنے بے شرم ہیں میں نے ایسی کوئی بات نہیں کی۔۔ بیا سائیں کے بے باقی سے مذاق پر شرم سے لال سرخ ہو گئی تھی۔۔۔ اس کے شرمائے ہوئے چہرے پر جھک اس کی پنکھڑیوں پر لب رکھ کر اپنی قید میں لے گیا۔۔۔

نمی کے ہر قطرے کو چوستے ہوئے اپنے اندر انڈیلنے لگا تھا۔۔ اسے دیر نہ ہو رہی ہوتی تو ابھی بیاہ کی جان کو اور بھی مشکل کرتا۔۔۔ مگر اسے دیر ہو رہی تھی اس وجہ سے اس کی پنکھڑیوں کو آزادی بخشتے ہوئے پیچھے ہوتے ہوئے بیڈ سے کھڑا ہو گیا۔۔۔

اب بتاؤ میری جان مان گئی ہے یا ابھی اور محنت کرنی پڑے گی اگر اس سے آگے محنت کی تو پھر مجھے لگتا ہے آج تو میں نہیں جا سکوں گا۔۔۔

بیا کے دل کے دلکش سراپے کو دیکھ کر اپنی مونچھوں کو تاؤ دیتے ہوئے مسکرایا رہا تھا۔۔ خیر سے جائیں مگر جلدی آنے کی کوشش کرنا بیا نے محبت بھری نظروں سے دیکھ کر کہا۔۔اور خود بھی بیڈ سے کھڑی ہو گئی۔۔ فکر نہ کرو جتنی جلدی ہو سکے گا کام ختم کر کے اپنے مکھن کے پاس ہی آؤں گا ۔۔۔ تیرے جسم کی خوشبو کے بنا خرم کو بھی نیند نہیں آتی۔۔

اپنے کاٹن کے سوٹ پر کھڑے ہو کر سلوٹیں دیکھتے ہوئے مسکرایا۔۔ یہ کرتا اتار رہا ہوں اس کو دوبارہ پریس مروا دو

ورنہ میرے کمینے یاران سلوٹوں کو دیکھ کر میرا مذاق اڑائیں گے۔۔۔۔ بیا کے ساتھ زبردستی ڈبلیو ڈبلیو ایف کرتے ہوئے خرم کے کاٹن کے کرتے پر

بہت سی سلوٹیں

آ چکی تھی۔۔

جی اتار دیں ابھی کروا دیتی ہوں ! ! اپنا کرتا اتار کر بیا کہ ہاتھ میں تھماتے ہوئے بیا کے گال پر جھک کر جاتے جاتے ایک اور لمس چھوڑا تھا۔۔ بیا

شرماتے ہوئے روم سے جاچکی تھی۔۔جب کہ وہ اپنے فون کو اٹھا کر کسی سے بات کرنے لگا۔۔

ooooooo

وہ اونچی آواز میں بچوں کی طرح رو رہی تھی۔۔شرم کرو میرہا۔ہماری شادی کو سال ہونے والا ہے۔اور تم ابھی تک بچوں کی طرح منہ پھاڑ کر رو رہی ہو۔۔۔"

جان میری گردن پر تم نے یہ جو پھول پتیاں بنائی ہیں اتنا تو میں بھی نہیں رویا وہ مرہا کو روتے ہوئے دیکھ ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو رہا تھا۔۔اس کا رونا مرہا کو مزید غصہ دلا رہا تھا۔۔۔

ہاں تو لے لیا بدلہ آپ نے خواہ مخواہ ڈرامے کر رہے تھے کہ آپ کو کوئی فرق نہیں پڑا۔۔

وہ ناراض ہو کر اس کے اوپر سے اٹھ کر جا رہی تھی۔۔ شاہ میر نے اس کی کلائی سے پکڑ کھینچ کر اپنے اوپر گرا لیا۔ اس کی کمر پر اپنے دونوں ہاتھ مظبوطی سے باندھ رکھے تھے۔۔۔

سوری جان محبت میں تھوڑا سا برداشت بھی کرنا سیکھ لو۔۔ میر کی جان ذرا سی سختی پر تمہارے آنسوں نکل آتے ہیں۔ جان میں اصل میں تو ایسا ہی ہوں تمہاری نزاکت کا خیال کرتے ہوئے ہمیشہ چاکلیٹ ہیرو بن کر رہتا ہوں۔۔ کبھی کبھی تو جان تم بھی اصل میر کو تھوڑا سا برداشت کر لیا کرو۔۔ محبت سے اس کی پلکوں کو چومتے ہوئے آنسوؤں کے قطروں کو اپنے لبوں میں پی گیا۔۔۔

تم نے یہ کیسے کہہ دیا کہ تم نے میرے ساتھ نہیں رہنا اور اپنے بھائی کے گھر چلی جاؤ گی۔۔۔۔ وہ تو میں نے غصے سے بولا تھا۔۔ سینے پر سر رکھ کے بولی۔۔ جان نکال لوں گا تمہاری اگر ایسا سوچنے کی جرأت بھی کی۔۔۔ تمہارا اے سی پی

بڑی کتی چیز ہے۔۔۔میری معصومیت پر مت جانا مسکراتے ہوئے لفظوں کی سختی میں لبوں کے نرمی دکھاتے ہوئے اسے اپنے سینے پر لگائے لیٹا تھا۔۔۔ وہ بچوں کی طرح روتے ہوئے اسی کی پناہ گاہ میں خود کو محفوظ کیے لیٹی ہوئی تھی۔۔تو آپ مجھے اتنا تنگ ہی نہ کیا کریں کہ میں آپ کو جانے کی دھمکی دوں۔۔۔ تمہیں تنگ کرنا میرا حق ہے۔۔مجھ سے دور جانے کا حق میں نے تمہیں دیا نہیں۔۔۔آج تو ایسا سوچ لیا مگر آج کے بعد اگر سوچا بھی تو قسم سے جان لینے میں دیر نہیں لگاؤں گا کہتے ہوئے کہ جو گہری نظروں سے چہرے کی جانب دیکھ لبوں کی چنبش اس کے لبوں پر چھوڑی۔۔آپ نے مجھے فضول میں اتنی سزا دی میری کوئی غلطی بھی نہیں تھی۔۔۔شفا کا مدعا پوری رات کو ہلکان کرنے کا تھا۔۔شاہ میر نے واش سے بیڈ تک محبتوں کی بارش میں بگوتے ہوئے جو سختیاں کی تھی میرہا اسی بات پر شاہ میر سے ناراض ہو کر رو رہی تھی۔۔۔۔ویسے تو وہ سزا نہیں تھی میری محبت تھی جو اتنے دن تم پر نچھاور نہ کرنے کی وجہ سے سزا میں بدل گئی۔۔۔

تھوڑی سی سختی زیادہ ہو گئی تھی اس کے لیے میں بالکل شرمندہ نہیں ہوں بلکہ اب سے تو شاہ میر کی سختی والی محبت کو برداشت کرنے کی ہمت پیدا کرو مرہا جی۔۔۔اب آپ بڑے ہو گئے ہو ایک سال ہونے والا ہیں ہماری شادی کو!!!تو کیا اب آپ ایسے ہو جائیں گے وہ آنکھیں پھاڑ کر سر اٹھائے اس کا چہرہ دیکھنے لگی۔۔۔۔

ایسے ہو جائیں گا مطلب کون سے میرے سینگ نکل آنے ہیں مسکراتے لبوں سے بولا۔۔۔میرا اگر آپ نے میرے ساتھ یہی سلوک کیا تو میں سچ میں رومان بھائی کے گھر چلی جاؤں گی۔۔اور اب یہ دھمکی نہیں ہے۔میں سچ میں چلی جاؤں گی۔سینے سے سر اٹھا کر آنکھوں میں انکھیں ڈال دھمکی دے رہی تھی۔۔

تیری دھمکی کی تو ایسی کی تیسی تو جا کر دکھا۔۔میں میں تو اب پیار میں سختی بھی کروں گا۔۔تمہاری جان بھی نکالوں گا ہوش بھی ٹھکانے لگاؤں گا۔۔جانے

کی تو سوچنا بھی مت۔۔۔ کروٹ لے کر اس کے اوپر آ گیا جو کچھ دیر پہلے اسے چپ کروا رہا تھا۔۔۔اب اس کے لبوں پر لبے رکھے ہوئے سانسوں کو کھینچ کر اپنے اندر انڈیلتے ہوئے اس کی جان کو مشکل کیے ہوئے تھا۔۔۔وہ کسی اور ہی موڈ میں لگ رہا تھا کہ اس کے فون پر بجتی ہوئی رنگ ٹون سے وہ پیچھے ہوا۔۔ فون کو گھور کر دیکھا۔۔ جبکہ مرہا شاہ میر کو گھور کر دیکھ رہی تھی۔۔۔وہ تھوڑا سا سائیڈ پر ہوا تھا فون اٹھانے کے لیے اور مرہا ایک سیکنڈ سے پہلے وہاں سے غائب ہو چکی تھی۔اسے 100 کی سپیڈ سے واش روم میں جا کر بند ہوتے دیکھ شاہ میر کو ہنسی آ گئی وہ فون پر بات کرنے لگا۔۔۔

ooooooo

(چار مہینے بعد) عاصم آپ اتنے پریشان کیوں ہیں۔۔ کس کا فون آیا تھا۔۔ عاصم کو یوں بکھلا کر تیار ہوتے دیکھ شفا نے پوچھا۔۔۔شفا تم جلدی سے تیار ہو جاؤ ہمیں مہک آپی کو دیکھنے کے لیے ہاسپٹل جانا ہے۔۔
احمر بھائی کا فون آیا تھا آپی کی طبیعت بہت خراب ہے۔۔

اللہ خیر کرے ہم پرسوں ہی تو مل کر آئے ہیں تب تو آپی بالکل ٹھیک تھی۔۔۔شفا مجھے نہیں پتہ بس تم دعا کرو کہ آپی کو کچھ نہیں ہو عاصم شاہ نے بہت افسردہ لہجے سے کہا۔۔۔

انشاءاللہ میں آپی کو کچھ نہیں ہو گا آپ پریشان نہیں ہو۔بس مجھے دو منٹ دیں میں ابھی جینچ کر آتی ہوں اپنے کپڑے لے کر واش روم میں جا چکی تھی۔۔۔

عاصم شاہ نے مہک سے شفا کو ملوا دیا تھا اور کئی بار وہ مہک سے مل کر آ چکے تھے۔۔۔مہک نے بہت خوش دلی سے شفا کو اپنی بھابی ایکسیپٹ کیا تھا۔۔

مگر آج اچانک احمر کا فون آیا کہ ڈلیوری کے وقت مہک کی حالت بہت زیادہ کریٹیکل ہے اور وہ اسے یاد کر رہی ہے۔۔کراچی میں صرف عاصم شاہ ہی موجود تھا۔اس کی والدہ تو لاہور میں تھی۔۔ان کو پہنچنے میں ٹائم لگنا تھا۔۔عاصم شاہ اور شفا ہاسپٹل کے لیے نکل چکے تھے۔

میرب پلیز مجھے معاف کر دو!!میرب اور رومان شاہ ابھی ہاسپٹل آئے تھے ۔رومان شاہ اور میرب ابھی کچھ دیر پہلے ہی ہاسپٹل پہنچے تھے۔۔۔رومان پلیز تم دونوں مجھے معاف کر دو تاکہ اللہ بھی مجھے معاف کر دے۔۔مہک نے کچھ دور کھڑے ہوئے رومان شاہ کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔مہک تم پریشان نہیں ہو میں نے تمہیں اسی دن معاف کر دیا تھا جس دن تمہیں اپنے دوست کے ساتھ رخصت کیا۔۔۔

میرب پلیز تم بھی مجھے معاف کر دو۔مہک میں تو تمہیں کب سے معاف کر چکی ہوں اب تو ہماری دوستی بھی ہو گئی ہے۔پلیز تم پریشان نہیں ہو تم ٹھیک ہو جاؤ گی۔۔تم اپنی پیاری سی بیٹی کی طرف دیکھو تمہیں اس کے لیے ٹھیک ہونا ہے۔اس کے پاس لیٹی ہوئی چھوٹی سی گڑیا کی طرف اشارہ کرتے ہوئے، میرب نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے بہنوں کی طرح تسلی دی۔۔۔

نہیں میں نہیں بچوں گی مجھے پتہ ہے میں نے اپنی زندگی میں بہت سے لوگوں کے دل دکھائے ہیں بہت سے لوگوں کے دل توڑے ہیں تو مجھے بھی سزا تو ملنی ہے۔۔اور میرے اللہ نے میرے لیے شاید یہی سزا تجویز کی ہے کہ آج میں سب کچھ حاصل کر کے بھی لاحاصل ہو گئی ہوں اتنا پیار کرنے والا شوہر اتنی پیاری بیٹی جن کو چھوڑ کر مجھے آج جانا ہے۔ مشکل سے سانس لیتے ہوئے اس کی آنکھوں میں انسو رواں تھے۔۔

اس کا آکسیجن لیول گرتے جا رہا تھا ڈاکٹر بار بار سب کو روم سے باہر جانے کو بول رہی تھی۔۔

جبکہ مہک شاید آخری چند باتیں ان سے کرنا چاہتی تھی۔ وہ ان کو جانے ہی نہیں دے رہے تھی۔

احمر کی آنکھوں میں آنسوں تھے وہ تڑپتی ہوئی نظروں سے مہک کی جانب دیکھ رہا تھا۔۔

کیونکہ ڈاکٹر اسے کلیئر بتا چکے تھے کہ مہک کی کنڈیشن ٹھیک نہیں ہے۔عاصم شاہ اور شفا بھی آ چکے تھے۔۔

عاصم نے تڑپ کر اپنی بہن پر جھک کر اس کے ماتھے کو چومتے ہوئے اس کی جانب دیکھا تھا۔۔

کیونکہ راستے میں ہی اسے بھی ساری بات پتہ چل چکی تھی۔۔۔

شفا میرے بھائی کا بہت خیال رکھنا عاصم بہت پیارا بھائی ہے اور تمہارے لیے بہت پیارا شوہر ثابت ہو گا۔۔آپی آپ ٹھیک ہو جائیں گی آپ پریشان نہ ہو شفا نہیں تسلی دیتے ہوئے کہا۔۔میری بیٹی کا خیال رکھنا شفا مہک نے بڑے مان سے شفا کی جانب دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔جیسے اسے یقین تھا کہ شفا اس کی بیٹی کا خیال رکھے گی۔۔

مہک آپی اس طرح کی باتیں مت کریں آپ ٹھیک ہو جائیں گے۔عاصم شاہ نے تڑپ کر اپنی بہن کا ہاتھ پکڑ کر کہا تھا۔۔امی کا خیال رکھنا عاصم ہو سکے تو ان کو بھی اپنے پاس بلا لو وہ وہاں پر بہت اکیلی ہے۔۔

آپ لوگ پلیز باہر جائیں ان کو ٹھیک سے سانس نہیں آ رہا ڈاکٹر نے چلاتے ہوئے کہا تھا۔۔

سب لوگ باہر جا چکے تھے مگر مہک نے احمر کو جانے نہیں دیا وہ جانتی تھی کہ اس کے پاس ٹائم بہت کم ہے۔۔

وہ آنسوؤں سے لبریز آنکھوں سے مہک کی جانب دیکھتے ہوئے پاس بیٹھ گیا

۔احمر اپنا اور ہماری بیٹی کا بہت خیال رکھنا۔۔ خود کو سنبھال لینا ہے۔ تم شادی کر لینا۔ ہماری بیٹی کو ایک ماں کی بہت ضرورت ہے ہو گی۔۔ وہ بامشکل سانسوں کو کھینچتی ہوئی احمر کا ہاتھ پکڑے ہوئے بول رہی تھی۔۔

مہک پلیز چپ کر جاؤ کب سے تم بولے جا رہی ہو تمہیں بہت شوق ہے مجھے چھوڑ کے جانے کا میں نہیں سنبھال سکتا خود کو تو ہماری بیٹی کو کیسے سنبھالوں گا

۔۔

ہم دونوں کو سنبھالنے کے لیے تمہیں ٹھیک ہونا پڑے گا۔۔ مہک تمہیں جینا ہے ہماری بیٹی کے لیے میرے لیے تمہیں مجھ پر ترس نہیں آ رہا۔۔ میں

تمہاری تڑپ کو سمجھ سکتی ہوں۔ مگر مجھے میرے گناہوں کی سزا ملنی تھی اور میرے اللہ نے میرے لیے یہی سزا تجویز کی ہے۔۔۔پلیز احمر مجھ سے وعدہ کرو کہ تم شادی کرو گے۔۔

اس کی سانسیں ٹوٹ رہی تھی جبکہ ڈاکٹر احمر کو باہر بھیجنے کی کوشش کر رہی تھی مگر مہک نے زبردستی احمر کے ہاتھ کو ہاتھوں میں دبا رکھا تھا۔۔پلیز احمر میری سانس میرا ساتھ چھوڑ رہی ہے وعدہ کرلو میرے ساتھ۔۔تم نے مجھے بہت پیار کیا میں تم پر خوش ہوں۔۔تم بھی مجھ پر خوش رہنا مجھ سے کوئی غلطی کوتاہی ہو گئی ہو تو مجھے معاف کر دینا۔۔۔

احمر تم نے مجھے تھوڑے سے وقت میں اتنی خوشیاں دیں کہ میرے دل میں کوئی حسرت باقی نہیں ہے۔۔

پلیز میری یہ آخری بات مان لو اس کی سانسیں اکھڑنے کی وجہ سے آنکھوں میں پانی بہنے لگا تھا۔۔

احمر بھائی پلیز آپی بہت تکلیف میں ہے جو کہہ رہی ہیں ان کی دل کی تسکین کے لیے بول دیں۔۔

عاصم شاہ جو اپنے دل کے ہاتھوں مجبور ایک بار پھر زبردستی روم کے اندر آچکا تھا احمر کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر ہاں بولنے کو کہہ رہا تھا۔۔۔

وعدہ کرتا ہوں جو تم کہہ رہی ہو میں وہ کروں گا۔۔احمر کے لب ساتھ نہیں دے رہے تھے کہ وہ شادی کر لے گا۔۔شاید مہک وعدہ ہی سننا چاہتی تھی۔۔

عاصم اور احمر کے ہاتھوں میں ہی مہک نے دم توڑ دیا۔۔اس کی سانسوں کی ڈور ٹوٹ چکی تھی۔۔

وہ کھلی آنکھوں سے ان کی جانب دیکھ رہی تھی۔۔آنکھوں کی حرکت بند ہو چکی تھی۔۔

ڈاکٹر نے ایک ٹھنڈی سانس لیتے ہوئے آخری حربہ آزماتے ہوئے چھاتی پر دباؤ دے کر سانس دلانے کی کوشش کی جب کہ کوئی زندگی کے آثار نظر نہ

آنے پر آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر آنکھوں کو بند کر دیا۔آکسیجن بند کر دی گئی تھی۔۔۔

مہک۔۔۔مہک یار ایسے نہیں چھوڑ کے جا سکتی تم مجھے۔۔۔میں اور گڈیا کیسے رہیں گے تمہارے بغیر۔۔۔۔یار کیا ہو گیا یہ ایک دم سے۔۔کیسے سب کچھ ختم ہو گیا۔۔احمر رو رہا تھا وہ ایک مرد ہو کر بھی خود کو سنبھال نہیں پا رہا تھا۔۔

عاصم شاہ صدمے سے ساکت کھڑا تھا۔

جس کی اکلوتی بہن دنیا سے جا چکی تھی۔اندر رونے کی آوازیں سن کر باہر کھڑا ہوا رومان شاہ میرب شاہ زیب ہما سب اندر آ چکے تھے۔۔

شاہ میر اور مرہا بھی ہاسپٹل میں آ چکے تھے مگر ان کے پہنچنے سے پہلے ہی مہک دم توڑ چکی تھی۔۔ضروری کاروائی کے بعد مہک کی ڈیڈ باڈی ان کے حوالے کر دی گئی۔۔بہت ہی دل سوز سما تھا۔۔

ooooooo

(دو مہینے بعد)میرب کی اچانک سے نیند میں آنکھ کھلی تو اپنے ساتھ رومان شاہ کو نہ پا کر اس نے ادھر ادھر دیکھا تھا۔ سٹڈی روم کا دروازہ کھلا ہوا دیکھ میرب آہستہ سے بیڈ سے اتر کر چلتے ہوئے سٹڈی روم کے اندر آ گئی۔ جہاں رومان شاہ رات کے دو بجے جائے نماز پر بیٹھا آنکھیں بند کیے۔ اپنے رب سے دعاؤں میں مشغول تھا۔ اس کی گالوں پر آنسوؤں تھے۔ جن کو دیکھ کر میرب حیران سی ہوتے ہوئے اس کے قریب جا کر بیٹھ گئی۔۔ رومان شاہ اپنی دعاؤں میں اتنا مشغول تھا کہ اسے میرب کے آنے ہی نہیں چلا۔۔

شاہ آپ رو رہے ہیں!! میرب کی آواز پر شاہ نے دعا میں اٹھائے ہاتھ چہرے پر پھیرتے ہوئے میرب کی جانب دیکھا۔۔۔ جان تم کیوں اٹھ کر آ گئی اور تم یہ زمین پر کیوں بیٹھی ہو۔۔ تمہیں ڈاکٹر نے بیڈ ریسٹ کے لیے کہا ہے۔

میرب کو کھڑے ہو کر نرمی سے اپنی گود میں اٹھا چکا تھا۔۔۔ شاہ آپ میرے پاس نہیں تھے تو میں پریشان ہو گئی۔۔ اس لیے آپ کو دیکھنے آ گئی آپ مجھے

بتائیں کیوں رو رہے تھے۔۔۔ایک ہاتھ شاہ کے گلے کے پیچھے سے ڈالے ہوئے جبکہ دوسری ہاتھ سے شاہ کے آنسوں صاف کرتے ہوئے افسردہ لہجے سے پوچھا۔۔۔۔

میں رو نہیں رہا تھا بس اللہ تعالی سے کچھ خاص دعا کر رہا تھا تو میری آنکھوں سے آنسوں آ گئے۔۔میرب کے چہرے کو اپنے مقابل دیکھ رومان شاہ نے لب اس کے گال پر رکھ کر محبت سے چومتے ہوئے اسے جھک کر بیڈ پر لٹا دیا

تکیے کو اس کے سر کے نیچے سیٹ کرتے ہوئے اس کی ٹانگوں کو سیدھا کر کے اوپر کمبل ڈال دیا۔۔وہ میرب کے پاس ہی لیٹ گیا۔۔اس کی ماتھے پر لب رکھ کر چومتے ہوئے۔۔ایک عجیب سی محبت اور ڈر تھا رومان شاہ کے چہرے پر جس کو میرب باخوبی دیکھ رہی تھی۔۔۔

پلیز شاہ بتائیں آپ کیوں پریشان ہیں اور پلیز یہ مت کہیے گا کہ آپ پریشان نہیں ہیں۔

اگر آپ کو میرب کے دل کی ہر بات سمجھ میں آتی ہے تو میرب کو بھی نظر آتا ہے کہ آپ پریشان ہیں،

رومان شاہ کے گال پر ہاتھ رکھ کر میرب متلاشی نظروں سے شاہ کی جانب دیکھ رہی تھی۔ میرب اگر تم نہیں چاہتی کہ تمہارا شاہ پریشان ہو تو تم اپنا بہت خیال رکھو۔

پتہ نہیں کیا چل رہا تھا اس کے دماغ میں میرب کو اپنی مضبوط باہوں کے دائرے میں کستے ہوئے سینے میں چھپائے ہوئے تھا۔۔

شاہ میں اپنا بہت خیال رکھتی ہوں! اور ویسے بھی سارا دن آپ میرے پاس ہوتے ہیں میرا خیال رکھنے کے لیے ایک منٹ کے لیے بھی تو میں اکیلی نہیں ہوتی۔

بھر کیا ڈر ہے آپ کے دماغ میں جو آپ اتنے پریشان رہنے لگے ہیں۔۔

میرب نے مہک کی ڈیتھ کے بعد یہ محسوس کر رہی تھی کہ رومان شاہ بہت زیادہ ٹینشن میں رہنے لگا تھا۔۔

حالانکہ رومان شاہ کو جب سے میرب کی پریگنسی کا پتہ چلا تھا وہ آفس نہیں جا رہا تھا۔ رومان شاہ ے سارا کام دلاور کے ہینڈ اوور کرر کھا تھا۔۔

اپنی خاص میٹنگز اور کام وہ اپنے سٹڈی روم میں ہی بیٹھ کر کرتا۔۔ایک سیکنڈ کے لیے بھی خود کو میرب سے دور نہیں کرر ہا تھا۔۔۔

وہ کسی پر بھی ٹرسٹ نہیں کرر ہا تھا پورا دن وہ میرب کا خود سے دھیان رکھتا کھانے سے لے کر ڈریسنگ اس کی ایکسٹرا سائز اس کو کھلی فضا میں بٹھانا ہر چیز رومان شاہ اپنے ہاتھوں سے کرر ہا تھا۔۔

پھر بھی ایک ڈر تھا جو رومان شاہ کے چہرے پر واضح نظر آتا تھا۔۔

رومان شاہ پانچ وقت کی نماز تو پہلے ہی باقاعدگی سے ادا کرتا تھا، مگر اب تو تہجد۔ بھی پابندی پڑ رہا تھا۔۔

پانچ وقت کی نمازوں سے لے کر تہجد میں رونے تک قران پاک کی تلاوت سے لے کر زبان سے اللہ کا ورد کرتے ہوئے ہر وقت اس کی دعاؤں میں صرف اور صرف میرب تھی۔۔۔

وہ میرب کے لیے بے حساب دعائیں مانگ رہا تھا پھر بھی اس کے دل کو ایک عجیب سی بے سکونی تھی۔ کہیں میرب کو کھو دینے کا ڈر اس کے دل میں گھر کر چکا تھا۔۔

شاہ کہاں کھو گئے کیا ہو گیا ہے شاہ آپ کو۔۔۔ شاہ سوچتی ہوئی نظروں سے میرب کو دیکھ رہا تھا۔۔ وہ سوچوں میں کھویا ہوا تھا۔۔۔ میرب کے بلانے پر ہوش کی دنیا میں واپس آیا۔۔۔

میرا شاہ تو کہیں کھو گیا ہے نہ آپ پہلے کی طرح خوش رہتے ہیں۔ نہ میرا شاہ مجھے پہلے کی طرح ڈانٹتا ہے نہ سختی کرتا ہے آپ نے مجھے ایک چھوٹے بچے کی جیسے بنا دیا ہے۔۔۔

ہر چیز میں آپ پر ڈیپنڈ ہو کر کرتی ہوں۔ واش روم تک آپ مجھے اکیلے نہیں جانے دیتے۔ اور دیکھیں شاہ میں آپ کو بالکل تنگ بھی نہیں کرتی اب جیسا کہتے ہیں میں ویسا کرتی ہوں۔۔

مگر شاہ یہ آپ کی چپ یہ اداس پریشان چہرہ میں نہیں دیکھ سکتی۔ شاہ کے چہرے کو دونوں جانب سے پکڑتے ہوئے بے اختیار میرب نے محبت سے اپنے ہونٹ

شاہ کے ہونٹوں پر رکھ کر چوم لیا۔۔

اگر شاہ کی جان میر میں تھی تو میرب کی جان بھی شاہ کے اندر بستی تھی۔۔

وہ کہاں دیکھ سکتی تھی اپنے شاہ کو اتنا اداس اور پریشان۔۔اور وہ جانتی تھی کہ شاہ جتنا مرضی سٹریس میں ہو اس کی قربت میں شاہ بہت پر سکون ہو جاتا ہے۔۔

شاہ کی جان میں پوری کوشش کروں گا کہ میں پریشان نا دکھائی دوں۔۔ اور میری جان میری وجہ سے تم سٹریس مت لو۔۔۔ مگر یہ جو تم میرے صبر کا امتحان لیتی ہو اس کا حساب تو میں تم سے کن کن کر لوں گا۔۔ جھک کر پنکھڑیوں کو چومتے ہوئے پوائنٹ کیا۔۔۔۔ تمہاری ڈاکٹر صاحبہ نے سخت

آرڈر دیے ہیں کہ میں تمہارے قریب جا کر اپنی محبت نچھاور نہیں کر سکتا

۔۔۔

اور تم سارا دن مجھے چھوٹی چھوٹی کسیاں دے دے کر میری حالت کو قابل رحم بنا دیتی ہو۔۔

اس کے بعد شاہ خود کو کیسے کنڑول کرتا ہے اس کا تو تمہیں پتہ بھی نہیں۔اس کے چہرے پر جھکا محبت سے پورے چہرے پر لمسوں سے طواف کر رہا تھا۔۔

شاہ تھوڑی سی کسیاں میری ہوتی ہیں تھوڑی سی کسیاں میری اپنے بابا کے بے بی کی طرف سے ہوتی ہیں۔۔ہم دونوں کی کسیاں ملا کر تھوڑی سی زیادہ ہو جاتی ہیں۔۔

اور جب میرا بے بی دنیا میں آجائے گا پھر ہم دونوں مل کر ایک گال پر میں کس کیا کروں گی۔اور دوسری پر میرا بے بی کس کیا کرے گا۔۔اور آپ ہم دونوں پر ناراض نہیں ہو سکتے، کیونکہ یہ حق میرب رومان شاہ نے آپ کو دیا

ہی نہیں شاہ کے انداز میں نقل اتارتے ہوئے۔شاہ کے گلے میں لاڈ سے بازو ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔

اچھا جی تو میرب رومان شاہ!! شاہ کو تم سے ناراض ہونے کی ضرورت بھی نہیں ہے۔۔شاہ اپنے انداز میں جب آپ کی جان نکالے گا تو پھر آپ نے سسکیاں نہیں بھرنی۔۔اپنے شاہ کو برداشت کرنا ہے۔۔۔شاہ بھی میرب کے انداز میں لاڈ سے باتیں کرتے ہوئے اس کی گردن پر جھکا لمس چھوڑ رہا تھا۔۔۔شاہ شاہ۔۔ہمم۔۔۔بے بی نے کک ماری ہے۔۔کہا!! شاہ کے لیے یہ سب کچھ بہت نیا تھا اس لیے میرب کی بات پر شاہ نے حیرانی سے پوچھا۔۔۔ظاہر سی بات ہے شاہ میری پیٹ میں بے بی نے کک مارا ہے!!۔۔اچھا ایسا بھی ہوتا ہے۔شاہ نے تجسس سے کہا

۔ادھر لائیں ہاتھ لائے ہاتھ لائیں شاہ کے ہاتھ کو پکڑ کر اپنے پیٹ پر رکھتے ہوئے سانس روکے لیٹی تھی۔۔تاکہ شاہ بے بی کی کک کو محسوس کر سکے ۔۔شاہ نے اپنے ہاتھ کے نیچے ایک ننھی سی جان کے وجود کو محسوس کیا۔۔

شاہ کے دل نے ایک محبت بھری بیٹ کو مس کیا۔۔بہت الگ اور نیا احساس تھا رومان شاہ نے آج سے پہلے اس احساس کو کبھی محسوس نہیں کیا۔۔

شاید میرب کے کھو دینے کے ڈر نے اس احساس کو کہیں دور رکھا ہوا تھا۔

شاہ کے لب پہ اختیار مسکرائے۔۔

شاہ نے میرب کے پیٹ سے قمیض کو ہٹاتے ہوئے جھک کر لب پیٹ پر رکھ کر چوم لیا۔۔

اب میرب کا پیٹ کافی باہر نکل آیا تھا۔اس کا چھٹا مہینہ چل رہا تھا۔وہ کافی گولو مولو سی لگنے لگی تھی۔۔میرب کا بھرا بھرا سا جسم بہت خوبصورت لگنے لگا تھا۔۔

وہ کافی ہیلدی ہو رہی تھی۔کیونکہ شاہ اس کی ڈائٹ کا بہت خیال رکھتا تھا۔۔

شاہ آپ کو اچھا لگا ہمارے بے بی کی کک محسوس کر کے۔۔میرب کو ہمیشہ ایک جستجو سی ہوتی تھی، شاہ کے منہ سے سننے کی کہ شاہ بچے کے لیے کیا محسوس کرتا ہے۔۔۔

ہاں شاہ کی جان شاہ بہت خوش ہے کہ ہمارا بے بی اب ککے مارنے لگا ہے۔ ویسے یہ ککس مارنا اس کو تم نے سکھائی ہیں یا وہ خود سے ہی ٹریننگ یافتہ ہے۔۔۔

شاہ نے مسکراتے ہوئے پیٹ پر اپنا ہاتھ رپ کرتے ہوئے میرب کی جانب دیکھ کر پوچھا۔۔آپ کا بے بی ہے اس لیے وہ سب کچھ خود سے ہی سیکھ رہا ہے۔۔

رومان شاہ کا بیٹا ہے اسے کسی کے ٹریننگ کی ضرورت نہیں۔۔۔

تو تمہیں کیسے پتہ کہ بیٹا ہے؟؟

کیونکہ میں اللہ میاں سے روز دعا کرتی ہوں کہ مجھے بیٹا چاہیے وہ بھی بالکل آپ کے جیسا خوبصورت اور جس کے ایسے خوبصورت اور گہرے ڈمپل ہو۔۔۔رومان شاہ کی ڈمپلز میں انگلی ڈالتے ہوئے مسکرائی۔۔۔

جی نہیں اگر ہمارا بیٹا بھی ہوا تو اس کے ڈمپل نہیں ہونے چاہیے۔۔کیونکہ اگر اس کے ڈمپل ہوئے تو پھر تمہاری آنکھوں میں یہ جو میں اپنے ڈمپل کے لیے محبت دیکھتا ہوں۔۔وہ مجھے دیکھنے کے لیے نہیں ملے گی۔۔۔اس لیے نو ڈمپل میرے ڈمپل صرف میرے منہ پر ہی رہیں گے۔۔۔

اور صرف میرے ڈمپلز کو حق ہے کہ تم ان کو دیکھو چوموا اور پیار کرو۔۔۔۔ شاہ اپنے بیٹے سے جیلس ہو رہے ہیں۔۔۔ہاں بالکل جیلس ہو رہا ہوں کیونکہ تمہارے پیار پر صرف میرا حق ہے اور میں اپنے برابری پر اپنے بیٹے کو بھی نہیں آنے دوں گا۔۔یہ بات ہمیشہ یاد رکھنا مسز رومان شاہ۔۔۔دنیا کا پہلا باپ ہو گا جو اپنے باپ بیٹے سے بھی جلسی محسوس کر رہا ہے۔میرب کھی کھی کر کے ہنس رہی تھی۔۔

بڑے دانت نکل رہے ہیں۔جب تم میرے منہ سے کسی اور کا نام سنتی ہو تو تمہیں جتنی جلسی فیل ہوتی ہے، ویسی ہی جیلسی مجھے ہوتی ہے تمہارے منہ سے کسی اور کا نام سن کر۔۔

مگر شاہ وہ کوئی اور نہیں ہمارا اپنا بچہ ہو گا۔۔۔ تمہارے پیار پر نو سمجھوتا تمہارا پیار صرف میرے لیے ہونا چاہیے۔۔ پھر چاہے وہ میرا بیٹا ہو یا کوئی اور۔۔۔ شاہ آپ کتنے ضدی ہو گئے ہیں۔۔ میر کو ہنسی آ رہی تھی۔۔ رومان شاہ کی انسکیورٹی پر۔

مگر کہیں نہ کہیں اسے خود پر بہت غرور اور مان بھی تھا۔۔ جس کے نصیب میں رومان شاہ جیسے اکڑو کی محبت آئی۔۔ جس رومان شاہ کے محبت کے چند خوبصورت لمحات چرانے کے لیے وہ اپنی جان لینے کو تیار تھی۔۔۔

آج وہ رومان شاہ اس پر محبت کی بارش ایسے برساتا کہ کبھی کبھی تو میرب کا دل اش اش کر اٹھتا تھا۔۔

ooooooo

oooooo

ماہی یار تم تھوڑی دیر مہرمہ کے پاس

بیٹھو میں ذرا عاصم کے سے چائے وغیرہ کا پوچھ لوں۔۔۔۔اوکے تم جاؤ میں سنبھال لوں گی ماہی جو بیٹھی ہوئی موبائل پر کچھ دیکھ رہی تھی اٹھ کر محرمہ کے پاس آگئی۔۔۔۔۔۔۔ویسے اس غریب کو چائے کپڑوں کے علاوہ بھی کبھی کچھ پوچھ لیا کرو۔۔۔ چھ مہینے ہونے والے ہیں تم لوگوں کی شادی کو تھوڑا سا تو یار اپنے رشتے کو آگے بڑھاؤ۔۔

ماہی نے ہمیشہ کی طرح مذاق کرتے ہوئے سمجھایا۔۔تم چپ کر کے مہرمہ کا خیال رکھو دادی اماں شفااپ مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔یار میں مذاق نہیں کر

رہی اس شریف انسان نے فیصلہ تم پر چھوڑا ہے کہ وہ کبھی رشتے کو زبردستی آگے نہیں بڑھائے گا۔۔۔

اور جب تک تم اشارہ نہیں دو گی وہ بندہ تو اپنی بات پر قائم رہے گا۔۔تو پلیز اس کو اشارہ دو کہ تم اس کو چاہنے لگی ہو تم نے اسے ایکسیپٹ کر لیا ہے ۔۔۔ماہی نے ایک اچھی دوست کی طرح ہمیشہ اسے اپنے رشتے کو آگے بڑھانے کو کہا تھا۔۔

۔ماہی پاگل ہو گئی ہو میں بھلا ان سے ایسا کیسے کہہ سکتی ہوں ماہی نے شرماتے ہوئے کہا اور روم کا دروازہ کھول کر باہر نکل گئی۔۔۔اللہ جی یہ 2924 میں 1990 کی ہیروں کہاں سے آگئی ہے۔۔ماہی نے مسکراتے ہوئے سوچا کہا ۔جسے سن کر پاس بیٹھی ہوئی کیئر ٹیکر بھی ہنس پڑی۔

مہک کے گزر جانے کے بعد احمر کے بہت کہنے پر عاصم شاہ اور شفا احمر کے گھر فلحال شفٹ ہو گئے تھے۔۔۔

مہرمہ ابھی بہت چھوٹی تھی اور اسے سنبھالنے کے لیے ہر وقت ایک عورت کا ہونا ضروری تھا۔۔

احمر کی والدہ کافی ضعیف تھی جو کہ بہت کوشش کے باوجود بھی یہ ذمہ داری اچھی سے نہیں نبھا پا رہی تھی۔وہ خود بھی بیمار رہتی تھی۔۔

عاصم شاہ نے اپنی اکلوتی بہن کی آخری نشانی کی خاطر احمر کا فیصلہ قبول کر لیا۔

مہک کی ماں گاؤں واپس جا چکی تھی کیونکہ وہ کچھ پرانے خیالات کی عورت تھی اور وہ داماد کے گھر پر رکنا مناسب نہیں سمجھتی تھی۔۔اور ان کو اوپر سے یہ بھی تسلی تھی کہ شفا اور عاصم یہاں پر ہیں تو ان کی نواسی کا بہت اچھے سے خیال رکھ سکتے ہیں۔۔۔

اور شفا خود بھی ابھی اتنی زیادہ میچور نہیں تھی کہ مہرمہ کی ذمہ داری کو اچھی طرح سے نبھا لیتی۔۔۔اس لیے وہ اکثر ماہی کو اپنے ساتھ روک لیتی تھی۔۔۔

ماہی کو بھی زیادہ دقت نہیں ہوتی تھی یہاں رکنے پر کیونکہ ماہی کے والدین زیادہ تر ملک سے باہر ہی رہتے تھے۔۔۔

ماہی اور ایک اس کی بڑی بہن تھی وہ بھی اکثر ملک سے باہر ہی رہتی تھی۔۔۔ تو ایسے میں ماہی گھر پہ اکیلی ہی ہوتی تھی ماہی ایک بہت امیر خاندان سے تعلق رکھتی تھی مگر ماہی کی زندگی میں خوشیاں نہ ہونے کے برابر تھی۔۔۔

اکثر ماہی اپنی خوشیاں خود ہی ڈھونڈتی رہتی تھی۔۔ مگر خوشیاں ہمیشہ ماہی سے کوسوں دور ہی رہتی تھی۔ماہی کو بچپن میں اس کے ماموں نے گود لے لیا۔۔کیونکہ ان کے گھر 10 سال بعد بھی کوئی اولاد نہیں ہوئی تھی۔۔۔

مگر ایک کار حادثے میں ماموا اور ان کی وائف کا ایکسیڈنٹ ہو گیا اور وہ دونوں ہی اس دنیا سے چل بسے۔اس وقت ماہی کی عمر تقریبا 10 سال تھی۔۔

اس کے ماں باپ نے اسے واپس اپنے پاس رکھ لیا۔ماں باپ کے پیار میں تو کوئی فرق نہیں آیا۔۔

مگر اس کی بڑی بہن جو کہ عمر میں ماہی سے تقریبا10 سال بڑی تھی۔اس نے ماہی کو کبھی قبول نہیں کیا۔ہمیشہ وہ اس سے حسد ہی کرتی تھی۔۔کیونکہ ماہی اپنی بہن سے زیادہ خوبصورت تھی۔۔

جس کی وجہ سے اس کی بہن ماہی سے زیادہ جیلس ہوتی تھی۔یہاں تک کہ وہ اپنے دوستوں کو بھی یہی بتاتی کہ وہ اکیلی ہے اس کا کوئی بہن بھائی نہیں ہے۔۔

اسنے ماہی کو دل سے کبھی اپنی بہن تسلیم نہیں کیا تھا۔اس کی بڑی بہن نے امریکہ میں کسی انگریز سے اپنی مرضی سے شادی کی اور وہ زیادہ عرصہ تک چل نہیں سکی اور ان دونوں کا طلاق ہو گیا۔۔ مگر اس سے کوئی خاص فرق نہیں پڑا وہ ذہنی طور پر بہت زیادہ ازاد خیال لڑکی تھی ضرورت سے زیادہ

ماڈرن ہونے کی وجہ سے اس کا ماں باپ بھی اس سے کھچا کھچا رہتا تھا اس کا باغی دماغ ہمیشہ ایک الگ ہی دشا میں سوچتا۔۔۔

اب تو عالم یہ تھا کہ وہ کبھی مہینوں میں ایک آدھی بار ہی پاکستان اپنے گھر آتی ۔۔زیادہ تر تو وہ ورلڈ ٹور پر ہی رہتی تھی۔۔

جب کہ ماہی اپنی بڑی بہن سے بہت زیادہ مختلف تھی۔ بڑی بہن جتنی بد تمیز آزاد خیال تھی۔ماہی اتنی ہی زیادہ سمجھدار اور ذہین تھی۔۔

ماہی کا مزاج کافی چنچل اور خوش مزاج رہنے والی لڑکی تھی۔۔ماہی کے گھر والے کافی آزاد خیال کھلے ذہن کے ماڈرن لوگ تھے۔۔۔۔

ماں اور باپ دونوں ہی بزنس میں ایک الگ مقام رکھتے تھے جس کی وجہ سے انہوں نے پیسہ تو بہت کمایا مگر اپنی اولاد کو ٹائم نہیں دے سکے۔۔

اس لیے ماہی اکثر شفا کے پاس رک جایا کرتی۔جب سے شفا کی عاصم شاہ کے ساتھ شادی ہوئی تھی۔۔ماہی نے اپنے دماغ سے عاصم شاہ کو ہر طرح سے نکال دیا۔۔

اب وہ صرف اور صرف اس کی بیسٹ فرینڈ کا شوہر تھا۔ وہ اس نظر سے ہی عاصم شاہ کو دیکھتی تھی۔۔ اور عاصم شاہ نے تو پہلے دن سے ہی کبھی ماہی کو اس نظر سے دیکھا ہی نہیں تھا اس لیے شفا اور ماہی کے درمیان کبھی کسی غلط فہمی نے جگہ ہی نہیں بنائی۔ مہک کی ڈیتھ کو تقریبا دو مہینے ہونے والے تھے۔۔

اکثر ماہی اور شفا دونوں اکٹھی ہی کالج سے عاصم شاہ کے ساتھ رکنے کے لیے آجاتی تھی۔۔۔

ماہی کا ماں باپ زیادہ تر اگر ایک ہفتہ پاکستان میں تو اگلا آنے والا پورا مہینہ ان کا ابراؤٹ میں ہی گزرتی۔

اس کی بڑی بہن نے باہر کسی انگریز سے شادی کر لی تھی مگر وہ شادی زیادہ عرصہ چل نہیں سکی۔۔

اس کے بعد طلاق ہو گئی اب وہ زیادہ تر باہر ہی رہتی تھی۔۔ کبھی مہینوں میں ایک آدھا چکر ہی اس کا پاکستان لگتا۔۔۔

ماہی گھر میں اکیلی بور ہو جاتی تھی ایسے میں مہر مہ اور شفا کا ساتھ پا کر تو ماں ہی کو جیسے پوری دنیا کی خوشیاں ہی مل گئی تھی۔۔۔

احمر کی والدہ بھی بہت اچھی اور پیار کرنے والی خاتون تھی۔ وہ سب کا بہت خیال رکھتی تھی۔۔۔

شفا اور ماہی کے آنے سے گھر میں ان کے پاس بہت رونق ہو گئی تھی اور مہر مہ کی وجہ سے تو گھر میں رونقیں اور بہاریں آ گئی تھی۔۔

بس کمی تھی تو صرف ایک مہک کی تھی جسے سب ہی محسوس کرتے تھے احمر نے خود کو کام میں بہت مصروف کر لیا تھا۔ مہک کی یادوں سے بچنے کے لیے۔۔ اکثر احمر رات کو گھر دیر سے ہی لوٹتا تھا۔۔

ماہی زیادہ تر مہر مہ کے کمرے میں ہی رہتی تھی۔ ماہی کو یہاں پر کچھ بھی انکمفرٹیبل محسوس نہیں ہوتا تھا۔ کیونکہ گھر میں زیادہ تر احمر کی امی شفا اور ماہی ہوتے تھے۔۔ ماہی اور شفا کی پڑھائی بھی کمپلیٹ ہو چکی تھی۔۔۔

شفانے توفی الحال پڑھائی اس لیے روک دی کیونکہ مہرمہ کواس کی ضرورت تھی اور ماہی شفا کے بغیر آگے پڑھنا نہیں چاہتی تھی۔ تواس لیے پڑھائی کو فلحال کے لیے سٹاپ لگ چکا تھا۔۔

مہرمہ اور شفا کا کمرہ بالکل ساتھ ساتھ ہی تھا۔۔ تقریباً زیادہ ٹائم تو شفا اسی روم میں پائی جاتی تھی۔۔ مگر جب عاصم شاہ آجاتا تو پھر ماہی اپنے روم میں چلی جایا کرتی تھی۔۔۔ماہی اکسر خود ہی شفا کو جانے کا بول دیا کرتی تھی۔۔۔ماہی آسانی سے محرمہ کو سنبھال لیتی۔۔اور ویسے بھی ہر وقت ایک کیئر ٹیکر محرمہ کے لیے روم میں ہی موجود تھی۔۔

تو ایسے میں ماہی شفا کو اس کے روم میں عاصم شاہ کے پاس بھیج دیا کرتی تھی ۔۔مہک کے کہ جانے کی وجہ سے ان کا رشتہ بھی ایک جگہ پر فلحال کے رک سا گیا تھا۔۔۔اپنی بہن کی وجہ سے عاصم شاہ بھی ذہنی طور پر بہت زیادہ ڈسٹرب ہو گیا تھا۔۔۔

اور اوپر سے مہر مہ کی بہت بڑی ذمہ داری فلحال عاصم شاہ اور شفا سنبھال رہے تھے۔۔ تو ایسے میں اپنے رشتے کو دونوں ٹائم ہی نہیں دے پا رہے تھے۔۔

عاصم شاہ صبح کالج چلا تا جب واپس آتا تو زیادہ تر شفا کا ٹائم مہر مہ کے ساتھ ہی گزر جاتا۔۔۔۔ زندگی کا پہیہ جیسے جام سا ہو گیا تھا۔۔۔۔

oooooooo

ہما!! ہما!! زندہ ہو تو روم میں آجاؤ اس سے پہلے کہ میں خود تمہیں آکر اٹھا کر لے کر آؤں اور تم ملالہ کی آیا کے سامنے شرم سے لال ہو جاؤ۔۔ ملالہ شاہ زیب اور ہما کی بیٹی کا نام تھا۔۔ شاہ زیب نے اپنی بیٹی کا نام پٹھانوں والا رکھا تھا۔۔

شاہ زیب کی بھاری آواز فون پر ہما کی سماعت سے ٹکرائی تھی۔ آواز سے ہی اندازہ ہو رہا تھا کہ بندے کا موڈ بہت خراب ہے۔۔۔

کراچی واپس آکر ہما نے ساتھ والا روم ملالہ کے لیے سیٹ کروادیا تھا۔ کیونکہ شاہ زیب جو اپنی بیٹی کے معاملے میں بہت زیادہ شرمیلا تھا۔۔اور اپنے جذباتوں کے معاملے میں بہت بے باک ایسے میں ہما کو یہ فیصلہ لینا پڑا۔۔۔ اور ساتھ میں ایک بہت اچھی تجربہ کار میٹ کا بھی انتظام کر لیا تھا۔۔ مگر وہ گڑیا کو سلانے کے بعد ہی اپنے روم میں آتی تھی۔ سردی کا موسم چل رہا تھا اور گڑیا کو ہلکا سا زکام تھا جس کی وجہ سے تقریبا 10 دن ہی ہونے والے تھے کہ ہما ملالہ کے روم میں اسے سلاتے سلاتے خود بھی سو جایا کرتی تھی۔۔

شاہ زیب نے اپنی طرف سے کافی کمپرومائز کرتے ہوئے ہما کو کچھ نہیں کہا تھا۔۔اب ملالہ کافی بہتر ہو گئی تھی مگر آج کافی تھکن کی وجہ سے ہما ملالہ کو سلاتے سلاتے پھر وہیں سو گئی تھی۔۔

جبکہ آج صبح شاہ زیب ہاسپٹل جاتے ہوئے ہما کو وارننگ دے کر گیا تھا کہ وہ اس کے صبر کا اور امتحان نہ لے ٹائم سے روم میں آجائے۔۔

ہما نے کل ہاسپٹل میں نائٹ ڈیوٹی کی تھی تو آج وہ کافی تھکن محسوس کرتے ہوئے گڑیا کو سلاتے ہوئے کب اس کی آنکھ لگ گئی اسے پتہ ہی نہیں چلا۔۔

اب اس کی آنکھ شاہ زیب کے فون پر کھلی تھی۔۔جو اس نے نیند میں اٹھایا اب بھاری اور غصے والی آواز سن کر ہما کے نیند تو رفو چکر ہو چکی تھی۔۔۔جج ۔جی بس ابھی آرہی ہوں گڑیا ابھی ابھی سوئی ہے۔۔

ہما نے نیند سے بھری ہوئی آواز میں بامشکل شاہ زیب سے کہا تھا۔۔۔۔نیند سے آواز تمہاری نہیں نکل رہی اور گڑیا ابھی ابھی سوئی ہے۔۔۔

روم میں آؤ تمہیں بتاتا ہوں۔کہ پرفیکٹ جھوٹ کیسے بولتے ہیں۔۔

شاہ زیب کی طیش والی آواز سن کر ہما جلدی سے بیڈ سے اتر کر چپلے پہنتے ہوئے روم سے نکل آئی۔۔۔

آہ!!! شششش۔۔ منہ بند کرو میں ہوں۔۔ ہما روم سے باہر نکلی ہی تھی کہ شاہ زیب روم کے باہر ہی کھڑا تھا۔۔ ہما کی کلائی کو پکڑتے وہیں دیوار کے ساتھ پن کیا تو ہما کی ڈر سے چیخ نکلی تھی۔۔ کہ شاہ زیب نے اپنے مضبوط ہتھیلی اس کی منہ پر رکھ کر اسے چپ کروایا۔۔۔ بولا تھا نا کہ ٹائم سے روم میں آجانا۔۔ تم اتنے دنوں سے میرے ضبط کو آزما رہی تھی۔۔ شاہ زیب نے چھک کر اس کی گردن پر گہرا لمس چھوڑا تھا۔۔۔ ہما جو آدھی ادھوری ابھی نیند میں تھی شاہ زیب کے سخت لمس سے سسک اٹھی تھی۔۔۔

!! شاہ زیب کیا کر رہے ہیں کوئی آجائیں گا

اچھا ہے سب کو پتہ چلنا چاہیے کہ تم اپنے شوہر کو کتنا تڑپاتی ہو جو اس طرح باؤلا ہو کر روم کے باہر ہی رومینس کر رہا ہے۔۔۔

سرگوشی کرتے ہوئے کان کی لوگوں کو دانتوں تلے سختی سے دبایا۔۔ہما نے زور سے سسکی بھری تھی جس کو شاہ زیب نے اپنے لبوں سے روک لیا۔۔۔اس کی پنکھڑیوں کو اپنے لبوں میں قید کیے ہوئے نمی کے قطروں کو تیزی سے اپنے اندر انڈیل رہا تھا۔۔۔

ایک پل میں ہی اسے سانسوں کے لیے مجبور کر دیا تھا۔۔لبو پر لفظوں کی چبن اور جلن محسوس کرتے ہوئے ہما کے پورے وجود میں سنسنی کی لہریں دوڑ رہی تھی۔۔

اس کی کمر کی دونوں جانب ہاتھ رکھ کے اسے اوپر کی جانب اٹھالیا۔۔ اسی پوزیشن میں اسے اٹھا کر روم میں لایا تھا۔۔ گرنے کے ڈر سے ہما نے اپنی دونوں بازوں شاہ زیب کے گلے میں ڈالے ہوئے تھے۔۔۔

دروازہ بند کرتے ہی وہیں دروازے کے ساتھ اوپر اٹھائے ہوئے شاہ زیب اسے پن کر چکا تھا۔۔اوپر اٹھانے کی وجہ سے ہما کا دل والا مقام شاہ زیب کے چہرے کے مقابل گیا۔۔۔جسے دیکھتے ہی شاہ زیب اور بہکتا چلا گیا۔۔

شاہ زیب۔۔ سس سوری مجھے نہیں پتہ چلا میری آنکھ کب لگ گئی۔۔ شاہ زیب کے ارادے بھانپتے ہوئے تھکن سے چور ہما ہونے التجائی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

تم اپنی سوری اپنے پاس رکھو مجھے میرا کام کرنے دو۔۔۔ تم اچھی طرح سے واقف ہو اکہ مجھ سے اتنے دن دور نہیں رہا جاتا۔۔

پھر تم میرا ضبط آزما کر چیک کرتی ہو کہ میں کیا کر سکتا ہوں۔۔ تو آج تم اپنے پٹھان کا ضبط آزما چکی ہو۔۔ اب میری شدتوں کو چپ چاپ برداشت کرو۔۔

تمھارے منہ سے میں کسی بھی طرح کی آواز نہیں سننا چاہتا۔۔ سوری بھی نہیں سننی مجھے۔۔۔ وہ ایک کی سانس میں بولتا ہوا اس کے دل والے وہ کام پر جھک کر اپنی لمسوں کی شدت سے اسے جلانے لگا تھا۔۔۔

اتنے گہرے لمس کو دل والے مقام پر محسوس کر کے وہ تڑپ سی گئی تھی۔۔

اسے اوپر اٹھا کر پاس پڑے صوفے پر خود بیٹھ گیا اور اسے اپنے تھائیز پر بٹھا لیا۔۔۔ جھٹکے سے اس کی نائٹی کے سٹرپ کو نیچے کر دیا۔۔۔ وہ اس کے دلکش خوبصورت سراپے پر نظریں گاڑے ہوئے دیکھ ہلکے لبوں سے مسکرایا تھا۔۔ وہ شرم سے آنکھیں بند کیے خود کو اس کے سپرد کر چکی تھی۔۔۔۔ وہ اپنے طوفانی پٹھان کا غصہ وہ بہت اچھی طرح سے جانتی تھی۔۔ اب یہ غصہ شانت کرنے کے لیے اس کی شدتوں کو سہنا لازم تھا۔۔۔ نائٹی کے سٹریپ اترتے ہی اس کا خوبصورت سراپہ شاہ زیب کے نظروں کے سامنے تھا۔۔۔

اس کے کاندھوں پر لبوں کے لمس چھوڑتے ہوئے سیدھا دل والے مقام پر آ۔ رکھا تھا۔۔

وہ تڑپ رہی تھی سسک رہی تھی مگر وہ اپنی من مرضیاں کرتے ہوئے تیز سانسوں سے دل والے موقع پر چکا اپنا غصہ اتار رہا تھا۔۔۔

اسے صوفے پر ہی ڈال کر اس کے اوپر جھکا اس کے جسم کی رعنائیوں کو چومتے ہوئے سسکیاں بھرنے پر مجبور کر دیا۔۔۔۔ بنا موقع دیے اس کی

سانسوں کو تیز کر چکا تھا۔۔اس کی سخت شدتوں سے۔۔روم میں ہما کی تیز سسکیوں کی آوازیں گونج رہی تھی۔۔ساتھ میں شاہ زیب کی تیز سانسیں مل کر ایک الگ ہی دھن بنائے ہوئے تھی۔۔

oooooooo

احمر بھائی آپ سمجھنے کی کوشش کریں!!عاصم شاہ نے سمجھانے والے انداز میں کہا۔۔

عاصم کیا سمجھنے کی کوشش کروں مہرمہ ابھی اتنی چھوٹی ہے کہ میں اسے اکیلا نہیں سنبھال سکتا۔

اور امی بھی اکثر بیمار رہتی ہیں۔ان کی طبیعت نہیں ٹھیک ہوتی تو ایسے میں۔ میں مہرمہ کو کیسے سنبھالوں گا۔

اور میڈ کے حوالے تو پوری طرح سے میں نہیں کر سکتا اپنی بیٹی کو۔۔

احمر بھائی میں آپ کی بات کو سمجھ رہا ہوں مگر پلیز آپ میری مجبوری کو سمجھیں مجھے اب لاہور میں شفٹ ہونا ہے امی جان بہت ضد کر رہی ہیں ان کا بی پی بہت زیادہ ہائی رہنے لگا ہے۔۔

امی جان اپنے پاس بلانا چاہتی ہیں میں نے اپلائی کر دیا ہے بہت جلد میرے ٹرانسفر پیپر بھی آجائیں گے۔۔

اس لیے میں چاہتا ہوں کہ اب آپ ہمیں خوشی خوشی اجازت دیں۔۔

عاصم یار میں تمہیں کیسے خوشی خوشی اجازت دے دوں شفا بھابی کی وجہ سے میں بے فکر رہتا ہوں۔

اب تو مجھے تم دونوں کی عادت ہو گئی ہے یار امی کے پاس بھی ہر وقت رونق لگی رہتی ہے پرابلم کیا ہے تم لوگ لاہور سے خالہ کو یہی بلا لو۔۔

ہم یہاں پر ایک فیملی کی طرح بھی تو رہ سکتے ہیں۔۔۔

کیاپرانے لوگوں والی سوچ رکھی ہوئی ہے داماد اور بیٹا میرے لیے خالہ بالکل امی کی طرح ہی ہیں۔

!عاصم یار پلیز تم لوگ نہیں جاؤ

احمر عاصم شاہ اور شفا کے جانے کی خبر سن کر بہت پریشان ہو گیا تھا۔۔

عاصم بھائی امی نہیں مانیں گی ایک تو انہوں نے ساری زندگی لاہور میں گزاری ہے وہ کراچی میں اکر کمفرٹیبل محسوس نہیں کرتی۔۔

اور دوسرا اب تو وہ ٹھیک بھی نہیں رہتی تو ایسے میں میں امی جان پر زیادہ دباؤ نہیں ڈال سکتا۔۔۔اور ہمارا یہاں پر رہنا احمر بھائی مستقل کوئی حل نہیں ہے۔۔۔۔

میرے پاس اس کا مستقل حل موجود ہے۔۔۔۔بتاؤ بتاؤ کیا حل ہے۔۔۔

احمر نے اس کی بات بیچ میں ہی کاٹتے ہوئے تجسس سے پوچھا۔۔۔۔احمر بھائی آپ ماہی سے شادی کر لیں۔۔۔۔وٹ احمر کو تو جیسے 100 واٹ کا جھٹکا لگا

تھا۔۔۔دماغ ٹھیک ہے تمہارا بچی ہے وہ۔۔۔کوئی بچی نہیں ہے شفا کی ہم عمر ہے۔اور میں بھی تو شفا کے ساتھ ہنسی خوشی رہ رہا ہوں۔۔عاصم نے دلیل دی۔۔۔

تم نے شفا سے شادی کی کیونکہ تم شفا سے پیار کرتے تھے۔ تمہیں شفا پسند تھی۔ جبکہ میرے ساتھ ایسا کوئی مرض لاحق نہیں ہوا۔۔۔

احمر شفا اور عاصم شاہ کے رشتے کے بیچ کی سچائی بالکل نہیں جانتا تھا۔ کیونکہ شاہ میر نے سختی سے منع کیا تھا کہ اس کی بیوی کی عزت کے معاملے میں کوئی بات اگر باہر آئی تو وہ جان لے لے گا۔۔۔

اور عاصم بھی مرہا کو مہک جتنی عزت دیتا تھا۔ تو وہ کیسے اپنی بہن کی عزت اپنے ہاتھوں سے اچھالتا سکتا تھا۔۔

اس لیے سب کو یہی پتہ تھا کہ شفا سے عاصم نے لو میرج کی ہے یہاں تک کہ مہک اور اس کی ماں بھی نہیں جاتی تھی کہ حقیقت کیا ہے۔۔

پہلی بات تو یہ کہ تم اسے پسند کرتے تھے اور دوسری یہ کہ تم مجھ سے چھوٹے ہو۔۔اور وہ لڑکی بامشکل 1817 سال کی بچی ہے۔۔اور میں 34 35 سال کا مرد اور شادی شدہ ایک بچے کا باپ ایسے میں تم نے سوچ بھی کیسے لیا کہ تم میری شادی اس سے کروادو گے۔۔اور میں تم لوگوں کی باتوں میں آکر مان بھی جاؤں گا۔۔

ڈسکسنگ بہت ہی گھٹیا مشورہ تھا اس کو تم اپنے پاس رکھو۔۔احمر وہاں سے اٹھ کر جانے لگا تھا۔۔احمر بھائی پلیز میری بات پوری سن کر جائیں۔۔۔۔کیا سنو یار اگر بے تکی باتیں کرو گے تو میں کیا سنوں، وہ غصے سے بولتے ہوئے اپنی دونوں جیبوں میں ہاتھ ڈالے کھڑا تھا۔۔۔

آپ کو ایشو کس چیز سے ہے اس کی ایج کم ہے۔جب اس اس لڑکی کو کوئی اعتراض نہیں تو پھر آپ کو کیوں اعتراض ہے۔۔۔۔واٹ مطلب کہ وہ

لڑکی بھی جانتی ہے۔۔۔ماشاءاللہ آپ لوگوں نے تو ساری پلاننگ کر رکھی ہے۔۔۔۔احمر نے گھور کر عاصم کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔

بھائی اگر آپ کی بہتر زندگی کے لیے ہم نے پلاننگ کر بھی رکھی ہے تو اس میں غلط کیا ہے۔۔۔۔۔غلط ہے غلط یہ ہے کہ مجھے شادی نہیں کرنی میں مہک کی جگہ کسی کو نہیں دے سکتا۔۔۔میرا اور مہک کا ساتھ بے شک بہت کم تھا مگر وہ خوبصورت لمحے جو میں نے مہک کے ساتھ گزارے ہیں میں ان کے سہارے زندگی گزار سکتا ہوں۔۔۔

میری زندگی میں کسی کی جگہ نہیں ہے وہ دوٹوک بولا تھا۔۔

احمر بھائی خود غرض مت بنے مہرمہ کے بارے میں سوچیں اسے ایک ماں کی ضرورت ہے۔۔اور آپ مہک آپی کے آخری وعدے کو مت بھولیں۔آپ نے وعدہ کیا تھا کہ آپ مہرمہ کے لیے شادی کریں گے۔۔۔۔

عاصم شاہ نے یاد دہانی کرتے ہوئے سخت لہجے سے کہا تھا۔۔ہاں اور یہ وعدہ بھی تم نے مجھ سے زبردستی کروایا تھا۔۔احمر نے بھی سخت لہجے سے جواب دیتے ہوئے کہا۔۔

بیٹا زندگی یوں یادوں کے سہارے نہیں گزاری جاتی زندگی میں ایک ہمسفر کا ہونا بہت ضروری ہے!!احمر کی ماں جوٹی وی لاؤنج میں داخل ہوئی تھی ان کی بات سنتے ہی جواب دینے لگی۔۔

امی جان پلیز میری زندگی میں کسی کی گنجائش نہیں ہے۔ تھوڑا سا مشکل وقت ہے گزر جائے گا۔۔۔

مہرمہ کے لیے میں اکیلا ہی کافی ہوں بس وہ تھوڑی بڑی ہو جائے ابھی وہ بہت چھوٹی ہے تو مجھے نہیں سمجھ آتا میں کیسے اس کو سنبھالوں، مگر یہ وقت گزر جائے گا۔اس کے بعد میں اپنی بیٹی کا خود خیال رکھ لوں گا۔۔۔

بیٹا یہ وقت نہیں گزرے گا مہر مہ کو ہمیشہ ایک ماں کی ضرورت ہو گی اور تمہیں بھی ایک اچھی ہمسفر کی ضرورت ہے۔جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے جو تمہارا خیال رکھے تمہارے گھر کو محبت سنبھالے۔۔
تم بوڑھے نہیں ہو گئے ہو ابھی تمہاری عمر ہی کیا ہے۔۔۔

۔مجھے ایسا کیوں لگ رہا ہے امی جان کہ آپ سب لوگ پہلے سے فیصلہ کر چکے ہیں۔۔اور مجھے صرف آگاہ کیا جا رہا ہے۔

ہاں ہم فیصلہ کر چکے ہیں کہ تمہاری شادی ہم کروا کے رہیں گے۔اور ماہی بہت اچھی نیک اور سلجھی ہوئی بچی ہے۔۔

سب سے بڑھ کر وہ مہر مہ سے بہت پیار کرتی ہے شفا سے کہیں زیادہ تو ماہی اسے اپنے پاس رکھتی ہے۔۔بیٹا تمہیں اور کیا چاہیے کہ اگر تمہاری بیٹی کو ماہی کی صورت میں ایک اچھی ماں مل جائے۔۔

احمر کی ماں وہی صوفے پر بیٹھی ہوئی تسبیح ہاتھ میں لیے ہوئے اپنے بیٹے کو بڑی باریکی سے سمجھانے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔

امی جان آپ کو کیا ہو گیا ہے، کیا سوچ کر آپ سب اس بات کے پیچھے پڑ گئے ہیں۔وہ 17 سال 18 سال کی بچی ہے۔اسے خود ابھی کسی بڑے کی ضرورت ہے وہ خود کو نہیں سنبھال سکتی گھر اور مہر مہ کو کیا خاک سنبھالے گی۔۔

میں نے تو ہمیشہ اس کو اپنی چھوٹی بہن کی نظر سے دیکھا ہے۔۔اور آپ نے پتہ نہیں دماغ میں کیسے ایسا فتور پال لیا ہے۔۔

عاصم شاہ کو ماہی سے شادی والی بات بالکل اچھی نہیں لگی تھی۔ماہی جب بھی یہاں رکنے آتی احمر پہلی بات تو اس سے کبھی فری ہو کر بات ہی نہیں کرتا تھا

۔۔

اور جب کبھی مہرمہ کو ملنے روم میں جاتا تو کبھی ماہی سے آمنا سامنا ہو جاتا تھا تو احمر اسے بچوں کی طرح چھوٹی بہن کے جیسے پیش آیا کرتا۔۔۔

ایسے میں شادی والی بات سن کر تو احمر کا پارہ ساتویں آسمان کو چھو رہا تھا۔۔

۔بیٹا لڑکیوں میں بہت صبر ہوتا ہے وہ بہت جلد اپنے آپ کو ہر ماحول میں ڈال لیتی ہے۔اور ماہی کو کوئی اعتراض نہیں ہے تمہارے ساتھ شادی پہ بلکہ وہ تو بہت خوش ہے کہ اسے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے مہرمہ کا ساتھ مل جائے۔۔وہ بچی مہرمہ سے بہت زیادہ اٹیچ ہو چکی ہے میں نے خود ماہی سے بات کی اسے تمہاری عمر تمہاری شادی تمہاری بیٹی کسی چیز سے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔۔۔

مجھے افسوس ہے آپ لوگوں کی سوچ پر؟؟
اس بچی کو اس کے گھر بھیجیں خواہ مخواہ دوسروں کے بچوں کا برین واش مت کریں۔۔

اور مجھے شادی نہیں کرنی یہ فائنل ہے میری زندگی میں مہک اتنی یادیں ہیں کہ میں ان کے سہارے زندگی گزار لوں گا۔۔۔اگر کوئی میری بیٹی کو پالنے میں میری سپورٹ نہیں کر سکتا تو مت کرے میں خود سے ہی جیسے بھی ہو ہینڈل کر لوں گا وہ غصے سے بولتا ہوا کی تیز رفتاری وہاں سے جا چکا تھا۔۔۔

عاصم م بیٹا یہ تو نہیں مان رہا اب ہم کیا کریں گے۔۔اس کی ماں نے افسردہ سا منہ بناتے ہوئے عاصم شاہ سے کہا۔۔۔آنٹی آپ پریشان نہیں ہوں مجھے پتہ ہے احمر بھائی کو کون منا سکتا ہے۔۔

عاصم شاہ نے مسکراتے لبوں سے کہا تو احمر کی ماں حیران سی ہو کر عاصم شاہ کی جانب دیکھنے لگی تھی۔۔۔

کون ہے وہ جو احمر کو منا سکتا ہے۔احمر کی ماں نے تجسس بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔

آنٹی آپ ان کو بہت اچھی طرح سے جانتی ہیں۔اس نے مسکراتے ہوئے ٹانگ پہ ٹانگ رکھے ایک پاؤں کو ہلاتے ہوئے پر اعتماد لہجے سے کہا۔۔۔

میرے خیال سے تم رومان کی بات کر رہے ہو آنٹی کی آنکھوں میں بھی چمک سی آگئی تھی۔۔۔۔جی بالکل میں رومان شاہ کی بات کر رہا ہوں۔۔ صرف رومان بھائی ہی احمر بھائی کو منا سکتے ہیں۔۔

عاصم شاہ رومان شاہ احمر علوی اور ڈاکٹر شاہ زیب کی دوستی سے بہت اچھی طرح سے واقف تھا۔۔۔

رومان شاہ کے فیصلوں پر عاصم شاہ نے اکثر ڈاکٹر شاہ زیب اور احمد علوی کو سر خم کرتے دیکھا تھا۔۔۔

ایسا نہیں تھا کہ وہ اس سے ڈرتے تھے یا وہ کسی بھی معاملے میں رومان شاہ سے کم تھے۔۔ مگر دونوں رومان شاہ سے اتنی محبت کرتے تھے اس لیے وہ اس کے فیصلوں کو بہت اہمیت دیتے تھے۔۔۔اور رومان شاہ نے ہمیشہ سمجھداری سے اپنے دوستوں کے لیے بہتر سے بہترین کو ترجیح دی۔۔۔

ان کی دوستی اتنی مضبوط تھی کہ وہ رومان شاہ کی ضدی طبیعت کے آگے ہمیشہ اپنی ضد چھوڑ دیتے تھے۔۔رومان شاہ

ان تینوں دوستوں میں غصے کا تیز ضدی اور اکڑوں مزاج تھا۔۔۔اس بات سے یہ دونوں واقف تھے۔وہ جس بات پر اڑ جاتا اسے پوری کیے بنا وہ کبھی پیچھے نہیں ہٹتا۔

ان تینوں کی دوستی کی خوبصورتی بھی رومان شاہ تھا۔۔جان تھا وہ ان تینوں کی دوستی میں۔۔ایک ایسا بندہ جو اپنے دوستوں کے لیے جان تک دینے کے لیے حاضر رہتا تھا۔۔۔اس لیے عاصم شاہ کو پورا یقین تھا کہ اس کا رومان بھائی احمر کو شادی کے لیے ہر صورت رضامند کر لے گا۔۔اس کے ٹینشن زیادہ چہرے پر ایک دم سے سمائل بکھر گئی تھی۔۔

ہاں سچ کہا تم نے عاصم بیٹا یہ بات تو میرے دماغ میں آئی ہی نہیں کہ رومان شاہ احمر کو منا سکتا ہے۔آنٹی کے چہرے پر خوشی بکھر گئی تھی رومان شاہ کا نام سن کر۔۔۔ان کو تو جیسے تسلی ہو گئی تھی کہ اب وہ ہر صورت اپنے بیٹے کی شادی کر سکیں گی۔۔۔۔۔

بیٹا تم جلدی سے کرو رومان بیٹا سے بات کرو اس سے کہو کہ وہ احمر کو منائے جیسے مرضی منائے مگر جلدی منائے میں اپنی زندگی میں احمر کو خوشحال دیکھنا چاہتی ہوں۔۔۔۔

اور بیٹا تم پورے دل سے اس میں میری مدد کر رہے ہو اللہ تعالی تمہیں دنیا کی ہر خوشی دے۔۔۔ورنہ آج کل کے وقت میں بہنوں کے بھائی کہاں اتنا بڑا ظرف دکھاتے ہیں۔۔۔ تم اپنی بہن کی جگہ کسی اور کو لا کر میرے بیٹے اور اپنی بھانجی کا مستقبل سیکیور کر رہے ہو اللہ تعالی تمہیں اس کا اجر دے۔۔وہ عاصم شاہ کو دل سے دعائیں دیتے ہوئے بولی تھی۔۔

رومان کو تم آج ہی گھر پہ انوائٹ کر لو۔۔۔ نہیں تو جیسے بھی تمہیں مناسب لگے بس تم اس کو بولو کہ اس کو شادی کے لیے منائے۔۔بہت زیادہ بات پر زور دیتے ہوئے کہا۔۔

جی جی آنٹی آپ بے فکر ہو جائیں میں یہاں سے جانے سے پہلے احمر بھائی کا گھر سیٹ کروا کر جاؤں گا۔۔

آنٹی جی ہماری نیت غلط نہیں ہے تو انشاءاللہ اللہ تعالی ہمارا ساتھ دے گا۔مجھے پوری امید ہے کہ احمر بھائی کو رومان بھائی منالیں گے میں بھی تو اپنی چھوٹی سی بھانجی کو اس طرح چھوڑ کر نہیں جا سکتا اور ماہی سے اچھی ماں مہر مہر مہ کو نہیں مل سکتی اس بات کا مجھے یقین ہے۔وہ تسلی بخش انداز سے بول رہا تھا۔۔۔۔

ooooooo

شاہ زیب۔۔۔ ہمم۔۔۔۔آپ بہت ظالم ہیں۔۔اپنے اوپر براجمان ہو کر لیٹے شاہ زیب سی ہما شکوہ کرتے ہوئے بولی تھی۔

وہ شرٹ لیس ہی ہما پر براجمان ہو کر لیٹا ہوا تھا۔۔اس نے 10 دنوں کی دوری کی سزا اچھی خاصی شدتوں کی صورت میں اسے لوٹائی تھی۔۔۔۔غلط ڈاکٹر صاحبہ تم بہت ظالم ہو۔۔ تم پر زور دیتے ہوئے اپنی جگہ پر براجمان لیٹے بولا۔۔۔میں نے آپ پر کیا ظلم کیا ہے شاہ زیب کی کمر پر اپنا ہاتھ محبت سے رکھے ہوئے پوچھا تھا۔۔۔

دل کی ڈاکٹر ہو کر شوہر کے دل سے کھیلتی ہو، یہ ظلم نہیں تو اور کیا ہے۔

دس دن تک میں اپنی بیٹی کی خاطر زبردستی صبر کا مظاہرہ کرتا رہا۔۔

اس کے بعد بھی تمہیں مجھ سے زیادہ نیند عزیز تھی۔۔میں روم میں تمہارے لیے تڑپ رہا تھا اور تم خراٹے لے کر ملالہ کے ساتھ سو رہی تھی۔اس لیے خان کی جان اتنی سزا کی تو تم مستحق تھی۔۔ہما کے اچھے خاصے ہوش ٹھکانے کے لگانے کے بعد بھی اس کے لہجے میں خماری باقی تھی۔۔۔

اپنی گردن پر اس کے لبوں کی جنبش محسوس کرتے ہوئے وہ سمجھ چکی تھی کہ خان ابھی تک اپنی ٹون برقرار رکھے ہوئے ہے۔۔۔ابھی وہ اس کی جان کو اور ہلکان کرے گا۔۔۔۔۔

سوری آئندہ میں اپنی نیند پر کنٹرول رکھوں گی۔۔پلیز آج کے لیے آپ مجھے سونے دیں۔۔شاہ زیب میں نے کل نائٹ ڈیوٹی کی ہے میں بہت تھکن محسوس کر رہی ہوں۔۔۔۔

آکر بھی میں نے ملالہ کے ساتھ کافی ٹائم گزارا تھا۔۔میں سو نہیں سکی تھی وہ شاہ زیب کے ارادے بھانپتے ہوئے التجائی لہجے میں بولی تھی۔۔۔۔ہما سچ میں تمہیں لگتا ہے کہ تمہاری کسی بھی دلیل سے میں اپنا ارادہ بدل دوں گا۔۔۔

شاہ زیب نے اپنا چہرہ اٹھا کر ہما کی پنکھڑیوں کو چومتے ہوئے خمار زادہ لہجے میں بولا۔۔ہما نے ایک نظر اس کی آنکھوں میں دیکھا تھا۔۔جہاں اسے ابھی تک خماری کا ایک جہاں آباد نظر آرہا تھا۔

شاہ زیب پلیز۔اس نے منت زدہ لہجے میں۔۔وہ سوائے شاہ زیب کی منت کرنے کی کچھ نہیں کر سکتی تھی وہ سچ میں بہت تھکن محسوس کر رہی تھی اور نیند نے تو اس کی جان نکال رکھی تھی۔۔

مگر اس کا ظالم پٹھان اپنی محبت کے آگے کسی اور چیز کو رکھتا ہی نہیں تھا۔اور آج تو دس دن کی دوری تھی تو ہما کو خود بھی بچنے کا کوئی مقام نظر نہیں آرہا تھا۔۔پھر بھی ہمت کر کے وہ اسے سمجھانے کی بے جاں کوشش کر رہی تھی۔۔

خانم تم اپنی مزاحمتیں اور پلیز کو سنبھال کر رکھو۔۔ کسی اور وقت کام آئے گی ۔اس وقت نہ تو خان ارادہ ہے تمہیں بخشنے کا اور نہ موڑ، اور رہی بات تھکن کی تو مجھے تمہارے وجود سے سکون حاصل کر لینے دو اس کے بعد جناب کے ہاتھ پاؤں دبا کر تھکن دور کر دوں گا۔۔۔

ہما کی باتوں سے وہ پھر سے بہکتے ہوئے اس کی گردن پر لب رکھے لمس چھوڑنے لگا تھا۔۔ ہما کو اتنا ہلکان کرنے کے بعد بھی خان کے جذباتوں میں کوئی فرق نہیں آیا تھا۔۔۔

اسی طرح سے اسے لمس وسے جھلساتا ہوا اس پر گھٹا بن کر چھایا تھا۔۔اس کے وجود کی رعنائیوں لبوں سے چومنے لگا تھا۔۔۔ ہما کو تو آج ایسے لگ رہا تھا کہ خان کا غصہ اس کی جان لے کر ہی چھوڑے گا۔۔

وہ تو پچھتا رہی تھی اس آدھے گھنٹے کے لیے جس میں اس کی آنکھ لگی اور وہ گہری نیند میں جاگ کر بھول گئی تھی کہ اسے آج خان نے وارننگ دی تھی۔۔

وہ خان ہے اپنی بات سے کبھی نہیں پلٹے گا۔۔۔۔جانتی تھی کہ یہ خان صاحب کا غصہ ہے جس کو وہ شدتوں میں ظاہر کر رہا ہے۔۔۔اس کا سارا دن سویٹ پر بن کر گھومنے والا ڈاکٹر شاہ زیب خان رات کو ایک الگ ہی موڈ میں ہوتا تھا۔۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب اور اس کے خان میں کوئی مقابلہ نہیں تھا۔۔جہاں ڈاکٹر شاہ زیب انتہائی سلجھی پرسنلٹی کا مالک تھا۔۔وہیں اس کا خان اپنی محبتوں کے معاملوں میں سخت جابر ضدی اڑیل تھا۔۔۔سوائے اپنے جذباتوں پر بے رحم بننے کے شاہ زیب ایک بہت سویٹ ہسبینڈ تھا جو ہما کے ساتھ ہر بات میں کمپرومائز اور محبت سے پیش آتا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ خود کو اس کے رحم و کرم پر چھوڑ اس کے حوالے ایک بار پھر کر چکی تھی ۔۔شاہ زیب خان اپنی محبت کی لو میں بہکتا ہوا اس کی نازک مخملی پنکھڑیوں پر جھکا ان کو قید میں لیے ہوئے۔۔اس کی سانسوں کو بے صبری سے پی رہا تھا۔۔

۔سانسوں کو بے صبری سے پیتے ہوئے ایک دم سے وہ رکا اور سر اوپر اٹھا کر لبوں کو پنکھڑیوں سے الگ کر لیا۔۔ہما نے تجسس سے شاہ زیب کی جانب دیکھا۔۔۔

کیونکہ وہ جھٹکے سے پیچھے ہٹا تھا۔۔ہما کو ایک پل میں ہی سمجھ آ گئی تھی کہ اسے کیا ہوا ہے۔۔۔

ہما تھکن سے بے حال تھی تو اس نے ہاتھ سٹریٹ بیڈ پر ہی رکھے ہوئے تھے سمپل اور آسان لفظوں میں یہ کہ وہ شاہ زیب کی محبت کا جواب محبت سے جواب نہیں دے پا رہی تھی۔۔۔

اور شاہ زیب کو یہ بات زہر لگتی تھی اس سے پہلے کہ خان کا غصہ سر چڑھ کر بولتا ہما نے جلدی سے اپنے ہاتھ میٹرس سے اٹھائے اور شاہ زیب کی کمر پر سختی سے رکھتے ہوئے شاہ زیب کو اپنے اوپر جھکا لیا۔۔۔

شاہ زیب پلیز اس بات پر اپنا موڈ آف کرنا۔۔ ہما نے اس کی آنکھوں کا مافوم سمجھتے ہوئے جلدی سے کہا۔۔۔

۔ہما تم میرے مزاج سے اچھی طرح سے واقف ہو۔۔۔

اس طرح کی حرکتیں مت کیا کرو جس سے میں تمہاری جان کو اور مشکل میں ڈالوں۔۔۔

وہ لفظوں کی سختی میں بولا تھا۔۔خان بات بات پر مت اڑ جایا کریں غلطی ہو گئی۔۔۔

اپنی غلطی کو سدھارنے کے لیے اور اپنے خان کے قہر سے بچنے کے لیے ۔ہما نے اپنی پنکھڑیوں کو اس کی گردن پر رکھ کر چھوٹے چھوٹے لمسوں کا سہارا لیتے ہوئے اسے پر سکون کیا۔۔۔

ہما کی پنکھڑیوں کے لمس ڈاکٹر صاحب پھر سے بہکنے لگے تھے۔۔۔ہما کی پنکھڑیوں کے لمس پاتے ہی شاہ زیب کے سخت الفاظ اس کے منہ میں ہی دم توڑ چکے تھے۔۔

وہ بے اختیار سا ہوتا واپس اس پر جھکنے لگا۔۔ایک بار بھر اس کی سانسوں کو تنگ کیے اپنی محبتوں کی آندھی میں اسے بے حال بر پا کر رکھا گیا۔۔

تھکن کے باوجود خان صاحب کی محبت میں پورا ساتھ دیتے ہوئے ڈاکٹر ہما شاہ زیب خان کی ایک اور خوبصورت رات گزرتی جا رہی تھی۔۔۔

فجر کی اذانوں میں کچھ ٹائم باقی تھا جب خان صاحب نے اس کی جان کو خلاصی کرتے ہوئے اسے آزادی بخشی۔۔ ہما کو بہت نیند آ رہی تھی، مگر فجر کی نماز قضا نہ ہو جائے اسی ڈر سے وہ سوئی نہیں تھی۔۔

پلیز اب فجر کی اذانیں ہونے والی ہیں اگر آپ کا موڈ خراب نا ہو تو میں جا کر فریش ہو جاؤں، مجھے نماز پڑھنی ہے۔۔

اس کے مظبوط سینے پر لیٹی ہوئی ہاتھ اس کے مضبوط سینے پر رب کرتے ہوئے بولی تھی۔۔۔

۔۔ ہمم۔۔ ٹھیک ہے شاہ زیب نیند میں جانے لگا تھا۔۔ اس کا ہاتھ اب بھی ہما کی کمر کے گرد سختی سے حصار بنائے ہوئے تھا۔۔۔

شاہ زیب اب آپ سونے کی کوشش مت کرنا۔۔قسم سے میں آپ کی جان لے لوں گی۔۔۔۔

جب میں ڈبل ڈیوٹی کرنے کے بعد بھی ٹرپل ڈیوٹی کر رہی ہوں تو آپ بھی سو نہیں سکتے تھے۔۔۔۔

ہما نے جھک کر شاہ زیب کے لبوں پر دانتوں سے کاٹتے ہوئے کہا تھا۔۔۔آہ آہ میری جنگلی ڈاکٹر شرم کرو شوہر کو نیند آ رہی ہے خلل مت ڈالو، وہ مذاق کرتے ہوئے بولا تھا۔۔۔

اور جو شوہر نے ساری رات میری نیند میں غارت کر رکھی تھی۔۔اس کا کیا۔۔ہوں۔۔۔اس کا کیا۔۔۔وہ بھی اب ضدی بنے اسے جگہ باجگہ دانتوں سے چبھن دے رہی تھی۔۔۔

آپ نے ہاتھ اس کے سینے پر رکھتے ہوئے ناخنوں سے خروچیں مارتے ہوئے ۔۔اسے جگاری رہی تھی۔۔

ہما کی بچی سدھر جاؤ میرا موڈ چینج ہونے میں ٹائم نہیں لگے گا۔۔۔وہ آہ کی آواز نکالتے ہوئے بامشکل بولا۔۔اب آپ میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔وہ انگوٹھا دیکھاتے ہوئے چڑا رہی تھی۔۔۔

فجر کی اذانیں ہونے والی ہیں اٹھیں اور اٹھ کر نماز پڑھیں مجھے ملالہ کے پاس جانا ہے۔۔باپ بیٹی نے مل کر میری جان ہلکان کر رکھی ہے۔۔۔راتوں کو باپ سونے نہیں دیتا۔۔۔دن کو بیٹی سونے نہیں دیتی۔۔۔

ساتھ میں ہاسپٹل جا کر ڈیوٹی کرو۔وہ ایک ہی بار میں کافی سارے شکوے کرتے ہوئے بولی تھی۔۔

ہاں تو ریزائن کر دو۔۔کوئی مسئلہ تھوڑی ہے۔کیوں اپنی جان کو ہلکان کرتی ہو۔گھر پر رہی کر آرام سے ملالہ اور اپنے اس پاگل پٹھان کو سنبھالو۔۔۔

شاہ زیب قسم سے آپ اپنے جذباتوں کے معاملے میں کتنے خود غرض ہے ۔ کہاں تو آپ سارا دن یہ گیان بانٹتے ہیں کہ ایک ڈاکٹر کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ خود سے پہلے مریضوں کو دیکھے۔۔

اور نصیحت کرتے ہیں کہ اچانک سے ریزائن کر دینا جاب چھوڑ دینا یہ کوئی اچھی چیز نہیں ہے۔۔

کتنے سالوں میں ایک بہترین ڈاکٹر تیار ہوتا ہے مریض کا فیملی سے زیادہ ڈاکٹر پر حق ہوتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔۔ شاہ زیب کو دیکھ نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے بول رہی تھی۔۔

اور کہا آپ نے اتنی آسانی سے مجھے یہ کہہ دیا کہ میں ریزائن دے دوں۔ وہ حیران تھی شاہ زیب کی بات پر۔۔۔

ہاں تو میں یہ سب تمہارے لیے بھی کہہ سکتا ہوں پر تم یہ اپنے ڈبل ڈیوٹی والے دکھڑے مجھے مت سنایا کرو۔۔

جب میں ڈبل ڈیوٹی کر کے آتا ہوں تو میں تو تب بھی ایسا ہی ہوتا ہوں جیسا تمہاری ڈبل ڈیوٹی کے بعد ہوتا ہوں۔ میں نے کبھی آ کے تمہیں یہ کہا کہ آج میری ڈبل ڈیوٹی تھی تو آج میرا رومانس کا موڈ نہیں ہے۔۔۔

بلکہ ڈبل ڈیوٹی کے بعد تو میرا رومینس کا زیادہ موڑ ہوتا ہے وہ ڈھیٹ بنا ہوا ہنس رہا تھا دونوں ہاتھ سر کے نیچے رکھے ہوئے لیٹا تھا۔۔۔

آپ کا کچھ نہیں ہو سکتا۔ میرے سیلفش خان سے میں کبھی جیت نہیں سکتی یہ میں کیسے بھول گئی تھی۔۔

وہ سینے پر دباؤ دیتے ہوئے بیڈ سے اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔۔۔ خود کو بیڈ چادر میں لپیٹتے ہوئے کور کر کے شاہ زیب کی گہری نظروں سے بچا کر واش روم میں جا رہی تھی۔۔۔

کیونکہ فجر کی اذانیں شروع ہو چکی تھی اور اس وقت تو خان اس سے چاہ کر بھی کبھی نہ روک سکتا تھا۔۔۔

کیونکہ وہ خود بھی نمازوں کا بہت پابند تھا خود بھی ابھی تک جاگ رہا تھا تاکہ وہ بھی نماز ادا کر سکے۔۔

اس کے بعد چند گھنٹوں کی نیند لے گا اس نے دماغ میں سوچا تھا کیونکہ وہ بھی پوری رات سو نہیں سکا تھا اور اب صبح اس نے ہاسپٹل جا کر ڈیوٹی دینی تھی۔۔

اللہ اکبر اللہ اکبر مؤذن کی آواز پر شاہ زیب بیڈ پر آذان کے احترام میں اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔۔۔

جبکہ ہما واش روم میں جا کر فریش ہونے لگی۔۔ شاہ زیب نے پاس پڑھا اپنا فون اٹھا کر یوں ہی سرسری آن کر کے دیکھا تو واٹس اپ پر رومان شاہ کا

وائس میسج آیا تھا۔۔جسے پلے کر کے اس نے سنا جس میں یہ پیغام تھا کہ صبح دو بجے وہ اس کے گھر پہنچے آگے پیچھے کچھ نہیں کہا تھا۔۔۔

اور رومان شاہ کے میسج ایسے ہی ہوتے تھے جن کے آگے پیچھے کوئی بات نہیں ہوتی تھی۔۔بس ایک پیغام جاری کر دیا گیا تھا۔۔کہ صبح وہ تینوں اس کے گھر پر اکٹھے ہو رہے ہیں۔اب تو شاہ زیب کو ہر صورت صبح وہاں پر پہنچنا تھا۔۔سالہ سدھرے گا نہیں جب جی چاہتا ہے حکم صادر کر دیتا ہے۔۔وہ اوکے کا میسج چھوڑ کر فون بند کر کے رکھتے ہوئے مسکرایا تھا۔۔۔

OOOOOOOOOO

اسلام علیکم۔۔۔شاہ زیب اور احمر نے ایک ساتھ رومان شاہ پر لپکتے ہوئے سلام کہا۔۔۔

وعلیکم السلام کیسے ہو کمینو کتنے دن ہو گئے ہیں تم لوگوں کی منحوس شکلیں دیکھے ہوئے۔۔رومان شاہ احمر اور شاہ زیب کے گلے ملتے ہوئے بولا تھا۔۔سبحان اللہ، اللہ کی شان ہے گھر میں قیدی تم بنے ہوئے ہو اور الزام ہم

پردے رہے ہو اچھا قانون ہے تمہارا۔۔۔شاہ زیب نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے پہلا تیر رومان شاہ کی جانب چھوڑا تھا۔۔۔رومان شاہ تم باپ کیا بننے والے ہوئے یار تم تو گھر کے قیدی ہو کر رہ گئے ہو۔۔۔۔شاہ زیب نے ہنستے ہوئے رومان شاپ پر دوسرا نشانہ قصہ۔۔جبکہ رومان شاہ اس کے سامنے والے صوفے پر ٹانگ پہ ٹانگ رکھ کر وائٹ کاٹن کے سوٹ میں ملبوس دل فریب مسکراہٹ چہرے پر سجے جائے بیٹھا تھا۔۔۔سائیڈ والے صوفے پر احمر اور عاصم بیٹھے ہوئے تھے۔۔جبکہ رومان شاہ بالکل اس کے سامنے والے صوفے پر بیٹھا تھا۔۔

پیچ ٹیبل پر کھانے کے سب لوازمات رکھے ہوئے تھے چائے کے ساتھ سنیکس اور بسکٹ وغیرہ۔۔۔خان تھوڑی ٹھنڈ رکھو تمہیں سارے جواب دیتا ہوں پہلے ذرا تم چائے پی لو تمہاری زبان کو جو بے سکونی ہو رہی ہے اس کو چائے سے صاف کر لو رومان شاہ نے مسکراتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

اور عاصم تم کیسے ہو۔جاب کیسی چل رہی ہے۔۔رومان شاہ نے عاصم سے متوجہ ہو کر پوچھا تھا۔۔کیونکہ آج کافی دنوں کے بعد عاصم سے بھی اس کی ملاقات ہوئی تھی۔۔۔۔جی بھائی اللہ کا شکر میں بالکل فٹ ہوں اور جاب بھی بہت اچھی جا رہی۔۔۔ویری گڈ۔۔۔رومان شاہ نے عاصم سے کہا تھا۔۔۔

ہماری چھوڑو تم ہماری بھابھی کے بارے میں بتاؤ۔۔۔بھابھی کیسی ہیں۔۔شاہ زیب نے پوچھا تھا۔۔

ہاں اللہ کا شکر ہے وہ ٹھیک ہیں ڈاکٹر نے اس سے بیڈ ریسٹ کا کہا ہے اس لیے وہ روم میں آرام کر رہی ہے۔۔

میرب کا جسم بہت بھرا بھرا تھا اور پیٹ بھی کافی پڑ چکا تھا تو ایسے میں رومان شاہ کو بالکل پسند نہیں تھا کہ میرب اس طرح کسی کے سامنے آئے۔۔

رومان شاہ نے عاصم کے کہنے پر ملنے کا پروگرام اپنے گھر پر رکھا تھا کیونکہ وہ میرب کو کسی حالت میں بھی گھر میں اکیلا چھوڑ کر نہیں جانا چاہتا تھا۔۔۔

سچ میں اس نے خود کو گھر کا قیدی بنا رکھا تھا وہ کہیں بھی تو نہیں جاتا تھا سارا دن میرب کے پاس ہی ہوتا آفس تک تو اس نے گھر میں سیٹ کر رکھا تھا۔۔۔۔

اس لیے وہ ذہنی طور پر تیار تھا کہ اس کے کمینے دوست اس پر طعنے ضرور گھسیں گے۔۔احمر تو فی الحال دماغی طور پر ڈسٹرب تھا اس لیے اس سے کچھ رائٹ کی امید کی جاسکتی تھی۔۔

شاہ زیب تو آتے ہی منہ پھاڑے گا اس کا اسے اندازہ تھا اس لیے وہ خاموشی سے اس کے تیروں کو برداشت کرتے ہوئے ہنس رہا تھا۔۔۔ویسے بھی رومان شاہ ان کمینوں کے تانوں کو بہت دن سے مس کر رہا تھا۔۔

ٹی وی لاؤنج میں بیٹھے ہوئے عاصم شاہ ڈاکٹر شاہ زیب خان احمر علوی اور رومان شاہ آپس میں باتیں کر رہے تھے۔آج ان کے بیچ احمر کی شادی والے مدے پر بحث ہونی تھی۔۔

رومان شاہ نے فون کر کے احمر کو اپنے گھر انوائٹ کیا۔۔اور ساتھ میں شاہ زیب کو بھی ان آنے کا انفارم کر دیا تھا۔۔

آخر احمر رومان شاہ اور شاہ زیب کے اہم فیصلوں میں تینوں کا ہونا ضروری تھا۔۔

جب کہ عاصم تو ساری بات سے واقف پہلے ہی وقف تھا۔۔اسے پتہ تھا کہ وہاں جا کر کیا بات ہونے والی ہے۔۔ہاں بھائی بتاؤ کیسے ہمیں یہاں پر یاد کیا گیا

ہے۔شاہ زیب اپنی عادت سے مجبور ہو کر پوچھ رہا تھا کہ آخر وہ اچانک سے اکٹھے کیوں ہوئے ہیں۔۔۔۔

ڈاکٹر صاحب آپ کو بڑی جلدی ہے کہ مدے کی بات پر آیا ہوا جائے رومان شاہ نے ٹانگ پر ٹانگ رکھے ہوئے دوستوں والا طنز مارتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

پہلے تو تم بتاؤ ملالہ بیٹی کیسی ہے ٹھیک ہے رومان شاہ نے اپنی بھتیجی کے بارے میں پوچھا تھا۔۔۔

ہاں جی ماشاءاللہ بالکل ٹھیک وہ تو گھر میں رونق کا سماں لگائے رکھتی ہے۔شاہ زیب اپنی بیٹی کا بتاتے ہوئے بلش کیا۔۔

اور ہماری بھابھی بھی ٹھیک ہیں!!جی آپ کی بھابھی بھی بالکل ٹھیک ہیں وہ بھی کتنے دنوں سے کہہ رہی ہیں آپ لوگوں کے گھر چکر لگانے کو میرب بھابھی سے ملنا چاہتی تھی۔۔۔۔

بس میرا ہی ٹائم نہیں بن رہا تھا شاہ زیب نے استفسار کرتے ہوئے کہا۔۔۔ہاں جی تمہارا ٹائم کیسے لگ سکتا ہے ظاہر سی بات ہے اتنے بڑے سرجن ہو تو پورے پاکستان کا ٹھیکہ تو ڈاکٹر شاہ زیب نے ہی لے رکھا ہے۔۔ تو ٹائم کیسے نکل سکتا ہے ہم جیسے غریب دوستوں کے لیے۔۔

رومان شاہ نے مذاق اڑاتے ہوئے کہا تو پاس بیٹھے ہوئے احمر اور عاصم شاہ بھی قہقہ لگا کر ہنس پڑے تھے۔۔۔

رومان شاہ سدھر جاؤ سدھر جاؤ بہت دنوں کے بعد ملے ہو یہ تنزوں کے تیر سنبھال کے رکھو۔۔شاہ زیب بھی ان کے ساتھ قہقہہ لگاتے ہوئے ہنستے ہوئے بولا تھا۔۔۔ٹی وی لاؤنج میں قہقہوں کی فضا گونج رہی تھی۔۔۔تینوں یار ایک ساتھ اکٹھے تھے تو فضا میں خوشیاں کیسے نہیں بکھرتی۔۔۔

کمینے تو اتنے دن ہو گئے ہیں۔ ہمیں ملنے کے لیے نہیں آیا۔ خود تو گھر میں گھس کر قیدی بنا ہوا ہے۔۔۔ کم سے کم ہم باہر جا کے اپنی ڈیوٹیاں تو سنبھالتے ہیں شاہ زیب بھی اپنی اصلی دوستوں والی ٹون میں آ گیا تھا۔۔

۔ایک بار تمہاری بھابھی کو ٹھیک ہونے دو اس کے بعد کہو گے تو تمہارے گھر پر آ کر ڈیرا لگا لوں گا۔۔۔ رومان شاہ نے سر خم تسلیم کیا تھا کہ وہ گھر میں قیدی ہو چکا ہے۔۔

ہاں جی احمر صاحب سنا ہے کہ آپ خالہ جان کا کہنا نہیں مان رہے ہو۔ رومان شاہ نے ہمیشہ کی طرح سیدھا مدے کی بات کی تھی۔۔۔

میں نے امی کی کون سی بات نہیں مانی ہے۔۔۔ احمر کو کلک تو ہو گیا تھا کہ اسے یہاں پر کس پلاننگ کے تحت بلوایا گیا ہے مگر پھر بھی وہ کنفرم کرنا چاہتا تھا۔۔

۔سنا ہے جناب کی شادی کے چرچے چل رہے ہیں۔اور نواب صاحب کسی
بات پر
آنہیں رہے۔۔۔

ماشاءاللہ تو خبر تیز رفتار فورجی کی سپیڈ سے تم تک پہنچ چکی ہے۔احمر نے غصے
سے کہا۔۔۔
کیوں نہیں پہنچنی چاہیے تھی ایسا کب سے ہونے لگا ہے کہ ہمارے درمیان
باتیں چھپائی جائیں۔۔۔۔

ویٹ۔۔ویٹ پہلے مجھے بھی تو بتاؤ کہ کیا بات ہو رہی ہے۔۔میں تھوڑا سا یاد
دہانی کروا دیتا ہوں میں بھی تم کا دونوں کا دوست ہوں۔۔۔۔
شاہ زیب نے رومان شاہ اور احمر کی بات کو بیچ میں کاٹتے ہوئے کہا تھا۔۔

دوست ہو تو اسی لیے تمہیں بات کرنے سے پہلے یہاں بلوالیا گیا ہے۔۔ورنہ کون سا آج ہماری کام والی ماسی نے چھٹی کی تھی جو ہم نے تم سے جھاڑو تپڑی لگوانا تھا۔۔

رومان شاہ سدھر جا!! یار تو ایک منٹ لگاتا ہے ہماری عزت افزائی کرنے میں شاہ زیب نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔اب سیدھی مدے کی بات پر آؤ کہ مسئلہ کیا ہے۔۔شاہ زیب نے سیریس ہوتے ہوئے پوچھا تھا۔۔۔

عاصم شاہ تینوں دوستوں کی کمسٹری دیکھ کر مسکرا رہا تھا۔۔۔

مدے کی بات یہ خالہ جناب کی شادی کرنا چاہتی ہیں۔۔۔رومان شاہ یہاں پر اس کی ماں کا تذکرہ کر رہا تھا۔۔۔

اچھا یہ تو بہت اچھی بات ہے شاہ زیب نے رومان شاہ کی ہاں میں ہاں ملاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اچھی بات تو تب ہوتی ناجب یہ نواب صاحب کے بھی مزاج زمین پر ہوتے۔۔۔رومان شاہ نے احمر کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔۔

دیکھو رومان میں شادی نہیں کروں گا چاہے جو بھی ہو جائے احمر نے بیچ میں ہی بات کاٹتے اپنا فیصلہ سنایا تھا۔۔۔

شادی تو تمہیں کرنی پڑے گی پیار سے مان جاؤ گے تو ٹھیک ہے نہیں تو پھر گھونسے مارنے کے بعد بھی تمہیں ماننا پڑے گا۔۔۔رومان شاہ نے ہمیشہ وہی دوستوں والا حق جماتے ہوئے دھونس جمائی۔۔۔۔

یار مجھے شادی نہیں کرنی تم لوگ زبردستی کیوں کر رہے ہو۔۔احمر کو غصہ آنے لگا تھا۔۔

یار شادی کیوں نہیں کرنی مہرمہ کو ضرورت ہے ایک ماں کی تو کیوں تم اسے ماں کی محبت سے محروم رکھنا چاہتے ہو۔جب تمہیں اللہ تعالی نے ایک اچھا ہمسفر گھر بیٹھے دکھا دیا ہے۔۔۔۔رومان شاہ سختی سے بولا تھا۔۔

تم پہلے اس بچی سے آکر ملنا 17 سال کی بچی ہے وہ جس سے یہ میرا رشتہ کر کے شادی کروانا چاہتے ہیں۔۔ان کے دماغ خراب ہو چکے ہیں۔۔۔احمر کا اشارہ عاصم شاہ کی جانب تھا۔اب تو احمر اچھی طرح سے سمجھ چکا تھا کہ اسے یہاں پر کیوں لایا گیا ہے۔۔۔۔

تو کہاں لکھا ہے کہ چھوٹی عمر کی لڑکی سے شادی نہیں ہو سکتی۔۔ہمارے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی زوجہ حضرت بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ

تعالی۔ان کی عمر نو سال تھی تو ہمارے نبی نے ان سے نکاح کر کے یہ ثابت کیا کہ چھوٹی عمر والی لڑکی سے نکاح کیا جا سکتا ہے۔۔

اب اس دلیل کو ایک سائیڈ پر رکھ دو۔۔۔اور ویسے بھی ارد گرد نظر دوڑاؤ ہم سب کی بیویاں ہم سے چھوٹی ہیں۔۔میرے اور میرب کے بیچ میں 10 سال کا ڈفرنس ہے۔۔

مرہا اور شاہ میر کے بیچ میں 12 سال کا فرق ہے۔۔عاصم تمہارا اور شفا کا کتنا ڈفرنس ہے۔۔۔عاصم شاہ سے تصدیق کرتے کے لیے پوچھا۔۔۔بھائی 10 سال کا فرق ہے۔۔۔عاصم شاہ نے کھلے دل سے تصدیق کرتے ہوئے کہا جب کہ احمر نے عاصم کی جانب گھور کر دیکھا۔۔۔

گڈ شفا بھی 10 سال چھوٹی ہے۔۔اس بیچارے کو بعد میں گھور لینا اب مجھے بتاؤ کہ ماہی تم سے کتنی چھوٹی ہے رومان شاہ نے احمر کو گرتے ہوئے دیکھ لیا تھا۔۔۔

بولو بھی کتنی چھوٹی ہے!! رومان شاہ نے اپنی بات پر زور دیتے ہوئے پوچھا۔۔

یہی 1210 سال۔۔احمر نے غصے سے لال چہرے سے جواب دیا۔

تو ایسی کون سی ہے انوکھی چیز ہو گی جو ہماری شادیاں کامیاب نہیں چل رہی میں اور میرب خوش ہیں شاہ میر اور مرہا خوش ہیں عاصم اور شفا خوش ہیں۔۔

تو پھر تم دونوں کی شادی کیوں نہیں ہو سکتی رومان شاہ نے ایک مدہ سلجھا دیا تھا۔

مجھے پھر بھی شادی نہیں کرنی بات ختم احمر نے دو ٹوک انداز سے کہا تھا۔۔

شادی تو کا کے تجھے کرنی پڑے گی ہم تم سے پوچھ نہیں رہے تو میں بتا رہے ہیں اور پرسوں ہم لوگ رشتہ لے کر جا رہے ہیں ماہی کے گھر پر یہ کنفرم ہے ۔۔رومان شاہ نے اپنا فیصلہ سناتے ہوئے کہا۔۔

ہاں ہاں جاؤ رشتہ لے کر جاؤ اور شادی کرواد و جلدی سے میری۔۔کیونکہ ہمیشہ تو فیصلے رومان شاہ کے چلتے ہیں میں اور شاہ زیب تو کیڑے مکوڑے ہیں ہماری تو خود کے کوئی دماغ نہیں ہے۔۔ہمیشہ وہی ہوتا ہے جو تم چاہتے ہو

۔۔۔

تمہاری مرضی تھی تو تم نے مجھے عریشہ سے ملنے تک نہیں دیا۔۔ کیونکہ وہ میرے لائک نہیں تھی۔۔ تمہاری مرضی تھی تو مجھے زبردستی اٹھا کر ہاسپٹل میں بیڈ پر ڈلوا دیا۔۔۔ میرے ارد گرد پہرے لگا دیے تاکہ میں کہیں آ جانا سکوں۔۔۔

جب تمہاری مرضی نہیں تھی تو میں نے کتنی منتیں کی مگر تم نے مہک کے حوالے سے مجھے کوئی جواب دینا ضروری نہیں سمجھا۔۔۔

اور جب تمہاری مرضی ہوئی اچانک سے میری شادی تو دو دن میں فکس کرواکر رخصتی کروادی۔۔۔ اور اب بھی کروادو تم میری دوسری شادی۔ تیسری چوتھی بھی کروادو تمہیں کون روک سکتا ہے۔۔

۔وہ غصے میں بولتا چلا گیا تھا۔۔۔ہو گیا تمہارا سارا ڈرامہ ختم۔۔اس کے سارے غصے کو رومان شاہ نے ہوا میں اڑاتے ہوئے کہا۔۔۔

اب اگر تمہاری بکوس ختم ہو گئی ہو تو اپنے منہ سے بکو کہ ہم پرسوں رشتہ لینے جا سکتے ہیں۔۔رومان شاہ نے ہنستے ہوئے کہا تھا۔۔۔

تم میری سچویشن کو سمجھنے کی کوشش نہیں کر رہے ہو رومان تھوڑی دیر کے لیے خود کو میری جگہ پر رکھو۔خدانہ خواستہ اگر میرب بھابھی کو کچھ ہو جائے !!!!تو کیا تم

احمر علوی زبان سنبھال کر بات کر رومان شاہ اس کی بات کو بیچ میں کاٹتے ہوئے چیل کی طرح اڑ کر اس کے گریبان تک پہنچ گیا تھا۔۔۔

سوری یار میرا وہ مطلب نہیں تھا احمر کو اپنی غلطی کا احساس ہو گیا تھا کہ اس نے رومان شاہ سے کیا کہا ہے۔۔۔شاہ زیب اور عاصم پریشان ہو گئے تھے ایک دم سے ماحول کو بدلتا دیکھ۔۔۔۔

یار میں صرف ایک مثال دے رہا تھا۔احمر نے رومان شاہ کے غصے کو سمجھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

تمہیں مثال دینے کے لیے صرف میرب ملی تھی۔۔تم میری جان پر بھی کوئی بات کر سکتے تھے۔۔احمر مجھے کوئی تکلیف نہ ہوتی۔۔تم نے کیسے اتنی آسانی سے میرب کے لیے یہ الفاظ بول دیے۔۔

وہ لال آنکھوں سے احمر کو گھورتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔۔۔جبکہ شاہ زیب اور عاصم رومان شاہ کو پیچھے کر کے ماحول کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔۔۔

رومان شاہ سے اپنا غصہ ضبط نہیں ہو رہا تھا وہ تھوڑا سا دور جا کے دیوار کی جانب منہ کر کے کمر پر دونوں ہاتھ رکھ کر کھڑا تھا۔۔۔

ooooooooo

چل رومان یار ٹھنڈ رکھ وہ بھی ذہنی طور پر بہت پریشان تھا۔۔اس لیے اس نے کہہ دیا۔۔ تم اچھی طرح سے جانتے ہو کہ وہ بھی کبھی تمہاری دکھتی رگ پر ہاتھ نہیں رکھ سکتا۔۔

میرب بھابھی تمہارے لیے کیا ہے یہ ہم دونوں بہت اچھی طرح سے جانتے ہیں اس کے کاندھے پر شاہ زیب نے جا کر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

سوری یار شاید میں بھی زیادہ ری ایکٹ کر گیا ہوں۔۔رومان شاہ نے پیچھے پلٹ کر احمر کی جانب دیکھتے ہوئے کہا جو شرمندگی سے نظریں جھکائے ہوئے بیٹھا تھا۔۔۔

یار جب سے مہک کے ساتھ وہ حادثہ پیش آیا ہے۔۔میں تم لوگوں سے بیان نہیں کر سکتا کہ میں خود ذہنی طور پر کتنا ڈرا ہوا ہوں۔۔۔

میری راتوں کی نیند اڑ چکی ہے احمر میں یہ نہیں کہتا یار کہ تم مہک سے پیار نہیں کرتے تھے یا تم پر جو گزری وہ میں محسوس نہیں کر سکتا۔۔۔

مگر یار تم بہت بہادر ہو۔خدا کی قسم اگر میرب کو کچھ ہوا تو رومان شاہ بھی ختم رومان شاہ جیتے جی مر جائے گا میں کبھی خود کو سنبھال نہیں سکتا بولتے ہوئے رومان شاہ کی آنکھیں نم ہو گئی تھی۔۔

وہ احمر کے پاس بیٹھتے ہوئے۔اس کے گریبان پکڑ کر چلانے پر شرمندہ تھا۔۔نہیں رومان تمہیں سوری کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔

میں نے غلط کہا میرے ساتھ جو ہونا تھا وہ ہو گیا۔میں نے میرب بھابھی کے لیے جو کہا وہ الفاظ درست نہیں تھے مجھے اندازہ ہے۔۔رومان شاہ کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے تسلی دی۔۔

یہی تو ان تینوں کی دوستی کی خوبصورت رنگ تھے یہ ایک پل میں ہی دور ہوتے تو اگلے پل میں اس سے دگنا قریب آجاتے تھے۔۔۔۔

چلو اب تم لوگوں کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا ہو تو۔۔بتاؤ پھر پرسوں رشتہ لے کر چلنا ہے۔شاہ زیب نے بات کا رخ بدلتے ہوئے کہا۔۔

ہاں بالکل وہ تو ڈن ہے کہ ہم پرسوں جا رہے ہیں اسکے لیے رشتہ لینے رومان شاہ نے فیصلہ کن انداز میں مسکراتے ہوئے کہا۔

احمر نے گھور کر شاہ زیب اور رومان شاہ کی جانب دیکھا۔۔ایسے گھورنے کی ضرورت نہیں ہے اور ہمیں ضرورت بھی نہیں کہ تم ہمیں اپنا فیصلہ سنا ہو۔۔

ہمیں ہماری بھابھی چننے کا پورا حق ہے ہم خود دیکھ بھال کر مہرمہ بچہ کے لیے ماں لے کر آئیں گے۔۔۔

شاہ زیب نے رومان شاہ کی بات پر اس کے فیصلے میں حامی بھرتے ہوئے کہا۔۔

جب بے غیرتوں نے میری کوئی بات سنی ہی نہیں تو میرے خیال سے مجھے بولنے کا کوئی فائدہ بھی نہیں ہے۔جو دل میں آتا ہے کرو۔۔۔

اب تو اپنے دانت بند رکھ عاصم شاہ یہ سارا فتور تیرا پھیلایا ہوا ہے۔۔اس نے امی کو بھی پٹی پڑھائی شفا بھابی کو بھی پٹیاں پڑھائی اور اب تم دو کمینے بچے تھے تم لوگوں کو بھی اپنے لپیٹے میں لے لیا ہے۔۔۔

تو بھاڑ میں جاؤ جو کرنا ہے کرو احمر نے غصے سے کہا تھا۔۔مگر سب مطمئن اور خوش ہو گئے تھے کہ احمر نے ان کی ہاں میں ہاں ملا دی ہے۔۔۔۔

ooooooo

میں اس لڑکی سے ایک بار خود بات کرنا چاہتا ہوں گھر پر واپس آتے ہوئے احمر نے عاصم شاہ سے کہا۔۔

جی بالکل ملیں اگر کہیں تو میں کہیں ڈیٹ فکس کروادوں عاصم شاہ نے مذاق کرتے ہوئے احمر کی جانب دیکھا۔۔

قسم سے مجھے یقین نہیں ہوتا کہ تم مہک کے بھائی ہو۔۔ کوئی بھائی اپنے بہنوئی کی شادی کروانے کے لیے اتنا اتاولا کیسے ہو سکتا ہے۔۔احمر نے کھور کر دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

احمر بھائی مہک آپی اس دنیا سے چلی گئی یہ میرے لیے بھی کوئی چھوٹا صدمہ نہیں مگر وہ اللہ تعالی کی رضا تھی اگر وہ میری بہن تھی تو میں نے آپ کو بھی کبھی اپنے بھائی سے کم نہیں سمجھا۔۔

میں دل سے آپ کے لیے بہت خوش ہوں۔اور میری بہن کی آخری نشانی مہرمہ کو اگر ماہی جیسی محبت کرنے والی ماں مل جائے گی تو یہ میرے لیے بھی بہت خوشی کا باعث ہو گا۔۔۔

وہ مہک کی بات کرتے ہوئے افسردہ سا ہو گیا۔۔۔ٹھیک ہے تم ایک بار میری ماہی سے بات کرواؤ میں خود روبرو مل کر اس کی رائے جاننا چاہتا ہوں۔۔

عاصم نے ہاں میں سر کو ہلایا اور گاڑی گھر کی طرف چل دی۔۔۔

ooooooo

ہاں جی میرا بچہ کیا کر رہا تھا رومان شاہ نے روم کے اندر داخل ہوتے ہی میرب کو بڑے پیار سے دیکھتے ہوئے کہا جو کافی بے چین سی ہو کر اپنی کمر کی دونوں جانب ہاتھ رکھے ہوئے ونڈو مرر کے سامنے کھڑی تھی۔۔۔۔

کچھ نہیں کر رہی میری کمر میں بہت درد ہو رہا ہے اس لیے میں یہاں پر کھڑی تھی۔۔شاہ آپ نے کتنا ٹائم لگا دیا آپ کب سے گئے ہوئے ہیں۔۔میرب نے بچوں کی طرح منہ بناتے ہوئے شاہ کی جانب دیکھ کر کہا۔۔۔

شاہ کی جان شاہ کی زندگی میرا نازک مزاج بچہ۔۔ تمہارے تینوں بھائی لوگ میری جان چھوڑنے کو تیار نہیں تھے۔اس لیے دیر ہو گئی۔۔رومان شاہ محبت سے بولتے ہوئے اس کے پاس آیا۔

اس کی پشت پر کھڑا ہو گیا۔۔۔اپنے مضبوط سینے سے اس کی پشت لگائے ہوئے۔۔اس کی پیٹ پر نرمی سے ہاتھوں کو سہلانے لگا۔۔۔

میرب اکثر جب بہت بے چین ہوتی اور درد کا کہتی تو رومان شاہ اسی طرح پیار سے اس کے پیٹ کو سہلاتا تو وہ کافی پر سکون ہو جاتی تھی۔۔۔

شاہ نے آگے کی جانب چہرہ جھکا کر اس کی گال کو چومتے ہوئے محبت بھرا لمس چھوڑا۔۔

میری جان ناراض ہے مجھ سے۔۔میرب کا جواب نہ پا کر شاہ نے دوسری گال پر بھی لمس چھوڑتے ہوئے پوچھا تھا۔

شاہ ناراض نہیں ہو مجھے پین ہو رہا ہے۔اپنے پیٹ پر بندھے ہوئے شاہ کے ہاتھوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولی۔۔۔

اس کا درد اس کے چہرے پر ظاہر ہو رہا تھا۔۔میرب اکثر اس درد میں مبتلا رہنے لگی تھی۔۔۔

رومان شاہ اس بارے میں ڈاکٹر سے بھی ڈسکس کر چکا تھا۔۔ مگر ڈاکٹر نے کہا کہ وہ کسی طرح کی پین کلر میرب کو نہیں دے سکتی۔۔

کیوں کہ میرب کا کیس پہلے ہی بہت زیادہ پیچیدہ ہے۔۔بس یہ نو مہینے رومان شاہ کو اپنے پیار اور محبت سے میرب کو بہلاتے ہوئے گزارنے تھے۔۔۔میرب کو جب بھی درد ہوتا تو رومان شاہ اس کا علاج اپنی محبت سے ہی کرتا تھا۔۔

میرے بچے نے کچھ کھانا ہے۔۔ نہیں!! شاہ آپکو سمجھ نہیں آتی میں کہہ رہی ہوں مجھے پین ہو رہا ہے۔۔۔وہ درد کی وجہ سے چڑچڑی سی ہونے لگی تھی۔۔

اس کی آنکھوں میں آنسوں تھے۔۔اس کی بھیگی پلکیں دیکھ کر رومان شاہ کا دل جیسے کسی درد نے زور سے جکڑ لیا ہو۔۔

میرب کے درد کو وہ خود پر محسوس کرتا تھا۔۔شاہ کی جان ابھی تھوڑی دیر میں درد چلا جائے گا۔۔تم اپنا دھیان میری طرف کرو اس کے بھرے بھرے وجود کو اپنی باہوں میں بھر کر بیڈ پر لے کر آیا۔۔

وہ بیڈ گراؤنڈ سے سر لگا کر ایک ٹانگ کو فولڈ کیے ایک کو لمبا کر کے بیٹھ گیا تھا۔۔میرب کو اپنی ٹانگوں کے درمیان بٹھا کر اس کی پشت اپنے سینے سے لگا لی۔۔

میرب اس پوزیشن میں کافی پر سکون ہو جاتی تھی۔اس کے پیٹ سے شرٹ کو ہٹاتے ہوئے نرمی سے اپنے ہاتھ اس کے پیٹ پر رب کرنے لگا تھا۔۔۔

گردن پر اپنے لب رکھ کر چومتے ہوئے محبت بھرے چھوٹے چھوٹے لمس دے کر اسے پر سکون کر رہا تھا۔۔شاہ کے لمسوں سے اس کی سانسیں تیز ہونے لگی تھی۔۔

رومان شاہ نے اس کے ہاتھ کو پکڑ کر اپنے لبوں سے لگاتے ہوئے چوم لیا۔

۔شاہ آپ جب ایسے کرتے ہیں میرا درد غائب ہونے لگتا ہے۔۔میرب نے سچائی اور ایمانداری سے شاہ کی محبت میں پگھلتے ہوئے سر ادھر ادھر کرتے ہوئے کہا۔۔

میرب نے محبت سے شاہ کے ہاتھ کو پکڑ کر اپنے لبوں سے لگا کر چوم لیا۔۔۔

ہمم جب میری جان ایسے محبت بھرا جواب دیتی ہے تو شاہ کا درد بھی دور ہونے لگتا ہے۔۔۔

شاہ نے محبت سے اپنے ہاتھ پر میرب کے لمس کو اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔

شاہ آپ مجھ سے اتنا پیار کرتے ہیں۔۔۔۔وہ لاڈ جتاتے ہوئے بولی تھی۔۔کیوں شاہ کی جان کو کوئی شک ہے میرے پیار پر اس کے گالوں سے اپنے گال لگاتے ہوئے آنکھیں بند کیے ہوئے تھا۔۔

شاہ اگر مجھے کچھ ہو گیا۔۔میرا اللہ کا واسطہ ہے ایسی کوئی بات نہ کرنا جس سے میرا دل بند ہو جائے۔۔میرب کی بات کو حلق میں روکنے کے لیے شاہ اسکے منہ پر اپنا مضبوط ہاتھ رکھ چکا تھا۔۔۔

تم کیوں سننا چاہتی ہو اس سوال کا جواب۔۔۔بولو کیا سننا چاہتی ہو آج سنو رومان شاہ مر جائے گا مرنے کا مطلب صرف سانسوں کا ٹوٹنا نہیں ہوتا میں جیتے جی مر جاؤں گا۔۔۔

سانسیں تولوں گا مگر زندہ نہیں رہو گا میرب خدا گواہ ہے اگر اس وقت بھی خدا کو میری اولاد اور تمہارے بیچ میں سے کسی ایک چیز کو میرے نصیب میں لکھنا ہے تو میرب میں آمین کرتا ہوں اس بات پر کہ مجھے اولاد نہیں چاہیے۔۔

مجھے تمہاری ضرورت ہے۔ میرب یہ چھوٹی سی بات نہیں ہے جس کا جواب تم مجھ سے مانگتی ہو۔۔ تمہارے لفظ میرے دل میں سوئیوں کی طرح چبھتے ہیں۔۔ میرے دل کو آری کی طرح کاٹتے ہیں۔

میرب آج کے بعد یہ سوال مت پوچھنا۔ میرب خود کے لیے خود دعا کرو کہ تمہیں کچھ نہ ہو۔۔ اگر نہیں کر سکتی تو پھر یہ دعا کرو کہ خدا تمہاری سانسوں کے ساتھ میری سانسوں کو بھی توڑ دے۔۔۔

شاہ کے لہجے میں اس قدر دھرتا بولتے ہوئے کہ میرب کو خود کا دل رکتے ہوئے محسوس ہوا تھا۔۔۔

یہ سچ تھا کہ میرب اکثر اس طرح کے جملے بولتی تھی۔ شاہ اسے ہمیشہ روک دیا کرتا۔۔

مگر آج رومان شاہ کا دل جیسے بھر گیا تھا۔۔ جیسے جیسے ڈلیوری کے دن نزدیک آرہے تھے رومان شاہ کی جان سولی پر لٹکی ہوئی تھی۔۔۔

سوری شاہ میں آئندہ نہیں کہوں گی میرب نے اپنا چہرہ پیچھے کی جانب گھماتے ہوئے شاہ کے گال پر اپنے لب رکھے تھے۔۔

میرب کی لبوں کی جنبش سے شاہ آنکھیں بند کر کے گہری سانس پیچھے کو کھینچ کو لیجاتے ہوئے فضا میں چھوڑی۔۔

شاہ نے اپنے دونوں ہاتھ اس کے گرد نرمی سے لپیٹے ہوئے حصار بنا رکھا تھا۔

میرب سوری نہیں چاہیے وعدہ چاہیے میر مت لیا کرو میرا امتحان تمہیں میری تڑپتی ہوئی محبت نظر نہیں آتی۔۔کیوں تمہیں میرے منہ سے سن کر اچھا لگتا ہے۔کہ میں کیا محسوس کرتا ہوں۔۔

تم مجھے ایک بات بتاؤ اگر مجھے کچھ ہو گیا تو تم کیسا محسوس کرو گی۔۔۔۔۔شاہ اللہ نہ کرے کہ آپ کو کچھ ہو۔وہ تڑپ کر بولی تھی۔۔۔

کیوں اب تمہاری جان نکل گئی یہ بات سن کر۔۔اور مجھ سے اس طرح کے جملے بول بول کر تم میرا دل جلاتی ہو۔۔۔

میرب تم نے خود کی جان پر اتنا بڑا خطرہ لا کر اچھا نہیں کیا۔۔میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ رمان شاہ زندگی کو یوں ڈر ڈر کے بھی جیے گا۔۔
ہر پل مجھے ڈر لگا رہتا ہے۔۔مجھے راتوں کو نیند نہیں آتی۔اوپر سے تم اس طرح کی باتیں کر کے مجھے اور اذیت دیتی ہو۔۔

شاہ سوری اب نہیں کہوں گی۔۔آپ مجھے ڈانٹے نہیں شاہ کی تکلیف کو دیکھ کر میرب کی آنکھوں میں آنسوں آنے لگے تھے۔۔

گڈ ویری گڈ اب تم رو کر میری اور جان نکالو۔۔۔تم کیا چاہتی ہو شاہ کی جان آج بتا ہی دو۔۔

میرب رومان شاہ کی ایک جان ہے کتنی بار لینا چاہتی ہو۔۔تمہارے عشق نے مجھے قسم سے نکما کر دیا ہے۔۔

رومان شاہ کسی کام کا نہیں رہا تمہارے بنا مجھے سانس نہیں آتی۔زندگی کیا میں نے خاک جینی ہے۔۔

میرب کے آنسوؤں کو پیار سے باری باری آنکھوں پر لب رکھ کر چنتے ہوئے کہا۔۔۔

رومان شاہ کو تمہارے یہ آنسوں تک گوارا نہیں کہ وہ تمہاری گالوں پر پھسل کر اذیت کا باعث بنے۔۔

ہم تمہیں چاہتے ہیں ایسے !
!مرنے والا کوئی زندگی چاہتا ہو جیسے
رومان شاہ نے اس کی کان کی لو کو چومتے ہوئے سرگوشی کی۔۔۔

میر بھی آپ کو ایسے ہی چاہتی ہے شاہ جیسے مرنے والا زندگی چاہتا ہو۔۔
میرب کو تو پوری دنیا ہی بھول گئی ہے شاہ جب سے آپ مجھے ملے ہیں۔۔
شاہ کی محبت کی گرمی میں پگھلتے ہوئے وہ پر سکوں ہونے لگی تھی۔۔اس کا درد بھی کہیں غائب ہونے لگا۔۔وہ شاہ کے سینے پر اپنی پشت رکھے ہوئے پر سکوں آنکھیں بند کیے لیٹی تھی۔۔

شاہ کے سینے پر سر رکھے کب وہ نیند کی آغوش میں چلی گئی اسے خود بھی پتہ نہیں تھا۔۔ شاہ اس کا محافظ بنا پوری تحفظ کے ساتھ کے گرد اپنی باہوں کا اظہار بنائے ہوئے تھا۔۔

خود اتنے انکمفرٹیبل پوزیشن میں بیٹھا تھا کہ اس کی کمر میں درد کی لہریں اٹھ رہی تھی۔۔

مگر مجال ہے جو رومان شاہ اپنی جگہ سے ہاف انچ پہ ہلا ہو۔۔ صرف اس ڈر سے کہ کہیں اس کی جان کی آنکھ نہ کھل جائے۔۔ اور اسے دوبارہ سے اس درد کو محسوس نہ کرنا پڑے۔۔۔

وہ اس کی ٹانگوں کے درمیان اپنی ٹانگیں لمبی کیے ہوئے پر سکون لیٹی تھی۔ وہ اپنا سر شاہ کے گردن کے پاس رکھے ہوئے تھی۔۔

شاہ بھی اسی پوزیشن میں بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے ہوئے آنکھیں بند کیے گہری نیند میں جاتا گیا۔۔

انوکھی تھی رومان شاہ اور میرب کی محبت۔۔۔

انوکھی تھی داستان رومان شاہ۔۔۔

ایسی لازوال محبت جو کسی نے کبھی نہ دیکھی نہ سنی تھی۔۔ایسی محبت جو اپنی اولاد پر اپنی بیوی کو فوقیت دے رہا تھا۔۔۔ایک ایسی محبت جو خود پر تکلیف برداشت کر کے اپنے ہم سفر کو پر سکون کر رہا تھا۔۔۔

ایک ایسی داستان جس میں صرف محبت ہی محبت تھی۔۔ایک ایسا عاشق جسے اپنے محبوب کے سوا پوری دنیا میں کچھ دکھائی نہیں دیتا تھا۔۔۔

ایک ایسا محبت کرنے والا شوہر جو ایک زندہ مثال تھا۔۔۔

ایک ایسا اکڑو مکرور شہزادہ جسے لوگ دیکھ کر رشک کرتے تھے۔۔

وہ اپنی بیوی کے عشق میں اتنا دیوانہ تھا کہ خود تک کو بھول چکا تھا۔۔

وہ سچ میں ایک خوبصورت مغرور شہزادہ تھا۔۔اور میرب اس کی شہزادی تھی جو اس کی باہوں کی گرفت میں پر سکون بے فکر سوئی ہوئی تھی۔۔

جس نے اپنے ہاتھ کی کلائیوں کو کاٹ کر اپنی جان دے کر اس شہزادے کو اپنی زندگی میں حاصل کیا تھا۔۔ جس نے موت کو صرف کچھ قدم کی دوری پر دیکھا تھا۔۔

جس نے پہلی نظر میں ہی اس اکڑو شہزادے پر اپنا دل ہار دیا ایک ایسی محبت کی داستان جو سالوں تک لوگوں کے دلوں میں زندہ رہے گی۔۔۔۔۔

ooooooo

ہوں ہوں ہوں۔۔ شفا اپنی دھن میں مست واش روم آہستہ سے سونگ گنگناتی ہوئی باہر نکلی تھی۔۔۔ مہرمہ سو رہی تھی اور میڈ اس کے پاس موجود تھی۔۔ احمر اپنے آفس میں تھا۔۔ عاصم شاہ کالج گیا ہوا تھا۔۔ اور آنٹی اس وقت اپنے روم میں آرام کر رہی تھی۔۔ گھر میں فلحال کوئی مرد موجود نہیں تھا۔۔۔

وہ سونگ گنگناتی ہوئی قبرڑ سے اپنے کپڑے نکال رہی تھی۔اس نے صرف ٹاول لپیٹ رکھا تھا۔۔اس کی کمر پر بال آبشار کی طرح بکھرے ہوئے تھے۔۔بالوں سے پانی کے قطرے ٹپ ٹپ کر کے بوندیں بن کر گر رہے تھے۔۔ٹی پنک کلر کے ٹاول میں اس کا گوراوجود بے حد خوبصورت لگ رہا تھا۔۔

وہ اس بات سے بے خبر تھی کہ کوئی روم میں اسے اس حالت میں دیکھ دیوانہ ہوا جارہا ہے۔۔۔

وہ ایڑیاں اٹھا کر ہینگ کیے ہوئے سوٹ کو الماری سے اتار رہی تھی۔۔

وہ واش روم میں کپڑے لے جانا
بھول گئی تھی۔۔وہ کپڑے لینے کے لیے واپس آئی تھی۔۔

ٹاول صرف اسے کچھ حد تک چھپانے میں ہی کامیاب ہو رہا تھا کاندھے اور گھٹنوں سے نیچے تک اس کے لیگز صاف دکھائی دے رہی تھی۔۔

گورے بازوؤں پر پانی کے قطرے۔شفاف کاندھوں پر پانی کی شبنمی بوندیں دیکھ وہ بہکنے کی آخری حد تک کو چھو رہا تھا۔۔

عاصم شاہ جو آج کالج سے گھر جلدی آگیا تھا۔۔کیونکہ اس کا کوئی خاص لیکچر نہیں تھا۔۔تو اس نے ہاف چھٹی لی اور گھر آگیا۔۔

اس کے سر میں بھی ہلکا ہلکا درد تھا۔وہ تو گھر آرام کرنے کی نیت سے آیا تھا۔ مگر یہاں تو شفا اسے قتل کرنے کا ارادہ رکھتی تھی۔۔ایک تو حلیہ جان لیوا اوپر سے محترمہ لبوں میں اپنی میٹھی آواز میں کوئی سونگ گنگنا رہی تھی۔۔۔

عاصم شاہ اپنا دل سنبھالے بھی تو کیسے جو پہلے ہی نظر میں ہی اس پر فدا تھا۔۔

" تو ہی حقیقت خواب تو"

" دریا تو ہی پیاس تو"

"تو ہی دل کی بے قراری"

"تو سکوں تو سکوں"

وہ بڑی مست ہو کر رومینٹک سونگ گنگناتے ہوئے اپنے کپڑے نکال رہی تھی۔جب اس نے اپنے بہت قریب کسی کے وجود کو محسوس کیا جس کی گرم سانسیں اس کی گردن پر محسوس ہوئی تھی۔۔

وہ دبک کر پلٹی تو اس کے ہاتھ میں پکڑا ہوا ڈریس بھی نیچے گر چکا تھا۔۔اس سے پہلے کہ وہ پیچھے ہوتی مقابل اس کے گرد اپنی مضبوط باہوں کا حصار بنا کر اس کی کمر پر اپنے ہاتھ رکھ چکا تھا۔۔

آہاااا! وہ اتنی ڈر گئی تھی کہ اس کے منہ سے چیخ نکلی جسے عاصم شاہ نے اپنی مضبوط ہتھیلی رکھ کر روک لیا تھا۔۔

شششش۔۔مائی لو میں ہوں۔۔پلیز چیخیں مار کر سب کو اکٹھا مت کرنا اس کے کان پر جھکتے ہوئے سرگوشی کرتے ہوئے بولا۔۔

آپ نے میری جان نکالی ہے۔وہ آنکھیں بند کیے گہری سانس لیتے ہوئے بولی تھی۔۔

مائی لو غلط الزام مت دو! جان تو تم نے میری نکال رکھی ہے۔۔ذرا اپنے حلیے پر نظر ثانی کر کے دیکھو۔۔

اس کے بالوں میں منہ چھپاتا ہوا وہ گھمبیر آواز میں بہکتا ہوا بولا۔۔

شفاعت جو ڈر کے کچھ لمحوں کے لیے یہ بھول چکی تھی کہ وہ اس وقت کس حلیے میں کھڑی ہے عاصم شاہ کی یاد دہانی کروانے پر وہ شرم سے لال ہو گئی۔۔

جھٹکے سے عاصم شاہ کو پیچھے کیا جو مدہوش سا ہوتا ہوا اس پر جھکا ہوا اس کے بالوں میں منہ چھپائے اس کے گیلے بالوں کی خوشبو سے مسرور ہو رہا تھا۔اس گرفت مضبوط نہ ہونے کی وجہ سے شفا اس کی گرفت سے نکل چکی تھی۔۔

اپنے دونوں کاندھوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے۔خود کو بے جاں چھپانے کی کوشش کرتے وہ واش روم کی جانب لپکی تھی۔۔

جبکہ عاصم شاہ نے اس کے جانے سے پہلے دو ہی قدموں میں فاصلہ طے کرتے ہوئے۔واش روم کے دروازے پر لگے ہینڈل پر اپنا مظبوط ہاتھ رکھا۔۔

وہ گہری نظروں سے اس کے دل کش خوبصورت سراپے کو دیکھتے ہوئے نفی میں سر ہلایا۔۔

مائی لو آج تم عاصم شاہ کی جان مانگ لو مگر دوری برقرار رکھنا ممکن نہیں۔خمار زدہ لہجے سے بولا۔ نظریں اس کے خوبصورت سراپے پر مرکوز تھی۔۔جو اس وقت سراپہ حسن قیامت بنی اس کے سامنے کھڑی تھی۔۔

دونوں ہاتھ کاندھوں پر رکھے ہوئے خود کو فضول چھپانے کی کوشش کر رہی تھی جبکہ اس کے ہاتھ اسے چھپانے سے قاصر تھے۔۔

اس کا نہا کر نکھرہ نکھرہ خوبصورت حسن عاصم شاہ کے بہکے ارمانوں پر بجلیاں گرا رہا تھا۔اس کے دل کی دھڑکنوں کو پوری طرح سے بے ترتیب کر

چکا تھا۔۔وہ آہستہ آہستہ قدم لیتے ہوئے اس کی جانب آنے لگا۔۔وہ اپنے قدم پیچھے کو لے جانے لگی تھی۔۔

پلیز عاصم مجھ جانے دیں وہ میری مناتے ہوئے بولی۔۔۔اپنی حالت پر اس وقت وہ شرم سے لال ہو رہی تھی۔۔

عاصم شاہ کی نظریں جس انداز سے اسے دیکھ رہی تھی اس کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ خود کو ساتھ پردوں میں چھپا لے۔۔وہ گہری نظروں سے دیکھتا ہوا اس کے قریب سے قریب آتا جا رہا تھا۔۔

وہ دونوں ہاتھوں سے اپنے دل والے مقام کے اوپر سے ٹاول کو سختی سے پکڑے ہوئے تھی۔کیونکہ ٹاول کھل کر سرکنے لگا تھا۔۔

نہیں جانے دے سکتا چھ مہینے ہو گئے ہیں ہماری شادی کو ترس کھاؤ بندہ ناچیز پر۔۔بندہ بشر ہوں کتنا صبر کروں۔۔اور آج تو تم نے صبر کی کسر چھوڑی ہی

نہیں ہے۔۔میں نے تو اپنے جذباتوں پر سخت پہرے بٹھائے تھے جن کو تم نے ایک ہی وار میں کھول دیا۔۔

وہ پیچھے جاتے جاتے دیوار سے جا لگی تھی وہ اس کے قریب آ کر اس کے دونوں جانب دیوار پر ہاتھ رکھے راہ فرار بن کر چکا تھا۔۔

مائی لو تم پر پورے حق رکھتا ہوں۔آج کچھ حق جتا کر حاصل بھی کر لینے دو۔

اس کے اس کے کاندھے پر اپنے لب رکھتے ہوئے لبوں کا بھرپور لمس چھوڑا

شفا کے پورے وجود میں سنسنی کی لہر دوڑ گئی،وہ عاصم شاہ کے لمس کی حدت سے مچل گئی۔اس کے دیوار پر رکھ کر بنائے ہوئے حسار سے نیچے جھک کر اس کے حصار کے نیچے سے نکلنے لگی تھی۔

عاصم شاہ اس کے ارادوں کو بھانپتے ہوئے اسے اپنی گرفت میں لے چکا تھا ۔اس کی پشت پر اپنا چوڑا سینہ رکھے اس کے پیٹ پر اپنے دونوں ہاتھ باندھے اسے اپنے پاس کھینچتے ہوئے قریب کر لیا۔۔۔

جان کہانا کہ آج دور جانا ممکن نہیں ! عاصم شاہ کی آواز میں خماری ہی" خماری چھلک رہی تھی۔۔

کک کوئی آجائے گا۔اس کے لبوں کی جنبش کو اپنی کان پر محسوس کرتے ہوئے وہ لفظوں کو توڑتے ہوئے سسک کر آہستہ سے بولی تھی۔۔

بیوی ہو میری پورے حق رکھتا ہوں تم پر کسی کا ڈر لا حق مت رکھو۔۔عاصم شاہ نے نرمی سے اس کا رخ اپنی جانب کرتے ہوئے اس کے شرم سے لال گھبراہٹ زدہ چہرے کو گہری نظروں سے دیکھا تھا۔۔

شفا کا دل پسلیاں توڑ کر باہر آنے کی حد تک تیز دھڑک رہا تھا۔۔عاصم شاہ اس دھڑکنوں کی تیز آواز نے ہاتھوں کے نیچے محسوس کرتے ہوئے مسکرایا۔۔

وہ جتنا اس کے پاس جا رہا تھا اتنا ہی بہک رہا تھا۔۔عاصم شاہ نے اس کے چہرے پر جھکنا چاہا وہ سینے پر ہاتھوں کا دباؤ دیتے ہوئے دور ہو گئی۔۔

مائی لو اب تم مجھے اس طرح سے تڑپاؤ گی۔

اور اپنے پروفیسر کو پورے روم میں بچوں کی طرح اپنے پیچھے بھگاؤ گے شرمائی ہوئی شفا کو بیڈ کی دوسری جانب جا کر دیوار سے لگے دیکھ۔عاصم شاہ اسے گہری نظروں سے دیکھتا مسکراتے ہوئے بولا۔۔وہ دونوں ہاتھوں میں ٹاول کو پکڑے شرم سے لال چہرہ لیے نظر جھکائے ہوئے تھی۔۔چلو پاس آؤ کچھ نہیں کہوں گا! بس اپنی خوبصورت لبوں سے یہاں پر ایک کس دے دو۔

اپنے لبوں پر انگلی رکھ کر محبت بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے بولا
۔۔نن۔۔ نہیں۔۔مجھے شرم آرہی ہے پلیز مجھے چینج کرنے کے لیے جانے دیں وہ آنسوؤں سے بھری آواز میں بولی تھی شاید اس کے آنسوں اپنے حلیے کی وجہ سے تھے۔۔

شفامائی لوکب تک ہم اپنے بیچ میں ایسے دیوار بنائے رکھیں گے۔ تمہاری اس شرم کو ختم کرنے کے لیے تمہارا میرے پاس آنا ضروری ہے۔

وہ قدم کی جانب بڑھاتا چلا جارہا تھا۔وہ اس جھلی لڑکی کو کیسے بتاتا کہ اس وقت وہ اپنے دل کے ہاتھوں سے کتنا مجبور ہے۔۔اس کے منہ زور جذباتوں نے جو اندر طوفان برپا کر رکھا ہے اس ان کو روکنا آج عاصم شاہ کے بس میں نہیں تھا۔۔

چھ مہینوں سے اپنے دل پر پابندیاں عائد کیے ہوئے عاصم شاہ کو یہ لڑکی ایک ہی پل میں بہکا چکی تھی۔۔

اوراب وہ عاصم شاہ سے یہ توقع رکھتی تھی کہ وہ اسے جانے دے گا۔۔ چلو خیر سوچ پر تو پہرے نہیں جو سوچ سکتی ہے سوچ لیں عاصم شاہ دل میں سوچ مسکرایا تھا۔۔

عاصم پلیز میرے پاس نہیں آئے وہ نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے التجائی نظروں سے بولی تھی۔۔

کیوں؟؟

!آپ کو جانتے ہے مجھے شرم آتی ہے

کوئی بات نہیں آج کے بعد نہیں آئے گی۔

تم مجھے کس دے دو میں تمہارا کہنا مان لوں گا تم سے دور ہو جاؤں گا۔۔ وہ بہکتی نظروں اس کے لبوں کو دیکھتا اس کا قریب آگیا۔۔

آپ مجھے چینج کر لینے دیں پھر آپ کس لے لینا وہ خود کو عاصم شاہ کی نظروں سے بچاتی ہوئی تیز تیز بولی۔۔۔ نہیں کپڑوں میں کس میں بہت بار لے چکا

ہوں مجھے ایسے ہی کس چاہیے جس حالت میں تم نے عاصم شاہ کو بہکایا ہے وہ اپنے ہونٹ کے نچلے کنارے کو دبا کر دل کش انداز سے مسکرایا۔۔

اس کی کمر پر اپنے دونوں ہاتھ باندھ کر اسے اپنی جانب کھینچتے ہوئے اپنے قریب کر لیا۔۔

پلیز کچھ دیر بعد آپ کس لے لینا منت زدہ انداز میں بولی۔۔

نہیں مجھے تو ابھی چاہیے اس کی نازک سی کمر پر دونوں جانب ہاتھ رکھ کر اسے دیوار کے ساتھ پن کی اوپر اٹھا چکا تھا۔۔شفا کی بڑھتی سانسیں اور دل پر رکھا ہاتھ دیکھ کر عاصم شاہ مسکرایا۔۔۔

مم۔۔مجھے جانا ہے۔۔کہاں جانا ہے۔۔اس کے گلے پر جھک کر اپنے ہونٹ رکھ دیئے۔شفا سانس روک گئی۔وہ اس کے دل کے مقام پر اپنے ہونٹ ثبت کر چکا تھا۔آہ۔وہ سسکی جب عاصم شاہ نے وہاں اپنے دانتوں کی چبن محسوس کروئی۔۔شفا کی سسکی پر اپنا عاصم شاہ نے سر اٹھا کر اسے دیکھا جو آنکھیں بند کیے کھڑی تھی۔۔کک۔۔کک۔۔کیا۔۔کر رہے ہیں آپ نے

صرف کس کا کہا تھا عاصم شاہ کے لمس سے وہ اکھڑی سانسوں میں بامشکل بولی تھی۔۔۔اب میرا موڈ کچھ اور کرنے کا۔۔ویسے بھی کس والی افر صرف تمہارے پاس آنے کی صورت میں تھی اب تو میں خود چل کر تمہارے پاس آیا ہوں تو اب میں اپنی مرضی سے من مرضیہ کروں گا۔۔نن۔۔۔نہیں۔۔آپ ایسا نہیں کر سکتے۔۔۔مائی لو کر سکتا ہوں پورے اختیار ہے میرے پاس۔۔وہ پورے حق بولا۔۔آپ بہت اچھے ہیں مجھے پتہ ہے آپ ایسا نہیں کریں گے۔

مائی لو تمہیں پیار کرنا تمہارے قریب آنا تمہیں چھوءنا ان سب سے میری اچھائی کم نہیں ہو گی۔۔۔

میرا حق ہے تمہیں پیار کرنے کا۔۔اب ہمارے درمیان یہ جو شرم کا پردہ تم نے سختی سے تھام رکھا ہے اس کو گرانا ہو گا۔

اور تم اس میں میری کوئی مدد نہیں کر سکتی اتنا تو میں تمہیں جان چکا ہوں۔۔
اور اس سے زیادہ میں تم سے دور نہیں رہ سکتا اور آج کے بعد تو بالکل
نہیں۔۔ تمہاری اس خوبصورت حسن کی جھلک دیکھ کر میں اپنے بے لگام
جذباتوں کو اور نہیں روک سکتا۔۔
ٹاول عاصم شاہ کے نزدیکی سے سرک کر کچھ اور نیچے آگیا جسے سنبھالنے کی وہ
پوری کوشش کر رہی تھی۔۔
مگر پھر بھی کر نہیں پا رہی تھی۔۔ پھر وہ خود کو روک نہ سکا، اس کی نرم جلد
پر اپنے ہونٹ رکھے وہ بھول گیا کہ اس سر میں درد ہے اور وہ گھر آرام کرنے
کی نیت سے آیا ہے عاصم شاہ کے نرم گرم ہونٹوں کو اپنے دل پر محسوس کر
کے شفا کی دھڑکنیں تیز ہو گئیں۔۔۔ اور عاصم شاہ اپنے ہونٹوں پر اس کی
دھڑکنیں محسوس کر کے مسرور ہو گیا۔۔

آئی لو یو! اس کی دھڑکنوں کو چومتا ہوا سر اوپر اٹھا کر گھمبیر آواز میں بولتے ہوئے اس کی گردن پر جھکا۔۔

عاصم شاہ کے لبوں کی گرمی سے شفا کے دل والا مقام تیزی سے اوپر نیچے ہونے لگا جو بار بار عاصم شاہ کے مظبوط سینے سے ٹکرا کر اس کی دھڑکنوں کو اور بھی بہتر ترتیب اور طوفان برپا کر رہا تھا۔۔۔

اس کے بالوں میں منہ چھپائے مدحوش سا ہوتا چلا جا رہا تھا۔اپنی گردن پر اس کے لمسوں کی عدت سے وہ پگھلتی جا رہی تھی۔۔

اس کے سانسوں کی تیزی اور اوپر نیچے ہوتے سانسوں میں دل کی دھڑکنوں کا رقص عاصم شاہ کی دیوانگی کو اور بڑھا رہا تھا۔۔

وہ اسی پوزیشن میں اسے اپنے پیٹ پر اٹھاتے ہوئے بیڈ کی جانب لے آیا وہ اس کے گلے میں گرنے کے ڈر سے پاؤں کا ہار ڈالے ہوئے تھی۔۔

اسے آرام سے پیچھے کی جانب بیڈ پر ڈالتے ہوئے اس کے اوپر ہی جھکتا چلا گیا۔۔

اس کی پنکھڑیوں پر لب رکھتے ہوئے ان کو قید میں لے گیا اس کی سانسوں کو بے صبری سے پینے لگا وہ سانسوں کے لیے مچل رہی تھی اس کی باہوں میں تڑپ رہی تھی۔۔

جبکہ عاصم شاہ مدحوش سا ہوتا اس کی سانسوں کو پی کر اپنی تشنگی مٹا رہا تھا جو کہ اور بڑھتی جا رہی تھی سانسوں کو تنگ کیے اپنی مرضی سے جب پیچھے ہوا

۔۔

لب اس کی گوری گوری خوبصورت گردن پر رکھتے ہوئے جگہ با جگہ لمسوں کی حدت بکھیرنے لگا۔۔۔

وہ بند آنکھیں کیے تیز سانسیں لے رہی تھی عاصم شاہ کے سلگتے لبوں کے لمس اس کے وجود پر حواس برپا کیے ہوئے تھے۔۔

گردن سے نیچے کی جانب جاتے ہوئے وہ پوری طرح سے دل والے مقام کو اپنے لبوں سے چوم رہا تھا۔وہ سسک رہی تھی مچل رہی تھی۔۔

اس کے ہاتھوں کو دل والے مقام پر محسوس کرتے ہوئے۔وہ دیوانہ وار دل والے مقام کو چومتے چلے جا رہا تھا۔۔

وہ محبت کی بارش میں اسے بھگوتا ہوا دور نکلنے ہی والا تھا کہ دروازے کی دستک نے سارا ماحول خراب کر دیا۔۔

عاصم شاہ نے غصے سے دروازے کی جانب دیکھا تھا جو پوری طرح سے بہکا ہوا اس کے دل والے مقام پر جھکا تھا۔۔

کون ہے؟؟؟؟احمر بھائی آپ کو بلا رہے ہیں۔۔۔میڈ کی آواز پر عاصم شاہ نے دانت پیستے ہوئے۔جواب دیا آ رہا ہوں۔۔

میڈ جا چکی تھی جب کہ عاصم شاہ اپنے جذباتوں کو یوں بکھرتا دیکھ تیز سانسوں سے اس کے دل پر سر جھکائے خود کو پر سکون کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔

جب کہ شفا تو اپنی حالت پر شرم سار ہوئے لیٹی تھی مرہا ریڈی رہنا آج رات کو ہم لوگ میرے ایک دوست کی شادی میں جا رہے ہیں۔۔

ہو سکتا ہے ہم رات وہیں پر رہیں۔۔اب یہ کیا تھا شفا کو بالکل سمجھ نہیں آیا

عاصم شاہ نے اس کے ماتھے پر لب رکھتے ہوئے عقیدت بھرا لمس چھوڑ۔۔۔

بامشکل خود کو اس سے الگ کیے پیچھے ہوا۔۔

جایئے چینج کر لو تمہاری ہی بد دعائیں لگی ہیں مجھے۔۔ مسکراتے لبوں سے شفا کی حالت دیکھتے ہوئے کہا۔۔

شفا اپنے ٹاول کو مٹھیوں میں جھگڑے ہوئے س کی سپیڈ سے بیڈ سے اتر کر بنا چپل کے واش روم میں گھس گئی۔۔

عاصم شاہ کی ہنسی چھوٹ گئی تھی اس کی تیز سپیڈ دیکھ کر۔۔اس کا ڈریس جو عاصم شاہ کے اچانک پاس آنے سے الماری کے پاس گرا ہوا تھا۔اسے اٹھاتے ہوئے عاصم شاہ نے واش روم کی جانب قدم لیے۔۔

میڈم کپڑے لے لو شفا نہیں اپنی گوری کلائی کو باہر نکالتے ہوئے کپڑے لینے چاہے۔وہ بھی عاصم شاہ تھا جاتے جاتے بھی اپنی دیوانگی جتا کر گیا ہاتھ کو پکڑ کر چومتے ہوئے اس کو کپڑے تھمائے۔۔

جب کہ وہ اندر کھڑی سسک اٹھی تھی ایک اور محبت بھرے لمس کو محسوس کرتے ہوئے۔۔ریڈی ہو کے باہر آجاؤ میں جا کر دیکھوں احمر بھائی کو

کیا کہنا ہے۔۔اور جناب جلدی گھر کیوں آ گئے ہیں میرے رومینس میں ٹانگ اڑانے کے لیے وہ اپنے رومینس کی ایسی تیسی ہونے پر مسکرا رہا تھا۔۔ تم ذرا باہر آ کر ماہی کو فون کرو احمر بھائی ماہی اس سے ملنا چاہتے ہیں وہ کہتے ہوئے روم سے باہر جا چکا تھا۔۔۔

ooooooo

اباسائیں جن کو میری نظریں برداشت نہیں کر سکتی آپ ان سے میری بہن کا رشتہ کیسے کروا سکتے ہیں خرم آپے سے باہر ہوتا ہوا چیخا۔۔

خرم تو نے ان کے ساتھ فضول میں دشمنی پال رکھی ہے بات کو ختم کر دے اتنے سال ہو گئے ہیں چوہدری صاحب سمجھاتے ہوئے بولے۔۔

میں اپنی بہن کا رشتہ ماہی سفیان چوہدری کے ساتھ کبھی نہیں جوڑوں گا۔۔وہ دوٹوک بولا۔۔

پہلی گل کے مانور میری دھی ہے،اس کی زندگی دافیصلہ لینے کا حق بھی میرا ہے۔اور دوسری بات سفیان میرے دھی کی خوشی ہے تو میں اپنی دھی کی خوشیاں کورد نہیں کر سکتا۔۔

وہ بھی جب اس لڑکے میں کوئی برائی نہیں ہے صرف تیری دشمنی کی وجہ سے میں اپنی دھی کا دل نہیں توڑ سکتا۔

چوہدری صاحب کو آج ہی اس کی بیوی نے بتایا تھا کہ ماہ نور اور سفیان ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں۔۔چوہدری صاحب گاؤں میں رہنے کے باوجود بھی ایک وسیع سوچ کے مالک تھے۔۔

جن کا ماننا یہ تھا کہ بچوں پر زور زبردستی کر کے رشتے نہیں جوڑنے چاہیے

۔۔

مگر یہاں مسئلہ خرم چوہدری کا تھا جو سفیان چوہدری سے ایک گھوڑے کی ریس پر اس قدر بدزن تھا کہ آج تک ان دونوں میں دشمنی چل رہی تھی ۔۔سفیان چوہدری بیا کے ماموں کا بیٹا تھا۔۔۔ماں باپ کا کلوتا بیٹا تھا جو کافی ساری جائیداد کا اکلوتا مالک تھا۔۔اور کوئی نشہ وغیرہ یا بری لت بھی نہیں تھی پڑھا لکھا تھا اس لیے چوہدری صاحب کو اپنی اکلوتی بیٹی کے لیے ہر لحاظ سے سفیان کا رشتہ پرفیکٹ لگ رہا تھا۔۔

ابا سائیں پوری دنیا کے لڑکے مر گئے ہیں جو آپ کو میری بہن کے لیے یہ سفیان چوہدری ہی ملا ہے۔۔

اوئے کھوتے تو اپنی بہن کے لیے یہ دشمنی جو کہ تو نے فضول میں بنا رکھی ہے اس کو چھوڑ نہیں سکتا۔۔اکلوتی بہن ہے تیری اس کی خوشی کے لیے دفع کر چھوڑ دے یہ ساری لڑائی فساد۔۔

ابا سائیں آپ اپنی ضد کیوں نہیں چھوڑ دیتے۔۔

نہیں چھوڑ سکتا کیونکہ سفیان میری دھی کی خوشی ہے چوہدری صاحب حقے کا کش لگاتے ہوئے دوٹوک بولے۔۔

ہاں تو پھر مجھ سے پوچھنے کی کیا ضرورت ہے آپ کا فیصلہ آپ کی دھی کا فیصلہ دھی کی ماں کا فیصلہ، یہاں تک کہ میری بیوی کا بھی یہی فیصلہ کیونکہ وہ تو ویسے ہی اپنے بھائیوں پر جان دیتی رہتی ہے۔تو خرم چوہدری کیا اکھاڑ لے گا۔۔

جو جی میں آئے کرو میں بھی مہمانوں کی طرح شادی میں شامل ہو جاؤں گا وہ غصے سے اپنی شال کو ایک کاندھے سے دوسرے کاندھے پر لپیٹتے ہوئے تیز رفتاری سے وہاں سے جا چکا تھا۔۔۔

یہ تیر اپتر کبھی سدھرے گا یا نہیں چوہدری صاحب نے اپنی بیوی کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔اللہ کا واسطہ ہے چوہدری صاحب اب میرے بیٹے پر

تنقید کرنے مت بیٹھ جانا۔ سدھر گیا ہے۔ بہت سدھر گیا ہے میرا بیٹا۔ اور اتنا سا غصہ اس نے کرنا تھا ہم جانتے تھے اتنے سالوں کی دشمنی کو وہ دو منٹ میں کیسے چھوڑ دے گا۔۔۔

مگر ہو جائے گا صحیح میں سمجھاؤں گی اور پھر میری یہ بیادھی بھی تو ہے نا۔ یہ بھی تو سمجھائے گی پاس کھڑی ہوئی بیا جو خرم چوہدری کو اتنے غصے میں جاتے دیکھ گھبرائی ہوئی تھی۔ اس کا ہاتھ پکڑ کر اس کی ساس نے پاس بٹھاتے ہوئے کہا۔۔

پتر تم بھی اسے سمجھانا کہ وہ رشتے کے لیے مان جائے۔۔ تائہ جان میں کیا سمجھاؤں آپ کو پتہ ہے کہ ان کا غصہ کتنا تیز ہے۔۔
ذرا سی بات سے وہ بھڑک جاتے ہیں نہ بابا نا میں تو کوئی بات نہیں کروں گی بیانے تو صاف بیچ میں سے نکل جاتے ہوئے کہا۔۔

ہاں بیا پتر تو اپنے رشتے میں دراڑ مت ڈالنا۔۔ہم خود اس سے بات کر لیں گے
چوہدری صاحب نے عقلمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا۔۔
تینوں اس وقت اسی سوچ میں گم تھے کہ خرم چوہدری کو اس رشتے کے لیے
خوش کیسے کرنا ہے۔۔۔

ooooooo

شاہ میر آج صبح سے گھر پر فون نہیں کر سکا تھا کیونکہ کام کا بہت زیادہ لوڈ تھا۔
پچھلے دنوں مرہا کے ساتھ ہوئے حادثے کی وجہ سے اس نے کافی چھٹیاں
گزاری تھی۔۔

دو دن پہلے ہی اپنے گھر وہ واپس آ چکے تھے۔۔ایک رونق کا سماں بند گیا تھا ان
کے گھر واپس جانے سے شاہ میر کی ماں اور بابا بہت خوش تھے۔۔
اور مرہا بھی بہت خوش تھی واپس اپنے گھر آ کے۔کتنے دنوں سے تو اس
نے رٹ لگا رکھی تھی کہ اسے شاہ میر جلدی سے گھر واپس لے کر جائے۔۔

شاہ میر تنگ آگیا تھا اس کے اس روز کے مدے سے۔۔اس کے پاؤں کا زخم بھی کافی حد تک ٹھیک ہو چکا تھا تو شاہ میر اسے گھر واپس لے آیا۔۔

اور اب واپس ڈیوٹی پر آکر شاہ میر کا کام بہت زیادہ بڑھ چکا تھا۔ جس کی وجہ سے اسے گھر فون کرنے تک کا ٹائم نہیں مل سکا تھا۔۔ابھی تھوڑا سا فری ہوا تو وہ گھر فون کرنے کا سوچ ہی رہا تھا کہ موبائل پر رنگ ٹون بجنے لگی تھی۔۔

۔۔شاہ میر کے انابی لبوں تلے مسکراہٹ پھیل گئی تھی مسکراتے ہوئے اس نے سامنے ٹیبل پر رکھے ہوئے فون کو اٹھایا اس کی امید کے مطابق اس کی جان کا ہی فون تھا۔۔۔

اسلام علیکم میر کی جان کیا حال ہے۔ بڑی محبت سے کہا تھا۔۔

جب کہ وہ جانتا تھا کہ سامنے سے کیا جواب آنے والا۔۔جواب بالکل اس کی امید کے مطابق ہی آیا تھا۔۔آپ مجھے بٹر مت لگائیں اور مجھے یہ بتائیں کہ صبح سے آپ نے مجھے فون کیوں نہیں کیا۔۔

ناراضگی کے ساتھ غصے سے بھری ہوئی آواز میں بولی تھی۔۔

میر کی جان آج کام بہت زیادہ تھا اس لیے اپنی جان کو فون نہیں کر سکا قسم لے لو مس تمہیں میں نے پورے ٹائم کیا ہے۔۔

اے سی پی صاحب اپنی بیوی کے غصے سے ڈرتے ہوئے سر خم تسلیم لہجے میں اپنی صفائی پیش کر رہے تھے۔۔

کوئی آپ مجھے یاد نہیں کرتے آپ صرف مجھے اس وقت یاد کرتے ہیں جب میں آپ کے سامنے ہوتی ہوں یا بھر جب آپ نے مجھے ! وہ کہتے ہوئے چپ کر گئی تھی۔۔

بولو بولو میر کی جان جب میر کو آپ پر محبت نچھاور کرنی ہوتی ہے اس وقت یاد کرتا ہوں۔۔ مرہا کے ادھورے الفاظوں کو مکمل تشکیل کرتے رہے بولا۔۔۔

ہاں یہی کہنا چاہتی تھی۔۔۔اس کی محبت کے مان میں بھری ہوئی مرہا نے بہادری سے قبول کیا کہ اس کا یہی مطلب تھا۔۔

یاد تو میں اپنی جان کو ہر سانس کے ساتھ کرتا ہوں اور رہی محبت کے ٹائم پر تھوڑا زیادہ یاد کر لیتا ہوں یہ سچ ہے۔۔ مرہا کے موڈ کو لائٹ کرنے کے لیے شاہ میر مزاق کا سہارا لے رہا تھا۔۔۔

آپ مجھ سے بات مت کریں۔ میں نے صرف یہ بتانے کے لیے فون کیا ہے کہ میں آپ سے بہت ناراض ہوں۔۔

اس کی پیاری سی خبر پر شاہ میر کے لب مسکرائے۔۔

کوئی بات نہیں میری جان کو پورا حق ہے ناراض ہونے کا۔۔آخر مجھ سے اتنی بڑی گستاخی ہوئی ہے کہ آج میں نے اپنی جان کو پورا دن فون نہیں کیا

۔۔۔

میں گھر آکر اپنی جان کو منالوں گا۔ محبت سے بھری آواز میں بول رہا تھا۔

!! میں نہیں مانوں گی اٹل جواب آیا

!! میں پھر بھی منالوں گا

!! میں پھر بھی نہیں مانوں گی آپ جتنی مرضی کوشش کرلیں

ہمم۔۔میر کی جان ایسا دن ابھی تک طلوع نہیں ہوا اور ایسی شب رات نہیں گزری جب شاہ میر ملک اپنی جان کو منا چاہے اور منا نہ سکے۔۔

اپنی محبت پر شاہ میر کو بہت یقین تھا اسی یقین سے اس نے کرسی سے ٹیک لگائے ہوئے مسکرا کر کہا۔۔

آج آپ جتنی مرضی کوشش کر لیں میں نہیں مانوں گی۔بولتے ہوئے ٹھک سے اے سی پی شاہ میر ملک کے منہ پر فون بند کر دیا۔۔۔

اے سی پی صاحب اج ماحول کچھ ضرورت سے زیادہ ہی گرم لگ رہا ہے وہ اپنے دل میں سوچتا ہوا مسکرایا تھا اسے اندازہ ہو گیا تھا کہ تاپمان ضرورت سے زیادہ گرم ہے۔۔۔

کام بہت زیادہ تھا وہ واپس سے اپنے لیپ ٹاپ کو کھول کر مصروف ہو گیا۔۔
جب کہ دماغ میں مرہا مکمل چھائی ہوئی تھی۔۔

ooooooooo

شاہ!! شاہ۔۔شاہ کی جان دو منٹ رکو میں ابھی آیا۔

رومان شاہ سٹڈی روم میں بیٹھا ہوا اپنے آفس کا کام کر رہا تھا۔۔

وہ اپنا زیادہ تر کام میرب کے سوتے سوتے ہی نپٹا لیتا۔۔رومان شاہ نے اپنی ایک روٹین سیٹ کر رکھی تھی۔۔۔تہجد میں اٹھ کر وہ دوبارہ دوپہر کے ٹائم کچھ دیر آرام کرتا تھا۔جب میرب بھی آرام کے لیے لیٹتی۔۔

وہ میرب کو ایک منٹ کے لیے بھی نہ تو اکیلا چھوڑتا تھا اور نہ ہی اسے بور ہونے دیتا تھا۔۔

سارا دن اسے چھوٹے چھوٹے چٹکلے سنا کر خوش رکھتا تاکہ اپنی پین کی جانب اس کا دھیان کم ہی جائے۔۔

اس کے باوجود بھی اکثر میرب چڑچڑی سی ہو کر رونے لگتی تھی۔جب پین کی شدت زیادہ ہوتی۔۔

فجر کی نماز کے بعد حسب معمول رومان شاہ قران پاک کی تلاوت کرنے کے بعد بیٹھا ہوا لیپ ٹاپ پر اپنا کام کر رہا تھا جب اسے میرب کی آواز سنائی دی۔۔۔

میرب اٹھ چکی تھی اور پیروں میں بہت زیادہ سوجن اور درد کی وجہ سے رومان شاہ نے اسے سختی سے منع کر رکھا تھا کہ وہ خود سے بیڈ سے نہیں اترے گی۔۔

شاید اسی لیے میرب اسے بلا رہی تھی جلدی سے لیپ ٹاپ کو سلیپنگ موڈ پر ڈالتا ہوا سٹڈی روم سے نکل آیا تھ۔۔

جی بولو شاہ کی جان گڈ مارننگ میرا بچہ اٹھ گیا ہے۔چہرے پر ہمیشہ کی طرح مسکراہٹ سج جائے رومان شاہ اس کی جانب بڑھا تھا۔۔

میر بیڈ پر لیٹی ہوئی تھی پیٹ کافی بڑا ہو چکا تھا۔ تو میرب کو اپنے چھوٹے سے وجود کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے میں بھی دقت ہوتی تھی۔۔اور اس کا کیس کوئی نارمل کیس بھی نہیں تھا۔۔

وہ بیڈ پر لیٹی ہوئی تھی پیٹ واضح اونچائی پر دکھائی دے رہا تھا۔۔مجھے واش روم میں لے کر چلیں شاہ مجھے برش کرنا ہے وہ دھیمے سے لہجے میں بولی۔۔

میرب کافی ڈل رہنے لگی تھی اس کے اندر کی تکلیف اس کے چہرے پر دکھائی دیتی تھی۔۔

سب کچھ اللہ تعالی کے ہاتھ میں تھا کیونکہ نہ تو رومان شاہ کی دعاؤں میں کوئی کسر تھی اور نہ ہی ڈاکٹرز کی دوائیوں میں۔۔

ہمم! اب میرا بچہ چل کر جائے گا یا میں گود میں اٹھا کر لے کر چلوں وہ پیار سے میرب کے اوپر جھک کر ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے بولا تھا۔۔

نہیں میں خود چلی جاؤں گی بس آپ مجھے بیڈ سے نیچے اتارنے میں ہیلپ کر دیں۔

وہ اپنا ہاتھ رومان شاہ کے گلے میں ڈالتے ہوئے اٹھنے لگی۔۔

اگر میری جان کو چلنے میں تکلیف محسوس ہو رہی ہے تو میں اپنے بچے کو اٹھا کر لے جا سکتا ہوں۔ تمہارا شاہ اتنا پاور فل تو ہے کہ اپنے دونوں بیبیز کو اٹھا سکے وہ بولتے ہوئے اس کے زردی مائل چہرے بخوبی دیکھ رہا تھا۔ مگر اپنے لبوں پر مسکراہٹ سجائے ہوئے تھا۔

کیونکہ میرب رومان شاہ کے چہرے پر اپنے لیے زندگی دیکھتی تھی۔۔۔۔

مجھے پتہ ہے کہ میرا شاہ بہت پاور فل ہے۔ مگر آپ مجھے خود سے چلنے دیں میرا دل کر رہا ہے شاہ چہل قدمی کرنے کو وہ گلے میں دونوں بازو ڈالتے ہوئے بیڈ سے نیچے پاؤں لٹکانے لگی تھی۔۔

جبکہ شاہ اس کی ٹانگوں کو پکڑ کر نرمی سے بیڈ سے نیچے اتار رہا تھا۔ وہ بیڈ سے ٹانگیں لٹکائے ہوئے بیٹھ گئی تھی۔ شاہ نے خود چپل نیچے بیٹھ کر اس کے پیروں میں پہنائی۔۔

میرب کے پاؤں پر بہت زیادہ سوجن ہونے کی وجہ سے میرب کو اپنی جوتے فٹ نہیں آتے تھے۔۔

شاہ نے ہمیشہ کی طرح اپنے پاؤں میں پہنا پہنی ہوئی چپل اتار کر میرب کے آگے رکھی۔۔

اور نرمی سے اس کے پیروں میں پہنا دیے۔ اس کے گولو مولو سے گورے گورے پاؤں شاہ کی چپل میں بہت کیوٹ لگتے تھے۔۔

ایسا نہیں تھا کہ گھر میں اور کوئی جوتے نہیں تھے۔ مگر شاہ جب اپنے جوتے اتار کر میر کو دیتا۔۔۔ میرب کے چہرے پر جو خوشی اور چمک ہوتی تھی اس کے لیے رومان شاہ روز اپنے ہی جوتے اتار کر اس کے آگے رکھتا۔۔

اس کی کمر پر ہاتھ رکھ کر اسے نرمی سے واش روم کی جانب لے جاتے ہوئے قدم بڑھانے لگا۔۔خود واش روم کے سامنے رکھے ہوئے جوتے پہن کر واش روم میں داخل ہوا تھا۔۔

وہ روز کی طرح شاہ نے میرب کے پاس کھڑے ہو کر ہی اسے فریش کروایا۔۔

اس کو برش اپنے ہاتھوں سے کروا رہا تھا۔۔

حالانکہ میرب کہتی تھی کہ اس کے ہاتھ ٹھیک ہیں وہ کر سکتی ہیں مگر رومان شاہ اپنی محبت کے آگے اتنا بے بس اور مجبور تھا کہ اسے ایسا لگتا کہ اگر میرب ذرا سا خود کو جھٹکا دے گی تو اس کو تکلیف ہو گی۔۔

وہ روز میرب کی پشت پر کھڑا ہو کر سامنے مرر میں دیکھتے ہوئے اسے برش کرواتا۔۔

وہ میرب کو کلی تک کے لیے جھکنے نہیں دیتا۔۔۔خود اپنے ہاتھ میں کپ بناتے ہوئے پانی بھر کر اسے کلی کروا رہا تھا۔۔

میرب کو رشک آتا تھا رومان شاہ کی محبت پر۔ہر شوہر اپنی بیوی سے بہت پیار کرتا ہے مگر رومان شاہ جیسی محبت آج تک نہ کبھی کسی نے کی اور نہ کوئی کر سکتا ہے۔۔۔

یہ محبت نہیں تھی یہ جنون تھا ایک عشق تھا ایک ایسی کہانی تھی جس کو رومان شاہ کی محبت نے سینچا تھا۔۔

شاہ!!ہمم!!ٹاول سے اس کا چہرہ خشک کرواتے ہوئے اسے واپس اپنے ساتھ باہر لے جا رہا تھا کہ میرب نے واش روم سے باہر آ کر ایک محبت بھری نظر شاہ کے چہرے کی جانب ڈالی۔۔

جس کا جواب رومان شاہ نے مسکراتے لبوں سے دیتے ہوئے۔آئی برو اٹھا کر پ اشارے سے پوچھا کہ وہ کیوں دیکھ رہی ہے۔۔۔

شاہ کبھی کبھی مجھے آپ کے پیار پر رشک آتا ہے۔۔میرب اس لائق نہیں تھی جتنا آپ میرب کو پیار کرتے ہیں۔۔

وہ محبت اور معصومیت سے ایمانداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے پورے دل سے رومان شاہ کی محبت کو داد پیش کر رہی تھی۔۔

میری جان کس لائق ہے اور کس لائق نہیں اس کا فیصلہ تم مجھ پر چھوڑ دو اور میرا فیصلہ یہ ہے کہ میری میرب میری جان یہ سب ڈیزرو کرتی تھی۔۔

جس عشق کی تم آج تعریف کر رہی ہو اس عشق کی بنیاد میرب رومان شاہ نے رکھی ہے۔۔۔تو پھر تم کیسے کہہ سکتی ہو کہ تم میری محبت کے لائق نہیں تھی۔۔

رومان شاہ نے اتنی محبت سے جملے بولے کہ میرب کے دل نے ایک خوبصورت پیاری سی بیٹ مس کی۔۔

وہ میرب کو پیار سے لے جا کر واپس پیڈ پہ بٹھا چکا تھا اسے بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے اس کے پاؤں کو نرمی سے سیدھا کرتے ہوئے سب سے پہلے آئل لے کر اس کے پیروں پر مساج کرنے لگا۔۔

کیونکہ مساج کے بعد میرب کے پیروں میں درد میں کمی آجاتی تھی یہ آئل اس کی ڈاکٹر نے ریکمنڈ کیا تھا۔۔

اس کے پیروں کو گود میں رکھے ہوئے اپنے پیر بیڈ سے لٹکا کر بیٹھا تھا۔۔ نرمی سے مساج کرتے ہوئے میرب زردی مائل چہرے کو دیکھ رہا تھا۔۔

شاہ مجھے بالکل اچھا نہیں لگتا جب آپ میرے پاؤں کو یہ آئل لگاتے ہیں میرب نے ہمیشہ کی طرح شرمندہ انداز سے کہا۔۔۔اسے نہیں اچھا لگتا تھا شاہ کا یوں اس کے پیروں کو ہاتھ لگانا وہ تو اپنے شاہ کو ہمیشہ ایک اونچے مقام پر دیکھتی تھی۔۔

میرب میری جانب دیکھو شرمندہ مت ہوا کرو یار یہ سب کچھ میں اپنی جان کو ٹھیک کرنے کے لیے کر رہا ہوں۔۔

جب تم ٹھیک ہو جاؤ گی اس کے بعد نہیں کروں گا۔۔میں جانتا ہوں میری جان کو اچھا نہیں لگتا۔۔۔ چلو اب میرا بچہ مسکرا کر دکھائے۔۔رومان شاہ کے کہنے پر میرب ہلکے سے مسکرائی تھی۔۔

اب شاہ بیٹھا ہوا اسے اپنے ہاتھوں سے ناشتہ کروا رہا تھا میرب بھی پیار سے شاہ منہ میں نوالے ڈال رہی تھی۔۔۔

شاہ آپ آج مجھے کہیں باہر لے کے چلیں میں بہت تنگ آ گئی ہوں۔گھر میں رہ رہ کر وہ ناشتہ کرتے کرتے بیچ میں بولی تھی۔۔۔

او کے ڈن بتاؤ میرے بچے نے کہاں جانا ہے میں لے چلوں گا۔۔شاہ نے فوراً سے حامی بھرتے ہوئے ایک اور نوالہ اس کے منہ میں ڈال دیا۔۔

شاہ مجھے اور نہیں کھانا نوالے کو منہ میں ڈال اگلی بائٹ کے لیے منع کر رہی تھی۔۔۔

ایسا کچھ نہیں ہو گا یہ آپ کا ناشتہ ہے اور آپ کو فنش کرنا ہے۔۔اتنے بڑے مٹکے جیسے پیٹ کے اندر دو ٹوس اور ایک انڈا نہیں آپ سے ڈالا جاتا ۔۔۔میرب شرم کرو میرب کے پیٹ کی جانب دیکھتے ہوئے شاہ نے کہا۔۔۔

میری اتنے بڑے پیٹ کے اندر میرا بے بی بھی رہتا ہے یہ بھی یاد رکھا کریں۔میرب چھوٹی سے ناک کو سگنوڑتی ہوئی مسکرائی۔۔۔

ہمم!!ہاں تو کھانا بھی تمہارا اور بے بی کا ہے تو دونوں مل کر کھاؤ۔۔رومان شانے اسے اپنی لالچے دار باتوں میں الجھاتے ہوئے نوالہ اس کے منہ میں ڈال دیا تھا۔۔

میرب جب بھی کھانے میں آناطانی کرتی تھی تو شاہ اسی طرح سے اپنی لچھے دار باتوں میں الجھا کر کھانا کھلاتا تھا۔۔۔

میرب مجھے آج تھوڑی دیر کے لیے گھر سے باہر جانا ہے۔۔

تمہیں میں نے بتایا تھا نا کہ احمر کا رشتہ دیکھنے جانا ہے۔۔ تمہارے پاس میں مرہا کو چھوڑ کر جاؤں گا۔۔

تم نے اپنا بہت خیال رکھنا ہے اور شام کو پھر ہم گھومنے چلیں گے۔۔۔ برتن اٹھا کر سائیڈ ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

مرہا کا نام سن کر میرب بہت خوش ہو گئی تھی۔۔ کافی دن ہو گئے تھے دونوں کو آپس میں ملے ہوئے۔۔

مرہا کو شفا کے ساتھ ہونے والے حادثے کے بارے میں کچھ بھی نہیں پتہ تھا۔۔ رومان شاہ نے میرب کو ہر طرح کی پریشانی سے دور رکھا تھا۔۔

کب تک آپ جائیں گے اور مرہا کو میرے پاس چھوڑیں گے میرب نے تجسس سے پوچھا۔۔

میں نہیں جاؤں گا شاہ میر کو فون کر دیا ہے وہ مرہا کو کچھ دیر میں یہ ہاتھ چھوڑ جائے گا۔۔

اور تم دونوں نے بچوں کی جیسے کوئی حرکت نہیں کرنی ورنہ میں بہت سختی سے پیش آؤں گا۔۔

رومان شاہ جانتا تھا کہ مرہا اور میرب ایک ہی مزاج کی ہیں وقت ملتے ہی ان لوگوں کو عجیب عجیب حرکتیں سوچتی ہیں۔۔۔

کیا شاہ ہم کیوں بچوں کے جیسے حرکتیں کریں گے اب ہم بڑی ہو چکی ہیں۔۔ بڑے پر اعتماد لہجے سے جواب دیا۔۔

تم دونوں جتنی بڑوں والی حرکتیں کرتی ہو مجھے بڑی اچھی طرح سے اندازہ ہے۔ یہ مت بولنا کہ روم میں کیمرہ لگا ہے اور میری نظر تم دونوں پر ہو گی۔۔

رومان شاہ میرب اور مرہا پر ٹرسٹ نہیں کر سکتا تھا۔۔

پتہ ہے کہ روم میں کیمرہ لگا ہوا ہے آپ کو جسوسیاں کرنے کا بہت شوق ہے

میرب کو رومان شاہ کی دھمکی بالکل پسند نہیں آئی تھی۔۔

یہ چھوٹی سی ناک کو اتنا سنگوڑا مت کرو۔۔اس کی ساتھ ہو کر اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے قریب کر لیا۔۔۔ چلو اب ناشتہ بھی ہو گیا ہے اپنی ناک کو سیدھی کر کے مجھے گڈ مارننگ والی کسی دودھ چہرہ اس کے اوپر جھکاتے ہوئے بولا۔۔

شاہ آپ کیساں لے لے کر تھکتے نہیں ہیں وہ مسکراتے ہوئے بولی۔۔۔

تم یہ سوال روز مجھ سے پوچھ پوچھ کر تھکتی نہیں میرب کی نقل اتارتے ہوئے بولا۔۔

رومان شاہ اس کے لبوں پر جھکا اپنی مارننگ کسی لے رہا تھا جب روم کا دروازہ کھٹکاتے ہوئے مرہا اندر داخل ہوئی تھی۔۔

شاہ ایک دم سے میرب سے دور ہوا۔۔

اسلام علیکم بھائی کیسے ہیں۔۔وہ خوشی سے چہکتی ہوئی تیز تیز قدموں سے آ کر رومان شاہ سے لپٹ گئی تھی۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔۔ کیسی ہو بہت دنوں کے بعد تمہیں بھائی کی یاد آئی وہ بھی تم میرے بلانے پر آئی ہو۔۔ رومان شاہ اس کو گلے لگا کر پیار دیتے ہوئے شکوہ کر رہا تھا۔۔۔

یہ بات آپ میر سے پوچھیں وہی مجھے لے کر نہیں آتے۔۔ وہ شاہ سے مل کر میرب کی جانب جاتے ہوئے بولی تھی۔ ماشاءاللہ ماشاءاللہ میرب تم کتنی پیاری لگ رہی ہو۔ گولو مولو سی۔۔ وہ میرب کو گلے ملتے ہوئے خوشی سے بولی۔۔۔

شاہ میر بھائی نہیں آئے!! میرب کی آنکھیں اپنے بھائی کا انتظار کر رہی تھی مگر اکیلی مرہا کو دیکھ کر میرب نے اداس سے ہوتے ہوئے پوچھا تھا۔۔

ایسا کیسے ہو سکتا ہے کہ تمہارا بھائی تمہیں ملنے نہ آئے۔۔ شاہ میر جو دروازہ کھول کر اندر داخل ہوتے ہوئے میرب کی آواز سن چکا تھا۔

شاہ میر کے ساتھ ناراضگی جتاتے ہوئے مرہا اس سے پہلے بڑے بڑے قدم پھلانگتی ہوئی آگئی تھی۔۔

وہ اب تک ناراض تھی شاہ میر کے فون نہ کرنے پر۔۔ سارے راستے شاہ میر نے منایا مگر میرب کا موڈ اب بھی خراب تھا۔۔۔

میرب نے خود کو جلدی سے چادر لیتے ہوئے کور کیا اسے شرم آرہی تھی اپنے حلیے پر شاہ میر اس کا بڑا بھائی تھا۔۔

میری گڑیا کیسی ہے شاہ میر اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر اپنے ساتھ لگاتے ہوئے پیار سے بولا میں ٹھیک ہوں بھائی اپ کیسے ہیں میں بھی ٹھیک بالکل فرسٹ کلاس بس تمہاری اس بھابی اور سہیلی کا موڈ خراب ہے شاہ میر نے مرہا کی جانب پوائنٹ کرتے ہوئے کہا۔۔اور دوسری جانب سے ہوتا ہوا رومان شاہ سے مصافہ کرتے ہوئے وہیں پر بیٹھ گیا۔۔

ہاں تو تم نے ایسی کوئی حرکت کی ہو گی جس کی وجہ سے میری بہن کا موڈ خراب ہے رومان شاہ نے مسکراتے ہوئے اپنی بہن کی طرفداری کی جو میرب کے پاس بیٹھ چکی تھی۔۔

جی بھائی آپ نے بالکل ٹھیک کہا۔۔اب انہوں نے خود سے بات شروع کی ہے تو میں آپ کو بتاتی ہوں کہ میں کیوں ناراض ہوں۔۔

پولیس اسٹیشن میں جا کر ایک بار بھی فون نہیں کیا۔۔انہیں میری کوئی فکر نہیں ہے وہ اپنا کیس اپنے بھائی کی عدالت میں رکھ چکی تھی۔۔

بہت غلط بات ہے شاہ میر بھائی اس میں تو میں بھی میرب کے ساتھ ہوں۔ آپ نے کیوں میرب کو فون نہیں کیا میرب بھی اپنی بھابھی کے ساتھ ہو چکی تھی۔۔رومان شاہ سے پہلے میرب بول اٹھی تھی اپنی بھابھی کی طرفداری کرنے کے لیے۔

کیا بات ہے بھئی تم سب تو اس کی سائیڈ ہو گئے۔۔میں بیچارہ اکیلا بندہ تو کچھ نہیں کر سکتا۔۔غلطی ہو گئی آئندہ میں ٹائم سے فون کیا کروں گا۔۔۔

وہ مسکراتے ہوئے سینے پر ہاتھ رکھ کر مودبانہ انداز سے بولا۔۔۔تو سب قہقہہ لگا کر ہنس دیے تھے۔۔

رومان شاہ بھی تیار ہو کر شاہ میر کے ساتھ ہی نکل گیا۔۔۔شامیر کو واپس ایک بار پولیس تھانے جانا تھا۔اور رومان شاہ کو احمر کے گھر جا کر وہاں سے اس کی امی اور عاصم شاہ کو ساتھ لے کر ماہی کے گھر رشتہ لینے جانا تھا۔۔شاہ زیب کو فون کر دیا تھا جو ڈائریکٹ ان کو ماہی کے گھر پر ہی ملنے والا تھا۔۔

جبکہ مرہا اور میرب اس وقت ایک ساتھ تھی جن کو بہت تاکید کی گئی تھی کہ وہ اپنا خیال رکھیں۔۔۔۔شاہ میر اور رومان شاہ جا چکے تھے۔۔میرہا اور میرب بیٹھی آپس میں گپے مار رہی تھی۔۔

ooooooooo

oooooooooo

ماہی کی بچی زیادہ بک بک نہیں کرو ایک بار آکر چکر لگاؤ۔۔احمر بھائی تم سے مل کر بات کرنا چاہتے ہیں شفا ماہی سے فون پر بات کر رہی تھی۔۔

تم اپنے احمر بھائی سے بولو کہ انہوں نے اب مل کر کون سا میرا ڈی این اے ٹیسٹ کرنا ہے۔۔اتنی بار تو میں ان سے مل چکی ہوں۔ماہی اپنی عادت سے مجبور شفا کی بات کو مذاق میں اڑاتے ہوئے بولی تھی۔۔

بدتمیز وہ تم سے مل کر تمہاری رضامندی جاننا چاہتے ہیں شاید شفا سر پکڑ کر رہ گئی تھی ماہی کی بکواس سے۔۔

تم ان سے کہو کہ میں پورے دل و جان سے رضامند ہوں ماہی کھی کھی کر کے ہستی ہوئی بولی۔۔

ماہی احمر بھائی کے سامنے تمیز سے پیش آنا ہم کہاں تمہاری گواہیاں دیتے پھر رہے ہیں۔کہ تم ایک بہت سلجھی ہوئی لڑکی ہو اور مہرمہ کا اور احمر بھائی کا بہت

اچھے سے خیال رکھو گی۔اور تمہاری یہ جو بچوں والی حرکتیں ہیں تم کہیں احمر بھائی کا بنابنایا رشتہ خراب مت کروادینا۔۔
شفا اسے سمجھاتے ہوئے سختی سے بولی تھی وہ جانتی تھی کہ شفا کی ایسی ہی عادت ہے وہ ہمیشہ سے چلبلی اور مسکری تھی۔۔

تم بے فکر رہو شفا جی میں تمہارے احمر بھائی اور مہرمہ کا پورا خیال رکھوں گی مہرمہ کے خیال میں چاہے تھوڑی سی کمی رہ جائے۔ مگر تمہارے احمر بھائی کو ہمیشہ میں اپنی گود میں اٹھا کر جھولا جھولاتی رہوں گی۔وہ بھی ماہی تھی اس پر شفا کی باتوں کا کون سا اثر ہونا تھا۔۔

اپنی بکواس بند کرو اور انسان بن کے سدھر جاؤ۔۔۔ماہی کی باتوں سے شفا کو ہنسی آرہی تھی۔وہ اس پانی ہنسی کو بامشکل روکتے ہوئے بولی۔۔

مجھے عاصم نے کہا تھا تمہیں ایک بار یہاں بلوانے کے لیے اب بتاؤ میں عاصم سے جا کر کیا کہوں۔۔

کہنا کیا ہے جا کر سچ بتاؤ کہ لڑکی پوری طرح سے رضامند ہے اور تم لوگوں کے آنے کا ویٹ کر رہی ہے۔۔۔

آج میں مہرمہ سے نہیں ملی پتہ میں کتنی اداس ہوں مگر ممی پاپا 15 دن بعد گھر آئے ہیں۔ تو میں نکل نہیں سکتی میری مجبوری ہے۔۔۔

تم لوگ اپنے کنبے کو لے کر آؤ اور ممی پاپا سے رشتہ مانگوں۔۔۔اور جلدی سے یہ شادی والی فارمیلٹی پوری کر کے مجھے لے جاؤ۔۔۔تاکہ میں مہرمہ کے ساتھ آرام سے رہ سکوں۔۔بینا کوئی بات کو گھمائے پھرائے ماہی نے ایک ہی جھٹکے میں ساری تفصیلی بات بول دی۔۔۔

ماہی قسم سے تم کتنی بے شرم ہو اپنی شادی کی بات کتنے دھڑلے سے کہہ رہی ہو۔اس کی بے تکی باتوں سے شفا ہنستے ہوئے لوٹ پوٹ ہونے لگی تھی

۔۔

۔۔حد ہے یار اب کوئی بندہ خوش ہو تو تم لوگوں سے وہ بھی ہضم نہیں ہوتا ماہی نے یہ ہنستے ہوئے جواب دیا۔۔

ویسے بھی تم جانتی ہو کہ ماہی کو گھوما پھیرا کر باتیں نہیں کرنی آتی اب میں خوش ہوں تو ہوں میں شرمانے کا ڈرامہ نہیں کر سکتی۔۔وہ صاف گوئی سے بولی۔۔

اور پلیز تم لوگ جلدی آؤ اور آکر ممی پاپا سے بات کرو۔۔کیونکہ ممی بابا صرف چار پانچ دن کے لیے پاکستان ہی آئے ہیں۔۔۔نہیں تو اگلے دو مہینوں

تک ممی پاپا وہی پر رہیں گے۔۔ان کی کوئی امپورٹڈ میٹنگ چل رہی ہیں۔۔۔اوکے میں جا کر عاصم کو بولتی ہوں۔۔وہ فون بند کر چکی تھی۔۔۔

oooooooo

حیران ہوں عاصم تم لوگوں پر اس لڑکی کو میں ابھی ملا نہیں کوئی بات نہیں ہو سکی۔۔اور تم نے رومان شاہ کو بھی بلوا لیا ہے۔اور جانے کی تیاری بھی کر لی ہے۔میں حیران ہوں تم لوگوں کی جلد بازیوں پر۔۔

ٹی وی لاؤنج میں عاصم شاہ احمر اور اس کی والدہ بیٹھی ہوئی تھی۔۔عاصم شاہ اس بات پر ناراض تھا کہ بنا اس لڑکی سے بات کیے وہ ان کے گھر رشتہ لے جانے کیسے جا سکتے ہیں۔۔۔۔۔

احمر بھائی پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے میں نے شفا سے کہا ہے کہ وہ ماہی کو فون کر دے وہ تھوڑی دیر کے لیے یہاں سے چکر لگا کے چلی جائے گی

اس کے بعد ہم ان کے گھر چلے جائیں گے۔اپ پوچھ لینا جو کچھ بھی اس سے پوچھنا چاہیں۔۔عاصم نے مسئلہ سالو کر دیا۔

نہیں ماہی نہیں آ رہی میں نے فون کیا تھا۔اس نے آنے سے منا کر دیا ہے۔
ٹی وی لاؤنج میں داخل ہوتے ہی شفاان کی بات کا جواب دیتے کہا۔۔۔
کیوں کیوں نہیں آ رہی!!عاصم شاہ نے اس کی جانب دیکھتے ہوئے تجسس سے کہا۔۔۔

عاصم شاہ بات کرتے ہوئے اپنی گردن پر انگلی رکھ کر آنکھوں سے اسے کچھ اشارہ کر رہا تھا۔۔جسے شفا سمجھ نہیں پا رہی تھی۔۔
ہاں بولو بیٹا ماہی کیوں نہیں آ رہی۔کیوں اس نے آنے سے منع کر دیا آنٹی پریشان سی ہو گئی تھی۔۔ماہی کے نہ آنے کا سن کر۔وہ تو کتنے خواب سجائے بیٹھی تھی اپنے بیٹے کا گھر بنانے کے لیے۔۔

شفا جو عاصم شاہ کے جانب دیکھنے لگی تھی اور اپنی بات بیچ میں چھوڑ چکی تھی ۔۔احمر کی ماں کی آواز پر شفا ان کی جانب متوجہ ہوئی۔۔

آنٹی وہ کہہ رہی تھی کہ اس کے ممی پاپا صرف چار پانچ دن کے لیے ہی پاکستان آئے ہیں۔۔

اس کے بعد اگلے دو مہینوں تک وہ آؤٹ آف کنٹری ہی رہیں گے۔۔

تو اس لیے وہ نہیں آسکتی۔۔

مگر اس نے کہا ہے کہ آپ لوگ بے فکر ہو کر آجائیں۔ کیونکہ وہ اس رشتے پر خوش ہے۔۔۔اور اس کی اپنی ممی پاپا سے بات ہو چکی ہے ان کو بھی کوئی اعتراض نہیں ہے۔۔شفا نے پوری بات ایک ہی سانس میں بتادی۔۔

چلو ٹھیک ہے بیٹا پھر ہم لوگ تو تیار ہیں۔۔ہاں جی ہم لوگ تو بالکل تیار ہیں ریڈی بیٹھے ہوئے ہیں!!احمر نے نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے ناراض انداز سے کہا تھا۔۔

چلو بیٹا اب کوئی مسئلہ مت پیدا کرنا اٹھو اور اللہ کا نام لو اچھے کام میں دیر نہیں کرنی چاہیے۔۔وہ اپنے بیٹے کو تھوڑا سخت انداز میں سمجھاتے ہوئے بول کھڑی ہو گئی۔۔۔میں ذرا اپنی چادر لے کر آتی ہوں وہ کہتے ہوئے اٹھ کر اپنے روم کی جانب چلی گئی۔۔۔

میں ذرا مہرمہ سے مل کر آتا ہوں آپ لوگ تیاری کرو۔احمر اٹھ کر اپنے بگڑے زاویے والے منہ کے ساتھ مہرمہ کے روم کی طرف چل دیا۔۔۔۔

کیا آپ مجھے اشارے کر رہے تھے میں اتنی کنفیوز ہو گئی تھی کہ مجھ سے بات نہیں ہو رہی تھی۔۔کیا سوچتے ہوں گے میرے بارے میں احمر بھائی اور آنٹی ان کے جاتے ہی شفا نے ناراضگی کا اظہار کیا۔۔۔

وہ صوفے کی پشت پر اپنے ہاتھ رکھے ہوئے کھڑی تھی۔۔

عاصم شاہ اپنی جگہ سے اٹھ کر اس کے بے حد قریب آکر کھڑا اس کے کان پر جھک گیا۔۔مائی لو میرے ساتھ روم میں چلو بتاتا ہوں کہ اشارہ کیوں کر رہا تھا۔۔

وہ تمہارے بارے میں کیا سوچیں گے اس کو چھوڑو تم خود اپنے بارے میں کیا سوچو گی یہ میرے لیے بھی جاننا ایک تجسس کی بات ہے۔۔

وہ سرگوشی میں بولتا ہوا پیچھے ہو کر اس کا ہاتھ تھامتے ہوئے اسے اپنے ساتھ روم میں لے جا رہا تھا۔۔

روم میں آکر روم کا دروازہ بند کیے اسے مرر کی جانب لے جا رہا تھا۔۔

کیا کر رہے ہیں عاصم ! کیا دکھانا چاہتے ہیں۔۔وہ بیزاری سے بولی تھی۔۔سامنے شیشے میں دیکھو خود ہی سمجھ آجائے گا۔۔وہ اس کے دونوں کاندھوں پر ہاتھ رکھ کے سامنے مرر کے اندر اشارہ کرتے ہوئے بولا تھا۔۔

شفا نے مرر کے اندر جب دیکھا تو وہ شرم سے لال ہوتے ہوئے اپنے چہرے پر ہاتھ رکھ کر واپس عاصم شاہ کی جانب مڑتے ہوئے اس کے سینے میں سر چھپا گئی تھی۔۔۔۔

ہاہاہاہا!! عاصم شاہ کا جاندار کہہ کر روم میں گونج اٹھا تھا اس کے گرد اپنی پاؤں کا حصار بنا کر اسے اپنے سینے میں چھپا۔لیا۔۔

اب سمجھ گئی عاصم شاہ کی جان کہ کیوں اشارے کر رہا تھا۔۔اس کے بالوں پر لب رکھ کر محبت سے چومتے ہوئے کہا۔

شفا کی گردن پر عاصم شاہ کی محبت کی خوبصورت مہریں لگی ہوئی تھی۔جو عاصم شاہ آتے ہی دیکھ چکا تھا۔۔۔

اور اشارے سے اسے بتانا چاہ رہا تھا جو شفا کو سمجھ نہیں آیا۔۔

اوراب شفاشرم سے پانی پانی ہورہی تھی یہ سوچ کر کہ اگر یہ نشان کسی اور نے دیکھ لیے ہوں گے۔تواس کے بارے میں کیاسوچیں گے۔۔۔۔

چلواب اتناشرمانے کی ضرورت نہیں ہے اگر دیکھ لیے کسی نے دیکھ لیں۔۔ تمہارے شوہر کی محبت کے نشان تھے کوئی گناہ نہیں کیامیری چھوٹی سی جان نے جواتناشرماکر بے حال ہورہی ہو۔۔

اپنے سینے میں سر چھپائے ہوئے شفاکو شرم سے لال پیلی ہوتے دیکھ عاصم شاہ نے اسے پیار سے کہا۔۔۔ نہیں آپ نے ایسا کیاہی کیوں اب کیاسوچیں گے آنٹی اور احمر بھائی میرے بارے میں اگر انہوں نے یہ نشان دیکھ لیے تو

۔۔۔

وہ آہستہ سے سینے سے سر نکال اوپر کی جانب دیکھتے ہوئے بولی۔۔

مائی لو اب تم اپنا خیال رکھا کرو کیونکہ میں تو ایسے خوبصورت نشان تمہیں روز دینے والا ہوں۔۔

وہ اس کے لبوں پر لب رکھتے ہوئے اس کی پنکھڑیوں کو قید میں لے گیا۔۔

اس کے لبوں کی نمی کو اپنے اندر انڈیلتے ہوئے ایک بار پھر اسے سانسوں کے کے لیے تنگ کیے کھڑا تھا۔۔۔

ooooooo

رومان شاہ جناب آپ ہمارے گھر تشریف لائے یہ ہمارے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں۔۔ماہی کا والد بے حد پر جوش انداز میں ان سب کا استقبال کر کے بٹھا چکا تھا۔۔

وہ رومان شاہ کو تو اپنے گھر میں دیکھ وہ پھولے نہیں سما پا رہا تھا۔۔رومان شاہ بزنس کی دنیا میں ایک ایسا نام اور پہچان رکھتا تھا جسے کسی شناخت کی ضرورت نہیں تھی۔۔

رومان شاہ خود میں ہی ایک ایسا برانڈ تھا جسے ہر کوئی ملنا چاہتا تھا۔۔رومان شاہ بزنس کی دنیا میں ان بلندیوں پر پہنچ چکا تھا۔۔جسے پانے کے لیے لوگ ساری زندگی گزار دیتے ہیں۔۔اور پھر بھی یہ مقام حاصل نہیں کر پاتے۔۔۔

رومان شاہ نے وہ مقام چھوٹی سی عمر میں حاصل کر لیا تھا۔۔رومان شاہ کو ماہی کا باپ بہت اچھی طرح سے جانتا تھا جب کہ رومان شاہ بھی ماہی کے باپ کے نام سے کچھ حد تک واقف تھا۔۔

کیونکہ انڈسٹری میں ان کا بھی ایک اچھا مقام تھا۔مگر کبھی ان کا آمنا سامنا نہیں ہوا تھا۔۔ماہی کا باپ ہمیشہ سے رومان شاہ سے ایک اچھی بزنس ڈیل کرنا چاہتا تھا جو کہ کبھی ممکن نہیں ہو سکی تھی۔۔

اور آج اچانک اپنے گھر میں رومان شاہ کو دیکھ کر ماہی کے باپ کی خوشی کی انتہا نہیں تھی۔انہوں نے بہت خوش دلی سے ماہی کا رشتہ انہیں دے دیا تھا۔

کیونکہ احمر خوبصورت پڑھا لکھا نوجوان تھا۔جو کہ عمر میں ماہی سے کافی بڑا تھا مگر اس کی فٹنس اور پرسنلٹی کو دیکھ کر اس کی عمر اتنی لگتی نہیں تھی۔۔

ماہی اپنے ماں باپ کو پہلے سے آگاہ کر چکی تھی کہ اسے کوئی اعتراض نہیں تھا ۔کہ وہ شادی شدہ ہے یا ایک بیٹی کا باپ۔تو اس لیے انکار کی کوئی خاص وجہ بچتی نہیں تھی۔۔

اوپر سے رومان شاہ کا اس کے ساتھ کافی گہرا تعلق تھا۔۔جو کہ ماہی کے باپ کو بے حد اچھا لگا۔۔احمر کے ساتھ آئے ہوئے اس کے دوست دیکھ کر یہ اندازہ ہو رہا تھا۔کہ احمر ایک سلجھا ہوا انسان ہے ڈاکٹر شاہ زیب جو ایک مشہور ہارٹ سرجن تھا۔۔

رومان شاہ جو ایک بہت مشہور بزنس مین تھا۔۔

عاصم شاہ جو ایک بہترین پروفیسر تھا۔اس لیے احمر کی فیملی بیک گراؤنڈ کا اندازہ اس کے دوستوں کو دیکھ بہت اچھی طرح سے ہو گیا۔۔۔

اوراس رشتے میں ان کی بیٹی کی خوشی شامل تھی تو رشتہ بہت آسانی سے طے ہو گیا۔۔۔

ایک دوسرے کو مٹھائی کھلائی گئی اور دو دن بعد رخصتی اور نکاح ایک ساتھ ہونے تھی یہ فائنل ہو چکا تھا۔۔۔

کیونکہ انہوں نے وجہ بتادی تھی کہ آنے والے دو مہینوں تک ان کے پاس کوئی ٹائم نہیں ہے وہ آؤٹ آف کنٹری رہیں گے۔۔

احمر حالانکہ اتنی جلدی نکاح کے حق میں نہیں تھا مگر گھر والوں نے اسے اتنا پریشرائز کر رکھا تھا کہ وہ بیچارہ تو کچھ بول ہی نہیں سکا۔۔۔

ماہی کے پاپا نے بتایا کہ ان کی دو بیٹیاں ہیں۔دوسری بیٹی جو کہ آؤٹ آف کنٹری رہتی ہے۔۔

وہ شادی میں شامل نہیں ہو سکے گی۔اور وہ زیادہ لوگوں کو انوائٹ بھی نہیں کرنا چاہتے تھے۔۔بس کچھ خاص رشتے دار اور دوست شامل ہوں گے۔۔سادگی سے نکاح ہونا طے پایا تھا۔۔

بیٹا آپ اگر ماہی سے ملنا چاہیں تو مل سکتے ہیں۔ویسے تو میرے خیال سے آپ کی کافی بار ملاقات ہو چکی ہے ماہی اکثر آپ لوگوں کے گھر آیا جایا کرتی ہے

اس کے والد نے احمر سے کہا۔۔

اب احمر بچارا کیسے بتاتا کہ اس نے تو آج تک کبھی ماہی کو اس نظر سے دیکھا ہی نہیں۔۔۔اس نے ہاں میں سر کو ہلا دیا تھا۔۔نہیں سر ہم بہت بار مل چکے ہیں تو اس کی ضرورت نہیں۔۔

احمر نے دل کی بات کو دباتے ہوئے بولا تھا۔۔جب کہ جو حقیقت سے واقف تھے ان کے لبوں پر ہلکی تھی سمائل آگئ تھی جو ہنسی میں تبدیل ہونا چاہتی تھی۔۔

وہ ب اپنی قہقوں والی ہنسی کو بامشکل روکے ہوئے تھے۔۔۔یعنی کہ رومان شاہ ڈاکٹر شاہ زیب اور عاصم شاہ۔۔وہ اچھی طرح سے جانتے تھے کہ وہ غصے سے یہ بات بول رہا ہے۔

اور غصہ اس کو اپنے گھر والوں پہ تھا۔۔ جنہوں نے بنا ماہی سے بات کیے،اس کا رشتہ اور نکاح رخصتی سب طے کر دیے تھے۔۔۔

اس کی وہ اب وہاں پر ماہی سے ملنا ہی نہیں چاہتا تھا۔۔ماہی کو اس کی والدہ نے وہاں بلوالیا تھا۔۔

احمر کی ماں نے بات پکی کرتے ہوئے 50 ہزار جیسی رقم اس کے ہاتھ میں تھماتے ہوئے بات پکی کر کے مبارک باد دی تھی۔۔۔

ساتھ میں احمر کی ماں کے ہاتھ میں پیوظر گولڈ کی انگوٹھی پہنی ہوئی تھی جو انہوں نے بڑے پیار سے اتار کر ماہی کی انگلی میں ڈال دی۔۔۔

آج سے یہ ہماری بیٹی ہے اور دو دن کے لیے یہ آپ کے پاس ہماری امانت ہے وہ خوشی سے بولتے ہوئے ماہی کو اپنے ساتھ لگا گئی۔۔

ماہی کو بالکل شرم نہیں آرہی تھی بس بیچاری شفا کے کہنے پر مجبوری چپ ہو کر شرمانے کا ناٹک کر رہی تھی۔۔

ماہی کے کہنے کے مطابق یہ فیچر اس کے اندر ابھی تک لاؤنچ ہی نہیں ہوا تھا۔۔ صبح سے شفا کوئی 40 بار اسے فون کر کے بول چکی تھی کہ اس نے شرمانا ہے۔۔بس اسی کا مان رکھتے ہوئے بیچاری شرمانے کی بھرپور ایکٹنگ کر رہی تھی۔۔

ooooooooo

عاصم شاہ اور شفا شادی کے لیے تیار ہو چکے تھے۔احمر اور اس کی امی جان کو بھی بتا دیا گیا تھا کہ وہ شاید اپنے دوست کے ہاں رات رکیں کیونکہ بہت گہرا دوست ہے۔۔

عاصم شاہ نے بتایا کہ وہ اس کا بہت گہرا دوست ہے اس لیے شادی میں جانا ضروری ہے اور آج کی رات وہ مہرمہ کا خیال رکھ لیں۔۔احمر اور آنٹی نے بے فکر ہو کر جانے کو کہا۔۔۔

شفا کافی ایکسائٹڈ اور خوش تھی پہلی بار یوں وہ عاصم شاہ کے ساتھ کسی شادی میں جا رہی تھی۔۔

فل بلیک کلر کی پیروں کو چھوتی ہوئی فراک پہنی ہوئی، جس پر نفیس سلور کام کیا ہوا تھا۔۔

پیروں میں بریک سٹریپ والی ہائی ہیل پہن کر وہ اچھی خاصی ہائٹ بڑھا چکی تھی۔۔۔

سموکنگ میک اپ کیے وہ ایک دم لک چینج کیے ہوئے تھی۔۔
بالو کی ہائی پونی بنائے۔۔کانوں میں خوبصورت سی بالیاں پہن رکھی
تھی۔گلے میں چھوٹا سا سلور کلر کا نیکلس پہنا ہوا تھا۔۔
عاصم شاہ اپنی شہزادی کو دیکھ دیوانہ سا ہوا جا رہا تھا۔۔مگر اس وقت وہ شادی پر
ٹائم سے پہنچنا چاہتا تھا اس لیے اس نے اپنے جذباتوں پر کنڑول رکھنے کی
بھرپور کوشش کی۔۔۔
صرف چند سیکنڈ کے لیے اس کے لبوں پر نرمی سے لب رکھتے ہوئے چوما تھا
۔سختی اس لیے نہیں دکھائی کیونکہ اس کی لپسٹک خراب ہو سکتی تھی۔۔
جس کا وہ پہلے ہی ڈر ظاہر کر چکی تھی کہ میری لپسٹک خراب مت کیجئے گا۔

عاصم شاہ مسکرایا تھا یہ سوچ کر کہ اس لپسٹک خراب نہ ہو، چاہے میرے
جذبات خراب ہو جائیں۔۔اس کا کوئی ڈر نہیں۔۔اس کی پنکڑیوں پر اپنے

لبوں کی حدت چھوڑتے ہوئے۔احمر اور آنٹی کو بتا کر گھر سے شفا کو لے کر نکل آیا۔وہ گاڑی میں بیٹھ چکے تھے۔۔

عاصم شاہ کی نظریں بار بار شفا کی جانب اٹھ رہی تھی۔۔جو اس وقت بے حد خوب صورت لگ رہی تھی۔۔
شادی کے بعد آج پہلی بار عاصم شاہ نے شفا کو اتنا تیار دیکھا تھا۔۔

ooooooo

عاصم یہ تو ہمارا گھر ہے نا! شفا اپنے اپارٹمنٹ کے سامنے اپنی گاڑی کو رکتے دیکھ چہک اٹھی تھی۔۔
کتنے مہینے ہو گئے تھے ان کو اپنے اس اپارٹمنٹ سے احمر کے گھر شفٹ ہوئے وہ بہت مس کرتی تھی اپنے گھر کو۔۔۔

یس مائی لو یہ ہمارا ہی اپارٹمنٹ ہے اس کے چہرے پر بکھری خوشی کی لالی دیکھ عاصم شاہ مسکرایا تھا۔ گاڑی پارکنگ ایریا میں لگاتے ہوئے وہ دونوں گاڑی سے باہر نکل آئے تھے۔۔۔

لیکن عاصم ہم تو آپ کے دوست کی شادی میں جا رہے تھے، پھر ہم ہمارے اپارٹمنٹ میں کیا کرنے آئے ہیں اچانک سے شفا کو یاد آیا۔۔

کیوں تمہیں اچھا نہیں لگا کہ میں تمہیں یہاں ہمارے گھر لے کر آیا ہوں۔

اس کے ہاتھ کو نرمی سے اپنے ہاتھ میں پکڑ کر لفٹ میں اینٹر ہوتے ہوئے ،عاصم شاہ نے اس پر ایک گہری محبت بھری نظر ڈالتے ہوئے پوچھا۔۔۔

نہیں ایسی تو کوئی بات نہیں مجھے تو بہت اچھا لگا ہے کہ ہم اتنے مہینوں کے بعد اپنے اس پیارے سے اپارٹمنٹ میں واپس آئے ہیں۔۔

شفا نے مسکراتے ہوئے جواب دیا وہ خوش تھی اپنے اپارٹمنٹ میں آ کر۔

لفٹ آکران کے فلور پر رکی تھی۔وہ دونوں ایک ساتھ چلتے ہوئے اپنے اپارٹمنٹ کے دروازے پر آ گئے۔۔

عاصم شاہ نے چابی سے دروازہ کھولا دونوں گھر کے اندر داخل ہو گئے۔عاصم شاہ دروازہ بند کرتے ہوئے اس کے پیچھے پیچھے چلتا جا رہا تھا۔۔۔کہ اپنے آگے چلتی ہوئی شفا کی کلائی کو تھام کر اپنی جانب کھینچا۔۔۔

وہ اس اچانک ہوئی آفات کے لیے تیار نہیں تھی۔لڑکھڑاتے ہوئے عاصم شاہ کے مضبوط چوڑے سینے سے آن ٹکرائی تھی۔۔شفا کی پشت پر اپنا مضبوط سینہ رکھے اگلے ہی پل اسے اپنے مضبوط باہوں کے دائرے میں قید کر چکا تھا۔۔۔

یہ کیا کر رہے ہیں آپ!!وہ تیز دھڑکنوں کو لیے عاصم شاہ کی جانب پیچھے کو منہ موڑتے ہوئے بولی۔۔۔

اس کے خوبصورت چہرے پر حیا کے رنگ دیکھ عاصم شاہ بے اختیار اس کی پنکھڑیوں کو لبوں سے چھو کر چومتا ہوا مدہوش سا ہوا۔۔

مائی لو اپنی پیاری سی بیوی کو پیار کر رہا ہوں۔۔جو بہت دنوں سے کوشش کے باوجود کر نہیں سکا۔۔وہ سرگوشی میں بولتا ہوا اس کی گردن کی سائیڈ پر لب رکھتے ہوئے اپنے گرم گرم لمس سے اسے سسکنے پر مجبور کر گیا۔۔۔۔

ہم شادی سے لیٹ ہو جائیں گے وہ اپنی دھڑکنوں کی رقص میں سبکتی ہوئی با مشکل بولی تھی۔۔۔

کس شادی سے لیٹ ہوں گے وہ کانوں کے لو گوں کو چومتے ہوئے مسکرایا۔۔

جس شادی کے لیے ہم گھر سے نکلے تھے اپنے کان کی لو پر اس کے لبوں کا لفظ محسوس کر کے وہ آنکھیں بند کر کے ہونٹوں کو ہلکا سا کھولیں تیز سانسیں ہوا میں چھوڑ رہی تھی۔۔

اپنے چھوٹے چھوٹے لمسوں سے اس کی تیز ہوتی سانسوں کو دیکھ عاصم شاہ کے لب بے اختیار دل کش انداز سے مسکرائے تھے۔۔

عاصم شاہ کی جان کوئی شادی نہیں تھی میں تمہیں یہاں پر ہی لے کر آیا ہوں شادی صرف ایک بہانہ تھی۔۔

اسے گھوما کر اس کا رخ اپنی جانب کرتے ہوئے ایک ہاتھ اس کی قمر پر رکھیں ہوئے تھا۔۔۔

دوسرا ہاتھ اس کی گردن پر رکھ انگوٹھے سے اس کی خوبصورت نازک سی گال کو رب کرتے ہوئے گہری نظروں سے اس چہرے پہ حیا کے بکھرتے ہوئے رنگ دیکھنے لگا۔۔۔

شفا تھوڑا سا خود کو سنبھالو ابھی تو میں نے ابتدا کی ہے اور تم شرمانے کی انتہا کرنے لگی ہو۔۔ابھی تو میں نے محبت کی انتہا کرنی ہے۔۔۔وہ سرگوشی میں بولتا ہو نیچے جھک کر اسے اپنی گود میں اٹھا چکا تھا۔۔

وہ آنکھیں بند کیے عاصم شاہ کی نظروں سے خود کو محفوظ کر رہی تھی۔۔جبکہ عاصم شاہ اسے اپنے روم میں جاتے ہوئے بہکتی نگاہوں سے دیکھتے ہوئے اس کو مسکرا رہا ہے۔۔

مائی لو آنکھیں کھول کر ایک بار دیکھو تو صحیح۔۔عاصم شاہ کے اتنے مہینوں کا صبر یوں بند آنکھوں سے ادا نہیں ہو گا۔۔وہ اس کو یوں شرما کر لال ٹماٹر ہوتا دیکھ سرگوشی میں بولا۔۔

وہ پلکوں کو پلکوں سے میچے ہوئے اپنی تیز دھڑکنوں کو بے ترتیب ہوتے ہوئے سن رہی تھی۔۔عاصم شاہ کی سرگوشیاں اور دونوں کی بے ترتیب دھڑکنیں اس کے حواسوں کو اور بھی برخستہ کر رہی تھی۔۔۔

شفامیری طرف دیکھو یار بہت صبر کیا ہے تمہارے پروفیسر نے اس خوبصورت رات کے لیے۔۔اب تم بند آنکھیں کر کے میرے صبر کا مزید امتحان نہ لو۔وہ سرگوشی میں بولتا ہوا اسے نیچے کھڑا کر چکا تھا۔۔۔

نن۔۔۔نہی۔۔۔نہیں مجھ سے نہیں دیکھا جائے گا۔مجھے بہت شرم آ رہی ہے وہ

بامشکل لفظوں کو توڑتے ہوئے بولی۔۔

عاصم شاہ کی بے تاب انگلیاں اس کی قمر پر رقص کر رہی تھی۔اسے اپنے سینے سے لگائے اس کی پشت پر ہاتھ باندھے کھڑا تھا وہ تیز سانسوں میں آنکھیں بند کیے کھڑی تھی۔۔۔

اتنامت ڈرو شفا اتنی محبت سے محبت کروں گا کہ کب میں خود کو تم میں شامل کرلوں گا۔ تمہیں احساس بھی نہیں ہو گا۔ میری محبت کو قبول کر کے نچھاور کرنے کا موقع تو دو۔۔اس کے ماتھے پر عقیدت سے لب رکھتے ہوئے چوم کر کہا۔۔۔

مجھے ڈر لگ رہا ہے اس کے سینے میں سر چھپاتے ہوئے دونوں ہاتھ اس کے سینے پر رکھے ہوئے بولی۔۔۔

مائی لو پچھلے چھ مہینوں سے عاص شاہ تمہارے بے حد قریب رہا وہ بھی اپنے پورے حق رکھتے ہوئے۔۔

کبھی تم پر زور زبردستی سے حق حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی اور نہ ہی کروں گا۔۔

آج بھی تمہاری اجازت کا طلبگار ہوں ہمارے اس خوبصورت رشتے کو مکمل ہونے دو میری باہوں میں آؤ میں تمہیں محبت سے سمیٹ لوں گا۔۔

ڈر کی کوئی جگہ باقی ہی نہیں رہ جائے گی وہ سر گوشی میں بولتے ہوئے اس کے نازک سی گالوں پر باری باری اپنی سخت بیر ڈوالے گال رب کرتے ہوئے خمار آلود لہجے میں بول رہا تھا۔۔۔

سوچ لو مائی لو تمہاری چپ کو میں انکار ہی مانوں گا۔۔عاصم شاہ تب تک تمہارے اس خوبصورت وجود پر کبھی اپنا پورا حق نہیں جتائے گا جب تک تمہاری رضامندی سے ہاں نہ ہو۔۔۔

شفا کو مسلسل چپ اور آنکھیں بند کیے دیکھ عاصم شاہ نے بڑی نرمی سے جھک کر اس کی گال کو چومتے ہوئے کہا اور پیچھے ہو گیا۔۔۔

میں نے آپ کو انکار تو نہیں کیا! وہ جاتے ہوئے عاصم شاہ کا ہاتھ اپنی نازک سے ہاتھ میں پکڑتی ہوئی بولی۔۔

عاصم شاہ اپنا ہاتھ تھامنے پر بنا پلٹے لبوں میں مسکرایا۔۔وہ بھی تو یہی دیکھنا چاہتا تھا کہ ، کیا شفا ان چھ مہینوں میں اس کی محبت کو محسوس کر کے اس کے رنگ میں رنگی ہے یا نہیں۔۔

ایسا کہنا بالکل ٹھیک ہو گا کہ عاصم شاہ نے شفا کو اپنے پیار کی کسوٹی پر پرکھا تھا جس پر شفا ثابت قدم ثابت ہوئی تھی۔

۔میری جان نے مجھے انکار نہیں کیا تو اقرار بھی تو نہیں کیا نا۔۔کچھ تو ایسا اشارہ دو جس سے مجھے لگے کہ میری جان میری محبت کو دل سے قبول کر کے میری قربت میں آنے کو تیار ہے۔۔

وہ واپس پلٹتے ہوئے اس کے دونوں نازک سے ہاتھ اپنے مضبوط ہاتھوں میں تھامے کھڑا تھا۔۔۔

میں کیا کہوں ! مجھے کیا کہنا چاہیے ! وہ حیا کی لالی میں سرخ ہوتی ہوئے نظریں جھکائے معصومیت سے بولی تھی۔۔

کچھ نہ کہو کیونکہ کچھ کہنا میری معصوم سی جان کے بس کی بات نہیں ہے ۔۔اسے اپنی باہوں کے دائرے میں لیتے ہوئے محبت سے بولا تھا۔۔

شفا نے جس محبت سے عاصم شاہ کا ہاتھ تھاما تھا وہ یہ ثابت کرنے کے لیے کافی تھا کہ شفا عاصم شاہ کی قربت سے بھاگنا نہیں چاہتی۔بس اس کی فطرتی شرم وحیا تھی جو سے روکے ہوئے ہے۔۔

اس کے چہرے پہ جھکتے ہوئے لب نازک سی پنکڑیوں پر رکھ دیے۔ پکڑیوں کولبوں میں قید کیے نمی کے قطروں کو بڑی محبت سے اپنے اندر انڈیل خود کو سہراب کرنے لگا۔۔۔

وہ خود کو عاصم شاہ کے رحموں کرم پر چھوڑ کھڑی تھی۔۔کیونکہ اس کے دل پر بھی عاصم شاہ کی محبت کی مہریں لگ چکی تھی۔۔

عاصم شاہ کی ایمانداری اور محبت نے اسے عاصم شاہ سے محبت کرنے پر مجبور کر دیا تھا۔بس کبھی کہنے کی ہمت نہ کر سکی تھی۔۔

اب عاصم شاہ اسے اپنی دسترت میں لے کر پورے حق سے حق وصول کرنا چاہتا تھا تو۔اسے کوئی اعتراض نہیں تھا۔مگر یہ اس کی شرم تھی جو اسے آگے قدم بڑھانے ہی نہیں دے رہی تھی۔۔

مگر عاصم شاہ کی ناراضگی کو دیکھ اپنی شرم کو بھی اپنے اندر ہی سمیٹے کھڑی تھی۔۔۔

عاصم شاہ بے قابو سا ہوتا ہوا اس کی پنکھڑیوں سے نمی بے صبری سے پی رہا تھا

۔۔

وہ اپنی رکتی ہوئی سانسوں کو محسوس کر کے عاصم شاہ کے سینے پر اپنے ہاتھوں کا دباؤ دیتے ہوئے پیچھے ہوئی۔۔

تیز تیز سانسیں لے رہی تھی وہ اپنی جان کو یوں تیز سانسوں میں سانسوں کے لیے ترستے دیکھ مسکرایا تھا۔۔۔

لب واپس اس کے لبوں پر رکھ کر اس کے اندر اپنی سانسیں انڈیلنے لگا۔۔

وہ آنکھیں بند کر کے پر سکوں ہو کر عاصم شاہ کے سانسوں کو اپنے اندر لیتے ہوئے اپنی سانسیں بحال کرنے لگی تھی۔۔۔

اب شفا کی سانس راست پر ہوئی تو۔۔عاصم شاہ نے اپنا سر پیچھے کرتے ہوئے لبوں کو پنکھڑیوں سے جدا کیا گہری نظر اس کے خوبصورت سجے سور روپ پر ڈالی۔۔۔

اس کی سر کے پیچھے ہاتھ رکھتے ہوئے ہائی پونی کو نرمی سے بالوں کے نیچے تک لے جاتے ہوئے بالوں کو آزاد کر چکا تھا۔۔

وہ اپنے دونوں ہاتھ عاصم شاہ کے سینے پر رکھیں۔اپنے بے جان وجود کو لیے کھڑی تھی۔۔

نظریں شاہ کے سینے پر مرکوز تھی شفا کی دھڑکنوں نے اندر ایک طوفان برپا کرر کھا تھا عاصم شاہ کے ہر لمس سے اس کے پورے وجود میں سنسنی سی دوڑ جاتی۔۔۔

اس کی کمر پر دونوں جانب ہاتھ رکھتے ہوئے اسے اپنے سات لگائے اوپر اٹھالیا پاس ٹریسنگ مرر کی ٹیبل پر اسے بٹھاتے ہوئے اس کے اوپر ہی جھکا ہوا تھا۔۔

اس کے کانوں میں پہنی ہوئی بالیوں کو انگلوں سے چھوتے ہوئے نیچے جھکا لب اس کی بالی پر رکھ کر کان کو چوم لیا۔

کان کے لو پر عاصم شاہ کے لبوں کا لمس محسوس کر کے وہ سسک اٹھی تھی۔۔

باری باری بالیوں کو اتار کر ڈریسنگ ٹیبل پر رکھا۔۔

گلے میں پہنے ہوئے نیکلس کو لبوں سے چومتے ہوئے۔ نیکلس کو بڑی نرمی سے گلے سے الگ کیا۔۔۔۔

ہاتھ اس کی کمر پر رکھے ہوئے ایک ہی جھٹکے میں گردن سے کمر کے نچلے حصے تک لگی ہوئی لمبی زپ کو پورا کھول چکا تھا۔۔۔

وہ شرم لال ہوتی ہوئی اپنی سانسیں روکے بیٹھی تھی۔۔

عاصم شاہ کے مضبوط ہاتھوں کی تپش کو اپنی کمر پر محسوس کرتے ہوے سسکنے پر مجبور ہو رہی تھی۔۔

عاصم شاہ اس کی گردن پر جھکا اپنے ہاتھوں کو بے لگام چھوڑے ہوئے تھا ہاتھ اس کی پوری کمر پر کھلی زپ کے اندر اپنی من مانیاں کر رہے تھے۔۔

اس کے (بی) کی ہک تک کھول چکا تھا۔۔۔

پوری زپ کے کھلنے کی وجہ سے فراک کاندھوں سے بہت سرک کر آگے کی جانب

آچکی تھی۔۔اس کی خوبصورت گھوری قمر عاصم شاہ کی نظروں کے پوری طرح سامنے تھی۔۔۔

اسے مرر کے اندر سے نظر آرہی تھی۔ جسے دیکھ عاصم شاہ بہکتا چلا جا رہا تھا۔

اسے جھٹکے سے اٹھاتے ہوئے بیڈ پر لا کر لٹا دیا۔۔اپنی شرٹ کے بٹن کھول کر زمین پر پھینک چکا تھا بے اختیار سا ہوتا ہوا پوری طرح بہک چکا تھا۔۔ اس کے اوپر گرتے ہوئے اس کی گردن پر جگہ باجگہ لمس چھوڑنے لگا تھا۔۔

اس کی فراک سرکتے سرکتے بہت حد تک سرک نیچے آچکی تھی۔۔۔عاصم شاہ اس کے دل والے مقام کو گہری نظروں سے دیکھ کر خماری سے مسکرایا تھا۔

جہاں پر فراک نہ ہونے کے برابر تھی۔۔۔لب اس کے دل والے مقام پر رکھتے ہوئے بڑی محبت سے نمی پینے لگا۔

۔وہ آنکھیں بند کیے تیز تیز سسکیاں بھرنے لگی تھی۔۔۔عاصم شاہ کے سلگتے لب اس کے دل والے مقام سے نمی کھینچتے ہوئے اس کی جان نکال رہے

تھے۔۔۔وہ تڑپ رہی تھی۔۔عاصم شاہ کے کاندھوں پر سختی سے ہاتھ رکھے ہوئے وہ تیز سانسیں لے رہی تھی۔۔

جبکہ عاصم شاہ اس کے دل والے مقام پر جھکا اور جھکتا ہی چلا گیا۔۔اس کی سسکیاں اسے اور بہکا رہی تھی اس کی سسکیاں سن کر وہ مدہوش سا ہوتا ہوا سحر اب ہو رہا تھا۔۔

عاصم شاہ کی شدتوں میں اضافہ ہونے لگا تھا۔۔شفا کی سسکیاں بڑھنے لگی تھی۔۔ سسکیوں میں آنسوں اس کی پلکوں کے باڑ توڑتے ہوئے نکل آئے تھے۔۔

جن کو عاصم شاہ نے اپنے لبوں سے چنتے ہوئے شفا کے وجود کو نرمی سے خود میں سمیٹ لیا۔۔۔جانتا تھا کہ شفا اس کے مقابل بہت نازک اور کمسن ہے۔۔

مگر اس کی ہمت کو سہراتے ہوئے مسکرایا تھا۔ جس نے عاصم شاہ کی محبت کو پورے دل سے قبول کرتے ہوئے اپنے وجود پر سارے حق دیے۔۔۔

عاصم شاہ نے بڑی نرمی سے اپنے حق وصول کیے مگر اس کی جان کے لیے وہ بھی بہت زیادہ تھا۔۔۔پلکوں کی باڑ سے آنسوؤں کے ساتھ چھوٹی چھوٹی سسکیاں بھرتے ہوئے عاصم شاہ کے سینے میں سر چھپائے رو رہی تھی۔۔۔

سوری عاصم شاہ کی معصوم جان اس سے زیادہ نرمی سے میں تمہیں خود میں شامل نہیں کر سکتا تھا۔۔اسے اپنی باہوں کے حصار میں لیتے ہوئے محبت سے سرگوشی کی۔۔

آج عاصم شاہ شفا کے نازک سے وجود سے اپنے سارے حق وصول کر چکا تھا۔۔۔ان کا رشتہ مکمل ہو گیا آج صحیح معنوں میں وہ شفا عاصم شاہ بن چکی تھی۔۔۔

پوری رات عاصم شاہ نے اپنی محبت کی شدتوں میں شفا کو توڑتے اور سمیٹتے ہوئے رات گزاری تھی۔۔

شفا تو عاصم شاہ کی شدتوں سے ٹوٹ اس کے سینے میں سر چھپائے گہری نیند میں سو رہی تھی۔۔

جبکہ عاصم شاہ اٹھ چکا تھا۔۔اور اب انہیں گھر واپس جانا تھا تقریباً دن کے 11 بجنے والے تھے۔۔

اور کل احمر اور ماہی کے نکاح کی ڈیٹ بھی فکس تھی۔۔

اس لیے آج جا کر گھر پر تیاریاں بھی دیکھنی تھی۔۔اپنے سینے میں سر چھپائے گہری نیند میں سوئی ہوئی شفا کو دیکھ عاصم شاہ کے لب مسکرائے تھے۔۔

شفا کو اتنی میٹھی نیند سے اٹھانے کا عاصم شاہ بالکل دل نہیں کر رہا تھا۔۔

کیونکہ وہ جانتا تھا کہ اس کی نازک سی بیوی عاصم شاہ کو برداشت کرتے کرتے کافی تھک چکی تھی۔۔

مگر اٹھانا اس لیے ضروری تھا کہ وقت پر گھر پہنچنا تھا۔۔اس سے پہلے کے گھر سے فون آتا عاصم شاہ شفا کو لے کے گھر پہنچ جانا چاہتا تھا۔۔

مائی لو عاصم شاہ نے شفا کے کان میں آہستہ سے سرگوشی میں کہا۔۔۔ہمم!! گہری نیند میں بامشکل بولی۔۔جان اٹھ جاؤ اب ہمیں گھر چلنا ہے اور جا کر احمر بھائی کی نکاح کی تیاریاں دیکھنی ہیں۔۔

اس کے گرد اپنی باہوں کے حصار بنائے ہوئے نرمی سے بولا۔۔

مجھے بہت نیند آرہی ہے مجھے تھوڑا اور سونا ہے۔۔وہ بچوں کی طرح واپس نیند میں جاتے ہوئے بولی۔۔

شفا ہمارے پاس ٹائم نہیں ہے جان ہمیں گھر چلنا ہے اگر مجبوری نہ ہوتی تو میں اپنی جان کو اور تھوڑی دیر سو لینے دیتا۔ بڑی محبت سے اس کی ہر بات کا جواب دے رہا تھا۔۔۔

پلیز دس منٹ اور سو لینے دے وہ ابھی تک نیند میں ہی بول رہی تھی کیونکہ جس طرح سے وہ بے حال سی حالت میں سو رہی تھی۔۔۔

اگر پوری طرح سے جاگ جاتی تو ابھی اس نے خود کو عاصم سا کی نظروں سے بچانے کے لیے کمبل کے اندر چھپ جانا تھا۔۔

وہ اس وقت عاصم شاہ کی شرٹ پہنے ہوئے سوئی تھی جبکہ عاصم شاہ بنا شرٹ کے اسے اپنے سینے پر لیٹ آئے ہوئے تھا۔۔۔

شفا اور نہیں سو سکتی پلیز اٹھ جاؤ 11 بج چکے ہیں۔۔ ہمیں ہر حال میں گھر پہنچنا ہے۔ تم اٹھو اور جلدی سے فریش ہو جاؤ اب عاصم شاہ اس کے گال پر لب رکھتے ہوئے لمس چھوڑتے ہوئے تھوڑا سا سختی سے اسے اٹھانے لگا۔۔۔

یہ بات آپ کو رات کو یاد نہیں تھی وہ منہ بسورتے ہوئے نیند کی خماری سے بھری ہوئی آنکھوں کو کھول کر عاصم شاہ کی جانب دیکھتے ہوئے بولی۔۔۔

رات کو کس کمبخت کو یاد تھا کہ صبح کیا ہونے والا ہے۔۔

رات کو تو تمہاری خوبصورتی نے عاصم شاہ کو پاگل بنا رکھا تھا۔۔

عاصم شاہ نے اس کے چہرے کو سر پر دباؤ دے کر اپنے چہرے پر چکاتے ہوئے اس کی کومل سی پنکڑیوں کو چوم لیا۔۔

وہ شرما کر واپس عاصم شاہ کے سینے میں سر چھپا گئی۔۔۔

شفا یار اب تو مت شرماؤ اب تو ہمارے درمیان سب پردے گر چکے ہیں وہ مسکراتے ہوئے بولا تھا۔۔

!! کوئی پردے وردے نہیں گرے

آپ تو پہلے بھی بے شرم تھے اب اور بے شرم ہو گئے ہیں۔۔

مگر مجھے تو شرم آرہی ہے۔ میں کیا کروں اپنی حالت کا اندازہ کرتے ہوئے اپنے اوپر لپیٹے ہوئے بلینکٹ کھینچتے ہوئے اپنے گرد لپیٹ کر عاصم شاہ کو سوچنے کا موقع دیے بغیر۔۔عاصم شاہ کے حصار کو جھٹکے سے توڑتی ہوئی بیڈ سے اتر کر کمبل لپیٹے ہوئے واش روم میں جا کر بند ہو گئی۔

مائی لوا بھی تو تمہیں عاصم شاہ نے اپنی بے شرمی دکھائی نہیں اور تم مجھے ٹائٹل دے کر چلی گئی ہو۔۔

کوئی بات نہیں اس کا میں تم سے پورا حساب کتاب لوں گا۔۔

وہ اس کی سپیڈ کو دیکھ قہقہہ لگا کر ہنسا تھا۔۔وہ گہری سانس فضا میں چھوڑتا ہوا دونوں ہاتھ اپنے سر کے نیچے رکھے ہوئے پر سکون سا لیٹا شفا کے نکلنے کا انتظار کر رہا تھا۔۔تاکہ وہ بھی فریش ہو سکے اور دونوں گھر جا سکیں۔۔

oooooooooo

احمر کا نکاح بہت سادگی سے ہو گیا تھا جس میں صرف رومان شاہ ڈاکٹر شاہ زیب ہما عاصم شفا اور احمر کی والدہ شامل تھے۔۔
میرب کی حالت ٹھیک نہیں تھی اس لیے وہ نہیں آسکی اور مرہا کو میرب کے پاس رومان شاہ چھوڑ کر آیا تھا۔اس کا خیال رکھنے کے لیے۔۔

ماہی کی جانب سے بھی زیادہ لوگ نہیں آئے تھے۔ نکاح کافی سادگی سے بس قریبی لوگوں کی موجودگی میں کیا گیا۔۔

ماہی کو ریڈ کلر کے خوبصورت لہنگے میں مبلوس دلہن کے روپ میں احمر کی گاڑی میں بٹھا دیا گیا۔۔

احمر کی والدہ رومان شاہ کے ساتھ پہلے ہی گھر کے لیے نکل گئی۔وہ چاہتی تھی کہ وہ اپنی بہو کا استقبال پہلے گھر پہنچ کر خود کرے۔۔

پچھلی گاڑی میں احمر عاصم شاہ شفا اور ماہی چاروں تھے۔۔ماہی اور شفا پچھلی سیٹس پر بیٹھی ہوئی تھی۔۔ جبکہ عاصم شاہ اور احمر فرینڈز پر۔۔دعاؤں کے ساتھ ماہی کے ماں باپ نے اپنی بیٹی کو احمر کے ساتھ رخصت کر دیا۔۔اس کی ایک بہن تھی جو کہ باہر تھی اور وہ شادی میں شامل نہیں ہو سکی۔۔۔اور کل صبح کی فلائٹ سے یہ لوگ بھی اگلے دو مہینوں کے لیے جا رہے تھے۔۔۔ یعنی کہ اب ماہی کی ملاقات اپنی فیملی سے دو مہینوں بعد ہو سکے گی۔۔

یہ کوئی طریقہ ہوا۔ان کی پہلی شادی ہوئی تھی۔میری تو نہیں ہوئی تھی سادگی سے نکاح کرنے کا کیوں کہا ان کی وجہ سے پاپا نے میری بات نہیں مانی۔۔ماہی گاڑی میں بیٹھی ہوئی شفا سے اپنی دل کی بھڑاس بیٹھتے ہی نکالنا شروع ہو گئی۔۔

اپنی طرف سے وہ کافی کم آواز میں بول رہی تھی جبکہ آواز احمر اور عاصم شاہ کے کانوں تک بخوبی پہنچ رہی تھی۔۔۔

ماہی تم اپنا منہ کچھ دیر کے لیے بند نہیں رکھ سکتی۔پارلر والی سے کہنا چاہیے تھا میک اپ کے ساتھ تمہارے منہ پر ٹیپ بھی چپکا دیتی۔۔

ماہی دبھی گھٹی آواز میں اس کو چپ کروا رہی تھی۔۔۔کیوں کیوں چپ کروں تمہیں کتنی بار کہا ہے شفا تمہیں اچھی طرح سے پتہ ہے یہ شرمانے اور دبانے والے فیچرز میرے اندر ابھی اپڈیٹ نہیں ہوئے۔۔

اب میں غصہ ہوں تو ہوں ماہی شفا کے لاکھ دبانے پر بھی ماہی اپنی طبعی گھٹی آواز میں بولنے سے باز نہیں آ رہی تھی۔

۔ماشاءاللہ یہ انتخاب ہے تم لوگوں کا احمر نے بہت کم اواز میں عاصم شاہ کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

عاصم تو ایسے نظریں سڑک پر جمائے ہوئے تھا جیسے ذرا سی بھی نظر ہٹی تو سڑک نے منظر عام سے غائب ہو جانا ہے۔۔۔
سن تو وہ بھی سب کچھ رہا تھا مگر اب بیچارہ کہتا بھی تو کیا کہتا۔۔

۔اس لڑکی کی حرکتیں دیکھ کر تو مجھے ایسا لگتا ہے کہ اس نے مجھے اور گھر کو کیا خاک سنبھالنا اس لڑکی کو مجھے سنبھالنا پڑے گا۔مجھے تو لگتا ہے کہ میری ذمہ داریاں اور بڑھ جائیں گی۔۔
احمر دماغ میں سوچتے ہوئے نفی میں سر ہلا کر عاصم شاہ کی جانب دیکھ رہا تھا۔۔

جبکہ عاصم شاہ بالکل سامنے نظر جمائے ہوئے سٹل تھا۔۔ پیچھے بیٹھی ماہی اور شفا اپنی بحث میں مگن تھی۔ماہی بول رہی تھی اور شفا چپ کروا رہی تھی۔۔۔

بھائی آپ ابھی کچھ دیر رک جائیں ناشامیر مرہا کو لینے آیا تھا۔کافی دیر بیٹھ چکا تھا۔ مگر میرب اب بھی اپنے بھائی کو روکنا چاہتی تھی۔۔

میرا بچہ ماما گھر پر ویٹ کر رہی ہیں ہمارا کھانے پر۔۔اور جب تک ہم گھر نہیں جائیں گے وہ کھانا نہیں کھائیں گی۔۔

تم ہماری موڑی ماما کو اچھی طرح سے جانتی ہو شاہ میر اس کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے پیار سے بولا تھا۔۔۔

ٹھیک ہے پھر آپ صبح مرہا کو میرے پاس چھوڑ جایئے گا بھائی آپ کو پتہ ہے میں بہت بور ہو جاتی ہوں۔۔

اوکے میں پوری کوشش کروں گا کہ اس کو چھوڑ کر جا سکوں۔۔ نہیں تو رومان سے کہنا یہ جناب جا کر اسے لے آئیں کیونکہ مجھے صبح بہت زیادہ کام ہے پولیس اسٹیشن میں۔۔۔

رومان شاہ کچھ بولا نہیں تھا۔۔مرہا رومان شاہ اور میرب سے ملتی ہوئی شاہ میر کی ہمراہ روم سے جا چکی تھی۔۔رومان شاہ ان کو چھوڑنے کی نیت سے ساتھ گیا اور ان کو الوداع کر گاڑی میں بیٹھا کر روم میں واپس آیا تھا۔۔

روم میں واپس آکر رومان شاہ بیڈ کی دوسری سائیڈ پر میرب سے دور ہو کر لیٹ گیا۔ریموٹ کنڑول سے دیوار پر لگی ہوئی ایل سی ڈی آن کر کے نیوز سننے لگا تھا۔۔

شاہ! آپ کا موڈ خراب ہے رومان شاہ کو خاموش اپنے سے دور بیٹھ کر اؤن سے سر لگائے بیٹھا دیکھ میرب نے پوچھا تھا۔۔

جو خود کو نیوز میں مشغول دکھا رہا تھا جبکہ ایسا بالکل نہیں تھا رومان شاہ میرب سے جتنی دوری پر بیٹھا تھا ایسا تو کبھی ممکن ہی نہیں تھا کہ رومان شاہ میرب کے روم ہوتے ہوئے اتنی دوری پر بیٹھتا۔۔

شاہ میں نے پوچھا آپ کا موڈ کیوں خراب ہے۔۔شاہ کا جواب نہ آنے پر میرب دوبارہ بولی۔۔

تمہیں نہیں پتہ کہ مجھے کیا ہوا ہے۔ نظریں سامنے سکرین پر جمائے بولا۔ماتھے پر پڑی ہوئی شکنیں اس بات کا ثبوت تھی کہ شاہ کا موڈ خراب ہے مگر کس وجہ سے میرب کو یہ سمجھ نہیں آئی۔۔

شاہ مجھے نہیں پتہ کہ آپ کیوں ناراض ہیں۔ابھی کچھ دیر پہلے تو سب کچھ بالکل ٹھیک تھا اچانک سے آپ کو کیا ہو گیا۔۔

ویری گڈ پھر تو پرابلم ہی سالو ہو گیا اچھی بات ہے اگر تمہیں نہیں پتہ تو چپ کر کے سو جاؤ۔۔مجھے بھی کچھ نہیں پتا وہ

ٹی وی آف کرتے اپنی جگہ پر لیٹ گیا اپنا رخ دیوار کی جانب کر کے آنکھیں بند کر لی۔۔

روٹھا ہوا رومان شاہ میرب کو تو بالکل ہضم نہیں ہو رہا تھا۔ وہ اپنے بڑے پیٹ پر ہاتھ رکھتے آہستہ سے سکرول ہوتی ہوئی اس کے قریب ہو گئی۔۔

میر اشاہ مجھ سے کیوں ناراض ہے اور میر اشاہ ایسا ناراض بالکل اچھا نہیں لگتا چہرہ اس پر جھکاتے ہوئے شاہ کی گال پر پیار سے چوم لیا۔۔۔

میرب تم سو جاؤ مجھے تم سے کوئی بات نہیں کرنی۔۔ شاہ اچھے خاصے ناراض موڑ میں تھا۔۔ دونوں ہاتھ سینے پر باندھے کروٹ لے کر دیوار کی جانب وہ رخ کیے ہوئے آنکھیں بند کر کے لیٹا ہوا تھا۔۔

شاہ پلیز بتائیں تو صحیح آپ کیوں ناراض ہیں۔۔ کیا ہوا ہے آپ کو۔۔ میرب کو پریشانی ہونے لگی تھی۔۔ وہ شاہ کے نیچے والی گال پر ہاتھ ڈالتے ہوئے شاہ کا چہرہ اپنی جانب کرتے ہوئے بولی۔۔

تم کیا کہہ رہی تھی اپنے بھائی سے کہ تم بور ہو جاتی ہو۔۔افففف شاہ آپ اس بات سے ناراض ہیں۔۔۔میرب اپنے ماتھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولی تھی۔۔

میرب کو اب سمجھ آیا تھا کہ شاہ اچانک سے ناراض کیوں ہوا۔۔

افففف کا کیا مطلب ہے۔۔۔میں غلط ناراض ہوا ہوں۔۔مجھے نہیں ہونا چاہیے تھا شاہ نے گھورتے ہوئے میرب کی جانب دیکھا۔۔

شاہ میں نے ایسا نہیں کہا کہ آپ غلط ناراض ہوئے ہیں شاہ میں نے تو بس ایسے سرسری سا بول دیا تھا۔۔اس سے پہلے کہ شاہ کا تاپمان اور گرم ہوتا میرب نے بات سنبھالنی چاہیے۔۔۔

تمہیں یہ سرسری سی بات لگتی ہے ! تم نے کہا تم بور ہو جاتی ہو اس کا مطلب یہ کہ میں تمہارا خیال نہیں رکھ سکتا اور میری کمپنی میں تم بور ہو جاتی ہو۔۔

جس کے لیے تمہیں مرہا اور شاہ میر کی ضرورت ہے تو تم ایک کام کرو تیاری کرو میں تمہیں ان کے پاس ہی چھوڑ آتا ہوں۔۔۔

شاہ نے غصے سے لال چہرے سے میرب کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہا۔اور واپس آنکھیں بند کر کے اپنا رخ دیوار کی جانب برقرار رکھا۔۔

پلیز سوری میرے کہنے کا ہر گز وہ مطلب نہیں تھا۔۔ مگر آپ کو برا لگا اس کے لیے سوری۔۔ میرب کو دکھ ہوا تھا اپنی بات کا اسے ایسا نہیں کہنا چاہیے تھا۔اس نے اپنے دماغ میں سوچا۔۔

سوری نہیں چاہیے اگر اپنے الفاظوں پر شرمندہ ہو تو مناؤ جیسے میں تمہیں مناتا ہوں۔۔ شاہ کے لبوں پر مسکراہٹ آئی انداز شرارتی ہوا تھا۔۔

جی نہیں میں آپ والے انداز سے نہیں منا سکتی۔ کیونکہ مجھے آپ پر ترس آتا ہے اگر آپ کے انداز سے مناؤں گی تو آپ کی سانس بند ہو جائے گی۔۔ میرا ہنستے ہوئے بولی۔۔

تمہیں میری سانسوں کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں میں تو چاہتا ہوں کہ تم میری سانسیں بند کر دو۔۔

شاہ اپنا رخ میرب کی جانب کرتے ہوے اس کے چہرے کو گہری نظروں سے دکھتے ہوئے کہا۔۔

شاہ اپنی جان سے اتنی دیر نہ ناراض نہیں رہ سکتا تھا۔۔

بس میرب کے ساتھ وہ اتنا ہی ناراض ہو سکتا تھا جتنا اس نے ہو لیا۔۔

اور اب میڈم اس کے جتنا قریب ہو کر بیٹھی تھی ایسے میں شاہ کے بس میں نہیں تھا کہ وہ اپنا رخ دیوار کی جانب رکھ پاتا۔۔۔

ہاتھ اس کی پیٹ سے گزارتے ہوئے اس کی کمر میں ڈال لیا میرب کا بے بی کافی ہیلدی تھا۔ جس کی وجہ سے میرب کا پیٹ ضرورت سے زیادہ بڑا نظر آتا تھا۔

دبلی پتلی سی میرب کا بڑا ہوا پیٹ اس پر بہت پیارا لگتا تھا۔۔

چلو مناؤ مجھے شاہ نے اپنے ہونٹوں کو گول کرتے ہوئے کس کرنے کا اشارہ کیا۔

منانے کے اور بھی بہت ساری طریقے ہوتے ہیں۔ میرب شاہ کے لبوں کو انگوٹھے سے رب کرتے ہوئے پیار سے بولی۔۔
مجھے یہی طریقہ پسند ہے تم مجھے اسی طریقے سے مناؤ۔اور ہمیشہ اپنی میٹھی میٹھی باتوں کا لولی پوپ میرے ہاتھ میں مت تھمایا کرو۔۔۔
مسکرا بھرے چہرے سے اوپر کو ہوتا ہوا میرب کے چہرے پر جھکنے لگا تھا۔۔

چلو شاباش مناؤ مجھے۔۔۔شاہ کے آتشی لب اس کے گلابی ہونٹوں سے تھوڑی سی تھوڑی پر آ گر رکھے ہوئے تھے۔۔

شاہ کے لب اتنے نزدیک تھے کہ اگر تھوڑا سا بھی اور جھکتا تو پنکھڑیوں کو چھ کر سکتے تھے۔۔

مگر آج تو اکڑوں مغرور شہزادہ اپنی شہزادی سے ہی کس لینے کے موڈ میں تھا۔۔۔

جہاں پناہ جب میلوں فاصلہ طے کر لیا ہے، تو پھر یہ سینٹی میٹر کے ماموں سے فاصلے کو طے بھی خود طے کرتے ہوئے جو کرنا چاہتے ہیں وہ کر لیں۔۔۔وہ مسکراتے ہوئے شرارتی انداز سے بولی۔

دونوں ہاتھ شا کے گردن میں ہار کی طرح ڈالے ہوئے تھی۔۔

اچھا جی!!! میں تو اس سینٹی میٹر کے فاصلے کو یوہی برقرار رکھوں گا، یہ سینٹی میٹر تو میری جان تم طے کرو گی۔۔

اپنا ہاتھ میرب کے کان کے نیچے رکھ کر گال کو سہلاتے ہوئے محبت اور خماری سے بھرے انداز میں کہا۔۔

شاہ آپ کو پتہ ہے۔آپ بہت کیوٹ ہیں۔۔شاہ کے گالوں کو دونوں جانب سے پکڑ کر بچوں کی طرح کھینچتے ہوئے بولی۔۔

سویٹ مائی فٹ مجھے کوئی شوق نہیں ہے سویٹ بننے کا یہ تو تمہاری ڈاکٹر نے جو مجھ پر پابندیاں عائد کر رکھی ہیں اس کی وجہ سے مجھے یہ مصنوئی سویٹ بننا پڑتا ہے۔۔۔

ایک بار میری جان کے ٹوٹے تم ٹھیک ہو جاؤ اس کے بعد تمہیں میں اپنا اصلی رنگ واپس دکھاؤں گا۔۔

میرب کی بات پر شاہ اختیار اس کی پنکڑیوں پر جھکا۔آتشی لب اس کی نیچرل پنگ پنکھڑیوں پر رکھتے ہوئے پنکھڑیوں کو قید میں لے گیا۔شاہ نے اس کے پیٹ سے دوری بنائی ہوئی تھی۔۔

آج کل شاہ اپنے بے لگام جذباتوں کو اسی طرح میرب کی پنکھڑیوں سے جام محبت پی کر ہی پر سکون اور پر سرور کرتا تھا۔ باقی جذباتوں پر تو شاہ نے خود سے حد بندیاں تعینات کر رکھی تھی۔۔

oooooooo

ماہی کی ساس نے اس کا بہت شاندار استقبال کیا تھا۔۔ شفا اور عاصم شاہ پیچھے کھڑے تھے جبکہ احمر اور ماہی ایک ساتھ دروازے پر ہی ان کو روک لیا گیا تھا۔۔

احمر کی ماں ہاتھ میں دودھ کا گلاس اور پھولوں والی پلیٹ میں رکھے ہوئے چہرے پر مسکراہٹ سجائے کھڑی تھی۔۔

ان کی کوئی رسم تھی کہ جب بیٹا اور بہو گھر آتے ہیں تو وہ اپنے بیٹے اور بہو کو دودھ پلائی کی رسم کرتی تھی۔۔

یہ ان کی خاندانی رسم تھی پہلے دودھ ماہی کو پلایا اور بعد میں احمر کو۔۔

ان کی ایک اور رسم تھی کہ جب بہو گھر آتی ہے تو اس کو دہلیز پکڑائی میں ساس ایک مبارک دیتے ہوئے رقم دیتی تھی جو احمر کی ماں نے ماہی کے ہاتھ میں تھماتے ہوئے محبت سے اس کا ماتھا چوم کر گھر میں اس کا ویلکم کیا تھا۔۔ ماہی اپنا اتنا خوبصورت ویلکم دیکھ کر بہت خوش تھی جبکہ احمر کے دماغ میں یہ ساری رسمیں مہک سے جا کر جڑ رہی تھی۔۔

اس کے دماغ میں وہ سارا وقت گھوم رہا تھا جب اس نے یہ ساری رسمیں بڑی خوشی سے مہک کے ساتھ کی تھی۔۔اب وہی سب رسمیں تھی وہی اس کی امی تھی وہی احمر تھا۔اور مگر مہک کی جگہ ماہی تھی۔۔جو فی الحال احمر کے دل میں مہک کی خانے میں کہیں فٹ نہیں ہو رہی تھی۔۔

گھر میں خوشی کا سماں تھا شفا ماہی کو لے کر احمر کے روم میں جا چکی تھی روم کو خوبصورتی سے ویڈنگ نائٹ کے لیے سجایا گیا تھا۔۔

مہرمہ کو ماہی کی گود میں دے کر سب خوش تھے۔خوشی سے باتیں ہو رہی تھی ماہی بھی بہت خوش تھی مہرمہ کو ہمیشہ کے لیے اپنا بنا کر کہ یہ سچ تھا کہ ماہی نے یہ شادی مہرمہ کے لیے کی تھی وہ مہرمہ سے بہت زیادہ اٹیچ ہو چکی تھی۔۔

جبکہ مہک کی یادوں میں کھویا ہوا احمر روم سے آہستہ سے باہر نکل کر اوپر ٹیرس پر آ گیا۔۔وہ کچھ دیر مہک کی خوبصورت یادوں کے ساتھ گزارنا چاہتا تھا۔۔

وہ چاہ کر بھی اپنے دل میں ماہی کو مہک والا مقام نہیں دے پا رہا تھا۔۔

oooooooo

احمر بہت دیر ٹیرس پر اکیلا بیٹھ مہک کی یادوں میں کھویا رہا۔۔رات زیادہ ہونے لگی تھی تو وہ ٹیرس سے سیڑھیاں اترتا ہوا اپنی روم کی جانب آ گیا۔۔

اپنے دل کو بہت سمجھا کر لایا تھا کہ اس لڑکی کو اس کے کسی بھی جائز حق سے محروم نہیں رکھے گا۔ مگر اس سب کے لیے ابھی اسے خود بھی ٹائم چاہیے تھا اور اتنا تو وہ جان چکا تھا کہ اس لڑکی نے بھی مہر مہ کے لیے شادی کی ہے۔۔

وہ اپنا روم کا دروازہ کھول کر ابھی اندر داخل ہی ہوا تھا کہ سامنے غصے سے تنے ہوئے چہرے سے ماہی اپنے دلہن کے جوڑے کو چینج کر کے ایک نارمل سا پلین سوٹ پہنے کھڑی تھی۔۔

احمر کو کچھ سمجھ میں نہیں آیا مگر اس نے سوال کرنا بھی ضروری نہیں سمجھا اپنے کپڑے الماری سے لیتا ہوا واش روم کی جانب بڑھنے لگا تھا۔۔

میں نے اپنی شادی کا جوڑا چینج کر لیا آپ پوچھیں گے نہیں کہ میں نے ایسا کیوں کیا۔

ماہی کی غصے سے بھری ہوئی آواز سن کر احمر پلٹ کر کھڑا ہو گیا۔۔
ظاہر سی بات ہے آپ انکمفرٹیبل فیل کر رہی ہوں گی اس لیے چینج کر لیا دو ٹوک سمپل سا جواب دیا۔۔جی نہیں میں غصے میں تھی اس لیے میں نے چینج کیا۔۔اوکے ٹھیک ہے وہ کہتا ہوا واپس جانے لگا تھا۔۔۔

اور میں غصے میں کیوں ہوں آپ پوچھیں گے نہیں۔وہ بچوں کی طرح شاید کوئی سوال تھا جو احمر سے پوچھنا چاہ رہی تھی یا کسی بات کا غصہ تھا جس کو وہ چاہتی تھی کہ احمر اس سے پوچھے۔۔

جی بتائیں آپ کیوں غصے میں ہیں احمر نے بنا تاثرات کے سوال کیا۔۔۔۔مجھے یہ غصہ ہے کہ آپ کی دوسری شادی تھی مگر میری تو پہلی شادی تھی نا آپ نے میرے بابا سے کہہ کر صرف سمپل نکاح کروا دیا۔۔۔

میری کتنی دوستیں تھیں جن کو میں نے انوائٹ کرنا تھا۔۔ مہندی لگوانی تھی ڈھولکی بجوانی تھی۔۔

پھر پھولوں والی چادر کے نیچے مجھے سٹیج تک آنا تھا۔۔

اور کتنے سارے میرے خواب تھے مگر آپ نے سادگی سے نکاح کا بول کر سارا میرا پلان چوپٹ کر دیا۔۔

وہ غصے سے بولتی ہوئی اس کے قریب آکر کھڑی ہو گئی تھی۔۔۔ماہی اسی لیے میں تم سے شادی سے پہلے ایک ملاقات کرنا چاہتا تھا۔۔تاکہ ہم دونوں آپس میں بات کر سکیں۔۔۔ مگر تب آپ نے کہا آپ کو کوئی اعتراض نہیں ہے اور میرے گھر والوں نے بھی یہی رٹ لگائی ہوئی تھی۔۔تو پلیز اب تم اس طرح کی باتیں مت کرو۔۔۔

تم کیا چاہتی تھی کہ اس عمر میں میں بینڈ باجے کے ساتھ صحرا باندھ کر تمہارے گھر آتا۔۔

جی میں تو یہی چاہتی تھی کہ آپ بینڈ باجے کے ساتھ میرے گھر بارات لے کر آتے اور کہاں لکھا ہے جس کی ایک شادی ہو جائے ایک بچہ ہو جائے تو وہ دوبارہ بینڈ باجے کے ساتھ دلہا نہیں بن سکتا آنکھوں کو گھماتی ہوئی ماہی بالکل بچوں کے جیسا ہے بیہیو کر رہی تھی۔۔۔ نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے احمر کے لب مسکرائے تھے یہ سوچ کر کہ یہ سنبھالے گی مجھے اور میرے گھر کو جو خود ابھی ذہنی طور پر بچی ہے۔۔ دیکھیں اپ ہنسے نہیں مجھے پتہ ہے اپ کو میری باتیں بے وقوفی والی لگیں گی ایمر کو ہنستے ہوئے دیکھ ماہی بچوں کی طرح انگلی اٹھا کر بولی۔۔ میں تو ایسی ہی ہوں جو بات میرے دل میں ہوتی ہے مجھے لگتا ہے کہ وہ سامنے والے کو بتانی چاہیے۔۔۔ دیکھو ماہی اب تو کچھ نہیں ہو سکتا اب تو نکاح ہو گیا ہے تو ہم فضول میں اس مدے پر بحث کیوں کر رہے ہیں۔۔۔ کہاں جا رہی ہو ایمر کی بات پر ماہی بیڈ سے اپنا دوپٹہ کھینچ کر گلے میں

ڈالتی ہوئی روم کا دروازہ کھول رہی تھی۔۔۔مہرمہ کے پاس اس کے روم میں جارہی ہوں کیونکہ مہرمہ ہی ہے جو میری بات کو سمجھ سکتی ہے۔۔
وہ غصے سے بولتی ہوئی روم سے جاچکی تھی جبکہ احمر نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے واش روم میں چلا گیا۔۔یہ سوچ کر احمر کو ہنسی آرہی تھی۔کہ وہ مہرمہ کی عقل کو اس کی عقل پر ترجیح دیتے ہوئے جاچکی تھی۔۔۔

oooooooo

میری جان نے اب کتنے دن مجھ سے ناراض رہنا ہے! کچن میں کھڑی ہوئی سبزیاں کاٹتی ہوئی مرہا کی پشت پر اپنا سینہ لگائے اپنی ٹھوڑی اس کے کاندھے پر ٹکاتے ہوئے بڑے پیار سے بولا۔۔
اس دن فون نہ کرنے کی وجہ سے مرہا اب تک اپنی ناراضگی شامیر سے برقرار رکھے ہوئے تھی۔۔بیچ میں دو دن شاہ میر مرہا کو میرب کے پاس بھی چھوڑ کر آتا جاتا رہا۔۔اس دوران بھی کافی تھکن ہو جاتی تھی۔۔

اوپر سے کام کا اتنا بنڈل تھا کہ شاہ میر کو سانس لینے تک کی فرصت نہیں تھی۔۔۔رات کو جب تھکن سے بے حال شامیر بستر پر لیٹتا تو اسے اپنا ہوش نہیں رہتا تھا۔۔۔

اور مرہا اپنی ناراضگی جتانے کے لیے جان بوجھ کر خود کو گھر کے کاموں میں الجھا کر کیچن تک محدود رکھے ہوئے تھی۔۔

شاہ میر کے سونے کے بعد ہی محترمہ تشریف روم میں لاتی اور صبح شامیر کے پاس اتنا ٹائم نہیں ہوتا تھا کہ وہ اس کو منا سکے۔۔اور تھوڑے سے منانے سے مرہا نے ماننا نہیں تھا۔۔

اس بات کا شاہ میر کو اچھی طرح سے پتہ تھا۔ سر پر محبت سے چڑھائی ہوئی بیوی کو یہ مان ہوتا ہے کہ اسے منا لیا جائے گا۔۔۔اس کی ضد کو بھی پورا کر دیا جائے گا۔۔اب اس کی ضد تھی کہ اسے شاہ میر سے ناراض ہونا تھا۔اور یہ مان تھا کہ شاہ میر اسے پیار منائے گا۔۔

اوراس کامان بھلا شاہ میر ملک کیسے توڑ سکتا تھا۔اس لیے اس نے سنڈے کے دن کاانتظار کیا تھا۔آج ہفتہ کی رات تھی۔اور وہ سوچ کر گھر لوٹا تھا کہ آج اسے ہر حال میں اپنی جان کو منانا ہے۔۔۔

گھر کے اندر جیسے ہی داخل ہوا اسے کچن سے کھٹ پٹ کی آوازیں آرہی تھی ۔کچن کی ملازمہ کو وہ باہر کے پورشن میں کچھ کام کرتے ہوئے دیکھ کر آیا تھا

اس کا مطلب تھا کچن میں یا تو اس کی امی جان ہے یا میرہا اس نے جھانک کر دیکھا تھا مرہا بہت مشغول انداز میں سبزیاں کاٹ رہی تھی۔۔۔

شاہ میر کے لب مسکرائے تھے اپنی پیاری بیوی کو اتنی محنت سے سبزیاں کاٹتے ہوئے دیکھ۔۔

شاہ میر کے آنے کا وقت تھا وہ جانتا تھا کہ محترمہ اسی لیے کچن میں ہیں کیونکہ وہ شاہ میر کا سامنا ہی نہیں کرنا چاہتی تھی۔۔

اسے کیا پتا کہ آج اس کا شوہر اس کی ناراضگی دور کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔اب اے سی پی شاہ میر کا ارادہ تھا پورا کیسے نہیں ہوتا۔۔

وہ دبے قدموں اس کی پشت پر جا کر کھڑا ہوا اس کے گرد باہوں کا حصار بناتے ہوئے اپنی ٹھوڑی اس کے کاندھے پر ٹکا گیا۔۔

وہ بالکل ڈری یا دبکی نہیں تھی، کیونکہ وہ اپنے میر کے قدموں کی چاپ سن چکی تھی۔۔

آپ کو کون سا میری ناراضگی سے فرق پڑتا ہے۔سبزیوں پر چھری سے ظلم ڈھاتے ہوئے۔ناراضی کی بھری آواز سے کہا۔۔

تو میری جان میرے بارے میں ایسا سوچتی ہے۔اس کی گالوں پر اپنی داڑھی والے کارب کرتے ہوئے اسے چبھن محسوس کرواتے ہوئے کہا۔۔

میں صرف ایسا سوچتی نہیں یہی سچ ہے سبزیوں کو تیزی سے کاٹتے ہوئے بنا تاثرات کے کہا۔۔

سچ کیا ہے اور کیا نہیں اس کا فیصلہ ہم بعد میں کریں گے۔پہلے سبزیاں چھوڑو اور چلو میرے ساتھ اس کے دونوں کلائیوں کو تھامے سبزیاں کاٹنے سے روک چکا تھا۔۔۔

میں کھانا بنا رہی ہوں ابھی فارغ نہیں ہوں۔۔جب ہو گی تو آجاؤں گی۔

کلائیوں کو چھڑوانے کی ناکام کوشش کرتے ہوئے کہا۔۔

اگر آرام سے میرے ساتھ چلو گی تو ٹھیک ہے نہیں تو اٹھا کر لے جاؤں گا پھر تمہیں ہی دقت ہو گی۔۔سرگوشی میں بولتے ہوئے گال پر لب رکھ کر چوم لیا۔۔

ایسے کیسے آپ مجھے اٹھا کر لے جائیں گے میں آپ سے ناراض ہوں اور میں آپ کے ساتھ نہیں جانا چاہتی۔۔

آپ میرے ساتھ زور زبردستی کرنے کی کوشش مت کیجئے گا۔۔نا راضگی کو برقرار رکھتے ہوئے کلائیوں کو چھوڑوا کر سبزیاں پھر سے کاٹنے لگی۔۔

میری جان تم ایسے نہیں مانو گی مجھے اپنا کلیہ ہی آزمانا پڑے گا۔۔اور تمہاری نا راضگی دور کرنے کے لیے ہی تو لے کر جا رہا ہوں میر کی جان۔۔۔

میر نے نیچے جھک کر جھٹکے سے اسے اپنی گود میں اٹھا لیا۔۔اب مرہا کہ طوتے اڑ گئے تھے یہ دیکھ کر کہ وہ جو بول رہا تھا اس نے سچ میں وہی کر دکھایا۔۔۔

میر کک۔۔کیا کر رہے ہیں کوئی دیکھ لے گا مجھے نیچے اتاریں وہ لفظوں کو توڑتی ہوئی گھبرا کر بولی۔۔

تو دیکھ لیں پہلی بات کہ تم نے میرے پاس اور کچھ چارہ ہی نہیں چھوڑا۔۔اور دوسری بات اگر کوئی دیکھ لے گا تو دیکھ لے اپنی بیوی کو اٹھا کر لے جا رہا ہوں۔۔وہ اس کے خوبصورت گھبرائے ہوئے چہرے کو دیکھ مسکراتا ہوا۔ اس کو کچن سے اپنے گھر کمرے کی جانب لے جا رہا تھا۔۔۔

جب کہ مرہا شرم سے لال ہوئی شاہ میر کو گھور گھور کر آنکھیں دکھاتے ہوئے اشارے کر رہی تھی کہ اسے نیچے اتارے۔۔

یہ تو شکر تھا کہ اس وقت رہاداری میں کوئی بھی موجود نہیں تھا۔ورنہ مرہا کا تو شرم سے مرن ہی ہو جانا تھا۔۔

روم کے اندر داخل ہوتے ہی شاہ میر نے پاؤں کی مدد سے دروازہ بند کر دیا۔۔

میر آپ مجھے نیچے اتارے اتنے دن آپ کو یہ یاد نہیں آیا کہ آپ کو مجھے منانا چاہیے۔۔اب میر امانے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔۔وہ میر کو آنکھیں دکھاتے ہوئے سخت لہجے سے نیچے اتارنے کا بول رہی تھی۔۔

تو ٹھیک ہے تمہارا جو موڈ ہے تم اپنے موڑ کے مطابق رہو میں نے تمہیں منا تھوڑی کیا ہے۔۔

میرا جو موڈ ہے میں اپنے موڈ کے مطابق اپنا کام کرتا ہوں وہ مرہا کو بیڈ پر ڈالتے ہوئے اس کی دونوں کلائیوں کو زبردستی پکڑا اوپر کی جانب پن کر چکا تھا۔۔

مرہا بچوں کی طرح اس کی گرفت سے نکلنے کے لیے مچل رہی تھی۔ جتنا مرضی تڑپ لو میری قید سے نہیں نکل سکتی مرہا جانی اس لیے پھڑ پھڑانا بند۔ خود کو فضول میں مت تھکاؤ۔

ویسے بھی جب تم جب مجھ سے ماننا نہیں چاہتی۔ناراضگی ختم نہیں کرنا چاہتی تو تم اپنی ناراضی کو برقرار رکھو۔میں اپنی محبت کو برقرار رکھوں گا۔۔ وہ کہتے ہوئے اس کے خوبصورت چہرے پر لبوں سے لمسوں کی بارش کرتے جارہا تھا۔۔

جبکہ مرہا غصے سے اپنے ہاتھوں کو چھڑوانے کی کوشش کررہی تھی۔کیونکہ شاہ میر کے محبت بھرے لمس پاکر اس کے پورے وجود میں سنسنی سی دوڑ رہی تھی۔۔۔

ایسے میں میر سے ناراضگی کو برقرار رکھنا مرہا کے لیے بہت مشکل ہورہا تھا۔۔اور ناراضگی ختم کرکے ماننا وہ بھی چاہتی نہیں تھی۔۔ وہ کرے بھی تو کیا کرے اسے کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا۔۔

تم تو مجھ سے ناراض ہو اپنی فیلنگ پر کنٹرول رکھو میری جان تمہارا یہ پنکی چہرہ تمہارے دل کے سارے راز افشاں کررہا ہے۔۔

مرہا کے شرم سے لال پڑتے چہرے کو دیکھ اس کے انابی لب گنی مونچھوں تلے مسکرائے۔۔

وہ شاہ میر کے لبوں سے نرم گرم لمس محسوس کرتے ہوئے اپنی اندر کے جذباتوں کو چہرے پر آنے سے روک نہیں پا رہی تھی۔۔۔

آپ میرے ہاتھ چھوڑیں۔وہ اپنے اندر کے جذباتوں کو ظاہر ہوتا دیکھ،اپنے ہاتھوں چھڑوانے کے لیے بے جا کوشش جاری رکھے ہوئے تھی۔۔

ہاتھ تو فی الحال نہیں چھوڑوں گا۔وہ اس کی پنکھڑیوں پر لب رکھتے ہوئے قید میں لینا چاہتا تھا،کہ مرہا نے شاہ میر کے نچلے ہونٹ کو دانتوں میں دبا لیا۔۔

شاہ میر حیران تھا کہ مرہا ایسا بھی کچھ کر سکتی ہے۔۔مگر اب چاہ کر بھی وہ مرہا کو کس تو نہیں کر سکتا تھا۔۔

وہ اپنی پنکھڑیوں اور دانتوں کے بیچ میں اس کے نچلے ہونٹ کے کنارے کو دبائے ہوئے تھی۔۔۔۔

اے سی پی صاحب کو لینے کے دینے پڑ گئے تھے۔۔اب وہ مرہا کے رحم و کرم پر خود کو چھوڑے اس کے اوپر لیٹا تھا۔۔دانتوں کی چبن اپنے نرم ہونٹ کے کنارے پر محسوس کرتے ہوئے مرہا کے ہاتھ چھوڑ چکا تھا۔۔

اب بتائیں اب مزہ آیا مرہا اپنی اے سی پی کو کچھ لمحوں کے لیے بے بس کر کے بہت خوشی محسوس کر رہی تھی۔۔

ہاں بہت مزہ آیا اور اب جو میں کروں گا اس سے بھی تمہیں مزہ ہی آئے گا اب تم نے چلانا نہیں ہے۔۔جس بہادری سے مجھے محسوس کروایا ہے اسی بہادری سے میری محبت کو بھی محسوس کرنا۔۔

شاہ میر نے ہاتھ اس کے دل والے مقام پر رکھتے ہوئے سختی دکھائی تو مرہا کی سسکی تیزی سے ابھری تھی۔۔

جس کو شاہ میر اپنے لبوں سے روک چکا تھا۔ مرہا کو اپنی غلطی مہنگی پڑ گئی تھی شاہ میر اسے ہر طرف سے بے بس کرتا ہوا سانسوں کے لیے مجبور کر رہا تھا۔۔

اس پر گھٹا بن کر چھایا اسے اپنی شدتوں میں توڑتا ہوا محبتوں کی بارش سے بھگو رہا تھا۔۔۔ کہاں تھی وہ ناراضگی جو میر ہا اس سے جتانا چاہتی تھی۔۔۔ وہ تو اسے اپنی محبت کی آندھی میں طوفان کی طرح اڑاتا لے جا رہا تھا۔۔

روم میں صرف مرہا کی سسکیاں اور شاہ میر کی تیز سانسوں کی آواز آ رہی تھی۔ ایسی ہوتی ہے۔

ایک خوبصورت جوڑے کی محبت جو پل میں ایک دوسرے کی قربت کو پاتے ہی ناراضگی کی ہر دیوار کو توڑ کر ایک دوسرے کی قربت میں سمٹ جاتے ہیں۔۔

جیسے شاہ میر اور میر ہا اس وقت ایک دوسرے کے سینے سے لپٹے ہوئے تھے۔۔۔

ooooooooo

آج ماہ نور کی رخصتی تھی گھر میں خوشی کا ماحول تھا چوہدری خرم اور بیا کے بھائی کی بھی آپس میں صلح کروادے گئی تھی۔۔

سب رسموں کے بعد اب وہ وقت آچکا تھا جب ماہ نور کو اپنے مائکے سے بھیگی پلکوں اور دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا جارہا تھا۔۔

ماہ نور اپنے بھائی کے گلے لگ کر بہت روئی تھی آخر وہ اپنے لالا کی چہیتی اور لاڈلی بہن تھی۔ بہت پیارا وقت گزرا تھا اس کا اپنے مائکے میں۔۔ چوہدری صاحب اور اس کی بیوی اپنی بیٹی کو پیار دیتے ہوئے پھولوں سے سجی گاڑی میں بٹھا چکے تھے۔۔

آج سے ماہ نور کی زندگی کا نیا دور شروع ہو چکا تھا مائکے کی لاڈلی ماہ نور اب جا کر اپنے سسرال کی ذمہ داریاں سنبھالے گی۔۔۔

ooooooooo

سائیں آپ کے لیے کچھ لاؤں سارے دن کی بھاگ دوڑ کے بعد اب ماہ نور کو رخصت کر کے بیا اپنے روم میں آئی تو خرم چوہدری سے چائے کا پوچھ رہی تھی۔۔

وہ اب تک اسی خوبصورت ڈریس میں مبلوس تھی جو اس نے ماہ نور کی رخصتی کے لیے پہنی تھی۔۔ پیچ کلر کی کرتی کے ساتھ سیم کلر کا پلازو پہن

رکھا تھا۔۔ جس کے اوپر بہت خوبصورت دھاگے اور موتیوں کا کام کیا ہوا تھا۔۔

کانوں میں بڑے بڑے خوبصورت جھمکے پہنے ہوئے تھے بالوں کا بہت خوبصورت ہیئر سٹائل بنا کر لٹیں نکالی ہوئی تھی۔ جس سے وہ اور بھی خوبصورت لگ رہی تھی۔ سوٹ کے ساتھ کا میچنگ پیچ سے کلر کا میک اپ کر رکھا تھا۔۔ وہ بے حد حسین لگ رہی تھی۔۔

آج صبح سے پتہ نہیں کتنی بار چوہدری خرم کی نظریں بیا پر جا کر رکی تھی ۔ مگر وہ اپنی بہن کی رخصتی کی تیاریوں میں اتنا مصروف تھا کہ وہ اس کی خوبصورتی کی تعریف ہی نہیں کر سکا تھا۔۔

سائیں کہاں کھو گئے میں نے کہا آپ کے لیے چائے لاؤں۔ بیا اپنے ہاتھوں سے چوڑیاں اتار کر ڈریسنگ پر رکھتے ہوئے دوبارہ بولی چوہدری خرم تو اس کی خوبصورتی میں کھویا ہوا تھا۔۔

بیا کی آواز پر ہوش کی دنیا میں پلٹا تو بیڈ سے اٹھتا ہوا اس کے پشت پر آن کھڑا ہوا۔۔

چائے نہیں چاہیے۔ سامنے مرر میں اس کے سراپے کو گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے مسکرایا۔۔

تم میرے قریب آؤ صبح سے تمہارے حسن نے چوہدری کو دیوانہ کر رکھا ہے۔ چوہدری کی آوارہ نظریں بار بار تیرے حسن پر جا کر رک رہی تھی۔

اس وقت میں مجبور تھا تیرے حسن کی تعریف نہیں کر سکا۔۔ پہلے تیرے حسن کی اچھی طرح سے تعریف کر لوں اس کے بعد چائے کے بارے میں بھی سوچ لیا جائے گا۔۔

بیا کو گھما کر اس کی قمر میں ہاتھ ڈالتا ہوا اوپر اٹھا چکا تھا۔۔اوپر اٹھانے سے بیاہ کا دل والا مقام سائیں کے چہرے کے مقابل آگیا تھا۔۔

بیا سائیں کی گردن میں ہاتھ ڈالے ہوئے اپنا توازن برقرار بنائے ہوئے تھے ۔چوہدری نے اپنے لب بیا کے دل والے مقام پر رکھتے ہوے زوردار بوسہ لیا۔۔

بیا کے لب مسکرائے تھے چوہدری کا یہ انداز بیا کے لیے نیا نہیں تھا۔اس کا سائیں ایسا ہی تھا جب اس کے منہ توڑ جذبات زور اور ہوتے تو، وہ اسی طرح بیا کی جان کو پہلے لمس سے ہی سولی پر لٹکا دیتا تھا۔۔

بیا کو اسی طرح سے اوپر اٹھائے ہوئے بیڈ پر لے آیا خود بیڈ پر لیٹتے ہوئے بھیا کو خود کے اوپر جھکاتے ہوئے لٹا لیا۔ دونوں کی ٹانگیں بیڈ سے لٹک رہی تھی۔۔۔

چلو بتائیں کتنی تعریف کر سکتے ہیں میری۔۔ کتنی پیاری لگ رہی تھی میں۔ بیا نے تجسس بھری نظروں سے اپنے سائیں کے پیارے سے چہرے کو دیکھ کر کہا۔

ٹھنڈ رکھ سائیں کی جان بہت ساری تعریفیں کروں گا۔۔ تو جانتی ہے تیرے سائیں کی تعریف کرنے کا انداز الگ ہے اب تو میری کتنی تعریفیں برداشت کر سکتی ہے یہ تو تجھ پر منحصر ہے۔۔

وہ شرارتی لبوں سے مسکراسا بن کر مسکرایا۔۔

ہوں ں ں۔ میرے برداشت کرنے یا نہ کرنے سے کیا ہوتا ہے سائیں ہوتا تو وہی ہے جو میرا سائیں چاہتا ہے۔۔۔
اور کون سا اگر میں کہوں گی کہ آپ میری تعریف میں تھوڑی کمی رکھنا تو آپ نے میرا کہنا مان جانا ہے۔۔

سائیں کے گال پر اپنا نازک سا ہاتھ رکھتے ہوئے رب کرتے ہوئے بولی تھی۔۔ بیا بھی تو دیوانی تھی اپنے سائیں کی محبت کی۔۔۔
سائیں کی محبت تھی تو بہت سخت۔ اپ۔ ی شدتوں سے بیا کی جان تک نکال لیتا تھا۔۔ مگر بیا خوش تھی اپنے سائیں کی محبت میں اس کی شدتوں کو برداشت کر کے۔۔
اب بھی اپنے انجام سے وہ بہت اچھی طرح سے واقف تھی۔۔۔ سائیں کا بہکا ہوا انداز اسے بتا رہا تھا کہ آج کی رات بھی بیا پر بہت بھاری پڑنے والی ہے۔۔

مگر یہ کوئی نئ بات نہیں تھی یہ تو اس کے سائیں کا تقریباً روز کا معمول تھا۔

مہینے میں کچھ دن ہی ایسے آتے تھے جب سائیں مجبوری کے تحت بیا سے دور ہوتا۔۔۔

یا پھر سائیں کو کام کے سلسلے میں کہیں دوسرے شہر جانا پڑتا اسی صورت میں بیا کو آزدی نصیب ہوتی تھی۔۔۔

ورنہ تو ہر رات بیا کے لیے اتنی ہی مشکل ہوتی تھی جتنی اس وقت ہونے والی تھی۔۔۔وہ کروٹ لیتا ہوا بیا کے اوپر

آ چکا تھا۔۔بیا کی پنکھڑیوں پر لب رکھتے ہوئے لبوں کی نمی پینے لگا۔۔

ہاتھ بیا کے سراپے پر سرکتے جا رہے تھے اپنی خوبصورت اور پسندیدہ رعنائیوں پر سائیں کے ہاتھ زیادہ سختی دکھاتے تو۔۔

بیاسسک اٹھتی تھی۔سائیں اپنی سختیاں دیکھا کر اس وقت بھی اپنے ہمیشہ والے انداز سے سسکنے پر مجبور کر رہا تھا۔۔

سائیں کے ہاتھوں کی سختی اس کے سرپے کی خوبصورت رعنائیوں کو چھوتے ہوئے اس کی جان کو مشکل کیے ہوئے تھے۔۔

وہ جھکا ہوا اس کی وجود کی خوبصورت رعنائیوں کو چوم رہا تھا۔۔سائیں کے گرم گرم لبوں کے لمس بیا کو تڑپنے پر مجبور کر رہے تھے۔۔

بیاسسکیاں بھرتے ہوئے اپنے ہاتھ سائیں کے کاندھوں پر رکھے ہوئے سختی سے پکڑے ہوئے تھی۔۔۔۔

بیا خود کو پوری طرح سے سائیں کے رحم و کرم پر چھوڑ چکی تھی۔۔۔

جب گھر سے جاتے ہیں تو بیوی سے دعائیں لے کر جاتے ہیں آپ کو اتنا بھی نہیں پتہ؟؟احمر جو تیار ہو کر مہرمہ کے روم میں اس سے ملنے آیا تھا۔اسے چپ کر کے جاتے دیکھ ماہی نے خود سے بات شروع کی۔۔

میں نے تو یہ سنا ہے کہ گھر سے جاتے ہوئے اپنی ماں سے دعائیں لینی چاہیے احمر کے لبوں پر ہلکی سی مسکراہٹ بکھری تھی اس کے کی بات سے۔۔

ماں کے بعد بیوی کا حق ہوتا ہے کہ وہ اپنے شوہر کو دعائیں دے وہ مہرمہ کو کپڑے پہناتی ہوئی احمر کی جانب دیکھ کر بول رہی تھی۔۔۔

اوکے دے دو دعائیں پھر۔۔وہ لبوں میں مسکراتے ہوئے واپس مہرمہ اور اس کے پاس آن کھڑا ہوا تھا۔۔ماہی کے آنے سے احمر کی زندگی میں ایک خاص فرق پڑا تھا وہ یہ کہ ماہی اپنی بچکانہ اور بے تکی باتوں سے اکثر احمر کو مسکرانے پر مجبور کر دیتی تھی۔۔

اور ماہی کی مہرمہ کے لیے پیور محبت دیکھ کر احمر مہرمہ کی طرف سے بالکل بے فکر ہو چکا تھا۔۔

اور احمر کی والدہ بھی ماہی کے ساتھ بہت خوش نظر آتی تھی۔آج ان کے نکاح کو تقریباً ایک ہفتہ گزر چکا تھا۔۔

آج شفا اور عاصم شاہ واپس لاہور اپنے گھر جا رہے تھے۔عاصم شاہ اپنے ٹرانسفر پیپر بھی لے آیا تھا۔۔

اور رومان شاہ اور مرہا وغیرہ سب سے ملنے کے بعد آج رات کی فلائٹ سے وہ لوگ لاہور جا رہے تھے۔۔احمر کی آج کوئی خاص میٹنگ تھی جس کے لیے اسے تھوڑی دیر کے لیے آفس جانا پڑ رہا تھا۔۔

مہرمہ سے مل کر وہ جلدی سے آفس کے لیے نکل رہا تھا۔جب اسے بیوی سے دعائیں لینے کے بارے میں فضیلت بتائی گئی۔۔

اللہ تعالی آپ کو کامیابیاں عطا فرمائے خیریت سے جائیں اور خیریت سے گھر واپس آئیں۔اور اللہ تعالی آپ کو دماغ دے جس سے آپ سوچیں کہ بیوی سے باتیں کرنے سے بیوی کو اچھا لگتا ہے۔وہ دعائیں دینے کے ساتھ اپنا مدعا بھی اسے سمجھا گئی۔۔

وہ دونوں ہاتھ کمر پر باندھے کھڑا ہوا تھا۔جی میرے پاس دماغ ہے اور وہ کافی اچھا سوچتا ہے۔بس تھوڑا کام میں مصروف ہوں۔اس کے بعد آپ سے باتیں کر کے آپ کی تمام شکایت دور کر دوں گا وہ اس کی جائز شکایت سن کر لمبی سانس کھینچتے ہوئے بولا۔۔

ٹھیک ہے مہرمہ جب یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ ہم سے باتیں کریں گے اور ہمیں ٹائم دیں گے تو میرے خیال سے ہمیں بھی بات رفع دفع کر دینی چاہیے۔۔

وہ مہرمہ کو گود میں اٹھائے ہوئے اسے اجازت طلب نظروں سے دیکھتے ہوئے احمر کو جتا رہی تھی کہ اب اسے اجازت ہے وہ جا سکتا ہے۔۔

جی تھینک یو سو مچ آپ کا بھی اور آپ کی بیٹی مہرمہ کا بھی۔۔
ماہی نے چہرہ اٹھا کر احمر کی جانب دیکھا احمر کا مہرمہ کو اس کی بیٹی کہنا ماہی کو بہت اچھا لگا تھا۔۔اس کے دل نے ایک محبت بھری بیٹ مس کی تھی۔۔

کیا؟؟؟ایسے کیا دیکھ رہی ہو؟ میں نے کچھ غلط کہا مہرمہ تمہاری بیٹی نہیں ہے ماہی کو یوں ٹکٹکی باندھے خالی نظروں سے دیکھتے ہوئے احمر نے سوال کیا۔۔
نہیں مجھے بہت اچھا لگا آپ نے مہرمہ کو میری بیٹی کہا۔۔ محرمہ کو اپنے سینے میں میچتے ہوئے اس کی گال پر پیار کرتے ہوئے کہا۔۔
وہ اتنی سی بات پر اتنا خوش ہوئی کہ اس کی آنکھیں خوشی سے چھلک پڑی تھی۔۔

پلیز رومت ورنہ تمہاری بیٹی کو لگے گا کہ اس میں بھی میرا ہی قصور ہے۔۔
میں اس کی چھوٹی سی ماما کو ٹائم نہیں دے رہا شاید وہ اس لیے رو رہی ہے۔۔وہ جاتے بول کر نکل گیا۔۔۔اسے دیر ہو رہی تھی۔۔۔

دیکھا مہرمہ بس بولنے کی دیر تھی تمہارے پاپا کیسے نو دو گیارہ ہو گئے ہیں۔
ویسے ایک طرح سے تو اچھا ہے ڈرتے ہیں ہم دونوں سے وہ۔ مہرما کے ساتھ بچی بنی ہوئی مہرمہ کے ننھے ننھے ہاتھوں کو چومتے ہوئے بول رہی تھی۔۔اس بات سے بے خبر کہ جسے وہ جا چکا سمجھ رہی تھی، وہ کچھ دیر دروازے کے باہر ہی رکا تھا اور اس کی بچکانہ باتوں کو سنتے ہوئے مسکرا کر چلا گیا تھا۔۔۔

ooooooooo

شاہ۔۔۔۔۔۔۔😢۔۔میرب کی درد بھری چیخ سے شاہ گہری نیند میں ہڑبڑا کر اٹھا تھا۔۔۔میرب کیا ہوا۔رومان شاہ کچھ دیر پہلے ہی سٹڈی روم سے آفس کا کام ختم کر کے لیٹا تھا، اس وقت وہ گہری نیند میں سویا میرب کو اپنی گرفت میں لیے ہوئے تھا۔جب اس کی سماعت سے میرب کی درد بھری چیخ ٹکرائی۔۔

شاہ مجھ سے بہت درد ہو رہا ہے شاہ پلیز میں مر جاؤں گی۔۔میرب اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھے ہوئے۔درد سے تڑپ رہی تھی۔۔میرب کو اتنی تکلیف میں دیکھ کر شاہ کا دل بند ہونے لگا تھا۔۔

میری جان ایسا نہیں بولنا میری جان بس کچھ دیر صبر رکھو میں ابھی ڈاکٹر سے بات کرتا ہوں۔۔میرب کے چہرے پر پسینے کی بوندیں تھی۔۔تکلیف شاید اس کی برداشت سے کہیں زیادہ تھی۔۔

رومان شاہ نے سائیڈ ٹیبل پر رکھا ہوا اپنا موبائل جلدی سے اٹھاتے ہوئے ڈاکٹر کا نمبر گھمایا۔۔میرب اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھے ہوئے درد سے تڑپ رہی تھی۔اور رومان شاہ اس کے ماتھے پر آئی پسینے کی بوندوں کو اپنی ہتھیلی سے صاف کرتے ہوئے اس کو تکلیف میں بے بسی سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

ڈاکٹر ایمرجنسی ہے میں میرب کو لے کر پہنچ رہا ہوں آپ تیار رہنا۔ میرب کو بہت زیادہ پین ہو رہا ہے۔۔ رومان شاہ نے بنا ڈاکٹر کی بات سنے اپنی بات سنا کر فون بند کر دیا۔۔

میرب کو اپنے مضبوط بازوں میں اٹھا کر وہ گاڑی میں ڈالتے ہوئے ہاسپٹل کی طرف نکلا ساتھ میں زکیہ تھی۔۔۔

اس میں گاڑی چلانے کی ہمت نہیں تھی اس لیے وہ ڈرائیور کے ساتھ آیا تھا میرب کا سر اپنی گود میں رکھے ہوئے تھا۔۔

میرب کو اس وقت اتنی تکلیف تھی کہ وہ بچوں کی طرح رو رہی تھی۔ ایک سیکنڈ کے لیے بھی اسے چین نہیں مل رہا تھا تکلیف میرب کو تھی مگر جان رومان شاہ کی نکل رہی تھی۔۔

آہ آہاااااااا۔۔۔ وہ درد کی شدت سے چیخی تھی۔۔۔ شاہ کی گود سے سر اٹھاتے ہوئے وہ ایک دم سے درد سے تڑپ کر بیٹھ گئی تھی۔۔۔

شاہ پلیز مجھے بچا لے مجھے بہت درد ہو رہا ہے شاہ اس درد سے میں مر جاؤں گی وہ شاہ کے سینے میں درد کی شدت سے ہاتھوں سے مکے مارتے ہوئے رو رہی تھی۔۔شاہ کے سینے پر میرب کے آنسوں گر رہے تھے۔۔

وہ آنسوؤں شاہ کے سینے پر نہیں شاہ کے دل پر گر رہے تھے۔۔

میرب میری جان صبر رکھو اپنے منہ سے ایسے الفاظ مت نکالو، اللہ تعالی تمہیں میری بھی عمر لگا دے۔۔

وہ بنا زکیہ اور ڈرائیور کی پرواہ کیے

میرب کو اپنے بازؤں کے مضبوط حصار میں لیے اپنے سینے سے لگا رکھا تھا۔۔

oooooooooo

رومان شاہ کے پہنچنے سے پہلے ڈاکٹر نے تمام تیاریاں مکمل کر رکھی تھی۔وہ پہلے دن سے میرب کا کیس ہینڈل کر رہی تھی وہ اس وقت ذہنی طور پر تیار تھی کہ میرب کے ساتھ یہ حادثہ بھی ہو سکتا ہے۔۔۔۔

حالات ڈاکٹر کی سوچ کہیں زیادہ پنجیدہ ہو چکے تھے۔میرب کو الٹراساؤنڈ کے لیے روم میں لٹایا گیا۔۔

میرب رومان شاہ کا ہاتھ چھوڑنے کے لیے تیار نہیں تھی۔۔میرب کی کنڈیشن بہت زیادہ خراب تھی۔۔وہ درد سے تڑپنے کے ساتھ ساتھ غنودگی میں جا رہی تھی۔۔

ڈاکٹر اس کو کیا ہو رہا ہے یہ آنکھیں کیوں بند کر رہی ہے؟؟؟؟رومان شاہ چلاتے ہوئے میرب کی گال کو تھپتھپا رہا تھا۔ناظریں ڈاکٹر کی جانب مرکوز تھی۔۔

ڈاکٹر میرب کے پیٹ پر الٹراساؤنڈ کرتے ہوئے گھبراہٹ زدہ چہرے سے نظریں سکرین پر جمائے ہوئے تھی۔۔

سر پلیز آپ خود کو ہر حالات کے لیے تیار رکھیں۔ کنڈیشن میری سوچ سے زیادہ خراب ہے۔ اللہ تعالی سے دعا کریں کہ سب بہتر ہو۔۔ ویسے بھی ان کا ساتواں منتھ چل رہا ہے مگر بچے کی ڈلیوری کروانا ضروری ہے۔۔

اب بچہ ماں کے پیٹ سے باہر آکر خود کو کتنا اس ماحول میں ریکور کر سکتا ہے یہ تو بات میں پتہ چلے گا۔
مگر فی الحال تو میرب کے اندر اکسیجن کی کمی ہونے کے باعث میرب کو بہت نقصان پہنچ چکا ہے۔۔

اوپر سے ان کا بی پی بہت زیادہ شوٹ کر رہا ہے بس آپ سب اس کے لیے بہت سی دعائیں کریں۔۔

نرس آپریشن تھیٹر میں ان کو لے کر آئیں۔ڈاکٹر الٹراساؤنڈ مشین کو میرب کے پیٹ سے ہٹاتے ہوئے رومان شاہ سے کہہ کر آپریشن تھیٹر کی جانب جلدی سے جا رہی تھی۔۔۔

میرب کو جلدی سے آپریشن کی تیار کیا جا رہا تھا۔۔۔

وہ نیم بے ہوشی میں جا چکی تھی اور رومان شاہ خود کو پوری طرح سے مرتا ہوا محسوس کر رہا تھا۔۔

وہ پوری طرح سے بے ہوش ہوئی تو ہاتھ رومان شاہ کے ہاتھ سے چھوٹ کر سٹیچر سے لٹک گیا تھا۔۔میرب۔۔۔بے اختیار رومان شاہ کے منہ سے چیخ نکلی تھی۔۔

سر سر پلیز حوصلہ رکھیں یہ صرف بے ہوش ہوئی ہیں۔جس طرح کی ان کی کنڈیشن ہے،ایسی صورت میں ان کا بے ہوش ہونا ایک عام سی بات ہے۔۔

ڈاکٹر نے میر کو آپریشن تھیٹر میں لے جانے کو کہا۔اور رومان شاہ کے سامنے ڈاکومنٹس رکھے جن کو پڑھتے ہوئے رومان شاہ کو سائن کرنے کو کہا جن پر صاف صاف لکھا تھا کہ میرب کی کنڈیشن کے حساب سے ڈاکٹر اپنی پوری کوشش کریں گے مگر میرب کی اور بچے کی زندگی کا کوئی گارنٹی نہیں ہے۔۔

فیصد چانسز میں میرب کی جان جاسکتی تھی۔صرف 10 فیصد پر میرب 90 کی زندگی ٹکی تھی اور رومان شاہ کی سانسیں۔رومان شاہ کو آپریشن تھیٹر سے باہر رکنے کے لیے کہا تھا۔۔

رومان شاہ بے بسی سے دیکھ رہا تھا۔جب میرب کو بے ہوشی کی حالت میں آپریشن تھیٹر میں لٹا دیا گیا تھا۔
اس کے اوپر آپریشن تھیٹر میں جلنے والی کول لائٹوں کا پیا نزدیک کر دیا گیا۔۔
بلڈ پریشر چیک کرنے والی سکرین کو آن کر دیا گیا تھا۔۔

خون کی ٹرپ لگادی گئی تھی۔دوسری طرف گلوکوز کی بوتل بھی چڑھادی گئی تھی۔۔

ڈاکٹرا نجیکشن پرا نجیکشن توڑ کر ڈرپس کے اندر ڈال رہے تھے۔۔۔

میرب کو مصنوعی آکسیجن پر ڈال دیا گیا تھا وہ تو بے ہوش تھی بے خبر ہو چکی تھی دنیاداری سے۔۔۔

مگر رومان شاہ پل پل مر رہا تھا رومان شاہ بار بار اپنے دل والے مقام پر ہاتھ رکھ کے مسل رہا تھا۔۔

اس کو سانس سہی سے نہیں آرہی تھی۔وہ منہ کھول کر لمبی لمبی سانسیں کھینچتے ہوئے خود کو سانس دلانے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب اور ہما ہاسپٹل پہنچ چکے تھے۔۔رومان شاہ کی آج پھر وہی حالت تھی جو اس کی امی جان کہ دنیا سے جانے سے پہلے تھی۔۔۔

رومان شاہ کی آنکھوں میں وہی منظر تھا اس میں ساکت نہیں تھی۔وہ اور کوئی صدمہ برداشت کرنے کی ہمت نہیں رکھتا تھا۔۔۔

اتنا سخت دل رومان شاہ۔۔۔شاہ زیب کے سینے سے لگا رو رہا تھا۔رومان شاہ کی آنکھیں سرخ انگارہ ہو رہی تھی۔۔

اس کی خوبصورت آنکھوں میں لال کلر کے ڈورے ابھرے ہوئے تھے۔
شاہ زیب کے پاس الفاظ نہیں تھے رومان شاہ کو دلاسا دینے کے لیے۔۔۔
وہ رومان شاہ کی پیٹھ سہلاتے ہوئے بنا کسی آواز کے دلاسا دے رہا تھا۔۔ڈاکٹر شاہ زیب خود ایک ڈاکٹر تھا میرب کی اس وقت جو کنڈیشن تھی وہ میرب کی ڈاکٹر ہما کو کلیئر بتا چکی تھی۔۔۔

ایسے میں وہ رومان شاہ کو کیا دلاسا دیتا رومان شاہ نے جیب سے فون نکالتے ہوئے شاہ میر کا نمبر ڈائل کیا۔۔

شاہ میر ملک کہاں ہو تم!! میری میرب کو سانس نہیں آ رہی میری میرب بے ہوش ہو گئی ہے۔۔۔

کہاں ہو تم۔مجھے تمہاری ضرورت ہے۔رومان شاہ نے۔۔شاہ میر کو فون کرتے آنسوؤں سے اٹکتے ہوئے لہجے میں کہا تھا۔۔

۔اس سے آگے رومان شاہ کی بولنے کی ہمت نہیں ہوئی تھی۔۔فون شاہ زیب تھام چکا تھا۔۔باقی کی بات اس نے شاہ میر کو بتائی۔۔

رومان شاہ نے چہرے پر دونوں ہاتھ رکھ کے اپنے آنسوؤں کو گلے میں دبانے پوری کوشش کی تھی۔۔۔مرد تھا تو اپنے آنسوں کسی کو دکھانا بھی اپنی مردانگی کی توہین سمجھتا تھا مگر آنسوں تھے کہ پلکوں کی باڑ کو توڑ توڑ کر باہر آرہے تھے۔۔۔

وہ صرف لڑکی نہیں تھی وہ جان تھی رومان شاہ کی۔۔رومان شاہ کی ہر دھڑکن پر میرب رومان شاہ کا نام لکھا تھا۔۔رومان شاہ کے صبح کی خوبصورتی تھی میرب۔۔۔رومان شاہ کی راتوں کی خوبصورت چاندنی تھی میرب۔۔

!!رومان شاہ کے گھر کی رونق تھی

!!میرب رومان شاہ کی روم میں جگمگاتا روشن ستارہ تھی

میرب رومان شاہ کو میرب کی زندگی چاہیے تھی۔رومان شاہ کو اولاد کی کوئی چاہت نہیں تھی۔

رومان شاہ کا اگر اس وقت بس چلتا اگر ایک بار ڈاکٹر کہتی کہ رومان شاہ تم اپنی سانسیں میرب سے جوڑ دو تو تمہاری میرب بچ جائے گی۔۔۔وہ ٹھیک ہو جائے گی تو قسم سے رومان شاہ ایک لمحہ سوچے بغیر اپنی سانسیں اپنی میرب کے ساتھ جوڑ کر اپنی میرب کو ہوش میں لے آتا۔۔۔۔

میرب کو بے سود بے حال بے ہوش جس حالت میں اس نے آپریشن تھیٹر کے اندر بھیجا تھا۔۔وہ لمحہ قیامت سے کم نہیں تھا۔۔۔شاہ میر ملک اپنی جان

سے پیاری اکلوتی بہن کا سنتے ہی ہاسپٹل پہنچ چکا تھا۔۔میرب کے والدین بھی آ گئے تھے۔مرہا بھی بہت پریشان تھی میرب کو اس حالت میں دیکھ کر۔۔۔ سب دعائیں کر رہے تھے اس وقت کسی کے بس میں کچھ نہیں تھا صرف اللہ تعالی کی ذات ہی تھی جو میرب کو زندگی بخش سکتی تھی ڈاکٹر اپنی کوشش جاری رکھے ہوئے تھے۔۔۔

رومان شاہ ایک کونے میں چائے نہ نماز ڈالے ہوئے سجدہ ریز تھا پچھلے آدھے گھنٹے سے وہ سجدے میں سر کو ڈالے ہوئے آنسوؤں سے چائے نماز کو بھگو رہا تھا وہ اپنے رب کے سامنے سجدہ ریز ہو کر اپنی میرب کی زندگی مانگ رہا تھا۔۔

اس کے بدلے اسے دنیا کا ہر غم منظور تھا یہاں تک کہ اس سے اپنی اولاد کی زندگی کے بدلے بھی صرف میرب کی زندگی چاہیے تھی۔۔

اپنی زندگی کے بدلے بھی میرب کی زندگی چاہیے تھی۔ میرب رومان شاہ کی زندگی میں کیا اہمیت رکھتی تھی یہ تو خود رومان شاہ بھی نہیں جانتا تھا۔۔

مگر جب جب میرب ایسی کنڈیشن میں گئی رومان شاہ کو اپنا دل بند ہوتا محسوس ہوا جس سے یہ ثابت ہوتا تھا کہ میرب رومان شاہ کی دل کی دھڑکن تھی۔۔

تقریباً ایک گھنٹے تک آپریشن جاری رہا تھا۔۔ رومان شاہ سجدے میں گرا اپنے رب کے روبرو تھا۔۔ شاہ نے اپنے کاندھے پر کسی کا ہاتھ محسوس کیا۔ اس کی سماعت سے شاہ میر ملک کی ہلکی سی آواز ٹکرائی تھی۔۔۔

رومان شاہ نے سجدے سے سر کو اٹھایا آنسوں گالوں سے پھسل کر اس کی بیرڈ کو بھگو چکے تھے۔۔

سجدے والی جگہ آنسوں سے گیلی ہو چکی تھی۔ رومان شاہ۔۔۔ شاہ میر کی جانب دیکھنا نہیں چاہتا تھا۔۔ وہ آنکھیں بند کیے سانس روکے ہوئے

تھا۔۔شاہ میر نے جائے نماز پر آنکھیں بند کیے سانس روکے ہوئے روم شاہ کے کاندھے پر ہاتھ رکھا۔۔

رومان شاہ ہمت اور حوصلے سے کام لوا گر ایسے صبر کا دامن چھوڑ دو گے تو اس معصوم جان کو تم نہیں سنبھال پاؤ گے جس کا وجود دنیا میں لانے کے لیے تمہاری میرب اپنی جان پر کھیل گئی۔۔

شاہ میر کے الفاظ رومان شاہ کے کانوں میں تیز دھار خنجر کی طرح لگے تھے ۔شاہ میر کے الفاظ سن کر رومان شاہ کے سننے اور سمجھنے کی قوت کہیں ختم ہو گئی۔۔

رومان شاہ جھٹکے سے یا نماز سے کھڑا ہوا شاہ میر کی جانب دیکھ کچھ کہنا چاہتا تھا کہ رومان شاہ جیسا بہادر شیر خود کو نہیں سنبھال پایا اور اس کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا گیا تھا۔۔

وہ اس سے پہلے کہ بے ہوش ہو کر زمین پر گرتا شاہ میر اسے تھامتے ہوئے اپنے سینے سے لگا چکا تھا۔۔

رومان شاہ ہمت رکھو یار تم تو شیر ہو شیر احمر اور شاہ زیب تڑپ کر رومان شاہ کے قریب آئے تھے۔۔۔

یہاں پر کھڑا ہر فرد اس بات سے واقف تھا کہ رومان شاہ کے لیے میرب کیا اہمیت کی حامل ہے۔۔

مرہا کی حالت بری تھی۔۔اپنے بھائی کی ایسی حالت دیکھ کر وہ سسکیوں سے روتی ہوئی بھاگ کر اپنے بھائی کے قریب آئی تھی۔۔میرب کی ماں بھی

آنسوؤں سے رو رہی تھی ملک صاحب بھی دل برداشتہ ہو کر اپنے داماد کی جانب بڑے تھے۔۔۔

مرہا بے حال سی ہو رہی تھی۔اس کا بھائی جو اتنا بہادر جس نے زندگی کے ہر موڑ پر بہادری سے ہر مشکل سے مشکل حالات کا مقابلہ کیا۔آج رومان شاہ کو ایسے ٹوٹ کر گرتا دیکھ مرہا زور قطار آنسوں سے رو رہی تھی۔۔

میں جان لے لوں گا سب کی اگر تم لوگوں نے مجھے کوئی بری خبر سنائی۔وہ شامیر کے گریبان سے پکڑتا ہوا وحشی سا ہو گیا تھا۔اس کی خوبصورت آنکھوں میں لال ڈورے اس کے خوبصورت چہرے کو پر اصرار بنا رہے تھے۔۔

اس سے آگے رومان شاہ کچھ بول نہیں سکا تھا۔ مسلسل چکر آنے سے آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا گیا۔اور رومان شاہ شاہ میر کے ہاتھوں سے لٹکتا ہوا زمین پر گرنے لگا تھا کہ احمر شاہ زیب اور شامیر نے اسے اپنی باہوں میں سمیٹتے ہوئے جلدی سے اسٹیجر پر ڈالا اور اسے ایمرجنسی میں لے گئے۔۔

ڈاکٹر نے چیک کپ کے بعد بتایا کہ رومان شاہ کا بی پی حد سے زیادہ تجاوز کرنے کی وجہ سے رومان شاہ چکرا کر گرا ہے۔۔

اور رومان شاہ کے بی پی شوٹ کرنے کی وجہ ڈاکٹر نے صاف بتائی کہ سٹریس کی وجہ سے اس کا بی پی شوٹ ہوا ہے۔۔۔

حد سے زیادہ بی پی شوٹ کرنے کی وجہ سے وجہ سے وہ بے ہوش ہو گیا ہے۔

آئی ہوپ ڈاکٹر سہیل کوئی خطرے کی بات نہیں ہے۔شاہ زیب نے اپنے یار کی حالت دیکھ کر۔اس کے چیک اپ کرتے ہوئے ڈاکٹر سے پوچھا تھا۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب آپ خود ماشاءاللہ اتنے بڑے سرجن ہیں اور میرے خیال سے آپ دیکھ رہے ہیں جتنا ان کا بی پی شوٹ کر چکا ہے آگر بی پی کنڑول نہیں ہوا تو مجھے آپ کو یہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے کہ خدانا خواستہ ان کو ہارڈ اٹیک آسکتا ہے۔ڈاکٹر سہیل نے بہت مدبانہ انداز سے بتایا۔۔

۔ڈاکٹر شاہ زیب ایک بہت مشہور اور بہترین سرجن تھا۔جو کسی پہچان کا محتاج نہیں تھا۔۔۔پلیز ڈاکٹر سہیل ان کو بہترین ٹریٹمنٹ دیں ان کا بی پی ہمیں گرانا ہو گا۔۔شاہز یب نے بہت پریشان کن لہجے سے کہا۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب خود ڈاکٹر سہیل سے بات کر کے میڈیسن ریکمنڈ کرنے لگا تھا

۔۔

رومان شاہ جان تھا اپنے یاروں کی۔ تو یار کیسے اپنے یار کو اس حالت میں دیکھ سکتے تھے۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب جو روز ایسے ہائی بی پی کے مریضوں کو چیک کرتا تھا مگر اس وقت اسے اپنی خود کی کیفیت ایک عام آدمی کے جیسے لگ رہی تھی۔۔
جو اس طرح کی کنڈیشن میں مریض کو دیکھ کر گھبرائے ہوئے ہوتے ہیں۔۔

ان کے ہاتھ پاؤں پھولے ہوتے ہیں ڈاکٹر شاہ زیب بھی اپنی حالت ایک عام آدمی کے جیسی ہی محسوس کر رہا تھا۔ کیونکہ سامنے کوئی مریض نہیں اس کا اپنا شیر جوان یار لیٹا ہوا تھا۔۔

جو اس وقت دنیا عالم سے لاپرواہ بے ہوش پڑا تھا۔۔۔ایک ایسا عاشق جو ہزاروں سال میں ایک پیدا ہوتا ہے۔ جسے لوگ رومان شاہ کے نام سے

طویل زمانہ تک یاد رکھیں گے۔۔اس کا ٹریٹمنٹ جاری تھا شاہ میر۔ مرہا۔احمر سب ہی یہاں پر موجود تھے۔۔۔۔۔

oooooooooo

میرب!!میرب رومان شاہ تقریباً تین گھنٹے بعد ہوش آیا تھا۔۔۔ہوش میں آتے ہی اس کے لبوں سے جو پہلا نام نکلا وہ میرب کا نام تھا۔۔وہ ہڑ بڑا کر ہاسپٹل کے بیڈ سے اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔۔۔وہ خالی خالی نظروں سے ہر طرف دیکھ رہا تھا۔۔میرب کہاں ہے وہ بیڈ سے نیچے اتر کر اپنی چپلیں پہنتے ہوئے بولا تھا۔۔

تمہاری طبیعت ٹھیک نہیں رومان لیٹ جاؤ شاہ زیب نے آگے بڑھ کر رومان شاہ کو بیڈ پر لیٹانا چاہ تھا۔

رومان شاہ بے قابو سا ہوتا اسے دھکا دے کر پیچھے کرتے ہوئے چاروں اطراف دیکھنے لگا تھا۔۔اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ وہ یہاں کیوں ہے۔۔بی

پی پہلے سے کافی کم ہو چکا تھا مگر ابھی تک اس کا بی پی پوری طرح سے کنٹرول نہیں ہوا تھا۔۔۔

بی پی کے اچھے خاصے تیز ہونے سے رومان شاہ کا پورا جسم ایک تناؤ کا شکار تھا اور اب بھی اسے بیڈ سے اٹھتے ہوئے چکر آ رہے تھے۔۔۔

رومان تمہارا بی پی بہت شوٹ کر گیا تھا ابھی تم میں انڈر ایگزیویشن رہنے کی ضرورت ہے۔ شاہ زیب اور احمر نے اسے سمجھانے کی کوشش کی۔۔۔ میرب کیسی ہے ان کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے سوالیاں انداز بولا۔۔ رومان شاہ کے دل و دماغ پر اس وقت صرف میرب چھائی ہوئی تھی احمر اور شاہ زیب کیا بول رہے تھے۔ اس بات اسے کوئی لینا دینا نہیں تھا۔۔ میں نے پوچھا میرب کیسی ہے۔۔ اب کی بار رومان شاہ چلاتے ہوئے بولا۔۔ تم دونوں کچھ ایسا مت بولنا کہ میرا دھڑکتا دل بند ہو جائے۔۔

وہ منہ کھول کر لمبی لمبی سانس فضا میں چھوڑتے ہوئے بول رہا تھا۔دونوں ہاتھ بیڈ سے ٹکائے سہارا لیے کھڑا تھا۔کیونکہ چکروں کی وجہ سے اپنے پیروں پر ٹھیک سے کھڑا نہیں ہو پا رہا تھا۔۔

شاہ زیب اور احمر اسے بیڈ پر لٹانے کی کوشش کر رہے ہیں۔۔۔جب کہ وہ ان دونوں کو قریب بھی نہیں آنے دے رہا تھا۔۔

رومان تمہارے گھر اللہ نے ایک خوبصورت سا بیٹا عطا کیا ہے۔۔احمر نے رومان کا دھیان بٹانے کے لیے پہلے اسے اچھی خبر سنائی تھی۔۔

میں نے پوچھا میرب کیسی ہے۔۔وہ بھر سے چیخا تھا۔

ہٹو مجھے اس کے پاس جانے دو ان دونوں کو دھکا دیتے ہوئے۔ایمرجنسی وارڈ سے باہر نکل آیا تھا۔۔

رومان شاہ نے اپنے ہاتھ پر لگی ہوئی ڈرپ کو اتنی بے دردی سے کھینچ کر اترا کہ خون کی بوندیں فرش پر گرنے لگی تھی۔۔

وہ تیز تیز قدم اٹھتا ہوا دیوار کو تھامتے ہوئے میرب کے پاس جا رہا تھا رومان شاہ کے پیچھے پیچھے احمر اور شاہ زیب بھی بھاگتے ہوئے جا رہے تھے۔۔

اس کی حالت ٹھیک نہیں تھی مگر وہ ضدی اتنا تھا کہ جب وہ نارمل حالات میں ہوتا وہ تو تب کسی کی بات نہیں مانتا تھا۔۔اس وقت تو اس کی میرب کی جان خطرے میں تھی تو رومان شاہ کو روکنا ناممکن تھا۔۔

شاہ زیب نے بامشکل یہ خبر رومان شاہ کو سنائی تھی کیونکہ رومان شاہ اتنا بے قابو ہو رہا تھا اگر وہ لوگ کچھ نہیں بولتے تو وہ خود کو بھی نقصان پہنچا سکتا تھا۔۔

رومان شاہ جاتے ہی ڈاکٹر چڑھ دوڑا تھا مجھے بتاؤ میرب کیسی ہے کیا کیا تم نے میری میر کے ساتھ خود کو اتنی بڑی ڈاکٹر سمجھتی ہو۔

بتاؤ رومان شاہ چیخا تھا ڈاکٹر رومان شاہ کا انداز اور غصہ لال سرخ آنکھیں دیکھ کر گھبرا گئی تھی۔۔

اوپر سے وہ ٹھیک سے کھڑا بھی نہیں ہو پا رہا تھا۔اس کو تھامنے کے لیے شاہ زیب اور احمر نزدیک آئے تو ان کو بھی دھکہ دیتے ہوئے پیچھے کر چکا تھا۔۔

اس وقت رومان شاہ کو پوری دنیا اپنی دشمن لگ رہی تھی اس کی نظریں صرف میرب کو دیکھنا چاہتی تھی۔میرب محبت میں اس کا دماغ یہ سوچنے سے قاصر تھا کہ یہاں پر جو لوگ کھڑے ہیں ان میں بہت سے رشتے ایسے ہیں جو میرب کے خون کے رشتے ہیں۔۔

رومان شاہ کا دل اس وقت صرف یہ جانتا تھا کہ میرب اس کی ہے۔اور
میرب کی تکلیف صرف اس کا دل محسوس کر سکتا ہے۔۔۔
اس لیے وہ کسی سے بات نہیں کرنا چاہتا تھا رومان شاہ کی حالت دیکھ کے اس
وقت شاہ میر نے ہاتھ کے اشارے سے سب کو پیچھے رہنے کو کہا تھا۔۔

ڈاکٹر منہ کھولو اور مجھے بتاؤ میری میرب کیسی ہے۔۔ڈاکٹر کی چپ رومان شاہ
کو اور تیش دلا رہی تھی۔۔۔
سر میرب کو مامیں چلی گئی ہے ہم نے بہت کوشش کی۔۔۔۔بکواس بند
کرو۔۔وہ ڈاکٹر کی بات بیچ میں ہی کاٹتا ہوا چیخا تھا۔۔۔۔
کوشش کی آپ نے۔۔کیا میری میرب کی زندگی کوشش پر ٹکی ہوئی تھی
۔۔وہ پھولی ہوئی سانس اور چکراتے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے چیخ کر بول رہا تھا
۔۔

ڈاکٹر نے رومان شاہ کو سامنے سے کوئی جواب نہیں دیا۔۔ کیونکہ وہ رومان شاہ کو بہت قریب سے جانتی تھی۔ رومان شاہ کا اپنی بیوی کے لیے حد سے زیادہ پیار اس کی نظروں سے چھپا ہوا نہیں تھا۔

اس وقت رومان شاہ کی جو کنڈیشن تھی، اس سے بھی وہ بہت اچھی طرح سے واقف تھی۔ ورنہ وہ ضرور کہتی کہ زندگی اور موت اللہ تعالی کے ہاتھ میں ہے وہ تو صرف علاج کر سکتی ہے۔۔

کہا ہے میری میرب مجھے اس کے پاس جانا ہے رومان شاہ کے پوچھنے پر ڈاکٹر نے دائیں جانب کے پہلے روم کی طرف اشارہ کیا۔۔۔

لڑکھڑاتے قدموں کے ساتھ وہ روم کے اندر داخل ہوا جہاں میرب کا وجود بے جان ساکت لیٹا ہوا تھا۔۔

شاہ میر نے ہاتھ کے اشارے سے سب کو پیچھے رہنے کو کہا تھا کہ کوئی روم میں نہ جائے۔۔۔

شاہ میر چاہتا تھا کہ کچھ دیر رومان شاہ میرب سے مل کر اپنے دل کا غبار نکالے تاکہ اس کا دل ہلکا ہو تو کچھ سوچنے کے قابل ہو جائے گا۔۔

ورنہ اس طرح تو رومان شاہ کے دماغ کی نسیں پھٹنے تک ہر خطرہ لاحق ہونے لگا تھا رومان شاہ میرب کے پاس پڑی تیزی سے آیا تھا۔۔وہ بے ہوش ساکت لیٹی ہوئی تھی۔۔رومان شاہ نے جھک کر بنا ہاسپٹل کے روم کے ،اور بنا لوگوں کی پرواہ کیے اس کے چہرے کو اپنے لبوں سے چومنا شروع کر دیا۔۔۔

اس کے چہرے پر جھکا اس کے چہرے پر لبوں سے طواف کر رہا تھا۔وہ اس وقت اپنی ہوش سے بیگانہ دیوانہ سا ہوا جا رہا تھا۔۔۔رومان شاہ کے آنسوں میرب کے چہرے کو بھگو رہے تھے۔۔

میرب پلیز اٹھ جاؤ میں تمہیں کبھی نہیں ڈانٹوں گا۔۔۔میرب تم جانتی ہو کہ تمہارا شاہ تم سے کتنا پیار کرتا ہے۔۔اسی لیے تم مجھے تنگ کر رہی ہو ۔۔پلیز یار تنگ کرنے کے اور بہت طریقے ہیں ایسے میری محبت کو مت آزماؤ۔۔۔شاہ پل پل گھٹ گھٹ کر مر رہا ہے۔۔

میرب میرے ضبط کا امتحان مت لو ایک منٹ سے پہلے اٹھو ورنہ تمہارے ایسے ہوش ٹھکانے لگاؤں گا کہ دوبارہ ایسا مذاق کرنے کی جرات نہیں کرو گی۔۔۔

وہ اس کے چہرے کو چومتے ہوئے پاگلوں کی طرح بولے جا رہا تھا۔ جبکہ میرب ساکت لیٹی تھی۔۔

شاہ میر نے آکر اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھا۔۔۔رومان شاہ نے پلٹ کر کھا جانے والی نظروں سے دیکھا۔۔

رومان پلیز خود کو سنبھالو میں جانتا ہوں کہ میرب تمہارے لیے کیا ہے مگر یار یہ میری بھی بہن ہے۔۔مجھے بھی بہت عزیز ہے میں نے اس کو بیٹیوں کی طرح پالا ہے۔ مگر اس طرح ہوش حواس کھو دینے سے کچھ ٹھیک نہیں ہو گا ۔۔۔شاہ میر نے کاندھے پر ہاتھ رکھتے سمجھانے کی کوشش کی۔۔۔

شاہ میر اس وقت تمہاری کوئی بھی دلیل نہ مجھے سکون دے سکتی ہے اور نہ ہی میں سمجھ سکتا ہوں مجھے صرف یہ پتہ ہے کہ۔یہ میری ہے اور صرف میری ہے کسی کا اس پر کوئی حق نہیں ہے آنسوؤں سے بھیگی ہوئی آنکھوں میں لال ڈورے اس کے دل کا درد چیخ چیخ کر بیان کر رہی تھی۔

رومان شاہ۔۔میر کے ہاتھ کو جھٹکتے ہوئے بولا تھا۔۔۔۔شاہ میر اس کی کیفیت سے بخوبی واقف تھا۔۔اس لیے اسے کچھ دیر میرب کے ساتھ اکیلے چھوڑ کر باہر نکل آیا۔۔

oooooooooo

بھائی!! مرہانے رومان شاہ کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر پکارا تھا۔جو میرب کے پاس اس کے روم میں بیٹھا ہوا تھا اور خالی نظروں سے اس کے ساتھ وجود کو دیکھ رہا تھا۔۔

وہ اس قدر چڑ چڑا اور ہو گیا تھا کہ نہ تو وہ خود میرب کے روم سے جانا چاہتا تھا اور نہ ہی اسے یہ گوارا تھا کہ کوئی اور میرب کے پاس آکر بیٹھے بس چند لمحوں کے لیے ہی اسے دیکھنے کوئی روم میں آتا ورنہ ڈاکٹر کے سخت آرڈر تھے کہ روم میں کوئی نہیں جا سکتا۔۔۔

میرب کو آئی سی یو میں رکھا ہوا تھا صرف باہر لگے ہوئے شیشے سے ہی سب لوگ میرب کو دیکھ پاتے تھے۔۔

مگر رومان شاہ کی ایکسٹرا اضد اور ڈاکٹر

شاہ زیب کی سفارش کی بنا پر رومان شاہ کو میرب کے پاس رکنے کی اجازت تھی وہ فل آئی سی یو والے میڈیکل لباس کو پہنے ہوئے 42 گھنٹے میرب کے پاس ہی رہتا تھا۔۔۔

آج میرب کو کوما میں گئے دو مہینے ہو چکے تھے رومان شاہ نے دنیاداری سے تعلق توڑ رکھا تھا۔

ایک طرح سے یہی کہنا مناسب ہو گا کہ رومان شاہ اپنے سینسز میں نہیں تھا پورا پورا دن خاموشی سے بیٹھے ہوئے میرب پہ نظر مرکوز کیے رہتا تھا۔۔۔ اس کے دماغ میں کیا چل رہا تھا کوئی نہیں سمجھ سکتا تھا اس وقت بھی مر رہا صرف اسے زبردستی تھوڑی دیر کے لیے باہر لے جانا چاہتی تھی تاکہ وہ کچھ کھا لے۔ کھانا تو ایسے تھا جیسے زندگی جینے کے لیے چند لقمے لیتا تھا۔۔

اور صرف مر رہا تھی جس کی بات تھوڑی بہت رومان شاہ مان جاتا تھا ورنہ اس کے چڑچڑے پن کی وجہ سے سب اس سے دوری بنا کے رکھتے تھے۔۔

کیونکہ رومان شاہ جب زیادہ ہائپر ہوتا تو اس کا بی پی ہائی ہونے لگتا تھا اس وجہ سے رومان شاہ کی صحت کا خیال رکھتے ہوئے صرف اس کے پاس مرہا کو بھیجا جاتا۔۔۔

اپنی بہن کے سامنے کہیں نہ کہیں رومان شاہ نرم پڑ جاتا تھا۔۔

بھائی پلیز میں کھانا بنا کر لائی ہوں آکر تھوڑا سا کھا لیجئے کاندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے آنکھوں میں نمی لیے مرہا نے رومان شاہ سے کہا تھا۔۔۔

دونوں ہاتھ کی انگلیاں ایک دوسرے میں پھنسائے ہوئے اپنی ٹھوڑی کے نیچے رکھے ہوئے بیٹھا تھا۔۔

مرہا مجھے ابھی بھوک نہیں ہے۔ چہرے پر اداسی رنگت میں پلاہٹ لہجے بیزاری کے ساتھ بولا تھا۔۔۔

بھائی جب کھائیں گے تو بھوک لگ جائے گی۔ پلیز بھائی میری خاطر وہ بڑے پیار سے بول رہی تھی رومان شاہ کا ہاتھ تھامتے ہوئے زبردستی مرہا نے رومان شاہ کو اپنے ساتھ باہر لے جا رہی تھی۔۔

وہ اپنی بہن کا مان نہیں توڑ سکتا تھا اس کے ساتھ باہر گیا مرہا کھانا بنا کر لے کر آئی تھی شاہ میر اور مرہا نے اس کے ساتھ بیٹھ کر ڈیٹنگ روم میں کھانا کھایا اور زبردستی رومان شاہ کو بھی کھلایا تھا۔

بھائی پلیز آپ ایک بار اپنے بیٹے سے ملیں تو صحیح مرہا بے بی کو ساتھ لے کر آئی تھی۔ رومان شاہ کے گھر خدا نے بہت پیارا سا بیٹا دیا تھا جسے 24 گھنٹے نرسنگ ہوم میں رکھنے کے بعد ان کے حوالے کر دیا گیا تھا کیونکہ بچہ ماشاءاللہ بالکل ٹھیک تھا۔۔

بچے کی ذمہ داری مرہااور شاہ میر اوراس کے نانانانی کے پاس تھی وہی اس کو سنبھال رہے تھے۔۔۔

میرب کوما میں تھی اور رومان شاہ اپنے سینسز میں نہیں تھا وہ بچے کو نہیں دیکھنا چاہتا تھا۔۔ایسا نہیں تھا کہ اسے اپنی اولاد سے لگاؤ نہیں تھا مگر وہ اپنے بیٹے کو مکمل ہو کر میرب کے ساتھ دیکھنا چاہتا تھا۔۔

اس بچے کے لیے میرب کتنی ایکسائٹڈ سی وہ سب کچھ رومان شاہ کی آنکھوں سے چھپا ہوا نہیں تھا۔۔۔

مرہا تم اس چھوٹے سے وجود کی کیوں بار بار مجھ سے توہین کرواتی ہو تم جانتی ہو کہ جب تک میرب ٹھیک نہ ہو میں نہیں دیکھوں گا۔۔یہ بچہ میری نہیں یہ میرب کی خواہش تھی۔۔۔

اور مجھ سے پہلے میرب کو دیکھنے کا حق ہے۔۔میں اس کو دیکھوں گا پیار بھی کروں گا یہ میری اولاد ہے۔۔ہم دونوں مل کر دیکھیں گے۔

رومان شاہ نے ہمیشہ والا جواب دیا تھا۔۔ٹھیک ہے بھائی جیسے آپ کی مرضی ہے۔۔۔بے بی کو اپنے سینے سے لگائے ہوئے مرہا نے ہار ماننے والے انداز سے کہا کیونکہ یہ جواب رومان شاہ اسے پہلے بھی کئی بار دے چکا تھا۔۔۔

شاہ میر اور مرہا کچھ دیر رومان شاہ کے پاس بیٹھے رہے اور اس کے بعد بے بی کو لے کے گھر کے لیے نکل پڑے رومان شاہ مغرب کی نماز ادا کرنے کے لیے ہاسپٹل کی مسجد میں گیا۔۔۔

اور وہاں سے سیدھا واپس میرب کے روم میں روٹین کے مطابق زندگی جیسی ایک جگہ پہ رک سی گئی تھی۔۔۔

ooooooo

ہائے مہرمہ اب ہم کیا کریں آج تو میڈ بھی نہیں آئی ہے۔اور باہر کتنی بجلی کڑک رہی ہے۔ مہرباں مجھے تو بہت ڈر لگ رہا ہے۔۔ تمہیں بھی ڈر لگ رہا ہو گا۔

میرے خیال سے ہمیں تمہارے باپ کے کمرے میں چلا جانا چاہیے۔ویسے تو تمہارے بابا بہت کھڑوس ہیں، خود سے انہوں نے کبھی ہمیں اپنے کمرے میں آنے کی آفر نہیں دی۔۔ چلو کوئی بات نہیں ہم تھوڑے ڈھیٹ بن کر ان کے روم میں چلے جاتے ہیں۔۔

احمر کی والدہ اپنے روم میں سو رہی تھی ان کے پاس ایک خاص میڈ چوبیس گھنٹے رہتی تھی۔۔جو ان کا خیال رکھتی تھی۔اور جو میڈ مہرمہ کے پاس ہوتی

تھی آج اس کے گھر میں کوئی ایمر جنسی تھی جس کی وجہ سے وہ نہیں آئی تھی ۔اور ماہی مہرمہ کے روم میں اکیلی تھی۔۔۔

جب سے ماہی کی شادی احمر سے ہوئی تھی شاید اللہ تعالی اس پر بہت زیادہ مہربان ہو گیا تھا۔۔

احمر کو ہر ایک سے دوسرے پروجیکٹ میں کامیابی مل رہی تھی۔گھر میں پیسے کی ریل پیل ہو گئی تھی۔اتنی ترقی تو احمر نے اتنے سالوں میں نہیں کی تھی جتنی اس نے ان دو مہینوں میں کی ماشاءاللہ وہ جس پروجیکٹ میں ہاتھ ڈال رہا تھا اللہ تعالیٰ اسے کامیابیاں عطا کر رہا تھا۔۔۔

یہاں تک کہ احمر سوچنے پر مجبور ہو گیا تھا کہ کیا ماہی اس کے لیے اتنی لکی ثابت ہوئی ہے۔۔کیونکہ یہ تو سچ تھا کہ رزق ہمیشہ عورت کے نصیب میں

ہوتا ہے اور ماہی کے نصیب احمر کے ساتھ جڑتے ہی احمر کی قسمت کا ستارہ جگمگا اٹھا تھا۔۔

احمر کی زندگی میں خوشیاں زبردستی آچکی تھی۔۔ماہی کی بے تکی باتیں ماہی کی بچگانہ حرکتیں اکثر احمر کو مسکرانے پر مجبور کر دیتی تھی۔۔

مہرمہ سے تو وہ اتنا پیار کرتی تھی کہ کبھی کبھی تو احمر یہ بھول ہی جاتا تھا کہ مہرمہ ماہی کی سگی بیٹی نہیں ہے۔۔

اپنی امی جان کو بھی وہ پہلے سے بہت زیادہ خوش محسوس کرتا تھا۔۔اکثر مہرمہ کو لے کر ماہی اس کی والدہ کے روم میں چلی جاتی اور گھنٹوں بیٹھی اپنی بچگانہ باتوں سے ان کا دل بہلاتی رہتی تھی۔۔۔

آسان لفظوں میں یہ کہ گھر میں ہر طرف رونقیں ہی رونقیں لگی رہتی تھی اوراس کی وجہ ماہی تھی اس کا چنچل پل اس کی لاابالی والی عمر نے گھر کا ماحول بدل کر رکھ دیا تھا۔۔۔

گھر سے اداسیوں کا ڈیرا ختم اور خوشیوں کا بسیرا ہو چکا تھا۔۔۔احمر اپنے روم میں سوتا تھا جب کہ ماہی مہرمہ اور میر کے ساتھ سوتی تھی۔۔

مگر ماہی اکثر مہرمہ کو لے کر خود سے ہی احمر کے روم میں چلی جاتی تھی۔ماہی کا یوں مہرمہ کو لے کر اس کے روم میں آنا احمر کو بہت اچھا لگتا تھا مگر احمر ماہی سے کبھی بھی اس بات کا اظہار نہیں کرتا تھا۔۔

ماہی کو یہ بات بری لگتی تھی مگر پھر بھی وہ روز محرمہ کو لے کر احمر کے آنے کے بعد اس کے روم میں ضرور جاتی تھی اس کے بعد مہرمہ کے ساتھ مہرمہ کے روم میں آکر سو جاتی تھی۔۔۔

ان کے بیچ میں ابھی فاصلے برقرار تھے مگر ماہی کی بچکانہ حرکتیں احمر کے دل میں دستک دے کر دروازہ کھول چکی تھی۔

اب اکثر احمر کی نظر ماہی کو ڈھونڈتی تھی احمر کو مہرمہ اور ماہی کا انتظار ہوتا تھا اپنے روم میں آنے کا۔۔اور آج تو ماہی نے مہرمہ کے ساتھ احمر کے روم میں سونے کا ارادہ بنالیا تھا۔۔۔

کیونکہ ماہی کو روم میں اکیلے ڈر لگ رہا تھا اور اوپر سے باہر تیز بارش اور بجلی کڑک رہی تھی۔وہ زیادہ تر تو ہوسٹل میں رہتی تھی مگر جب کبھی گھر جاتی تو وہاں پر بھی اس کی ایک پرانی ملازمہ تھی۔جو ماہی کے پاس سو جاتی تھی۔۔۔وہ احمر کو مل کر تو پہلے ہی آچکی تھی۔۔۔

اب دوبارہ سے اس کے روم میں مہر مہ کو لے کر جاتو رہی تھی مگر دل میں بہت سے سوال تھے کہ وہ کیا سوچے گا۔۔۔

ooooooooo

احمر بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے ہوئے بیٹھا تھا۔لیپ ٹاپ کو اپنی گود میں رکھے ہوئے کوئی پروجیکٹ بنا رہا تھا۔۔

آج کل قسمت کی دیوی اس پر بہت مہربان تھی تو کام بھی بہت زیادہ ہو چکا تھا۔۔

اکثر اسے گھر آکر بھی کام کرنا پڑتا تھا اب بھی وہ بیٹھا ہوا ایک پروجیکٹ تیار کر رہا تھا۔۔

جب ماہی نے آکر دھاڑ سے دروازہ کھولا اور روم کے اندر داخل ہوئی وہ روم میں تو اکثر اسی طرح سے آتی تھی بنا کھٹکھٹائے مگر وہ ٹائم یہ نہیں ہوتا تھا اس وقت تقریباً رات کے دس بج رہے تھے۔اور وہ اس وقت کبھی احمر کے روم

میں نہیں آیا کرتی تھی۔۔۔احمر نے لیپ ٹاپ سے نظریں اٹھا کر دروازے کی جانب سے آتے ہوئے طوفان کی جانب دیکھا۔۔

مہرمہ کو اپنے سینے سے لگائے بچوں کی طرح بلڈ پر گھٹنوں کے بل بیٹھتے ہوئے سکرول کر کے سیدھی ہو گئی۔اور مہرمہ کو بیڈ پر لیٹا دیا۔۔۔

احمر کو کچھ سمجھ میں نہیں آیا تھا آئی برو اٹھا کر اشارے سے پوچھا کہ اس وقت وہ یہاں کیا کر رہی ہے۔۔۔

ایسے آئی برو اچکا کر دیکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔بچے تو نہیں ہیں۔۔آپ کو پتہ ہونا چاہیے کہ بار کتنی بار ش ہو رہی ہے۔۔۔آرام سے بیڈ گراؤنڈ سے سر لگا کر بیٹھتے ہوئے نظر سامنے دیوار کر مرکوز کر کے کہا۔۔

ہاں مجھے پتہ ہے کہ باہر بہت بارش ہو رہی ہے، مگر ہماری گھر کی چھتیں لیکج تو نہیں ہیں۔احمر نے لیپ ٹاپ کو سلیپنگ موڈ پر لگاتے ہوئے پوری طرح سے ماہی کی طرف متوجہ ہو کر کہا۔۔

ہاہاویری فنی میں نے کب کہا کہ چھتیں لیک ہو رہی ہیں۔ باہر بہت زیادہ بجلی کڑک رہی ہے اور مہرمہ کو بہت زیادہ ڈر لگ رہا تھا۔۔

اس لیے میں مہرمہ کو لے کر یہاں پر آگئی آپ پریشان نہیں ہو ہم لوگ ایڈجسٹ کر لیں گے۔وہ اپنی تیز زبان سے خود ہی سوالوں کے جواب دیتے جا رہے تھی۔۔

احمر کو سمجھ آگیا کہ ماہی کو ڈر لگ رہا ہے۔وہ اس لیے مہرمہ کو لے کر اس کے روم میں سونے آئی ہے وہ جانتا تھا کہ آج میڈ نہیں آئی تھی۔۔۔

ابھی وہ سوچ ہی رہا تھا کہ ماہی نے اگلا پوائنٹ بھی خود ہی سمجھا دیا۔آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے آپ آرام سے نیچے میٹرس پر سو جائیں میں اور مہرمہ بیڈ پر ایڈجسٹ کر لیں گے۔۔۔

واٹ!!احمر شاکنگ ہو کر دیکھتے ہوئے کہا۔۔

جی ہم لوگ ایڈجسٹ کر لیں گے۔ایسے احسان کرنے والے انداز سے بتا رہی تھی جیسے کہ محرمہ کو لے کر وہ صوفے پر سونے والی تھی۔جہاں پر وہ ایڈجسٹ کر سکتی تھی۔۔۔

احمر کو اس کی بات پر ہنسی آنے لگی تھی۔۔اب ماہی اپنا فرمان بتا چکی تھی اس لیے احمر اٹھ کر لیپ ٹاپ کو شٹ ڈاؤن کرتے ہوئے۔۔

اٹھ کر صوفے پر لیٹ گیا اور ماہی مہرمہ کو لے کر بیڈ پر سو گئی احمر صوفے پر ان کفٹیبل پوزیشن میں سو رہا تھا اس لیے اسے نیند نہیں آ رہی تھی۔۔

جبکہ ماہی مہرمہ کو اپنے سینے پر لٹائے ہوئے خراٹے مار کر سو رہی تھی مہرمہ رونے لگی تھی۔ جس کی وجہ سے ماہی نے اسے اپنے سینے پر لٹاتے ہوئے تھپتھپایا تو وہ وہیں سو گئی تھی۔۔

نیند میں ماہی خود پر سے کمبل ہٹا چکی تھی۔۔ ٹھنڈی کا موسم ہو رہا تھا احمر جو صوفے پر لیٹا ان کو دیکھ رہا تھا ماہی سوئی ہوئی بہت خوبصورت لگ رہی تھی شاید احمر نے پہلی بار ماہی کو اتنے قریب سے ایک الگ نظریے سے دیکھا تھا

وہ ہر لحاظ سے بہت خوبصورت تھی چھوٹی چھوٹی نین نقش باریک باریک ہونٹ چھوٹی سی تیکھی ناک کھلتی ہوئی رنگت وہ نامیک اپ کے بھی بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔

احمر صوفے سے اٹھ کر اس کے قریب ہوا اور کمبل ان دونوں ڈال کر کور کرنے لگا تھا کہ ان کو ٹھنڈ نہ لگ جائے اسی دوران ماہی کی آنکھ کھل گئی تھی۔۔

کک۔۔کک۔۔کیا کر رہے تھے آپ میرے ساتھ۔۔۔وہ ہڑ بڑا کر آنکھیں کھول کر بولی تو احمر ڈر گیا تھا ایک دم اس کی آواز پر۔۔۔

محترمہ کچھ نہیں کر رہا تھا تم لوگوں کے اوپر بلینکٹ ڈال رہا تھا تاکہ تم لوگوں کو ٹھنڈ نہیں لگ جائے احمر نے صفائی دیتے ہوئے کہا جیسے کوئی چوری پکڑی گئی ہو۔۔۔

اچھا چلو ٹھیک ہے پھر دے دیجیے اچھی طرح دیجیے گا تاکہ دوبارہ نہ اترے وہ آنکھیں بند کر کے کروٹ لیتی ہوئی مہرمہ کو اپنے ساتھ باہوں کے دائرے میں لے کر لیٹ گئی۔۔۔

اور آرڈر پاس کر چکی تھی کہ احمر اس کے اوپر کمبل اچھی طرح سے ڈال دے

۔۔۔

احمر نے نفی میں سر کو ہلایا۔ ہلکی سی مسکراہٹ اس کے لبوں پر بکھر گئی۔ احمر کمبل ان کے اوپر ڈالتے ہوئے وہ واپس جا کر اپنی جگہ پر لیٹ گیا۔۔

دونوں ہاتھ سینے پر باندھے وہ لیٹا ہوا کچھ دیر کروٹ دوسری جانب لے کر سوئی ہوئی ماہی کی جانب دیکھتا رہا۔۔۔

آج پہلی بار اسکے دل نے ماہی کے لیے ایک الگ سی فیلنگ کو محسوس کیا تھا وہ سوچتے ہوئے گہری نیند میں چلا گیا تھا۔۔

oooooooooo

!!شفا

!!شفا

عاصم شاہ شفا کو ڈھونڈتا ڈھونڈتا اپنے روم میں آیا تھا۔واش روم سے گرتے ہوئے پانی کی آواز سے وہ سمجھ چکا تھا کہ شفا واش روم میں ہے۔۔شاور کی تیز آواز میں شاید اس نے عاصم شاہ کی آواز نہیں سنی تھی۔

اسی لیے کوئی جواب نہیں آیا۔عاصم شاہ اور شفا کو لاہور میں آئے ہوئے تقریباً دو مہینے ہو گئے تھے۔۔شفا گھر والوں کے ساتھ کافی گھل مل گئی تھی گھر میں ایک عاصم شاہ کی ماں تھی۔۔

عاصم شاہ کے والد کا انتقال ہو چکا تھا اور ایک عاصم شاہ کا چچا اور چچی تھی عاصم شاہ مہک کے بعد گھر کا اکلوتا بچہ رہ گیا تھا۔۔۔

اس لیے سب نے شفا کو خوشی خوشی قبول کر لیا۔۔عاصم شاہ نے شفا کے بارے میں زیادہ کچھ نہیں بتایا تھا بس یہی کہا کہ اس کے ماں باپ بیرون ملک رہتے ہیں۔۔۔

اور اس نے شفا سے لو میرج کی ہے۔اور رومان بھائی شادی میں شامل تھے۔۔وہ شفا کی عزت پر کسی بھی طرح کی آنچ نہیں آنے دینا چاہتا تھا۔۔۔

گھر میں ویسے ہی خوشیوں کی بہت کمی تھی شفا نے بھی گھر والوں کو کھلے دل سے قبول کیا۔۔بس اکثر وہ اپنی ماں اور بھائی کو یاد کر کے عاصم شاہ کے سامنے رو دیتی تھی۔۔۔

عاصم شاہ کے پاس فی الحال اسے تسلی دینے کے لیے بھی الفاظ نہیں تھے کیونکہ اس نے شاہ میر سے وعدہ کیا تھا کہ وہ اس کو کبھی بھی اس کے گھر والوں سے نہیں ملوائے گا۔۔۔

اور وہ وعدہ نہیں توڑ سکتا تھا مگر اپنی طرف سے اس نے شفا کو کبھی کوئی تکلیف نہیں دی تھی۔۔۔

پھر بھی شفا کے آنکھوں میں آنسو دیکھ کر دو چار بار اس کی ماں اور بھائی سے اس نے فون پر بات کروائی تھی۔۔

مگر اس کے باپ سے نہ تو وہ خود بات کرنا چاہتی تھی نہ ہی عاصم شاہ نے بات کروائی۔۔۔

وہ اپنے شوز اتار کر سٹینڈ پر رکھ رہا تھا جب واش روم کا دروازہ کھلا اور وہ سر پر ٹاول لپیٹتے ہوئے واش روم سے باہر آئی تھی۔۔۔

دوپٹے سے بے نیاز اس کا خوبصورت سراپے کو دیکھ کر عاصم شاہ نے گہری نظروں سے اسے دیکھا۔۔۔وہ مسکرایا تھا شفا کی عادت تھی کہ وہ جب بھی عاصم شاہ کی غیر موجودگی میں شاور لیتی تو اکثر وہ ایک کھلی سے گلے والی شرٹ اور ٹراؤزر پہن کر باہر آتی تھی۔۔

باہر آکر اچھی طرح بالوں کو خشک کر کے اس کے بعد کپڑے چینج کرتی تھی آج بھی اسے اندازہ نہیں ہوا تھا کہ عاصم شاہ کے آنے کا وقت ہو چکا ہے۔

شرٹ کافی لوز تھی جو اس کے جسم پر بھاگ رہی تھی۔اور ٹی شرٹ کا گلا بہت زیادہ ڈیپ تھا۔۔

عاصم شاہ کو ایک دم روم میں دیکھ کر وہ ہڑ بڑا گئی تھی۔۔شرم سے اس کا چہرہ لال ہو گیا تھا اپنی حالت اور عاصم شاہ کی گہری نظر دیکھ کر۔۔

اس پہلے کہ وہ اپنے ارادے میں کامیاب ہوتی۔۔عاصم شاہ نے دو ہی قدموں میں اس تک کا فاصلہ طے کیا۔۔

اس کی کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے اپنی جانب کھینچتے ہوئے سینے سے لگا لیا

۔۔۔

وہ واش روم میں واپس جا کر بند ہونے کی نیت رکھتی تھی۔۔۔کیا کرنے والے تھی میڈم بھاگ کر واش روم بند ہونا چاہتی تھی۔۔۔

اس کی خوبصورت سراپے کو گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے عاصم شاہ مسکرا رہا تھا۔۔۔

پلیز مجھے چینج کر لینے دیں میں پھر آپ سے بات کرتی ہوں۔۔۔۔

وہ شرم سی لال ہوئی تھی۔۔

عاصم شاہ کے ہاتھ اس کی کمر پر سخت ہوئے تھے۔اس کے بھیگے بھیگے وجود کی خوشبو عاصم شاہ کو بہکاتے ہوئے اس کے قریب جانے پر مجبور کر رہی تھی

۔۔۔

عاصم شاہ نے اس کے سر پر لپیٹے ہوئے ٹاول کو کھول کر دور کیا تھا۔اس کے گیلے گیلے بال اس کی کمر پر بکھر گئے تھے ڈیپ گلے سے اس نے اندر جھانکا ۔۔وہ شرم سے لال ہو گئی تھی۔۔

اسے عاصم شاہ سے اتنی بے باکی کی امید نہیں تھی۔ڈیپ لٹکا ہوا گلا سیدھا اس کے دلکش سراپے تک جا رہا تھا۔۔وہ اس کے گلے پر جھکنے لگا تھا ہاتھ اس کی قمر پر سختی سے باندھ رکھے تھے۔وہ چاہ کر بھی اس کی گرفت سے نکل نہیں سکتی تھی۔۔

عا۔۔۔عاصم پلیز!! وہ حیا سے لال ہوتی ہوئی عاصم شاہ کے کاندھوں پر ہاتھ رکھ پیچھے کو دھکنے لگی تھی اس کی کمر پر زور ڈالتے ہوئے اور بھی قریب کر لیا تھا۔

کیا نہیں مئی لو چہرہ اوپر اٹھاتے ہوئے بولا تھا۔پلیز مجھے چینج کرنے دیں۔وہ بنا عاصم شاہ کی طرف دیکھے بول رہے تھی۔

کیوں چینج کرنے ہے کپڑے!!زو معنی نظروں سے دیکھتے ہوئے بولا۔۔

اپنا مردانہ بھاری ہاتھ اس کی گردن پر رکھ کے ہاتھ کی عدت اسکے چہرے پر آتے جاتے حیا کے رنگ دیکھ مسکرا رہا تھا۔۔۔

عاصم یہ کیسا سوال ہے ظاہر سی بات ہے میرے کپڑے ٹھیک نہیں اس لیے بدلنا چاہتی ہوں۔۔

عاصم شاہ کی نظروں میں دیکھے بغیر جواب دیا۔۔۔

عاصم شاہ کی خمار دار نظروں سے وہ بچنا چاہ رہی تھی۔۔مائی لو تمہارے کپڑے بہت اچھے ہیں ایسے ہی کپڑے مجھے روم میں پہن کر دکھایا کرو۔

۔۔وہ اس کے کان پر جھک کر سرگوشی کرتے ہوئے بولا۔۔۔

عاصم آپ بہت بے شرم ہیں۔۔وہ عاصم شاہ کی سرگوشی سے لال ہوتی ۔اسے کے سینے میں سر چھپا گئی۔۔

ہمم جانتا ہوں کہ میں بہت بے شرم ہوں۔۔۔اگر میں اتنی بے شرمی نہ دکھاؤں تو لڑکی تم تو ہمارے بیچ کی دیوار کبھی ٹوٹ نہیں نہ دو۔۔۔

اسے گھماتے ہوئے اس کی پشت پر اپنا سینہ لگا چکا تھا۔ہاتھ اس کی شرٹ کے اندر سے ڈالتے ہوئے اس کے پیٹ کو سہلا رہی تھے۔

لب اس کی گردن کی سائیڈ پر رکھ گرم نرم لمس چھوڑنے لگا تھا۔۔

وہ آنکھیں بند کیے ہوئے عاصم شاہ کی گرفت میں کھڑی تھی ادھر ادھر بھاگنے کا فائدہ نہیں تھا۔۔

عاصم شاہ کی بہکی نظروں کا تقاضا سمجھ چکی تھی۔ جسے پورا کیے بنا وہ اسے کسی صورت نہیں جانے دیتا۔۔۔
وہ خود کو اس کے سپرد کرتی ہوئی ساکت ہو چکی تھی۔

عاصم شاہ کے لب اس کی گردن پر گرم نرم لمس چھوڑتے ہوئے سخت پیڑ کی چبھن بھی محسوس کروا رہے تھے۔۔ وہ دبھی دبھی آواز میں سسکیاں بھرنے لگی تھی۔

۔شرٹ کے اندر سے ہاتھ پیٹ سے اوپر کی جانب جاتے ہوئے دل والے مقام پر نرمی سے سختی تک کا سفر طے کرنے لگے تھے۔۔

اس کی سسکیوں میں تیزیاں آنے لگی تھی اسے گھماتے ہوئے رخ اپنی جانب کیا۔لب اس کی پنکڑیوں پر رکھے اس کی پنکھڑی کو قید کر گیا نمی کو چوستے ہوئے وہ مزید بہک چکا تھا۔۔۔

عاصم شاہ کی سانسیں تیز ہونے لگی تھی اسے کمر دونوں جانب ہاتھ رکھ کر اوپر کو اٹھاتے ہوئے بیڈ کے جانب لے آیا تھا۔۔۔

خود بیڈ پر بیٹھ کر اسے اپنی تھائز پر بیٹھا چکا تھا۔شفا تیز رفتار سے اپنے دونوں ہاتھ اس کے کاندھوں پر رکھے ہوئے تھی۔

عاصم شاہ اس کے ڈیپ گلے پر جھکا اور جھکتے چلا گیا تھا۔ٹیپ گلے پر رکھے ہوئے عاصم ہونٹوں کی حدت سے شفا کی سانسیں مزید تیز ہونے لگی تھی۔ وہ آنکھیں بند کی تیز تیز سانسیں لے رہی تھی وہ اپنے ہونٹوں پر اس کے دل کی دھڑکنوں محسوس کرتے ہوئے وہ بہکتا جا رہا۔۔۔

شرٹ دامن سے اوپر کی طرف کر چکا تھا عاصم شاہ کی بے باک لب اس کی خوبصورت رانائیوں کو لبوں سے چومتے ہوئے اسے سسکیاں بھرنے پر مجبور کر رہے۔

وہ اپنے نرم گرم ہونٹ دل والے مقام پر رکھے نمی کو تیزی سے اپنے اندر انڈلنے لگا تھا۔۔

وہ تکیے کی دونوں سائیڈ مٹھیوں سے پکڑے ہوئے سر کو ادھر ادھر کر رہی تھی۔اس کی ٹانگوں کے اندر اپنی ٹانگیں الجھاتے ہوئے ٹانگوں کو پن کر چکا تھا۔اسے اپنے پیار کی بارش میں بگوتے ہوئے۔اپنے منہ زور جز باتوں کو سکون دے رہا تھا۔۔

عاصم شاہ اس کی سسکیوں سے مزید بکنے لگا تھا۔۔وہ عاصم شاہ کی مظبوط باہوں میں بکھرتی جا رہی تھی۔پوری طرح سے محبت کی طوفانی بارش اس کے نازک سے وجود پر برسا کر اس خود میں سمیٹے ہوئے لیٹا تھا۔۔

کہ باہر کا دروازہ کھٹک اٹھا تھا۔

کون!! عاصم شاہ ابھی محبت کے کچھ اور پر سکون لمحے شفا کے ساتھ گزارنا چاہتا تھا ایسے میں دروازہ کھٹکنا عاصم شاہ کو بڑا ناگوار گزرا۔۔۔ باہر سے نوکرانی کھانے پر آنے کا بول کر جا چکی تھی۔۔

اب ہٹیں اور چھوڑیں مجھے جا کر فریش ہونا ہے۔۔

بنان وقت اور ٹائم دیکھیں آپ کا رومنیس شروع ہو جاتا ہے۔ شفا اپنے شرمائے ہوئے چہرے سے عاصم شاہ کو ڈانٹتے ہوسے دور کر رہی تھی۔۔

اس کی معصوم سی ڈانٹ پر عاصم شاہ کے لب مسکرائے تھے۔۔

مائی لورومینس کا کوئی ٹائم نہیں ہوتا جب بھی آپ کا محبوب سامنے ہو آپ رومانس شروع کر سکتے ہیں۔

ایسا ابھی تک کوئی رول پاس آؤٹ نہیں ہوا جس کو مد نظر رکھ کر رومانس کا ٹائم مقرر کیا جائے۔۔ وہ شفا کو اپنی گرفت میں لیتے ہوئے اس کے گردن پر جھکا ایک بار پھر لمسوں کی حدت سے اسے تڑپا رہا تھا۔۔

ظالم مت کہو ماہی۔۔۔۔قسم سے بہت ہلکا ہاتھ رکھا ہے تم پر۔۔۔۔اگر میں ظالم بنا تو تم مر جاؤ گے۔۔۔

اتنے پیار سے پیار جتایا ہے پھر بھی تمہاری سسکیاں ہی بند نہیں ہو رہی۔

اور اوپر سے تم مجھے ظالم کہہ رہی ہو میرے خیال سے تھوڑا سا ظالم مجھے بن ہی جانا چاہیے۔۔۔ایک بار پھر سے اس کے اوپر جھکنے لگا تھا۔۔۔۔

اس سے پہلے کہ وہ بے قابو ہو کر ایک بار پھر اس کی جان کو ہلکان کرتا گھر کے نمبر سے فون آ رہا تھا۔۔۔۔

میڈ تھی جس نے یہ بتایا کہ مہرمہ ان سے سنبھالی نہیں جارہی احمر کی والدہ نے بھی یہی بتایا کہ مہرمہ کو سنبھلنے کے لیے ماہی کی ضرورت ہے۔۔۔

وہ ماہی سے بہت زیادہ زیادہ اٹیچ ہے وہ بہت رو رہی ہے۔۔۔۔

چلیے محترمہ آپ کی بیٹی نے آپ کی جان چھڑوادی ہے۔۔۔

تمہاری بیٹی بہت رو رہی ہے۔۔۔کیا۔۔۔۔مہرمہ کی طبیعت تو ٹھیک ہے۔وہ گھبرائے ہوئے انداز سے پوچھ رہی تھی۔۔

نہیں نہیں وہ بالکل ٹھیک ہے بس اسے اپنی ماما کی یاد آرہی ہے اس لیے وہ سو نہیں رہی۔۔۔۔بس روئے جارہی ہے۔۔۔

اوکے میں پانچ منٹ میں چینج کرکے آتی ہوں چادر کو کھینچ کر خود کے گرد لپیٹ دی ہوئی واش روم میں چینج کرنے چلی گئی تھی۔۔۔

رات کی دو بجے دونوں ہوٹل روم سے تیاری کر کے چیک آؤٹ کرتے ہوے گھر جا رہے تھے۔۔۔

احمر بہت خوش تھا یہ دیکھ کر کہ ماہی نے ایک بار بھی کوئی مزاحمت نہیں کی تھی گھر جانے پر۔۔۔بلکہ وہ تو اپنی بیٹی کا سوچ کر فکر سے ہلکان ہوے جا رہی تھی۔۔۔

احمر سے کہیں زیادہ تو مہر ما کے لیے ماہی پریشان تھی۔۔احمر خدا کا شکر ادا کر رہا تھا کہ اسے ماہی کے روپ میں ایک پیاری ہمسفر اور مہر مہ کے لیے سچے دل سے پیار کرنے والی ماں ملی تھی۔۔

ooooooooo

ایک سال بعد)

میری جان کس گہری سوچ میں ہے۔۔مرہاڈریسنگ مرر کے سامنے کھڑی سوچتی ہوئی نظروں سے آئینے میں دیکھتی کچھ سوچ رہی تھی۔۔۔

میر نے اپنا لیپ ٹاپ مرر کے سامنے رکھتے ہوئے اس کے گلے بازوؤں ڈالتے ہوئے پیار سے پوچھا۔۔۔مرہا نے چونک کر دیکھا اسے میر کے آنے کا پتہ نہیں چلا تھا۔۔

کچھ نہیں سوچ رہی تھی بس ایسے ہی کھڑی تھی۔۔۔مجھے آپ کے آنے کا مجھے پتہ ہی نہیں چلا۔وہ میر کے چہرے کی جانب مسکرا کر دیکھتے ہوئے میر کے سینے سے لگ گئی۔۔

ایسا تو بالکل نہیں ہو سکتا کہ میری مرہا اتنی گہری سوچ میں کھڑی ہو اور وہ کچھ سوچ نہ رہی ہو کچھ تو سوچ رہی تھی۔۔میر نے بڑی محبت سے جاننا چاہا۔۔بتاؤ میری جان کیا سوچ رہی تھی ایسی کوئی بات نہیں جس کا حل تمہارا میر نہ نکال سکے۔۔۔

تم اپنے چھوٹے سے دماغ پر اتنا زور مت ڈالا کرو۔ میر کی جان تم صرف خوش رہا کرو۔۔۔ سوچنے کے لیے تمہارے میر کا دماغ ہے نا۔۔۔ وہ باہوں کے گرفت اس کے گرد بناتے ہوئے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بڑے پیار سے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔

میر۔۔۔۔۔جی میر کی جان۔۔۔۔ میں سوچ رہی تھی۔۔۔۔۔ کیا سوچ رہی تھی۔۔۔ بیچ میں چپ ہو جانے پر میر نے پیار سے پوچھا۔۔۔۔ میں سوچ رہی تھی ہمارا ابھی اب بے بی ہونا چاہیے۔۔ اس کے سینے پر ہاتھ رکھ کے شرماتے ہوئے دل کی تمنا ظاہر کی۔۔۔

اچھا جی ! ! تو میرے بے بی کو اب اپنا بی بی چاہیے اس کے شرمائے چہرے کو دیکھ مسکراتے ہوئے بولا۔۔

جی ! ! وہ نظری جھکائے سر کو ہلاتے ہوئے بولی۔۔

ہمم ! تو اس کے لیے تو زیادہ محنت کرنی پڑے گی۔۔ وہ شرارتی لہجے میں بولا۔۔

ہاں تو کر لیں گے نا۔ بس مجھے بے بی

لا کر دے۔۔۔

دیکھیں رومان بھائی اور میرب کا بے بی پورے ڈیڑھ سال کا ہو گیا ہے۔

جب وہ ہمارے گھر تھا تو ہمارے گھر میں کتنی رونق تھی۔۔۔

ٹھیک ہے میں تو تیار ہوں بس میری جان آپ نے گھبرانا نہیں ہے۔ کیونکہ

بے بی کے لیے بہت محنت کرنی پڑتی ہے۔ اور اس کے لیے آپ کو مضبوط

ہونا پڑے گا۔۔

آپ جتنا کہیں گے میں مضبوط بن جاؤں گی۔ بس اب ہمارے گھر ایک پیارا

سا بے بی ہونا چاہیے۔۔ تو ٹھیک ہے پھر تیاری کرو ہم لوگ ہنی مون پر جا

رہے ہیں۔ وہاں چل کر آرام سے ٹینشن فری ہو کر خوب محنت کریں گے۔۔

امید ہے اللہ تعالی ہم کو پھل بھی ضرور دے گا ہماری محنت کا۔۔

شامیر تو کافی دنوں سے اپنے سیکنڈ ہنی مون کی یہ پلاننگ کر رہا تھا۔۔۔۔

اس نے تو چھٹیاں بھی کنفرم کروالی تھی اب مرہا کے منہ سے بے بی کا سن کر تو شامیر کے وارے نیارے ہو گئے تھے۔۔۔

اے سی پی صاحب جس موقع کی تلاش میں تھے وہ موقع تو مرہا نے خود ہی اسے فراہم کر دیا تھا۔۔اب مرہا کو چاہیے تھا بے بی اور اے سی پی شاہ میر صاحب کو چاہیے تھی مرہا۔۔

اب دیکھتے ہیں کہ ان کا جنون کیا رنگ لاتا ہے۔مرہا ہے شاہ میر کے ارادوں سے ناواقف۔۔ہم لوگ ہنی مون پر کہاں جائیں گے۔۔۔

جہاں پر تمہارے بھائی محترم پلان کریں گے۔جناب کا ہی فون آیا تھا کہ آؤٹ آف کنٹری گھومنے جانا ہے۔۔رائم کے ڈاکومنٹس میں تھوڑی سی دیر ہے بس جیسے ہی وہ آتے ہیں ہم چلے جائیں گے۔

۔کیا بھائی بھی ہمارے ساتھ جا رہے ہیں میر ہانے خوشی سے دانت نکالے جی آپ کے بھائی بھی ہمارے ساتھ جائیں گے ہمارے رنگ میں بھنگ ڈالنے کے لیے۔۔

آپ ایسے کیوں کہہ رہے ہیں اگر بھائی میرب اور رائم ہمارے ساتھ ہو گا تو کتنا مزہ آئے گا۔۔وہ خوشی سے شاہ میر کی کمر پر ہاتھ باندھے مسکراتے ہوئے بول رہی تھی۔۔

مرہا زیادہ خوش ہونے کی ضرورت نہیں ہے ہم نے کون سا ان کے روم میں رہنا ہے۔۔۔

اور زیادہ وہاں جا کر اپنے بھائی بھتیجے اور بھابھی پر محبتیں نچھاور کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔

وہاں تم میرے ساتھ جا رہی ہو یہ مت بولنا ہمارا ہنی مون پلان ہے۔۔۔

اور ویسے بھی تمہیں بے بی چاہیے نا تو بے بی کے لیے تمہیں میرے پاس رہنا پڑے گا۔۔۔تب ہی تمہیں بے بی ملے گا ورنہ پھر میں اپنا وعدہ بھول جاؤں گا۔۔

شاہ میر کو اچانک سے مرہا کی بے بی والی بات یاد آگئی تھی۔۔اب تو اے سی پی صاحب مرہا کو یوں ہی بات بات پر بلیک میل کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔۔

نہیں میر پلیز آپ بے بی والا وعدہ نہیں بھولیں گے۔۔۔آپ جیسا کہیں گے میں ویسا کروں گی۔۔میں اپنے میر کو چھوڑ کر کیوں جاؤں گی۔۔۔میں تو اپنے میر کے پاس ہی رہوں گی۔۔

آپ تو میرے پیارے میر ہیں نا۔مرہا اس کے سینے سے لگی بڑے پیار سے اسے بٹر لگا رہی تھی۔۔۔۔میر اس کے ارادوں سے واقف تھا۔۔۔

اگر یہ دھمکی مرہا کو نہیں ملتی تو مرہا ہر وقت اپنے بھتیجے کے ارد گرد گھوم کر سارے ہنی مون کا بیڑا غرق کر دیتی۔۔

اب وہ بے فکر ہو کر جا رہا تھا اسے کوئی ٹینشن نہیں تھی۔ جانتا تھا کہ اب تو مرہا اسے ایک سیکنڈ کے لیے بھی چھوڑ کر نہیں جائے گی۔۔۔۔۔

آپ فریش ہو کر آئیں میں آپ کے لیے کھانا لگوتی ہوں۔۔۔ میری جان پہلے میری تھکن اتاروں اس کے بعد ہی میں روز کی طرح کھانا کھانے جاؤں گا۔۔۔ اس کے گرد حصار باندھے ہوئے کھڑا تھا

۔۔۔۔ میر۔۔۔ ہوں ں ں ں س۔۔۔۔ آپ نے کبھی بڑا بھی ہونا ہے یا نہیں

۔۔۔۔۔۔ پہلے تم تو بڑی ہو لو۔۔۔۔ میں آپ کے جیسی ڈیمانڈز تو نہیں کرتی۔۔۔۔ تو نا کرو۔ تم تو ہو ہی ان رومینٹک۔۔۔۔ میں تو تمہارے جیسا نہیں بننا چاہتا۔۔۔ اسے گود میں اٹھائے ہوئے بیڈ پر لے آیا تھا۔۔۔ اس

کے ساتھ لیٹ کر اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھتے ہوئے پوائنٹ کیا۔۔۔مرہا نفی میں سر کو ہلاتے ہوئے مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔یہ میر کا روز معمول بن چکا تھا ۔۔۔اسے کھانے سے پہلے مرہا کی پنکھڑیوں سے۔بہت ساری کسیاں چاہیے ہوتی تھی۔۔۔۔۔پہلے تو مرہا شرم سے لال سرخ پڑ جاتی تھی۔۔۔مگر میر کا تو روز کا معمول تھا۔۔اب تو مرہا آدھی ہو چکی تھی۔۔۔اس لبوں پر لب رکھے ہوئے وہ اپنے میر کی خواہش احترام کر رہی تھی۔۔۔۔چلو میں بس کریں اب اٹھیں اور فریش ہو جائیں ماما بابا ویٹ کر رہے ہیں کھانے پر ہمارا۔۔۔۔

آج مجھے پہلے سے زیادہ کسی نہ چاہیے۔۔کیوں؟؟؟کیونکہ تم نے ہی تو کہا ہے کہ اب تمہیں بے بی چاہیے تو اس کے لیے رشوت لگاؤ وہ شرارتی انداز میں مسکرایا۔۔۔اے سی پی صاحب رشوت لینا حرام ہے۔۔۔۔نہیں حلال بیوی سے رشوت لینا حلال ہے۔۔اور پیار اور جنگ میں سب جائز ہے۔۔۔۔میر آپ سے کوئی دلیلوں میں جیت نہیں سکتا۔۔۔وہ مسکراتے ہوئے اس سے دور ہوئی تھی۔

۔تو ایسے نہیں مانو گی تم ہے۔۔وہ اسے کھینچ کر اپنے اوپر گراتے ہوئے اس کی پنکھڑیوں کو لبوں میں قید کر کے اپنی مرضیہ کی لبوں پر اتارتے ہوئے۔اس کی سانسیں پوری طرح سے روکے ہوئے تھا۔۔۔

وہ دشمن جا کے رحم و کرم پر تھی۔ہاتھوں کو کمر پر لاک کیے ہوئے لبوں کی نمی کے قطروں کو کھینچ کر اپنے اندر لے جاتے ہوئے۔اس پر پوری طرح سے قابض تھا۔۔۔۔

ooooooooo

بابا۔۔۔۔جی بابا کی جان۔۔میری مونیا ختم ہو گئی۔۔۔تو کوئی بات نہیں میں اپنی بیٹی کے لیے بہت ساری اور مونیا لے آؤں گا۔۔۔

ملالہ شاہ زیب کے پیٹ پر بیٹھی ہوئی فرمائشیں سنا رہی تھی۔۔اور شاہ زیب بہت پیار سے اپنی بیٹی کی فرمائش سن کر ہنس رہا تھا۔۔۔

کیا باتیں ہو رہی ہیں باپ بیٹی میں ہمارے روم کے اندر داخل ہوئی تو۔۔

روم کے اندر سے قہقہوں کی آوازیں آرہی تھی۔دونوں باپ بیٹی کھلکھلا کر ہنس رہی تھے۔۔۔

جی میری بیٹی مجھے بتارہی ہے کہ اس کی مونیا ختم ہوگئی ہیں۔۔تو تم جلدی سے تیار ہو جاؤ۔۔ہم لوگ اپنی بیٹی کی بہت ساری مونیا اور اپنی بیٹی کی شاپنگ کے لیے جارہے ہیں۔۔۔

شاہ زیب میں بہت تھکی ہوئی ہوں میں نہیں جارہی کل چلیں گے۔۔

ہما کیا بات ہے میں کچھ دنوں سے فیل کر رہا ہوں کہ تم کافی تھکی تھک ہی رہنے لگی ہو۔۔۔

طبیعت ٹھیک ہے شاہ زیب نے اپنی جانب آتی ہوئی ہما کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہوئے بڑی محبت سے پوچھا تھا۔۔۔

میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے!! وہ اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتے اس کے پاس بیٹھتے ہوئے تھکی تھکی سی بولی تھی۔۔

کیا ہوا ہے اور مجھے بتایا کیوں نہیں شاہ زیب جو ملالہ کو اپنے پیٹ پر بیٹھا کر کھلاتے ہوئے لیٹا ہوا تھا۔۔۔

ہما کی بات پر جلدی سے اٹھ کر کراؤن کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گیا۔۔ہاتھ ہما کے کاندھے پر لیجا کر اسے اپنے ساتھ لگاتے ہوئے فکر مندی سے بولا تھا

!پریشان ہونے والی میری طبیعت خراب نہیں ہے خوش ہونے والی ہے

مطلب سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا؟؟۔۔

آپ ایک بار پھر سے بابا بننے والے ہیں ہما نے شاہ زیب کے سینے پر سر رکھتے ہوئے آہستہ سے کہا تھا۔۔۔

آج ہی ہما نے اپنا ٹیسٹ کروایا تو اس کی رپورٹ پوزیٹو آئی تھی۔۔

آپ کو خوشی نہیں ہوئی! شاہ زیب کی آواز نہ آنے پر ہما نے سر اٹھا کر شاہ زیب کے چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے سوال کیا۔۔۔

خانم کیسا سوال کیا ہے خدا میرے گھر میں خوشی دینے والا ہے اور میں خوش نہ ہوں ایسے کیسے ہو سکتا ہے۔۔۔

میں تو اپنی سماعت پر یقین کر رہا تھا کہ کیا میں نے سچ سنا ہے۔۔ایک ہاتھ اس کے گرد رکھتے ہوئے اسے۔اپنے سینے سے لگا لیا۔۔

اس کے ماتھے پر محبت سے بوسہ دیتے ہوئے شاہ زیب کی خوشی کی انتہا نہیں تھی۔۔۔

آپ کا بھائی یا بہن آنے والا ہے آپ کو سمجھ آ رہی ہے ملالہ کو ماتھے پر پیار کرتے ہوئے بتا رہا تھا۔۔۔۔

بھائی۔۔۔ملالہ نے اپنی توتلی آواز میں کہا دونوں کھلکھلا کر ہنسے تھے۔۔۔

اچھا جی آپ کو بھائی چاہیے شاہ زیب مسکراتے ہوئے اس سے پیار کرنے لگا۔

ہما تم نے اپنا بہت خیال رکھنا ہے اور بہت بہت شکریہ مجھے اتنی بڑی خوشخبری سنانے کے لیے۔۔۔

ملالہ پاس رکھے کھیلونو پر جھک کر کھیلنے لگی تھی۔۔شاہ زیب کو موقع مل گیا۔۔۔شاہ زیب رخ تھوڑا سا ہما کی جانب کرتے ہوئے اس کے لبوں پر لب رکھ کر جلدی سے چوم لیا اور فورن پیچھے ہٹا گیا۔۔۔

شاہ زیب آج بھی اتنا ہی شرمیلہ تھا اپنی بیٹی کے سامنے باقی تو شاہ زیب سے ہم سب واقف ہی ہیں۔۔۔وہ جیسا تھا ویسا ہی ہے مگر آج بھی وہ اپنی بیٹی کے سامنے ہما پر محبت نچھاور کرنے سے بہت شرماتا تھا۔۔۔۔

اب اس پیاری سی خوشی کو سیلیبریٹ کرنے کے لیے ہم پر عنائت کر دیناخانم۔۔۔

اسے پیار سے دیکھتے ہوئے ہاتھ کی کمر کے پیچھے سے لے جا کر دوسری جانب لاتے ہوئے دل والے مقام پر رکھ دیا۔۔

ہما نے دبی سی سسکی بھری۔۔ ششش۔۔۔خانم ہماری بیٹی کھیل رہی ہے۔۔ہما نے شاہ زیب کو دیکھتے ہوئے نفی میں سر کو ہلایا۔۔۔

شاہ زیب ایسا ہی تھا جب اپنی چوری چھپے من مرضیاں پوری کرتا تو ہما کو سسکنے کی اجازت نہیں ہوتی تھی۔۔کیونکہ شاہ زیب کو پسند نہیں تھا کہ اس کی بیٹی سنے۔۔

۔اگر آپ کی بیٹی کھیل رہی ہے تو آپ کو اپنے ہاتھ کنڑول میں رکھنے چاہیے ڈاکٹر صاحب۔ظالم مت بنا کریں۔۔

تمہیں دیکھ کر ہاتھ کنڑول میں رہتے کہاں ہیں۔۔۔ڈاکٹر صاحبہ جب بیوی اتنی ہاٹ ہو تو ڈاکٹر بیچارہ اپنے ہاتھوں کو کیسے روکے۔۔۔۔۔

ذرا ملالہ کو اس کے روم میں لائیں اور واپس آیئے تھوڑی پیار محبت کی باتیں ہو جائیں۔۔۔۔۔ہونٹوں کو گول کرتے ہوئے کس کی۔۔

ہما فرمابردار بیوی کی طرح ملالہ کو سلانے جا رہی تھی۔۔جانتی تھی کہ ڈاکٹر صاحب کا آج رومانس کا موڈ ہے جو کہ بدل نہیں سکتا۔۔۔

اگر بدلنے کی کوشش کی تو ڈاکٹر صاحب کا پٹھانی دماغ الٹا چلنے لگے گا۔۔

خوامخواہ میں اپنی جان کو ہلکان کروانے کا ہما کا کوئی موڈ نہیں تھا۔۔

ملالہ کو مت اٹھاؤ میں اٹھا کر چھوڑ آتا ہوں۔ڈاکٹر ہو سمجھداری سے کام لینا جانتی ہو کہ تین مہینوں تک وزن اٹھانے سے سختی سے منع کیا جاتا ہے۔۔۔

ملالہ کو اٹھاتی ہوئی ہما کو روک کر شاہ زیب نے خود ملالہ کو گود میں اٹھا لیا۔۔

واہ ڈاکٹر صاحب کیا بات ہے ! مجھے تو لگتا ہے آپ دل کے نہیں گائنی کے ڈاکٹر ہیں۔۔۔ ہما نے مسکراتے ہوئے شرارت سے کہا۔۔۔۔

ویسے گائنی کا ڈاکٹر تو میں نہیں ہوں مگر تم کہو تو تمہارے لیے او یلیبل ہوں، اتنی ریسرچ تو میں کر لوں گا۔۔۔

تمہارا ٹریٹمنٹ بھی ہو جائے گا اور رومینس کے لیے الگ سے وقت بھی نہیں نکالنا پڑے گا آنکھ کو ٹیس کرتے ہوئے شرارتی انداز میں مسکرایا۔۔۔ نرمی سے کاندھا مار کر اسے چھیڑا تھا۔۔۔ نو تھینک یو مجھے نہیں آپ سے اپنا ٹریٹمنٹ کروانا۔۔

کیوں؟؟؟

کیوں کے ڈاکٹر شازیب خان کو رومینس کے سوا کچھ اور سوجھتا ہی نہیں ہے ! ! اور اگر آپ میرا ٹریٹمنٹ کریں گے تو میرا بیٹا اندر سے ہی رومینس کی سب ٹیکنیک سیکھ کر آئے گا۔۔۔

اس کی کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے پیار سے دھکیلتی ہوئی ملالہ کے روم ملے جا رہی تھی۔۔۔

تو تم نے کیا اپنے بیٹے کو قاری صاحب بنانا ہے۔۔ایک نہ ایک دن تو اس نے رومانس سیکھنا ہے۔۔تو اچھا ہے اس کا باپ سے ہر باریکی سمجھا دے گا۔۔وہ ملالہ کو اٹھائے ہنستے ہوئے اس کے آگے آگے چل رہا تھا۔۔۔ہما بھی مسکراتے ہوئے شاہ زیب کے پیچھے پیچھے جا رہی تھی۔۔

oooooooooooo

سو جا میرے باپ سو جا۔۔وہ سو گئی ہے جس کو نہیں سونا چاہیے تھا۔۔مگر تو اتنا ڈھیٹ ہے تو ابھی تک جاگ رہا ہے۔۔

رومان شاہ سرگوشیوں میں اپنے بیٹے کو گھور گھور کر ڈانٹ رہا تھا۔جو آرام سے سوئی ہوئی میرب کی ٹمی پر ہاتھ مار مار کر کھیل رہا تھا۔۔میرب گہری نیند میں خراٹے لے رہی تھی۔۔

!!می اب مینی ہے

کیوں تم نے اسے خرید رکھا ہے

جب تو اپنی توتلی زبان سے یہ کہتا ہے نا میرب میری ہے۔۔قسم سے تو میرا بیٹا نہ ہوتا تو تجھے اتنے جوتے مارتا تیری ہوش ٹھکانے لگ جاتے۔۔۔

میرب میری ہے اور صرف میری ہے انگلی دکھا کر رومان شاہ اپنے بیٹے کو سرگوشیوں میں ڈانٹ رہا تھا۔۔۔

شاہ کو کہاں گوارا تھا کہ کوئی اس کی میرب کو اپنا کہے پھر چاہے وہ ان کا خود کا بیٹا ہی کیوں نہ ہو۔۔۔

نہیں می اب میری ہے۔۔وہ بھی رومان شاہ کا بیٹا تھا۔۔۔وہ بھی اکڑ میں اس سے کم نہیں تھا۔۔آنکھیں دکھاتے ہوئے پورے حق سے میرب کے اوپر لیٹ کر رومان شاہ کو چڑاتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔

تو میری بیوی سے دور رہا کر کمینے اسی لیے مجھے تیرے جیسا کمینہ بیٹا نہیں چاہیے تھا۔۔۔جو میری ہی پراپرٹی پر ڈاکہ ڈالے رومان شاہ نے اسے نرمی سے دھکیل کر میرب کے اوپر سے ہٹا دیا تھا۔۔وہ رونے لگا تھا

۔۔۔۔اوں ں ں ں س

شاہ پلیز میرے بیٹے کو ڈانٹا مت کریں میرب کی آنکھ کھلی تو اپنے بیٹے کو جلدی سے اپنے سینے سے لگاتے ہوئے کروٹ لے کر رخ اس کی جانب کر گئی۔۔۔

تم اپنے بیٹے کی حرکتیں بھی دیکھا کرو

!اس کے بعد پھر اس کی سائیڈ لیا کرو

جب تمہارا بیٹا مجھے اریٹیٹ کر رہا ہوتا ہے تب تم خراٹے لے رہی ہوتی ہو اور جب میں ذرا سی سرگوشی میں بات کروں تمہارے بیٹے کو تو تمہاری فوراً سے آنکھ کھل جاتی ہے۔۔۔۔

میرب سدھر جاؤ اور چھوڑ دو اپنی حرکتیں ایک دن میرے ہاتھوں سے ضائع ہو جاؤ گی تم۔۔۔

رومان شاہ نے بلینکٹ کھینچ کر اپنے اوپر کرتے ہوئے غصے سے کہا۔۔۔اور رخ دوسری جانب کر کے لیٹ گیا۔۔۔

اکثر رائم رومان شاہ کے رومینس میں خلل ڈالتا تھا۔۔ایک تو رومان شاہ کو اس بات سے بہت چڑ تھی۔۔

اور دوسرا میرب اس کو ٹائم نہیں دیتی تھی۔۔ہر وقت رائم کو اپنے ساتھ چپکائیے رکھتی تھی۔۔۔

رومان شاہ کے لیے تو میرب کے پاس ٹائم ہی نہیں بچتا تھا۔ پھر اکثر رومان شاہ دھمکیوں پر اتر آتا تھا۔اور زبردستی اپنے لیے ٹائم میرب سے نکلواتا تھا۔۔۔۔

شاہ کیا ہو گیا ہے آپ کو۔۔آپ ہمارے بیٹے سے جیلس ہو رہے ہیں۔۔۔

میرب نے ہاتھ پیچھے کی جانب لے جا کر رومان شاہ پر رکھتے ہوئے کہا وہ رائم کو سلانے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔

ویسے بھی رائم کے سونے کا ٹائم تھا۔۔تو رائم سونے میں ٹائم نہیں لگاتا تھا صرف سے میرب چاہیے ہوتی تھی۔۔۔

بیٹا نہیں یہ باپ ہے میرا جان بوجھ کر مجھے چڑاتا ہے۔۔

افففف اللہ شاہ بچہ ہے اسے بھلا چڑانا کیسے آسکتا ہے۔۔میرب اپنا سر تھام کر رہ گئی تھی۔۔اکثر ان باپ بیٹے کی لڑائی میں میرب پھنس جاتی تھی

۔۔دونوں ہی میرب کے دیوانے تھے۔۔تو لڑائی ہونا تو لازمی بات تھی۔۔۔دونوں ہی میرب کو ایک دوسرے سے شیئر کرنا نہیں چاہتے تھے۔۔

میرب تم اس کی طرف داریاں مت کیا کرو۔۔۔ تمہیں نہیں پتہ یہ دکھنے میں چھوٹا ہے۔۔ مگر اس کا دماغ پورا کام کرتا ہے۔۔۔ تمہیں پتہ ہے یہ مجھے چڑانے کے لیے کیسے تمہارے اوپر لیٹ کر !!

مجھ سے بتایا نہیں جارہا۔۔۔شاہ اس کی جانب رخ کر کے گراؤن سے سر لگا کر اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔۔۔اور بتاتے ہوئے شاہ کے چہرے کے تاثرات ایسے تھے جیسے رائم کوئی 20 سال کا لڑکا ہو اور میرب کا بوائے فرینڈ ہو۔۔

میرب کو ہنسی آگئی تھی۔۔شاہ رائم ہمارا بیٹا ہے۔۔میں ماں ہوں اس کی۔۔
شاہ کیوں آپ اپنی محبت میں یہ کیوں بھول جاتے ہیں۔میرب نے پیار سے
اپنا ہاتھ رومان شاہ کی گال پر رکھتے ہوئے سہلایا تھا۔۔

میرب تمہیں پتہ ہے اگر میرے بس میں ہو تو تمہارے وجود پر یہ لپٹے ہوئے
کپڑوں کو بھی میں برداشت نہیں کر سکتا۔۔۔۔اس کے ہاتھ کو پکڑ کر
چومتے ہوئے کہا۔۔تم میری ہو بس میری تمہیں پیار کرنے کا حق صرف
رومان شاہ ہے۔۔۔
یہ ہمارا بیٹا ہے میں جانتا ہوں تم اس کی ماں ہو یہ بھی میں جانتا ہوں۔مگر یہ
بہت بڑا کمینہ ہے یہ تم نہیں جانتی ہو۔۔۔۔
آنکھیں بند کر کے سوئے ہوئے رائم کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا۔جو
میرب کی کمر پر اپنا چھوٹا سا ہاتھ رکھ کے مزے سے سو رہا تھا۔۔۔

اب بھی دیکھو کیسے تمہاری قمر میں ہاتھ گھسائے ہوئے سو رہا ہے۔ جیسے تم اٹھ کر بھاگ جاؤ گے۔۔اس کے چھوٹے سے ہاتھ کو میرب کی کمر میں ڈالے ہوئے سو یا دیکھ شاہ پھر سے آگ بگولا ہو چکا تھا۔۔

شاہ پلیز مت کہا کریں میرے بیٹے کو اتنا برا بھلا۔۔۔میرب رائم کے چھوٹے سے ہاتھ کو چومتے ہوئے پیار سے بولی۔۔

نہیں کہنا چاہتا۔۔میں بھی اس کمینے سے بہت پیار کرتا ہوں۔ مگر یار یہ تم پر بہت حق جماتا ہے۔میں نہیں برداشت کر سکتا کوئی تم پر حق جتائے۔۔۔پھر وہ چاہے تمہارا باپ ہو بھائی ہو یا بیٹا۔ڈیٹسٹ!!

شاہ آپ کو پتہ ہے کبھی کبھی مجھے ایسا لگتا ہے کہ آپ دونوں ہی بچے ہو۔۔
میرب نے مسکراتے ہوئے سوئے ہوئے رائم کو بیڈ پر سلا کر تکیہ ساتھ میں رکھا۔۔ورنہ رائم نے پھر اٹھ جانا تھا اور شاہ نے پھر اسی طرح سے تلملا اٹھنا تھا۔۔۔۔

میرب کی یہ روز کی ڈیوٹی تھی رائم کو سلا کر پھر نیچے بچھے ہوئے میٹرس پر شاہ کے ارمانوں کو سکون دینا۔۔اس کے بعد واپس بیڈ پر دونوں کے بیچ میں سونا

باپ بیٹا اپنی ملکیت سمجھ کر دونوں طرف سے کسے رکھتے تھے۔۔اگر باپ کی طرف منہ کرتی تو بیٹا بھس بھس شروع کر دیتا تھا۔۔۔
اور اگر بیٹے کی طرف منہ کر کے سوتی تو باپ دانت پیسنا شروع کر دیتا تھا

میرب کی راتوں کی نیند دونوں باپ بیٹے مل کر ایسے ہی حرام کیے رکھتے تھے۔۔۔

بچاری دن کو رائم کو سلانے کے بعد اپنی نیند پوری کرتی تھی۔ کیونکہ ان دونوں باپ بیٹوں کا کوئی حل نہ ہوا نہ ہو سکتا تھا۔۔۔ ویسے اتنا منہ پھلانے کی ضرورت نہیں ہے شاہ۔۔۔ آپ کا خون ہے آپ کا بیٹا ہے۔۔ تو عادت بھی آپ پر لے گیا ہے۔۔ آپ ساری رات ایک سیکنڈ کے لیے مجھے اپنی دسترت سے ہلنے نہیں دیتے تب میں نے کون سا بھاگ جانا ہوتا ہے۔ وہ اپنے بیٹے کی طرف داری کرنے سے باز نہیں آ رہی تھی۔۔

چلیں اٹھیں مت کوسا کریں میرے بیٹے کو۔۔

میرب شاہ کے ہاتھ کو پیار سے پکڑتے ہوئے بیڈ سے اتر رہی تھی۔اب تو میرب نے خود کو اپنے شاہ کی مرضی کے مطابق ڈھال لیا تھا۔۔۔

جانتی کی تھی کہ شاہ اب اپنے جذباتوں پر کوئی کمپرومائز نہیں کرتا تھا۔۔ جتنا صبر اس نے کیا تھا اس سے دگنا وہ میرب سے ہر روز ادا کرواتا تھا۔۔۔۔
افففف شاہ تھوڑا صبر کر لیا کریں شاہ مجھے بٹکتے ہوئے سوچ لیا کریں کہ میں انسان ہوں۔۔۔

میرب ہاتھ پکڑ کر شاہ کو اٹھانا چاہتی تھی جبکہ شاہ اس کے اوپر ہی گرتا چلا گیا میرب میٹرس پر گری اور شاہ اس کے اوپر گر چکا تھا۔۔۔
تمہیں دیکھ کر صبر ہی تو نہیں ہوتا رومان شاہ سے۔۔اور تم اپنے بیٹے کا مقابلہ میرے ساتھ مت کروایا کرو۔ورنہ کسی دن ماں بیٹا دونوں میرے ہاتھ سے پٹو گے۔۔۔

اس کی پنکھڑیوں کو لبوں سے چھوء کر اس کی گالوں سے گال رگڑتے ہوئے مسرور کن انداز میں بول رہا تھا۔۔اوپر گرتے ہی لمسوں کی بارش برسانے لگا تھا۔۔ہر روز شاہ کا انداز محبت ایسا ہوتا تھا جیسے برسوں بعد ملا ہو۔۔

اس کی بیوٹی بون کو لبوں سے دبا کر چومتے ہوئے اسے سسکنے پر مجبور کر دیا۔۔میرب کی گردن پر شاہ کی محبت کی مہریں ہر روز نظر آتی تھی۔۔کوئی دن ایسا نہیں ہوتا تھا کہ میرب کی گردن پر رومان شاہ کے لبوں کے نشان نہ ہو۔۔صبح بیچاری نوکروں سے چھپانے کے لیے بیس کا سہارا لے کر تین تین کوٹ لگایا کرتی تھی۔۔

!!شاہ آپ بہت بے صبرے ہو گئے ہیں

عاشق ہوں تمہارا ایسے مت کہا کرو!!اس کی ناک سے ناک رگڑتے دلکش انداز سے مسکرایا۔۔۔

!!ظالم عشق ہے پیار تو کرتے ہیں پر جان نکال لیتے ہیں

شاہ کی جان۔اگر اپنی محبت کی شدتوں سے جان نکال لیتا ہوں۔۔تو وقت آنے پر تم پر جان وار بھی سکتا ہوں!!

اس کی کرتی کے بٹن لبوں سے کھولتے ہوئے خماری میں بول رہا تھا۔۔۔

جانتی ہوں۔۔۔اسی بات کا تو میرب کو خود پر مان ہے۔۔

شاہ کے بالوں میں نرمی سے ہاتھ پھیرتے ہوئے بڑے مان سے بول رہی تھی۔۔

شاہ!۔۔۔۔وہ پیار سے شاہ کا نام پکاری تھی۔۔

بولو شاہ کے دل کی ملکہ شاہ کی جان شاہ کی چاہت شاہ کے لازوال عشق۔۔۔

ہائے اللہ شاہ کبھی نارمل انداز سے بھی میری بات سن لیا کریں وہ مسکرائی تھی۔۔۔۔

نہ میرب کوئی عام چیز ہے نہ رومان شاہ کا عشق اس لیے ہمارے درمیان
نارمل باتیں صرف تمہارے بیٹے کے حوالے سے ہو سکتی ہیں۔۔۔
وہ ایک بار پھر میرب کی دھکتی رگ پر ہاتھ رکھ رہا تھا۔۔۔۔

اب میرا بیٹا آرام سے سو رہا ہے اب میری بیٹے کو کوئی بات مت کیجئے گا۔ شاہ کے لبوں پر پیار سے انگلی رکھتے ہوئے بولی۔۔۔ نہیں کہتا اپنے بیٹے کی کیوٹ ماما بتاؤ کیا کہنا چاہتی تھی۔۔۔

اس کی گالوں کو اس کے اوپر لیٹے نرمی سے اپنی انگوٹھوں سے رب کرتے ہوئے پوچھا۔۔۔
شاہ آج کے دن پلیز مجھے سونے دیں میں آج دن کو بھی نہیں سوئی۔۔
میرب نے بڑا معصوم سا منہ بناتے ہوئے شاہ سے التجا کی تھی۔۔ جانتی تھی اپنے اڈیل شاہ کو کیسے زیر کرنا ہے۔۔۔۔

ہمم۔۔تو یہ ساری محبتیں مجھ پر صرف اس لیے نچھاور ہو رہی تھی مصنوعی گھور کر آنکھیں دکھاتے ہوئے پکھڑیوں پر انگوٹھا پھرتے ہوئے کہا۔۔

آپ میرے پیارے شاہ ہیں نا۔۔پلیز مجھے سونے دیں۔۔میرب کی آنکھوں میں نیند کی خماری سے ڈورے پڑے ہوئے تھے۔۔۔

بے شک شاہ اپنے جذباتوں پر کمپرومائز نہیں کرتا تھا۔ مگر میرب تو اس کی جان تھی۔۔میرب کو تکلیف دے کر شاہ اپنے جذباتوں کو سرشار کبھی نہیں کر سکتا تھا۔۔۔

میری جان کو بہت نیند آ رہی ہے پیار سے اس کی پکڑیوں کو چومتے ہوئے گردن پر لب رکھے ہوئے جذباتوں سے چور لہجے میں پوچھا۔۔۔

جی مجھے بہت نیند آ رہی ہے۔۔

ٹھیک ہے سو جاؤ رومان شاہ اپنے جذباتوں کو لگام ڈالیں اس سے سائیڈ پر ہو گیا۔۔میرب کو اپنے بازو پر سر رکھ کر اپنے ساتھ لگائیں۔اس کے ماتھے کو بڑے پیار سے چوم لیا۔۔۔

تھینک یو سو مچ آئی لو یو شاہ وہ شاہ کی گردن پر لب رکھ کر چومتے ہوئے بولی۔۔۔۔

آئی لو یو ٹو شاہ کی جان پلیز اب سو جاؤ ورنہ تمہارا شاہ اپنا وعدہ بھول جائے گا۔

وہ مسکراتے ہوئے اسے اپنی باہوں کے حسار میں لیے ہوئے بولا۔۔۔

میرب آنکھیں بند کیے شاہ کی بازو پر سر رکھے ہوئے لیٹی ہوئی تھی۔۔شاہ اس کی گال پر نرمی سے انگوٹھا سہلاتے ہوئے جاگ رہا تھا۔۔۔

کچھ دیر بعد میرب گہری نیند میں جا چکی تھی۔۔شاہ اس کے خوبصورت پیارے چہرے پر نظر ڈالتے ہوئے مسکرایا۔۔۔یہ وہ چہرہ تھا جس میں شاہ کی جان بستی تھی۔۔

شاہ نے جھک کر میرب کے ماتھے پر لب رکھ کر محبت جتا کر بوسہ دیا۔۔اور آنکھیں بند کر لی۔۔۔دونوں گہری نیند میں ایک دوسرے کی حراست میں پر سکون سو رہے تھے۔۔۔

ooooooooo

مبارک ہو چوہدری صاحب مبارک ہو ہم دادا دادی بننے والے ہیں۔۔کنیز جا پورے گاؤں میں جا کر مٹھائیاں ونڈ۔۔۔میرے پتھر دے گھر خوشخبری ایں۔۔بیا کو ڈاکٹر کے پاس لے کر گئی تھی خرم کی ماں کو ڈاکٹر نے خوشخبری سنائی تو وہ تو دیوانی سی ہو گئی تھی۔۔۔۔

گھر کے اندر داخل ہوتے ہی خوشی سے چلا کر سب کو بتا رہی تھی۔۔۔

چوہدری صاحب نے اپنی مونچھوں کو تاؤ دیا۔۔۔اپنی بہو کے سر پر پیار سے ہاتھ رکھتے ہوئے مبارک دی۔۔۔۔

تمہیں بھی مبارک ہو خرم کی ماں چوہدری صاحب نے مسکرا کر کہا۔۔۔

خرم کے ابا آپ کو بھی بڑی مبارک ہو اللہ دا شکر ہے کہ ہمیں یہ دن دیکھنے کو ملا۔۔۔۔

وہ کھوتا ہے کدھر چوہدری صاحب نے خرم کے بارے میں پوچھا۔۔۔

بیا شرم سے نظریں جھکائے اپنے کمرے کی طرف بھاگتی جا رہی تھی۔۔۔۔

بیا دھی اب دھیان سے اب یہ بھاگا دوڑی نہ کرنا۔۔۔۔ جاتی ہوئی بیا کو دیکھ اس کی ساس ے اونچی آواز میں کہا۔۔

اور چوہدری صاحب میرے بیٹے کو آج کے بعد کھوتا مت کہنا۔۔اب تو میرا بیٹا ہر طرح کی ذمہ داری اٹھا رہا ہے۔۔

کتنا سیانا ہو گیا ہے اور اب تو وہ باپ بننے والا ہے۔۔۔ خرم کی ماں نے اپنے بیٹے کی طرف داری کرتے ہوئے۔ فل سٹاپ لگا دیا۔۔۔

جی جی جو حکم میری کیا جرات ہے میں تمہارے بیٹے کو کھوتا کہوں۔۔چوہدری صاحب نے سر خم کرتے ہوئے کہا۔۔

یہ تو سچ ہے تمہارا بیٹا سدھر گیا شادی کے بعد۔۔چوہدری صاحب تسلیم کرتے ہوئے قہقہہ لگا کر ہنسے تھے چوہدری کی بیوی راستے سے مٹھائی کے ڈبے لے کر آئی تھی۔۔جو کنیز کو کہہ کر پورے گاؤں میں بنٹوانے جا رہی تھی۔۔۔۔

oooooooooooo

عاصم اب ہم نے یہاں اور کتنے دن رہنا ہے۔۔کیوں تمہیں میرے ساتھ رہنے میں کیا پرابلم ہے۔۔۔

عاصم شاہ اور شفا مری میں سٹے کیے ہوئے تھے۔۔وہ یہاں پر اپنا فرسٹ ہنیمون منانے آئے ہوئے تھے۔۔

آج ان کو ایک ہفتہ ہو چکا تھا۔۔عاصم شاہ اس کو سانس تک لینے کی مہلت نہیں دیتا تھا۔بس کچھ دیر گھوم پھر کر واپس روم میں آکر شفا کی جان کو ہلکان کیے ہوئے تھا۔۔

شفا گھر جانا چاہتی تھی جبکہ عاصم شاہ کا ابھی کوئی ارادہ نہیں تھا۔۔عاصم شاہ کے دوست کا یہاں پر خود کا گھر تھا۔۔۔

وہ پوری فیملی ملک سے باہر شفٹ ہو چکی تھی تو اس کا گھر خالی پڑا تھا۔۔جب اس کے دوست کو پتہ چلا تھا کہ عاصم شاہ مری آرہا ہے۔تو اس نے اپنے گھر کی آفر دی۔۔عاصم شاہ اور شفا وہیں پر رکے ہوئے تھے۔۔۔

کیا مصلہ ہے کیوں جانا چاہتی ہو گھر مائی لو جواب دو۔۔۔کیوں کہ آپ مجھے یہاں پر بہت زیادہ تنگ کرتے ہیں۔۔۔۔وہ اس وقت بھی عاصم شاہ کی مظبوط ہاتھوں کی گرفت میں اس کی گود میں بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔شفا کی بات پر وہ قہقہہ لگا کر ہنسا۔۔۔۔

تمہاری ساس کو پوتا پوتی چاہیے اور بہو ہے جو جان چھڑا کر گھر جانا چاہتی ہے۔۔

عاصم شاہ کا ہاتھ اب اس کی پشت کو سہلاتا بہت نرمی سے اس کی دھڑکنوں کو چھو رہا تھا۔۔۔

اپنے ارد گرد سردی سے بچنے کے لیے کمبل لپیٹ رکھا تھا۔وہ گھڑ کے سامنے اسے لیے ہوئے کھڑا تھا۔۔۔

اس کی گردن پر آیا جہاں اس نے اپنے سلگتے لب رکھے تھے۔۔اس کے دہکتے لب اس کی گردن سے نیچے کو آرہیں تھے اور اس کا ہاتھ اس کی شرٹ کے اندر سے اس کے دل والے مقام کو چھو رہا تھا۔۔۔

کھڑکی سے ونڈو شیشے سے باہر پڑتی ہوئی برف باری صاف دکھائی دے رہی تھی۔۔۔

اندر عاصم شاہ کی ٹھنڈی انگلیاں اس کی دھڑکنوں کو چھو کر اسے سسکنے پر مجبور کر رہی تھی۔۔۔شفا۔۔۔جی۔۔۔۔تم اپنے ماما اور بھائی سے ملنا چاہتی ہو۔۔۔۔جی اس نے پلٹ کر عاصم شاہ کی جانب دیکھا تھا شفا کے چہرے پر چمک آگئی تھی۔۔اپنے بھائی اور ماں کا نام سن کر۔۔وہ بہت یاد کرتی تھی اپنی ماں اور بھائی کو۔ مگر زبان سے کچھ نہیں کہتی تھی۔۔۔

عاصم شاہ کو اس کے دل کا حال بخوبی سمجھ آتا تھا۔۔ مگر وہ مجبور تھا۔۔اس کی بہن کے ساتھ جو کچھ اس کے باپ نے کیا تھا۔۔وہ عاصم شاہ نا کبھی بھول سکتا تھا۔اور نا اسے شاہ میر کبھی بھولنے دیتا تھا۔۔۔

مگر کچھ دن پہلے رومان شاہ نے فون کر کے بتایا کہ اس کا باپ اپنی شرمندگی میں ہی اس دنیا سے چل بسا تھا۔

اسے اپنے کیے کی سزا خدا نے دنیا میں ہی دے دی تھی۔۔بیوی اس سے لاتعلق ہو چکی تھی۔۔بیٹا معذور ہو گیا تھا۔جو نہ بول سکتا تھا نہ جل سکتا تھا۔۔بیٹی ہمیشہ کے لیے اس سے دور ہو گئی۔۔

اپنے گناہوں کو یاد کرتے اسے ہارٹ اٹیک ہوا تھا۔۔اس کی ماں نے خود شفا کو بتانے سے منع کیا تھا۔۔۔اس لیے عاصم شاہ نے بھی شفا کو بتا کر اس کا دل دکھی نہیں کیا۔۔۔

مگر عاصم شاہ نے رومان شاہ سے بات کر کے شفا کو اس کے بھائی اور ماں سے ملوانے کی اجازت لے لی تھی۔۔۔

رومان شاہ نے بھی شامیر کو بہت مشکل سے رضامند کیا مگر اب شفا کو اپنے پیاروں سے ملنے کی اجازت مل چکی تھی۔۔۔۔

عاصم شاہ آخر اپنی بیوی کے دل کی درد کی دوا ڈھونڈ ہی لایا تھا۔۔بہت پیار کرتا تھا وہ شفا سے۔۔۔۔

شفا کے دل کے درد کو کم کرنے کے لیے اس کی ماں اور بھائی کی ضرورت تھی اور ان سے ملانے کے لیے شاہ میر کی اجازت کی ضرورت تھی۔۔اور یہ وہ کام تھا جو صرف رومان شاہ کر سکتا تھا۔۔۔۔

اور آخر اس نے کر دیا کچھ دیر پہلے ہی آج شاہ نے میسج کیا تھا۔ کہ وہ لوگ آؤٹ آف کنٹری گھومنے کے لیے جا رہے ہیں۔۔۔

وہ تو اسے نہیں مل سکے گے۔۔ مگر وہ شفا کو لا کر اس کی ماں اور بھائی سے ملا سکتا ہے۔۔۔

آپ مجھ سے مذاق کر رہے ہیں؟؟

عاصم شاہ کو چپ کر کے اپنی جانب دیکھتے ہوئے دیکھ شفا نے سوال کیا ۔۔۔اس کی آنکھیں نم ہو گئی تھی۔۔

میں کیوں مذاق کروں گا!! جب مجھے پتہ ہے کہ یہ بات میری شفا کو تکلیف پہنچ جائے گی۔۔اسے اپنے سینے سے لگا اپنے باہوں کے حصار میرے لیے کھڑا بہت پیار سے بولا۔۔۔

تو کیا آپ سچ میں مجھے بھائی اور ماما سے ملوانے لے کر جائیں گے۔۔اس کے چہرے پر مسکراہٹ پھیل گئی۔۔

جی بالکل لے کر جاؤں گا۔۔۔اگر اپنا ہنی مون پورا کر کے۔۔۔شرارتی نظریں اس پر گاڑے لبوں سے مسکرایا تھا۔۔

پلیز۔۔۔۔عاصم لے چلیں نا پہلی بار شفا نے خود سے عاصم شاہ کے گلے میں بازوؤں کا ہار ڈالتے ہوئے کہا۔۔

ٹھیک ہے کل لے جاؤں گا مگر آج کی رات میری۔۔نہ کوئی زحمت نہ کوئی شکوہ کرنا منظور ہے۔۔گال پر پیار بھرا لمس چھوڑتے ہوئے کہا۔۔۔

ٹھیک ہے منظور۔۔۔وہ خوشی خوشی مان گئی تھی۔۔۔۔عاصم شاہ نے اس پورے سال میں اس کے چہرے پر یہ خوشی نہیں دیکھی تھی جسے وہ آج محسوس کر رہا تھا۔۔

اس پر اپنی محبت کی بارشوں کو برسا کر پیار سے من مانیا کر رہا تھا۔۔آج وہ اپنو سے ملنے کی خوشی میں سب کچھ بڑے پیار سے برداشت کر رہی تھی۔۔۔

مری کی خوبصورت وادیوں میں عاصم نے اپنی پیار کی داستان شفا کے ساتھ مل کر پوری کرلی تھی۔۔۔

آج وہ دل سے خوش تھی۔اپنوں سے ملنے کے لیے۔۔اور عاصم شاہ خوش تھا شفا کو پوری طرح سے مطمئن دیکھ کر۔۔

اس کے جسم کی راعنائیوں کو چومتے ہوئے اسے اپنی شدتوں کی بارش میں بھگوتے ہوئے بے بس کیے ہوئے تھا۔۔باہر ٹھنڈ اور برف باری تھی اندر عاصم شاہ کے سلگتے ہوئے جذبات شفا کے وجود کو جلا رہے تھے۔۔

oooooooooo

احمر پلیز جائیں یہاں سے۔۔۔اپنی حالت پر شرم سے لال ہوتے ہوئے چلائی تھی۔۔ کیوں جاؤں اپنی بیوی کو پورا دیکھنے کا حق ہے مجھے۔۔۔اس کا ٹاول کھینچ کر اسے اپنے ساتھ لگاتے ہوئے بولا۔۔

آپ بہت بے شرم ہیں۔۔۔۔ہائے تم بہت ہوٹ ہو۔۔۔میں آپ کو جان سے مار دوں گی۔۔۔اس کا سینہ نوچتے ہوئے جنگلی بلی بنی ہوئی تھی۔۔۔احمر علوی کی ایک ہی جان ہے کتنی بار لینا چاہتی ہو۔وہ بے باقی سے قہقہہ لگا کر ہنستے ہوئے بولا تھا۔۔۔ماہی باتھ روم کی کنڈی لگانا بھول گئی تھی۔۔۔ اور احمر کو موقع مل گیا تھا۔۔۔اب وہ واش روم میں گھس کر اسے تنگ کر رہا تھا۔۔۔آپ بہت گندے ہیں۔۔ مگر تم بہت اچھی ہو بہت ہاٹ ہو بہت خوبصورت ہو۔۔اس کی نازک سی قمر کے گرد حصار بنا کر اوپر کو اٹھائے ہوئے تھا۔۔۔

اس کے گیلے پر احمر چہرے بکھرے ہوئے تھے۔۔۔آہ!!!!!۔۔۔۔

احمر نے اس کے دل والے مقام پر دانتوں سے کاٹا تو چیخ اٹھی تھی۔۔۔میں آپ کی جان لے لوں گی۔۔۔۔۔احمر یہ سب میرے سب مت کیا کریں' ۔۔اس کی قمر پر مکے برسا رہی تھی۔۔۔۔

احمر اسے اٹھا کر روم میں لے آیا تھا۔اس کے ٹاول کو بری طرح سے بے ترتیب کیے بیڈ تک لے آیا تھا۔۔۔۔وہ ٹانگے مار کر احمر پر غصہ نکال رہی تھی ۔۔۔جگلی لڑکی قسم سے تمہیں قابو کرنا کتنا مشکل ہے۔۔۔

وہ اس کے دونوں اطراف میں ہاتھوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے بیڈ پر پن کیے ہوئے تھا۔۔اس کی ٹانگوں کو زبردستی اپنی ٹانگوں میں لپیٹ کر پن کیے بامشکل اسے اپنے نیچے دبائے ہوئے تھا۔۔۔

آپ جس طرح کی حرکتیں کرتے ہیں مجھے آپ پر غصہ آتا ہے۔۔وہ خود کو آزاد کروانے کی کوشش میں پھونکار رہی تھی۔۔۔

بیوی ہو تم میری میں تو ایسی ہی حرکتیں کروں گا۔۔اوپر سے تم اتنی پیاری ہو
وہ دانتوں کو پیستے ہوئے مسکرا کر اس کی پنکھڑیوں کو چوم رہا تھا۔۔
آپ ایک بار مجھے چھوڑیں میں آپ کو بتاتی ہوں میں کتنی پیاری ہوں۔۔۔

میں پاگل ہوں۔جو تمہیں چھوڑ دوں چنگلی بلی کہیں کی۔۔۔جب سے
تمہارے ساتھ شادی ہوئی ہے۔۔میرا جسم کسی کے سامنے دکھانے کے لیے
لائق نہیں چھوڑا۔۔۔ہر جگہ پر تمہاری خرچوں کے نشان ہے۔۔اور جب
میں ذرا سختی دکھاؤں تو تمہارے رونے پیٹنے شروع ہو جاتے ہیں۔۔۔

آہ اوہوں س ں۔۔۔آپ کی انہی حرکتوں کی وجہ سے میں آپ کو خروچے
دیتی ہوں۔۔احمر نے اس کی بیوٹی بون پر دانتوں سے کاٹا تو وہ روتے ہوئے
چلائی۔۔۔

کوئی میری حرکتوں کی وجہ سے نہیں کرتی مجھے تو یہی پکا ہے جو میں نے کر لینا ہے۔کچھ دیر کے بعد تو تمہاری خروچوں سے میرا برا حال ہونا ہی ہے۔۔۔تو پھر کیوں نہ میں بھی اپنی کسر پوری کر لوں اس کی بیوٹی بون پر لمس چھوڑتے ہوئے تڑپا رہا۔۔۔

کل سے نہ تو میں آپ کے ساتھ رہوں گی۔اور نہ آپ کے ساتھ سوؤں گی ۔میں محرمہ کے روم میں چلی جاؤں گی سسکتے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔

!!میں اٹھا کر لے آؤں گا

!!میں لاک لگا کر سوؤں گی

!!میں ایکسٹرا چابی سے کھول لوں گا

!!میں اندر سے کنڈی لگا لوں گی

!!میں کھڑکی سے آجاؤں گا

!!میں آپ کا سر پھاڑ دوں گی

!! میں تمہارے ہونٹوں سے سانسیں پی لوں گا

!! میں اماں کی بتاؤں گی

کیا بتاؤں ہو گی؟؟

!! آپ بہت گندیں ہیں اور مجھے بہت تنگ کرتے ہیں

!! یہ تو میری کوالٹی ہوئی نا خرابی کیا بتاؤ گی

آپ کو مجھ پر ترس نہیں آتا؟

!! نہیں مجھے پیار آتا ہے اور بہت زیادہ آتا ہے ٹوٹ کر آتا ہے

مجھے آپ پر غصہ آتا ہے بہت آتا ہے ٹوٹ کر آتا ہے جان لیوا حد تک آتا ہے !! دانتوں کو اتنا مت پیسو ٹوٹ جائیں گے۔۔۔ بنا دانتوں والی اماں بن جاؤ گی۔

۔احمر کو ماہی کی بچکانا اور باتیں بہت اچھی لگتی تھی۔۔وہ اکثر اسے یونہی زچ کر کے اس کی باتیں سنتا تھا۔۔۔

وہ اکثر بچوں کی طرح احمر کے پیٹ پر بیٹھ کر خوب مکے برساتی تھی۔۔

ماہی کے آنے سے احمر کی زندگی میں پھر سے رونقیں لگ گئی تھی۔وہ اتج میں احمر سے آدھی تھی تو حرکتیں بھی اس کی ویسی ہی تھی۔۔۔ماں بیٹی ایک سے بڑھ کر ایک نمونی تھی۔۔سارا دن دونوں کی بھاگ دوڑ گھر میں ختم نہیں ہوتی تھی۔۔

اریشہ نے بہت وار کیے تھے اس ایک سال میں۔۔مگر وہ ماہی اور احمر کے پیار کوٹس سے مس بھی نہیں کر پائی تھی۔آخر تھک ہار کر اپنی عیاشی والی زندگی میں واپس امریکہ لوٹ گئی۔۔۔۔

ماہی کے ماں باپ نے سارا بزنس امریکہ میں سیٹ کر لیا تھا تو وہ اب کئی کئی مہینوں کے بعد پاکستان آتے تھے۔ مگر اب ماہی کی زندگی میں ہر طرف خوشیاں خوشیاں تھیں۔۔

خوش حالی کے رنگ برنگے پھول اس کے چاروں جانب بکھرے ہوئے تھے اسے اپنے ماں باپ کی دوری بھی محسوس نہیں ہوتی تھی۔۔

بچپن میں ماہی جتنا پیار کے لیے ترسی تھی۔۔احمر کی صورت میں خدا نے اسے اتنا ہی پیار امحبت کرنے والا شوہر عطا کیا کیا تھا۔۔۔۔

مہرمہ کے ساتھ ماہی کا پیار دیکھ کر احمر کی ماں بے حد مطمئن تھی۔۔۔وہ بھی ماہی پر اپنی جان نچھاور کرتی تھی۔۔ماہی نے ایک اچھی بہو کی طرح گھر کی ہر ذمہ داری کو بخوبی نبھایا تھا۔۔۔احمر کی ماں اور ماہی میں ماں بیٹی جیسا رشتہ قائم ہو چکا تھا۔۔

اور احمر کی تو ماہی جان بن چکی تھی۔۔اکثر احمر مہک کو یاد کرتا تھا۔۔۔سوچتا تھا اس نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ وہ مہک کے جانے کے بعد کسی سے اتنا پیار کر سکے گا۔۔۔۔

مگر ماہی کی بچگانہ مظوم حرکتے بے لوث محبت اور گھر کے لیے ذمہ داریاں کو اچھی طرح نبھانا ہر چیز نے احمر کے دل میں اس کی لیے محبت پیدا کر دی تھی۔۔۔۔

اب تو احمر کا خود گزارا نہیں ہوتا تھا ماہی کے بنا۔۔۔وہ شکر گزار تھا رومان شاہ کا عاصم شاہ کا جن دونوں نے مل کر ماہی کو اس کی زندگی میں لانا ممکن کیا۔۔۔اسے یاد تھا اس نے کتنی مشکل سے خود کو اس شادی کے لیے راضی کیا تھا۔۔۔احمر کی نظر میں ماہی بالکل بچی تھی اسے کیا پتہ تھا کہ اس کی یہی بچکانہ حرکتیں اسے پھر سے زندگی کی طرف لے آئیں گی۔۔

۔مہرمہ ایک سال اور چار مہینے کی ہو گئی تھی سارا دن گھر میں ہل چل مچائے رکھتی تھی۔۔۔دونوں ماں بیٹی ایک سے بڑھ کر ایک نمونے تھے۔۔۔سارا دن گھر میں بھاگ دوڑ مچائے رکھتی تھی۔۔۔

گھر میں نوکروں کی ریل پیل تھی مہرمہ کے لیے دو سپیشل میڈز رکھی گئی تھی۔اس کی والدہ کا دھیان رکھنے کے لیے الگ میڈ کا انتظام تھا۔۔کھانا بنانے کے لیے الگ کک تھا۔۔۔گھر کا کام صفائی ستھرائی کے لیے الگ ملازمہ آتی تھی۔۔پہلے احمر کے حالات کچھ زیادہ اچھے نہیں تھے تو ماہی نے بہت سمجھداری سے گھر کو سنبھالا تھا۔۔۔مگر اب تو پیسے کی دیوی احمر پر مہربان تھی۔۔

ماشاءاللہ احمر کا کاروبار دگنا اور رات چگنا ترقی کر رہا تھا۔۔۔جب سے ماہی احمر کی زندگی میں آئی تھی۔احمر کی تو زندگی کے رنگ بدل گئے تھے۔۔جس پروجیکٹ میں ہاتھ ڈالتا کروڑوں کا بزنس اور منافع ہوتا۔۔۔

احمر نے اپنا گھر ایک بہت مہنگے ایریے میں شفٹ کر لیا تھا۔۔۔۔اسی لیے احمر بھی ماہی کے لیے ہر ممکن کوشش کرتا تھا آسانیاں پیدا کرنے کی۔۔۔ تنگ تو وہ اسے اپنی محبت کی شدتوں سے کرتا تھا۔۔

۔احمر ماہی کی سانسیں اسی طرح سے تنگ ہی کیے رکھتا تھا۔۔ کبھی لفظوں سے کبھی ہاتھوں سے کبھی شدتوں سے کیونکہ ماہی جب چڑ کر بک بک کرتی تھی اس کی وہی بک بک ہی تو احمر کو جینے کا مقصد دیتی تھی۔۔وہ جان بوجھ کر مائی کو تنگ کرتا تھا جیسے اس وقت کر رہا تھا۔۔۔

اسے اپنے نیچے دبائیں ہوئے اسے تنگ کیے جا رہا تھا۔۔وہ بڑ بڑ کر کے پتہ نہیں کیا کیا بولے جا رہی تھی۔۔۔

وہ ہنس ہنس کر برداشت کر رہا تھا۔۔اگر زندگی میں اچھا ہم سفر مل جائے تو زندگی خوبصورت ہو جاتی ہے۔۔جنت جیسی لگنے لگتی ہے۔۔خدا سب کو پیار کرنے والا

ہمسفر عطا فرمائے آمین ثم آمین۔۔۔

ooooooooo

می اب دودھ دو۔۔رائم اپنی توتلی آواز میں میرب سے دودھ مانگ رہا تھا ۔میرب اپنے بیٹے پر صدقے واری ہوتی ہوئی دودھ کی بوتل بنا کر لے آئی تھی۔

اور رومان شاہ کب سے صوفے پر بیٹھا ہوا اسے گھور رہا تھا۔۔کیونکہ آج ان کو چار دن ہو گئے تھے۔پیرس میں آئے ہوئے مگر مجال ہے جو رائم اپنی ماں کی جان چھوڑ رہا ہو۔۔۔۔

شاہ میر مرہا۔۔رومان شاہ میرب اور رائم چاروں گھومنے کے لیے آیئے تھے۔۔

شاہ میر تو مرہا کو لے کر خوب مزے اڑا رہا تھا۔۔ مگر رائم نے رومان شاہ کے سارے پلان چوپٹ کر رکھے تھے۔۔جب بھی باہر جاتا رائم میرب کو خود میں الجھائے رکھتا تھا۔۔۔۔

میرب اس کو سلا دو ورنہ قسم سے تمہارے بیٹے کو یہاں پاکستان ٹی سی ایس کروا دوں گا۔۔۔۔

صوفے پر ٹانگ پر ٹانگ رکھے ہوئے بے چینی سے ہلاتے ہوئے رومان شاہ نے میرب سے کہا تھا۔۔۔

جو اپنے بیٹے کو گود میں لیے آرام سے باتیں کرتے ہوئے دودھ کی بوتل اسکے منہ میں ڈال کر پلا رہی تھی۔۔۔

شاہ ابھی کچھ دیر میں رائم سو جائے گا آپ پریشان نہیں ہوں۔۔ بڑے تحمل سے جواب دیا۔۔۔

نہیں اب میں پریشان نہیں ہوں گا۔اب تو میں تمہیں پریشان کروں گا ۔۔اس کو سلاؤ اور میرے پاس آؤ۔۔۔ میں میٹ کا انتظام کر رہا ہوں کل سے یہ ساتھ والے روم میں میٹ کے ساتھ رہے گا۔۔۔

نن۔۔ نہیں شاہ ایسا مت کیجئے گا میں کسی پر بھروسہ نہیں کر سکتی اپنے بیٹے کے حوالے سے۔۔۔۔مجھے تو پاکستان میں رہ کر کسی پر بھروسہ نہیں ہے یہاں پر انجان شہر میں کسی پر کیسے بھروسہ کر سکتی ہوں۔۔۔ میرب بہت گھبرا گئی تھی شاہ کی بات پر۔۔

روم میں کیمرے لگے ہیں۔۔ گھبرانے کی ضرورت نہیں فل سکیورٹی ہو گی ۔۔۔بھاڑ میں جائے کیمرے اور ہوٹل والوں کی سکیورٹی میں اپنے بیٹے کو کسی کے حوالے نہیں کروں گی۔۔۔

شاہ یہ ابھی سو جائے گا میں آپ کے سارے حساب پورے کر دوں گی۔۔
مگر میرے بیٹے کو مجھ سے دور مت کیجئے گا وہ رونے لگی تھی۔۔۔
میرب میری جان رونے کی ضرورت نہیں کہیں نہیں بھیجوں گا
۔۔تمہارے اس لاڈلے بیٹے کو۔۔۔رومان شاہ میرب کو اس طرح سے تڑپ
کر روتے دیکھ فوراً سے اٹھ کر اس کے قریب آکر بیٹھ گیا۔۔۔اسے اپنے
ساتھ لگاتے ہوئے پیار سے اس کے ماتھے پر بوسا دیا۔۔

وعدہ وہ آنسوں صاف کرتے ہوئے بولی۔۔
پکا وعدہ شاہ کی جان۔۔تمہاری آنکھوں میں آنسوں دیکھ کر میرب میرا دل
بند ہونے لگتا ہے پلیز رویا مت کرو۔۔۔۔تم اپنی ضد سے مجھ سے ہر بات
منوا لیتی ہو ویسے ہی منوایا کرو۔۔۔۔پلیز رویا نہیں کرو۔۔۔۔۔
میرب تمہاری آنکھوں میں رومان شاہ آنسوں نہیں دیکھ سکتا۔۔جان نکل
جاتی ہے میری تمہارے رونے سے۔۔۔۔

کہیں نہیں بھیج رہا تمہارے لاڈلے بیٹے کو صرف ایک دھمکی دی تھی۔۔۔۔یہ صرف تمہارا بیٹا نہیں ہے میرا بھی بیٹا ہے تم بھی یہ بات یاد رکھا کرو۔۔۔

میں بھی بہت پیار کرتا ہوں اس سے مگر یہ کمینہ اپنے باپ کے رومینس کی دھجیاں اڑاتا رہتا ہے۔۔۔

بچہ ہے نا ابھی اس کو پتہ نہیں اس لیے! میرب نے اپنے بیٹے کی صفائی دی۔۔۔

میرب جتنا پیار تم اپنی بیٹے سے کرتی ہو اتنا مجھ سے بھی کیا کرو نا۔۔۔رومان شاہ اس کی پنکھڑیوں پر جھکنے لگا تھا۔۔۔۔۔

رائم دودھ پیتے ہوئے میرب کی گود میں سو چکا تھا۔۔
اس کی پنکڑیوں کو لبوں میں قید کیے ایک ہاتھ اس کی کمر پر رکھے دوسرا اس کی گردن کے پیچھے رکھے ہوئے۔۔آنکھیں بند کیے۔ہونٹوں کی نمی پینے لگا تھا ۔مدہوش سا ہونے لگا تھا۔۔۔۔۔

رائم کو بیڈ پر سلا کر میرب کو گود میں اٹھائے صوفے پر لے آیا تھا۔۔
اسے صوفے پر ڈالتا ہوا سیدھا اس کے دل والے مقام پر جھکا اور جھکتا ہی چلا گیا

۔۔۔

میرب کی سسکیاں لے رہی تھی۔جسے وہ دبانے کی پوری کوشش کر رہی تھی۔کہ کہیں رائم نہ جاگ جائے۔۔۔

مگر شاہ تھا میرب کی جان نکالنے پر تلا ہوا تھا۔۔روم میں روشنی نہ ہونے کے برابر تھی۔۔۔اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر میرب اپنی سسکیاں دبانے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔۔

اس کے دل والے مقام پر لب رکھ کر نمی پیتے ہوئے رومان شاہ تو جیسے ہوش میں ہی نہیں تھا۔۔۔

رومان شاہ ایسا دیوانہ تھا جو ایک بیٹے کے ہونے کے بعد بھی اپنی بیوی سے اتنی ہی محبت کرتا تھا جتنی پہلے کرتا تھا۔۔۔۔رومان شاہ جیسی محبت نہ کسی نے کی نہ کوئی کر سکتا ہے۔۔۔

رومان شاہ جیسا نا کوئی آیا تھا نہ کوئی آئے گا۔۔۔

oooooooo

رومان شاہ میرب۔۔شاہ میر مرہا۔۔انہوں نے یادگار دن گزارے تھے۔۔یہ چھٹیاں ان کو ہمیشہ یاد رہنے والی تھی۔۔۔چاروں نے یہاں پر بہت

خوبصورت دن گزارے تھے۔۔یہاں کی ہر مشہور جگہ پر چاروں گھومنے گئے تھے۔۔۔

بہت ساری شاپنگ کی۔۔۔۔اپنے عزیزوں کے لیے گفٹ
خریدے۔۔۔۔اور آج ان کی واپسی تھی۔۔۔یہاں پر انہوں نے 15 دن کا سٹے کیا تھا۔۔۔اب شاہ میر کو اور چھٹیاں نہیں مل رہی تھی۔۔۔اور رومان شاہ کے بزنس میں بھی بہت مسئلے آرہے تھے۔۔۔تو آج وہ لوگ پاکستان واپس جارہے تھے۔۔۔

میر۔۔۔ارام سے بیٹھیں اگر بھائی دیکھ لیں گے تو کیا سوچیں گے۔۔شاہ میر کے ہاتھوں کو چین نہیں تھا اور میر ہا ساتھ والی سیٹ پر رومان شاہ سے گھبرا رہی تھی۔۔۔کہ کہیں اس کے بھائی کی نظر نہ پڑ جائے۔۔

دونوں نے پیرس میں بھی مرہااور میرب کی جان مصیبت میں ڈال رکھی تھی۔۔وہ جتنااپنے بھائیوں سے شرماتی تھی یہ اتناہی ان کو تنگ کرتے تھے۔۔۔

تمہارے بھائی کواپنی بیوی کودیکھنے سے فرصت ملے گی تودیکھیے گا نا۔۔۔رومان شاہ جومیرب سے باتیں کرنے میں مصروف تھااسے دیکھتے ہوئے شاہ میر نے میرب سے کہا۔۔۔

ایسے ہی ہنستے مسکراتے وہ پاکستان کاسفر طے کررہے تھے۔۔۔

ooooooooo

(سال بعد 5)

زین زین کہاں جارہی ہوبیٹا۔۔۔بیااپنے پانچ سالہ بیٹے کے پیچھے بھاگتی پھر رہی تھی۔۔وہ اس کے آگے آگے بھاگتاہواجارہاتھا۔۔سامنے سے آتے ہوئے چوہدری خرم کی ٹانگوں سے جالپٹا تھا۔۔۔

کیوں بھاگ رہا ہے میرا شیر۔۔اور کیوں اپنی اماں کو تھکا رہے ہو۔۔
اسے اٹھاتے ہوئے کاندھوں پر بٹھالیا۔۔

اباسائیں اماں مجھے کھیلنے نہیں دیتی بہت تنگ کرتی ہیں۔۔۔ہاہاہا۔۔ خرم چوہدری کا جاندار قہقہہ فضا میں بلند ہوا تھا۔۔۔

سچ میں زین تو میرا ہی بیٹا ہے تجھے بھی میری طرح اپنے ماں باپ غلط لگتے ہیں زین ہو بہو اپنے باپ کا بچپن تھا۔۔

خرم چوہدری تو بالکل بدل چکا تھا اس وقت خرم چوہدری گاؤں کا سرپنچ تھا۔۔جو گاؤں والوں کا ہر طرح سے خیال رکھتا تھا ان کے لیے آسانیاں پیدا کر کے اس نے گاؤں کو خوشحال بنا دیا تھا۔۔۔

آج خرم چوہدری پر اس کے باپ کو بڑا ناز تھا۔ مگر زین کو دیکھ کر خرم کو اپنا بچپن یاد آجاتا۔۔۔

سائیں یہ مجھے بہت تنگ کرتا ہے مجال ہے جو یہ لڑکا دو سیکنڈ کے لیے بھی کہیں آرام سے بیٹھ جائے۔۔۔۔

آج صبح ہی اس نے اپنے پیر پر چوٹ لگوائی ہے بیا آتے ہی شکایتیں لے کر بیٹھ گئی تھی۔۔۔

زین تو اپنے باپ کے کاندھوں سے اتر کر جا کر گیٹ کے اندر سے گارڈز کو تنگ کر رہا تھا۔۔۔۔پورا گھر زین سر پہ اٹھائے رکھتا تھا۔وہ بہت شرارتی تھا

۔۔۔

میرے مکھن اس کا تو پھر ایک ہی حل ہے ہمیں ایک بچہ اور پلان کرنا چاہیے پھر ہی تمہارا یہ کھوتا سدر سکتا ہے۔۔۔

آج خرم اپنے والد کی جگہ پر آچکا تھا خرم کے والد کی ڈیتھ ہو گئی تھی ہارڈ اٹیک ہونے سے۔۔۔

ماں زندہ تھی۔۔۔اور اپنے پوتے پر ہر وقت جان نچھاور کرتی رہتی تھی۔۔ زین کو بگاڑنے میں اس کی دادی کا بھی بہت بڑا ہاتھ تھا۔۔۔۔

سائیں مجھ میں ابھی ہمت نہیں ہے دن کو آپ کا بیٹا میری جان کو عذاب میں ڈالے رکھتا ہے۔۔۔اور راتوں کو مجھے ہلکان کرنے کے لیے آپ کافی ہیں۔۔ اس لیے بیا میں ابھی اور بچہ پیدا کرنے کی ہمت نہیں ہے۔۔۔۔بیا سائیں کے سامنے ہاتھ جوڑتے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔۔

چوہدری خرم قہقہہ لگا کر ہنستے ہوئے کمرے میں داخل ہوا۔اور بیا کو اپنی باہوں کی حراست میں لے کر اس کی پنکھڑیوں پر جھکے اپنی دن بھر کی تھکن اتار رہا تھا۔۔ خرم چوہدری اور بیا ایک خوشگوار زندگی گزار رہے تھے۔۔۔۔

oooooooooooo

آج رائم کی برتھ ڈے تھی اور سب نے شرکت کی تھی۔۔رائم چھ سال کا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

لاہور سے عاصم شاہ اور شفا بھی آئے ہوئے تھے۔۔۔

احمر ماہی مہرمہ اور ان کا چھ ماہ کا بیٹا ب محتشم بھی ساتھ میں آیا تھا۔۔احمر ماہی اپنے دونوں بچوں کے ساتھ بہت خوشحال زندگی گزار رہے تھے۔۔

ڈاکٹر شاہ زیب اور ڈاکٹر ہما کے گھر اللہ نے ایک اور بیٹی دی تھی۔ جس کا نام انہوں نے مائرہ رکھا تھا۔۔مائرہ اور ملالہ کے آنے سے وہ اپنی فیملی کو مکمل محسوس کرتے تھے۔۔۔دونوں اپنی زندگی میں بے حد خوش تھے اور فی الحال آگے کوئی بچے کی پلاننگ نہیں تھی۔۔

ان کی دونوں بیٹیاں سکول جاتی تھی اور خود دونوں سرجن ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈ بن چکے تھے۔۔۔۔۔

شفااور عاصم شاہ نے بچہ بہت دیر سے پلان کیا تھا۔تواس وقت شفا کا چھٹا مہینہ چل رہا تھا۔۔اور ڈاکٹر نے الٹراساؤنڈ رپورٹ میں بیٹا بتایا تھا۔۔دونوں اپنی لائف میں بے حد خوش تھے۔۔۔

عاصم شاہ نے خود اپنا کالج بنالیا تھا۔۔۔اور اللہ تعالی نے عاصم شاہ کو بہت ترقی دی تھی۔۔۔اب اکثر عاصم شاہ شفا کو اس کے بھائی اور ماں سے ملوانے کراچی آتا جاتا رہتا تھا۔۔۔

میر پلیز ان کو پکڑ لیں ان دونوں نے میرے ناک میں دم کر رکھا ہے۔۔۔مرہا اپنے جڑوا بیٹوں سے تنگ آکر میر پر چلا رہے تھی۔۔۔

شاہ میر نے جلدی سے اپنے بیٹوں کو اٹھالیا پتہ تھا کہ اب مرہا کو غصہ آئے گا اور مرہا ان پر ہی اتارے گی۔۔۔

دونوں مرہا کو بہت تنگ کرتے تھے۔۔شاہ میر اور مرہا کو اللہ تعالی نے دو جڑواں بیٹے دیے تھے۔۔۔انہوں نے دونوں کے اسلامی نام رکھے تھے۔۔

عبداللہ شاہ میر۔

اور عبدالرحمن شاہ میر۔

دونوں ایک سے بڑھ کر ایک شرارتی تھے دونوں تین سال کے ہو چکے تھے۔۔وہ مرہا کے ناک میں ہر وقت دم کر کے رکھتے تھے۔مرہا رونے لگ جاتی تھی۔۔

مرہا کو ایک بے بی چاہیے تھا مگر اللہ تعالی نے اسے ایک ساتھ دو بے بی دے کر خوشیوں سے نوازا تھا۔۔۔دونوں کی زندگی خوبصورت اور مکمل ہو چکی تھی ان کا بھی آگے فی الحال کوئی بچہ لینے کا پلان نہیں تھا۔۔۔

سب اپنی زندگیوں میں بے حد خوش تھے رومان شاہ کا صرف ایک بیٹا تھا اور وہ آگے بچہ پلان کر ہی نہیں سکتے تھے۔۔۔

میرب جس مشکلات سے گزری تھی رومان شاہ کو اولاد کی اور کوئی طلب نہیں تھی۔۔

ان کا ایک بیٹا رائم رومان شاہ ان کی پوری دنیا تھا جو کہ چھ سال کا ہو چکا تھا۔۔ رومان شاہ اور میرب کی اس میں جان بستی تھی۔۔رومان شاہ آج بھی میرب کا اتنا ہی دیوانہ تھا جتنا کل تھا۔۔۔

آج بھی باپ اور بیٹے میں صرف میرب کو لے کر ہی جھگڑا ہوتا تھا۔۔۔کیک کاٹ کر سب لوگ کھانا کھا رہے تھے۔۔

رومان شاہ نے صرف اپنے بہت عزیز دوستوں اور فیملی کو ہی مدو کیا تھا۔ کھانے کے بعد سارے یار آج بہت عرصے بعد لان میں بیٹھے گپے مار کے رہے تھے۔

خواتین لان میں ہی دوسری جانب کرسیوں پر بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔شاہ میر اور رومان شاہ تو سگے بھائیوں کی طرح رہنے لگے تھے جو کل ایک دوسرے کو دشمن سمجھتے تھے آج ایک جان تھے۔۔

رومان شاہ۔۔احمر علوی۔۔۔اور ڈاکٹر شاہ زیب کے قہقہے سن کر شاہ میر ملک اور عاصم شاہ بھی کھلکھلا کر ہنس رہے تھے۔۔۔ایک کا جوک ختم ہوتا تو دوسرا شروع ہو جاتا تھا۔۔۔تینوں کی کمسٹری اتنی خوبصورت تھی کہ ہر شخص ان کو دیکھ کر ہنس رہا تھا۔۔۔

کافی دیر کے بعد ان کی گیدرنگ ہو رہی تھی تو ان کے پاس کرنے کے لیے بہت ساری باتیں تھی۔۔۔

سب اپنی اپنی زندگیوں میں بے حد مصروف ہو چکے تھے۔ مگر آج بھی تینوں کی دوستی ویسی ہی تھی ایک دل تھے بات نکلتی تو دوسرا پہلے سمجھ جاتا تھا۔۔۔

یاری ہو تو رومان شاہ احمر علوی اور ڈاکٹر شاہ زیب جیسی جسے لوگ سالوں یاد رکھیں۔۔۔۔

جاتے جاتے ان کی دوستی کو دیکھ کر زویا علی شاہ کو ایک سونگ یاد آیا ہے۔۔

ہنستے ہنستے کٹ جائیں رستے
زندگی یوں ہی چلتی رہے
خوشی ملے یا غم بدلیں گے نہ ہم
دنیا چاہے بدلتی رہے۔۔

ختم شد